نسخہ نایاب بیدک یعنی

امرت ساگر اردو

جس کا ترجمہ

جناب پنڈت پیارے لال صاحب کاشمیری نے منجانب مطبع سابق مین کیا تھا

اب دوبارہ

اُس کا مکمل ترجمہ اور مقابلہ اصل سنسکرت بھاشا سے معہ اضافہٗ

بعض فوائد کیا گیا

تیرھوین بار

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع منشی نولکشور لکھنو مین چھپا

ضروری اطلاع

خدا کے فضل سے اس مطبع میں جملہ علوم و فنون کی عربی فارسی اُردو ہندی کتب کا بہت بڑا ذخیرہ فروخت کے لیے موجود ہے جس کی مفصل مکمل فہرست اطلاع پانے پر روانہ کیجاتی ہے ان صفحات مین چند وہ کتابین درج ہین جو فن طب سے تعلق رکھتی ہین شائقین خریداری فرما کر فائدہ اٹھائین فقط۔

المشتہر: منیجر نولکشور پریس صیغہ بکڈپو لکھنؤ

کتب علم طب بزبان اُردو

نام کتاب	قیمت
ترجمہ اُردو شرح اسباب۔ اصل کتاب عربی ہے جو بہت مشہور ہے اسکا محض آسانی طلباء کے لئے ترجمہ کرایا گیا ہے۔ جلد اول ہے جلد دوم کاغذ حنائی للعمہ کاغذ سفید۔	للعمہ
ترجمہ اقصرائی شرح موجز۔ مترجمہ مولوی محمد ایوب صاحب سرائیلی نبظر ثانی مولوی امیر علی صاحب ترجمہ نہایت صحیح و سلیس عبارت اور عام فہم اردو مین کیا گیا ہے اور غوامض اور مشکلات کو نہایت خوبی سے حل کیا گیا ہے۔ کامل دو جلد فروخت کیجاتی ہے کاغذ حنائی گندہ۔ کاغذ رسمی۔	سے / معمہ
شفاء الامراض۔ بیان امراض معالجات مطبوعہ غیر	عمہ
مجمع البحرین۔ امراض کے نام ان کی تشریح اور علاج اُس کے سوا مصنف نے ہر مرض کے ساتھ اُس کا انگریزی نام اور تشریح مرض بھی لکھدی ہے اور اسی وجہ سے یہ کتاب دونون علمون یعنے ڈاکٹری یونانی مین بیحد مفید اور کارآمد ہے آخر کتاب مین ایک فہرست شامل کردی ہے جسمین بطریق جدول یونانی اور انگریزی نام درج کئے ہین۔	سے عمہ
قرابادین اعظم۔ ہر مرض کے موافق نہایت مجرب اور تیر بہدف نسخے نہایت سلیس عام فہم عبارت۔	سے
اُردو ترجمہ کلیات سدیدی۔ عام فہم ترجمہ ہے ساتھ مین ایک فہرست مضامین اور اصطلاحات طبیہ بھی شامل ہے۔ مترجمہ حکیم مولوی سید عابد حسین صاحب فن اول۔	عمہ
ایضاً۔ اُردو ترجمہ معالجات سدیدی معہ فہرست مضامین و فرہنگ مصطلحات فن دوم۔	عمہ
ایضاً اُردو ترجمہ معالجات سدیدی فن سوم و چہارم۔	سے عمہ

فہرست مضامین امرت ساگر اُردو

فہرست مضامین امرت ساگر اردو

ہزار ہا شکر اُس خداوند تعالیٰ کا ہے کہ جس نے اس ناچیز جسم کو پیدا کیا اور اُسکی رفاہیت کے لیے
کیسے عمدہ علم پیدا کیے ایک اُن مین سے بیدک ہے جسکو اول دھنتری جی نے جاری کیا پُرانون
مین لکھا ہے کہ جب شیو جی مہاراج نے شری کشن جی کے حکم سے عجائب رتنون کے نکالنے
کے لیے سمندر کو باسکی ناگ کی متھانی بنا کر متھا تو اُسمین سے چودہ رتن ظاہر ہوئے چنانچہ
اُن چودھون مین ایک دھنتری جی تھے جو دو ٹہرون کو ہاتھ مین لیکر برآمد ہوئے غرض اُنھون
نے بہت سے تجربون اور الہام غیبی سے علم بیدک کو بنایا اُس سے یہ علم چارون طرف پھیل گیا
اور خاص و عام نے اس سے فائدہ اُٹھایا اور اُٹھاتے جاتے ہین بہت عرصہ گذرا کہ جے پور
کے مہاراج دھراج شری سوائی پرتاپ سنگھ صاحب بیکنٹھ باشی جنکا نام سب ملکون مین مشہور
ہے اُنھون نے اپنے بڑے ذی علم بیدون کے ذریعہ سے چرک سشرت۔ باگبھٹ بھاؤ پرکاش
سارنگ دھر۔ سرب سنگرہ۔ برندہ۔ کاشی ناتھ پدھت۔ اور بھی بہت سے بے تعداد مستند کتابون
سے اصل مطلب اور خلاصہ نکال کر امرت ساگر ایک پستک بنائی اور اُس مین بیماری کی پیدائش
اور علامتین اور علاج بہت شرح مع حوالون کے لکھے ہین مگر وہ جے پور کی زبان مین تصنیف
کیا گیا تھا اس سبب سے کوئی اُس سے مستفید نہ ہو سکا کیونکہ اس زبان کے جاننے والے
سوائے جے پور کے اور کہین نہین ہین اُس کو سب چھوٹے بڑے اور خاصکر اودھ کے تعلقدار
اور پنڈتون کو اس بیدک کے مطابق مطلب مین ہوشیار ہونے کے لیے بیکنٹھ باشی

شری راجہ مان سنگھ صاحب قائم جنگ بہادر جو بیدک وغیرہ سب علمون مین گویا مجسم العلم
تھے اُن کی تجویز وصلاح کے ساتھ پنڈت کالیچرن نے جو دیسی بھاسا کے محاورات سے
نہایت واقف ہین مطبع منشی نولکشور صاحب کی فرمایش خاص سے اُسکی زبان کو لباس
مہذب بھاسا مین مرتب کیا (پہلے یہ پوتھی مارواڑی بھاسا مین تھی) اور دہلی آگرہ کی عمدہ زبان
مین جس کا سب جگہ رواج ہے تیار کر کے سیسے کے چھاپہ خانہ مین چھپوائی اور چند مرتبہ مین
لاکھون جلدین طبع ہو کر شائقین کی نذر ہوئین یہ ایک ایسی کتاب ہے کہ اسکو پڑھکر ڈاکٹری منتر جنتر
اور دھاتون کے صاف کرنے اور کشتہ کرنے اور مع بدرقون کے کھانے کا اندازہ مختلف قسم
کے بھوت پریت وغیرہ آسیب کے دفع کرنے اور شیر خوردون کے ستارون اور شروع مین
نبض و قارورہ وغیرہ سے امراض کی پہچان مع پیدایش علامت اور علاج ایسے لکھے ہین
کہ تھوڑا بھی عقلمند ہو تو وہ اُسکو پڑھکر بید ہو سکتا ہے یہ وہ پوتھی ہے کہ ہر ایک خاندان مین
داشتہ آید بکار ہے یہ وہ عمدہ اور نفیس جوہر ہے جسکے ذریعہ سے عالیہ بیماریون مین ہر ایک شخص
تھوڑی ہی سی فہم و ادراک سے کامیابی ضرورت پر حاصل کر سکتا ہے ایسی جامع پوتھی
کا رواج کثرت سے اس غرض سے ہوا ہے اور عموماً تجربہ ہوا ہے مفید ہے نہایت ناموری اس
پوتھی کو حاصل ہوئی اس طرح سے جب اُس کا چارون طرف رواج ہوا اور اُس کے علاج
اور مجرب نسخون سے سب نے فائدہ حاصل کیا تو اس کی شہرت سے چارون طرف یہ خواہش
ہوئی کہ اگر اس کا ترجمہ زبان اُردو مین ہو جاتا تو اُردو خوانون اور یونانی طبیبون کے
مشورۂ طبی کے لیے بہت فائدہ بخش ہوتا چنانچہ عالی وقار خداوند نعمت فیاض زمان
منشی نولکشور صاحب دام اقبالہٗ مالک اودھ اخبار نے اس احقر العباد کو اس خدمت پر
ممتاز فرمایا اور اس نیازمند نے بہت درستی اور احتیاط سے حرفاً حرفاً اس کتاب کا ترجمہ
اُردو مین کیا بندہ نے اس خیال سے کہ بیدک کا مطلب فوت نہ ہو جائے امراض اور
دواؤن کا وہی نام رکھا اور اکثر جگہ پر اُن کا طب یونانی کے طور پر ترجمہ کیا اور بعض جگہ
پر اُن کی تشریح مناسب لکھی گئی اور وہی الفاظ لکھے گئے اس کتاب کی اصل مین اوزان
مین صرف ایک ہی وزن ٹانک کا لکھا ہے۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ وزن

ماشہ کا ہوتا ہے اس لیے اس جگہ درم کا استعمال کیا گیا۔ غرض جہان تک ہوا اس کے معنی اور مطلب کو فوت نہ ہونے دیا اور علامتیں اور تشخیص نہایت شرح اور تفصیلاً لکھی گئی ہیں اور آخر میں نہایت عجز و انکسار سے مؤلف ترجمہ اس کتاب کے ملاحظہ کنندگان سے توقع رکھتا ہے کہ جہاں ترجمہ میں کوئی غلطی ملاحظہ فرماویں تو معاف فرماویں۔
آخر میں یہ دعا ہے کہ پروردگار عالم جناب خداوند نعمت فیاض زمان منشی نولکشور صاحب کی روز بروز دولت و اقبال کی افزونی کرے اور اس کتاب کے استعمال کرنے والوں کو فائدہ کلیہ حاصل ہو اور یہ کتاب دست بدست فروخت ہو کر سہ بارہ چھاپنے کا موقع ملے فقط

العبـــــــد

احقر العباد پیارے لال پنڈت کشمیری عرف رگو مصحح صیغۂ ناگری ڈپارٹمنٹ پریس و اڈیٹر اودھ ساکیت سُدھا
کھول اخبار ناگری

طرح طرح کے درد کو عارضہ کہتے ہین اور عارضے دو قسم کے ہین ایک باطنی دوسرا جسمانی جو دل مین رہے وہ باطنی اور جو جسم مین رہے وہ جسمانی کہلاتا ہے یہ دونون بدن مین کسی طور کی بد پرہیزی یا باد صفرا بلغم کے زور یا غذا اور آسایش کے تفرقہ کے سبب سے بیماریون کو پیدا کرتے ہین اور یہ باد صفرا بلغم کسی قسم کی بد پرہیزی سے بگڑے تھکے بدن کو بگاڑتے ہین اور یہی اچھی طرح برتنے سے استعمال کرنے کے بدن مین تازگی لاتے ہین سب بیماریان نیچے لکھی چھ طریقون سے پہچانتی چاہئین۔

نبض کی آزمایش۔ پیشاب کی آزمایش۔ اور عارضون کے احوال شروع سے تین قسم کے ہین اور عارضون کی تشخیص سے بیماریون کا حال معلوم ہوتا ہے۔

نبض کی آزمایش کا بیان] مرد بیمار ہو تو اسکے داہنے ہاتھ کی اور عورت بیمار ہو تو اسکے بائین ہاتھ کی نبض دیکھے مگر بید کو لازم ہے کہ ایک دل ہو کر اطمینان سے نہایت سوچ سمجھ کر بیمار کے ہاتھ کو نیچے نروسے انس طرح تو کون کی گوا اور انگوٹھے کے پاس نبض ہے گوا وہ

نبض لوگوں کے دکھ سکھ کو کہتی ہے اسکو بید اچھی طرح اپنی تین انگلیوں سے دیکھے جیسے راگ کے
جاننے والے کو بین کی تان سے سب راگ معلوم ہو جاتے ہیں اسی طرح نبض بھی بدن کے دکھ سکھ کو
بتلاتی ہے اور جو اسی وقت غسل کر یا اسی وقت کھانا کھا کر یا اسی وقت تیل لگا کر یا سوتے اٹھ کر یا
دوڑتا ہوا آیا ہو اور بھوکا پیاسا پر شہوت یا جس کو پاخانہ اور پیشاب کی زیادہ حاجت ہو اسے
لوگوں کی نبض نہ دیکھے اور اگر دیکھے تو بید کو بیمار کی بیماری کی پہچان بخوبی تمام نہ ہو اور جیسے بید بیمار کے
ہاتھ کی نبض دیکھے ویسے ہی بیمار کے پاؤں کی بھی دیکھے اور علم کے زور اور اپنی عقل کی تیزی سے جیسے
جوہری اپنے تجربے اور ربط سے ہیرے وغیرہ جواہرات سچے جھوٹے اور قیمت کو کہہ دیتا ہے ویسے ہی بید
علم کی طاقت سے بیمار کو با علاج اور لا علاج اور بدن کے دکھ سکھ کا حال جان لیتا ہے۔

نبض کی پہچان کا بیان

انگوٹھے سے لگی ہوئی تین انگلیوں میں پہلی انگلی کے نیچے
خاص بادی نبض چلتی ہے بیچ کی انگلی کے نیچے صفراوی اور پچھلی انگلی کے نیچے بلغم کی نبض چلتی ہے
جیسے سانپ اور جونک وغیرہ جانور ٹیڑھے بیڑھے چلتے ہیں ویسے ہی بادی کی نبض بھی بانکی اور ترچھی
چلتی ہے اور جیسے کوا راج ہنس مینڈھک وغیرہ پھدکتے اور جلدی سے چلتے ہیں ویسے ہی صفراوی
نبض تیز اور پھدکتی چلتی ہے اور جیسے راج ہنس یا مور بط مرغ کبوتر وغیرہ پرند آہستہ آہستہ چلتے ہیں
ویسے ہی بلغم کی نبض بھی آہستہ آہستہ چلتی ہے اور بار بار سانپ مینڈھک کی سی چال چلے اسکو باد صفرا
کی نبض جاننا چاہیے اور جب نبض کی سانپ اور ہنس کی سی چال ہو اسکو باد اور بلغم کی نبض
جاننا چاہیے اور بندر مینڈھک ہنس ان تینوں کی سی چال ہو اسکو صفرا بلغم کی نبض جانو
اور جیسے بڑھئی چیری ہوئی لکڑی کو نہایت ہی تیزی سے کاٹتا ہے ویسے ہی جس آدمی کی نبض
چلے اور چلنے سے رہ جائے اور پھر چلنے لگے اس نبض کو سنپات یعنی تینوں خلطوں کی جانے اور
آہستہ آہستہ ٹیڑھی میڑھی ٹھہر ٹھہر کے چلے وہ بلی یعنی دھمنی تاڑی ہے وہ نبض سست و کم ہو جانے
سے آدمی کو مار ڈالتی ہے اسی نبض کو سنپات کی نبض جاننا لازم ہے اور جب آدمی کو بخار آیا ہو
اسکی نبض بہت گرم اور تیز چلتی ہے اور بیمار کی نبض ایک طرح سے برابر اپنی جگہ پر چلے وہ بیمار
نہیں مرتا اور پر شہوت آدمی کی نبض نہایت جلد چلتی ہے اور غصہ ور و فکر مند آدمی کی نبض
آہستہ چلتی ہے اور کسی طرح سے خوفناک آدمی کی نبض بہت ہی آہستہ چلتی ہے اور بہ بھی

اور جریان کے بیمار کی نبض بہت ہی آہستہ چلتی ہے اور خون کے فساد والے آدمی کی نبض کچھ گرم اور
بھاری چلتی ہے اور جس شخص کو بہت بھوکھ لگی ہو اُسکی نبض تیز چلتی ہے اور جس شخص کے
پیٹ میں آم تون کا فساد ہو اُسکی نبض بہت بھاری چلتی ہے اور جو شخص بہت کھانا کھاتا ہو اُسکی
نبض ہلکی اور جلد چلتی ہے اور جس شخص نے کھانا کھایا ہو اُسکی نبض آہستہ چلتی ہے اور جس شخص
کے پیٹ میں مواد وغیرہ کا فساد ہو اُسکی نبض بہت تیز چلتی ہے اور سُکھی آدمی کی نبض بہت آہستہ اور
پُر طاقت چلتی ہے اور نبض کی آزمائش کئی قسم کی ہے اُسکو عقلمند بید اپنی فہم اور تیزی عقل سے نبض کے
ذریعہ بدن کا دُکھ سُکھ سب سمجھ لیں جیسے جوگی کو جوگ کے ربط و تجربے سے برہم کا علم ہوتا ہے
ویسے ہی نیک بید کو نبض کے ربط سے بدن کے سب عارضے اور سُکھ دُکھ معلوم ہوتے ہیں۔

پیشاب کی آزمائش) بید کو لازم ہے کہ چار گھڑی تڑکے بیمار کو اُٹھا کر کانچ کے سفید برتن
میں یا پھول کے برتن میں پیشاب کراوے پھر اُس برتن کو کپڑے سے ڈھک کر رکھے جب آفتاب
طلوع ہووے تو بید اُس کو آزماوے اگر بیمار کا پیشاب پانی کے مانند ہو اور بہت ہو اور کچھ نیلا بھی
ہو تو باد کے فساد کا پیشاب جانو اور اگر پیشاب سُرخ کسم کے مانند ہووے اور گرم یا زرد ٹیسو
کے پھول کے مانند اور تھوڑا اُترے تو صفرا کی بیماری کا پیشاب جاننا چاہیئے اور جس بیمار کا ٹھنڈا اور
سفید اور چکنا پیشاب اُترے اُسے بلغم کا فساد جانو اور چار گھڑی تڑکے بیمار کا پیشاب چار گھڑی
تک دھوپ میں رکھنے کے بعد بید اُس میں تیل کا قطرہ ڈالے جو تیل کا قطرہ پیشاب کے اوپر پھیل
جاوے تو اُس بیمار کو باعلاج جاننا چاہیئے اور وہ بیمار اچھا ہو جاوے اور اگر پیشاب کے اوپر تیل کا قطرہ
نہ پھیلے اور جم جاوے تو وہ بیمار بہت وقت سے آرام پاوے اور اگر وہ قطرہ پیشاب میں ڈوب جاوے
یا گھومنے لگے تو وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کے پیشاب میں قطرہ پڑتے ہی سوراخ ہو جاوے یا اُس
قطرہ کی تلوار کمان اور ڈنڈے کی طرح شکل ہو جاوے تو وہ بیمار مر جاوے اور اگر چھلنی کے مانند ہو یا کنول
پھول یا ہاتھی یا چنور یا تیر کی سی صورت ہو جاوے تو وہ بیمار اچھا ہو جاوے اور جسکا پیشاب سرسوں کے
تیل کی طرح ہو تو اُسکو باد صفراوی کی بیماری جاننا چاہیئے اور جسکا پیشاب سیاہ اور پھٹکی لیے ہو اُسکو
سنپات کی بیماری جانو اور جس بیمار کے پیشاب کرتے ہوئے سُرخ دھار اُترے اُسکو بہت بیمار جاننا چاہیئے
اور جسکی دھار سیاہ نکلے وہ مریض مر جاوے اور جسکے پیشاب میں بکری کے پیشاب کی سی بو ہووے

اسکو بیدھی جاننا چاہیے اور جس کا پیشاب سرخ اور گرم یا زرد ہو اسکو بخار سمجھنا چاہیے اور جس کو کنوین کے پانی کے مانند پیشاب اترے اسکو لنگ روگ جانو۔

بیماریون کا احوال

بیماری کی آزمایش | بیماری کی آزمایش اتنی طرح سے ہوتی ہے دیکھنے چھونے پوچھنے خواب اور جو آدمی بھیجا جاوے اور شگون اور روقت کے دیکھنے اور دوا اور جگہ اور وقت اور عمر اور سا ضعف اور لاعلاج اور باعلاج وغیرہ طریقون سے بیماری کی آزمایش مناسب ہے اسی ترتیب سے لکھتے ہین پیلیا وغیرہ کئی عارضے تو بیمار کے دیکھنے ہی سے بید کو ظاہر ہوتے ہین اور بخار وغیرہ کئی عارضے بیمار کے چھونے بغیر جانے نہین جاتے اور پیٹ کا درد اور درد سر بواسیر اور گرمی اور سوزاک ہول دل اور بھوت پریت وغیرہ کا لگنا جریان وغیرہ کئی بیماریان مریض کے کہے بغیر بید بخوبی نہین جان سکتا۔

خواب کی آزمایش | مریض کو ایسے خواب دیکھنے اچھے نہین ہوتے اگر بیمار خواب مین ننگا اور منڈا اور سرخ اور کالا کپڑا پہنے ہوئے آدمی کو دیکھے یا لنگڑا بوچا اور کالے ہتھیار اور پھانسی لیے مارتے ہوئے شخص کو دیکھے تو اس بیمار کو لاعلاج جانو اور بھینسا اونٹ گدھا ان پر سوار ہو اور جانب شمال جاتا ہو خواب مین دیکھے وہ بیمار بھی اچھا نہ ہوگا اور اونچے سے نیچے گرے پانی مین ڈوب جاوے اور سلگی ہوئی آگ مین گرے اور شیر وغیرہ درندہ اسکو کھاتے ہون یا چراغ کو بجھتا دیکھے اور تیل یا شراب کو پیتے دیکھے اور پکوان کھاوے اور کنوین مین گرے ایسا خواب مریض کو ہو تو اس بیمار کو لاعلاج جانو اور ایسا خواب دیکھنے والا کسی سے نہ کہے اور صبح کے وقت اٹھتے ہی راکھ وغیرہ سے نہاوے اور اس خواب کی بدشگونی مٹنے کے لیے ہون دان اور پاٹھ وغیرہ کرے تو بدشگونی رفع ہو اور بیمار خواب مین دیوتا راجہ فقیر دوست برہمن گاے آگ تیرتھ دیکھے تو وہ بیمار جلد اچھا ہو اور خواب مین کیچڑ کو ناگھ جاوے اور دشمن پر فتح پاوے اور محل رتھ پہاڑ وغیرہ کے اوپر چڑھے تو وہ بیمار جلد آرام پاوے اور خواب مین سفید کپڑا پہنے اور گوشت مچھلی پھل کھاوے تو وہ بیمار جلد شفا پاوے اور خواب مین مدخولہ عورت سے جماع کرے اور بدن مین غلیظ ملے اور روے اور اپنی موت دیکھے اور کچا گوشت کھاوے تو وہ بیمار جلد اچھا ہو اور جونک سانپ اور بھونرا مکھی جسکو

خواب میں کاٹے وہ بیمار بھی جلد شفا پاوے اور جو یہ خواب تندرست آدمی کو ہوں تو بھی اچھے ہیں۔

جو آدمی بید کو بلانے جاوے اُس کا شگون

بید کے بلانے کے لیے جو آدمی جیجے وہ کانا لنگڑا اندھا وغیرہ نہو کیونکر ایسے کے بھیجنے سے وہ جلد بیماری اچھی نہ ہو اور جو عمدہ کپڑے پہنے اور خوبصورت گھوڑے اور رتھ وغیرہ پر سوار بید کو تمیز والے اچھے خاندان کا ہوشیار آدمی جس کا بایان دم چلتا ہو وہ بید کے پاس لیجایا جاوے تو وہ بیمار جلد آرام پاوے۔

شگون کی پہچان] جو بید مریض کا علاج کرنے جاتا ہو اُسکو اُس وقت سامنے ٹھنڈے شگون ملین تو اچھا ہے اور جو آگ وغیرہ گرم شگون ملین تو بیمار آرام نہ پاوے اور جو آدمی بید کو بلانے جاتا ہو تو اُسکو پانی وغیرہ سرد شگون سامنے ملین تو وہ بیمار اچھا ہو اور اگر آگ وغیرہ گرم چیزین ملین تو بیمار جلد شفا پاوے۔

وقت کی پہچان] جس مریض کو رات کو گرمی اور دن مین سردی لگے اور گلے مین بلغم بولے وہ بیمار ضرور ہی مرے اور جس بیمار کی ناک کا اگلا حصہ سرد ہو اور اُسکے ہاتھ پاؤن اور چھاتی بھی ٹھنڈی ہو اور سر مین درد ہو وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس بیمار کی اصلی حالت اور چہرہ کی رونق اور شرم جاتی رہے اور مزاج مین غصہ زیادہ ہو جاوے وہ بیمار چھ مہینے مین مرے اور جس بیمار کے عضو کانپتے ہون اور عقل جاتی رہے اور بدن کا رنگ اور کا اور ہو جاوے اور خوشبو اور بدبو کی پہچان نہ رہے تو وہ بیمار ضرور مرے اور بد درخت اور بد درخت کی ٹہنیون مین بیمار کو آگ سی نظر آوے وہ مریض چھ مہینے مین مر جاوے اور جو بیمار بغیر شہوت ہو جاوے اور اُسکے پسینا نہ آوے وہ تین مہینے مین مرے اور جو بیمار کان کے سوراخون کو بند کرکے کان مین گھون گھون آواز نہ سُنے وہ ضرور مرے اور جس بیمار کی آنکھ بدن اور مُنھ کی رنگت اور کی اور ہو جاوے وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس بیمار کو اپنی زبان اور ناک کا اگلا حصہ اور ابرو کا درمیان نظر نہ آوے وہ بیمار ضرور مرے اور جس مریض کے ناک کا اگلا حصہ ٹیڑھا ہو جاوے اور پھر آنکھیں سُرخ ہو جاوین وہ بیمار بھی ضرور مرے اور جس بیمار کے حواس اپنا اپنا کام نہ کرین وہ بیمار بھی ضرور مرے اور جس بیمار کی آواز سُست پڑ جاوے یا تھک جاوے اور طاقت کم ہو جاوے وہ بیمار بھی ضرور مرے اور جس بیمار کو کانچ اور پانی مین اپنا سایہ نظر نہ آوے وہ بھی ضرور مرے اور جس کا مُنھ سُرخ کنول کے پھول کے مانند ہو اور زبان کالی پڑ جاوے اور بدن مین درد اُٹھ آوے وہ

مریض ضرور مرے اور جس بیمار کی چھاتی اور ناف اور کندھا کانپنے لگیں وہ بیمار ضرور مرے اور جیسے اشلیکھا بشت جیکھا۔ آردرا۔ سواتی۔ مول۔ پوربا بھاگنی۔ پوربا کھاڑ۔ پوربا بھادرپد۔ بھرنی۔ ان نچھتروں میں اور اتوار۔ سنیچر۔ منگل وار اور چوتھ۔ چھٹھ۔ دوادشی تھتوں میں بیماری پیدا ہو تو وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کو دوسرے کی آنکھ کی پتلی میں اپنی صورت نظر نہ آوے وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کا آفتاب کے طلوع ہونے کے وقت داہنا اور شام کو بایاں دم چلے وہ بیمار نہ مرے۔

دوا دینے کا قاعدہ] بید کو لازم ہے کہ دوا کی خاصیت سمجھ کر مریض کی بیماری کے برابر دوا دے اگر بیماری کم ہو تو زیادہ دوا نہ دے اور اگر زیادہ بیماری ہو تو تھوڑی دوا نہ دے اور جو کڑوی کسیلی دوا بیمار نہ کھاوے تو وہ بیمار زندہ نہ رہے۔

ملک کا بیان] تین قسم کے ملک ہیں۔ انوپ۔ سادھارن۔ جانگل۔ جہاں بہت سا پانی چشمہ بہتا ہو یا جس دیش میں بلغم کی زیادتی ہو جیسے مشرق کے ملک ہیں اُسکو انوپ کہتے ہیں اور اسی طرح کی علامتیں جہاں کہیں اور جس ملک میں ہوں اُسکو بھی انوپ کہتے ہیں اور جس دیش میں باد صفرا اور بلغم برابر ہوں اُسکو سادھارن کہتے ہیں اور جس دیش میں باد زیادہ ہو اس کو جانگل کہتے ہیں اور جس دیش میں جو آدمی پیدا ہو اُسکا اُسی دیش کے مطابق مزاج ہوتا ہے۔

وقت کی پہچان] وقت تین قسم کا ہوتا ہے سردی۔ گرمی اور برسات۔ اگر سردی میں سردی کم پڑے یا بہت پڑے تو بیماریاں پیدا ہوں اور سردی میں گرمی کا پڑنا بھی خلاف ہے یہ بھی اچھا نہیں اس سے عارضے ہوتے ہیں اسی طرح گرمی میں گرمی کم پڑے یا زیادہ پڑے اور یا سردی پڑے تو بیماری کی پیدائش کا سبب ہے ایسی ہی برسات میں برسات تھوڑی ہو یا زیادہ ہو یا نہ ہو تو عارضے پیدا ہوں۔

عمر کا بیان] عمر تو کئی قسم کی ہیں مگر اُن میں تین خاص ہیں۔ ایک لڑکپن۔ دوسرے جوانی۔ تیسرے بڑھاپا۔ اُن میں اعلیٰ۔ ادنیٰ۔ اوسط ہوتے ہیں اُن کے جو بیماریاں پیدا ہوں اُن کے بدن اور عمر کے انداز سے سوچ کر بید دوا دے۔

حس کی قوت طبیعی] آواز۔ چھونا۔ شکل۔ ذائقہ۔ سونگھنا۔ یہ پانچ قسم کی ہیں۔ آواز کی جگہ تو کان ہیں اور چھونے کی جگہ جلد۔ شکل کی جگہ آنکھیں اور ذائقہ کی جگہ زبان اور بو کی جگہ ناک ہے

جو آواز کی طاقت کم ہو جانے سے کم سُنے یا زیادہ سُنے یا غلط سُنے یا کچھ کا کچھ سُنے اور چھونے کی طاقت
کم ہو جانے پر تھوڑا چھوئے یا غلط چھوئے یا کچھ کا کچھ چھوئے اور دیکھنے کی طاقت کم ہونے سے
کم دیکھے یا غلط دیکھے یا کچھ کا کچھ دیکھے چھؤن رسون کے کھانے کی طاقت گھٹنے سے تھوڑا کھاوے
یا بہت کھاوے یا غلط کھاوے یا کچھ کا کچھ کھاوے اور سونگھنے کی قوت کم ہونے سے تھوڑا سونگھے
یا بہت سونگھے یا غلط سونگھے یا کچھ کا کچھ سونگھے تو ضرور بیماری پیدا ہو اور ان پانچون کے اچھی طرح
استعمال کرنے سے آدمی ہمیشہ اچھا رہتا ہے۔

افعال طبیعی] تین قسم کے ہین جسمانی۔ باطنی۔ زبانی۔ جو جسم مین رہین وہ جسمانی اور جو دل مین
رہین وہ باطنی اور جو زبان مین رہین وہ زبانی۔ جسم کے کام گھٹنے سے تھوڑا کام کرے یا بہت
کام کرے یا کچھ کا کچھ کام کرے اور دل کی قوت گھٹنے سے تھوڑی خواہش ہو یا بہت ہو یا کچھ
کی کچھ ہو اور بولنے کی قوت کم ہونے سے کم بولے یا غلط بولے یا کچھ کا کچھ بولے اُسکو بیماری پیدا
ہو اور تینون چیزون کو بخوبی آدمی برابر استعمال رکھے وہ آدمی ہمیشہ تندرست رہے۔

ہاضمہ کی طاقت کا بیان] آگ پانچ قسم کی ہے۔ مند اگن (کم) تیچھن اگن (تیز) بھم
اگن (سخت) سم اگن (برابر) بھسم اگن (سخت تر) جسکا بلغمی مزاج ہوتا ہے اُسکے ہاضمے کی
آگ کم ہوتی ہے وہ بلغمی عارضون کو پیدا کرتی ہے وہ اچھی نہین اور جس کا صفراوی مزاج
ہو تو اُسکو تیچھن اگن ہوتی ہے وہ اچھی ہے کھایا ہوا کھانا سب ہضم کرتی ہے مگر وہ بھی صفرا
کے عارضے پیدا کرتی ہے اور جس کا بادی مزاج ہو اُسکو بھم اگن ہوتی ہے وہ بادی کے
عارضون کو پیدا کرتی ہے اور کبھی کھانا ہضم کرے اور کبھی نہ کرے۔ چوتھی سم اگن ہے جو
سب آگون مین عمدہ ہے اچھی طرح کھانا کھاوے اُسکو پچا دیتی ہے اور کوئی بیماری پیدا نہین
کرتی اور پانچوین بھسم اگن ہے وہ بھسمک کے عارضے کو پیدا کرتی ہے۔ اس طرح کبھی دوا کے
استعمال سے بدن مین رطوبت اصلی کم ہو جاوے اور صفرا کی حرارت جوع الکلب زیادہ ہو کر ہوا
کے ساتھ سے تحریک ہو کر سخت گرمی پیدا کرتی ہے تب وہ بھسمک اگن ہو جاتی ہے اُسس
آگ والے کو جب وقت پر کھانے کو نہ ملے تو پیاس اور پسینا اور جلن اور بیہوشی وغیرہ کرکے
آدمی کو مار ڈالتی ہے اسلیے آدمی ہاضمہ کی طاقت پہچان کر علاج کرے یا کھانا وغیرہ کھاوے تو اُس کو

ضرور ہی بیماری پیدا ہو اور اُس کی دوا کرنی فائدہ نہیں پہونچاتی اور اُسکا علاج فائدہ ور نہیں ہوتا۔

بیمار کے لاعلاج ہونے کی پہچان] جس بیمار کو رات کے وقت نیند نہ آوے اور گلے میں بلغم بولے اور بدن میں جلن ہووے اور نبض آہستہ چلے اور بولنے سے زبان تھک جاوے اور سب حواس خمسہ اپنے اپنے کاموں کو چھوڑ دیں وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کو قوت ہاضمہ کی کم ہو کر طبیعت بگڑ جاوے اُس مریض کو لاعلاج جانو اور جسکی آنکھیں سُرخ ہو جاویں اور دم چڑھ جاوے چھاتی میں درد ہو اور اونگھائی اور ہچکی اور پیاس بہت ہو اور بہت سووے۔ بہت جلن ہو اور پسینا زیادہ اور ہچکیاں آوے وہ مریض ضرور مرے۔

بیمار کے باعلاج ہونے کی پہچان] جس بیمار کی طبیعت درست رہے اور کھانا بخوبی تمام ہضم ہوتا رہے اور کسی طرح کی بیماری کا فساد نہ ہو ایک ہی قسم کی کوئی بیماری نہ ہو اور اُس بیمار کے علاج کے لیے ذیل کی چار تدبیریں ملیں۔ ایک تو اچھا تجربے کار بید دوسرے ویسی ہی بیماری کے دور کرنے والی دوا اور ویسا ہی ہوشیار نوکر اور ویسا ہی بیمار دولتمند اور بیماری کی گھٹنے بڑھنے کا جاننے والا ہو اس بیمار کو باعلاج جانو۔

عارضوں کی تفریق] جو بیماریاں جسم میں رہیں وہ چودہ قسم کی ہیں اُنکو لکھتے ہیں۔ سہج روگ[۱] گربھج روگ[۲]۔ جات جات روگ[۳]۔ پیڑا جنت[۴]۔ کال جنت[۵]۔ پربھاو جنت[۶]۔ سوبھاو جنت[۷]۔ ویش جنت[۸]۔ آگنتک روگ[۹]۔ کائیک روگ[۱۰]۔ آنتر روگ[۱۱]۔ کریج روگ[۱۲]۔ دوشج روگ[۱۳]۔ کرم دوشج روگ[۱۴]۔

ان سب کا بیان] والدین کے نطفے سے اولاد کے بھی بیماریاں ہوتی ہیں جیسے بواسیر کوڑھ وغیرہ۔ یہ سہج روگ کہلاتے ہیں۔ حمل میں کبڑا۔ لنگڑا۔ چھ اُنگلی کا اور دو سرا اور ہاتھ پیر کا لنجا بیماریاں ہوں۔ اُن کو گربھج روگ کہتے ہیں۔ حمل کی حالت میں والدہ کی بدپرہیزی اور کھانے وغیرہ کی تبدیلی سے لڑکے کے رتوا اور بُرا بدن۔ گونگا پن وغیرہ جو بیماریاں ہوں اُن کو جات جات کہتے ہیں اور ہتھیار وغیرہ کے لگنے سے جو ہتھیار کی ضرب سے ماں کے پیٹ میں نقصان ہونے سے عوارض ہوں اُن کو پیڑا جنت بیماریاں سمجھنا چاہیے اور سردی میں زیادہ سردی اور گرمی میں زیادہ دھوپ اور برسات میں زیادہ برسات کے سبب سے جو بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اُنکو کال جنت روگ کہتے ہیں اور دیوتا گرو اور بزرگوں کی بددعا اور ستاروں کے خلاف ہونے سے جو بیماریاں اور بھوک پیاس

اور بوڑھاپے وغیرہ سے جو بیماریان پیدا ہوتی ہین اُنکو سوبھاؤ جنت کہتے ہین اور آسیب وغیرہ اور غصہ اور شہوت اور دشمنی و محبت اور خوشی و رنج طمع اور غفلت وغیرہ جس کے بدن مین رہین اُن سے جو بیماریان پیدا ہین اُن کو آگنتک روگ کہتے ہین اور بخار وغیرہ خاص بیماریان ہین اُن کو کایک بیماریان کہتے ہین اور جو دل کے مانند آدھا پاگل ہو جاوے اُس کو آنتر روگ کہتے ہین اور جس ملک مین بیلو یا سُرخ یا بھورے آدمی پیدا ہون اُن کو دیشج کہنا چاہیئے اور پہلے جنم مین یا اُس جنم مین برہمن اور گائے مارنے وغیرہ کے گناہ سے جو بیماریان ہون اُن کو کرج کہتے ہین اور باو صفرا اور بلغم سے جو بیماری پیدا ہووے اُسکو دوش ج کہتے ہین اور برہم ہتیا وغیرہ جو پاپ یا صفرا اور بلغم وغیرہ کے جو فساد ہین اُن دونون کو ملا کر جو عارضہ پیدا ہوا ہے اُسکو کرم دوکھج کہتے ہین - اب یہی سب روگ دو قسم کے ہین ایک باعلاج اور دوسرا لا علاج - باعلاج دو قسم کا ہے ایک تو بہت تدبیر کرنے پر جیسے تیسے اچھا ہوتا ہے اور دوسرا معمولی تدبیر سے اچھا ہوتا ہے اور لا علاج دو قسم پر ہے ایک یا پیہ یعنی گمبھیر - بواسیر - مرگی یعنی مرض صرع اور ادھانگ یعنی لقوہ - دمہ - سل وغیرہ - اور جس مین زیادہ بیماریان ہون وہ شخص دوا کھایا کرے اور پرہیز سے چلے اور بید کی راے کے مطابق کام کرے جہانتک عارضہ دفع ہو اُن عارضون کو یا پیہ کہتے ہین اور ایک ایسی بیماری پیدا ہو جسکا علاج بھی نہ ہو سکے وہ ماری ٹالتی ہے اور عارضون کے اقسام بے تعداد ہین کہ جن کی تعداد نہین اُن کا علم تو صرف خداوند تعالیٰ کو ہے مگر بید بھی علم کے زور اور عقل کی تیزی سے ان سب عارضون کو چودہ طرح سے پیدا ہونے والا جان لے -

اور طرح سے سب عارضون کے پیدا ہونیکا اور ہی طریقہ

جو شخص سب طرح ہوشیار ہے اور چودہ طرح کے زورون مین سے کوئی زور بیفائدہ ظاہر نہ کرے اور جو آپ ہی ظاہر ہوا اسکو نہ روکے اور اُس کا کام کرے تو وہ شخص بیمار نہو اور اُن چودہ زورون کو ناحق ظاہر کرے اور اُن کے ظاہر ہونے سے تو اُسکو اختیار کرے تو وہ ضرور ہی بیمار پڑے -

چودہ زور | ادھو بایو (پیٹ کی ہوا کو روکنا) دشا یا دھار یا پاخانہ روکنا موتر یا پیشاب روکنا نُتر کا زور روکنا - چھینک روکنا - پیاس روکنا - بھوک روکنا - نیند روکنا - کھانسی روکنا - تکلیف کا دم روکنا جمائی روکنا - آنسو روکنا - قے روکنا - منی روکنا - چودہ زور ہین اُنکو ناحق روکے ان سے پیدا ہوئے

زوروں کو اپنے اوپر اختیار کرے تو ضرور آدمی کے بیماریاں ہوں وہ لکھتے ہیں۔ جو شخص ادھو بایعنی ریح کو روکے اُسکے گولا اور پیٹ میں اپھارا اور درد یہ بیماریاں ہوں پھر ریح اچھی طرح سے صادر نہیں ہوتی اور موترکر چھ امراض مثانہ اور بہ ادر آنکھوں کے عارضے اور بدہضمی اور چھاتی میں درد ہوتا ہے۔

پاخانے کے روکنے کی بیماریاں | جو شخص پاخانے کو روکے تم اُسکے یہ بیماریاں ہوتی ہیں۔ ہاتھ پاؤں میں اعضا شکنی اور خناق۔ سردرد۔ اور دم اچھی طرح نہیں آتا اور چھاتی میں درد۔ آوا ورت اور بایگولا۔ پھیپا۔ پیٹ کی بیماری۔ پیٹ کا درد۔ موترکر چھ مع قبض مثانہ کی بیماریاں۔ آنکھوں کی بیماریاں۔ بدہضمی وغیرہ۔ عارضے ہو آتے ہیں۔

پیشاب روکنے کے عارضے ۔ | جو کوئی پیشاب کے زور کو روکے تم اسکو یہ عارضے ہوں۔ اعضا شکنی۔ پتھری۔ لنگیندری یعنی عضو تناسل۔ اور کانے بالوں کی جڑ میں درد۔ اور گولا پھیپا وغیرہ جو پیچھے پاخانے کے روکنے سے بیماریاں کہی ہیں وہ بھی پیشاب کے روکنے سے پیدا ہوتی ہیں۔

ڈکار کے روکنے کے عارضے | جو لوگ آتی ہوئی ڈکار کو روکتے ہیں اُنکو اتنے عارضے ہوتے ہیں۔ کھانے سے نفرت۔ بدن کانپے۔ چھاتی رکے۔ اپھار یعنی نفخ۔ کھانسی۔ ہچکی وغیرہ۔

چھینک روکنے کے عارضے | جو شخص چھینک کے زور کو روکے اُسکے یہ بیماریاں پیدا ہوں۔ دل گھبراوے۔ ضعف حواس ہو۔ گردن نہ مڑے۔ منہ ٹیڑھا ہو جاوے۔

پیاس روکنے کی بیماریاں | جس شخص کو پیاس لگی ہو اور وہ اُسکو روکے تو یہ بیماریاں ہوں۔ منہ سوکھے۔ اعضا شکنی۔ بہرا پن۔ غفلت۔ شک ہو۔ اور چھاتی میں تکلیف ہو۔

بھوک روکنے کی بیماریاں | جو شخص بھوک کے زور کو روکے تم اسکو اتنے عارضے ہوں۔ سب اعضا ٹوٹنے لگیں۔ کھانے سے نفرت ہو اور طبیعت مائل نہ ہو اور بدن کمزور اور غش قلب اور بغیر محنت کئے تکان اور سب حواس گند ہوں۔ اور بدن کا رنگ اور کا اور ہو جائے۔

نیند کے روکنے کے عارضے | جو شخص آتی ہوئی نیند کو روکے اُسکو یہ بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ غفلت اور سر درد اور آنکھیں بھاری۔ سستی۔ جمھائی۔ اعضا میں درد وغیرہ۔

کھانسی کے روکنے کے عارضے | جو شخص کھانسی کو روکے تم اسکو کھانسی۔ دم پھلانے

سے نفرت۔ چھاتی کا درد اور ہچکی وغیرہ بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔

محنت کے دم روکنے کی بیماریاں] جو شخص محنت کے دموں کو روکے اُس کو اتنے عارضے ہوتے ہیں۔ بائو گولا۔ چھاتی کی بیماریاں۔ غفلت۔ دس قسم کے جریان کی بیماریاں ہو جاتی ہیں۔

جماہی روکنے کی بیماریاں] جو شخص آتی ہوئی جماہی کو روکے اُسکو درد سر آور سستی جو اس اور گردن اور مُنھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

آنسو روکنے کی بیماریاں] جو شخص آنسو روکے اُسکو خناق۔ آنکھ کے عارضے۔ سر چھاتی اور گردن میں درد اور تنفر[1] دو رشک پیدا ہو۔

قے روکنے کی بیماریاں] جو شخص آتی ہوئی قے کے زور کو روکے اُسکو رتوا۔ جی کُڑھنا۔ آنکھ کی بیماری۔ کھجلی۔ پانڈ روگ۔ بخار۔ کھانسی۔ دم۔ چھاتی کا درد۔ کھ کیل یا کھ چھایا وغیرہ ہوتے ہیں۔

منی روکنے کی بیماریاں] جو شخص منی کے زور کو روکے اُسکو سوزاک۔ جریان۔ درد عضو اور سوجن ذکر۔ کھانے سے تنفر ہو۔

باب دوسرا

سب طرح کے بخار کے بیان میں

بخار کی پیدایش کا بیان] دچھ پرجاپت کی جگیہ میں ستی کی چولا چھوڑ دینے کے سبب سے تینوں لوک کے مالک شیو جی نے غصہ کر کے دچھ اور دچھ کے مددگاروں کے مارنے اور جگیہ کے خلل ڈالنے کے لیے اپنی تیسری آنکھ سے ایک بیر بھدر پیدا کیا اُس نے سری شیو جی کا حکم لیکر دچھ پرجاپت کو مار کر جگیہ کا سب سامان کھایا ڈالا تب شیو جی نے بیر بھدر کا نام تپ رکھا وہ تپ آرام و آسایش کے تفرقہ اور گرانی سے ناف اور پستان کے درمیان جو اُن کی جگہ ہے اُس میں رہتا جو باد۔ صفرا۔ بلغم اُنکو بیمار کے بدن میں اُنکی جگہ پر بگاڑ دیتا ہے اور اُنکی جگہ میں جو غذا رہتی ہے اُس سے جو رس پیدا ہوتا ہے اُسکو بھی بگاڑ دیتا ہے اور آنتوں

[1] مترجم نے تنفر سے ہر جگہ غذا سے نفرت ہونے کے معنی مراد لیے ہیں ۱۲ مصحح

کی جگہ مین جو آگ رہتی ہے اسکو پیٹ سے نکال کر باہر بیمار کے سب بدن کو آگ کے مانند گرم کرتا ہے وہی بخار کی صورت ہو کر بدن کی طاقت کو کم کر دیتا ہے اور وہ بخار آٹھ قسم کا ہے۔ بادی اور صفراوی۔ بلغمی۔ بادی صفراوی۔ بادی بلغمی۔ بلغمی صفراوی۔ سنپات۔ آگنتک بخار یہ آٹھ قسم کے تپ ہین اب ان کی علحدہ علحدہ علامتین لکھی جاتی ہین۔

عام بخار کی علامتین] جس کے بدن مین ایک ساتھ ہی یہ سب علامتین ہون تو بخار کہنا چاہیئے۔ بدن گرم ہو۔ اور پسینا نہ آوے۔ بھوکھ جاتی رہے۔ سب بدن جکڑا رہے۔ اور درد ہو۔ اور ہاتھ پانْون مین اعضا شکنی اور کہین دل نہ لگے۔ ایسی علامتین جس بیمار کی ہون اُس کو بخار جاننا چاہیئے۔

بخار کی پہلی شکل] ہاتھ پانْون مین اعضا شکنی ہو اور سر بھاری رہے اور جمہائی آوین اور بغیر درد کے بدن مین تکلیف ہو جس کے ایسی علامتین ہون تو جاننا چاہیئے بخار آویگا۔

بادی بخار کی علامتین] بدن کانپے۔ بخار کا بڑا زور ہو۔ گلا اور لب سوکھین۔ نیند اور چھینک نہ آوے۔ بدن روکھا ہو۔ پیشانی بھاری۔ بدن مین درد۔ مُنھ سے پھوْن طرح کا مزہ جاتا رہے قبض رہے۔ پیٹ مین درد اور اپھرا ہو اور جمہائی بہت آوین تو بادی تپ جاننا چاہیئے۔

عام بخار کا علاج] گرم پانی پلاوے اور بل اور بیل کے موافق فاقہ اور کچھ پرہیز بھی کرائے اور اُسکو ہوا نہ لگنے دے اور اپنے باریک کپڑے پر سُلاوے تو بخار جاوے اور تین روز تک تو بخار مین کڑوی کسیلی۔ جلاب وغیرہ کی کوئی دوا نہ دے۔ یہی تدبیر کرنی چاہیئے۔ پھر زنجبیل دو ماشہ۔ کشنیز دس ماشہ۔ انکا جوشاندہ پلاوے تو بخار جاتا رہے اور بھوکھ بھی لگے۔

بادی بخار کا علاج] بادی بخار والے کو اور جنہین جٹھراگن والے کو اور حاملہ عورت اور کمزور آدمی اور لڑکے بوڑھے اور دہشت ناک اتنے لوگون کو فاقہ نہ کراوے تھوڑا کھانا پرہیزی دے۔ اور بادی بخار والے کو چرائتہ۔ ناگر موتھا۔ نیتر بالا۔ دونون کٹیا۔ گلو۔ سونٹھ ان سب کو چھدام چھدام بھر لیکر آدھا کچلکر پانچ روز تک جوشاندہ دے تو بادی بخار جاوے۔

بادی بخار کا دوسرا علاج] زنجبیل۔ نیم کی چھال۔ دھماسہ۔ پاڑہ۔ کچور۔ اڑوسہ۔ پنج انڈ پوہکر مول۔ ان سب چیزون کو کچلکر چھدام چھدام بھر لیکر جوشاندہ دے تو بادی بخار دور ہو

یا ہنگلیشر رس سے بادی بخار بہت جلد رفع ہوتا ہے۔ شنگرف پیپل۔ سنگی مہرہ مصفا ان تینوں کو برابر لے پانی مین باریک پیسکر آدھی آدھی رتی کی گولی بنا کر ہر روز ایک ایک کھاوے تو پانچ گولیون مین بادی بخار ضرور جاوے اور مونگ۔ مسور۔ کلتھی۔ موٹھ۔ ان سب کی دال کا پانی کھانے کو دے اور چھتاور۔ گلو۔ یہ دونون چھدام چھدام بھر لے جوشاندہ کرے اور اس مین چھدام بھر پرانا گڑ ڈال کر پانچ روز تک پیئے تو بادی بخار جاوے اور نسخے۔ داکھ۔ پیپر۔ پت پاپڑا۔ اڈیان یہ سب چھدام چھدام بھر لیکر جوشاندہ کر کے دے تو بادی بخار جاوے۔

صفراوی بخار کی علامتین آنکھون مین سوزش ہو۔ منھ کی لذت کڑوی رہے۔ پیاس زیادہ لگے۔ چکر آوے اور بہت سبکے۔ بدن گرم رہے۔ بخار کی شدت زیادہ ہو پاخانے مین دست آوے اور قے ہو اور نیند تھوڑا آوے۔ منھ سوکھے اور بکبک جاوے۔ پسینا آوے اور آنکھین زرد ہون۔ پاخانہ و پیشاب بھی زرد ہون یہ علامتین جس شخص مین ہون اسکو صفراوی بخار مین مبتلا جانو۔

صفراوی تپ کا علاج ناگرموتھا۔ دھماسہ۔ پت پاپڑا۔ نیتر بالا۔ چرائتہ۔ نیم کی چھال ان سب چیزون کو چھدام چھدام بھر لے کر کچلے اور اس کا جوشاندہ کر کے دے تو صفراوی بخار جاتا رہے یا گرم پانی کے ساتھ پیسی ہوئی کھیرسا ایک چھدام اور دو ماشہ کٹکی[1] اور دو درم مصری ان کو پیسکر دے تو صفراوی بخار جاوے۔ یا چندن ایک درم خس ایک درم ان کو باریک پیسکر فاسے کے چار پیسے بھر شربت مین دو پیسے بھر مصری ڈال کر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یہ دوا اترشی نام کی سنسکرت کی پستک مین لکھی ہے یا چاول کے کھیل کے پانی مین مصری ملا کر پیے تو صفراوی بخار دور ہو یا کٹکی۔ مغز املتاس۔ ناگرموتھ۔ پوست ہلیلہ۔ پت پاپڑا ان سبکو چھدام چھدام بھر لیکر کوٹے اور جوشاندہ دے تو صفراوی بخار اور پیاس۔ سوزش۔ بیہوشی۔ بک جھک۔ چکر ان بیماریون کو یہ جوشاندہ دور کرے۔ یہ بید بنود مین لکھا ہے یا گیہون کے آٹے کو خوب بھگو کر اس مین مصری ڈال کر پتلا حریرہ کر کے دے تو صفراوی بخار جاوے یا میٹھے انار کا شربت دے تو صفراوی بخار جاوے یا نہایت خوبصورت سولہ برس کی عورت سے جماع کرے تو سوزش جاوے۔ اور طوطا مینا اور لڑکے کی خوش الحانی اور دلچسپ باغ اور پھولون کے ہار کنول کا پھول اور سنگار

---

[1] ایک درم ۲¼ ماشے کا ہے۔ اور ایک ٹانک ۴ ماشہ کا ہوتا ہے۔

کی باتین۔ کیوڑہ کا لگانا۔ خوبصورت عورتون کا ساتھ۔ فوارہ وغیرہ یہ سب سوزش کی تکلیف کو دور کرتے
ہین۔ یا فالسہ کے شربت مین سیندھا نمک ڈال کر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا مونگ کی دال کے
پانی مین مصری ملا کر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا منقے یا دکھ کا شربت مصری ملا کر پیے تو صفراوی
بخار دور ہو۔ یا پت پاپڑہ۔ ناگر موتھ۔ چرائتہ۔ ان سب کو پانچ درم لے جوشاندہ تین دن تک پیے تو
صفراوی بخار دور ہو۔ یہ سب دوا ثمر بھا سکر مین لکھی ہین۔ شربت چندن۔ پدماک۔ دھنیا۔ گلو۔ نیم
کی چھال ان سب کو چھ دام چھ دام بھر لیکر جو کوٹ کر کے پانچ دن تک جوشاندہ پیے تو صفراوی
بخار۔ سوزش۔ پیاس۔ قے۔ سب دور ہون۔ یہ دوا لولمب راج مین لکھی ہے اور جو صفراوی بخار
بہت سوزش پیدا کرے تو کنول کے پھولون کے بچھونے پر یا کیلے کے پتون پر سلاوے تو سوزش
دینے والا بخار جاوے یا اچھے باغ کی سیر کرے یا خس کی ٹٹیون مین خس کے ہی پنکھے سے ہوا
کرے تو صفراوی بخار دور ہو یہ بھی دوا لولمب راج مین لکھی ہے یا گلاب کے پھول کی پنکھڑی
کو تل مین پانچ سات پٹ دے اور اُن کا تیل چنبیلی کی طرح نکالے اُس کو حکیم گلاب روغن
کہتے ہین اور بید گلاب کا تیل کہتے ہین اُسکو ملنے سے سوزش کا بخار دور ہوتا ہے یا سو یا ہزار
مرتبہ کا دھویا ہوا گھی بدن مین ملے تو صفراوی بخار دور ہو یا نیم کے نرم پتون کو پیس کر اُس مین
پانی ڈال کر جھاگ اُٹھاوے اور صفراوی بخار والے کے بدن مین ملے یا اُن جھاگون مین بیڑے
کی گری ملا کر مالش کرے تو صفراوی بخار دور ہو یہ علاج بید جیون اور بید بنود مین لکھے ہین۔

بلغمی بخار کی علامتین اور تدبیر رغبت جاتی رہے۔ بدن بھاری ہو۔ اور رونگٹے کھڑے
ہون اور پیشاب اور ناخن سفید ہون۔ نیند بہت آوے۔ بدن ٹھنڈا ہو اور منھ میٹھا رہے اور بخار کا
زور کم ہو اور سستی اور دم کھانسی خناق وغیرہ جس مین یہ علامتین ہون اُسکو بلغمی بخار جانو۔

بلغمی بخار کا علاج نیم کی چھال۔ سونٹھ۔ گلو۔ پوہکر مول۔ کٹیا۔ کٹکی۔ کچور۔ اڑوسہ۔ کائپھل
پیپل۔ چھتاور ان سب کو چھ دام چھ دام بھر لیکر کچلکر سات دن تک جوشاندہ دے تو بلغمی بخار دور ہو
یا کائپھل۔ پیپل۔ کاکڑاسنگی۔ پوہکر مول۔ ان سب دواؤن کو کپڑچھان کر کے چھ دام بھر شہد مین
چٹاوے تو بخار بلغمی اور دمہ۔ کھانسی وغیرہ دور ہون یہ علاج بید بنود مین لکھا ہے اور بلغمی بخار والے
کو گرم دو سیر بھر کا تین پاؤ) پانی کر کے تھوڑا تھوڑا کر کے پلاوے اور بارہ فاقے کرا دے پھر مونگ

سونٹھ یا کلتھی کے پانی کا آش دے اور دن میں سونے نہ دے اور بجورے کے اندر کے زیرے میں سیندھا نمک اور ادرک ملا کر کھانے کو دے۔ اور کھانے کے وقت یہ ہاضمہ کی چیز دے سونٹھ کالی مرچ۔ پیپل۔ چترک۔ پیپلا مول۔ دونوں زیرہ۔ لونگ۔ الائچی۔ چھوٹی ہیونگ۔ اجوائن اجمود۔ ان سب کو برابر لیکر پیسکر چھدام بھر گرم پانی سے دے تو ہاضمہ کرے بلغمی بخار جاوے اور بھوکھ لگے۔ یا کٹیری۔ گلو۔ سونٹھ۔ پوہکر مول۔ اڑوسہ ان سب کو چھ چھ ماشہ بھرلے۔ جوکوٹ کرکے سات دن تک جوشاندہ دے تو بخار بلغمی جاوے یہ چھدراؤ کو اتھ ہے یا کٹیری پیپل کاکڑا سینگی۔ گلو۔ اڑوسہ۔ ان سب چیزون کو دو دو درم لیکر جوشاندہ کرکے دس دن دے تو بلغمی بخار دمہ کھانسی۔ بدہضمی۔ یہ سب دور ہون۔ یا اڑوسہ کا جوشاندہ چھدام بھر دن تک دے تو بخار بلغمی بہت جلد دور ہو یا دو رتی شیت بھنجی رس اڑوسہ اور سونٹھ کے جوشاندہ سے سات روز تک دے تو بخار بلغمی جلد دور ہو۔

شیت بھنجی رس کی ترکیب] شنگرف سے نکالا ہوا مصفا پارہ پانچ درم۔ گندھک مصفا پانچ درم۔ تامیشر یعنی تانبے کی راکھ پانچ درم۔ سنگی مہرہ مصفا دو درم۔ سونٹھ پانچ درم۔ فلفل سیاہ پانچ درم۔ پیپل پانچ درم۔ سہاگہ مصفا پانچ درم۔ ان سب کو باریک پیسکر چترک کے رس کی تین پٹ دے پھر ادرک کے رس کی سات پٹ دے کر پان کے رس کی تین پٹ دے پھر ایک ایک رتی کی گولیان بنا دے یہ شیت بھنجی رس ہے اس سے بخار بلغمی اور سردی اور سب بادی کی بیماریان دور ہوتی ہین۔

بادی صفراوی بخار کی علامتین] جس شخص کو بادی صفراوی بخار اور بیہوشی۔ جگر اور سوزش ہو۔ اور نیند نہ آوے اور درد سر ہو۔ اور گلا اور منھ سوکھے۔ اور قے ہو اور بال کھڑے ہوجاوین کھانے سے نفرت اور اندھیرا ہوجاوے اور سب بدن مین درد ہو اور جماہی آوے وغیرہ جس بخار مین ہو اس کو بادی صفراوی بخار کہتے ہین۔

بادی صفراوی بخار کا علاج] کٹیری۔ گلو۔ بیخ ارنڈ۔ ناگر موتھہ۔ پدماک۔ بھارنگی پیپل۔ خس۔ سرخ چندن۔ ان سب چیزون کو پانچ ماشہ بھرلے کچل کر چھدام چھدام بھر کا جوشاندہ بارہ روز تک پیے تو بادی صفراوی بخار دور ہو۔ یا گلو۔ ناگر موتھہ۔ پت پاپڑہ چرائتہ

سونٹھ ان سب کو برابر لے کچل کر چھدام چھدام بھر کا جوشاندہ ہر روز بارہ روز تک دے تو
بادی صفراوی بخار دور ہو اس جوشاندہ کا نام پنج بھدر ہے۔ یا گلو۔ پت پاپڑا۔ سونٹھ۔ ناگر موتھ۔
اڑوسہ۔ ان سبکو برابر لیکر کچلکر چھدام چھدام بھر کا جوشاندہ دے تو بادی صفراوی بخار جاوے یا پٹول
کے پتے۔ نیم کی چھال۔ گلو۔ کٹکی۔ ان سب کو برابر لیکر چھدام بھر کا کاڑھا بارہ روز تک پیئے تو بادی
صفراوی بخار دور ہو۔ یا مہوا۔ ملٹھی۔ لودھ۔ سفید سرسون۔ ناگر موتھ۔ مغز املتاس۔ ان سب کو برابر لیکر
کچلکر چھدام بھر کا کاڑھا بارہ روز تک دے تو بادی صفراوی بخار دور ہو یا چاولوں کی کھیل کے
پانی میں مصری اور شہد ملا کر دس روز تک دے تو بادی صفراوی بخار دور ہو یا سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔
پیپل۔ ان سب کو برابر لے کر سب کے برابر مصری ملا کر اور پیسکر ہر روز چھ ماشہ شہد کے ساتھ
دس روز تک کھاوے تو بادی صفراوی بخار دور ہو۔

بادی بلغمی بخار کی علامتیں کھانسی۔ تنفر۔ ہر ایک عضو اور سر میں درد۔ خناق۔
سوزش۔ تفکر۔ بدن میں رعشہ رہے اور بھاری ہو۔ اور نیند نہ آوے اور سینہ ورم زیادہ
و جلن۔ اور پیٹ میں بھی درد ہو اور نبض سانپ یا ہنس کی چال کی طرح چلے دھوسر یا سفید چکنا
سرے کے مانند پیشاب کرے اور سیاہ اور چکنا پیٹ کا مواد ہو۔ آنکھیں دھوسری اور منھ
کسیلا یا میٹھا اور زبان سیاہ یا سفید گلے میں بلغم اور بھاری بول۔ بدن سرد۔ یہ علامتیں
جس میں ہوں اسکو بادی بلغمی بخار جاننا چاہیئے یہ علامتیں جو ترجمہ اسکے میں لکھی ہیں۔

بادی بلغمی بخار کا علاج اس بخار والے کو دس فاقہ کراوے اور آدھا اوٹا ہوا
پانی پلاوے اور دس روز بعد چرائتہ۔ ناگر موتھ۔ گلو۔ سونٹھ۔ یہ سب برابر لے کچلکر چھدام بھر
کا کاڑھا دے بعد اسکے پتھیہ دے تو کوئی فساد نہ اٹھے۔ اور تین روز بعد کائپھل۔ دیودار۔
بھارنگی۔ ناگر موتھ۔ کشنیز۔ پت پاپڑہ۔ پوست ہلیلہ۔ سونٹھ۔ بیخ کنگھی یہ سب چیزیں برابر کچلکر
دو درم کا کاڑھا کرکے دے تو بادی بلغمی بخار۔ کھانسی۔ سوجن۔ سانس ان سب کو دور
کرے یا ناگر موتھ۔ پت پاپڑہ۔ سونٹھ۔ گلو۔ دھماسہ۔ ان سب کو برابر لیکر کچلے اور چھدام بھر کا
جوشاندہ دس روز تک دے تو بادی بلغمی بخار۔ قے۔ منھ سوکھنا وغیرہ دور ہوں یا کٹکی
سونٹھ۔ پیپل۔ گلو۔ یہ سب چھدام چھدام بھر لیکے کاڑھا کر دے تو بادی بلغمی بخار جاوے

یا سال پرنی - پر شٹ پرنی - دونوں کٹیلی گوکھرو - بیل کی گری - سونا پاڑھا - ارلو - گمبھاری پاڑہ یہ دس مول کہلاتے ہیں - ان سب کو کوٹ کر جوشاندہ کرے اور پیپل ملا کر دس دن تک دے تو بادی بخار دور ہو - یا بخار میں منھ اور تالو سوکھ جاوے اور زبان ٹھرا جاوے تو بجورے کے زیرے میں سیندھا نمک اور کالی مرچ لگا کر زبان میں ملے تو منھ اور تالو کی سوجن اور زبان کا ٹھرانا دور ہو - یا چرائتہ - گلو - دیودار - کائپھل - تیج برابر لے اور چھدام بھر کا کاڑھا کر دے تو بادی تپ جاوے یہ علاج جو ترجھا سکر میں لکھا ہے -

بلغم صفراوی بخار کی علامتیں] منھ اور زبان بلغم سے بھری رہے - غنودگی - غفلت - کھانسی - تنفر اور پیاس زیادہ بار بار بدن میں سوزش اور سردی اور درد ہو - چھاتی میں تکلیف ہو - چکر آوے - بھوک نہ لگے - بدن جکڑا سا ہو جاوے - نبض ہنس اور مینڈھک کی سی چال چلے اور پھر پیشاب سفید مگر سرخی لیے چکنا ہو اور پاخانہ بھی سرخی لیے ہو اور آنکھیں مینڈک کے رنگ کے مانند ہوں - منھ میٹھا یا کڑوا رہے زبان سرخی لیے سفید ہو جس شخص کی یہ علامتیں ہوں اسکو بلغم صفراوی بخار جاننا چاہیئے - یہ علامتیں ترجھا سکر میں لکھی ہیں -

بلغم صفراوی بخار کا علاج] اس بخار والے کو چودہ فاقے دے اور اشٹا ونشکھ پانی پلاوے - اور گلو - سرخ چندن - سونٹھ - نیتر بالا - دارہلدی - ان ادویات کو برابر لے کر چھدام بھر کا کاڑھا دس روز تک دے تو یہ بیماری دور ہو - یا نیم کی چھال - سرخ چندن - پدماک - گلو - کشنیز - ان دوائیوں کا کاڑھا کر دس روز دے تو یہ بخار - سوزش - پیاس - قے سب دور ہوں - یا گلو - اندرجو - نیم کی چھال - پٹول - کٹکی - سونٹھ - سفید چندن - ناگرموتھا - پیپل - ان سب کو برابر لے خوب باریک پیس کر بقدر چار ماشہ آٹھویں حصہ پانی کے ساتھ دے تو بخار - سانس - گرمی - چھاتی کا درد - تنفر - کھانسی - وغیرہ بیماریوں کو یہ چورن دور کرے - یا گلو - دونوں کٹیلی - پیپل - دارہلدی - پیپل - اڑوسہ - پٹول - نیم کی چھال - چرائتہ - ان سب چیزوں کو برابر لیکر چھٹے اور چھدام بھر کا کاڑھا دونوں وقت دس روز تک دے تو صفراوی بلغمی بخار دور ہو - یا داکھ - مغز املتاس - کشنیز - کٹکی - ناگرموتھا - پیپلا مول - سونٹھ - پیپل - ان سب کو برابر لے کر گیارہ روز تک کاڑھا دے تو دو شک - بیہوشی - تنفر - قے - صفرا - بلغمی بخار ان عارضوں کو دور کرے - یا شنگرف کا نکالا ہوا پارہ

پانچ درم صاف کی ہوئی گندھک پانچ درم - فلفل سیاہ پانچ درم - سہاگہ مصفا پانچ درم - ان سبکو باریک پیس کر ادرک کے رس کی سات پٹ دے پھر پان کے رس مین سات پٹ دے پھر چار چار رتی کی گولیان باندھے ایک ایک گولی ہر روز دونون وقت سات روز تک کھاوے تو صفرا بلغمی بخار دور ہو -

سنپات یعنی تینون خلطون کے فساد کے بخار کی پیدایش اور علاج

جو شخص بہت مرغن اور کھٹا اور زیادہ گرم چرپرا - میٹھا - روکھا کھاوے اور طبیعت کے خلاف چیز کھاوے یا زیادہ کھانا کھاوے یا بُرا پانی پیے اور غصہ ڈر اور بیمار عورت کے ساتھ جماع کرے اور بُرا اور کچا گوشت کھاوے اور سردی اور گرمی اور موسم ستارہ اُنکے خلاف ہونے سے آدمی کو سنپات کی بیماری پیدا ہوتی ہے -

سنپات کی علامتین | اتفاق سے کبھی گرمی اور کبھی سردی لگے مزاج بدل جاوے اور حواس خمسہ اپنے اپنے کام کو چھوڑ دین بدن کی ہڈیان اور عضو اور پیشانی مین زیادہ درد ہو اور آنکھون سے پانی آوے اور سیاہ اور سُرخ ہو جاوین کانون مین آواز اور درد ہو گلے مین کانٹے پڑ جاوین اور غنودگی - غفلت - سانس - کھانسی - نفرت و شک - یہ بھی ہون اور زبان سیاہ اور کھرکھری ہو کر تتھڑا جاوے اور خون ملا ہوا بلغم تھوکے دن مین سووے رات مین جاگے اور پسینا بہت آوے یا نہ آوے اور یکبارگی گاوے ناچے ہنسے رو دے سر دھنے پیاس بہت لگے چھاتی مین درد رہے پاخانہ اور پیشاب نہ اترے اور اگر آوے تو کم آوے بدن دبلا پڑ جاوے گلے مین بلغم بولے اور گونگا ہو جاوے اور لب وغیرہ اعضا پک جاوین اور پیٹ بھاری ہو اور نبض آہستہ سست اور بہت کم اور ٹوٹی سی ہو اور پیشاب ہلدی کے رنگ کا اور سیاہ پانون کے مانند اور پاخانہ سیاہ سفیدی لیے ہو یا سور کے گوشت کے مانند ہو اتنی علامتین جس مین ہون اُسکے سنپات کا بخار کہنا چاہیے - جو بید دوا رس اور جنتر منتر کرکے سنپات بخار کو دور کرے اُس بید سے دولت وغیرہ بھی بیار ادا نہین ہوتا -

سنپات کے بخار کا علاج | سنپات بخار والے اردھاوشیش اچھے کنوین کے پانی مین ایک درم سونٹھ ڈالکر دن کا اوٹا دن مین اور رات کا اوٹا رات مین پلاوے اور ہوشیار آدمی

پاس رہے اور جہان ہوا نہو وہان رکھے اور سر دوا کبھی نہ کرے اور شیو وغیرہ کی پوجا اور منتر جپ وغیرہ اور دان وغیرہ کرے یا سات دن پیچھے کا پھل پیپلا مول - اندرجو - بھارنگی - سونٹھ - چرائتہ - فلفل سیاہ - پیپل - کاکڑا سنگی - پوہکر مول - راسنا - دونون کٹیلی - اجمود - بال چھڑ - نیچ - پاڑہ - چب - ان سب چیزون کو برابر لیکر کچلکر دو درم کا کاڑھا دونون وقت دے تو سنپات اور غفلت اور زیادہ پسینا - شیتانگ - اور پانکل پن - اور پیٹ کا درد - اپھار - بادی اور بلغم کی بیماریان اور سوار وگ - ان سب بیماریون کو یہ جوشاندہ دور کرتا ہے - یا آک کی جڑ - جواسہ - چرائتہ - دیودار - راسنا - نرگنڈی - نیچ - ارنی - سہجنہ - پیپل - پیپلا مول - چب - چترک - سونٹھ - اتیس - جل بھانگرہ - ان سب کو برابر لیکر کچلکر دو درم بھر کا کاڑھا دونون وقت دے تو بہا سنپات کا بخار دور ہو اور جبڑا بند ہوگیا ہو تو اس کو اور سوا کے عارضے اور سانس کھانسی اور زیادہ کے مرضونکو یہ کاڑھا دور کرتا ہے - یہ علاج لولب راج مین لکھا ہے جو سنپات مین زبان کند ہوگئی ہو تو بجورے کی کیسر مین سیندھا نمک اور فلفل سیاہ ملاکر ملے تو زبان کا کند ہونا دور ہو یا جس سنپات مین ہوش جاتا رہے اسکی دوا یہ ہے - نیچ - بہوا - سیندھا نمک - مرچ - پیپل - یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر گرم پانی مین ناس دے تو ہوش آجاوے -

سنپات کے دور کرنے کی ناس] پارہ مصفا پانچ درم - گندھک مصفا پانچ درم - ان دونون کو کھرل مین باریک پیسے - پھر دونون کے برابر سونٹھ - کالی مرچ - پیپل باریک پیسکر ان پانچون کو ملاکر دھتورے کے پھل کے رس کے تین پٹ دیکر ایک روز کھرل کرے اس کا نام ادمت رس ہے اسکی ناس دے تو سنپات دور ہو -

سنپات دور کرنے کا انجن] جمال گوٹے کی گری دس درم - فلفل سیاہ ایک درم - پیپلا مول ایک درم - ان تینون کو جبیری لیمو کے رس مین سات روز تک کھرل کرے پھر اس کا انجن دے تو سنپات دور ہو - یا پارہ - گندھک مصفا - فلفل سیاہ - پیپل یہ سب برابر لے اور ان چارون کا چوتھا حصہ جمالگوٹے لے کر کھرل مین پارہ اور گندھک کو خوب باریک پیسے پھر ان دونون کو ملاکر سبکو جبیری لیمو کے رس مین آٹھ روز تک کھرل کرے پھر اس کا انجن دے تو سنپات دور ہو اس کا نام بھیرو انجن ہے - یہ بید رہس مین لکھا ہے

یا مرچ کے بیج پیپل فلفل سیاہ ۔ سیندھا نمک ۔ لہسن ۔ مینسل ۔ بچ ۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر گائے کے پیشاب میں ایک روز تک کھرل کرے پھر اسکو انجن کرے تو سنپات دور ہو۔

سنپات دور ہونے کا پنچ بکتر رس] شنگرف کا نکالا ہوا پارہ پانچ درم ۔ صاف کی ہوئی گندھک پانچ درم سنگی مہرا مصفا پانچ درم ۔ سہاگہ مصفا پانچ درم ۔ پیپل پانچ درم فلفل سیاہ پانچ درم ۔ پارہ اور گندھک کو پیسکر پھر ان سب کو ملا کر دھتورے کے بیج کے تیل میں چار گھڑی کھرل کرکے ایک رتی کے اندازہ کی گولی باندھے اور ایک گولی ادرک کے رس میں دے تو سنپات جاوے اور اُسکے اوپر دہی اور چانول غذا کھلاوے یہ دوا بیدرہس میں لکھی ہے ۔

سنپات دور ہونے کا سوچھند بھیرو رس] شنگرف کا نکالا ہوا پارہ پانچ درم گندھک مصفا پانچ درم ۔ سنگی مہرا مصفا پانچ درم اور جاپھل دو درم ۔ پیپل دس درم ۔ پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سب دواؤں کو اس میں ملاکر ادرک کے رس میں ایک دن تک کھرل کرے پھر ایک رتی کے برابر دے تو بخار سنپات کا اور سردی کا بخار ۔ ہیضہ ۔ کھجور بدہضمی پیشانی کا عارضہ ان سب کو یہ رس دور کرتا ہے یہ بیدرہس میں لکھا ہے ۔

سنپات میں سردی پیدا ہو اُس کا اوبٹن] فلفل سیاہ ۔ پیپل ۔ سونٹھ ۔ پوست بلیلہ پٹھانی لودھ ۔ پوکر مول ۔ چرائتہ ۔ کٹکی ۔ کوٹ ۔ کچور ۔ اندرجو ۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر مالش کرے تو پسینا اور شیتانگ کو دور کرے ۔ یا پارہ پانچ درم اور سنگی مہرا مصفا پانچ درم فلفل سیاہ دس درم ۔ دھتورے کے پھل کی راکھ چالیس درم ۔ ان سب کو باریک پیسکر بدن میں ملے تو پسینا شیتانگ سنپات دور ہو ۔

مہا سنپات دور کرنے کا علاج] پارہ اور سنگی مہرہ مصفا فلفل سیاہ ۔ تیلا تھوتھا نوسادر ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر دھتورے اور لہسن کے رس میں روئی کرے اور وہ روئی حجامت بنوا کر بیمار کے سر پر ایک پہر تک رکھے جب بدن گرم ہو جاوے اور ہوش آجاوے تو شخص زندہ رہے اور جسکے بخار ہو اور ہوش نہ ہو تو وہ شخص ضرور مرے یا لہسن رائی بچ سہجنہ ان سب کو گائے کے پیشاب میں باریک پیسکر روئی کرے وہ روئی دو پہر تک حجامت بنوا کر سر پر رکھے ۔ جو ہوش میں آجاوے اور بدن میں گرمی آجاوے تو وہ زندہ رہے ۔ یہ تدبیر

بید ینو دمین لکھی ہے۔

سنپات دور ہونے کا علاج بڑے خوفناک سنپات والے کو بچھو سے کٹواوے تو سنپات دور ہو اور سنپات والے کو سانپ سے بھی کٹانا لکھا ہے مگر عموماً خلاف ہے اس لیے یہ علاج نکرے یا سنپات والے کو لوہے کی تیغ بہت گرم کر کے اُسکے تلوے اور ابرو اور پیشانی کے بیچ مین داغ دے تو سنپات جاوے یہ بید ینو د مین لکھا ہے اور نشتر خنجر وغیرہ سے بھی سنپات دور ہوتا ہے اور سشرت۔ چرک۔ باگبھٹ کی راے سے تو سنپات ایک ہی قسم کا ہے مگر اور رکھیون کی راے سے باون طرح کا ہے اُن مین تیرہ قسمین خاص ہین اُن کا علیحدہ علیحدہ نام اور علامتین و علاج لکھتے ہین۔

تیرہ سنپات کے نام

سندھک[۱]	انتک[۲]	رگدہ[۳]	چت بھرم[۴]	شیتانگ[۵]	تندرک[۶]	
کنٹھ کبج[۷]	کرنک[۸]	بھگن نیتر[۹]	رکتشٹھیوی[۱۰]	پرلاپ[۱۱]	جہوک[۱۲]	ابھینیاس[۱۳]

اب انکے رہنے کی حد کہتے ہین۔ سندھک۔ سات دن رہے۔ انتک دس روز۔ رگدا بیس روز چت بھرم گیارہ روز۔ شیتانگ پندرہ روز۔ تندرک پچیس روز۔ کنٹھ کبج تیرہ روز۔ کرنک تیس روز بھگن نیتر آٹھ روز۔ رکتشٹھیوی دس روز۔ پرلاپ چودہ روز۔ جہوک سولہ روز۔ ابھینیاس پندرہ روز مگران مین جو کچھ فساد اُٹھ آوے تو آدمی فوراً مرجاوے اور سنپات کے بخار والے کا سرد علاج کبھی نکرے اور دن مین سونے نہ دے اور لوٹا کر جب نصف حصہ رہے تو پانی پلاوے اور ایسا علاج کرے جس مین آنون اور بلغم کم ہو جاوے اور سنپات کے موافق فاقے کراوے۔

سندھک سنپات کی علامتین بدن کے ہر ایک عضو مین درد اور سوجن ہو۔ پیٹ مین بھاری پن بدن کے عضو کمزور پڑجاوین اور طاقت جاتی رہے۔ باد اور بلغم کے فساد زیادہ ہون اور نیند نہ آوے یہ علامتین سندھک سنپات کی جانتی چاہئین۔

سندھک سنپات کا علاج راسنا۔ پوست املیہ۔ گلو۔ سہجنہ۔ چترک۔ لجالو۔ سونٹھ۔ دیودار۔ کلنگی۔ کچور۔ اڑوسہ۔ باسے ٹرنگ۔ سال پرنی۔ پرشٹ پرنی۔ دونون کٹیلی۔ مغز بیل۔ ارنی ارلو۔ کھمبھار۔ پاڑہ۔ پیپل۔ یہ سب برابر سے کر اور کچل کر دو درم کا کاڑھا کر دونون وقت دے تو سندھک سنپات دور ہو۔

انتک سنپات کی علامتیں] بدن میں جلن۔ اور رعشہ اور درد سر ہو۔ کھانسی اور ہچکی آوے۔ بہت بکے۔ ہوش نہ رہے۔ اور دم چڑھ جاوے یہ علامتیں جس میں ہوں اُسکو انتک سنپات کہنا چاہیئے اور اُسکی دوا اور علاج نہیں ہے اس عارضے والا شخص زندہ نہیں رہتا۔

رگداہ سنپات کی علامتیں] بدن میں جلن۔ طبیعت نہایت اُلجھی اور دق رہے۔ پیٹ میں درد ہو۔ پیاس زیادہ لگے یہ علامتیں جس میں ہوں اُسکے رگداہ سنپات جاننا چاہیئے یہ بھی لا علاج ہے۔

علاج] پوست ہلیلہ۔ پت پاپڑہ۔ نیم کی چھال۔ کٹکی۔ دیودار۔ مغز املتاس۔ منقا۔ ناگرموتھا۔ یہ سب برابر لیکر کچلکر دو درم کا جوشاندہ دونوں وقت پندرہ روز تک دیوے تو رگداہ سنپات جاوے

چت بھرم سنپات کی علامتیں] شک مد۔ گرمی۔ غفلت۔ سانس۔ جس میں یہ ہوں اور بیمار کی پاگلوں کی سی آنکھیں ہو جاویں اور ہنسنے گاوے۔ ناچے یہ علامتیں جس میں ہوں اُسکو چت بھرم سنپات جاننا چاہیئے۔

چت بھرم سنپات کا علاج] براہمی۔ بچ۔ بجاوہ۔ ترپھلا۔ کٹکی۔ کھریٹی۔ مغز املتاس۔ نیم کی چھال۔ ناگرموتھا۔ کڑوی توری کی جڑ۔ منقا۔ داکھ۔ سال پرنی۔ دونوں کٹیلی۔ گوکھرو۔ بیل گری۔ ارنی۔ ارلو۔ کھار پاڑہ۔ یہ سب برابر لیکر کچل کر دو درم کا جوشاندہ دے دونوں وقت گیارہ روز تک تو چت بھرم سنپات دور ہو۔

شیتانگ سنپات کی علامتیں اور علاج] سب بدن ٹھنڈا اور لاسا ہو جاوے اور کانپے اور ہچکی آوے عضو کمزور ہو جاویں اور سانس۔ کھانسی اور قے ہو۔ منہ سے لعاب گرے یہ علامتیں ہوں اُسکو شیتانگ سنپات جاننا چاہیئے۔ یہ بھی بہت لا علاج ہے۔ اس سنپات والا بیمار زندہ نہیں رہتا تو بھی یہ علاج لکھتے ہیں۔ اس سنپات والے کو بچھو سے کٹاوے اور سنگی مہرہ مصفا تیل میں ملاکر اچھی طرح ملے اور سنگی مہرہ مصفا۔ لہسن۔ رائی۔ انکو گاے کے پیشاب سے پیسکر روٹی کرکے بیمار کی حجامت کراکے اُسکے سر پر رکھے جبتک بدن گرم نہ ہو تب تک روٹی سر پر رکھے جو گرمی نہ آوے تو بیمار مر جاوے۔ اب اُس کا اوشد لکھتے ہیں۔ پارہ پانچ درم اور سنگی مہرہ مصفا پانچ درم۔ فلفل سیاہ پانچ درم۔ دھتورے کے

پھل کی راکھ ۴۰ درم ان کو باریک پیس کر بدن مین ملے تو شیتانگ سنپات دور ہو۔
تندرک سنپات کی علامتین] بیہوشی ہو۔ بخار کا زور ہو۔ اور پیاس زیادہ لگے زبان کالی اور کھردری ہو۔ سانس وا تیسار۔ جلن۔ کان مین درد یہ علامتین جس مین ہون اُس کے تندرک سنپات جانو۔
تندرک سنپات کا عـلاج] بھارنگی۔ ناگرموتھا۔ گلو۔ کٹیلی۔ پوست ہلیلہ پوہکر مول۔ ان کو برابر لے اور کچل کر دو درم کا کاڑھا پندرہ دن تک دے تو تندرک سنپات دور ہو۔
کنٹھ کبج سنپات کی علامتین] سر مین درد ہو۔ جلن۔ داڑھ مین درد ہو۔ بدن بہت گرم رہے۔ بیہوشی ہو۔ گلا رُکے اور پک جائے۔ بات سے بدن مین درد ہو اور تپے۔ یہ علامتین جس مین ہون اُس کے کنٹھ کبج سنپات کہنا چاہیئے۔
کنٹھ کبج کا علاج] کاکڑا سنگی۔ چترک۔ پوست ہلیلہ۔ اڑوسہ۔ کچور۔ چرائتہ۔ بھارنگی اور دار ہلدی اور کٹیا۔ پوہکر مول۔ ناگرموتھا۔ کُڑا کی چھال۔ اندرجو۔ کٹکی۔ فلفل سیاہ۔ ان سبکو برابر لے کر کچلکر دو درم کا کاڑھا دونون وقت آٹھ دن تک دے تو کنٹھ کبج سنپات جاوے۔
کرنک سنپات کی علامتین] گلے مین درد اور بدن مین تکلیف ہو اور نہایت گرم رہے۔ کھانسی۔ سانس۔ اور کانون کی جڑ مین سوجن اور بہت درد ہو۔ یہ علامتین جس مین ہون اُس مین کرنک سنپات جاننا چاہیئے۔
کرنک سنپات کا علاج] راسنا۔ اسگندھ۔ ناگرموتھا۔ دونون کٹیلی۔ بھارنگی۔ کاکڑا سنگی۔ پوست ہلیلہ۔ بچ۔ پوہکر مول۔ کٹکی۔ ان سبکو برابر لے اور کچل کر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت بیس روز تک دے تو کرنک سنپات جاوے۔
کرنک سنپات کا دوسرا علاج] ہلدی۔ ہنگن بیٹ کی جڑ۔ کوٹ۔ سہجنہ کی جڑ۔ سیندھا نمک دار ہلدی۔ دیودار۔ اور اندرائن کی جڑ ان دواؤن کو برابر لیکر اور کچلکر آک کے دودھ مین باریک پیسکے گولی کرے اور کرن مول پر ٹھنڈا لیپ کرے تو کرن مول بیٹھ جاوے اور کرن مول کی بیماری جاوے یا کرن مول کے اُٹھتے ہی جونک لگاوے اور موافق سے

خون نکلواوے تو کرن مول ضرور اچھا ہو۔

بھگن نیتر سنپات کی علامتین] جس بیمار کو یاد جاتی رہے۔ بخار کا زور ہو اور آنکھین بانکی ترچھی اور باحرکت ہون اور بدن کانپتا ہو بکنے لگے یہ سب علامتین جس مین ہون اسکو بھگن نیتر سنپات جاننا چاہیئے یہ بھی لاعلاج ہے۔

بھگن نیتر سنپات کا علاج] دار ہلدی۔ پٹول کے پتے۔ ناگر موتھا۔ کٹیل۔ کٹکی۔ ہلدی۔ نیم کی چھال۔ ترپھلا۔ ان سب کو برابر لیکر تین درم کا کاڑھا دونون وقت پندرہ روز تک دے تو بھگن نیتر سنپات دور ہو۔

رکتشٹھیوی سنپات کی علامتین] خون تھوکے۔ پیاس زیادہ لگے۔ غفلت۔ سانس۔ پیٹ مین درد۔ شک۔ قے۔ اپھارہ یہ علامتین جس مین ہون اسکو رکتشٹھیوی سنپات جاننا چاہیئے یہ بہت ہی لاعلاج ہے۔

رکتشٹھیوی سنپات کا علاج] ناگر موتھا۔ پداکھ۔ پت پاپڑہ۔ صندل سرخ۔ مہواتیر بالا۔ چھتا اور صندل سفید۔ بکائن کی چھال۔ ان سب کو برابر لے اور کچلکر دو درم کا کاڑھا پندرہ روز تک دے تو رکتشٹھیوی سنپات جاوے۔ یا دوب کا رس اور انار کے پھولون کے رس کی ناس دے تو رکتشٹھیوی سنپات جاوے۔

پرلاپ سنپات کی علامتین] بدن کانپے اور بہت گرم رہے اور بکے اور جلن ہو۔ بخار کا زور زیادہ ہو۔ ہوش جاتے رہین۔ سب عضوون مین تکلیف ہو یہ علامتین پرلاپ سنپات کی ہین۔

پرلاپ سنپات کا علاج] ناگر موتھا۔ نیتر بالا۔ سال پرنی۔ پرشٹ پرنی۔ دونون کٹیلی۔ ابیل گری۔ ارلو۔ کھمبار۔ پاڑہ۔ سونٹھ۔ پت پاپڑہ۔ سفید چندن۔ اڑوسہ۔ ان سب کو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑھا دونون وقت دس روز تک دے تو پرلاپ سنپات جاوے۔

جھوک سنپات کی علامتین] سانس۔ تاپ اور کھانسی ہو۔ زبان ٹھہر جاوے اور کانٹے بھی پڑ جاوین گونگا اور بہرا ہو جاوے طاقت جاتی رہے۔ یہ علامتین جسکے ہون اسکے جھوک سنپات جانو یہ بیمار بہت وقت سے شفا پاوے۔

جھوک سنپات کا علاج] خراسانی بچ۔ کٹیلی۔ جواسا۔ راسنا۔ گلو۔ ناگر موتھا۔ سونٹھ۔ کٹکی۔ کاکڑا سنگی۔ پوہکر مول۔ برہمی۔ بھارنگی۔ نیم کی چھال۔ اڑوسہ۔ کچور۔ یہ سب برابر لیکر اور کچلکر دو درم کا کاڑھا دس دن تک دے تو جھوک سنپات جاوے۔

ابھنیاس سنپات کی علامتیں] نیند نہ آوے۔ سانس بہت جلد چلے۔ بدن کانپے جوش جاتا رہے۔ گھون گھون بولے۔ کاٹھ کی طرح جڑ ہو جاوے۔ یہ علامتیں ابھنیاس سنپات کی ہیں۔ یہ بالکل ہی لاعلاج ہے اور موت کے برابر ہے۔

ابھنیاس سنپات کا علاج] بھارنگی۔ راسنا۔ پردل کے پتے۔ دیودار۔ ہلدی۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ اڑوسہ۔ اندرائن کی جڑ۔ چرائتہ۔ نیم کی چھال۔ نیتر بالا۔ کٹکی۔ بچ۔ پاڑہ۔ سونا پاٹھہ۔ دار ہلدی۔ کٹیلی۔ گلو۔ نسوت۔ جھاؤ کی جڑ۔ پوہکر مول۔ ترپھلا۔ ناگر موتھا۔ جواسہ۔ اندر جو۔ سفید کتھا۔ کچور۔ ان سب کو برابر لے جوکوٹ کر دو درم کا کاڑھا سترہ روز تک دے تو ابھنیاس سنپات دور ہو۔

سرب سنپات دور کرنیکا انجن] لہسن۔ پیپل۔ سیاہ مرچ۔ بچ۔ ارلوسے کے بیج۔ سیندھا نمک۔ ان سب کو برابر لے اور گائے کے پیشاب میں باریک پیسکر آنکھوں میں انجن کرے تو سرب سنپات دور ہو۔

سرب سنپات دور کرنیکا ناس] فلفل سیاہ۔ مہوا۔ سیندھا نمک۔ چترک۔ کائپھل۔ پیپل۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر گرم پانی میں ناس دے تو سرب سنپات دور ہوں۔

آٹھوں بخاروں کے دور کرنے کا چنتامن رس] شنگرف کا نکالا ہوا پارہ۔ گندھک مصفا۔ ابرق۔ تامیشر۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ۔ جمال گوٹہ مصفا۔ ان سب کو برابر لے دانگھل کے پتوں کے رس میں کھرل کر دو پہر تک دھوپ میں سکھا کر ایک رتی کی گولی دے تو آٹھوں بخار دور ہوں۔ اور درد شکم ضعف معدہ آم بات۔ یہ سب دور ہوں۔ یہ بید رہس اور بید جود میں لکھا ہے۔

مرت سنجیونی گٹکا] شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۲ درم۔ گندھک مصفا ۳ درم۔ تامیشر ۳ درم۔ سہاگہ مصفا ۲ درم۔ سنگی مہرہ مصفا ایک درم۔ فلفل سیاہ ۴ درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے بعد

کو یہ سب دوا ملا کر سب کو برہمی کے رس میں ایک پٹ دے پھر دو پٹ ادرک کے رس کی دے پھر سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل ان تینوں کو اوٹا کر ایک پٹ دے پھر چیترک کی ایک پٹ دے پھر ایک ایک رتی کے اندازہ کی گولی باندھے اور ایک گولی ادرک کے رس میں دے تو سنپات اور بیہوشی کو دفع کرے اور یہ رس مردہ کو زندہ کرتا ہے اور آم بات۔ بادشول۔ سیاہ داغ۔ بھجم چور۔ ضعف معدہ۔ سنپات ان سب کو بھی یہ مرت سنجیونی گٹکا دور کرتا ہے۔ یہ رس منجری میں لکھا ہے۔

کالانل رس] پارہ مصفا ۱۲ ماشہ۔ گندھک مصفا ۲۰ ماشہ۔ سنگی مہرہ مصفا ۱۰ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ ماشہ۔ پیپل ۴۰ ماشہ۔ لونگ ۱۶ ماشہ۔ دھتورے کے بیج ۳۰ ماشہ۔ سہاگہ مصفا ۲۰ ماشہ۔ جا پھل ۲۰ ماشہ۔ عاقرقرحا ۱۲ ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اُس میں یہ سب چیزیں باریک پیس کر ملا دے پھر تین روز ادرک کے رس میں کھرل کرے پھر تین روز لیموں کے رس میں کھرل کرے۔ پھر تین روز کیلہ کے رس میں کھرل کرے سب کے بعد ایک رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی کھلائے تو باد اور سنپات کی بیماریاں رفع ہوں یہ رس جوگ چنتامن میں لکھا ہے

ترپور بھیرو رس] زنجبیل ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ تیلیا مصفا اور سہاگہ ۳ پیسہ بھر۔ سنگی مہرہ مصفا ا پیسہ بھر ان سب کو باریک پیس کر تین دن لیموں کے رس میں اور پانچ روز ادرک کے رس میں اور پھر پان کے رس میں تین روز کھرل کرکے ایک رتی کی گولی باندھے اور ایک گولی ادرک کے رس میں دے تو سنپات دور ہو۔

سنگیا کرن یعنی ہوش درست کرنے والا رس] سنگی مہرہ مصفا۔ سیندھا نمک۔ فلفل سیاہ۔ رودراچھ۔ کٹیلی کا پھل۔ مہوا۔ سمندر پھین۔ یہ سب برابر لے باریک پیس کر آک کے کھار کی تین پُٹ دے۔ پھر ایک دو یا تین رتی کان میں یا ناک میں رکھ کر پھونک دے تو ہوش آجائے اور سنپات دور ہو۔

برہم آستر رس] پارہ کی راکھ ۳ درم۔ گندھک مصفا ۳ درم۔ ان دونوں کے برابر سنگی مہرہ مصفا اور ان کے برابر فلفل سیاہ لے سب کو ملا کر ہاری کے چھلکے اور چوالائی جنسی کے رس میں اور ادرک کے رس میں اکیس پٹ دے کر یہ رس تیار کرے پھر ایک رتی کے اندازہ کے برابر دے تو سنپات دور ہو۔

آگنتک بخار کی پیدایش اور علامتیں

کسی ہتھیار کی ضرب یا آسیب کے زور اور زہر وغیرہ کے کھانے سے اور باطنی تکلیف یا فکر اور راجہ اور گرد اور والدین کے ناراض ہونے سے اور شہوت۔ غصہ۔ دکھ۔ خوف۔ محبت۔ بغض۔ ان سب سے جو بخار پیدا ہو اُس کو آگنتک بخار کہتے ہیں۔

ہتھیار وغیرہ کے لگنے سے بخار کی پیدایش کی علامتیں

ہتھیار وغیرہ کے لگنے سے جو درد ہوتا ہے اُس سے باد کا زور ہوتا ہے وہ خون کو بگاڑتا ہے پھر اُس کے درد اور سوجن ہو اور بدن کا رنگ اور ہی ہو جاتا ہے۔ پھر وہ باد بدن میں بخار کی صورت پیدا کرتا ہے۔

ہتھیار وغیرہ کے لگنے سے بخار کا علاج اس بخار والے کو لنگھن نہ کرا دے کسیلی اور گرم چیز نہ دے اور میٹھی اور چکنی چیز یا آب گوشت کھلا دے بلکہ سینک اور پٹی بندھوا دے اور مناسب علاج کرے۔

آسیب کے لگنے سے پیدا ہوئے بخار کی علامتیں

کہیں دل نہ لگے اور کبھی روئے کبھی ہنسے کبھی کانپے دل ٹھکانے نہ رہے اُسکو آسیب لگا جانو۔

آسیب کے لگنے کا علاج جس کے بھوت وغیرہ آسیب لگا ہو اُس کو باندھ اور مار پیٹ کر کے منتر جنتر اور تنتر کرے اور ناس دے۔

بھوت کے جھاڑنے کا منتر اوم نمو اوم ہرانگ ہرنیگ ہرونگ۔ نمو بھوت: ناگ سست بھُون بھوتان سادھے سادھے ہنگ پھٹ سواہا یہ منتر پڑھکر مور پنکھ سے جھاڑ دے تو بھوت وغیرہ بھاگ جاویں۔

دوسرا منتر اوم نمو نارسنگھائی ہرنیہ کشیپ بکش ستھل بدارنائی ترھُون بیاپکا سے بھوت پریت پشاچ شاکنی کیلو نمولنا سے استمبھو دبھو سمست دو کھان ہن ہن سر سر چل چل کمپ کمپ متھ متھ ہنگ پھٹ ٹھہ ٹھہ مہارودر جیت سواہا اس نرسنگھ رچا منتر کو پڑھکر مور پنکھ سے جھاڑ دے تو بھوت وغیرہ نہیں رہیں۔

بھوت وغیرہ کے بکڑانے کا منتر اوم نمو بھگوتے بھومیشرائے کیل کل تروائے

رودرد منتر اکرال کبترا ئے ترین بھوکھاتے دھگ دھگت لپنگ للاٹ نیترا ئے تیتر کوپا ملایا مت تنجبے پاش شول کھٹوانگ ڈمرک دھنور بان مدگر بھوپ ونڈترا س مدرابھگیو دس رونڈ منڈ ما ئے کپیل جٹا جوٹ کوٹا ردھ چند دھارنے بھسم رنگ رنجت بگر ہاسے اوگر کھن پت گھٹا ٹوپ منڈت کنٹھ دیناسے جے جے بھوت ڈامرس آتم روپم وروشٹے ورشٹے تریتہ تریتہ سر سر چل چل پاشین بندہ بندہ ہنکارین تراسے تراسے بجر ونڈین ہن ہن نشٹ کھڑگین چھندہ چھندہ سولاگرین بھندھ بھندھ مدگرین چورنے چورنے سرب گرہانام آویشے آویشے۔ اس منتر سے روغن مادہ گاؤ مین گوگل ملا بہت سی دھوپ دسے اور یہی منتر ماش کے دانون پر پڑھ کر اس کو مارسے تو وہ آدمی ضرور بکر کر جیسا ہو ویسا کہے پھر اسی منتر سے لکھ کر نیم کی پتی اور سانپ کی کینچلی ملاکر دھوپ دوسے۔

بھوت کے اتارنے کا انجن اور ناس] انگوزہ اور لہسن کو پانی مین پیس کر ناس دسے یا انجن کرسے تو بھوت وغیرہ آسیب دور ہون یہ منتر و بچار مین لکھا ہے۔

بھوت وغیرہ اتارنے کا منتر] تلسی کے پتے آٹھ عدد۔ فلفل سیاہ آٹھ عدد۔ بیخ سہدیئی اتوار کو پاک و صاف ہو کر لے آوسے ان تینون کو ملا کر گلے مین باندھے تو بھوت وغیرہ جاوین۔

غصے سے بخار پیدا ہو اس کی علامتین

بدن کانپے درد سر رہے اور اس سے صفراوی بخار کی علامتین ملین اسکو غصہ کا بخار جانو۔

غصے کے بخار کا علاج] عمدہ اور دلچسپ باتون سے دل بہلا کر طبع دلاوسے تو یہ بخار دور ہو۔

مانسی بخار یعنی فکر سے پیدا ہوئے بخار کی پیدائش اور علامتین

محبوب۔ دوست۔ عورت۔ لڑکا اور دولت وغیرہ جس کے ضائع ہو گئے ہون یا اُس پر کسی حاکم یا بزرگون نے غصہ کیا ہو اُس کے اتیسار یعنی اسہال اور سب چیزون سے نفرت مدہوشی ہو اور آنسو بہین۔ یہ علامتین مانسی بخار کی جانو۔

مانسی بخار کا علاج] اس بخار والے کی ہوشیاری اور اطمینان رکھنا مناسب ہے اور شیرینی اور طرح طرح کے لذت دار اور خاطر پسند کھانا کھاوسے تو یہ بخار دور ہو۔

شہوت کے زور سے پیدا ہوئے بخار کی علامتین

جس کے یہ بخار ہو اُس کی طبیعت کسی چیز کی طرف مائل نہو اور دل مین جلن ہو اور شرم و عقل وغیرہ یہ سب جاتی رہین چھاتی مین درد ہو اور ہر دم جماع کرنے کی خواہش رہے بیدم ہو جاوے یہ علامتین جس مین ہون اُسکو شہوت کا بخار جاننا چاہیئے۔

شہوت کے بخار کا علاج] نہایت خوبصورت اور نازنین باہمہ صفت موصوف نوجوان سولہ برس کی عورت سے بخوبی تمام جماع کرے تو شہوت کا بخار دور ہو۔

عورت کے شہوت کا بخار ہو اس کی علامتین

بیہوشی اور سب بدن مین مروڑے ہون۔ پیاس لگے۔ آنکھین بہت حرکت کرین اور اُس کے دل مین سانس کی خواہش رہے۔ پسینہ آوے اور چھاتی مین جلن ہو اور کسی چیز کی اشتہا نہو شرم نیند وغیرہ جاتی رہے۔ جس عورت کے یہ علامتین ہون اُسکے شہوت کا بخار جاننا چاہیئے۔

عورت کے شہوت کے بخار کا علاج] جس عورت کے شہوت کا بخار ہو وہ بخوبی تمام سنگار کرکے اپنے خاوند سے جماع کرے تو بخار دور ہو۔

خوف سے پیدا ہوئے بخار کی علامتین

اس بخار والا بہت بکے تفکر ہو اور عقل ٹھکانے نہ رہے۔ یہ علامتین جسمین ہون اُسکے خوف کا بخار جانو۔

خوف کے بخار کا علاج] خوشی کے کلام کہہ کہکر اُسکے خوف کو دفع کرے تو یہ بخار دور ہو۔

بخم بخار کی علامتین

جس شخص کے بخار آنے کے بعد کسی طرح کی بدپرہیزی سے رس دھات کو چھوڑ خون مین پہونچکر صفرا بلغم بخم بخار کو کرتے ہین اور بنا بخار آئے بغیر بھی جس شخص کو بخار ہو کر سردی اور جلن ہو آوے اور پیاس جلن کا ٹھیک نہ رہے کسی وقت آجاوے اُس کو بخم بخار کہتے ہین اور وہ بخار چار قسم کا ہے ایک سنتت جو ہر روز آوے اور دوسرا وہ جو ایک روز بیچ دیکر آوے تیسرا بخار جو تیسرے روز آوے چوتھا بخار جو چوتھے روز آوے اور اس بخار کی قسمین تو بہت ہین مگر خاص چار ہی ہین وہ لکھی ہین۔

بخم بخار کا علاج] اس بخار والے کو سونٹھ یا سونٹھ کی دال کا پانی دینا چاہیئے اور

اوٹا ہوا پانی پلاوے اور بیرول کے پتے - پوست ہلیلہ - پوست نیم - اندرجو - گلو - جواسہ - ان دواؤن کو برابر لیکر اور کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن دے تو سنتت بخار دفع ہو -

اور سردی کے بخار والے کو بہت چھدرا دکا جوشاندہ دے تو سردی کا بخار جاوے دو لکھتے ہین - کٹیلی - کشنیز - سونٹھ - گلو - ناگرموتھا - پدماک - سُرخ چندن - چرائتہ - پٹول کے پتے - اڑوسہ - پوکرمول - کٹکی - اندرجو - نیم کی چھال - بھارنگی - پت پاپڑہ - ان سب کو برابر لیکے اور کچلکر دو درم کا کاڑھا دونون وقت دس روز تک دے تو شیت جور جاوے یا کھوڑس جورن سے بھی یہ عارضہ دور ہوتا ہے - وہ یہ ہے - چرائتہ - نیم کی چھال - کٹکی - گلو - پوست ہلیلہ - ناگرموتھا - کشنیز - اڑوسہ - سفید کٹیلی - جھٹ کٹیا - کاکڑا سنگی - سونٹھ - پت پاپڑہ - سنبتل مرچ کے پھول - پرول کے پتے - پیپل - کچور - ان سب کو برابر لے اور باریک پیسکر کپڑ چھان کر ایک درم پھر ٹھنڈے پانی سے آٹھ روز تک کھاوے تو کھم جور جاوے یا چرائتہ - کٹکی - نسوت - ناگرموتھا - پیپل - بای بڑنگ - سونٹھ - نیم کی چھال - پوست ہلیلہ ان سب کو برابر لے اور باریک پیسکر اور چورن کرکے اور گرم پانی سے سات روز تک ایک درم دے تو کھم جور دور ہو اور بھوکھ لگے یا ایکانترا تجاری وغیرہ کو جو اکس رس دور کرتا ہے وہ لکھتے ہین - سنبل کو بارہ بینگن کے پیٹ مین چودہ مرتبہ پکا کر بھرتہ کرے پھر اسکے برابر پیپل اور شنگرف لے ان تینون کی رائی کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی تین تین یا پانچ روز تک دے تو شیت جور ایکانترا تجاری ان سب کو دور کرتا ہے -

جیرن جور یعنی تپ کہنہ کی علامتین

اکیس دن کے پیچھے جس کے بدن مین تھوڑا بخار رہے اور بھوکھ جاتی رہے - بدن دُبلا ہو جاوے پیٹ مین پھیا ہو اُس کے جیرن جور کہنا چاہیئے -

جیرن جور کا علاج جیرن جور وغیرہ کو دور کرنے والے بسنت مالتی رس لکھتے ہین - ورق طلا ایک ماشہ بوکے موتی دو حصہ - شنگرف تین حصہ - فلفل سیاہ چار حصہ گاے کے پیشاب مین کھپریا مصفّا آٹھ حصہ ان سب کو کھرل مین باریک پیسکر اس کے موافق گاے کے مسکے مین کھرل کرے پھر جب تک چکنائی نہ مٹے تب تک نیبو کے رس مین کھرل

کرے۔ اس طرح اسکو تیار کر ایک رتی یا دو رتی پیپل اور شہد کے ساتھ دے تو جیرن جور جبریان
گرمی کی بیماری۔ سنگرہنی۔ موتر کرچھر۔ سانک۔ کھانسی۔ پردر۔ ان سب بیماریون کو انوپان کے
ساتھ کھانے سے دور کرتا ہے۔ یا کٹیل۔ گلو۔ سونٹھ ان تینون کا کاڑھا دس روز تک دے تو
جیرن جور جاوے یا کچور۔ پت پاپڑہ۔ سونٹھ۔ ناگر موتھہ۔ کٹکی کٹیل۔ چرائتہ۔ ان سب کو برابر لے
کچل کر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت گیارہ روز تک دے تو جیرن جور۔ بکھم جور جاوے
یہ بید نبود مین لکھا ہے۔
لاکھادی تیل) پیپل کی لاکھ ۴ چھٹانک میٹھا پانی ۴ سیر۔ چھالی لودھ ۱۰ درم ان سب کو نرم آتش
سے اوٹا کر انکا چوتھا حصہ نکالکر پھر اس رس مین گاے کا میٹھا ایک سیر میٹھا تیل ایک سیر
یا دیان دو درم۔ اسگندھ دو درم۔ ہلدی ۲ درم۔ دیودار ۲ درم۔ سیمبر ۲ درم۔ پت پاپڑہ ۲ درم کٹکی
۲ درم۔ مریہری ۲ درم۔ اور اصل السوس ۲ درم۔ ناگر موتھہ ۲ درم۔ سرخ چندن ۲ درم۔ راسنا
۲ درم۔ ان سب دواؤن کو باریک پیسکر اس تیل مین ڈال کر پیچھے سے سب کو ملا کر نرم
آنچ مین پکاوے جب پانی جل جاوے اور بس آجاوے تب اتار لے پھر اس تیل کو ملے
تو جیرن جور۔ بکھم جور۔ دونون دور ہون اور بدن مین طاقت ہو۔ یا تین پیپل سے ایک ایک
ہر روز انیس روز تک بڑھاوے اور ایک ہی ایک گھٹاوے جب پھر تین پر آجاوے تو اسکو
بردھمان پیپلی کہتے ہین۔ اس سے بھی یہ بیماریان جاوین اور پرہیز سے رہے یا بکری کے
دودھ کی چھاچھ سے جیرن جور جاتا ہے۔ یا نیم کی پتی۔ ترپھلا۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ اجمود
سیندھا نمک۔ سونچر نون۔ بڑنون۔ جواکھار۔ چترک۔ چرائتہ۔ پت پاپڑہ۔ ان سب دواؤنکو
برابر لے اور پیس کر کپڑچھان کرکے ایک درم صبح پانی سے پیے تو بکھم جور جیرن جور دور
ہون۔ یہ نمبادچورن ہے۔ یا ترپھلا۔ دار ہلدی۔ دونون کٹیلی۔ کچور۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ
پیپل۔ پیپلا مول۔ مریہری۔ گلو۔ کشنیز۔ اڑوسہ۔ کٹکی۔ سفید کتھا۔ پت پاپڑہ۔ ناگر موتھہ۔ تیر بالا۔
نیم کی چھال۔ پوکر مول۔ اصل السوس۔ اجوائن۔ اندر جو۔ بھارنگی۔ تخم سہجنہ۔ پھٹکری
تج۔ کنول گٹہ۔ پدماک چندن۔ اتیس۔ کھریٹی۔ بابے بڑنگ۔ چترک۔ دیودار۔ پیپل
کے پتے۔ چب۔ لونگ۔ بنسلوچن۔ پترج۔ ان سب چیزون کا آدھا چرائتہ لیکر باریک پیسکر

کپڑ چھان کر چھ ماشہ ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو بھم جور جیرن جور اور سب بخار دور ہوں یہ سدرشن چورن ہے یا کسی طرح اگر بھم جور جیرن جور رفع ہوتا معلوم نہو تو بیماری کے اندازے کے موافق جلاب او رقے کراوے تب بھم جور اور جیرن جور دور ہوں۔

اجیرن جور کی علامتیں] بار بار پتلا دست اور کھٹی ڈکار آوے قے کی خواہش رہے پیٹ مین درد اور اپھارا اور گڑگڑاہٹ کی آواز ہو تو اجیرن جور جاننا چاہیے۔

اجیرن جور کا علاج] اجود۔ پوست ہلیلہ۔ سونچر نمک۔ کچور۔ ان سبکو برابر لیکر خوب پیسکر ایکدرم گرم پانی کے ساتھ پیے تو یہ بیماری دفع ہو۔

چشم بد سے بخار پیدا ہو اُس کی علامتیں

جماہی بہت آوے۔ درد شکم اور ہاتھ مین اعضا شکنی ہو۔ بدن کی قوت جاتی رہے۔

چشم بد سے بخار پیدا ہو اُس کا علاج] بھنی ہوئی ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ انکو خوب باریک پیسکر گرم پانی کے ساتھ ایک درم پیے تو یہ بخار دور ہو یا زہر مہرہ وغیرہ کا پانی پلاوے تو یہ بخار دفع ہو۔

بگڑے ہوئے خون کے بخار کی علامتیں

اعضا شکنی ہو۔ منھ سے دم آوے۔ بدن کمزور اور نحیف ہو اور آنکھیں سُرخ ہو جاوین اور پیاس بیہوشی۔ اپھار۔ یہ علامتیں جس مین ہوں اُس کے خون کا بخار جاننا چاہیے۔

خون کے فساد کے بخار کا علاج] دلکھ۔ اڑوسہ۔ کٹکی۔ ہلدی۔ گلو۔ پوست ہلیلہ۔ ان سب کو برابر لیکر اور کچلکر دو درم کا جوشاندہ بناوے۔ جب ٹھنڈا ہو جاوے تب چھ ماشے شہد ملا کر سات روز تک پیے تو فساد خون کا بخار جاوے۔

مل جور یعنی مواد فاسد سے پیدا ہوے بخار کی علامتیں

منھ سوکھے۔ سوزش۔ تشنگ۔ بیہوشی۔ درد سر۔ ہچکی۔ قے۔ پیٹ مین درد یہ علامتیں جس مین ہوں اُسکے مل جور کہنا چاہیے۔

مل جور یعنی مواد فاسد سے پیدا ہوے بخار کا علاج] کٹکی۔ پیپلا مول۔ ناگر موتھ۔ پوست ہلیلہ۔ مغز املتاس۔ ان سب دواؤن کو برابر لے کر اور کچلکر دو درم کا کاڑھا دے

تو دل جو ر دور ہو۔ یہ آرگودھ چیچک ہے۔

حاملہ عورت کے بخار کا علاج] صندل سُرخ۔ دواکھ۔ سفید سرسون۔ خس۔ اصل السوس مہوا۔ کشنیز۔ نیتر بالا۔ مصری ان سب کو برابر لے کر کاڑھا کر سات روز تک پیے تو حاملہ کا بخار دور ہو۔

پرسوتکا یعنی جس کے اولاد پیدا ہوئی ہو اُس کے بخار کی علامتین

اعضا شکنی۔ بدن بھاری اور گرم رہے۔ کانپے۔ پیاس۔ سوجن۔ اتیسار۔ یہ علامتین جس عورت مین ہون اُس کے پرسوتکا بخار کہنا چاہیے۔

پرسوتکا کے بخار کا علاج] اجود۔ سفید زیرہ۔ بنسلوچن۔ کھیر سار۔ نبجے سار۔ بادیان۔ کشنیز۔ موچرس۔ ان سب کو برابر لے کر بجکر دو درم کا کاڑھا دس دن تک دے تو پرسوتکا کا بخار دور ہو یا دس مول کا کاڑھا دے تو یہ بخار دفع ہو وہ لکھتے ہین۔ سال پرنی۔ پرشت پرنی دونون کٹیلی۔ گوکھرو۔ بیل گری۔ ارنی۔ ارلو۔ کھمبار۔ پاڑہ۔ پیپل یہ سب برابر لے اور کچل کر دو درم کا کاڑھا دس دن تک دے تو یہ بخار جائے۔

لڑکے کے بخار کی پیدایش اور علامتین

لڑکے کی والدہ یا دایہ بدپرہیزی کرے اور نا بعض چیز کھا دے تو لڑکے کے طرح طرح کے عارضے ہون اور لڑکے کے رونے سے بخار صاف ظاہر ہوتا ہے۔

لڑکے کے بخار کا علاج] لڑکے کی والدہ یا دایہ کو پرہیز سے رکھے اور ہلکا کھانا دے اور جو والدہ کے دودھ نہ ہو تو بکری کا دودھ دے یا ناگرموتھ۔ پوست ہلیلہ پرول کے پتے۔ اصل السوس۔ ان سب کو برابر لے ایک ماشہ بھر کا کاڑھا سات روز تک دے تو لڑکے کا بخار دور ہو۔ یا کٹیل۔ اصل السوس۔ بالچھڑ۔ مہوا ان کو خوب باریک پیس کر ایک ماشہ شہد کے ساتھ دے تو لڑکے کا بخار جاوے جو لڑکے کو اتیسار لیے بخار ہو تو اتیس۔ بیل گری۔ اندرجو۔ دھوئی کے پھول۔ پٹھانی لودھ۔ کشنیز۔ نیتر بالا ان کا دو ماشہ بھر کا جوشاندہ دے تو جر اتیسار دور ہو یا لڑکے کی ناف پک گئی ہو تو روغن زرد کے سینک سے اچھی ہو۔

پیٹ مین کیڑے پڑگئے ہون اُس کے بخار کی علامتین

بخار ہو بدن کا رنگ اور کا اور ہو جائے پیٹ اور چھاتی مین درد قے اور تشنگ ہو اور جوراگ کم اور اشتہا جاتی رہے ہو اور اتیسار وغیرہ یہ سب ہون تو اُس کے پیٹ کے کیڑون سے بخار جانو۔

پیٹ مین کیڑے پڑگئے ہون اُس کا علاج] پلاس۔ بیت پاپڑہ۔ نیم کی چھال۔ سہجنہ۔ ناگر موتھ۔ دیودار۔ بائے بڑنگ انکو برابر لے اور کچلکر دو درم کا کاڑھا سات روز تک دے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون۔

کال جور کی علامتین

بخار کا زیادہ زور ہو اور اونچی سانسین چلین اور بدن کا رنگ اور نور جاتا رہے پسینا آوے بدن کمزور پڑ جاوے نبض ہاتھ نہ لگے۔ حواس خمسہ اپنا اپنا کام چھوڑ دین اُسے کال جور جانو۔

کال جور کا علاج] گاے۔ زمین وغیرہ خیرات کرے معبود کی یاد کرے اور سنپات کا علاج جو پیچھے لکھا ہے وہ کرے۔

بخار کے دس فساد

پیاس۔ کھانسی۔ سانس۔ ہچکی۔ قے۔ اتیسار۔ قبض۔ اپھار۔ بیہوشی۔ یہ بخار کے دس فساد ہین

اس کے فسادون کی علامتین

پہلے بخار ہو پھر اور عارضے ہون اور وہ بخار کا علاج کرنے نہ دین اُسکو بخار کا فساد کہتے ہین۔ بھوکھ پیاس تو بخار کی عورت ہین اور سانس کھانسی بیٹے اور ہچکی اور قے بیٹی اتیسار بخار کا بھائی۔ ارُچ بہن۔ قبض بھانجا۔ اپھار خسر۔ بیہوشی باندی یعنی کنیزک انمین جو طاقت ور ہو اُس کا علاج کرے۔

بخار اور اتیسار یعنی اسہال اکٹھے ہون اس کا علاج

سونٹھ۔ اتیس۔ ناگر موتھ۔ چرایتہ۔ گلو۔ کڑاکی چھال۔ ان سب کو برابر لے اور کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات روز تک دے تو یہ دور ہون یا بیل۔ پیلا مول۔ جب چترک۔ سونٹھ بیل گری ناگر موتھ۔ چرائتہ۔ کڑاکی چھال۔ اندرجو۔ ان سب کو برابر لیکر کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو بخار اتیسار۔ منھ کا سوکھنا۔ ہچکی۔ پیاس۔ قے۔ سانس۔ کھانسی یہ سب دور ہوتا

بخار مین پیاس زیادہ لگے اُس کا علاج] کشنیز - ناگر موتھہ - پت پاپڑہ - ان سب کو
برابر لیکر کچل کر دو درم کا جوشاندہ تین روز تک دے تو پیاس - جلن - اپھارہ یہ سب دور
ہون - یا برگد کی کونپل - چانول کی کھیل - کنول گٹہ - ان سب کو برابر لیکر باریک پیس کر شہد
مین گولی باندھے ایک گولی مُنھ مین رکھے تو پیاس دور ہو -

بخار مین کھانسی ہو جاوے اُس کا علاج] پیپل - پیپلا مول - سونٹھ - بھارنگی کھیرسار -
کٹیلی - اڑوسہ - کلنجن - بہیڑا - ان سب کو برابر لے ایک درم کا کاڑھا سات روز تک
دے تو کھانسی جاوے -

بخار مین دم آوے اُس کا علاج] سونٹھ - فلفل سیاہ - پیپل - ناگر موتھہ - کاکڑا سنگی -
بھارنگی - پوہکر مول - ان کو برابر لے کر اور ایک درم کا کاڑھا سات دن تک دے
تو دم آنا موقوف ہو -

بخار مین ہچکی آوے اُس کا علاج] پانی مین سیندھا نمک خوب باریک پیسکر ناس دے
تو ہچکی دور ہو - یا مور پنکھ کی راکھ اور جلی ہوئی پیپل شہد مین چٹاوے تو ہچکی اور قے دور ہون -

بخار مین قے ہو اُس کا علاج] ایک درم گلو کا جوشاندہ شہد مین ملا کر دے تو بخار
کی قے دور ہو یا دو رتی مکھی کی بیٹ شہد مین چٹاوے تو قے دور ہو یا چانول کی کھیل پیپل
اور شہد مین چٹاوے تو بھی قے دور ہو -

بخار مین بیہوشی ہو اُس کا علاج] مغز املتاس - داکھ - پت پاپڑہ - پوست ہلیلہ -
ان کو برابر لے دو درم کا جوشاندہ دے تو بیہوشی جاوے -

بخار مین قبض ہو یا اپھارہ ہو اُس کا علاج] صابون کی بتی بنا کر مقعد مین رکھے تو
قبض اور اپھارہ دونون دور ہون -

بخار مین مُنھ سوکھے اور زبان بدمزہ ہو اُسکا علاج] مصری اور انار کے دانون کی
کُلی کرے یا داکھ اور انار کے دانون کی کلی کرے تو بدمزگی اور مُنھ کا سوکھنا جاوے -

بخار مین نیند جاتی رہے اُس کا علاج] آلو بخارا ایک عدد - سنکی ہوئی بھنگ ایک
رتی شہد مین چٹاوے تو نیند آوے - اور اپھارہ اور سنگرہنی دور ہون اور بھوکھ لگے - یا

ایک درم پیپلا مول قند سیاہ مین کھاوے تو نیند ضرور آوے یا ارنڈا و رالسی کے تیل کو کانسے کی تھالی مین گھس کر انجن کرے تو ضرور نیند آوے۔

بخار اُتر گیا ہو اُس کی علامتین

سب بدن ہلکا ہو۔ پیشانی مین کھجلی ہو۔ لبون پہ پپڑی جمے۔ حواس خمسہ اپنے اپنے کام کرنے لگین بدن کی سب تکلیفین رفع ہون سب بدن مین پسینہ آوے۔ بھوک لگے چھینک آوے اجابت درست رہے۔ جب یہ علامتین ہون تو ضرور بخار گیا ہوا جاننا چاہیئے اور تپ دور ہونے کے پیچھے بھی عقلمند شخص جب تک بدن بخوبی تمام طاقت نہ پکڑ لے پرہیز سے رہے اور جماع نہ کرے بوجھ نہ اُٹھاوے کسرت نہ کرے۔ زیادہ کھانا نہ کھاوے۔

باب تیسرا

اتیسار سنگرہنی اور بواسیر کے بیان مین

اتیسار یعنی اسہال کی پیدایش علامت اور علاج

میدہ وغیرہ بھاری چیز اور ٹھنڈی پتلی اور خلاف چیز کے کھانے اور دوبارہ کھانا کھانے اور زہر کھانے اور پاخانہ روکنے اور زیادہ چکنی اور بدہضمی اور گرم چیز کھانے سے لوگون کو اتیسار کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

اتیسار کی علامتین] بیمار کے بدن مین ان بدپرہیزیون سے بلغم بڑھے تو پیٹ کے ہاضمہ کی آگ کو ٹھنڈا کرے اور وہ بلغم باد سے تحریک دیا ہوا پاخانہ کی راہ سے پتلا ہو کر زیادہ نیچے اُترے اُس کو اتیسار سمجھنا چاہیئے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغم۔ سنپات۔ شوق۔ آم۔ ان قسمون سے یہ اتیسار چھ قسم کا ہے۔

اتیسار کی پہلی شکل] پہلے چھاتی۔ ناف۔ پاخانہ کی جگہ اور پیڑو مین درد اور اعضا شکنی ہو اور ریح بند ہو جاوے اور قبض اور اپھار اور کھانا ہضم نہ ہو تو اتیسار جاننا چاہیئے۔

بادی اتیسار کی علامتین] کچھ سُرخی لیئے پاخانہ اُترے اور مواد مین جھاگ ملے ہون اور روکھا اور تھوڑا بار بار ریح آنون کے آوے اور پاخانے کے وقت پیڑو مین درد ہو تو بادی اتیسار جانو۔

بادی اتیسار کا علاج] خراسانی بچ۔ اتیس۔ ناگرموتھ۔ اندرجو۔ سونٹھ۔ یہ برابر حصے لیوے اور کچلکر دو درم کا کاڑھا سات روز تک دیوے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا اندرجو۔ ناگرموتھ۔ پٹھانی لودھ۔ بیلگری۔ آنب کی گٹھلی۔ دھوئی کے پھول ان کو خوب باریک پیسکر دو درم بھینس کی چھاچھ مین سات روز تک دیوے تو بادی اتیسار دور ہو۔

صفراوی اتیسار کی علامتین] اجابت زرد۔ سُرخ۔ سبز اور بدبودار اور پتلا ہو اور جاے بیجا نہ پک جاوے۔ بدن مین پسینہ آوے۔ پیاس لگے جلن اور بے ہوشی ہو۔ یہ جس مین علامتین ہون اُسکے صفراوی اتیسار جاننا چاہیئے۔

صفراوی اتیسار کا علاج] بیلگری۔ اندرجو۔ ناگرموتھ۔ نیتر بالا۔ اتیس۔ ان کو کچل کر دو درم کا جوشاندہ آٹھ دن تک دے تو صفراوی اتیسار جاوے۔ یا رسوت۔ اتیس۔ اندرجو۔ دھوئی کے پھول۔ سونٹھ۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر چاول کے پانی سے دو درم شہد مین ملاکر سات دن تک دے تو لاعلاج بھی صفراوی اتیسار جاوے اور صفراوی اتیسار کی خونی اتیسار بھی ایک قسم ہے بہت گرم چیزون کے کھانے سے صفرا بھڑکر خون کو بگاڑتا ہے اور جب مع خون اجابت اُترتی ہے تو اُسکو رکت اتیسار کہتے ہین۔

خونی اتیسار کا علاج] پوست گُرا۔ پوست انار۔ دونون کو دو درم بھر لے اور کاڑھا کر پانچ درم شہد ملاکر سات روز تک دے تو رکت اتیسار دور ہو۔ یا پوست گُرا۔ اتیس۔ ناگرموتھ۔ نیتر بالا۔ پٹھانی لودھ۔ سُرخ صندل۔ دھوئی کے پھول۔ پوست انار۔ پاڑھ۔ ان سبکو برابر لیکر کچلکر تین درم کا کاڑھا کر اُس مین دو درم شہد ملاکر سات روز تک دے تو مع جلن اور درد کے خون کا اتیسار دور ہو۔ یا سفید صندل ایک درم باریک پیسکر دو درم شہد اور ۲ درم مصری ملاکر آٹھ روز تک چاٹے تو خونی اتیسار دور ہو یا میٹھے انار کا پٹ پاک ایک درم شہد مین ملاکر چاٹے تو خونی اتیسار جاوے یا بکری کے دودھ مین مسکہ مصری اور شہد ملاکر پیے تو خونی اتیسار جاوے۔

مقعد پک گئی ہو اُس کا علاج] بیدل کے پتّے۔ اصل السوس۔ مہوا۔ ان کو پانی مین اوٹا وے اور ٹھنڈا کر اُس پانی سے پاخانہ کے مقام کو دھووے تو مرض دفع ہو۔ یا بکری کے دودھ مین مصری اور شہد ملاکر دھووے تو یہ روگ جاوے یا گیہون کے آٹے

مین روغن زرد ملاکر پانی مین پکاکر اُس سے گرم گرم سینکے تو یہ بیماری جاوے۔

اشلیشما یعنی بلغم کے اتیسار کی علامتین

جس کی اجابت چکنی اور سفید اور گہری اور بدبودار کچھ درد سے اُترے اور بدن بھاری رہے کھانے سے اشتہا جاتی رہے جس مین یہ علامتین ہون اُسے اشلیشما اتیسار جاننا چاہیئے۔

اشلیشما اتیسار کا علاج] اس مریض کو دو چار فاقے کراوے یا مونگ کا رس دے پھر جب اتیس۔کوٹ۔کٹکی۔بیلگری۔سونٹھ۔کڑاکی چھال۔تج۔انکو لیکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو پھر یہ بیماری دفع ہو۔یا بھنی ہینگ۔نمک سیاہ۔سونٹھ۔کالی مرچ۔پیپل۔اتیس ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر ایک درم سات روز تک دے تو یہ بیماری دور ہو۔

سنیپات یعنی تینون خلطون کے اتیسار کی علامتین

جس بیمار کا پاخانہ سور کے گوشت کے مانند ہو اور جو کئی طور کا نظر آوے اور غفلت ہو پیاس زیادہ لگے مُنھ سوکھ جاوے۔چکر آوے۔غفلت ہو۔یہ سب باتین لڑکے یا بڈھے یا عورت کے ہون تو یہ بیماری لاعلاج ہے۔

سنیپات اتیسار کا علاج] پیپل۔پیپلامول۔چب۔چترک۔سونٹھ۔کھریٹی۔بیلگری۔گلو۔ناگرموتھ۔پاڑھ۔چرائتہ۔کڑاکی چھال۔اندرجو۔انکو لیکر دو درم کا جوشاندہ دس روز تک دے تو پھر یہ بیماری دفع ہو یا ہلیلہ زنگی۔سونٹھ۔ناگرموتھ۔ان سب کو برابر لے باریک پیسکر کہنہ قند سیاہ مین دو درم سات روز تک کھاوے تو تینون خلط کا اتیسار دور ہو۔یا کڑاکی چھال کا پٹ پاک کر رس نکال کر پانچ درم شہد مین ملاکر دس دن تک دے تو سنیپات کا اتیسار دور ہو۔

شوک یعنی رنج سے پیدا ہوے اتیسار کی علامتین

لڑکا۔عورت۔دوست اور دولت وغیرہ کے ضائع ہونے سے جو رنج پیدا ہوتا ہے وہ پیٹ کی آگ کو سست کر دیتا ہے اور بدن کے باہر کا نور پیٹ مین جاکر خون کو بگاڑتا ہے وہ خون اجابت سے ملکر یا نہ ملکر گھنگچی کے مانند نکلے تو اُس کو رنج سے پیدا ہوا اتیسار کہتے ہین وہ رنج کے دور ہونے ہی سے جاتا ہے اور اسی طرح کسی طرح کے خوف سے جو اتیسار پیدا ہوتا ہے اُسکو بھی سمجھ لین۔

آنون کے اتیسار کی علامتین

جس شخص کو پہلے بخوبی تمام غذا ہضم نہ ہوئی ہو اور پھر بھاری چیز کھاوے تو اسکے معدہ مین باد صفرا بلغم یہ تینون جا کر سب دھاتون اور فضلہ کو بگاڑتے ہین پھر وہ فضلہ مع تکلیف بدبو لیے طرح طرح کے رنگ کا مقعد کے ذریعہ سے نکلتا ہے اسکو بید آنون کا اتیسار کہتے ہین اور جو فضلہ پانی مین تیرے وہ آنون ہے اور پانی مین ڈوب جائے یا بدبو اور سفید چکنائی لیے ہونا بھی اس کی علامت ہے۔

آنون اتیسار کا علاج] کشنیز۔ زنجبیل۔ بیل گری۔ ناگر موتھہ۔ جیتر والا۔ یہ سب برابر لیکر کچل کر دو درم کا جوشاندہ سات دن یا بیماری کے اندازے سے دس دن یا پندرہ روز دے تو یہ بیماری دفع ہو اسکا نام دھانیہ پنچک ہے۔ یا ہلیلہ زنگی۔ ناگر موتھہ۔ زنجبیل۔ اتیس۔ دار ہلدی۔ ان سبکو برابر لیکر اور کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات روز تک دے تو آنون کا اتیسار دور ہو۔ یا ہلیلہ زنگی اتیس بینگی ہوئی ہینگ۔ سونچر نمک۔ سیندھا نمک ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر دو درم گرم پانی سے کھالے تو یہ بیماری دفع ہو۔

پکوا تیسار کا علاج] پٹھانی لودھ۔ دھوئی کے پھول۔ بیلگری۔ ناگر موتھا۔ آنب کی گٹھلی۔ اندر جو۔ یہ سب برابر لے کر باریک پیسکر دو درم بھینس کی چھاچھ سے پیئے تو یہ بیماری رفع ہو۔ یا اجمود۔ موچرس۔ زنجبیل۔ دھوئی کے پھول۔ جامن کی گٹھلی آنب کی گٹھلی ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر دو درم گائے کی چھاچھ مین کھاوے تو یہ بیماری دور ہو۔ یہ گنگا دھر چورن ہے۔

شوتھا تیسار کا علاج] پنج سانٹھی۔ اندر جو۔ پاڑہ۔ بائے برنگ۔ اتیس۔ ناگر موتھہ فلفل سیاہ ان سبکو برابر لیکر کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن تک دے تو یہ شوتھا تیسار دور ہو۔

اتیسار مین قے ہو اس کا علاج] آنب کی گٹھلی۔ تخم بیل۔ ان دونون کو بقدر دو درم کے کاڑھا کر اس مین دو درم شہد اور دو درم مصری ملاکر سات روز تک دے تو مع قے اتیسار دور ہو۔ یا بھنی ہوئی مونگ چانول کی کھیل ان دونون کو اوٹا کر شہد اور مصری ملاکر پانچ روز پیئے تو قے اتیسار اور سوزش بخار دور ہو۔

اتیسار کی قسم موڑھا نباہی ہے اُس کی علامتیں

بدپرہیزی کرنیوالے شخص کی باؤ بڑھ کر بلغم سے مل موڑھا نباہی پیدا کرتا ہے تب اُس سے لحظہ لحظہ میں مروڑا ہو ہوکر تھوڑا تھوڑا یا زیادہ مواد نکلے اُسکو موڑھا نباہی کہتے ہیں وہ باؤ بلغم و صفرا اور خون کے فساد سے چار قسم کا ہے جس میں بہت درد ہوکر اجابت آئے اُس کو باؤ کا عارضہ کہنا چاہیئے اور جس میں جلن زیادہ ہو اُس کو صفراوی اور جس میں بلغم ملا ہوا فضلہ اُترے اُسکو بلغم کا کہنا چاہیئے اور جس میں خون سے ملا ہوا اُترے اُسکو خون کا فساد جانو۔

ان چاروں کا علاج بیلگری۔ پٹھانی لودھ۔ کالی مرچ۔ ان تینوں کو دو تولہ بھر لے کر باریک پیسکر ایک درم شہد میں چاٹے تو موڑھا نباہی دور ہو یا دھوئی کے پھول دو درم باریک پیسکر دہی کے ساتھ سات دن کھاوے تو موڑھا نباہی دفع ہو یا کیتھ کا رس پانچ درم شہد میں سات روز کھاوے تو موڑھا نباہی دفع ہو یا دو درم پٹھانی لودھ دہی کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو موڑھا نباہی جاوے یہ سب علامتیں اور علاج بھاؤپرکاش میں لکھے ہیں۔

آنوں کے اتیسار کا علاج پوست ہلیلہ۔ باریک پیسکر دو درم شہد میں پانچ روز کھاوے تو آنوں کا اتیسار جاوے۔ یا بھانگرے کا رس پانچ درم دہی کے ساتھ سات روز تک کھاوے تو سب طرح کے اتیسار دور ہوں یا دو درم رال میں دس درم مصری ملاکر دس روز تک کھاوے تو بہت عرصہ کا بھی اتیسار جاوے یا بیلگری دو درم بکری کے دودھ کے ساتھ سات روز تک پیئے تو رکت اتیسار دور ہو یہ بید ہندو میں تحریر ہے۔ یا کشنیز۔ زنجبیل پیپل۔ سینڈھا نمک۔ اجمود۔ سینکی ہوئی ہینگ۔ سفید زیرہ۔ ان سب کو برابر لیکر اور باریک پیسکر مٹھے کے ساتھ پیئے تو اتیسار۔ درد۔ آنوں وغیرہ جاویں اور بھوکھ لگے اور ہر ایک چیز کی اشتہا ہو۔ یہ برند نام سنسکرت گرنتھ میں لکھا ہے۔ یا زنجبیل کو پانی میں پیس کر گولا بناکر گولے کو ارنڈ کے پتوں سے لپیٹ کر ڈوروں سے باندھ کپروٹی کر نرم آنچ سے پکاوے پھر اسکی مٹی دور کر زنجبیل نکال لے اور ٹھنڈی کر دو درم شہد سے سات روز تک کھاوے تو اتیسار دور ہو۔ یا ایک حصّہ افیون۔ دو حصّہ ہینگ۔ تین حصّہ لونگ۔ چار حصّے موچرس۔ تین حصّے مصری انکو باریک پیسکر ایک رتی یا دو رتی سانٹھی کے چانول کے

پانی مین یا چھاچھ کے ساتھ کھاوے تو لاعلاج بھی اتیسار دور ہو۔ یا ناگر موتھ۔ موچرس۔ پٹھانی لودھ۔ دھوئی کے پھول۔ بیلگری۔ اندرجو۔ افیون۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ ان سب کو برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل مین حل کرے۔ پھر ان سب دوائیون کو اس مین ملا بقدر تین رتی کے چھاچھ مین کھاوے تو اتیسار۔ مروڑ ہا تباہی۔ سنگرہنی یہ سب دور ہون اس کا نام گندھار رس ہے۔ یا زنجبیل۔ جاپھل۔ افیون۔ سیے انار کا مغز۔ ان سب کو برابر لے اکٹھا کر کچے انار مین بھرے پھر اُسکو پٹ پاک کر اُسکی گولی رتی بھر کے برابر بنا کر ایک گولی گائے کے چھاچھ مین سات روز تک کھاوے۔ تو کیوا اتیسار دور ہو۔ یا افیون کو ٹھیکرے مین نرم آنچ سے سینک کر مقدار سے شے تو اتیسار ضرور دور ہو جائے۔ یا جاپھل۔ لونگ۔ دھوئی کے پھول۔ بیلگری۔ ناگرموتھ۔ زنجبیل۔ موچرس شنگرف۔ افیون ان دوائیون کو برابر لے باریک پیس کر پوست کے چھلکے کے پانی مین ایک یا دو رتی کے اندازے سے گولی باندھے اور ایک گولی چانول کے پانی مین یا چھاچھ کے ساتھ ہر روز کھاوے تو ضرور ہی سب قسم کے اتیسار دور ہون۔ یا جاپھل۔ چھوہارہ۔ افیون۔ ان تینون کو برابر لے کر پان کے رس مین ایک رتی کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی چھاچھ کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو فساد پیدا کرنیوالا بھی اتیسار دور ہو اور جس کے اتیسار ہو وہ نہایا غلہ۔ گرم چیز اور مرغن غذا نہ کھاوے اور محنت اور جماع نہ کرے اور نہانا بھی ترک کرے اور فکر وغیرہ نہ کرے یہ بید رہس مین لکھا ہے۔

لاعلاج اتیسار کی علامتین

سور کے گوشت کے مانند فضلہ اُترے اور پیاس سوزش۔ تنفر۔ سانس۔ ہچکی پسلی مین درد۔ بیہوشی وغیرہ ہون اور کسی بات مین دل نہ لگے۔ مقعد پک جاوے۔ ہاضمہ کی طاقت سست پڑ جاوے بخار بھی رہے۔ پیشاب بند ہو جاوے۔ بدن مین کمزوری ہو یہ علامتین جس شخص مین ہون وہ مر جاوے۔

اتیسار جاتا رہا ہو اُسکی علامتین

جس کے پاخانہ آئے بغیر پیشاب اُترے اور ریح بخوبی صادر ہو اور معدہ ہلکا معلوم ہو

جس کے یہ علامتین ہون تو اتیسار دور ہوا جاننا چاہیئے۔

سنگرہنی یعنی اسہال کبدی کی بیماری کی پیدایش علامت و علاج

پہلے اتیسار ہو کر جاتا رہا ہو پھر اس شخص کی بد پرہیزی سے ہاضمہ کی آگ سست پڑجاتی ہے وہ آگ آدمی کے پیٹ مین رہنے والی جو چھٹی کلا نام سنگرہنی ہے اور وہی ہاضمے کی آگ کی جگہ ہے اور کھائی ہوئی چیزون کو لیتی ہے وہ سست ہاضمے کی آگ اُس کلا کو بگاڑ کر کچے اناج کو گرہن کر کے اناج کو مقعد سے نکالتی ہے اسی سبب سے بید اُس کا نام سنگرہنی کہتے ہین۔ اس سنگرہنی کلا مین آگ ہی کی طاقت ہے وہ کلا آگ ہی کو بگاڑتی ہے۔

سنگرہنی کی علامتین باد۔ صفرا۔ بلغم۔ سنپات سے سنگرہنی چار قسم کی ہے۔ یہ جو باد صفرا بلغم مین وہ زیادہ بد پرہیزی سے اور زیادہ کھانا کھانے سے کچے ہی کھانے کو مقعد کے ذریعہ نکالتے ہین یا پکے ہوئے کھانے کو نکالین تو بھی کبھی درد ہوا ورکبھی فضلہ پتلا۔ اور کبھی بندھا اُترے یہی سنگرہنی کی علامتین ہین۔

بادی سنگرہنی کی مع پیدایش کے علامتین

جو شخص بادی چیز بہت کھاوے اور کھانے مین بد پرہیزی کرے اور جماع وغیرہ زیادہ کرے اُس کے باد فاسد ہو کر جٹھر اگن کو بگاڑ بات کی سنگرہنی کو کرتا ہے۔ جس شخص کے آدھا پکا ہوا کھانا نکلے اور گلا سوکھے۔ بھوکھ پیاس لگے۔ کانون مین آواز ہو اور پسلی جانگھ پیڑو اور گردنون مین درد ہو اور کبھی کبھی بسوچکا یعنی اودہاسی ہو جاوے۔ زبان کی لذت جاتی رہے چھاتی مین درد ہو۔ بدن دبلا ہو جاوے اور میٹھے رسون کے کھانے کی خواہش رہے اور کھانا کھاوے تو زبان لذت حاصل کرے اور پیٹ مین گولا پیٹا کا نشان ہو۔ پیر مین درد ہو اور تھوڑی سرعت سے رنج عسادر ہو بار بار پاخانہ جانے اور سانس اور کھانسی ہو۔ یہ سب علامتین بادی سنگرہنی کی ہین۔

بادی سنگرہنی کا علاج زنجبیل۔ گلو۔ ناگرموتھ۔ اتیس۔ ان سب کو برابر لے اور کچلکر دو درم کا جوشاندہ پندرہ دن تک دے تو مع آؤ کے بادی سنگرہنی جاوے اور

پانی مین یا چھاچھ کے ساتھ کھاوے تو لاعلاج بھی اتیسار دور ہو۔ یا ناگر موتھہ۔ موچرس۔ پٹھانی لودھ۔ دھوئی کے پھول۔ بیلگری۔ اندرجو۔ افیون۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ ان سب کو برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل مین حل کرے۔ پھر ان سب دوائیون کو اس مین ملا بقدر تین رتی کے چھاچھ مین کھاوے تو اتیسار۔ مروڑھا تباہی۔ سنگرہنی یہ سب دور ہون اس کا نام گندھار رس ہے۔ یا زنجبیل۔ جاپھل۔ افیون۔ کچے انار کا مغز۔ ان سب کو برابر لے اکٹھا کر کچے انار مین بھرے پھر اُسکو بیٹ پاک کر اُسکی گولی رتی بھر کے برابر بنا کر ایک گولی گائے کے چھاچھ مین سات روز تک کھاوے۔ تو کل اتیسار دور ہو۔ یا افیون کو ٹھیکرے مین نرم آنچ سے سینک کر مقدار سے دے تو اتیسار ضرور دور ہو جائے یا جاپھل۔ لونگ۔ دھوئی کے پھول۔ بیلگری۔ ناگر موتھہ۔ زنجبیل۔ موچرس۔ شنگرف۔ افیون ان دوائیون کو برابر لے باریک پیسکر پوست کے چھلکے کے پانی مین ایک یا دو رتی کے اندازے سے گولی باندھے اور ایک گولی چانول کے پانی مین یا چھاچھ کے ساتھ ہر روز کھاوے تو ضرور ہی سب قسم کے اتیسار دور ہون۔ یا جاپھل۔ چھوہارہ۔ افیون۔ ان تینون کو برابر لے کر پان کے رس مین ایک رتی کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی چھاچھ کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو فساد پیدا کرنیوالا بھی اتیسار دور ہو اور جس کے اتیسار ہو وہ نیا غلہ۔ گرم چیز اور مرغن غذا نہ کھاوے اور محنت اور جماع نہ کرے اور نہانا بھی ترک کرے اور فکر وغیرہ نہ کرے یہ بیدرہس مین لکھا ہے۔

لاعلاج اتیسار کی علامتین

سور کے گوشت کے مانند فضلہ اُترے اور پیاس سوزش۔ تنفر۔ سانس ہچکی پسلی مین درد۔ بیہوشی وغیرہ ہون اور کسی بات مین دل نہ لگے۔ مقعد پک جاوے۔ ہاضمہ کی طاقت سُست پڑ جاوے بخار بھی رہے۔ پیشاب بند ہو جاوے۔ بدن مین کمزوری ہو یہ علامتین جس شخص مین ہون وہ مر جاوے۔

اتیسار جاتا رہا ہو اُسکی علامتین

جس کے پاخانہ آئے بغیر پیشاب اُترے اور ریح بخوبی صادر ہوا و معدہ ہلکا معلوم ہو

جس کے یہ علامتیں ہوں تو اتیسار دور ہوا جاننا چاہیئے۔

سنگرہنی یعنی اسہال کبدی کی بیماری کی پیدائش علامت و علاج

پہلے اتیسار ہوکر جاتا رہا ہو پھر اس شخص کی بدپرہیزی سے ہاضمہ کی آگ سست پڑ جاتی ہے وہ آگ آدمی کے پیٹ میں رہنے والی جو چھٹی کلا نام سنگرہنی ہے اور وہی ہاضمے کی آگ کی جگہ ہے اور کھائی ہوئی چیزوں کو لیتی ہے وہ سست ہاضمے کی آگ اس کلا کو بگاڑ کر کچے اناج کو گرہن کرکے اناج کو مقعد سے نکالتی ہے اسی سبب سے بید اس کا نام سنگرہنی کہتے ہیں۔ اس سنگرہنی کلا میں آگ ہی کی طاقت ہے وہ کلا آگ ہی کو بگاڑتی ہے۔

سنگرہنی کی علامتیں] باد۔ صفرا۔ بلغم۔ سنپات سے سنگرہنی چار قسم کی ہے۔ یہ جو باد صفرا بلغم میں وہ زیادہ بدپرہیزی سے اور زیادہ کھانا کھانے سے کچے ہی کھانے کو مقعد کے ذریعہ نکالتے ہیں یا پکے ہوئے کھانے کو نکالیں تو بھی کبھی درد ہو اور کبھی فضلہ پتلا۔ اور کبھی بندھا اُترے یہی سنگرہنی کی علامتیں ہیں۔

بادی سنگرہنی کی مع پیدائش کے علامتیں

جو شخص بادی چیز بہت کھاوے اور کھانے میں بدپرہیزی کرے اور جماع وغیرہ زیادہ کرے اُس کے باد فاسد ہوکر جٹھر اگن کو بگاڑ بات کی سنگرہنی کو کرتا ہے۔ جس شخص کے آدھا پکا ہوا کھانا تیچے اور گلا سوکھے۔ بھوکھ پیاس لگے۔ کانوں میں آواز ہو اور پسلی جانگھ پیڑو اور کندھوں میں درد ہو اور کبھی کبھی بسوچکا یعنی اوباسی ہو جاوے۔ زبان کی لذت جاتی رہے چھاتی میں درد ہو۔ بدن دبلا ہو جاوے اور میٹھے رسوں کے کھانے کی خواہش رہے اور کھانا کھاوے تو زبان لذت حاصل کرے اور پیٹ میں گولا پہیّا کا نشان ہو۔ پیر میں درد ہو اور تھوڑی سرعت سے رتیح حساور ہو بار بار پاخانہ جائے اور سانس اور کھانسی ہو۔ یہ سب علامتیں بادی سنگرہنی کی ہیں۔

بادی سنگرہنی کا علاج] زنجبیل۔ گلو۔ ناگرموتھہ۔ اتیس۔ ان سب کو برابر لے اور کچلکر دو درم کا جوشاندہ پندرہ دن تک دے تو سع آنوکن بادی سنگرہنی جاوے اور

اشتہا بڑھے یا گاے کے مٹھے مین زنجبیل۔ پیپلا مول۔ پیپ
اور پیسکر دو درم ہر روز مٹھے مین ملا کر پیے اور بخوبی مٹھے
ہو یا گندھک مصفا ایک تولہ۔ پارہ مصفا چھ ماشہ۔ دونون کو حل کر۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔
پیپل۔ تینون دو دو تولہ۔ پانچون نمک ڈیڑھ تولہ۔ بھُنی ہوئی اجوہ ایک تولہ۔ بھُنا ہوا زیرہ
ایک تولہ۔ بھُنی ہوئی ہینگ ایک تولہ۔ بھُنا ہوا سہاگہ ایک تولہ۔ بھُنی ہوئی بھنگ سب کی
نصف۔ ان سب کو باریک پیسکر پارہ اور گندھک کے حل کیے ہوئے مین ملا دے پھر
اُس سب ملے ہوے کو دو دن تک کھرل کرے تو یہ لاہی نام چورن ہوا اِس کو دو یا چار ماشہ
گاے کے مٹھے مین دے تو بادی سنگرہنی ضعف معدہ۔ اتیسار۔ بواسیر پیٹ کے کیڑے اور
پچھی۔ ان سبکو یہ لاہی چورن دور کرتا ہے۔

صفراوی سنگرہنی کی پیدایش اور علامتین

جو شخص لال مرچ وغیرہ اور تیکھی چٹنی۔ کھاری۔ چیز زیادہ کھاوے اُس کا صفرا بگڑ کر
جٹھر اگن یعنی آتش قوت معدہ کو بجھا دیتا ہے۔ اور نیلا پیلا پتلا سا پانی نیم پختہ فضلہ نکلے۔
اور کھٹی ڈکار آوے چھاتی اور گلے مین سوزش اور کھانے سے نفرت ہو۔ پیاس لگے
جس مین یہ علامتین ہون اُسکے صفرا کی سنگرہنی جانو۔

صفراوی سنگرہنی کا علاج] رسوت۔ اتیس۔ اندرجو۔ بیج۔ دھولی کے پھول۔ ان
سبکو برابر لیکر باریک پیسکر حل کر دو درم گاے کے مٹھے سے یا شہد سے یا چانول کے پانی
کے ساتھ پندرہ روز تک کھاوے تو یہ مرض دفع ہو۔ یا جاپھل۔ چترک۔ سفید صندل
باے بڑنگ۔ الائچی۔ چھیم سینی کافور۔ بنسلوچن۔ زنجبیل۔ سفید زیرہ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ تگر۔
تیز پج۔ لونگ۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر سب کی دوگنی یا برابر مصری اور بھنی ہوئی بھنگ
ملا کر سب کو باریک پیسکر چار یا چھ ماشہ گاے کے مٹھے کے ساتھ پندرہ روز دے
تو صفراوی سنگرہنی دور ہو۔ یہ بیدرہس مین لکھا ہے۔

بلغم کی سنگرہنی کی پیدایش اور علامتین

بھاری زیادہ چکنی اور ٹھنڈی چیز کو جو شخص کھا کر سو جاوے اُس شخص کے بلغم

اشتہا بڑھے یا گائے کے مٹھے مین زنجبیل۔ پیپلا مول۔ پیپل۔ چترک۔ چب۔ ان سب کو برابر لے
اور پیسکر دو درم ہر روز مٹھے مین ملا کر پیے اور بخوبی مٹھے کا استعمال رکھے تو بادی سنگرہنی دور
ہو۔ یا گندھک مصفا ایک تولہ۔ پارہ مصفا چھ ماشہ۔ دونون کو حل کر۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔
پیپل۔ تینون دو دو تولہ۔ پانچون نمک ڈیڑھ تولہ۔ بھُنی ہوئی اجوائن ایک تولہ۔ بھُنا ہوا زیرہ
ایک تولہ۔ بھُنی ہوئی ہینگ ایک تولہ۔ بھُنا ہوا سہاگہ ایک تولہ۔ بھُنی ہوئی بھنگ سب کی
نصف۔ ان سب کو باریک پیسکر پارہ اور گندھک کے حل کیے ہوئے مین ملا دے پھر
اُس سب ملے ہوئے کو دو دن تک کھرل کرے تو یہ لاہی نام چورن ہوا اس کو دو یا چار ماشہ
گائے کے مٹھے مین دے تو بادی سنگرہنی ضعف معدہ۔ اتیسار۔ بواسیر۔ پیٹ کے کیڑے اور
پھنسی۔ ان سبکو یہ لاہی چورن دور کرتا ہے۔

صفراوی سنگرہنی کی پیدایش اور علامتین

جو شخص لال مرچ وغیرہ اور تیکھی کھٹی۔ کھاری۔ چیز زیادہ کھا وے اُس کا صفرا بگڑ کر
جٹھر اگنی یعنی آتش قوت معدہ کو بجھا دیتا ہے۔ اور نیلا پیلا پتلا سا پانی نیم پختہ فضلہ نکلے۔
اور کھٹی ڈکار آوے چھاتی اور گلے مین سوزش اور کھانے سے نفرت ہو۔ پیاس لگے
جس مین یہ علامتین ہون اُسکے صفرا کی سنگرہنی جانو۔

صفراوی سنگرہنی کا علاج) رسوت۔ اتیس۔ اندرجو۔ بج۔ دھولی کے پھول۔ ان
سبکو برابر لیکر باریک پیسکر حل کر دو درم گائے کے مٹھے سے یا شہد سے یا چانول کے پانی
کے ساتھ پندرہ روز تک کھا وے تو یہ مرض دفع ہو۔ یا جا پھل۔ چترک۔ سفید صندل
یا سے برنگ۔ الائچی۔ بھیم سینی کافور۔ بنسلوچن۔ زنجبیل۔ سفید زیرہ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ تگر۔
پترج۔ لونگ۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر سب کی دوگنی یا برابر مصری اور بغیر سینکی بھنگ
ملا کر سب کو باریک پیسکر چار یا چھ ماشہ گائے کے مٹھے کے ساتھ پندرہ روز دے
تو صفراوی سنگرہنی دور ہو۔ یہ بیدرہس مین لکھا ہے۔

بلغم کی سنگرہنی کی پیدایش اور علامتین

بھاری زیادہ چکنی اور ٹھنڈی چیز کو جو شخص کھا کر سو جاوے اُس شخص کے بلغم

کے فاسد ہونے سے کھانا نیم ہضم ہو۔ چھاتی مین درد اور بے قے ہو۔ تنفر ہو۔ منھ میٹھا رہے۔ کھانسی اور خفقان ہو۔ پیٹ بھاری رہے۔ میٹھی ڈکار آوے۔ عورت اچھی معلوم نہ ہو مع آنون کے فضلہ اترے۔ بغیر طاقت کے بدن موٹا اور تازہ معلوم ہو۔ سستی زیادہ معلوم ہو جسمین یہ علامتین ہون اُسکے بلغم کی سنگرہنی جانو۔

بلغم کی سنگرہنی کا علاج] پوست ہلیلہ۔ پیپل۔ زنجبیل۔ چترک۔ نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر دو درم ہر روز مٹھے کے ساتھ پندرہ دن کھاوے تو بلغمی سنگرہنی دور ہو۔

سنپات کی سنگرہنی کی علامتین

جسمین باد صفرا بلغم۔ ان تینون کی سب علامتین ملین اُسکو سنپات کی سنگرہنی جانو۔

سنپات کی سنگرہنی کا علاج] بیلگری۔ موچرس۔ نیتربالا۔ ناگرموتھ۔ اندرجو۔ کڑا کی چھال۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر دو درم بکری کے دودھ کے ساتھ پچیس روز تک پیئے تو سنپات کی سنگرہنی دور ہو جاوے۔ یا انار دانہ ۴ تولہ۔ نمک سیاہ ایک تولہ زیرہ ایک تولہ۔ کشنیز ایک پیسہ بھر۔ زنجبیل ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ مصری ایک تولہ پھر ان سبکو باریک پیسکر دو درم گاے کے مٹھے کے ساتھ ایک مہینے تک پیئے تو سنپات کی سنگرہنی اور آنون کا اتیسار۔ پسلی کا درد۔ نفرت۔ گولا وغیرہ مرض دور ہون یا پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ سنگی مہرہ مصفا۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ بھُنا ہوا سہاگہ کانتی سار۔ اجمود۔ افیون۔ ان سب کو برابر لے اور سب کے برابر ابرک لے پھر انکو چترک کے جوشاندہ مین ایک دن حل کرے پھر کالی مرچ کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز ایک مہینے تک کھاوے تو سنپات کی سنگرہنی دور ہو۔ یہ ابھرک گٹکا ہے یا گندھک مصفا۔ پارہ مصفا۔ ابرک۔ شنگرف کانتی سار۔ جاپھل۔ بیلگری۔ موچرس۔ صاف کیا ہوا سنگی مہرہ۔ اتیس۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ دھولی کے پھول۔ روغن زرد مین سنکی ہوئی پوست ہلیلہ۔ کیتھ۔ اجمود۔ چترک۔ انار دانہ۔ اندرجو۔ دھتورے کے بیج۔ کنج افیون یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اور اس مین یہ دوا باریک

پیسکر ملا دے پھر مرچ سیاہ کے برابر پوست کے چھلکے کے رس میں گولی باندھے ایک گولی ہر روز پندرہ دن تک دے تو سنبات کی سنگرہنی - اتیسار - ہیضہ - ان سب کو دور کرتا ہے یہ سنگرہنی کپاٹ رس ہے اور بید رہس میں تحریر ہے

بادی - صفرا بلغم تینوں کے فساد کی سنگرہنی اور آنوں کی علامتیں

پتلا و سفید - چکنا اور بیچ آنوں فضلہ ہو اور پسلی میں درد اور بیچ زیادہ صادر ہو کبھی اچھا ہو جاوے اور کبھی مہینے پندرہ دن پیچھے پھر ہو آوے یا ہمیشہ بنا رہے آنتیں بولا کریں اور سستی ہو بدن دبلا ہو جاوے درد شکم رہے اور دن میں درد اور رات کو اچھا ہو جاوے یہ علامتیں جس میں ہوں اُس کو آنوں بات کی سنگرہنی کہنا چاہیئے - یہ لا علاج ہے اس کا اور سنبات کے سنگرہنی کا ایک ہی علاج ہے -

سنگرہنی کی قسم گھٹی جنتر ہے اُس کی علامتیں

بدن سُن ہو پسلی میں درد ہو - پیٹ بولا کرے اور پہلی کہی ہوئی سنگرہنی کی علامتیں بھی ہوں اُسکو گھٹی جنتر کہتے ہیں - یہ بھی لا علاج ہے اور جو اس با علاج اتیسار کی علامتیں اور اچھے علاج پیچھے لکھے ہیں وہ بھی اس سنگرہنی کی جاننی چاہئیں -

سنگرہنی کا اور زیادہ علاج (کیتھ آٹھ حصہ - مصری چھ حصہ - انجو ہر تین حصہ - بیل تین حصہ - بیلگری تین حصہ دھوئی کے پھول تین حصہ - انار کا گودا تین حصہ - ڈانسرو تین حصہ - نمک سیاہ ایک حصہ - ناگکیسر ایک حصہ کشنیز ایک حصہ - سنج ایک حصہ - تیرج ایک حصہ - کالی مرچ ایک حصہ - اجوائن ایک حصہ - پیپلا مول ایک حصہ - نیتر بالا ایک حصہ - الائچی خرد ایک حصہ - ان سب کو باریک پیسکر گا سے کے مٹھے کے ساتھ دو درم لے تو سنگرہنی گولا - ان سب کو یہ چورن دور کرتا ہے پیچھا اسکا ہے اور سنگرہنی والا اتنی چیزیں نہ کھاوے بھاری چیزیں جو آنوں پیدا کریں اور استھا نہ کریں اور اتیسار میں جو منع کی ہے وہ نہ کرے اور جن چیزوں سے بھوک لگے وہ کھاوے تو سنگرہنی دفع ہو

بواسیر کے عارضے کی پیدائیش علامتیں اور علاج

اس بیمار کی مقعد میں سنگھ کے درمیان کے مانند چار انگل کے تین چکر ہیں ایک اوپر کا دوسرا بیچ کا تیسرا نیچے کا اوپر کے چکر کا نام پرداہنی ہے وہ فضلہ اور ہوا وغیرہ کو نکالتی ہے باہر اور بیچ کا

چکر فضلا اور ہوا وغیرہ کو چھوڑتا ہے اور تیسرا نیچے کا چکر وہ فضلا اور ہوا کے چھوڑنے کے بعد مقعد کو بدستور سابق ڈھک دیتا ہے ان تینون چکرون مین بواسیر پیدا ہوتی ہے یہ بواسیر کی جگہ ہے پہلے مین بواسیر ہو تو باعلاج یعنی اچھی ہوا ور بیچ مین ہو تو مشکل سے اچھی ہوا ور اندر والے چکر مین ہو تو وہ لا علاج ہے وہ باد صفرا بلغم سنیات اور خون کے فساد اور جو بدن کے ساتھ ہی پیدا ہو چھ قسم کی ہے اور بادی یا گرم یا بلغمی یا مرغن یا شیرین چیزین جو شخص کھاوے اور باد صفرا بلغم کی کرنے والی خوراک کے کھانے اور آرام اور آسائش کے تفرقہ کے سبب سے جو باد صفرا بلغم فاسد ہوتے ہین وہ مقعد کے تینون چکرون کے اوپر جلد۔ گوشت۔ چربی کو بگاڑ کر طرح طرح کے گوشت کے مسّے کے مانند مقعد کے اوپر کرتے ہین اُسکو بید بواسیر کہتے ہین وہ چھ قسم کی ہے مگر عام دو قسم کی مشہور ہے ایک خونی اور دوسری بادی جس مین سے بہت سا خون جاوے وہ خونی اور جسمین خون تو نجاوے مگر درد چمچیا اور کھجلی وغیرہ ہو وہ بادی ہے یہ دونون انھین چھ قسمون مین ہین

سب طرح کی بواسیر کی پہلی شکل] کھانا بخوبی تمام ہضم نہ ہوا اور کوکھ مین بنا رہے اور قبض اور ضعف معدہ ہو ڈکار بہت آوین بدن دُبلا ہو جاوے کوکھ مین اپھرہ ہو بدن مین درد رہے یہ علامتین جس مین ہون اُسکے بواسیر جانو۔

بادی بواسیر کی علامتین] جس کی مقعد کے مسّے چمچی اور سُرخی لیے ہوے کھردرے اور سخت بانکیلے تیز مقعد کے منھ پر ہون اور چھوٹے بیر یا کپاس یا کدم کے پھول کے مانند ہون اور سر۔ پسلی۔ کندھے۔ کمر۔ جانگھ۔ پیڑو مین درد رہے۔ چھینک اور ڈکار نہ آوے چھاتی مین درد رہے اشتہا نہ لگے۔ سانس۔ کھانسی۔ بدہضمی۔ کان مین آواز۔ تشنگی۔ بایوگولا۔ پھیپا۔ پیٹ کا درد ہو تو یہ علامتین بادی بواسیر کی ہین۔

بادی بواسیر کا علاج] زمین قند کو مٹی مین لپیٹ بھاڑ مین خوب بھرتا کر روغن سیاہ یا روغن زرد سے لپیٹ کر ایک درم ہر روز ۲۱ دن تک کھاوے تو بادی بواسیر ضرور دور ہو یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے یا آک کے نئے پتون مین پانچون نمک اور روغن زرد اور کھٹائی انداز سے لگاوے اور اُنکو جلا کر راکھ کرے پھر گرم پانی سے وہ راکھ ایکدرم یا دو درم پندرہ روز تک کھاوے تو بادی بواسیر دور ہو یہ بید منوہ مین لکھا ہے یا گائے

کے نتھنے میں سیندھا نمک انداز سے ملا کر بخوبی تمام کھاوے تو بواسیر جاوے اور بدن میں
تازگی آوے یہ بھاؤ پرکاش میں لکھا ہے یا پوست ہلیلہ ۵ درم ۔ چترک ایک درم ۔ زنجبیل ایک تولہ
سودھا ہوا بھلانواں ۲½ تولہ ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ ۔ پیپلا مول ایک درم ۔ پیپل ایک تولہ سفید زیرہ
ایکدرم ۔ چب ایک درم ۔ زمین قند پختہ پاؤ سیر ۔ جواکھار چار درم ۔ پھران سبکو باریک پیسکر سب سے
دوگنا قند سیاہ ملاکر ایک تولہ کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو بواسیر و بدور
ہو یہ قند سیاہ کا نسخہ کانکاین من کا تصنیف کیا ہوا ہے یا بندال کے پتون کو اوٹا کر اُس کے
پانی سے آبدست لے تو بواسیر کے مستے جاویں یا بندال کے ڈھونڈھون کی دھونی دے
تو مستے دور ہوں یا سیندھا نمک بندال کے ڈھونڈھون کو کانجی میں پیسکر بواسیر پر ملے تو مستے
جاویں ۔ یا نیم کی پتی اور کنیر کی پتی ۔ قند سیاہ ۔ کڑوی ترودلی کی جڑ ان سب کو کانجی کے پانی
میں پیسکر مستون پر ملے تو مستے دور ہوں ۔ یا ہلدی ۔ بیج ترودلی کڑوی ۔ آک کے پتے بیج تھوہر
ان کو کانجی کے رس میں باریک پیسکر لیپ کرے تو مستے دور ہوں ۔ یا ارنڈ کی جڑ
اصل السوس ۔ راسنا ۔ اجوائن ۔ مہوا ۔ ان کو کانجی میں پیسکر گرم کر لیپ کرے یا اس سے
سینک کرے تو مستے کی چمچی جاوے اور مستے جھڑ پڑیں ۔ یہ بید رہس میں اور بید نود
میں تحریر ہے ۔ یا پیراکسیس ۔ سیندھا نمک ۔ پیپل ۔ زنجبیل ۔ کوٹ ۔ بیج کرہاری ۔ پکھان بید
کنیر کی جڑ ۔ باے بڑنگ ۔ داتونی ۔ چترک ۔ ہرتال ۔ ستیاناسی کی جڑ ۔ ان سبکو برابر لیکر پیسکر
انکا تگنا روغن زرد لیکر تھوہر اور آک کے دودھ اور گائے کا پیشاب یہ تینون تیل سے
چوگنے لے اور ان سبکو اکٹھا کر پکاوے جب یہ جل جاویں اور تیل اوپر آرہے تب اتار کر
تیل نکال مستون پر ملے تو مستے دور ہوں اور بواسیر دفع ہو اور درد بھی دفع ہو اس کا نام
چھار تیل ہے یہ بید رہس میں لکھا ہے یا سولہ حصہ پختہ زمین قند ۔ چترک آٹھ حصہ ۔ زنجبیل ۸ حصہ
مرچ سیاہ ۴ حصہ ۔ ترپھلا ۱۲ حصہ ۔ پیپلا مول آٹھ حصہ ۔ بھلاوان مصفا ۸ حصہ ۔ چیتا ورہ ۸ حصہ ۔
برھارا ۱۶ حصہ ۔ بھنگ ۸ حصہ ۔ الائچی ۴ حصہ ۔ باے بڑنگ ۸ حصہ ۔ ان سب کو باریک پیس کر
سب دوائیون سے دوگنا قند سیاہ ملاکر ۱۲ ماشہ کی گولی باندھے ہر روز ایک گولی تیس دن
تک کھاوے تو بواسیر ہچکی ۔ سانک ۔ کھانسی ۔ راج روگ ۔ جریان ۔ پیپا ۔ ان سب کو یہ

بہت سی بواسیر ہو تو دور کرتا ہے یہ بید رہس میں لکھا ہے۔

صفراوی بواسیر کی علامتیں] مسوں کا منھ نیلا اور سُرخ زرد اور سفیدی لئے ہو اور اُن مسوں میں سے گرم گرم باریک دھار سے خون نکلے اور باریک نازک مسے ہوں اور ان مسوں کا منھ جونک کا سا ہو۔ اور بدن میں سوزش۔ بخار۔ بیہوشی اور تنفر ہو اور نیلا۔ زرد۔ سُرخ فضلہ آتر ے اور جلد۔ ناخون۔ آنکھیں زرد ہوں یہ علامتیں جس میں ہوں اُسکے صفراوی بواسیر جانو۔

خونی بواسیر کی علامتیں] مقعد کے مسے گھنگچی کے رنگ کے مانند ہوں اور مسوں سے خون کی دھار گرم اور بہت گرے اور گاڑھا اور کچا خون نکلے اور خون کے بہت جانے سے طاقت وزور وغیرہ سب جاتے رہیں اور بدن سوکھتا جاوے اور تجویل تمام بیچ صادر نہ ہو اور مسوں سے خون نکلتے ہوئے جھاگ ہو اور کر جانگھ اور مقعد میں درد ہو۔ بدن کمزور ہو جاوے تو خونی بواسیر میں باد کا میل بھی جانو اور جس کا فضلہ چکنا۔ بھاری اور ٹھنڈا ہو اور مسوں میں سے خون کی دھار موٹی اور گرم پڑے اور مقعد میں بلغم لگا ہی رہے تو خونی بواسیر مع بلغم جانو۔

بواسیر کے خون بند ہونے کا علاج] برگد کے پتے اور سوکھا آملہ چار چار پیسہ بھر لیکر پاؤ سیر گئو کے مکھن کو لوہے کی کڑھائی میں خوب گرم کرے پھر ان دونوں چیزوں کو روغن زرد میں ڈالے جب یہ تینوں جلجاویں تب آتار ٹھنڈی کرکے دھات کے برتن میں بھر رکھے پھر ان سب کو کھرل میں ڈالے اور خوب باریک پیسکر کے خوب ملا دے پھر بواسیر کے مرض والے کو ۹ ماشہ ہر روز صبح کے وقت اکیس دن دے پھر پانی کی کلی کرے مگر وہ پانی نہ پیئے اور گرم چیزیں۔ باجرا۔ کریلا۔ لال مرچ۔ بادنجان اچار۔ بیڑہ پتی۔ امبش وغیرہ نہ کھاوے تو بواسیر کا خون بند ہو۔

خون کے روکنے کا دوسرا علاج] بھونے کی پھٹکی۔ ایلوا۔ ان دونوں کو برابر لے کھرل میں باریک پیسکر پانی سے ایک رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی رسوت کے پانی میں ہر روز صبح کے وقت گیارہ دن تک کھاوے تو بواسیر کا خون ضرور بند ہو۔

بواسیر کے مسے دور کرنے کا علاج] رسوت۔ چنیاں کافور۔ بھونے کی پھٹکی۔ ان

تینون کو پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو مسّے دور ہون -

صفراوی اور خونی بواسیر کا علاج ایک ہی ہے وہ لکھتے ہین

رسوت کو باریک پیسکر دو درم پانی مین چار گھڑی بھگو کر پھر اُس پانی کو چھان کر ہر روز دو مہینے تک پیے تو صفراوی خونی بواسیر ضرور جاوے یا پیپل کی لاکھ - ہلدی - اصل السوس - مجیٹھ - کنول گٹھ - ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر ایک درم ہر روز اُنچاس دن تک استعمال کرے تو دونون بواسیر دور ہون - یا ناگ کیسر مسکہ مصری - پانچ درم ہر روز بکری کے دودھ مین اُنچاس دن کھاوے تو دونون قسم کی بواسیرین دفع ہون - یا ناگ کیسر - مصری پانچ درم اُنچاس دن تک لے تو دفع ہون یا ۱۰۰ درم بھر کڑا کی چھال پیسکر ۱۶ سیر پانی مین اوٹاوے جب اُس کا آٹھوان حصّہ رہے تب اُتار کر اس چھان لے پھر اُس رس مین ناگر موتھا ایک درم سونٹھ مرچ سیاہ ایکدرم پیپل ایک درم - ترپھلا ۳ درم - رسوت ۱۰ درم - چترک ۲ درم - اندر جو ایک درم - بیج ایک درم - ان سب کو باریک پیسکر ایک تولہ قند سیاہ کی چاشنی مین ملاوے پھر اُسمین پاؤ سیر روغن اور ۸ گائے کا ملاکر پھر پاؤ بھر شہد مین ملاکر ہر روز کھاوے تو سب طرح کی بواسیر - امل پت - اتیسار - تلی - سنگرہنی - دُبلاپن - سوجن - ان سب کو علٰحدہ انوپان سے اور اکم مٹھے کے استعمال سے ان سب بیماریون کو دور کرتا ہے یہ کڑا کی چھال کا اولیہ ہے یا کاکن کے پھل چھ یا آٹھ عدد ہر روز مصری کے ساتھ ایک مہینے تک کھاوے تو دونون قسم کی بواسیر دور ہون - یا ست گلو - پارہ مصفا - گندھک مصفا - بیجا بول - موچرس - یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے یہ سب چیزین ملاکر تین ماشہ ہر روز شہد کے ساتھ اکیس دن تک کھاوے تو دونون بواسیر - اتیسار - جریان - پردر - بھگندر - یہ سب بیماریان دفع ہون - یہ بیجا بول بدھو رس ہے یا بسنت مالتی رس بعدستی پیپل دو یا چار عدد شہد اور مصری کے ساتھ پچیس دن کھاوے تو دونون بواسیر اور سنگرہنی جاوین یہ علاج بید رہس مین لکھا ہے ۔ بواسیر سے قبض ہوکر مسّہ اونچا ہوآوے اور کھجلی اور خون بہے اُس مسّے مین جونک لگاکر خون نکلوا ڈالے تو بواسیر جاوے اُسکے برابر اور کوئی علاج نہین ہے یہ بید رہس مین لکھا ہے صفرا اور خون کی بواسیر کو خونی بواسیر جانو - اور سب کو بادی جانو -

بلغمی بواسیر کی علامتین] مقعد کا مستہ موٹا اور کچھ درد لیے اونچا اور بھاری بلغم سے لپٹا ہوا کھجلی زیادہ کرے اور ڈھیلی معلوم ہو پیڑو مین اپھرہ اور مقعد مین کھجلی بہت آدے اور سانکٹ کھانسی - چھاتی مین درد - تنفر - خناق - موتر کرچھر - دردسر - بدہضمی - یہ سب ہون اور سردی لگے اور بلغم سے لپٹا ہوا فضلہ اترے اور مقعد کے مستّے سے خون نہ نکلے اور بدن کا رنگ زرد اور چکنا سج آئون ہو یہ جسکی علامتین ہون اُسکو بلغم کی بواسیر جانو -

بلغم کی بواسیر کا علاج] ایک تولہ ادرک کو جوش دے کر اکیس دن تک پیا کرے تو بلغمی بواسیر دور ہو یا ہلدی مین تھوہر کے دودھ کی سات پٹ دے کر مستّے مین لیپ کرے تو مستا دور ہو - پاتر پھلا - دش مول - چترک - کالا نسوت - داتیو لی یعنی بیخ املتاس یہ پانچون سیر بھر لے کر کوٹے اور ۲۰ سیر پانی مین اکیس دن تک رکھے اور دوائیون کے ساتھ ۔ سیر قند سیاہ بھی پانی مین ڈالے پھر جنتر کے ذریعہ سے شراب کے مانند عرق نکلوا لے پھر ایک درم ہر روز پیے تو بلغمی بواسیر دور ہو یہ داتیو لی کا عرق ہی اور یہ نام گرنتھ مین تحریر ہے

سنپات کی بواسیر کی علامتین

جو بادی صفرا اور بلغم کی ملی ہوئی علامتین ہین وہی اسکی بھی علامتین جانو -

سنپات کے بواسیر کا علاج] ادرک ۳ تولہ - مرچ سیاہ ایک تولہ - پیپل پاؤ بھر - چب ایکتولہ - ناگ کیسر ایکتولہ - پیپلا مول ایکتولہ - چترک ایکتولہ - اجمود ایکتولہ - زیرہ ایکتولہ - ان سبکو باریک پیسکر ۳۰ تولہ قند سیاہ مین بقدر ۲ درم کی گولی باندھے اور صبح کے وقت ایک گولی کھا دے اور پرہیز سے رہے تو سنپات کی بواسیر موتر کرچھر بادی کے عارضے - سنگرہنی - پیلیا - گولا - پھیا سانک - کھانسی - قے - اتیسار - ہچکی - ان سب بیماریون کو علیحدہ علیحدہ بدرقون سے جلد دور کرتا ہے - جیسے کہ تیل مین پانی ڈالتے ہی لحظہ بھر مین پھیل جاتا ہے ویسے ہی دوا بھی بدرقون کی طاقت سے پھیل جاتی ہے - یہ بڑا گنگا سرب سنگرہ نام پستک مین لکھا ہے پاتر پھلا - بیج - سونٹھ - بھنی ہوئی ہینگ - پاڑہ - بچ - جواکھار - دار ہلدی - چب - کٹکی - اندرجو - بادیان - پانچون نمک - پیپلا مول - بیل گری - اجمود - مرچ سیاہ - پیپل - تج - تیزپات - الائچی - ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر گرم پانی سے بقدر دو درم کھاوے تو سنپات کی بواسیر

ساں نک - بدن کی یہ سوزش - ہچکی - کھانسی - بھگندر - درد پسلی - گولا - پیٹ کی بیماریان - جریان پانڈو روگ - اور آنتین بڑھ جاوین - سنگرہنی - شم جور - جیرن جور - پاگل پن - ان سب عارضون کو علیحدہ علیحدہ بدقون سے یہ نسخہ تمام چورن دور کرتا ہے اور یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - پارہ مصفا ایک تولہ - گندھک مصفا ایک تولہ - تامیشر ۳ تولہ - کانتی سار ایک تولہ سونٹھ ۲ تولہ - مرچ سیاہ ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - سنگی مہرہ مصفا ایک تولہ - دانتی جڑ ایک تولہ - چترک ایک تولہ - سہاگہ ۲ تولہ - بھنگری ایک تولہ - جواکھار ایک تولہ - سیندھا نمک ۵ تولہ - پیشاب مادہ گاؤ ۳۲ تولہ - تھوہر کا دودھ ۳۲ تولہ - ان سب کو برابر اکٹھا کر کے کڑاہی مین نرم آنچ سے پکاوے - جب اُسکی پنڈی بندھ جاوے تب بقدر دو ماشہ گرم پانی سے کھاوے تو لاعلاج بھی سنپات کی بواسیر جاوے یہ کٹھار رس ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے -

شیو جی کے مت سے بنا ہوا لوہسار جس سے بواسیر وغیرہ سب عارضے دور ہوتے ہین

بواسیر کو لاعلاج جان کر لوگون کے مرض دور کرنے کے لئے نارد جی نے سری مہادیو جی سے دریافت کیا کہ مہاراج سنبل وغیرہ کے لگانے سے مقعد کے مسّے دور ہوتے ہین مگر اس سے آدمی مر کر بچتا ہے اسلئے کوئی اور نہایت آسان علاج جس سے بواسیر دفع ہو فرمائیے تب مہادیو جی نے نہایت رحم اور مہربانی کر کے نارد جی کو ان سب کے بنانے کی ترکیب بتلائی جسکے کرنے سے بواسیر وغیرہ بے تعداد عارضے دور ہوتے ہین - کانتی لوہ یا پنج میل لوہ لے اُس کے پتر کرا کر اُن کو تیل - دہی - گائے کے پیشاب - کانجی - ترپھلا ان مین سے پہلے سات سات مرتبہ سودھے - پھر اُسکو - تو اگر اُسکے برابر مین سل - سونا مکھی لے - پھر ان دونون کو ریتے ہوئے لوہے کے سروے مین رکھکر چترک کی چھال کے رس سے اُن دونون کو سان کے برابر ریتے ہوئے لوہے مین اول دونون کو ڈالکر سروے مین بند کر بھاری گج پُٹ مین خوب دھونکنی سے پھونکے جب وہ دونون جل جاوین اور بو آنی بند ہو تب اُن کو نکالے اسی طرح اسکو دس مرتبہ پھونکے پھر ترپھلے کے رس سے پارہ اور ریتے لوہے کے آٹھوین حصے کو پکاوے اسی طرح چار مرتبہ اور راکھ کرے پھر اُن سب کو کھرل مین باریک پیسکر جب لوہسار پانی مین ترنے والا ہو تب لوہے کے سروے مین رکھ اُس کو ر

کو بش بھیرے کے رس کی ایک پٹ دے اسی طریقہ سے پھر تر پھلے کی ایک پٹ دے
پھر ادرک کی دس پٹ دے پھر زمین قند کی دس پٹ دے پھر چھیلے کے رس کی دس
پٹ دے پھر تھوہر کے دودھ کی دس پٹ پھر سانٹھی کے رس کی دس پٹ دے
پھر چھیتاور کے رس کی دس پٹ پھر گگو کے رس کی بیس پٹ پھر جامن کے چھلکے کی سات
پٹ پھر گولر کے چھلکے کی سات پٹ پھر گوار کے پٹھے کی دس پٹ پھر تیندو کی سات پٹ
پھر آملہ کے رس کی بیس پٹ پھر لیمو کے رس کی بیس پٹ پھر چھیلے کے چھلکے کے رس کی
دس پٹ دے سارکا بارہ حصہ شنگرف ڈالکر اس کو گوار کے پٹھے کے رس میں ملا دے
اور اس کی پٹ دے پھر اس میں گھی کی دس پٹ پھر شہد کی دس پٹ دے اور ہر ایک پٹ
میں کھرل کرتا جاوے اسی طرح اس سار کو بناوے جب اس طرح تیار ہو جاوے تو بقدر
ایک رتی شہد اور پیپل کے ساتھ لے اور شیوجی کی پوجا کرے اوم امرتم بھیام سواہا۔ اس
منتر سے کھاوے اور زیادہ سے زیادہ مقدار تین رتی صبح لے اور اسکے اوپر کھریٹی کا جوشاندہ
پیے اسی طرح تین مہینے تک اس کا استعمال رکھے تو بواسیر دور ہو اور وہ شخص نوجوان ہو کر
فربہ ہو جاوے اور بدہضمی۔ سانک۔ کھانسی۔ یرقان۔ بات رکت۔ امراض بول۔ خصیوں
کا بڑھنا وغیرہ لاعلاج عارضے بھی دور ہوں اور طاقت اور قوت خوب بڑھے بدن
میں تازگی آوے۔ عمر دراز ہو سب عارضے دور ہوں اور اس کا استعمال کرنے والا۔ پیٹھ
تیل۔ ماش۔ رائی۔ شراب۔ کھٹائی۔ یہ چیزیں نہ کھاوے۔ یہ طریقہ آترے اور بھاؤ پرکاش
میں لکھا ہے۔ یا پوست ہلیلہ کلاں ۲ درم۔ قند سیاہ کہنہ ۵ درم ان دونوں کو ملا پانی سے
ہر روز کھاوے اور اوپر سے مادہ گاؤ کے مٹھے کا استعمال کرے تو بواسیر جاوے۔ یا آندی
جھاڑ۔ نیلوفر کی جڑ۔ کھریٹی۔ دار ہلدی۔ پرسٹ پرنی۔ گوکھرو۔ اندرجو۔ سارو کے پھول
برگد کی کونپل۔ گولر کی کونپل۔ پیپل کی کونپل ان سب چیزوں کو دو دو تولے لے کچلکر
دو درم کا جوشاندہ کر چھان لے۔ پھر جیونتی کی جڑ۔ کنگی۔ پیپلا مول۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل
دیودار۔ چھتاور۔ صندل۔ رسوت۔ کائپھل۔ چترک۔ ناگرموتھا۔ پرینگ۔ کھریٹی۔ سال
پرنی۔ مغز کنول گٹہ مجیٹھ۔ کٹیلی۔ بھنگرہ۔ موچرس۔ پاڑہ۔ ان سب کو تین تین ماشہ

سے باریک پیسکر روغن زرد مادہ گاؤ اُس مین ایک سیر ملاکر دونون کو کڑاہی مین چڑھاکر
اوٹاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہ جاوے تب اُتارکر چھانے پھر اُس مین سے
ایک تولہ ہر روز کھاوے تو بواسیر جاوے یا پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ دونون کو برابر
لیکر جل کرے۔ پھر اُسپر گھی مل دے پھر دونون کے برابر بیجا بول اُس مین ڈال کر
رگڑکر ٹکیا باندھ کر پھر ٹکیا کو لوہے کے برتن مین آنچ دے کر پتلی کرکے برگ کیلہ
پر ڈھال کر اُس کی پپڑی کرے اس کا نام پرپٹی رس ہے۔ یہ بقدر تین رتی ہر روز
پندرہ دن تک استعمال کرے تو سنپات کی بواسیر جاوے یہ بید بنود مین لکھا ہے
اور مقعد کے مسّے کے سواے اور بدن مین کسی جگہ پر مسّہ ہو جسکو چرم کیل کہتے ہین
اُسکو آگ سے اور راکھ سے دور کرے۔

مسّے کا علاج] کھانے کا چونہ۔ سجی۔ سہاگہ۔ نیلا تھوتھا۔ ان سب کو برابر لے کر
لیمو کے رس مین تین دن تک بھگو دے پھر مسّے پر لگاوے تو مسّے دور ہون۔ یا
سیسے کی گولی کو روغن مادہ گاؤ مین گھس کر بواسیر کے مسّے پر دس دن لگاوے
تو بواسیر دب جاوے۔ یا شن کا نتا کی جڑ دو درم۔ مرچ سیاہ بیس درم۔ بھنگ
نصف ماشہ ہر روز گھوٹ کر پیئے تو بواسیر دبی رہے۔

لا علاج بواسیر کی علامتین

جس کی بواسیر مین سوزش۔ اتیسار۔ قے۔ درد بدن۔ پیاس۔ بخار۔ تنفر۔ بدہضمی۔ مقعد کا پکنا۔
چھاتی مین درد۔ یہ علامتین ہون وہ مریض جلد مرجاوے اور بواسیر والا پائخانہ اور
پیشاب نہ روکے عورت سے زیادہ جماع نہ کرے اور گھوڑے کی سواری بھی نہ کرے
اور اُکڑو بھی نہ بیٹھے اور کریلا۔ باجرہ وغیرہ گرم چیزین نہ کھاوے۔

باب چوتھا۔ اجیرن یعنی بدہضمی کی پیدایش

پہلے شخص کے مند اگن۔ تیچھن اگن۔ بکھم اگن۔ سم اگن۔ یہ چار قسم کے معدہ کی آگ ہوتی ہین۔
جس شخص کا بلغمی مزاج ہو اُسکے مند اگن یعنی نرم آتش اور جس کا صفراوی مزاج ہو اُس کے
تیچھن اگن اور جس کا بادی مزاج ہو اُسکے بکھم اگن اور جسکے صفرا باد اور بلغم تینون سے

ملا ہوا مزاج ہو اُسکے سم اگن ہوتی ہے۔

مند اگن کی علامتین] مند اگن والے کو تھوڑا اور فائدہ مند کھانا بھی اچھی طرح ہضم نہین ہوتا اور اُسکا سر اور پیٹ بھاری رہے بدن مین اعضا شکنی ہو۔

تیچھن اگن کی علامتین] بہت بھی کھایا ہو کھانا اچھی طرح ہضم ہو جاوے۔ یہ اگن اچھی ہوتی ہے۔

بکھم اگن کی علامتین] کبھی اچھی طرح اور کبھی بُری طرح سے کھانا ہضم ہو۔ اور اپھارا۔ درد شکم۔ اور پیٹ بھاری اور اتیسار۔ اور پیٹ بولا کرے۔ یہ علامتین جسمین ہون تو بکھم اگن اُسکو سمجھنا چاہیئے۔

سم اگن کی علامتین] جس کے سم اگن یعنی برابر ہاضمہ کی آگ ہوتی ہے اُسکے اندازے کا کھانا اور اجیرن مین بھی بہت کھایا ہوا بھاری کھانا ہضم ہو۔ یہ سم اگن تینوں اگنون سے عمدہ ہے اس اگن سے کسی طرح کا فساد نہین ہوتا۔ اور جو لگی ہوئی بھوکھ کو کسی سبب سے روکے تو بھی جلد بیماری نہین ہوتی اور تیچھن اگن بھوک کو روکتے ہی جلد صفراوی مرضون کو پیدا کرتی ہے۔ اس سبب سے سم اگن نہایت عمدہ ہے اور مند اگن سے بلغم اور تیچھن اگن سے صفرا اور بکھم اگن سے بادی کے عارضے ہوتے ہین اور سم اگن سے کوئی بیماری نہین ہوتی ہے۔

بھسمک روگ کی پیدایش علامت اور علاج

تیکھی چیز وغیرہ اور روکھا کھانا کھاوے اُس کے بلغم گھٹے اور باد صفرا بڑھے تب صفرا ہوا سے تحریک ہوکر بھسمک کے عارضے کو اور بھسمک اگن کو شکل بیماری پیدا کرتا ہے اُسوقت جو کھاوے وہ ایک لحظہ مین ہضم ہو جاتا ہے اُسکو بھسمک روگ کہتے ہین۔ پیاس۔ سوزش اور بیہوشی کو ظاہر کرکے کھائی ہوئی غذا اور سب دھاتون کو کھا کرکے آدمی کو مار ڈالتا ہے۔

اجیرن روگ یعنی بدہضمی کے عارضے کی پیدایش

بہت پانی پیے وقت بے وقت کھانا کھاوے اور پاخانہ و پیشاب روکے دن مین سوئے

رات کو جاگے ایسے شخص کو پرہیزی کھانا بھی ہضم نہیں ہوتا یا آنکھوں پر غیض و غصہ و خوف و طمع یا کوئی بیماری سنگنی ہو اور نفرت کرنے والی غذا لے اتنی باتوں سے آدمی کو کھانا ہضم نہیں ہوتا۔

اجیرن کی معمولی علامتیں] دل میں نفرت۔ بدن بھاری۔ پیٹ میں اپھار جریان رہے۔ ریاح بخوبی صادر نہ ہو۔ قبض ہو۔ بار بار فضلہ رقیق رجوع رہے۔ جس میں یہ علامتیں ہوں اُسکے اجیرن جانو۔

اجیرن کی قسمیں] اجیرن چھ قسم کا ہے۔ ایک تو وہ جو میٹھا کچا کھانا مقعد کے ذریعہ جاوے اور بلغمی مزاج لیے بدہضمی ہو اُسکو آنون کہتے ہیں دوسرا کچھ کھٹائی لیے فضلہ اُترے اور صفرا لیے تیجس اگن ہو اُسکو بدگدہ کہتے ہیں تیسرا وہ جو کھایا وہ کھانا کوکھ میں ہی رہے ہضم نہ ہو اور درد شکم اور اپھار رہے اور کچا ہی کھانا مقعد کے ذریعہ سے جاوے اور بادی مزاج کا کھیم اگن ہو اُسکو بشٹبدہ کہتے ہیں۔ چوتھا وہ جو کھانا کھاوے اور اچھی طرح ہضم نہ ہو یا پاخانہ پتلا ہو اُسکو رس شیکھ کہتے ہیں پانچویں وہ جو کھانا ایک دن اور رات میں ہضم ہو دوسرے دن بھوک لگے وہ اچھا اور فساد نہیں کرتا ہے اُسکو دن پاک کہتے ہیں چھٹا اجیرن جو آپ ہی ہمیشہ رہے اُسکو پرت باسر کہتے ہیں یہ اجیرن بائیں کروٹ سونے اور گرم پانی پینے اور محنت کرنے اور ہلیلہ کے استعمال سے دفع ہوتا ہے۔

آنون کے اجیرن کی علامتیں

بدن بھاری رہے۔ قے کرنے کی خواہش ہو۔ جیسا کھانا کھاوے ویسا ہی بنا رہے گرمی سے طرح طرح کے عارضے ہوں مع دھوئیں کے کھٹی ڈکار آوے اور پسینہ آوے

بشٹبدہ اجیرن کی علامتیں

درد شکم۔ اپھار۔ اور بادکے طرح طرح کے درد ہوں پاخانہ اور ریح رکجاوے بدن جکڑ بند ہو

رس شیکھ اجیرن کی علامتیں

کھانے سے نفرت ہو۔ چھاتی میں درد ہو۔ بدن بھاری رہے۔

رس شیکھ اجیرن کا فساد] بیہوشی۔ بکوا۔ قے۔ اعضا میں درد۔ خشک۔ یہ

فساد ہون تو وہ مر جاوے۔ بیوقوف آدمی بد ہضمی مین جانور کے موافق زیادہ کھانا کھاوے تو اُسکی ہوا تھوڑی آنون کے فسادون سے بند ہوکر جب آگ کی راہ کو نہین روکتی ہے تب اجیرن مین بھی بھوک لگتی ہے اُس کچی بھوک مین جو شخص کھانا کھاتا ہے وہ کئی مرضون مین مبتلا ہوکر مرجاتا ہے۔

بسوچکا یعنی ہیضہ یا باشی کی علامتین

جس شخص کے مندا گن مین پہلے آنون کا اجیرن ہو پھر وہ جانور کے موافق زیادہ بھاری کھانا کھاوے تو اُسکے ہیضہ۔ بیہوشی۔ اتیسار۔ قے۔ تشنگی۔ درد۔ اعضاشکنی۔ جمائی۔ سوزش اور بدن کی رنگت اور کی اور ہو جاوے اور رعشہ۔ چھاتی اور سر مین درد۔ اور بدن مین یہ معلوم ہو کہ جیسے سوئی چھدتی ہے۔ جس مین یہ علامتین ہون اُسکو بسوچکا اور باشی کہتے ہین اس کے فساد سے نیند نہ آوے۔ سب سے تنفر رعشہ۔ موتر کرچھر یعنی امراض مثانہ۔ ہوش جاتا رہے۔ جس مین یہ فساد ہون وہ مر جاوے۔

آلس کی علامتین اشتدہ ہوکے اجیرن سے پیٹ مین اپھار ہو آنت مین آواز ہو۔ ہوا پھرنے سے رک کر کوکھ مین گھومے پائخانہ اور پیشاب اور ریح رک جاوے پیاس زیادہ لگے۔ ڈکار بہت آوین جس شخص مین یہ علامتین ہون اُسکو آلس جانو۔

بلمبکا کی علامتین کھانا کھایا ہوا ہضم نہو۔ اوپر نیچے نہ جاوے۔ دانت لب۔ ناخون کالے ہون۔ ہوش جاتا رہے۔ قے ہو۔ آنکھین بیٹھ جاوین۔ آواز گھون گھون ہوسکے بدن سست اور کمزور پڑ جاوے جسمین یہ علامتین ہون وہ مر جاوے۔

اجیرن جاتا رہا ہو اُس کی علامتین

ڈکار اچھی آوے۔ بدن مین قوت اور دلیری ہو تجوبلی تمام پائخانہ پیشاب آوے اور ریح صادر ہو۔ بدن ہلکا ہو۔ بھوکھ پیاس اچھی طرح لگے تو اجیرن دفع ہوا جانو۔

ضعف معدہ اور اجیرن ہیضہ وغیرہ کا علاج

پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ ان دونون کو بقدر دو دو درم باریک پیسکر ۴ درم قند سیاہ کے ساتھ پانی سے ہر روز کھاوے تو آنون کا اجیرن دور ہو اور بھوک بڑھے۔ یا پوست ہلیلہ

اور سیندھا نمک - انکا ہر روز استعمال رکھے تو اجیرن دور ہو اور بھوکھ لگے اجترک - اجمود -
سیندھا نمک - زنجبیل - مرچ سیاہ - یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر دو درم گائے کے
چھاچھ کے ساتھ پندرہ دن تک استعمال کرے تو بھوکھ بڑھے اور بدہضمی - پلہی
(تلی) بواسیر جاوے اور جو آنون کا اجیرن ہو تو خراسانی بچ اور نمک کی قے کرانے سے
جاوے - بدگندہ اجیرن ہو تو فاقہ کرانے سے دفع ہو - لشٹبدہ اجیرن ہو تو سینک سے جاوے
رس شیکھ اجیرن ہو تو سونے سے دفع ہو - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - اجمود - سیندھا نمک
دونون زیرہ - ہینگ بھنی ہوئی - ان سبکو برابر لے کر پیس کر ایک یا دو درم کھچڑی میں
گھی سے ملا کر پہلے لقمے کے ساتھ ہر روز کھاوے تو اجیرن کبھی نہ ہو - اسکا نام ہنگو اشٹک
چورن ہے - یا جو اکھار - سجی - چترک - الائچی - پانچون نمک - تیرت - بھارنگی - ہینگ بھنی ہوئی
پپلا مول - چوب - نسوت - ناگر موتھہ - اندرجو - ڈانسرہ - املبید - زیرہ - آملہ - پوست ہلیلہ
اجوائن - پیپل - ملون کا کھار - سجنہ کا کھار - چچیلے کا کھار - سار - یہ سب دوائیان برابر
لیکر باریک پیسکر کپڑ چھان کر بجورے کے رس کی آٹھ پٹ دے پھر دو درم پانی کے ساتھ
کھاوے تو بہت بھوکھ لگے - اور اجیرن - بابو گولا - پیٹ کا فساد - خصیون کا بڑھنا - بات
رکت - ان سب بیماریون کو یہ اگن مکھ چورن دور کرتا ہے - یا آک - تھوہر - چترک - اونٹکٹارا
کھار - ساٹھی - تل - آندھی جھاڑہ - چھلا ہوا کیلا - ڈانسرہ - ان سب کا علیحدہ علیحدہ کھار
نکالکر باریک پیسکر ادرک کے رس کی پانچ پٹ دے - پھر ایک درم ٹھنڈے پانی سے
سویرے کے وقت کھاوے تو بدہضمی کبھی نہ رہے - بھوکھ بہت بڑھے اور علیحدہ ہی بدرقون سے
بے تعداد عارضون کو دور کرے - یا سانبھر نمک ۲ تولہ - نمک سیاہ ایک تولہ - بائے بڑنگ ۵ درم - سیندھا
نمک پانچدرم - کشنیز پانچدرم - پیپل پانچدرم - پیپلا مول پانچدرم - چب پانچدرم - املبید پانچدرم
فلفل سیاہ پانچدرم - زیرہ دو درم - زنجبیل ۲ درم - انار دانہ ۱۰ درم - تج ایکدرم - سرچ پانچدرم - کالا زیرہ
پانچدرم - ناگکیسر پانچدرم - الائچی ایکدرم - ان سبکو باریک پیسکر ۱۲ ماشے گائے کے مٹھے سے یا کانجی
سے کھاوے تو گولا - پیا - پیٹ کے عارضے - بواسیر - سنگرہنی - قبض - شول - سوجن - سانپ - کھانسی
آنون کا فساد - پانڈروگ - سوزہضمی وغیرہ سب طرح کے اجیرن کو یہ بنایا ہوا لون بھاسکر چورن دور کرتا ہے - سیندھا نمک

ایک درم پیپلا مول ۲ درم چب ۳ درم چترک ۴ درم - زنجبیل ۵ درم پوست ہلیلہ ۱۰ درم ان
سب سے دونی مصری لیکر اُسکو پیس کر ۱ درم ہر روز کھاوے تو اجیرن دور ہو اور بھوکھ بہت لگے اسکا
نام ہرڑ دانل چورن ہے - یا گندھک مصفا ۲ تولہ - پارہ ایک تولہ - سارہ درم تانبے کی راکھ ۵ درم
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان دونوںکو اُس مین ملادے پھر ان چارون کو لوہے کے
برتن مین آگ پر چڑھا کر پگھلا دے پھر ہوشیاری سے ارنڈ کے پتون پر ڈھالے پھر اُسکو باریک
پیس کر کھرل مین ڈال کر سو تولہ جمیری نیمو کے رس مین سانے پھر اُس مین بجوریکا رس سو تولہ بھر
سکھاوے - پھر اُس مین پیپل - پیپلا مول - چب - چترک - زنجبیل - اُنکا کاڑھا کیکے اُس کا تھے
کی بچاس پٹ دے پھر جب وہ سوکھ جاوے تب ان سب کے برابر بھنا ہوا سہاگہ ڈالے اور سہاگہ
سے آدھا کالا نمک ملاوے اور سب کی برابر فلفل سیاہ ڈالے پھر اُس مین چنے کی کھار کی سات
پٹ دے پھر تیار کر بہت عمدہ صاف برتن مین رکھ چھوڑے پھر اُس مین سے بقدر دو ماشہ کھاوے
اور اوپر سے سینٹھ کا نمک ملا کر گائے کا مٹھا پیے تو سب طرح کا اجیرن دور ہو اور بہت قوی غذا
ہضم کرے اور شول - گولا - اپھارہ - بھیا - مرض شکم وغیرہ کو بھی یہ رس دور کرتا ہے - یا جوانکھار - سجی سہاگہ
پارہ مصفا - گندھک مصفا - پیپل - پیپلا مول - چب - چترک - زنجبیل - ان سبکو برابر لے اور سب کے برابر بھنی
ہوئی بھنگ اور بھنگ سے آدھی بیج سہجنہ لیکر انکو بھنگ کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر سہجنے
کے رس مین ایکدن کھرل کرے پھر چترک کے رس مین ایک دن کھرل کر دھوپ مین سکھاوے
پھر اُسکو سکورہ مین کپڑ مٹی کر پھونکدے پھر نکال کر سات دن ادرک کے رس مین کھرل کر بقدر
ایک رتی یا دو رتی شہد سے کھاوے اور اوپر سے قند سیاہ کا جوشاندہ پیے تو فوراً سب قسم کے
اجیرن اور اپھارہ - سنگرہنی - بلغمی عارضے - قے - تنفس - ان سبکو دور کرتا ہے اور بھوکھ بڑھاتا ہے یہ
جوالانل رس ہے اور بھاؤ پرکاش مین تحریر ہے یا گندھک مصفا - فلفل سیاہ - نمک سیاہ - چوک
ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر بقدر دو درم پانی کے ساتھ کھاوے تو تنفس دور ہو - یا پارہ مصفا
پانچ درم - گندھک مصفا پانچ درم - سنگی مہرہ مصفا پانچ درم - فلفل سیاہ دس درم - جائپھل دو درم
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرلے اُس مین سبکو ملا کر ڈالے سرنے کے رس مین پانچ روز کھرل کرے پھر
بقدر ایک رتی سات دن کھاوے تو بھوکھ بڑھے اور بہت جلد اجیرن دور ہو اسکا نام رام بان رس ہے

یا پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ اجمود۔ ترپھلا۔ جوانکھار۔ چترک۔ سیندھا نمک۔ سفید زیرہ۔ نمک سیاہ۔
یا سے بڑنمک۔ سانبھر نمک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لے اور سب کے برابر بکائن
کے پھل لے کر پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے اوپر لکھی چیزیں دن میں ملا دے پھر جمیری
لیموں کے رس میں سات روز کھرل کرکے بقدر ایک رتی گولی بنا کر ہر روز ایک گولی کھا دے تو
بھوک لگے اُسکے اوپر پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ تخم سیاہ ان کا جوشاندہ پیے تو سب عارضے دور ہوں
اسکا نام اگن تنداوٹی گولی ہے۔ یا زنجبیل ایک حصہ۔ فلفل سیاہ دو حصہ۔ پیپل تین حصہ۔ سیندھا
نمک چار حصہ۔ گندھک مصفا پانچ حصہ۔ ان سبکو باریک پیسکر لیموں کے رس میں دس روز کھرل کرے
پھر ایک رتی کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھا وے تو بھوک بڑھے اسکا نام چھیدبود دوررس
ہے یا بڑنون۔ نمک سیاہ۔ اجوائن۔ دونوں زیرہ۔ پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ چترک۔
ال بید۔ اجمود۔ کشنیز۔ ٹوانسرو۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر دو درم ہر روز کھا وے تو تپ تلی ہضم
ہو جاوے کھانا کیا چیز ہے۔ یا گندھک مصفا۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ زنجبیل۔ سیندھا نمک۔ جوانکھار۔
لونگ۔ ان سب کو برابر لے باریک پیسکر لیموں کے رس میں دس دن کھرل کرے۔ پھر ایک رتی
کے برابر گولی باندھکر ہر روز ایک گولی کھا وے تو بھوک بڑھے۔ یا پوست ہلیلہ چھ حصے۔ پیپل
چار حصے۔ چترک دو حصے۔ سیندھا نمک ۲ حصے۔ ان کو باریک پیسکر دو درم پانی کے ساتھ کھاوے
تو اجیرن جاوے اور بھوک لگے۔ یا بھنا سہاگہ دو درم۔ پیپل دو درم۔ سنگی مہرہ مصفا دو درم۔ بھنی ہوئی
ہینگ دو درم۔ فلفل سیاہ دو درم۔ ان سبکو باریک پیسکر لیموں کے رس میں دس روز کھرل کرے
پھر مٹر برابر گولی باندھکر ایک یا دو گولی پانی کے ساتھ کھا وے تو اجیرن اور ہیضہ دور ہوں یہ
اجیرن کنٹک رس ہے۔ یا سنگی مہرہ مصفا دو درم۔ بھنا سہاگہ دو درم۔ فلفل سیاہ دو درم۔ سیندھا
نمک دو درم ان سبکو باریک پیسکر اُسمیں ادرک کا رس پاؤ سیر ڈالکر سکھا وے پھر دہی کا پانی
ایک سیر ڈالکر سکھا وے پھر لیموں کا رس ایک سیر لے کر اُسمیں سکھا وے پھر اُسکی گولی بقدر دو رتی
باندھکر ایک گولی ہر روز پانی سے کھا وے تو اجیرن۔ اپھارہ۔ بیماری شکم گولا۔ چھپا۔ درد شکم۔
یہ سب دور ہوں اور بھوک بڑھے اُسکا نام کربیاد رس ہے۔ یا دار چینی ۱۰ درم۔ الائچی دس درم
لونگ پندرہ درم۔ بھنا ہوا سہاگہ دس درم۔ چترک دس درم۔ فلفل سیاہ پانچ درم۔ سیندھا

نمک تین تولہ - ان سبکو باریک پیسکر گرم پانی سے بقدر ایک درم کھاوے تو اجیرن بہت جلد دفع
ہو - اسکا نام بھی کربیادچورن ہے - یہ سب علاج بیدرہس مین لکھے ہین - یا زنجبیل فلفل سیاہ
پیپل - ترپھلا - پانچون نمک - سُہاگہ بجھا ہوا - جواکھار - سجی - پارہ - گندھک مصفا - بنگی ہیرہ مصفا
ان سب کو برابر لیکر پارہ اور گندھک کو حل کر اُسمین ان سبکو ملاکر ادرک کے رس کی سات
پٹ دیکر ایک رتی کے اندازے کی گولی باندھے پھر ایک یا دو رتی لونگ کے جوشاندہ کے
ساتھ کھاوے تو اجیرن بہت جلد دفع ہو اور بھوک بڑھے یہ بھید ھاساگر نام رس ہے - یا ہلیلہ کلان
لیکر گاے کے مٹھے مین باونا دے پھر اُنکی گٹھلی نکال اُن مین زنجبیل فلفل سیاہ - پیپل - چیب
چترک - دارچینی - پانچون نمک - بھنی ہوئی ہینگ - جواکھار - سجی - دونون زیرے - اجمود سونٹ
ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر لیمون کے رس کی دس پٹ دے پھر اُن کے برابر چوک ملاکر سب
بھرے پھر ان کو دھوپ مین سکھاکر ایک ہلیلہ ہر روز کھاوے تو بدہضمی ضعف معدہ بیماری کم
گولا - شول - سنگرہنی - قبض - اپھارہ - آنون بات - ان سب کو یہ دور کرکے بھوک بہت بڑھاتا ہے
اسکا نام ادرک ہرتکی ہے - یا فلفل سیاہ سات درم - اجوائن دو درم - چترک دو درم - پیپل
ے درم - نمک سیاہ دو درم - سانبھر نمک دو درم - سینڈھا نمک دو درم پارہ مصفا ایکدرم گندھک مصفا
ایکدرم - پیپلامول دو درم - پوست ہلیلہ ۲ تولہ زنجبیل ۳ تولہ - پوست بہیڑہ پانچدرم - زیرہ ایکدرم
چیب پانچدرم - ان سب سے آدھی لونگ لیکر پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے پھر
دوائیون کو باریک پیسکر اُس مین ملاکر ادرک کے رس کی دس پٹ دے اور سب کی برابر
چوک ملاکر دو ماشہ بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو اجیرن بہت جلد دفع
ہو اور اس کا استعمال ہمیشہ رکھے تو بھوک بڑھے اور عارضے دور ہون اور بدن مین تازگی
لاوے اس کا نام لونگ امرت گٹکا ہے - یہ سب بیدرہس مین لکھا ہے - یا دارچینی پانچدرم -
لونگ دس درم - دونون زیرہ دس درم - سینڈھا نمک بیس درم - زنجبیل دس درم - فلفل
سیاہ پانچدرم - اجمود پانچدرم - پوست ہلیلہ پانچدرم - تیزپات پانچدرم - ڈانسرو دس درم - نمک سیاہ
دس درم - ستوت پندرہ درم - سونامکھی پاؤ سیر - انار دانہ آدھ سیر - ان سب کو برابر پیسکر لیمون
کے رس کی دس پٹ دے پھر ان سب کو برابر چوک ملاکر سکھاوے پھر مرتبان مین رکھ

ایک درم پانی سے کھائے تو اجیرن۔ قبض۔ سو ہضمی۔ پیٹ کی بیماریان۔ گولا۔ کھیا وغیرہ سب
عارضے دور ہوتے ہین۔ اس چورن کا نام راج بلبھ ہے یا پوست ہلیلہ۔ پیپل۔ نمک سیاہ۔ ان
سب کو برابر لے اور باریک پیسکر دو درم گرم پانی کے ساتھ پئے تو اپھارہ وغیرہ سب اجیرن دور ہون
یا مویز منقے۔ واکھ۔ پوست ہلیلہ جہری ان سب کو برابر لیکر شہد ملاکر دو درم کی گولی بنا دے
پھر ایک گولی پانی سے کھاوے تو اجیرن جاوے یہ برندنام گرنتھ مین لکھا ہے۔ یا زیرہ۔ نمک
سیاہ۔ زنجبیل۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ اجمود۔ بھُنی ہوئی ہینگ۔ پوست ہلیلہ۔ ان سب کو چھ چھ
ماشہ بھر لے اور باریک کرکے بقدر دو درم پانی گرم سے کھاوے تو بہت جلد اجیرن دور
ہو اور بھوک لگے اسکا نام زیرکادچورن ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے۔ یا اجمود پوست ہلیلہ
چترک۔ لونگ۔ دارچینی۔ سیندھا نمک۔ ان سب چیزون کو برابر لیکر اور پھر باریک پیسکر
بیماری کے اندازے سے پانی کے ساتھ کھاوے تو اجیرن دور ہو اور بھوک بڑھے یہ اجمود
آدک چورن سرب سنگرہ مین لکھا ہے۔ یا گندھک مصفا ایک تولہ۔ چترک
دو درم۔ مرچ سیاہ دو درم اور پیپل پانچ درم۔ جو اکھار دو درم۔ سیندھا نمک ایکدرم۔ نمک سیاہ
ایکدرم۔ سانبھر نمک ایکدرم ان سبکو برابر پیسکر لیمون کے رس مین سات روز کھرل کرے۔ پھر
ایکدرم کی گولی باندھکر ایک گولی پانی کے ساتھ کھاوے تو اجیرن۔ شول۔ گولا۔ اپھارہ
آنون کا فساد وغیرہ بہت جلد دور ہون۔ یہ گندھک بٹی سرب سنگرہ مین لکھی ہے۔
بشوچیکا یعنی ہیضے کا علاج] ایک پوتھیا بسن ایک عدد۔ زیرہ۔ گندھک مصفا
سیندھا نمک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ بھُنی ہوئی ہینگ ان سب کو برابر لیکر کھرل مین
خوب پیسکر لیمو کے رس کی پچاس پٹ دے پھر اُسکی گولی چھوٹے بیر کے برابر بناے
ایک گولی پانی سے دے تو بشوچیکا اور اجیرن دور ہون۔ بھوک بڑھے۔ یہ جیرکادک گٹیکا
راج مین لکھا ہے۔ یا سے پڑنگ۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ بہیڑہ۔ خراسانی
بچ۔ گلو۔ بھلانون مصفا۔ سنگی مہرہ مصفا۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر گاے کے پیشاب
مین ایک دن کھرل کرے پھر اوسکو رس [illegible] بھنگرے [illegible] کھرل کرے پھر [illegible] گولی باندھے [illegible] ایک گولی
دے تو اجیرن جاوے اور دو گولی دے تو بشوچیکا یعنی ہیضہ جاوے اور تین گولی دے تو

سانپ کا کاٹا اچھا ہو اور چار گولی دے تو سنپات اچھا ہو۔ اس کا نام سنجیونی گٹکا ہے۔ یا بھنا
سہاگہ پانچ درم۔ پارہ مصفا پانچ درم۔ گندھک مصفا پانچ درم۔ سنگی مہرہ مصفا پانچ درم
زرد کوڑی کی راکھ دو درم۔ سجی دو درم۔ پیپل دو درم۔ زنجبیل دو درم۔ فلفل سیاہ دو درم
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اور پھر ان سب دوائیوں کو جمیری لیمو کے رس میں
آٹھ روز تک کھرل کرے اور پھر رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی بشوچیکا یعنی ہیضہ
والے کو دے تو اسی وقت اچھا ہو اس کا نام اگن کمار رس ہے یا آک کے پتوں کا رس
ایک سیر۔ دھتورے کے پتوں کا رس ایک سیر۔ تھوہڑ کا دودھ ایک سیر سہجنہ کی جڑ کا
رس ایک سیر۔ کوٹ ۲ تولہ۔ سیندھا نمک ۲ تولہ۔ تیل ایک سیر۔ کانجی کا پانی ۴ سیر
ان سب کو اکٹھا کر کڑاہی میں نرم آنچ سے پکاوے جب سب رس سوکھ جاوے اور تیل
رہ جاوے تب اس تیل کی مالش کرے تو بشوچیکا اور کچھا گھات جاوے یہ بیدوں میں تجربہ کیا
ہے۔ بیخ کنج - بیخ آندھی جھارہ - پوست نیم - گلو - کڑائی چھال - ان سب کو برابر لیکر
دو درم کا کاڑھا تین دن دے تو بشوچیکا دور ہو۔ یا پوست ہلیلہ - بیج - بھنی ہوئی ہینگ
اندرجو - بھانگرہ - نمک سیاہ - اتیس - ان سب کو برابر لیکر باریک پیس کر دو درم پانی
کے ساتھ کھاوے تو بشوچیکا دور ہو - یا الائچی چار ماشہ - لونگ چار ماشہ - افیون ایک ماشہ
جائپھل ۲ ماشہ ان کو باریک پیسکر چار ماشہ گرم پانی سے کھاوے تو بشوچیکا بہت جلدی
اچھی ہو - یا چوک کو اوٹا کر اس کا ایک سیر رس نکال کر اس میں سیندھا نمک پانچ درم
کوٹ ایک تولہ - تیل پاؤ بھر ان سبکو ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل
رہ جاوے تب اس کی مالش کرے تو بشوچیکا دور ہو - یا جو کا آٹا ۲ تولہ - جواکھار پانچ درم ان کو
مٹھے میں پکا کر گرم گرم مالش کرے تو درد شکم اور بشوچیکا دور ہوں - یا روغن تلخ کی گرم گرم مالش
کرے تو کوکھ کا درد دور ہو - یا ہیضہ میں پیاس بہت بڑھے تو لونگ کا جوشاندہ دینے سے
پیاس دور ہو یا بشوچیکا بہت بڑھے تو اسکی پسلی داغ دے تو بشوچیکا دور ہو - یا بیج بجورا
زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - ہلدی - تخم کنج انکو برابر لیکر کانجی کے پانی میں باریک پیس کر
انجن کرے تو بشوچیکا دور ہو یہ سرب سنگرہ میں لکھا ہے -

السں بلبکا کا علاج] صابون چھ درم۔ نیلا تھوتھہ دس درم انکو پانی سے خوب پیسکر مقعد مین لگا دے تو جلدی بند چھوٹے اور السں بلبکا دور ہو۔ یا دار ہلدی۔ چوک۔ کوٹ۔ بادیان انگورہ۔ سینڈھا نمک انکو برابر لیکر کانجی کے پانی مین باریک پیسکر گرم کر پیٹ مین ملے تو السں بلبکا دور ہو یا جو کا آٹا آدھ پاؤ اُس مین ایکتولہ بھر بچ ملاکر پکا دے پھر گرم گرم مالش کرے تو بشو چکا اور السں بلبکا دور ہون۔

کیڑون کی پیدائش کی علامت اور علاج

پہلے کیڑے دو قسم کے ہین ایک باہر کے۔ دوسرے اندر کے۔ باہر والے تو دو جگہ مین پیدا ہوتے ہین ایک تو مَل سے پیدا ہوتے ہین اور دوسرے پسینے سے جیسے جون اور لیکھ۔ جم جون وغیرہ۔

اندر کے کیڑون کی پیدائش کا بیان

اجیرن مین کھانا کھا دے اور ہر روز میٹھا کھٹا اور چپلا کھا دے اور کھانا کھا کر محنت نہ کرے اور دن مین سو دے اور برخلاف کھانا کھا دے تو اُس شخص کے پیٹ مین کیڑے پڑ جاتے ہین یہ کیڑے گڈولہ وغیرہ سے بیس قسم کے ہین۔

شکم مین گڈولہ وغیرہ کیڑے پڑ گئے ہون اُسکی علامتین

تپ ہو آدے بدن کا رنگ اور کا اور ہو جاوے۔ درد شکم ہو۔ چھاتی مین درد ہو سنے شک کھانے مین تنفر۔ اتیسار۔ یہ علامتین جس مین ہون تو جانو کہ شکم مین گڈولہ کیڑے ہین

کیڑون کے دور کرنے کا علاج] خراسانی اجوائن بقدر دو درم باسی پانی سے سات روز پیے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون۔ یا ایکدرم پلاس پاپڑے کو پانی مین پیسکر دو درم شہد ڈالکر پانچ روز پیے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون۔ یا دو درم بابے برنگ کو باریک پیسکر شہد کے ساتھ سات روز کھا دے تو پیٹ کے کیڑے جاوین۔ یا بابے برنگ۔ سینڈھا نمک۔ پیپت ہلیلہ۔ جوا کھار۔ ان سب کو برابر لے کر باریک پیسکر دو درم مٹھے کے ساتھ سات دن پیے تو پیٹ کے کیڑے گر پڑین یا ۱۰ درم نیم کے پتون کے رس مین ایک درم نمک سیاہ ملاکر سات دن پیئے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون۔ یا بارہ مصفا ایکدرم۔ گندھک مصفا دو درم۔ خراسانی اجوائن تین درم۔ بکائن کے پھل چار درم۔ پلاس پاپڑہ پانچدرم۔

ان سب کو باریک پیسکر دو درم ہر روز یا پنجدرم شہد کے ساتھ سات روز تک کھاوے تو پیٹ کے کیڑے دور ہوں۔ اور یہ سرب سنگرہ میں لکھا ہے۔ یا ناگرموتھہ ترپھلا۔ دیودار بیج سہجنا انکو برابر لیکر کچلکر پانچدرم کا کاڑھا سات دن پیئے تو پیٹ کے کیڑے جاویں یا بایبڑنگ سیندھا نمک۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ پیپل۔ کیلا۔ نمک سیاہ ان سبکو برابر لیکر باریک پیس کر دو درم گرم پانی سے سات دن پیئے تو پیٹ کے کیڑے جاویں یہ بید بنود میں لکھا ہے

سر میں جوں اور لیکھ پڑگئی ہوں اُنکے دور کرنے کا علاج

دھتورے کے پتوں کے رس میں یا ناگربیل کے پتوں کے رس میں پارہ ملاکر بالوں میں ملے تو جوں اور لیکھ مرجاویں۔

مقعد میں چُنے پڑگئے ہوں اُن کے دور کرنے کا علاج

ہینگ کو پانی میں باریک پیسکر مقعد پر ملے تو چُنے دور ہوں یا کاہو کے پھول۔ بایبڑنگ بیج کرباری۔ چندن سفید۔ رال۔ جَس۔ کوٹ۔ بھلاوان۔ لوبان۔ ان سب کو برابر ملاکر دھونی دے تو چُنے اور گھر کے مچھر اور کھٹمل بھی دور ہوں یہ بیدرہس اور بید بنود میں لکھا ہے

پانڈروگ کا یعنی یرقان۔ نمک کے پیدایش کی علامت اور علاج

پہلے پانڈروگ باد۔ صفرا۔ بلغم۔ سنپات۔ مٹی کھانے وغیرہ سے پانچ قسم کا پیدا ہوتا ہے۔

پانڈروگ کی پیدایش] نہایت فکر اور محنت کرنے سے کھٹی یا تیکھی چیز کھانے یا سونے سے باد۔ صفرا۔ بلغم۔ آدمی کے خون کو بگاڑکر بدن کی جلد کو زرد کر دیتا ہے۔

پانڈروگ کی پہلی شکل کی علامتیں] جلد پھٹنے لگے۔ بدن میں درد ہو۔ مٹی کھانے کی خواہش رہے۔ آنکھوں میں کچھ سوجن ہو۔ پاخانہ اور پیشاب بھی زرد ہوں غذا ہضم نہو۔ جس میں یہ علامتیں ہوں تو بید بتلاوے کہ تمہارے پانڈروگ ہوگا۔ اس پانڈروگ کو عوام میں پیلیا بھی کہتے ہیں۔

بادی پیلیا کی علامتیں] جسکی جلد روکھی۔ پیشاب میں جلن۔ آنکھیں دکھتی ہوں۔ یا کالی اور سرخ ہوں اور بدن میں رعشہ و درد۔ اپھار۔ شک۔ چکر وغیرہ ہوں تو بادی کا پیلیا جانو

صفراوی پیلیا کی علامتیں] جس کا پیشاب اور آنکھیں زرد ہوں بدن میں درد

پیاس جلن بخار ہو اور پتلا فضلہ ہو اور بدن کی جلد زرد ہو تو صفرا دی پیلیا جانو۔
بلغمی پیلیا کی علامتیں] منھ سے بلغم نکلے۔ بدن میں سوجن ہو۔ اونگھائی سستی اور بدن بھاری ہو جلد اور پیشاب اور آنکھیں سفید ہوں تو بلغمی پیلیا کی بیماری جانو۔
سنپات کی پیلیا کی علامتیں] کسیلی مٹی کھانے سے باد کا فساد ہوتا ہے اور میٹھی مٹی کھانے سے بلغم کا فساد ہوتا ہے۔ پھر وہی مٹی سات دھاتوں کو اور کھائے ہوئے کھانے کو روکھا کر ڈالتی ہے پھر وہی مٹی پیٹ میں بگڑ کر کچی ہوئی نسوں کو پھلا دیتی ہے یا رس کو چلنے سے روک دیتی ہے تب سب حواسوں کی قوت جاتی رہتی ہے اور بدن کی طاقت بھی زائل ہوتی ہے پھر وہی مٹی بدن کی جلد کو زرد کر کے طاقت۔ نور۔ قوت ہاضمہ دور کرتی ہے۔ تب اسکو غنودگی سستی۔ سانس۔ کھانسی۔ بواسیر تنفر۔ اور آنکھیں۔ پانوں شکم آلت وغیرہ جگہوں پر سوجن ہو۔ پیٹ میں کیڑے۔ اتیسار ہو اور فضلہ۔ بلغم خون وغیرہ سے ملا ہو۔ یہ جس میں علامتیں ہوں تو مٹی کھانے کی پیلیا جانو۔
پیلیا کے لاعلاج ہونے کی علامتیں] بدن کا خون جاتا رہے۔ بدن سفید پڑ جاوے دانت۔ ناخن آنکھیں زرد ہو جائیں۔ اور جس کو سب چیزیں زرد ہی نظر آویں اور سب بدن میں سوجن اور اتیسار اور بخار بھی ہو۔ ایسا پانڈو روگ ہو تو وہ مریض مر جاتا ہے۔
کاملا روگ کی علامتیں] جو پیلیا کا بیمار گرم چیزیں بہت کھاتا ہے۔ اس کا صفرا خون اور گوشت کو جلا ڈالتا ہے اور آنکھیں اور جلد اور ناخن اور منھ وغیرہ ہلدی کے مانند زرد ہو جاویں اور پاخانہ اور پیشاب خون کا اترے۔ حواسوں کی قوت جاتی رہے۔ جلن ہو کھانا ہضم نہ ہو۔ کمزوری ہو اور اشتہا نہ ہو یہ جس میں علامتیں ہوں اسے کاملا کی بیماری جانو۔
ہلیمک روگ کی علامتیں] جس پیلیا کے مریض کے باد۔ صفرا بڑھتے اور جلد ہری زرد سیاہ ہو اور طاقت۔ ہمت جاتی رہے اور اونگھائی۔ سو رہنی۔ اور تھوڑا سا کھانا جلن۔ پیاس۔ تنفر۔ شک یہ سب ہوں اور عورت کی صحبت اچھی معلوم نہ ہو۔ بدن میں درد ہو تو ہلیمک کی بیماری جانو۔

پانڈو روگ کا علاج] سار کو گائے کے پیشاب مین سات دن پکاوے پھر باریک
پیسکر پانی سے ایک درم قند سیاہ کے ساتھ چار رتی پندرہ دن تک پیئے تو پیلیا جاوے
یا اس بیمار کو مانڈور گائے کے پیشاب مین پکا کر ایک درم قند سیاہ کے ساتھ پندرہ دن
دے تو پیلیا جاوے یا سانٹھی کی جڑ۔ نسوت۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ بابے بڑنگ۔
دار ہلدی۔ چیترک۔ کوٹ۔ ہلدی۔ ترپھلا۔ دراتیونی۔ چیب۔ اندرجو۔ کٹکی۔ پیپلا مول۔ ناگرموتھ
کاکڑا سنگی۔ خراسانی اجوائن۔ کائپھل۔ ان سب کو برابر دو دو تولہ لیکر باریک پیسکر اور
ان سب کا دوگنا مانڈور ملا دے پھر ان سب کو اُٹھنگنے گائے کے پیشاب مین پکا کر ایکدرم
کی گولی باندھے اور ایک گولی گائے کے مٹھے کے ساتھ ملا کر پندرہ دن کھاوے تو لاعلاج
بھی پیلیا کی بیماری دور ہو۔ اور کاملا۔ ہلیک۔ سانک کھانسی۔ راج روگ۔ بخار۔ سوجن
شول۔ چھیا۔ اپھار۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ کیڑون کی بیماری۔ بات۔ رکت۔ کوڑھ ان سب
عارضون کو یہ پنیر نواد مانڈور رس دور کرتا ہے یا پوست ہلیلہ پانچدرم۔ چھال بہیڑہ پانچدرم
آملہ پانچ درم۔ زنجبیل پانچ درم۔ فلفل سیاہ پانچدرم۔ پیپل پانچدرم۔ ناگرموتھ پانچ درم۔
بابے بڑنگ پانچدرم۔ چیترک پانچدرم۔ مارا ہوا سار ۵ تولہ۔ ان سب کو باریک کرکے پیسے
پھر سار ملا کر نو رتی شہد کے ساتھ یا روغن زرد کے ساتھ یا گائے کے مٹھے کے ساتھ یا گائے
کے پیشاب کے ساتھ پیئے تو پیلیا۔ سوجن۔ سوء ہضمی۔ بواسیر۔ تنفر۔ ان سب عارضون کو
دور کرتا ہے اس کے کھانے کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے دن دو رتی کھاوے پھر دن بدن دو
رتی کے حساب سے اٹھارہ رتی تک بڑھاوے یہ نواستے چورن ہے یا اڑوسہ۔ گلو۔ پوست نیم
ترپھلا۔ چرائتہ۔ کٹکی۔ ان سب کو برابر لیکر کچلکر دو دو درم کا کاڑھا کر اور شہد ملا کر دس روز تک
کھاوے تو پانڈو روگ۔ رکت۔ پت۔ کاملا۔ ہلیک۔ یہ سب دور ہون یا ترپھلا۔ گلو۔ دار ہلدی
نیم۔ انکے علیحدہ علیحدہ رسون مین شہد ملا کر دس روز پیئے تو پیلیا۔ کاملہ۔ ہلیک یہ سب
جاوین یا ڈرکھل کے رس کا آنکھون مین انجن کرے تو پیلیا۔ کاملہ۔ ہلیک جاوین۔ یہ
بید رہس مین لکھا ہے۔ یا چرائتہ۔ کٹکی۔ دیودار۔ ناگرموتھا۔ گلو۔ پٹول۔ دھماسہ۔
پت پاپڑہ۔ پوست نیم۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ چیترک۔ ترپھلا۔ بابے بڑنگ۔

ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر ان کے برابر ان مین سار ملا کر ایکدرم شہد کے ساتھ یا ٹھے کے ساتھ روز کھاوے تو پلیپا کاملہ ۔ ہلیمک ۔ سوجن ۔ جریان ۔ سنگرہنی ۔ سانس ۔ کھانسی ۔ بواسیر ۔ رکت ۔ پت ۔ آم بات ۔ گولہ ۔ کوڑھ یہ سب دور ہون اس کا نام اشٹادشانگ اولیہ ہے اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے ۔ یا کڑوی توبنی کے رس کا ناس لے تو اُسی وقت پلیپا دور ہو اور پلیپا کا مریض ۔ گندم ۔ برنج ۔ مونگ ۔ ارہر ۔ جو ۔ مسور یہ غلہ کھائے ۔

باب پانچوان

امراض پت راج روگ چھئی روگ شوکھ روگ کاس روگ ہچکی اور ضیق النفس سے رکت پت کے پیدا ہونے اور علامت کے بیان مین

بہت دھوپ مین رہنے اور محنت کرنے اور بہت چلنے اور زیادہ جماع اور فکر کرنے اور گرم کھاری اور کڑوی اور نمک کھٹائی کے کھانے سے صفرا جل کر بدن کے خون کو جلا ڈالتا ہے ۔ تب اُس کا خون دو طرح سے رجوع ہوتا ہے ایک اوپر دوسرا نیچے ۔ اوپر تو ناک ۔ آنکھ ۔ کان ۔ منھ مین سے اور نیچے کا آلت عورت کی جاے پوشیدہ اور مقعد سے ہوکر نکلتا ہے اور زیادہ تر جب خون فاسد ہوتا ہے تو سب بالون سے نکلتا ہے ۔

رکت پت کی پہلی شکل] بدن مین درد اور رتے ہو ۔ ٹھنڈا کچھ اچھی معلوم ہو اور منھ سے دھوان نکلے ۔ منھ مین خون کی بو آوے تو جانو کہ رکت پت ہوگا ۔

بلغی رکت پت کی علامتین] ٹھنڈا ۔ زرد ۔ چکنا ۔ مور کے پر کے مانند خون ہو تو بلغمی جانو ۔

بادی رکت پت کی علامتین] سیاہ ۔ جھاگ سمیت ۔ بہت باریک دھار سے سوکھا خون ہو تو بادی کا جانو ۔

صفرا کے رکت پت کی علامتین] کتھے کے کاڑھے کے مانند سیاہ ۔ گائے کے پیشاب اور روشنائی کے مانند چکنا خون ہو تو صفرا کا جانو اور یہ سب علامتین خون مین پائی جاوین تو سنپات کا جانو ۔ ناک ۔ منھ ۔ آنکھ ۔ کان مین ہوکر خون جاوے تو باعلاج سمجھو اور مقعد اور آلت اور عورت کی جاے پوشیدہ سے ہوکر خون نکلے تو وہ مشکل سے اچھا ہو اور

راہون سے جاوے تو لا علاج ہے۔

رکت پت کے فساد] جس کا بدن بسبب بیماریون کے ناطاقت اور دُبلا ہوا ورفاقہ کرتا ہو تو لا علاج جانو ورسا تک۔ کھانسی۔ بخار۔ قے اور پیلیا کے مریض کے مانند جلن۔ غشی۔ چھاتی مین درد اور پیاس اور اتیسار والے کے مانند کھانے سے نفرت ہو تو رکت پت کا فساد جانو اور رکت پت والے کو آسمان سُرخ نظر آوے اور آنکھین لال ہون اور خون کی ڈکار آوے۔ اور سب جگہ خون سا نظر آوے تو لا علاج جانو۔

رکت پت کا علاج] نکسیر والے کے مُنھ مین خون جاوے تو ہلیلہ۔ ترپھلا۔ نسوت۔ کرمالا یعنی املتاس۔ ان کا جلاب دے تو رکت پت جاوے اور نیچے کی راہ کا رکت پت قے کرانے سے جاتا ہے۔ یا خس۔ کنول گٹہ۔ اڑوسہ۔ گلو۔ اصل السوس۔ مہوا۔ ناگر موتھہ۔ سُرخ صندل۔ کشنیز ان سب کو برابر لیکر کچلکر دو درم کا کاڑھا شہد ڈالکر پیے تو رکت پت جاوے۔ یا پرینگ کے پھول۔ پٹھانی لودھ۔ رسوت۔ چکنی کی مٹی۔ اڑوسہ۔ ان سب کو برابر لیکر آٹھ درم کا کاڑھا شہد اور مصری ملاکر دس روز پیے تو رکت پت جاوے۔ یا دوب کے رس کی یا انار کے پھولون کی رس کی یا املتاس کے رس کی یا ہلیلہ کو ٹھنڈے پانی مین پیسکر اُس کی ناس دے تو نکسیر بہنا دور ہو یا دوب اور آملہ کو پیسکر سر مین لیپ کرے تو نکسیر جلد بند ہو یا پختہ گولر یا چھوہارہ یا داکھ شہد سے کھاوے تو رکت پت دور ہو یہ سب بید بنود مین لکھے ہین۔ یا کشنیز۔ آملہ۔ اڑوسہ۔ داکھ۔ پت پاپڑہ ان سبکو برابر لیکر نو یا چھ درم ٹھنڈے پانی مین بھگو کر پانی سے پیسکر چھانکر پیے تو رکت پت جور یعنی بخار اور داہ۔ پیاس یہ سب جاوین۔ یا منقے داکھ۔ سفید چندن۔ پٹھانی لودھ کے پھل۔ پرینگ انکو برابر لے کر باریک پیسکر شہد سے دس روز چاٹے تو رکت پت دور ہو یا بسنت مالتی رس یا بول بدھ۔ پرپٹی رس جو پیچھے لکھے ہین اُن سے بھی نکسیر اچھی ہوتی ہے۔ اور پیاز کے رس کی ناس لے تو نکسیر اچھی ہو۔ یا سو مرتبہ کا دھویا ہوا روغن زرد سر مین ملے تو نکسیر بند ہو یا بڑا بکا میٹھا لیکر اُسکے بیج اور چھلکے دور کر پانی مین پکاکر ٹھنڈا کر گاڑھے کپڑے مین اسکا پانی چھان کر اُس پانی کو علیحدہ برتن مین رکھے اور میٹھے کو کڑاہی مین گھی

سے بھونے جلنے نہ دے پھر اُس پیٹھے کے رس مین مصری کی چاشنی کرے اُس مین پیٹھے کو ڈالے اور پیپل ۱۰ درم۔ زنجبیل ۱۰ درم۔ زیرہ ۲ درم۔ کشنیز ۵ درم۔ پترج ۵ درم۔ الائچی ۵ درم۔ مرچ سیاہ ۵ درم۔ تج ۵ درم۔ طباشیر ۵ درم۔ ان سب کو باریک پیسکر پاؤ سیر شہد کے ساتھ اُس چاشنی مین ملادے۔ پھر اُس مین سے ایک تولہ یا دو تولہ بھر ہر روز کھاوے تو خونی صفرادی بخار۔ پیاس۔ جلن۔ پردر۔ چھینٹا یعنی کمزوری قے سر بھنک کاس۔ ہچکی۔ ان سب بیماریون کو یہ گرشانڈا اولیہ دورکر کے بدنمین تازگی لاتا ہے۔ یا الائچی۔ پترج۔ بنسلوچن۔ تج۔ داکھ۔ پیپل ان سب کو دو دو تولہ بھر لیکر پھر باریک پیسکر مصری ملیٹھی۔ داکھ چھوہارہ ان سب کو تولہ تولہ بھر لے کر پھر باریک پیسکر اُس مین ملاکر دو درم شہد مین ملاکر ۲ ماشے کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو رکت پت سانکہ۔ کھانسی۔ صفرادی بخار۔ ہچکی۔ بدہضمی۔ بیہوشی۔ شک۔ پیاس۔ درد پسلی تنفر۔ سر بھنک۔ چھینی۔ ان سب کو یہ ایلادگٹکا دور کرتا ہے اور بدن مین تازگی لاتا ہے۔ یہ ایلادگٹکا ہے اور بیدرہس مین لکھا ہے۔

راج روگ اور شوکھ روگ کی پیدائیش علامت اور علاج

راج روگ پانچ قسم کا ہے۔ باد کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ سنپات کا۔ چھاتی مین چوٹ لگنے کا اور شوکھ روگ چھ قسم کا ہے۔ ایک تو عورت کے بہت جماع سے۔ دوسرے نہایت فکر کرنے سے۔ تیسرے گنبھیر گھاؤ اور چھاتی مین بہت چوٹ لگنے سے۔ چوتھا بہت راہ چلنے سے۔ پانچوان بہت محنت کرنے سے۔ چھٹا بڑھاپے سے۔

راج روگ کی پیدائیش | پاخانہ اور پیشاب اور رتج کے روکنے اور منی کی کمی ہونے اور اپنی طاقت سے باہر کام کرنے اور بے وقت زیادہ کھانا کھانے وغیرہ سے رس کی بہنے والی نسین رُک کر منی کو زائل کر دیتی ہین۔ اس سبب سے کہ اس عارضے مین بلغم مالک ہے اور یہ بلغم عورت کے ساتھ زیادہ جماع کرنے سے تردد کھ رو سب یعنی بشکل تینون خلطون کے راج روگ ہوکر پیدا ہوتا ہے اور رس کے بہنے والی ناڑیون کو روک کر اور منی کو زائل کر کے پھر ساتون دھاتون کو زائل کرتا ہے تب وہ

شخص ہر روز سوکھتا جاتا ہے یہ راج روگ کی پیدائش ہے۔
راج روگ کی پہلی شکل] سانس۔ بدن میں درد۔ کھانسی میں بلغم تھوکے اور بال سوکھ جاوے۔ قے۔ ضعف معدہ۔ خناق۔ کھانسی۔ زیادہ نیند۔ آنکھوں میں سفیدی۔ اور گوشت کھانے اور جماع کرنے کی خواہش رہے تو جاننا چاہیئے کہ راج روگ پیدا ہونے والا ہے۔
راج روگ کی علامتیں] پسلی اور کندھوں میں درد۔ ہاتھ پاؤں میں جلن۔ سب بدن میں بخار رہے یہ علامتیں ہوں تو راج روگ جانو۔ یا کھانے سے نفرت اور سانس اور کھانسی ہو۔ منھ سے خون آوے۔ اچھی طرح بولا نہ جائے۔ یہ علامتیں ہوں تو راج روگ جانو۔
بادی کے راج روگ کی علامتیں] سر بھید اور شول ہو۔ کندھے اور پسلی سکڑ جاویں یہ باتیں ہوں تو بادی کا راج روگ جانو۔
صفرا کے راج روگ کی علامتیں] بخار۔ جلن۔ اتیسار ہو۔ منھ میں خون آوے تو صفرا کا راج روگ سمجھنا چاہیئے۔
بلغم کے راج روگ کی علامتیں] پیشانی بھاری رہے۔ کھانے سے تنفر ہو۔ کھانسی ہو گلے سے بولا نہ جاوے تو بلغم کا راج روگ جانو۔ یہ سب علامتیں ملی ہوئی ہوں تو سنپات کا راج روگ جانو۔ چھاتی میں چوٹ لگنے سے جو راج روگ پیدا ہوتا ہے اسکی علامتیں درد سر ہو۔ منھ سے خون کی قے کرے۔ بدن میں رکھائی ہو وہ راج روگ لاعلاج ہے۔ یا جسکی آنکھیں سفید ہوں۔ کھانے سے نفرت اور سانس کا عارضہ اور جریان بڑھ جاوے اور بہت پیشاب کرے وہ بیمار زندہ نہیں رہتا۔
راج روگ کے بیمار کی مدت زندگی] نہایت ذی علم اور علاج کرنے والا اور سب طرح سے تجربہ کار اور عاقل اور ہوشیار بید ملے اور بیمار جوان زردار اور تندرست بید کا فرمانبردار اور ضابطہ حواس ہو تو ہزار دن تک زندہ رہے۔ اس سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا۔

باعلاج راج روگ کے بیمار کی علامتین] جس کے بخار نہ ہو اور طاقتور ہو اور جیبھ کی ذری ہو لی کڑوی اور کسیلی سوا لگا جاوے اور اُسکو بھوکھ زیادہ لگے اور بدن مضبوط اور تازہ ہو ایسے بیمار کا علاج کرنا چاہیئے۔

زیادہ جماع سے جو شوکھ روگ پیدا ہوتا ہے اس کی علامتین

آلت اور فوطون مین درد ہو اور جماع کرنے کی طاقت نہ رہے۔ پھر ہڈیان زائل ہون اور تیچھے کہے ہوئے راج روگ کے فساد ہون بدن زرد اور فکر مند معلوم ہو اور عضو ناطاقت ہوجاوین یہ علامتین ہون تو جانو کہ اسکو جماع کرنے سے شوکھ روگ ہوا ہے اور فکر کرنے سے جو شوکھ روگ ہوتا ہے اس کی بھی یہی علامتین ہین۔ اس مین صرف منی زائل نہین ہوتی بدن سوکھتا جاتا ہے۔

جراشوکھ کی علامتین] دُبلا ہو کر منی۔ عقل۔ طاقت یہ جاتی رہین۔ بدن مین رعشہ اور کھانے سے نفرت ہو۔ دم گھون گھون بولے۔ بلغم بہت تھوکے۔ بدن بھاری رہے خناق اور روکھا بدن ہو جسمین یہ علامتین ہون تو جانو کہ جراشوکھی ہے۔

راہ چلنے کے شوکھ کی علامتین] یہ بھی جراشوکھی کی علامتون سے ملتا ہے۔ مگر جراشوکھی کی چھاتی مین درد نہین ہوتا اور راہ چلنے کے شوکھی کے ہوتا ہے۔

گھمبیر وغیرہ کے گھاؤ سے جو شوکھ روگ پیدا ہو اُس کی علامتین

بہت تیر اندازی سے اور بوجھ اُٹھانے سے چھاتی مین زور پڑتا ہے اور بہت جماع کرکے سوکھا کھانا کھاوے اُس کی چھاتی مین یہ درد پیدا ہوتا ہے اور چھاتی دُکھے پسلی مین درد رہے۔ بدن سوکھے۔ بدن مین رعشہ ہو۔ منی۔ طاقت۔ رنگ۔ اشتہا۔ ہضمہ یہ سب کم ہوجاوین اور خون تھوکے اور خون ہی قے کرے اور خون ہی پیشاب در پاخانہ کی راہ سے آوے اور پسلی اور کمر مین درد ہو اور سوکھ کر ہاگنگال کے مانند ہوجاوے اور اتیسار اور کھانسی ہوجاوے یہ سب علامتین ہون تو بدن شوکھ کی بیماری جانو۔

راج روگ اور شوکھ روگ کا علاج] طباشیر آٹھ درم پیپل چار درم۔ الائچی دو درم تج ایک درم۔ مصری سولہ درم۔ انکو باریک پیسکر شہد اور مسکہ کے ساتھ چاٹے تو راج روگ

سْواس۔ صفراوی بخار۔ پسلی کا درد۔ ضعف معدہ۔ نفرت۔ ہاتھ پیرون کی جلن۔ کہت پت
ان سب کو دور کرے یہ شیت پلّا داولیہ ہے۔ یا گلو۔ ست سار۔ یہ دونون بقدر ایکدرم
لیکر شہد اور مسکہ کے ساتھ چاٹے تو راج روگ دور ہو یا پارہ مصفا تین حصہ گندھک
مصفا ایک حصہ۔ سونیکی راکھ ایک حصہ۔ مینسل ایک حصہ۔ ان سب کو اکٹھا کرکے
زرد کوڑی مین بھرے پھر بکری کے دودھ مین سہاگہ کو پیس کر اس سہاگہ سے کوڑی
کا منھ بند کرے پھر کوڑی کو کلھڑے مین بند کر کے گجپٹ کی آنچ مین پھونکدے پھر ٹھنڈا
کرکے نکال لے یہ راج مرگانک رس ہے اسکو ایک مہینہ تک بقدر چار رتی تین پیپل سے اکیس
پیپل تک شہد اور مسکہ مین ملا کر کھاوے تو راج روگ ضرور دفع ہو یا تخم سینبھی کا نونہ
پانچدرم۔ تج پانچدرم۔ فلفل سیاہ پانچدرم۔ جاپھل پانچدرم۔ لونگ پانچدرم۔ ناگکیسر
سات درم۔ پیپل آٹھ درم۔ زنجبیل نو درم۔ ان سب کو باریک پیسکر سب سے دونی مصری
ملاکر شہد وغیرہ مختلف بدرقون سے ایک درم کھائے تو راج روگ۔ نفرت۔ ہچکی۔
سانس۔ کھانسی۔ گولا۔ بواسیر۔ قے اور گلے کی بیماریان ان سب بیماریون کو یہ دور
کرتا ہے اسکا نام کرپورادچورن ہے یا پارہ مصفا پانچدرم۔ گندھک مصفا پانچدرم
شنگرف دو درم۔ مینسل دو درم۔ ابھرک پانچدرم پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے
پھر اس مین یہ چیزین ملادے پھر ان سب کا آدھا سار ملادے پھر ان سب کو کھرل
مین ڈالکر چیتا ورکے رس کی چودہ پٹ دیکر سکھالے پھر دو رتی یا تین رتی مصری کے
ساتھ سویرے کے وقت کھاوے تو راج روگ اور باد صفرا وغیرہ کے سب بخارون کو دور کرتا
ہے اس کا نام مکرد ہیشور رس ہے اور بید رہسی مین لکھا ہے۔ یا برگ چولائی کو پکاکر خوب گھی ملاکر
ہر روز کھاوے تو راج روگ اور جسکو پیشاب بہت آتا ہو دور ہو یا بڑے بڑے پکے ہرے پانچسو
آملون کو پانی مین پکاکر ان کا رس نکالے اُس رس مین پچاس تولہ مصری کی چاشنی چاندی
کے برتن مین کرے پھر اس چاشنی مین یہ چیزین ڈالے۔ منقی۔ کشمش۔ اگر۔ چندن۔ کنول گٹہ
الائچی۔ پوست بلیلہ۔ کاکولی کا دودھ۔ کاکولی۔ ردہ۔ برده۔ میدہ۔ مہامیدہ۔ جیونک۔ رکھبک

سلہ اگر شکر یا مصری کسی چورن مین ملانا ہو تو دونی ملادے اور قند سیاہ ملانا ہو تو چورن کے برابر ملادے۔ یہ برہان آیوربدک کا ہے۔

انگو۔ کاکڑا سنگی۔ پوہکرمول۔ کچور۔ اڑوسہ۔ بداری قند۔ کہرٹی۔ شالپرنی۔ پرشٹپرنی دونون کٹیلی۔ بیلگری
ارنی۔ ارلو۔ کھمبار۔ ناگرموتھ۔ پاڑھ۔ ان دوائیون کو ایک ایک تولہ لیکر بہت باریک پیسے
اور آملہ کے رس کی بنی ہوئی چاشنی مین ڈالے پھر اس چاشنی مین چھ تولہ شہد ڈالے پھر پیپل چھ درم
بنسلوچن دو درم۔ تج ۲ درم۔ پترج ۲ درم۔ ناگکیسر ۲ درم۔ الائچی ۲ درم یہ سب باریک پیسکر ڈالے
پھر انکو ملاکر بقدر ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو راج روگ۔ سوکھہ روگ کو دور کرے۔ طاقت۔ نور۔ قوت
زیادہ ہو اور بوڑہے کو نوجوان کرے یہ چیون پراش اولیہ کرتا ہے اس کا نام چیون پراس اولیہ
ہے یا اڑوسے کا رس اور کٹیلی کا رس ایک تولہ لے اس مین شہد ایک درم اور پیپل دو درم ملاکر
ہر روز کھائے تو راج روگ دور ہو یا مرگانک ایک بھاگ۔ پارہ مصفا ایک بھاگ۔ ان بیدھے
موتی ۲ بھاگ۔ گندھک مصفا ۲ بھاگ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سب دوائیون
کو کانجی مین ایک روز کھرل کرے پھر اسکی گولی کرکے ایک سروے مین رکھکر کپروٹی کرے اُس کپوٹی
کئے ہوے سروے کو ایک نمک کی بھری ہوئی ہنڈیا مین رکھکر ایک دن تک آنچ دیکر نکالے جب
ٹھنڈا ہو تب نکالکر ایک یا دو رتی سویرے کے وقت مصری کے ساتھ کھائے تو راج روگ دور
ہو۔ یہ مرگانک رس ہے اور بید نبود مین تحریر ہے یا بڑی زرد کوڑی اور پارہ اور گندھک مصفا
برابر لیکر اسکو حل کرکے اُس کوڑیا مین بھرے اور اُس کوڑی کے منھ کو بھونے ہوے سہاگے
سے بند کرے پھر اس کوڑی کو سروے مین بند کرکے پٹ سے پچا تک دے جب ٹھنڈی ہو تب
نکالے اس مین سے بقدر ایک رتی کھاوے تو راج روگ۔ کھانسی۔ سانس۔ سنگرہنی۔
بخار۔ کا اتیسار۔ ان سب عارضون کو دور کرے۔ اسکا نام کپرد کیشر رس ہے اور سد ورت
پستک مین لکھا ہے اور راج روگ اور سوکھہ روگ والے کو دودھ اور میٹھا انار یہ فائدہ بخش
ہین یہ بزند نام پستک مین لکھا ہے یا سلاجیت مصفا کے استعمال سے راج روگ دور ہو۔ یہ
چرک مین لکھا ہے یا آملیس ترو دس درم۔ چترک دس درم۔ پوست بلیلہ دس درم۔ انار دانہ دس درم
جھتریک دس درم۔ امبو۔ سونٹھ پیپل۔ اجوائن۔ جھاؤ کی جڑ۔ زیرہ۔ کشنیز۔ جائپھل۔ لونگ۔ تج۔ تیز پات
الائچی یہ سب ڈھائی ڈھائی درم لیکر ان سب کے برابر مصری ملاکر باریک پیسکر ڈھائی درم ہر روز
بکری کے دودھ مین پیئے تو راج روگ۔ چھپی روگ۔ خناق۔ ہیضہ۔ جریان۔ اتیسار۔ پانڈو روگ

بات - پت کا روگ - پرمیہ - ان سب بیماریون کو یہ چورن دور کرتا ہے - یہ چہاتالیس آدچورن ہے اور بہاریت مین لکھا ہے - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - بچ - پترج - الائچی - لونگ - جاپہل - طباشیر - کپور - جاوتری - انار دانہ - ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر ان سب کے برابر اس مین عمدہ سار ملا وے اور ان سب سے دونی مصری ملاوے اور ۲۰ درم ہر روز بکری کے دودھ کے ساتھ کھاوے تو راج روگ - بدہضمی بیس قسم کے جریان کو دور کرتا ہے اور بدن کو تازہ کرے - اس کا نام شنشیاد چورن ہے - یا لونگ - کنکول - فلفل سیاہ - خس - چندن - تگر - کنول گٹہ - زیرہ سیاہ - الائچی - اگر - ناگ کیسر - پیپل - زنجبیل - چترک - تیز بالا - بھیم سینی کافور - جاپہل - طباشیر - ان سب کو برابر لیکر اور سب کے برابر مصری کو ملاکر بقدر ایکدرم ہر روز کھاوے تو راج روگ - بدہضمی - سانک - ہچکی - سنگرہنی - اتیسار - بھگندر - جریان ان سب کو دور کرتا ہے - اسکا نام لونگ آدچورن ہے یا ماری ہوئی ابرک ۴ تولہ - بھیم سینی کافور ۴ ماشہ - جاوتری ۴ ماشہ - خس ۴ ماشہ - تیجپات ۴ ماشہ - لونگ ۴ ماشہ - تالیس پتر ۴ ماشہ - دارچینی ۴ ماشہ - دارچینی کے پھول ۴ ماشہ - دھوئی کے پھول ۴ ماشہ - پوست ہلیلہ ۲ ماشہ - آملہ ۴ ماشہ - پوست بہیڑا ۲ ماشہ - زنجبیل ۲ ماشہ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان دوائیون کو باریک پیسکر پانی سے چنے کے برابر گولی باندھے اور چار گولی روز ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو راج روگ - سانک - کھانسی - درد شول - جریان - قے - آم پت - تنفر - سنگرہنی - بات رکت - ان سب بیماریون کو یہ گولی دور کرکے بدن کو فربہ کرتی ہے - اسکا نام خر نگار ابرک گٹکا ہے -

مدھو پکو ہڑ کے بنانے کا طریقہ | دس مول - پیپل - چترک - کونچ کے بیج - پوست بیلو کا پہل - فلفل سیاہ - پیپلامول - رودبہ - دانتیول یعنی بیخ المتاس - داکھ - دونون قسم کے ہلدی - آملہ - بلے - بڑ - تنگ - کاکڑا سنگی - دیودار - سانٹھی کی جڑ - کشنیز - لونگ - مغز املتاس گوکہرو - بدھارا - کوٹ - اندرائن - یہ سب ادویات بقدر دو درم لیکر پکا اور ۱۶ تولہ سیر پانی مین ان دوائیون کو ڈالے اور دواؤن کے ساتھ بہت عمدہ اور موٹی پختہ چار سیر ہلیلہ کلان ڈالکر نرم آنچ سے مٹکے مین اوٹا وے اور پھر ان ہڑون کو پانی سے نکال کر ٹھنڈا

کرلے۔ پھر عمدہ شہد مین پانچ روز تک ڈال رکھے پھر اُن کو شہد سے نکالکر اور شہد مین
ایسا ڈالے کہ شہد مین وہ ہڑین ڈوبی رہین۔ پھر ہڑ دن سمیت شہد کے برتن مین
تج۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ الائچی۔ پیپل۔ ان سب کو باریک پیسکر بقدر آٹھ تولہ چورن ڈالکر
ایک ہلیلہ ہر روز کھاوے۔ توراج روگ۔ شوکھ روگ۔ دمہ۔ کھانسی۔ ہچکی۔ متلے۔ بخار۔
امراض مثانہ۔ جریان۔ بات رکت۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ رکت پت۔ جلن۔ بھوت۔ بیوچھ
کونج۔ مرگی۔ پیلیا۔ ان بیماریون کو یہ شہد مین بنی ہوئی ہڑین دور کرتی ہین۔ یہ
دھنونتری سنگھتا مین لکھا ہے۔ یا پرانا گڑ پاؤ تار اور ادرک کا رس ایک تار اس
رس مین نرم آنچ سے قند سیاہ کی پتلی چاشنی کرے پھر تج۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ الائچی
لونگ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ان سب کو دو دو تولہ بھر لیکر اور باریک پیسکر ملاکر
بقدر ایک تولہ ہر روز کھاوے تو راج روگ۔ ضعف معدہ۔ سانک۔ کھانسی۔ ان
بیماریون کو دور کرتا ہے یہ ادرک کا اولیہ ہے۔ یا بکری کے دودھ مین برابر کا پانی ڈالکر
تین پیپل ڈالے اور ایک ایک ہر روز تیس روز تک بڑھاوے۔ پھر ایک ہی ایک
گھٹاوے۔ جب پانی سوکھ جاوے اور دودھ رہجاوے تب پہلے تو پیپل کھاوے
پھر اُس دودھ کو پیوے تو راج روگ۔ سانک۔ کھانسی۔ یہ سب بیماریان دور ہون۔ یہ
کاشی ناتھ پدہتی مین لکھا ہے۔ یا چار سیر پختہ منقی کشمش ایک من پانی مین اوٹاوے
جب چوتھا حصہ باقی رہجاوے تب اُس مین قند سیاہ کہنہ۔ بانسے۔ بڑنگ۔ پرینگ کے پھول
تج۔ الائچی۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ ان سب کو دو دو تولہ بھر لیکر ڈالکر شراب کے آلے سے انکا
عرق نکالکر ایک تولہ بھر ہر روز پیوے تو راج روگ۔ سانک۔ کھانسی دور ہون۔ یہ کشمش
کا آسب ہے اور جوگ ترنگنی مین تحریر ہے۔ یا مرگانگ۔ چاندی کا کشتہ۔ تانبے کی
راکھ۔ پارہ کی راکھ۔ ابرک کی راکھ۔ ان سب کو ایک ایک حصہ لے کر پھر اکٹھا ملاکر
ان مین علیحدہ علیحدہ آگے لکھی ہوئی دوائیون کی ایک ایک پٹ دے۔ بانسے۔ برہمڈنڈی
کاسپھل۔ ناگر موتھا۔ نرگنڈی۔ دس مول۔ چترک۔ ہلدی۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ و پیپل
کی پٹ دے کر آدھی رتی کی گولی باندھے ایک گولی روز کھاوے تو راج روگ

کھانسی۔ ہچکیا۔ گولا وغیرہ دور ہوں۔ یہ ترکیب امرت رس سے اور سار سنگرہ مین لکھا ہے یا بڑے
سنکھ کی راکھ کو تگاسے کے پیشاب مین ملاکر اور بڑی دو پیالی بنا کر اُس مین پارہ پانچدرم
گندھک پانچدرم ان دونون کو حل کرکے بھرے پھر کپروٹی کرکے گجپٹ مین پھونکدے
پھر اسکو پیالی سمیت پیسکر ایک رتی شہد کے ساتھ کھاوے تو راج روگ دور ہو یہ سار نو
مین لکھا ہے۔ یا گیلی تھوہڑ کی لکڑی ایک پاؤ۔ سیندھا نمک دو تولہ۔ نمک سیاہ دو تولہ
سانبھر نمک دو تولہ۔ بادنجان ایک نار۔ چیترک ۴ تولہ۔ ان سب کو باریک پیسکر بڑے
برتن مین رکھکر اور گجپٹ مین پھونکدے پھر اُسمین سے بقدر ایک ماشہ کھانا کھانے
کے بعد پانی سے کھاوے تو اُسی وقت کھانا ہضم ہوا اور راج روگ۔ سانک۔ بواسیر
جاوے اور آنون بہت جلد نکلجاوے اور پیٹ کا درد دور ہو۔ یہ بھیدراوک کھا رہے۔ یہ
رس راج بھی گرنتھ مین لکھا ہے یا سنکھ کی راکھ کو لیمو کے رس مین بجھا کر اُس راکھ
مین سے دو تولہ بھر کر اُس مین چیب دس درم۔ جواکھار دس درم۔ پانچون نمک ۱۰ درم۔
بھنی ہوئی ہینگ ۱۰ درم۔ سونٹھ ۱۰ درم۔ فلفل سیاہ ۱۰ درم۔ پیپل ۱۰ درم۔ پارہ ۱۰ درم۔ گندھک مصفا
۱۰ درم۔ سنگی بہرہ مصفا ۱۰ درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اُسمین یہ سب دوائین ملاوے
پھر لیمون کے رس مین چنے کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز لونگ کے ساتھ کھاوے
تو راج روگ۔ سنگرہنی۔ پیٹ کا درد۔ باؤگولا یہ سب دور ہون۔ یہ سنکھ بٹی جوگ ترنگنی مین لکھی ہے
انگست ہیڑ کا طریقہ] دس مول۔ تخم کوچ۔ سنکھا ہولی۔ کچور۔ کہرنٹی۔ گج پیپل۔
لٹ زیرہ۔ پیپلا مول۔ چیترک۔ بھارنگی۔ پوکر مول۔ یہ سب دوا چار چار تولہ بھر لے
اور ہلیلہ کلان ایک سو لے کر ان دواؤن کو کچلکر اور بیس سیر پانی مین دوا اور ہلیلہ
ملاکر اوٹاوے جب پانی چوتھا حصہ باقی رہے تب اُسکو اُتار کر اُس مین سے ہلیلہ
نکالکر اُن کی گٹھلی نکالکر اُن ہڑدن کو پیسے اور دو سو تولہ بھر قند سیاہ کی چاشنی کرے
اُسی چاشنی مین پسی ہوئی ہلیلہ ملاکر سولہ تولہ بھر تگاسے کا گھی ملاوے اور ایک درم
ہر روز کھاوے تو راج روگ۔ سوکھا روگ۔ کھانسی۔ ہچکی۔ سانک۔ بھم جوہر
سنگرہنی۔ بواسیر۔ بدہضمی۔ خناق۔ اتنی بیماریون کو یہ انگست ہیڑ ہتکی دور کرسکے بدان

کو فربہ کر بھوک بڑھا کر طبیعت صاف کر دیتی ہے۔ یہ اگست ہڑ کا طریقہ برند مین لکھا ہے۔ یاد و سیو تولہ بھیڑ دسہ کا کاڑھا کر اُس کا چوتھا حصہ علیحدہ چھانے پھر اُس کاڑھے مین بیس تولہ گڑ کی چاشنی بنالے اور اُس مین سولہ تولہ تل کا تیل اور سولہ تولہ گائے کا گھی ملا دے پھر آئین سو عدد ہلیلہ کلان کا پوست پیس کر ملا دے۔ پھر پیپل دو درم۔ پیپلا مول دو درم۔ مرچ سیاہ دو درم۔ پوہکر مول دو درم۔ چب دو درم۔ چترک دو درم۔ زنجبیل دو درم۔ ان سبکو باریک پیسکر اُس چاشنی مین ڈالے پھر ان سبکو اکٹھا کرکے قریب ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو راج روگ ضرور دور ہو اور بواسیر۔ کھانسی۔ سر بھید۔ سوجن۔ آم پت۔ پیلیا۔ بیماری شکم۔ بدہضمی ضعف باہ یہ سب اس دوا سے جاتے ہین۔ یہ دوا چرک مین تحریر ہے۔

کھانسی کی پیدایش کی علامت اور علاج

مُنھ مین دھوان اور دھول جانے سے اور روکھا اناج کھانے سے اور خلاف خوراک کھانے سے اور پاخانہ پیشاب اور چھینک کے روکنے سے کسی روغن چیز یا مولی وغیرہ کے اوپر پانی پینے سے کھانسی پیدا ہوتی ہے۔ وہ کھانسی سینے کی ہوا سے اور وہ ہوا حلق کی ہوا سے ملکر ان دونون ہواؤن کو بگاڑتی ہے۔ تب بگڑی ہوا اُس کی آواز کو کانسے کے پھوٹے ہوئے برتن کی طرح مُنھ مین ہی نہایت زور سے جلد نکالتی ہے۔ تب لوگ اسے کھانسی کہتے ہین وہ کھانسی کا عارضہ پانچ قسم کا ہوتا ہے۔ باد کا صفرا کا۔ بلغم کا۔ چوٹ لگنے کا۔ چھئی روگ کا اور ترتیب سے ایک ایک کی نسبت دوسرے کو بڑھکر جانو۔

کھانسی کی پہلی شکل] گلے مین کانٹے سے پڑین۔ کھجلی چلے کھانا کھایا نہ جاوے تب جاننا کہ کھانسی ہوگی۔

باد کی کھانسی کی علامت] چھاتی۔ کنپٹی۔ پیشانی۔ شکم۔ پسلی مین درد ہو۔ مُنھ اُترجاوے اور قوت و دم یہ سب زائل ہو جاوین اور لقمہ کھاتے وقت گلے مین درد ہو۔ سوکھا کھانسے گلا بیٹھ جاوے۔ یہ علامتین باد کی کھانسی کی ہین۔

صفرا کی کھانسی کی علامتین] چھاتی مین جلن اور بخار ہو۔ مُنھ سوکھے اور کڑوا مزا رہے۔ پیاس زیادہ رہے اور تے کڑوی کرے۔ اور بدن زرد ہو۔ یہ علامتین ہون

تو صفرا کی کھانسی جانو۔

بلغم کی کھانسی کی علامتیں] بلغم سے منہ لپا رہے۔ درد سر ہو۔ کھانے سے نفرت ہو بدن بھاری ہو۔ گلے میں کھجلی چلے۔ بلغم کی گانٹھیں تھوکے۔ یہ علامتیں ہوں تو بلغم کی کھانسی جانو۔

چھتج کھانسی کی پیدائش اور علامتیں

عورت سے بہت جماع کرنے۔ بوجھ اٹھانے۔ راہ چلنے۔ جنگ کرنے۔ گھوڑے اور ہاتھی کے دوڑانے۔ روکھا کھانا کھانے سے باد چھاتی میں جاکر کھانسی کو ظاہر کرتا ہے پہلے تو روکھا کھانسے پھر خون تھوکے۔ گلے میں بہت درد ہو۔ سُول ہو۔ اعضا شکنی ہو بخار۔ سانس۔ پیاس ہو۔ دم گھوں گھوں بولے اور کبوتر کی طرح بولا کرے۔ یہ علامتیں ہوں تو چھتج کھانسی جانو۔

چھئی روگ سے جو کھانسی پیدا ہو اس کی علامتیں

بدپرہیزی کرے اور اونچی نیچی جگہ بیٹھے۔ وقت بے وقت کھانا کھائے اور بہت جماع کرے پاخانہ اور پیشاب کو روکے بہت سووے اُس شخص کا معدہ ضعیف ہو کر باد۔ صفرا۔ بلغم تینوں کے فساد سے چھئی روگ کی کھانسی پیدا کرتا ہے وہ کھانسی بدن کو زائل کرکے بخار چلیں۔ غفلت کرتی ہے۔ تب وہ مار ڈالتی ہے۔ سوکھی کھانسی سے کمزور ہوتا جاتا ہے اور بدن کا گوشت اور خون سوکھتا جاوے۔ پیپ تھوکے تو لا علاج جانو۔

کھانسی کی لا علاج علامتیں] باد۔ صفرا۔ بلغم۔ ان تینوں کی کھانسی قابل علاج ہے اور چھت روگ اور چھئی روگ کی کھانسی اور بوڑھے آدمی کی کھانسی نا علاج جانو۔

کھانسی کی بیماری کا علاج] لونگ پانچ درم۔ مرچ سیاہ پانچ درم۔ پوست بہیڑہ پانچ درم کھیر سار پانچ درم۔ ان سب کو باریک پیس کر ببول کے پوست کے کاڑھے میں بقدر دو رتی گولی باندھے۔ ایک یا دو یا تین گولی سات دن تک کھاوے تو کھانسی دور ہو۔ یہ لونگ آدی گولی لولمبراج میں لکھی ہے۔ پارہ ایک درم۔ گندھک مصفا دو درم۔ پیپل تین درم پوست ہلیلہ چار درم۔ پوست بہیڑہ چار درم۔ کاکڑا سنگی پانچ درم۔ ان سب کو باریک پیس کر

چھال کے کاڑھے کی دو پٹ دے کر دو تولہ بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے
اور اوپر سے زنجبیل کا کاڑھا پیئے تو کھانسی دور ہو۔ یہ رس سموہ گرنتھ اور جوگ چنتامن
مین لکھا ہے۔ یا فلفل سیاہ دو درم۔ پیپل دو درم۔ پوست انار دس درم۔ قند سیاہ چار تولہ
جواکھار ایکدرم۔ ان سبکو باریک پیسکر چنے کے برابر گولی باندھے اور دو یا چار گولی ہر روز
کھاوے تو کھانسی دور ہو۔ یا پیپل پاکر مول۔ پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ کچور۔ ناگر موتھ۔ ان
سب کو باریک پیسکر قند سیاہ مین چھ رتی بھر کی گولی باندھے ایک یا دو گولی کھاوے تو
کھانسی دور ہو۔ یا زنجبیل کے جوشاندے سے کھانسی دور ہو یا ادرک کے رس مین
شہد ملا کر کھاوے تو کھانسی جاوے۔ یا کٹیلی۔ گلو۔ زنجبیل۔ پوہکر مول۔ ان سب کو برابر
لیکر اس مین اڑوسہ ملا کر جوشاندہ کرکے پیے تو کھانسی دور ہو اس کا نام چھدرادک
کاڑھا ہے۔ یا چھوٹی کٹیلی کا بھرتا کرکے اُس کے رس مین پسا ہوا پیپل ملا کر ہر روز پیے
تو کھانسی دفع ہو یا پوست ہلیلہ دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ پیپل دو تولہ
املبید دو تولہ۔ چپ دو درم۔ چترک دو درم۔ زیرہ سفید دو درم۔ ڈانسر (تمتریک) دو
درم۔ تج چار ماشہ۔ پترج چار ماشہ۔ ناگ کیسر چار ماشہ۔ انکو باریک پیسکر ایک ثار قند سیاہ
مین بقدر دو درم گولی باندھے ایک گولی سویرے کے وقت کھاوے تو کھانسی اور سانک
جاوے۔ یا لونگ دو درم۔ پیپل دو درم۔ جاپھل دو درم۔ مرچ سیاہ پانچ درم۔ زنجبیل
آٹھ تولہ۔ ان سب کے برابر مصری لے کر پھر سب کو باریک پیس کر بقدر دو درم
پانی سے کھاوے تو کھانسی۔ بخار۔ تنفر۔ سانک۔ بدہضمی۔ سنگرہنی ان عارضون کو یہ
چورن دور کرتا ہے اس کا نام لونگ آد چورن ہے یا اتشنگرٹ۔ مرچ سیاہ۔ ناگر موتھ۔ سینگی مہرہ
مصفا ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر جمبیری کے رس مین یا ادرک کے رس مین مونگ کے برابر گولی
باندھے ایک گولی ہر روز کھائے تو سانک اور کھانسی دفع ہو یا فلفل سیاہ۔ ناگر موتھ۔ کوٹ۔ بچ
سنگی مہرہ مصفا ان سبکو برابر لے (دیا ادرک کے عرق مین مہین پیسکر مونگ کے برابر گولی باندھے ایک
گولی ہر روز کھائے تو سانک۔ درد شکم۔ بدہضمی عارضے۔ زچگی کے امراض۔ سنگرہنی۔ ان سبکو یہ گولی دور کرتی
ہے یا لونگ ایکدرم۔ پیپل دو درم۔ پوست ہلیلہ تین درم۔ پوست بہیڑہ چار درم۔ اڑوسہ پانچ درم

بھارنگی چھ درم ان سب کے برابر کھیر سار لے پھر سبکو باریک پیسکر پوست ببول کے کاڑھے کی دو پٹ
دے اور شہد سے چنے کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو دمہ کھانسی ہچکی سب
بیماریاں دور ہوں یا بھیم سینی کافور ایک درم کستوری ایک درم ۔لونگ ایکدرم۔ مرچ دو درم۔ پیپل ۲ درم
پوست بہیڑہ دو درم۔ کلیجن یعنی خولنجان دو درم۔ پوست انار ایکدرم۔ ان سبکے برابر کھیر سار اس مین ملاکے
پھر باریک پیسکر پانی سے چنے کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو کھانسی دور ہو اسکا
نام کرپور پاد گٹکا ہے اور یہ سب علاج بیدرہس مین تحریر ہین یا آک کے پھول کی بیج کی پھولی اور
اس کے برابر فلفل سیاہ دونون کو باریک پیسکر بقدر ایک رتی گولی باندھے ایک گولی روز کھائے
تو کھانسی دور ہو یا آک کے پھول کی بیج کی پھولی اور اس کے برابر لونگ سے اور بقدر ایک
رتی گولی باندھکر ایک گولی روز کھائے تو کھانسی دفع ہو یہ رود ورت مین لکھا ہے یا کٹیلی کے
درخت کا پنچانگ یعنی پانچون چیزین ۔پوست ۔پتے ۔گوند۔ پھول۔ بیج مین چار سیر پانی ڈالکر
کاڑھا نکالکر اسمین سولہ سیر کلان پکائے جب بل جاوین تب اتار کر ٹھنڈا کرکے گٹھلی نکالکر پیس ڈالے پھر
دو سو تولہ بھر پورانے گڑ کی چاشنی کرے اس مین وہ پیسے ہوے بہیڑے ملاکر پھر یہ دوائین ڈالے زنجبیل ۲ تولہ
مرچ سیاہ ۲ تولہ پیپل ۲ تولہ تج ۲ تولہ تیرج ۲ تولہ۔ ناگکیسر ۲ تولہ۔ الائچی ۲ تولہ۔ ان سب کو باریک کرکے اس چاشنی
مین ڈالے پھر آدھ سیر شہد ملاکر بقدر دو تولہ ہمیشہ کھائے تو سب طرح کی کھانسی دور ہو اسکا نام بھرگ ہری تکی ہے یا
کٹیلی کا اولیہ [چار ثار کٹیلی کا جوشاندہ کرے اور اس جوشاندہ مین ۲ ثار مصری کی چاشنی کرکے
یہ دوائین ڈالے ۔گلو ۲ تولہ چب ۲ تولہ چترک ۲ تولہ ۔ناگرموتھہ ۲ تولہ ۔کاکڑا سنگی ۲ تولہ ۔زنجبیل ۲ تولہ
پیپل ۲ تولہ ۔دھماسہ ۲ تولہ ۔بھارنگی ۲ تولہ ۔کچور ۲ تولہ ۔ان سب کو باریک پیسکر اس چاشنی مین ملا کے
پھر ایک سیر شہد اور پاؤ بھر بنسلوچن ڈالکر ۲ تولہ ہمیشہ کھاوے تو سب طرح کی کھانسی دور ہو یہ
بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے یا اڑوسہ کے جوشاندہ مین شہد ڈالکر پیے تو کھانسی دور ہو یا
آک کا پتا ۔سینبھل ۔زنجبیل ۔مرچ سیاہ ۔پیپل ۔ان سب کو برابر لیکر قند سیاہ مین گولی بناکر
چوسے مین رکھے تو کھانسی دور ہو ۔یا پارہ ۔گندھک مصفا ۔شنگرف سنگی مہرہ مصفا ۔زنجبیل
مرچ سیاہ ۔پیپل ۔بھُنا ہوا سہاگہ ۔ان سب کو برابر لیکر باریک پیس کر مل کیے ہوئے
پارہ اور گندھک مین ملاکر اس کو ایک دن بھانگرے کے عرق مین کھرل کرے

پھر بجورے کے رس مین تین دن تک کھرل کرے پھر اُس کی آدھی رتی کی گولی باندھے ایک گولی دس دن تک ہر روز کھاوے تو سنپات۔ جھیئی۔ سنگرہنی۔ کھانسی۔ مرگی۔ ان عارضون کو یہ رس دور کرتا ہے اسکا نام آنند بھیرون رس ہے۔

ہچکی کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

گرم۔ بادی۔ بھاری۔ روکھی بسیلی ہوئی وغیرہ چیز کھانے سے اور مُنھ مین مٹی جانے محنت کرنے۔ راہ چلنے۔ پاخانہ اور پیشاب روکنے۔ بھوکھے رہنے سے آدمی کو ہچکی سانکے کھانسی پیدا ہوتی ہے۔

ہچکی کی شکل] ہوا دونون پسلی اور آنتون مین تکلیف دیتی ہوئی مُنھ سے ہوکر بڑی آواز سے جان کی زائل کرنے والی مُنھ سے خوفناک آواز نکالتی ہے اُسکو عام لوگ ہچکی بولتے ہین وہ باد اور بلغم سے ملکر پانچ قسم کی ہے۔ انجا۔ جملا۔ چھدرا۔ گمبھیر۔ مہتی۔

ہچکی کی پہلی شکل] گلا۔ اور چھاتی بھاری اور مُنھ کسیلا ہو۔ کوکھ مین اپھار رہے تو جاننا چاہیے کہ اس کے ہچکی پیدا ہوگی۔

انجا ہچکی کی علامتین] کھانا بہت کھاوے۔ پانی بہت پیے اس سے باد مفسد ہو اونچی جانے والی ہوا آدمی کو انجا ہچکی پیدا کرتی ہے۔

جملا ہچکی کی علامتین] ٹھہر ٹھہر کر دو دو ہچکیان آوین سر اور کندھون کو کنپاوے اُسکو جملا ہچکی کہتے ہین۔

چھدرا ہچکی کی علامتین] ٹھہر ٹھہر کر آہستہ آہستہ گلے اور چھاتی کے جوڑون مین رعشہ پیدا کرے اُسکو چھدرا ہچکی کہتے ہین۔

گمبھیرا ہچکی کی علامتین] ناف سے خوفناک ہوکر اُٹھے اور درد زیادہ ہو اور بے تعداد فساد کرے اُسکو گمبھیرا ہچکی کہتے ہین۔

مہتی ہچکی کی علامتین] سب مرم استھانون مین درد کرتی ہوئی اور سب بدن کو کنپاتی ہوئی چلے اُسکو مہتی ہچکی کہتے ہین۔

لا علاج ہچکی کی علامتین] جس کو ہچکی آتے ہوئے بدن کا نیچا اور اونچا تظر

ہو جاوے اور اندھیرا ہو جاوے اور کھانے سے نفرت ہو۔ چھینک بہت آوے یہ دونوں
گمبھیرا اور مہتی ہچکی لا علاج جانو۔

ہچکی کا علاج] پرانایام یعنی دم چڑھانے یا کسی طرح دہشت کھانے اور خوفناک بات سُننے
اور باو اور بلغم کے گھٹانے والی چیز کے کھانے سے ہچکی دور ہوتی ہے یا بکری کے دودھ
مین سونٹھ کو پکا کر سونٹھ سمیت دودھ پیے تو ہچکی دور ہو یا بجورے کے رس مین جو کا ستو
اور سیندھا نمک ملا کر کھاوے تو ہچکی جاوے یا زنجبیل۔ پیپل۔ شہد سے چاٹے تو ہچکی جاوے
یا مکھی کی بیٹ دودھ مین پیسکر ناس لے تو ہچکی جاوے یا قند سیاہ اور زنجبیل پانی مین
پیسکر ناس لے تو ہچکی دور ہو یا کانس کے جڑ کے رس مین شہد ملا کر ناس لے تو ہچکی دور ہو
یا مور کے پر کی راکھ شہد سے چاٹے تو ہچکی دور ہو یا بجورے کی کیسر مین سیندھا نمک ملا کر
کھاوے تو ہچکی جاوے یا پوہکر مول۔ جوا کھار۔ فلفل سیاہ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر
بقدر دو درم گرم پانی سے کھاوے تو ہچکی دور ہو یا ہلدی اور ماش کو پیسکر خوب
سُلگتے ہوے انگاروں پر رکھکر حقے مین پیے تو خوف دینے والی ہچکی بھی دور ہو یہ
بید نبود مین لکھا ہے یا اسن کی چھال کو پیسکر اسکو حقے مین پیے تو ہچکی دور ہو۔ یا زنجبیل
مرچ سیاہ۔ پیپل۔ جواسہ۔ کائپھل۔ کریلن۔ پوہکر مول۔ کاکڑا سنگی۔ ان سب کو برابر لیکر
باریک پیسکر بقدر دو درم شہد سے چاٹے تو ہچکی۔ کھانسی۔ سانس دور ہو۔ یا پت پاپڑا
پیپل۔ یہ دونوں بقدر دو درم اور قند سیاہ پانچ درم لیکر ان کا جوشاندہ پیے تو ہچکی جاوے
یا دس درم اسالو کے جوشاندہ کو چھانکر پیے تو ہچکی بہت جلد دور ہو۔ یہ بید رس مین لکھا ہے
یا ملیٹھی ایک درم شہد کے ساتھ چاٹے تو ہچکی دور ہو۔ یا مصری یا پیپل ایک درم شہد کے
ساتھ چاٹے تو ہچکی جاوے۔ یا دودھ مین گھی ڈالکر گرم گرم پیے تو ہچکی جاوے یہ
سُشرت مین لکھا ہے۔ یا بجورے کا رس شہد اور نمک سیاہ ملا کر کھاوے تو ہچکی ضرور دور ہو
یہ بید سربس مین لکھا ہے۔ یا کیتھ اور آملہ کا رس شہد مین ملا کر پیے تو ہچکی اور سانس دور ہو
یہ کاشی ناتھ پدہت مین لکھا ہے۔ یا دار چینی۔ الائچی۔ ناگیسر۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ یہ ایک سے
ایک زیادہ لے اور ان کو باریک پیسکر گھی ملاوے اور ان سب کی دو چند مصری ملا کر دو درم

پانی کے ساتھ کھاوے تو ہچکی۔ اجیرن یعنی بدہضمی۔ بواسیر۔ سانک۔ کھانسی۔ ان سب بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ یہ ایلادی چورن بر ندین لکھا ہے۔

سوانس یعنی ضیق النفس کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

جن چیزوں کے کھانے سے ہچکی پیدا ہو انھین چیزوں کے کھانے سے سوانس روگ ہوتا ہے وہ پانچ قسم کا ہے۔ مہا سوانس۔ اوردھ سوانس۔ چھن سوانس۔ تمک سوانس۔ چھدر سوانس۔

سوانس روگ کی پہلی شکل] چھاتی مین درد۔ سول۔ اپھار۔ پاخانہ اور پیشاب نہ اترے منھ مین رسوں کی لذت نہ آوے۔ کنپٹی مین درد ہو تو جاننا چاہیے کہ سوانس روگ ہوگا۔

سوانس روگ کی پیدائش] سب بدن مین جو ہوا پھرتی ہے وہ بلغم سے مل کر سب نسوں کو روکتی ہے تب وہ ہوا پھرنے سے بند ہوکر دمے کو ظاہر کرتی ہے۔

مہا سوانس کی علامتین] جو آدمی دم سے بھر کر جھکے اور اداس ہوکر مست بیل کے مانند برابر دم لے ہوش جاتا رہا ہو اور آنکھین جلد جلد حرکت کرتی ہوں اور دم لیتے وقت منھ اور آنکھین پھٹ جاوین اور منھ سے بولا نہ جاوے اور کمزور ہو جاوے اور دم کی آواز دور تک سنائی دے تو مہا سوانس جانو ایسی سوانس والا جلد مر جاوے۔

اوردھ سوانس کی علامتین] اونچی سانس لے نیچے نہ آوے بلغم سے منھ بھر جاوے اونچی نظر ہو۔ آنکھین ترترائیں اور اس دم سے تکلیف ہو۔ آنکھین گھومین غفلت اور نفرت ہو۔ یہ علامتین ہوں تو اوردھ سوانس جانو یہ آدمی کو مار ڈالتا ہے۔

چھن سوانس کی علامتین] سب بدن کی پانچوں ہوا سے تکلیف پاکر ٹوٹا دم لے یا تکلیف پاکر دم نہ لے اور جبکہ پیشاب یا پاخانہ بند ہو کر اپھار ہو اور اس کو پسینہ آوے اور آنکھین پھٹ جاوین اور سانس لیتے وقت آنکھین سرخ ہو جاوین ہوش جاتا رہے بدن کا رنگ اور رکا اور ہو جاوے تو وہ آدمی جلد مر جاوے۔

تمک سوانس کی علامتین] بدن کی ہوا الٹی چلے ناک کو روک دے تب گندے

اور سر پکڑ کر بلغم کو ظاہر کرتا ہے۔ تب یہ آواز گلے مین جا کر گھڑ گھڑ بولتی ہے۔ پھر جان کی زائل کرنے والا دم کرتا ہے۔ تب آدمی دم کے زور سے تکلیف اُٹھاتا ہے اور جب اُسکا باضمہ رُک جاتا ہے تب وہ آدمی دم لیتے وقت بیہوش ہوا اور بلغم بھی چھوٹے تب تکلیف پاکر مُنھ سے بلغم جا دے تب وہ دو ایک گھڑی آرام پاتا ہے اور تب ہی اُس سے بولا بھی جاتا ہے اور جب وہ سو وے تب دم ہوا وے نیند نہ آوے بیٹھے ہی چین پڑے اور گھڑی اچھی معلوم ہو آنکھون پر سوجن ہو پیشانی مین پسینہ آوے مُنھ سوکھے دھونکنی کے مانند دم لے۔ مینھ کی ہوا اور ٹھنڈی چیز اور میٹھی چیز کھانے سے بڑھے یہ علامتین ہون تو تنگ سوانس کی علامتین جانو یہ بیماری بھی نہین جاتی۔

چھدر سوانس کی علامتین) روکھی چیز کھانے سے۔ غم سے۔ معدہ کی ہوا سے چھدر سوانس ظاہر ہوتی ہے وہ آدمی کو بہت تکلیف نہین دیتی اور کھانے پینے کو بند نہین کرتی اور حواسون مین درد نہ ہے یہ علامتین چھدر سوانس کی جانو یہ چھدر سوانس طاقتور آدمی کے ہو تو با علاج ہے اور تنگ سوانس والا مشکل سے اچھا ہو اور مہا سوانس چھن سوانس یہ مار ڈالنے والی ہین۔

سوانس روگ کا علاج] نمک مین تیل ڈالکر نیم گرم چھاتی کو سینکے تو سوانس دے یا ادرک کا رس شہد مین ملا کر چاٹے تو یہ بیماری جا وے یا ادرک کا رس اور شہد دونون آدھ سیر ملا کر ایک تولہ ہر روز کھا وے تو سوانس دور ہو۔ یا دشمول۔ کچور۔ راسنا پیپل۔ زنجبیل پہکر مول۔ بھارنگی۔ کاکڑا سنگی۔ گلو۔ چترک۔ یہ سب برابر لیکر ۲ تولہ کا جوشاندہ دے تو کھانسی۔ سانس۔ پسلی کا درد ضرور دور ہو۔ یا بیٹھے کی جڑ کو پیسکر بقدر ایک تولہ گرم پانی سے کھا وے تو کھانسی۔ سانس۔ ہچکی دور ہو۔ یا ہلدی۔ فلفل سیاہ۔ داکھ۔ پیپل۔ راسنا کچور۔ ان سب کو برابر لیکر۔ باریک پیسکر بقدر ایک درم تیل یا قند سیاہ کے ساتھ کھا وے تو سانس کا عارضہ دفع ہو یا پاؤ آثار بھارنگی کو اوٹا کر رس نکالے اُس مین دو سو تولہ پھر قند سیاہ کی چاشنی کرے اُس چاشنی کے پکنے مین پاؤ سیر پوست ہلیلہ کوٹ چھانکر ڈالے جب چاشنی ٹھنڈی ہو تو بارہ تولہ شہد ڈالے۔ پھر زنجبیل ۲ تولہ۔ تج دو تولہ۔ پیپل دو تولہ

پترج دو تولہ۔ ناگ کیسر دو تولہ۔ جواکھار ۴ تولہ۔ باریک پیسکر اُس چاشنی مین ملاوے۔ پھر ایک
تولہ ہر روز کھاوے تو کھانسی۔ بواسیر۔ گولا۔ ہچکی۔ عارضے شکم کے یہ سب دور ہون۔ یہ جانکی
کا اولیہ ہے۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین تحریر ہے۔ یا پارہ دو درم۔ گندھک مصفا
دو درم۔ سنگی مہرہ مصفا دو درم۔ بھُنا ہوا سہاگہ دو درم۔ مینسل دو درم۔ فلفل سیاہ دو درم۔
زنجبیل دو درم۔ پیپل دو درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اور اُس مین یہ دوائین ملاوے
پھر ادرک کے رس کی ایک پٹ دیکر ایک رتی روز کھاوے تو سانس دور ہو اس کا نام
سواس کٹھار رس ہے یا دھتورے کے بیج ایک سے بڑھا کر پانچ تک تیس دن کھاوے
تو سانس کا عارضہ دور ہو یا پارہ ایک حصہ گندھک آدھا حصہ ان کے برابر تانبے کی راکھ
لیکر پھر ان تینون کو گھیکوار کے پٹھے کے رس مین کھرل کرے پھر اُس کو تانبے کی ڈبیا
مین رکھکر بالو کے جنتر مین ایک دن پکا کر بناوے پھر بقدر دو رتی پان مین ڈال کر
کھاوے تو سانس کا عارضہ دور ہو۔ یہ بید بنود مین لکھا ہے۔ یا کاکڑا سنگی۔ زنجبیل۔ پیپل۔
ناگر موتھ۔ فلفل سیاہ۔ پوہکر مول۔ کچور۔ ان سب کو برابر لے اور سب کے برابر مصری لیکر
پھر باریک پیسکر بقدر دو درم گلو۔ اڑوسہ۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ چب چترک۔ زنجبیل ان کے
جوشاندے کے ساتھ اسکو کھاوے تو سانس کا عارضہ دور ہو۔ یہ چکر دت مین لکھا ہے
یا پیپل۔ پوہکر مول۔ پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ کچور۔ کنول گٹہ۔ ان سب کو برابر لے کر
باریک پیس کر ان کے برابر قند سیاہ مین چنے کے برابر گولی باندھے ایک
یا دو یا تین گولی ہر روز کھاوے تو سانس کا عارضہ دور ہو یا پارہ۔ گندھک سار مصفا۔ زنجبیل۔
پترج۔ فلفل سیاہ۔ ناگ کیسر۔ ناگر موتھ۔ بابے بڑنگ۔ سنبھالو کے پیلا۔ پیپلا مول۔ پارہ۔ گندھک سار
ان تینون سے دوگنی لیکر پھر سب کو باریک پیسکر جل پیپل کے رس سے تین پٹ دے پھر
اسکی چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سانس۔ کھانسی۔ بواسیر۔ بھگندر۔
چھاتی اور پسلی کا درد۔ سنگرہنی۔ عارضہ شکم۔ سب طرح کے جریان کے عارضے ان سب
بیماریون کو یہ سوہو رس دور کرتا ہے۔ یہ سرب سنگرہ مین لکھا ہے۔ یا پارہ۔ گندھک صاف
کی ہوئی۔ سار۔ سہاگہ۔ راسنا۔ بابے بڑنگ۔ ترپھلا۔ دیودار۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ کٹھ۔ پیپل

کنولی گٹھ۔ سنگی مہرہ مصفا پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سبکو برابر لے اور پھر باریک پیسکر اُن حل کی ہوئی ادویات مین ملاکر شہد مین ایک یا دو رتی کی گولی باندھے۔ ایک گولی ہر روز کھاوے تو سانک دور ہو یہ امرت آرنو رس ہے۔ اور بید رہس مین لکھا ہے۔ یا پارہ اور گندھک برابر لیکر اُن کو پیسکر چولائی کے رس مین پانچ روز کھرل کرے پھر بجو سی مین رکھکر بالکا جنتر مین پکا دے ایک دن بعد اس مین سے دو رتی پان مین کھاوے تو سانک اور سہچکی دور ہو۔ اس کا نام میگھ ڈمبر رس ہے اور درد رت پستک مین لکھا ہے۔

چھٹا باب

سُر بھید اروچک۔ چھرو۔ مور چھا وغیرہ کے بیان مین

سُر بھید روگ کی پیدایش اور علامت اور علاج

آدمی کے بہت بولنے اور زہر وغیرہ کے کھانے اور اونچی آواز کے پڑھنے اور گلے مین کسی طرح کی چوٹ لگنے سے باد اور بلغم فاسد ہوکر گلے کی آواز کی بہنے والی جو نسین ہین اُنمین رکر سُر بھنگ جاریہنے کو پیدا کرتا ہے وہ چھ قسم کا ہے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کا۔ بدن کے ٹوٹنے کا۔ چھپی روگ کا

بادکے سُر بھنگ کی علامتین] جس کی آنکھین۔ منھ۔ اور پاخانہ۔ اور پیشاب سیاہ ہو اور ٹوٹے لفظ بولے اور گدھے کی سی آواز ہو تو باد کا سر بھنگ جانو۔

صفرا کے سُر بھنگ کی علامتین] جسکی آنکھین۔ منھ۔ پاخانہ۔ پیشاب زرد ہو اور بولنے کے وقت گلے مین جلن ہو تو صفرا کا سُر بھنگ جانو۔

بلغم کے سُر بھنگ کی علامتین] گلا ہمیشہ بلغم سے رُکا رہے اور آہستہ آہستہ آدھا بولا جاوے۔ رات کو بڑھجاوے تو بلغم کا سُر بھنگ جانو۔

سنپات کے سُر بھنگ کی علامتین] جس مین باد صفرا بلغم کی سب علامتین ملین اُسکو سنپات کا سُر بھنگ جانو اور یہ لاعلاج ہے۔

چھپی روگ کے سُر بھنگ کی علامتین] مُنھ مین بولتے ہوئے دھوان نکلے تو چھپی روگ کا سُر بھنگ جانو۔ یہ بھی لاعلاج ہے۔

بدن کے فربہ ہونے سے جو سُربھنگ ہو اُسکی علامتین] گلے مین بولے۔ آواز نکلنے نہ دے اور دیر سے بولے۔ گلا جلے۔ پیاس زیادہ لگے جس کے یہ علامتین ہون اُسے بدن کا فربہ پن کا سر بھنگ جانو۔ یہ بھی اچھا نہیں۔

سُربھنگ کا علاج] بادکا سُربھنگ ہو تو نمک اور تیل کی چیز کھانے سے دفع ہو۔ صفرا کا سُربھنگ ہو تو روغن زرد اور شہد کے استعمال سے دور ہو۔ بلغم کا سُربھنگ کھاری اور کڑوی چیزون اور شہد وغیرہ کے کھانے سے جاوے یا گلے اور تالو کے مسوڑے کا خون نکلوانے سے سربھنگ دور ہو۔ یا گرم پانی کے پینے سے بادکا سُربھنگ دفع ہو یا گھی قند سیاہ کے استعمال سے بادی سربھنگ دفع ہو یا گرم دودھ کے پینے سے صفرا کا سُربھنگ دور ہو یا کٹیلی دوسو تولہ بھر لے اور اُس سے آدھا پیلا مول اور اس سے آدھی چترک اور چترک کے برابر دھول لے اُن کو ایک من پانی مین اوٹاوے جب چار سیر پانی رہجاوے تب چھانکر اس پانی مین دو سو تولہ بھر قند سیاہ کی پتلی چاشنی کرے پھر اُس چاشنی مین یہ سب دوا مین باریک پیسکر ڈالے اور ایک آثار شہد ڈالے پھر چار یا چھ پر تولہ ہر روز کھاوے تو سب طرح کا سُربھنگ سانس۔ کھانسی۔ ضعف معدہ۔ گلے کے عارضے۔ اپھار۔ امراض مثانہ۔ ان سب کو دور کرتا ہے۔ یہ کٹیلی کا اولیہ ہے اور بھاوپرکاش مین لکھا ہے یا اجمود۔ ہلدی۔ چترک۔ جو اکھار۔ آملہ یہ سب برابر پیسکر برابر پیسکر بقدر دو درم روغن زرد اور شہد کے ساتھ کھاوے تو خوفناک سُربھنگ بھی دور ہو۔ یا پوست ہلیلہ سنج۔ پیپل۔ باریک پیسکر گرم پانی سے پیے تو کھپی رونگ کا سُربھنگ دور ہو۔ یہ بید نبود مین لکھا ہے۔ یا پوست بہیڑہ۔ سیندھا نمک۔ پیپل آملہ ان سب کو باریک پیسکر گاے کے مٹھے مین یا گاے کے پیشاب سے پیے تو یہ بیماری دور ہو یہ برند مین تحریر ہے۔ یا جائپھل۔ پیپل۔ کھیل۔ بچ۔ ریگا کیسر۔ یہ سب باریک پیسکر شہد کے ساتھ چاٹے تو سُربھنگ دور ہو اور دم راست اور کم ہو جاوے یہ جائپھل کا اولیہ ہے اور سرب سنگرہ مین لکھا ہے یا کلیجن کو منھ مین رکھکر اُس کا رس پیے تو سُربھنگ دور ہو۔ یا چب اول بید زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ تجوانسرہ۔ پترج۔ زیرہ سفید چترک۔ الائچی۔ ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر بقدر دو درم ہور اسنے تین برس

کے قند سیاہ میں کھائے تو شر بھنگ - خناق - بلغم کا عارضہ - تفرقہ یہ سب دور ہوں
یہ جیب کا چورن ہے یا تانبے کی راکھ - پارے کی راکھ سار - ان تینوں کو برابر
لے کر پھر ان میں کٹیلی کے پھلوں کے رس کی اکیس پٹ دے پھر اس کی گولی
مونگ کے برابر باندھے اور ایک گولی منھ میں رکھے تو شر بھنگ دور ہو - یہ گورکھناتھ
کی گولی ہے یا برا ہمی - سنج - پوست بلیلہ - اڑوسہ - پیپل - یہ سب برابر لے اور باریک
پیسکر بقدر دو درم شہد کے ساتھ چودہ روز کھائے تو شر بھنگ دور ہو اور اس کا دم
گنگری سا ہو اور یہ علاج بیدر ہس میں لکھا ہے -

اروچک یعنی نفرت کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

فکر - غصہ - طمع - خوف - دل کی روکنے والی خوراک - اور بڑی طرح کی صورت کو دیکھنے اور
بدبو کے سونگھنے سے آدمی کے باد صفرا بلغم - یہ تینوں ارچ نام کے عارضے کو پیدا کرتے
ہیں اور وہ پانچ قسم کا ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات کا رنج وغیرہ کا -
بادی نفرت کی علامتیں] کھٹا - کسیلا منھ - چھاتی میں درد ہو - اشتہا جاتی رہے
تو بادی ارچ جانو -
صفرا کے ارچ کی علامتیں] کڑوا - کھٹا - گرم - بے لذت - سلونا پن - جسکے منھ میں
ہو اور بدن میں جلن اور منھ سوکھے تو صفرا کی ارچ جاننا چاہیے -
بلغم کے ارچ کی علامتیں] منھ میٹھا ہو - نفرت ہو - بدن بھاری رہے قبض
ہو - لعاب گرے - بدن میں ہر جگہ پر درد ہو تو بلغم کی ارچ جانو - یہ سب علامتیں ملی ہوں
تو سنپات ارچ جانو -
رنج سے پیدا ہوئی نفرت کی علامتیں] پیٹ میں بھوک رہے اور منھ سے
کھا یا نجا وے تو رنج کی ارچ جانو -
ارچ کی شکل] منھ میں لقمہ لیتے وقت آدمی کو کچھ لذت معلوم نہو تو جانو کہ ارچ کا عارضہ ہے
بھگت ودیش کی علامتیں] کھانے کی خواہش ہو مگر خوراک کے دیکھنے سے نفرت
ہو تو اسکو بھگت دویش جانو یہ مادھوی میں لکھا ہے -

[بھگت ودیش کا علاج] کھانے سے پہلے سیندھا نمک اور ادرک کھاوے تو بھوکھ
لگے اور گلا اور زبان درست ہو اور شہد مین ادرک کا رس ملا کر پیے تو نفرت۔ سانس
کھانسی جاوے یا پختہ املی کا شربت مصری ڈالکر بناوے اور اس مین الائچی۔ لونگ۔
بھیم سینی کافور ملا کر اس شربت کو ملا کر پیے یا کلی کرے تو ارچ جاوے یا رائی۔ زیرہ۔
بھنی ہوئی ہینگ۔ زنجبیل۔ سیندھا نمک۔ ان سبکو برابر لیکر اندازکے برابر گائے کے مٹھے
مین ڈالکر پیے تو ارچ دور ہو اور بھوکھ بڑھے یا گائے کے دہی کو کپڑے مین چھان کر اسمین
مصری۔ الائچی۔ بھیم سینی کافور۔ لونگ۔ فلفل سیاہ اندازکے موافق باریک پیسکر ملا کر پیے
تو بہت جلد ارچ جاوے یا انار دانہ چار تولہ۔ مصری آٹھ درم۔ زنجبیل دو تولہ۔ فلفل سیاہ
دو تولہ۔ پیپل دو درم۔ تج دو درم۔ پترج دو درم۔ ناگ کیسر دو درم۔ ان سب کو باریک پیس کر
بقدر دو درم پانی سے کھاوے تو نفرت جائے۔ یہ واڑاو چورن ہے۔ یا لونگ۔ کنکول۔ فلفل
خس۔ چندن۔ تگر۔ کنول گٹہ۔ زیرہ سیاہ۔ نیتر بالا۔ اگر۔ پیپل۔ زنجبیل۔ ناگ کیسر۔ چترک۔ الائچی۔
بھیم سینی کافور۔ جا پھل۔ بنسلوچن۔ یہ سب برابر لیکر اور ان کی آدھی مصری لے پھر باریک
پیسکر بقدر ایک درم پانی کے ساتھ کھاوے تو نفرت۔ بدہضمی۔ قبض۔ کھانسی۔ ہچکی۔ راج روگ۔
سنگرہنی۔ اتیسار۔ جریان۔ ان سب عارضوں کو یہ لونگادچورن دور کرتا ہے یہ سب بھاؤپرکاش
مین لکھے ہین یا طباشیر۔ بڑی الائچی کے بیج۔ انار دانہ۔ زیرہ یہ سب چھ چھ ماشہ بھر لے
اور پیپلا مول۔ چپ۔ چترک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ اجمود۔ ڈانسرہ۔ امل بید۔ سگند
اجوائن۔ کیتھ۔ یہ چھ چھ ماشہ اور مصری آٹھ تولہ بھر لے کر ان سب کو ہموزن باریک
پیسکر بقدر دو درم ہر روز پانی کے ساتھ کھاوے تو نفرت۔ سانس۔ کھانسی۔ درد۔ قے۔
رکت پت۔ ان سب بیماریون کو دور کرتا ہے یہ بڑا ہلاوک چورن ہے اور سارسنگرہ
مین لکھا ہے۔ یا جواکھار۔ سجی۔ بھنا ہوا سہاگہ۔ پانچون نمک۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔
ترپھلا۔ سمار۔ بھیم سینی کافور۔ لونگ۔ چپ۔ چترک۔ انار دانہ۔ ڈانسرہ۔ ادرک یہ سب
برابر لیکر باریک پیسکر اجوائن کے عرق مین تین پٹ دے پھر لیمو کے رس کی پانچ پٹ
دے پھر امل بید کے رس کی تین پٹ دے پھر چنے کے برابر گولی ہر روز کھاوے

تو نفرت بدہضمی۔ جریان۔ گولا۔ کھانسی۔ اور بلغم کے طرح طرح کے عارضوں کو طرح طرح کے بدرتوں سے پیدا کر کمار رس دور کرتا ہے۔

قے کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

بہت مرچن اور بدبودار چیز کھانے سے اور پیٹ مین کیڑے پڑنے سے محنت کرنے اور خوف و بدہضمی اور آنون کے فساد اور پیاس لگنے اور بدبودار چیز کے دیکھنے اور عورت کے حمل رہنے اور بہت جلد کھانا کھانے سے۔ باد۔ صفرا۔ بلغم فاسد ہو کر بدن مین درد کر کے منھ کے ذریعہ سے سب کھایا پیا نکال دیتے ہین اُسکو لوگ قے کہتے ہین۔ وہ پانچ قسم کی ہے۔ باد۔ صفرا۔ بلغم۔ سنپات۔ بدبودار چیز کے دیکھنے سے۔

قے کی پہلی شکل] پہلے چھاتی سے کھاری اور کھٹا کھٹا پانی گرے اور ڈکار نہ آوے۔ لعاب گرنے لگے اور منھ کھاری ہو جاوے اور کھانے پینے کی اشتہا جاتی رہے تب جانا کہ قے ہوگی

بادی قے کی علامتین] چھاتی اور پسلی مین درد ہو۔ منھ سوکھ جاوے پیشانی اور ناف مین درد ہو۔ سانس۔ دمہ اور شور شدید ہو۔ ڈکار کی آواز بلند ہو قے مین جھاگ آوے قے کا رنگ سیاہ اور کسیلا ہو اور بہت زور سے قے تھوڑی ہو۔ تکلیف بہت آوے یہ علامتین بادی قے کی ہین۔

صفراوی قے کی علامتین] غش اور پیاس ہو اور منھ سوکھ جاوے۔ پیشانی گرم رہے۔ تالو اور آنکھون مین گرمی رہے۔ اندھیرا اور چکر آوین۔ اور گرم ہری کاشرخ قے کرے تو صفرا کی قے جانو۔

بلغم کی قے کی علامتین] اونگھائی آوے۔ منھ میٹھا ہو۔ بلغم تھوکے نیند آوے۔ اشتہا نہ ہو۔ بدن بھاری رہے۔ چکنی۔ میٹھی۔ ٹھنڈی۔ بلغم سمیت قے کرے۔ رونگٹے کھڑے ہون۔ یہ علامتین ہون تو بلغمی قے جاننا چاہیئے۔

سنپات کی قے کی علامتین] درد ہو۔ کھانا ہضم نہ ہو۔ نفرت۔ دمہ۔ پیاس۔ جلن۔ جریان یہ سب ہمیشہ زیادہ رہین۔ اور نمکین۔ نیلی۔ کھٹی۔ ٹھنڈی گرم لعابدار قے کرے تو سنپات کی قے جانو۔

بد بودار چیز کے دیکھنے سے جو قے ہو اس کی علامتیں

اور بکائی آ کر قے کرنے لگے۔

قے کی بیماری کا علاج] کشنیز۔ زنجبیل۔ دسول۔ انکا جوشاندہ پیے تو باد کے فساد کی قے دور ہو یا گھی مین سیندھا نمک ڈال کر پیے تو بادی قے رفع ہو۔ یا مونگ۔ آملہ۔ ان دونون کو اوٹا کر رس نکال کر گھی اور سیندھا نمک ڈال کر پیے تو بادی قے دور ہو۔ یا ماش مونگ۔ مسور اور جو ان کے آٹے کا رو انکال کر اور اس مین شہد ڈال کر پیے تو صفرا کی قے دور ہو یا آملہ کے رس مین چندن اور شہد ملا کر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا گلو۔ پوست نیم۔ پٹول۔ پرور کے پتے۔ ترپھلا۔ ان کا جوشاندہ کر کے شہد سے پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا پت پاپڑے کے جوشاندہ مین شہد ڈال کر پیے تو صفرا کی قے دور ہو یا مکھی کی بیٹ۔ مصری۔ چندن۔ شہد ملا کر چاٹے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا کھیلون کا ستو۔ گھی۔ مصری۔ شہد۔ ملا کر کھائے۔ تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا مسور کا ستو مصری ملا کر کھائے تو صفرا کی قے جاوے یا انار کے رس مین شہد ملا کر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا چانول کے پانی مین شہد ملا کر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا الائچی ناگرمتھا ناگ کیسر۔ چانول کی کھیل۔ سرسون سفید۔ چندن۔ مصری۔ بھوپلی۔ بیر کی مینگی۔ لونگ۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر دو تولہ یا چار تولہ شہد سے چاٹے تو تینون طرح کے فسادون کی قے دور ہو یا پیپل کی چھال کو جلا کر پانی مین بجھا کر وہ پانی پیے تو قے کی بیماری دور ہو۔ یا بیر کی مینگی۔ آملہ کی مینگی۔ پیپل۔ مکھی کی بیٹ انکا جوشاندہ کر اسمین شہد اور مصری ملا کر پیے تو قے دور ہو۔ یہ سب علاج بید ہنود مین لکھے ہین یا جامن اور آنب کے پتے پانی مین اوٹا کر اس پانی مین کھیل کا آٹا ڈال کر شہد ملا کر پیے تو خوفناک قے بھی دفع ہو جو بد بودار چیز کے دیکھنے سے قے پیدا ہوتی ہے وہ اچھی چیز کے دکھانے سے جاوے اور جو آنون سے قے پیدا ہوتی ہے وہ فاقہ کرانے سے جاوے یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا کیسر ایک ماشہ۔ الائچی دو ماشہ۔ شنگرف تین رتی اسکو شہد سے چاٹے تو قے جاوے۔

پیاس کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

خوف۔ محنت۔ کمزوری سے۔ جو صفرا بڑھ جاتا ہے وہ باد سے مل تالو مین جاکر بیماری کو پیدا کرتا ہے اور پانی کی لے جانے والی نسون کو روک کر۔ باد صفرا۔ بلغم۔ یہ تینون سات قسم کی پیاس کو پیدا کرتے ہین۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ ہتھیار وغیرہ سے چوٹ لگنے کی کمزوری کی آؤن کی۔ کھانا کھانے کی۔

پیاس کی بیماری کی شکل بار بار پانی پیئے اور سیری نہ ہو۔ ہمیشہ پانی پینے کی خواہش دل مین رہے تو جانو کہ پیاس کا عارضہ ہے۔

باد کی پیاس کی علامتین منھ اُتر جاوے۔ کنپٹی اور سر مین درد ہو آوے ناک رُک جائے۔ منھ کا ذائقہ جاتا رہے۔ ٹھنڈا پانی پینے سے پیاس زیادہ ہو۔ تب جانو کہ باد کی پیاس ہے۔

صفرا کی پیاس کی علامتین بیہوشی ہو۔ کھانا اچھا معلوم نہ ہو۔ جلن ہو۔ بدن مین تپ ہو۔ پاخانہ۔ پیشاب اور آنکھین زرد ہون۔ یہ علامتین صفرا کی پیاس کی جانو۔

بلغم کی پیاس کی علامتین جٹھر اگن۔ یعنی قوت ہاضمہ کو بلغم روکتا ہے۔ تب وہ آگ کی گرمی پانی کی لیجانے والی نسون کو سکھا کر بلغم کی پیاس کو پیدا کرتا ہے۔ تب آدمی اس پیاس سے دق ہوتا ہے اور اسکو نیند بہت آوے۔ بدن بھاری رہے۔ منھ میٹھا اور بدن سوکھتا جاوے تب جانو کہ اس کو بلغم کی پیاس ہے۔

ہتھیار وغیرہ کی چوٹ سے جو پیاس ہوتی ہے اس کی علامتین

ہتھیار وغیرہ کے لگنے سے بدن کے خون نکلنے سے نہایت درد ہوتا ہے اس سے پیاس لگتی ہے

چھینا یعنی کمزوری سے پیاس کی علامتین

چھاتی مین درد ہو۔ رعشہ پیدا کرے منھ سوکھے بدن شل پڑ جائے پیاس بہت لگے۔ پانی پینے سے سیری نہ ہو اور یہی علامتین آؤن کے پیاس کی بھی ہین۔

کھانے کے بعد پیاس لگے اس کی علامتین

بہت مرغن۔ کھٹا۔ نمکین۔ بھاری کھانا کھایا ہو تب اسی وقت پیاس لگتی ہے۔

پیاس کے فساد] آواز بیٹھ جائے۔ گلا اور تالو سوکھے۔ بخار۔ غفلت۔ سانگ۔ کھانسی ہو تو پیاس والا مرجائے۔

پیاس کے عارضے کا علاج] بادی پیاس والے کو گرم کھانا اور اچھا پانی دے تو پیاس دور ہو یا دہی گڑ ملاکر کھاوے تو بادی پیاس دور ہو۔

صفرا کی پیاس کا علاج] سونے چاندی کا بجھا ہوا پانی پیئے تو صفرا کی پیاس دور ہو یا مصری کے ٹھنڈے شربت سے صفرا کی پیاس دور ہو۔ یا کشنیز رات کو بھگو کر سویرے گھونٹ کر مصری ملاکر پیے تو صفرا کی پیاس جاوے یا انار کے شربت مین مصری ملاکر پیئے تو صفرا کی پیاس جاوے یا ٹھنڈی جگہ مین رہنے اور گیلا کپڑا پہننے سے صفرا کی پیاس دور ہو۔ یا کافور چندن اگر ماتھے پر لگانے سے صفرا کی پیاس دور ہو۔

بلغم کی پیاس کا علاج] تیکھی۔ کڑوی۔ گرم چیز کھانے سے بلغم کی پیاس جاتی ہے۔ یا زیرہ۔ زنجبیل۔ نمک سیاہ پیسکر انکو پانی سے کھاوے تو بلغم کی پیاس جاوے یا عمدہ شراب کے پینے سے بلغم کی پیاس جاوے۔

چھینتا کی پیاس کا علاج] ساٹھی کے رس سے پیاس دور ہو یا برگد کا انکھوا۔ ملٹھی کھیل۔ کنول گٹہ۔ ان کو باریک پیسکر گولی کر منھ مین رکھے تو پیاس دور ہو یا بیر کے گوند کو منھ مین رکھے تو پیاس جائے۔ یا بجورے کی جڑ۔ کیتھ۔ بیج انار۔ چندن سفید۔ پٹھانی لودھ کی جڑ۔ انکو پانی مین باریک پیسکر سر پر ملے تو پیاس جلن۔ شوکھ۔ یہ سب جاوین۔

ہتھیار سے چوٹ لگنے کی پیاس کا علاج] بکرے کا خون پینے سے پیاس جاوے یا بکری کی یخنی مین شہد ملاکر کھائے تو ہتھیار کے ضرب کی پیاس دور ہو یا کھیر مین مصری ملاکر کھاوے تو یہ پیاس جاوے۔

آنون کی پیاس کا علاج] بیج۔ ادر بیل کے جوشاندہ سے آنون کی پیاس دور ہو۔

دُبلے اور کمزور آدمی کی پیاس کا علاج] دودھ کے پینے سے اسکی پیاس دور ہو پیاس سے تکلیف پاکر اور غفلت مین آکر آدمی جان چھوڑ دیتا ہے۔ اسلیے آدمی کو چاہیے کہ پیاس کو نہ روکے تھوڑا تھوڑا سا ہمیشہ پیے یہ علاج بید شود مین اور بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین۔

غشی غفلت - بدہوشی - اونگھائی نیند سنباس عارضوں کی پیدائش علامات اور علاج

دبلے آدمی اور بہت بدپرہیزی کرنے والے کے باگنا نے اور پیشاب رد کنے اور چوٹ لگنے سے باہر والے حواس یعنی آنکھ کان وغیرہ جو ہین اُن مین باد صفرا - بلغم اندر جاکر ہوش دینے والی نسون کو جلد اندھا کر دیتی ہین تب آدمی کو لکڑی کے مانند زمین پر ڈال دیتے ہین اُس کو کچھ آرام و تکلیف کا ہوش نہین رہتا اُسکو لوگ غشی کہتے ہین. وہ غشی چھ قسم کی ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - خونی - شراب کی زہر کی - پھر اُس غشی مین صفرا ہوتا ہے - وہ اُس کا خاص مالک ہے -

غشی کی عمونا علامتین] بدپرہیزی کرنے والے اور کمزور اور ناطاقت اور شراب کے پینے والے شخص کا غش کے پیدا کرنے والا توگن بہت بڑھکر اور اُسکو ڈھک کر دسون حواسون کی جگہ مین رہنے والے جو باد - صفرا - بلغم - ہوش بڑھاتے والی نسون کو ڈھک کر سُکھ و دُکھ سے لکڑی کی طرح زمین پر ڈال دیتے ہین اُسکو بید بیہوشی کہتے ہین -

غشی کی پہلی شکل] چھاتی مین درد ہو جمائی آوے - دل مین نفرت ہو - ہوش کم ہو جاوین - تب جاننا چاہیے کہ اس شخص کو بیہوشی کا عارضہ ہوگا -

بادی بیہوشی کی علامتین] سیاہ و سُرخ چیزین نظر آکر پھر اندھیرا نظر آوے پھر بدن مین رعشہ اور اعضا شکنی ہو چھاتی مین درد ہو - بدن دُبلا ہو جاوے - سُرخ و سیاہ سامنے نظر آوین یہ علامتین جس کے ہون اُس کو بادی غشی جانو -

صفراکی غشی کی علامتین] جسکو آسمان سُرخ اور ہرا اور زرد نظر آوے پھر بیہوشی ہوکر پسینا آوے پھر ہوش مین آکر پیاس معلوم ہو - بدن مین ٹھنڈا پسینا آوے اور جس کی سُرخ اور زرد آنکھین ہون - اور مُنھ سے ٹوٹے الفاظ نکلین - درست بولا نہ جاوے - بدن کا رنگ زرد ہو تو صفرا کی بیہوشی جانو -

بلغم کی غشی کی علامتین] بادل سے گھرا ہوا جیسا آسمان نظر آوے - پھر بیہوشی ہو اور دیر مین ہوش آوے - بدن ٹھنڈے پسینے سے بھر جاوے اور لعاب بہت گرے تو بلغم کی بیہوشی جانو - اگر یہ سب علامتین ملی ہون تو سنفپات کی بیہوشی جانو یہ بیہوشی

مرگی کے برابر ہے۔ یہ مرض بدبودار چیز کے دیکھے بغیر بھی ہوتا ہے۔

خون کی غشی کی علامتیں] آدمی کو خون کی بدبو آکر زمین اور آسمان میں اندھیرا معلوم ہو اور سب جگہ خون کی بدبو آوے۔ نظر ایک ہی جگہ پر قائم رہے اور دم اچھی طرح نہ آوے پھر بیہوشی ہو تو خون کے فساد کی بیہوشی جانو اسی طرح جیسے خیر و پھول کے سونگھنے سے بیہوشی ہوتی ہے یہ اُس کا مزاج ہے۔

شراب کی بیہوشی کی علامتیں] زیادہ شراب پی کر آدمی بہت بکے اور پھر سو جاوے پھر ہوش جاتا رہے اور زمین پر ہاتھ پاؤں پٹکے۔ جب تک بدن میں شراب کا نشہ رہے تب تک بدن میں رعشہ ہو اور بہت سووے۔ پیاس زیادہ لگے۔ یہ علامتیں شراب کی بیہوشی کی جانو۔

زہر کی بیہوشی کی علامتیں] جس نے زہر کھایا ہو اُس کے بدن میں رعشہ ہو اور نیند بہت آوے ہوش جاتا رہے منھ کالا پڑ جاوے۔ اتیسار ہو۔ اشتہا جاتی رہے یہ علامتیں زہر کی بیہوشی کی جانو اور صفرا کی زیادتی سے بیہوشی ہوتی ہے۔

شک کی علامتیں] رجوگن باد۔ اور صفرا جب ملتے ہیں تب شک ہوتا ہے۔

تندرا یعنی اونگھائی کی علامتیں] باد۔ بلغم جب ملتے ہیں تب تندرا ہوتی ہے اور آدھی آنکھیں کھلی رہتی ہیں۔

نیند کی علامتیں] تموگن بلغم ملنے سے آدمی کا دل آزردہ ہوتا ہے اور دسوں حواس بھی تکلیف پاکر اپنا اپنا کام نہیں کرتے تب آدمی سوتا ہے۔

سنیاس کی علامتیں] چھاتی میں جو باد۔ صفرا۔ بلغم رہتے ہیں۔ وہ تینوں بگڑ کر آواز۔ بدن اور دل کی حرکات کو قبول کر کے کمزور آدمی کو لکڑی کے مانند بیہوش کرتے ہیں اُسکو سنیاس کہتے ہیں۔

سب قسم کی بیہوشی کا علاج] تل وغیرہ کے سینکنے سے بادی بیہوشی دور ہو۔

صفرا کی بیہوشی کا علاج] ٹھنڈے شربت سے صفرا کی بیہوشی دور ہو۔ نہایت روشن اور چمکدار من کے پہننے سے بیہوشی دور ہو۔ کافور۔ چندن۔ ٹھنڈی چیز کے ملنے

سے بیہوشی دور ہو۔ یا بیر کی مینگنی۔ سینتل چینی۔ خس۔ ناگ کیسر۔ یہ چار دن بقدر پانچدرم لیکر ٹھنڈے پانی مین بھگوکر شربت بناوے پھر اُس مین شہد اور مصری ملاکر پیے تو بیہوشی دور ہو۔ یا انار شیرین کے شربت مین مصری ملاکر پیوے تو بیہوشی دور ہو۔ یا داکھ کے شربت مین مصری ملاکر پیے تو بیہوشی جاوے یا صابون پانی مین گھولکر انجن کرے تو بیہوشی جاوے۔ یا تخم سرس۔ پیپل۔ فلفل سیاہ۔ سینددھا نمک۔ یہ سب گاے کے پیشاب مین پیسکر انجن کرے تو بیہوشی دور ہو۔ یا سینفسل۔ تخم لہسن۔ ان تینون کو گاے کے پیشاب مین پیسکر انجن کرے تو بیہوشی جاوے۔ یا سینفسل۔ مہوا۔ سینددھا نمک تخم۔ فلفل سیاہ۔ یہ سب برابر لیکر پانی مین باریک پیسکر ناس دے تو بیہوشی جاوے۔

خون کی بیہوشی کا علاج] سب طور کے ٹھنڈے علاجون سے یہ بیہوشی جاتی ہے۔

شراب کی بیہوشی کا علاج] سب ٹھنڈے علاجون سے یہ بیہوشی جاتی ہے۔ شراب کی بیہوشی مین اور تھوڑی سی شراب پیے تو شراب کی بیہوشی دور ہو۔

زہر کی بیہوشی کا علاج] زہر کی بیہوشی والے کو مینڈک یا نیلا تھوتھ یا پھٹکری یا گرم پانی۔ پیپل وغیرہ سے کسی طرح قے کرائے تو یہ مرض دور ہو۔ یا پیپل۔ مارا پارہ تانبے کی راکھ۔ خس۔ ناگ کیسر۔ یہ سب برابر لے کر اس مین سے بقدر ایک رتی ٹھنڈے پانی سے دے تو سب طرح کی بیہوشی جائے۔

چکر کا علاج] دھماسہ کے جوشاندہ مین روغن زرد ملاکر پیئے تو چکر کی بیماری جائے یا آملہ۔ ہلیلہ کے جوشاندہ مین گھی ڈال کر پیے تو چکر آنا بند ہو۔ یا زنجبیل۔ پیپل۔ بادیان پوست ہلیلہ۔ یہ سب دو دو تولہ بھر لیکر بارہ تولہ بھر قند سیاہ لیکر پانچ پانچدرم کی گولیان بناوے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو چکر آنا دور ہو۔

تندرا یعنی اونگھائی کا علاج] سینددھا نمک۔ کافور۔ سینفسل۔ سرسون۔ پیپل۔ مہوے کے پھول۔ ان کو گھوڑے کی جھاگ سے باریک پیسکر انجن کرے تو اونگھائی دور ہو اور نیند بھی دور ہو یا تخم سہجنہ۔ سینددھا نمک۔ سرسون ان کو کوٹ کر بکری کے پیشاب مین پیسکر ناس دے تو زیادہ غنودگی اور نیند دونون جاوین۔ یا فلفل سیاہ تخم سہجنہ زنجبیل

پیپل یہ سب برابر لیکر اگست کے رس مین باریک پیکر ناس دے تو غنودگی جاوے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین یا زنجبیل کے رس مین شہد اور مصری ملاکر پیے تو بیہوشی جاوے۔ یا کوانچ کی پھلی لگانے سے بیہوشی جاوے۔

ساتوان باب

مداتی اونماد سرع کے بیان مین

مداتیہ یعنی شراب کے زیادہ نشہ کی بیماری کی پیدائیش علامت اور علاج

جو صفتین زہر کھانے مین ہین وہی شراب کے پینے مین بھی ہین جو شخص بہت بُری طرح بدپرہیزی سے بہت شراب پیے اوس کو مداتی وغیرہ بہت سے عارضے پیدا ہوتے ہین اس لیے شراب اچھے طریقے سے پینی چاہیئے اُس کو اچھی طرح پیے تو آب حیات کی سی صفتین کرے اور بُری طرح پیے تو یہ بیماریون کو پیدا کرکے زہر کے مانند مار ڈالتی ہے اسکے لیے ایک مثال لکھتے ہین کہ جیسے آدمی وقت پر اچھی طرح اندازسے کھانا کھاتا ہے وہ کھانا آب حیات کے برابر فائدہ پہونچاتا ہے اور بدن کو تندرست کرتا ہے اور اگر اُسی خوراک کو جانور کے مانند تھوڑے بہت کا اندازہ نہ رکھکر کھاوے تو وہی کھانا جھائی وغیرہ بے تعداد بیماریون کو پیدا کرتا ہے اور فوراً مار ڈالتا ہے ایسے ہی شراب اور زہر یہ دونون مار ڈالنے والے ہین۔ مگر ان کو تدبیر سے استعمال کرے تو یہ دونون آب حیات کے برابر فائدہ پہونچاوین اور سب عارضونکو دور کرکے ہمیشہ آدمی کو جوان رکھتے ہین۔

طریقے سے شراب پینے کا فائدہ | صبح کے وقت ضروریات سے فارغ ہوکر چار تولہ بھر طریقے سے شراب پیے اور دوپہر کے وقت مرغن خوراک کے ساتھ آٹھ تولہ پیے اور شام کے وقت پہر رات کو کھانے کے وقت سولہ تولہ شراب پیے تو یہ شراب آبحیات کا سا فائدہ کرکے بھوکھ کو زیادہ کرتی ہے اور بیماریون کو نزدیک بھی نہین آنے دیتی اور اچھے کھانے کے ساتھ خوش ہوکر پیے تو جیسی صفتین شراب مین کہی ہین ویسی ہی کرے۔ وہ صفتین یہ ہین باہ کی قوت بڑھاوے طبیعت خوش رکھے نور۔ عقل۔ قوت۔ یادداشت۔ خوشی۔ آرام

غذا۔ نیند۔ ان سب کو شراب بڑھاتی ہے۔ اور اور طرح سے پیئے تو مراقی وغیرہ بے تعداد عارض کو پیدا کرے وہ لکھتے ہیں کہ بکنے لگے۔ یاد جاتی رہے۔ زبان اور بدن کے حرکات پاگل کی طرح کرے بیشستی ہو۔ جو کہنے کے لائق نہ ہو وہ کہے اور لکڑی کے مانند بیجی حرکت پڑا رہے۔ بے طور مباشرت کرے۔ بزرگوں کو نہ مانے۔ حرام۔ اور حلال کی تمیز نہ رہے ہوش جاتے رہیں۔ چھپی ہوئی بات کو ظاہر کر دے۔ اور بیماریوں کو پیدا کر کے بدن کو کمزور کر دے یہ بے طریقہ پینے سے ہوتا ہے اور جو کھانا کھائے بغیر بھی پیے بار بار پیا ہی کرے اور غصہ کر کے پیے اور خوف کر کے پیے اور پیاسا ہو کر پیئے۔ آزردہ ہو۔ پیشاب اور پائخانہ زیادہ لگا ہو تو پیے یا زیادہ کھٹائی کے ساتھ پیے یا حالت ناطاقتی میں پیے اور کسی طرح کی گری سے تکلیف پا کر پیے تو اُس شخص کے مراقی وغیرہ بہت عارضے پیدا ہوتے ہیں۔

بادی مراقی کی بیماری کی علامتیں] ہچکی اور درد سر ہو۔ سر کا نیچے پسلی میں درد ہو۔ نیند آوے۔ بہت بکے یہ علامتیں ہوں تو بادی مراقی جانو۔

صفرا کی مراقی کی علامتیں] پیاس بہت لگے۔ جلن اور بخار ہو۔ پسینا۔ غفلت۔ اتیسار یعنی اسہال ہو چکر آویں۔ بدن کا رنگ ہرا ہو جائے تو صفرا کی مراقی کی علامتیں جانے۔

بلغم کی مراقی کی علامتیں] قے اور تنفر ہو۔ نمکین اور کھٹی چیزیں اچھی معلوم ہوں۔ غنودگی اور بدن بھاری ہو۔ یہ علامت ہو تو بلغم کی مراقی جانو۔ اور یہ سب علامتیں ہوں تو سنیپات کی مراقی جانے۔

پرمد کی علامتیں] چھینک۔ سر درد۔ اعضا میں درد ہو۔ بدن بھاری رہے۔ منھ کی لذت جاتی رہے۔ پائخانہ اور پیشاب رک جاوے۔ غنودگی۔ نفرت۔ اور پیاس ہو۔ یہ علامتیں ہوں تو پرمد جانو۔

پان اجیرن کی علامتیں] بہت اپھار۔ قے۔ جلن۔ بد ہضمی ہو۔ یہ علامتیں ہوں تو پان اجیرن جانو۔

پان بیھرم کی علامتیں] چھاتی میں درد ہو۔ بدن میں درد ہو۔ بلغم تھوکے۔ منھ سے دھواں نکلے۔ بیہوشی۔ بخار رہے۔ سر میں درد ہو۔ شیرینی اور شراب کی رغبت ہو۔

یہ علامتین ہون تو پان ببھرم جانو۔
لاعلاج مداتی کی علامتین] نیچے کا لب لٹک جائے۔ بدن اوپر سے ٹھنڈا لگے۔ اندر جلن ہو اور منھ مین تیل کی بو آوے۔ زبان۔ لب۔ دانت۔ سیاہ ہون۔ آنکھین زرد اور سُرخ و نیلی ہو جاوین۔ ہچکی۔ بخار۔ پانمے۔ پسلی مین درد۔ کھانسی۔ چکر۔ یہ علامتین ہون تو مداتی لاعلاج جانو۔
مداتی پرم مدپان اجیرن پان ببھرم وغیرہ کا علاج] شراب کے طریقے سے نکالا ہوا عمدہ آسو بادی مداتی کو دور کرے یہان یہ مثال ہے کہ آگ کے جلنے والے کو آگ سے ہی تپاوے تو اچھا ہو یا بجورے کی کیسر۔ امل بید۔ میٹھا بیر۔ میٹھا انار۔ اجوائن۔ زیرہ۔ زنجبیل۔ ان تینون کو باریک پیسکر بجورے وغیرہ کے رس کی ان مین چٹ دے پھر اسکو انداز سے عمدہ شراب مین ڈالکر طریقے سے پیے یا اس مین سیندھا نمک ملاوے یا ستو کے ساتھ شراب پیے اور پُرانی شراب پیے۔ یا نمک سیاہ۔ زنجبیل مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ان کو باریک پیسکر انداز کے موافق شراب مین ملاکر پیے تو بادی کا مداتی دور ہو۔ یا چب۔ نمک سیاہ۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ زنجبیل۔ اجوائن۔ ان کو باریک پیسکر شراب مین ملاکر پیے تو بادی کا مداتی جاوے۔ یا لواتیتر مُرغ کا گوشت کھانے سے بادی مداتی دور ہو یا ہمہ اوصاف موصوف نوجوان سولہ برس کی عورت سے جماع کرے تو بادی مداتی دور ہو۔ یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔ یا داکھ۔ انار۔ چھوہارہ۔ مہوا۔ ان مین دارو مصری ملاکر پیے تو بادی مداتی دور ہو یا گنے کے میٹھے کو مصری ملاکر پیے تو بادی مداتی جاوے۔ یہ سارنگدھر مین لکھا ہے۔
صفرا کی مداتی کا علاج] سب ٹھنڈی چیزون سے صفرا کی مداتی جاوے۔ یا ٹھنڈے پانی مین مصری اور شہد ملاکر پیے تو صفرا کی مداتی جاوے یا میٹھے انار کے رس مین مصری ملاکر پیے تو صفرا کی مداتی جاوے یا خرگوش ہرن۔ لوے کا گوشت کھائے تو صفرا کا مداتی جاوے یا بکری کے گوشت کی یخنی مین ساٹھی کے چاول کھانے سے صفرا کا مداتی جاوے۔
بلغم کی مداتی کا علاج] چندن اور خس کے ملنے سے بلغم کا مداتی جاوے۔ یا جو اور گیہون کی روٹی کھانے سے بلغم کا مداتی جاوے۔ یا قے اور فاقہ کرنے سے بلغم کا مداتی

دور ہو۔ یا نمک سیاہ۔ زیرہ۔ امل بید۔ سنج۔ الائچی۔ مرچ سیاہ۔ مصری۔ ان سبکو باریک پیسکر پانی کے ساتھ کھاوے تو بلغم کا مداتی دور ہو۔

سنپات کے مداتی کا علاج] آملہ کے رس مین حل کیا ہوا ایک درم پارہ اور گگند ھک ملاکر پیوے تو سنپات کا مداتی دور ہو۔

پان بھرم کا علاج] داکھ کے شربت مین یا کیتھ کے شربت مین یا انار کے شربت مین شہد ملاکر پیوے تو پان بھرم جاوے۔ یہ برند مین لکھا ہے۔

دھتورے کے پھل کے نشہ کا علاج] پیٹھے کے رس مین قند سیاہ ملاکر پیوے تو دھتورے کا نشہ اُتر جاوے یا دودھ مین مصری ملاکر پیوے تو دھتورے اور بھنگ کا نشہ اُتر جاوے۔

بھنگ کے نشہ کا علاج] کپاس کی جڑ کا رس۔ یا بینگن کی جڑ کا رس۔ یا تیلا ٹھا یا گھی۔ یا نیم کا رس۔ مصری کے شربت مین ملاکر پیوے تو دھتورے اور بھنگ کا نشہ اُتر جاوے۔

زہر کے نشہ کا علاج] نیم کی مینگی اور نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ ان دونون کو پیسکر اور کانجی کے پانی مین ملاکر پیوے تو سب طرح کے زہر کا نشہ دور ہو۔ یہ علاج۔ بید اوپچار مین لکھا ہے۔

جلن کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

جلن سات قسم کی ہے۔ صفراکی۔ بڑے خون کے بڑھنے کی ہتھیار وغیرہ کی چوٹ سے نکلے ہوئے خون کی جس سے معدہ بھر گیا ہو۔ شراب وغیرہ کے پینے کی پیاس روکنے کی۔ دھاتو چھپے کی۔ مرم استھان مین چوٹ لگنے کی۔

صفراکی جلن کی علامت] جس مین صفراوی بخار کی سب علامتین ملین تو اُسے صفراکی جلن جانو۔

خون کے فساد سے جو جلن پیدا ہوتی ہے اُس کی علامتین

سب بدن مین جلن پیدا ہو اور سب بدن سے دھوان سا نکلے اور بدن کا تانبے کا سا رنگ ہو اور تانبے کے رنگ کی سی آنکھین ہون۔ منھ مین خون کی بو آوے۔ سب عضو آگ کے مانند جلین۔ یہ سب علامتین ہون تو خون کی جلن جانو۔

ہتھیار وغیرہ سے جو خون نکلتا ہے اور اس سے معدہ بھر جاتا ہے اُس کی علامتین

جب خون سے معدہ بھر جاوے اور جلن ہو وہ لاعلاج ہے مریض مر جاوے

شراب وغیرہ کے پینے کی جلن کی علامتین

چھاتی کی ہوا صفرا اور خون سے ملکر اور جلد کے اندر جاکر سب بدن مین خوفناک جلن پیدا کرتی ہے۔

پیاس کے روکنے کی جلن کی علامتین

پیاس کے روکنے سے بدن کا پانی اور دھات زائل ہوتی ہے پھر بدن مین گرمی بڑھکر بدن کو جلاوے اس سے طبیعت سُست ہو جاوے اور گلا اور تالو سوکھ کر زبان باہر نکال کر کانپنے لگے۔

دھاتو چھے کی جلن کی علامتین] دھات کے زائل ہونے کی جلن سے پیاس اور غشی طاری ہو کر منھ کی آواز بیٹھ جائے بدن کی طاقت زائل ہو جائے یہ جلن لادوا ہے

چوٹ لگنے کی جلن کی علامتین] سر پیڑو۔ مرم استھان وغیرہ مین چوٹ لگنے سے جو جلن پیدا ہو وہ لاعلاج ہے۔

لاعلاج جلن کی علامتین] بدن ٹھنڈا ہو جاوے۔ اندر جلن ہو تو وہ شخص مر جاوے

جلن کا علاج] ہزار مرتبہ یا سو مرتبہ کے دھوئے ہوئے گھی کی بدن مین مالش کرے تو بدن کی جلن دور ہو۔ یا جو کے ستو مین مصری ملا کر کھاوے تو جلن جاوے یا آملہ کے پانی مین کپڑا بھگو کر اوڑھے تو جلن دور ہو۔ یا خس اور سُرخ چندن گھس کر بدن مین ملے تو جلن دور ہو۔ یا کیلے کے پتے یا کنول کی پنکھڑیوں کی سیج پر سووے تو جلن دور ہو۔ فوارہ پانی کی چادر وغیرہ پانی کے تماشا دیکھنے سے جلن دور ہوتی ہے۔ یا خسخانہ مین رہنے سے بھی جلن جاتی ہے۔ یا ٹھنڈے پانی کے پینے سے جلن جاتی ہے یا عمدہ باغ پھلواری وغیرہ ٹھنڈی جگہ مین رہنے سے جلن دور ہوتی ہے۔ یا چندن پت پاپڑہ خس۔ کنول گٹہ۔ کشنیز۔ بادیان۔ آملہ۔ انکا بقدر دو درم جوشاندہ کر اُس مین شہد اور مصری ملا کر پیے تو جلن دور ہو۔ یہ سب نسخے بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین۔

خون کے بگڑنے کی جلن کا علاج مریض کی فصد کھلوا دے تو بگڑے خون کی جلن دور ہو - یا پارہ - گندھک مصفا - بھیم سینی کافور - چندن - جس - ناگر موتھا - یہ سب برابر لے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اُس مین یہ چیزین ڈالے پھر اُسکے پانی سے گولی باندھے ایک گولی منھ مین رکھکر چوسے تو اندر کی جلن دور ہو - یہ جلن کے دور کرنیکا رس ہے - یا پارہ مصفا ایک تولہ - تانبے کی راکھ ایک تولہ - ابرک ایک تولہ - گندھک مصفا ایک تولہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب دوا اُسمین ڈالے پھر اُسمین ناگر موتھا کے رس کی ایک پُٹ دے پھر پیپل کے رس کی ایک پُٹ دے پھر میٹھے انار کے رس کی ایک پُٹ دے پھر پرگید کے انکھوون کی ایک پُٹ دے پھر چندن کے رس کی ایک پُٹ دے پھر سہدیئی کے رس کی ایک پُٹ دے پھر داکھ کے رس کی سات پُٹ دے پھر سایہ مین سکھا چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو جلن اور پت - موتر کرچھر - پردر - جریان ان سب عارضون کو یہ چندرکلا رس دور کرتا ہے -

اودنماد یعنی خفقان کے عارضے کی پیدائیش علامت اور علاج

برخلاف خوراک کھانے سے یا ناپاک سے یا بری غذا کھانے سے - اور دیوتا - گرو - برہمن - عابد اور راجہ کی بے عزتی کرنے سے اور کسی طرح کے خوف اور خوشی سے اور دھتورے و بھنگ وغیرہ کے کھانے سے آدمی کا دل بگڑتا ہے پھر وہ بگڑا ہوا دل صفرا - باد بلغم ان تینون سے ملکر آدمی کو متوالے کے مانند کر دیتا ہے اُس کو عوام مین ہول دل کہتے ہین یہ عارضہ چھہ قسم کا ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات کا - دل کی تکلیف کا - زہر کھانے کا -

ہول دل کی شکل کمزور شخص کے برخلاف کھانا کھانے کے پیچھے - باد - صفرا - بلغم - فاسد ہو کر عقل کو زائل کر دیتے ہین پھر اُس کی چھاتی مین درد پیدا کرکے دل کے چلنے والی نسون کو غافل کرتے ہین تب انسان کا دل ڈانوان ڈول ہو کر یکجا نہین رہتا اِس کو ہول دل کہتے ہین

ہول دل کی پہلی شکل عقل درست اور یکسو نہ رہے - بدن کی طاقت جاتی رہے یہ علامتین ہون تو جانو اس کو ہول دل ہوگا

بادکے ہول دل کی علامتیں] روکھی اور ٹھنڈی چیز زیادہ کھانے اور زیادہ جلاب لینے اور منی کے کم ہونے سے باد بڑھتا ہے پھر وہ باد بڑھکر چھاتی کو بگاڑکر عقل اور یاد کو زائل کرتا ہے تب آدمی بغیر کسی سبب کے ہنسنے لگاوے ناچے یا ہاتھ اور منھ سے بندر کی سی حرکتیں کرنے لگے اور کبھی رووے اور بدن سخت اور سیاہ اور سُرخ پڑجاوے اور کھانا ہضم ہونے کے بعد یہ عارضہ بڑھے یہ علامتیں ہوں تو باد کا اونماد جانو۔

صفرا کے ہول دل کی علامتیں] بہضمی میں کھانا کھانے اور تلخ۔ کھٹے۔ گرم کھانے سے صفرا بڑھ کر آدمی کو بگاڑکر ہول دل پیدا کرتا ہے تب وہ آدمی کسی کی بات کو نہیں مانتا اور ننگا ہوکر سب کو مارنے لگے اور بدن گرم ہوجاوے اور ٹھنڈی چیزوں کے کھانے کی خواہش رہے اور بدن زیادہ زرد پڑجاوے یہ علامتیں ہوں تو صفرا کا ہول دل جانو۔

بلغم کے ہول دل کی علامتیں] بھوکھ کم ہوجاوے اور بہت کھاوے کام کرنے میں سستی ہو اُس کا صفرا بلغم سے ملکر پھر مرم استھانوں کو باندھتا ہے اور آدمی کی عقل اور یاد کو زائل کرکے اُس کے دل کو بگاڑکر پاگل کردیتا ہے تب وہ آدمی کم بولتا ہے اور اُسکی بھوکھ جاتی رہتی ہے۔ عورتیں اچھی معلوم ہوں۔ تنہائی پسند کرے نیند زیادہ آوے قے ہو۔ طاقت جاتی رہے۔ ناخن وغیرہ سفید ہوں یہ علامتیں ہوں تو بلغم کا ہول دل جانو۔ اور یہ سب علامتیں ملی ہوں تو سنپات کا ہول دل جانو۔

دل کے آزار کے ہول دل کی علامتیں] چور۔ حاکم۔ یا بادشاہ۔ طاقتور دشمن اور خوفناک کام کے خوف یا دولت۔ اور بیٹوں کے ضائع ہونے یا زیادہ جماع کرنے سے جب آدمی کے دل میں چوٹ لگتی ہے تب اُس شخص کے دل میں چوٹ لگ کر دل کو بگاڑکر پاگل کے مانند کردیتی ہے۔ تب وہ شخص جو جاہتا ہے بے تکان بکتا ہے اور اسکا ہوش جاتا رہتا ہے اور وہ گانے اور ہنسنے لگے یہ علامتیں ہوں تو دل کے دکھ کا ہول دل جانو۔

زہر کے کھانے کے ہول دل کی علامتیں] سُرخ آنکھیں ہوں۔ بدن کی طاقت اور حواس کمزور ہوجائیں۔ منھ سیاہ ہوجاوے یہ علامتیں ہوں تو زہر کا

ہول دل جانو۔ ایسے ہول دل والا مرجاوے۔

سب طرح کے لاعلاج ہول دل کی علامتین] یا تو نیچا اونچا ہی مُنھ رکھے اور بدن کا گوشت زائل ہو جاوے نیند نہ آوے جاگتا ہی رہے یہ علامتین ہون تو وہ شخص مرجاوے۔

بھوت آسیب وغیرہ کے لگنے سے جو ہول دل ہوتا ہے اُس کی علامتین

جس شخص کے بھوت وغیرہ لگا ہو اُس شخص کی آواز آدمی کی سی نہو بلکہ عجیب غریب ہو اُس کی طاقت اور بدن کے حرکات اور اُس کے ہوش و حواس بھی عجائب ہون یہ علامتین ہون تو بھوت وغیرہ کے لگنے کا ہول دل جانو۔

جس کو کسی دیوتا کا آسیب ہو اُس کی علامتین

سب باتون مین وہ خوش اور پاک رہے اور اچھے پھولون کی مالا پہنے اور عمدہ عطر سونگھا کرے اور آنکھین بند نہ ہون اور بغیر پڑھا ہوا سنسکرت زبان بولے اور بدن مین نور بڑھے اور جو مانگے اُسکو دعا دے اور برہمن بن جاوے جس مین یہ علامتین ہون تو اُسکو کسی دیوتا وغیرہ کا آسیب ہے۔

جس کے دیت لگا ہو اُس کی علامتین] پسینا آوے اور برہمن گرو دیوتا ان مین بُرائیان نکالے ٹیڑھی نظر ہو کسی طرح کا خوف نہ ہو۔ بُری طرف نظر ہو کسی طرح سے سیر نہ ہو اور خواب کھانا کھاوے۔ جس مین یہ علامتین ہون اُسکو دیت لگا ہوا جانو۔

گندھرب لگنے سے جو ہول دل پیدا ہو اُس کی علامتین

بدذات ہو دریا کے کنارے کے جنگل مین رہنے سے خوش رہے پاک رہے اور گانا ناچنا اچھا معلوم ہو تھوڑا بولے یہ علامتین ہون تو گندھرب لگا ہوا جانو۔ اور یچھ گرہ کی علامتین جانو۔

جس کے پتر کا آسیب ہو اُس کی علامتین] ڈابھ کے اوپر پنڈ رکھا کرے ستو گنی ہو۔ ترپن کیا کرے۔ گوشت قند سیاہ اور کھیر کی طرف طبیعت مائل رہے۔ یہ علامتین ہون تو پتر لگا ہوا جانو۔

ستی لگی ہو اُس کی علامتین] دل یکجا نہ رہے۔اولاد وغیرہ سے دشمنی کرے۔ستی کی باتین اچھی لگین۔خاموش رہے۔بولے بھی تو رعا دے اور پاک رہے۔اچھی چیزون مین دل لگے۔یہ علامتین ہون تو ستی لگی ہوئی جانو۔

چھیتر پال کے لگنے کا ہول] مُنھ اور ناک مین سے خون چلے۔مسان کی راکھ پیشانی مین لگاوے۔بُرا خواب دیکھے۔درد شکم ہو تمام جسم مین درد رہے۔دل ٹھکانے نہ رہے یہ علامتین ہون تو چھیتر پال لگا ہوا جانو۔

بیجا سنی دیبی کا آسیب] پچھا گھات ہو۔بدن اور خون سوکھ جاوے مُنھ اور پاؤن ٹیڑھے ہو جاوین۔بدن کمزور ہو یاد وغیرہ جاتی رہے۔یہ علامتین ہون تو بیجا سنی دیبی لگی ہوئی جانو۔

کامن کے فساد سے جو ہول پیدا ہو اُس کی علامتین

کندھا اور پیشانی بھاری ہو دل یکجا نہ رہے۔سب عضو ڈھیلے ہو جاوین۔ناک اور ہاتھ پیر دل مین جلن ہو۔منی زائل ہو بدن کے آٹھون اعضا مین سوئی سی چبھے اور جلتے رہین۔بدن سوکھ جاوے۔یہ علامتین ہون تو کامن کے فساد کا اونماد جانو۔

ساکنی اور ڈاکنی کے لگنے سے جو اونماد پیدا ہو اُس کی علامتین

سب اعضا مین درد ہو۔آنکھون مین درد زیادہ ہو۔بیہوش ہو جائے۔بدن کانپے۔روو ے۔بکے۔کھانے مین رغبت نہ ہو۔ہنسے۔آواز ٹوٹ جائے۔بدن کی قوت اور بھوک جاتی رہے۔چکر آوے۔بخار بھی ہو۔یہ علامتین ہون تو ساکنی اور ڈاکنی لگی جانو۔

بری گت سے جو مر کر پریت ہو جاوے اُس سے جو اونماد پیدا ہو اُسکی علامتین

سویرے ہی گھر مین سے اُٹھ اُٹھ بھاگے۔بُرے کلمے کے بہت بکے۔بدن مین غصہ ہو روو ے اور کچھ نہ کھاوے نہ پیے۔بُری طرح دم لیا کرے۔جو دل مین آوے وہ کھائے یہ علامتین ہون تو پریت کا اونماد جانو۔

جس کے راچھس لگا ہو اُس کے اونماد کی علامتین

گوشت کھانے اور خون پینے کی خواہش رہے۔بدذاتی سے بولے۔بہت سی بہادری

چڑھ جاوے۔ غصہ زیادہ ہو۔ رات کو اکیلا پھرے۔ ناپاک رہے۔ یہ علامتین ہون تو راچھس لگا ہوا جانو۔

جسکو برہم راچھس کا آسیب ہو اُس کے اونماد کی علامتین

دیوتا۔ برہمن۔ گرو۔ ان سے دشمنی رکھے آپ ہی وید و یدانت کا جاننے والا اور اپنے بدن کو آپ ہی تکلیف دے اور مارے نہین۔ یہ علامتین ہون تو برہم راچھس لگا ہوا جانو۔

پشاچ کے لگنے کے اونماد کی علامتین

اونچے ہاتھ رکھے بدن دُبلا ہو جاوے۔ کچھ کا کچھ لغو بکے۔ بدن مین بدبو آوے۔ ناپاک رہے۔ شریر ہو جاوے۔ بہت کھائے۔ پھلواری مین دل رہے۔ گھومے۔ بہت روے یہ علامتین ہون تو پشاچ لگا ہوا جانو۔

لاعلاج اونماد کی علامتین] آنکھین کٹی سی ہو جاوین۔ گھوما کرے مُنھ مین جھاگ آجاوے۔ نیند بہت آوے گر گر پڑے اور کانپے۔ یہ علامتین ہون تو لاعلاج جانو اور پونماشی مین زیادہ بیماری ہو تو دیوتا لگا جانو۔ اور شام کے وقت کوئی لگے تو دیت لگا جانو۔ اور پریوا کو تکلیف ہو تو پچھر لگا جانو اور رات کو یہ علامتین ہون تو پشاچ لگا ہوا سمجھنا چاہیئے۔

ان سب کے لگنے کا طریقہ لکھتے ہین] جیسے آدمیون کا عکس شیشہ وغیرہ مین پڑجاتا ہے ویسے ہی سب جانداروں کے گرمی اور سردی اندر جاتی ہے اور جیسے آتشی شیشہ مین سورج کی کرنین گھس کر آگ پیدا کرتی ہین ویسے ہی آدمی کے بدن مین بھوت اور پریت گھس جاتے ہین اور نظر نہین آتے مگر حرکتون سے معلوم ہوتے ہین۔

اونماد وغیرہ ان سب عارضون کا علاج] گھی وغیرہ کے پینے سے بادی کا ہول دل دور ہو اچھے جلاب کے لینے سے صفرا کا اونماد دور ہو۔ قے کرنے سے بلغم کا اونماد دور ہو اور آلت اور مقعد مین پچکاری دینے سے اونماد دور ہو اسکو بست کرم یعنی عمل کہتے ہین یا لوبیے کے رس مین برابر کا قند سیاہ ملاکر اور گائے کا مٹھا ملاکر پیے تو اونماد دور ہو۔ یا کھریٹی کی ٹہنیون کا رس نکالکر پیے تو اونماد وغیرہ دور ہو۔ یا روغن تلخ کی مالش کرکے دھوپ مین بیٹھے تو اونماد دور ہو یا کوئی عجیب چیز دکھاوے یا کسی عزیز و اقارب یا دوست کا نام سناوے

تو اونما ددور ہو - یا گرم گھی یا گرم تیل یا گرم پانی کو چھلا دے تو اونما ددور ہو یا کوچ
کے پھلون کو چھلا دے تو اونما ددور ہو یا کوڑے کی مار مارے تو اونما دجا دے یا ہتھیا
یا شیر یا سانپ یا ردکنے سے کسی طرح ڈرا دے تو اونما دجا دے جسطرح سے دل ٹھکانے
آدے سو سب دُکھ سے جان کا رکھنا اچھا ہے اس سبب سے یہ علاج اچھے ہین - یا کوٹ
اسگندھ - سیندھا نمک - اجمود - دونون زیرے - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - پاڑہ سنکھاہولی
سب کو برابر لے اوران سب کے برابر بچ لے - پھران کو باریک پیسکر براہمی کے رس کی دس
پٹ دے پھر سایہ مین سکھا کر بقدر دو درم گھی اور شہد کے ساتھ پندرہ دن تک کھائے
تو سب طرح کا اونما دجا دے یہ سارسوت چورن سب بادکے فساد اور جریان کو دور کر کے عقل
کو تیز کرتا ہے اور شاعری کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے اور یہ چورن برہماجی کا بنایا ہوا ہے -
یا تر پھلا - پت پاپڑہ - دیودار - سال پرنی - جواسہ - تگر - ہلدی - آنبہ ہلدی - تخم اندرائن
سفید سرسون - صندل - بدمارک - کوٹ - کنول گٹہ - الائچی - کیتلی - مجیٹھ - ترج - فسوت
بای برنگ - رودنتی - ناگ کیسر - اصل السوس - پرشٹ پرنی - چنبیلی کے پھول - یہ سب
چھ چھ ماشہ بھر لے - پھران دوائیون کو چار آثار پانی مین کوٹ ڈالے پھر اُس مین ایک
آثار روغن مادہ گاو ڈال نرم آنچ سے پکا دے جب یہ سب جلجا دین اور گھی رہجادے
تب اُتار رکھے پھر پانچ درم ہر روز کھانے کے ساتھ کھا دے تو اونماد - مرگی - پلیا - یہ سب
جا دین - اس کا نام کلیان گھرت ہے یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - انگوزہ - بچ - تخم سرس
سیندھا نمک - سرسون - ان سب کو برابر لیکر گاے کے پیشاب مین باریک پیسکر انجن کرے
تو اونما ددور ہو - یہ علاج بید تپود مین لکھا ہے - یا زنجبیل - اجمود - ہلدی - دار ہلدی - سیندھا
نمک - بچ - ملٹھی - کوٹ - پیپل - زیرہ - یہ سب برابر لیکر گاے کے پیشاب مین باریک پیسکر
بقدر دو درم گھی کے ساتھ کھا دے تو اونما ددور ہو - اُس کی زبان پر سرستی آکر قیام کرے
اور بڑا ذہین ہو - اسکا نام لسوا د چورن ہے اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے یا براہمی کا رس -
اور پیٹھے کا رس - یا چیلا مول کا رس یا سنکھاہولی کا رس دس درم پیے تو اونما ددور ہو
یا بچ - کوٹ - سنکھاہولی - دھتورے کی جڑ - یہ سب برابر لے کر اس مین براہمی کے رس کی

سات پٹ دے پھر سیاہ دھتورے کے بیج کے تیل کی پانچ پٹ دے پھر اسکی ناس دے تو اونماد دور ہو یہ بیدرہس مین لکھا ہے - یا سرس کے پھول - مجیٹھ - پیپل - سرسون - ہینگ - ہلدی - زنجبیل - ان سب کو برابر لیکر بکری کے پیشاب مین باریک پیسکر گولی باندھے پھر ایک گولی گھس کر انجن کرے تو اونماد جاوے - یہ جوگ رتناولی مین لکھا ہے - یا بھنی ہوئی ہینگ - نمک سیاہ - زنجبیل مرچ سیاہ - پیپل - یہ سب برابر چار چار تولہ بھر لیکر پھر چار آٹار روغن مادہ گاؤ اور اس سے چوگنا گاے کا پیشاب لے پھر ان سب کو اکٹھا کرکے نرم آنچ سے پکاوے جب گاے کا پیشاب جلکر گھی رہجاوے تب اُتار کر پانچ درم کھانے کے وقت کھالے تو اونماد دور ہو -

بھوت اور آسیب کے اونماد کے منتر اور تنتر سب شاستر کے موافق لکھتے ہین

پہلے بھوت وغیرہ کے دفع ہونے کا جو علاج کرے تو وہ آپ پاک ہو کر اپنی حفاظت کرکے تدبیر کرے فلفل سیاہ - پیپل - سیندھا نمک - گئو لوچن - انکو باریک پیسکر شہد مین انجن کرے تو بھوت پریت جاوین - بخار کے علاج مین بھوت جورکے اوپر سری نرسنگھ جی کا منتر لکھا ہے اُس سے بھوت پریت وغیرہ کے سب اونماد دور ہون وہ دیکھ لینا اوڈیس مین ان کا سا برمنتر مہادیو جی نے لکھا ہے وہ لکھتے ہین اوم نمو بھگوتے نارسنگھاے اتل پرا کرمائے گھور رُدر مکھا سُر رد پاے تر لوکیہ ڈمبر لے رُدر چھیتر پالاے ہو ہو کری کری تا ڑیے تا ڑیے موہیے موہیے دربھو دربھو چھو بھیے چھو بھیے آبھیہ آبھیہ سادھے سادھے ہر تیگ ہروے آشکتے پریت لالائے بندھے ہرنگ ہروے استبھے کلی پاپ ہر تیگ ڈاکنیم پرچھاوے پرچھاوے شاکنیم پرچھاوے پرچھاوے بھوتم پرچھاوے پرچھاوے ابھوت اودت سوا بارا جیسم پرچھاوے پرچھاوے برہم راچھسم پرچھاوے پرچھاوے اکاستم پرچھاوے پرچھاوے سنگھنی پترم پرچھاوے پرچھاوے ابتے ڈاکنی گرہم سادھے سادھے ساکنی گرہم سادھے سادھے انین نسترین ڈاکنی ساکنی بھوت پریت پشاچادیکا ایک دو ایک ترایک چاتر تھک ہنیک - ایک تپے - ک اشلیکھک - سنپات - کیشری ڈاکنی گرہا دنیج منیج - سوا ہا - گرو کی شکت میری بھگت پھرو منتر ایشور رو با بچ - اس منتر سے اکیس مرتبہ - مور پنکھ سے یا

یا لوہے کی چیز سے یا چھپر کے پانی سے جھاڑ دے تو بھوت باک کے سب او نکلا دور ہوں۔

ڈاکنی ساکنی کے بگرانے کا منتر] اوم نمو آدیش گرو کو اوم نمو جے جے نرسنگھ تین لوک چودہ بھون میں ہاتھ چاب ہونٹھ چاب نین لال سرب بیری پچھاڑ مار بھگتن کے پران راکھ آدیش آدیش پور رکھو کو اس منتر کا طریقہ۔ یہ منتر پڑھکر بیمار کو بٹھاکر منتر سے پانی پھونک کر آپ پاک ہوکر اس بیمار کو پلا دے پھر اس سے پوچھے تو شاکنی ڈاکنی ضرور بولے۔

ڈاکنی کے بگرانے کا منتر] اوم نمو چڑھو چڑھو سور بیر۔ دھرتی چڑھو پاتال چڑھو پاپ پالی چڑھا کون کون بیر چڑھا ہنومنت بیر چڑھا۔ دھرتی چڑھے۔ پگ پا چڑھی ایڑی چڑھی ٹیڑی چڑھی۔ مردے چڑھی۔ سوردے چڑھی۔ پنڈری چڑھی۔ پنڈری چڑھی۔ گوڑا چڑھی گوڑا چڑھی۔ جانگھ چڑھی جانگھ چڑھی کٹ چڑھی۔ پیٹ چڑھی۔ پیٹ چڑھی۔ پیٹ سے دھرن چڑھی۔ دھرن سے پسلیاں چڑھی۔ پسلیوں سے ہیے چڑھی۔ ہیے سے چھاتی چڑھی چھاتی سے کلوا چڑھی۔ کلوا سے کنٹھ چڑھی۔ کنٹھ سے مکھ چڑھی۔ مکھ سے جبوا چڑھی جبوا سے کانوں چڑھی۔ کانوں سے آنکھوں چڑھی۔ آنکھوں سے للاٹ چڑھی۔ للاٹ سے سیس چڑھی۔ سیس سے کپال چڑھی۔ کپال سے چوٹی چڑھی۔ ہنومان نارسنگھ کرو وار اتھا چلیام بیر سد بیر بیٹھ بیر آگیا بیر سوسنتا بیر یہ بیر چڑھیا۔ اس منتر سے بگراوے تو اس شخص پر ضرور آکر بولے۔

ڈاکنی کے چوٹ لگنے کا منتر] اوم نمو مہا کالا یا جوگنی جوگنی پار شاکنی کلپ برکشیی ورشٹ جوگنی سدّہ رودر آئے کال دنڈین۔ سادھیے سادھیے۔ ماریئے ماریئے۔ چوریئے چوریئے۔ اپھر اپھر شاکنی۔ سیر دارم تمبہ اوم۔ گرہیم ۲ اوم ہریم ہم ہروں۔ ہروں پھٹ سواہا۔ اس منتر کا طریقہ استعمال یہ ہے کہ پاک ہوکر سات مرتبہ گوگل کو منتر کرا وکھلی میں ڈال موسل سے کوٹے تو وہ چوٹیں ڈاکنی کے لگیں اور اس منتر سے سرمونڈے تو ڈاکنی کا سر مونڈ جاوے اور اسی منتر سے ماش کو پڑھکر ڈالے تو اس کے گھر آکر بولے اور جلنے لگے اور انھیں ماش کے دانوں کو پڑھکر آنکھوں پر چھوڑ دے تو وہ کھیل اٹھے۔

ڈاکنی کے دور ہونے کا جھاڑہ] سورکے پرتے یالوہے کی چھری سے جھاڑ دیجیے ادم نمو آدیش گرو کا ڈاکنی سہاری کس نے ماری جتی ہنومنت نے ماری کہاں جائے دیکی کن دیکھی جتی ہنومنت نے دیکھی۔ ساتویں پاتال گئی ساتویں پاتال سے کون پکڑ لایا۔ جتی ہنومنت پکڑ لایا! ایک تال دے ایک کوٹھا توڑا دو تال دے دو کوٹھے توڑے۔ تین تال دے تین کوٹھے توڑے چار تال دے چار کوٹھے توڑے پانچ تال دے پانچ کوٹھے توڑے۔ چھ تال دے چھ کوٹھے توڑے۔ ساتواں کوٹھا توڑ دیکھے تو کونے میں کھڑی ہے ڈاکنی سہاری بھوت پریت۔ چلا جتی ہنومنت تیرے جھاڑے سے چلا ادم نمو آدیش گرو کا گرو کی شکت میری بھگت پھرو منتر ایشر و باچ۔

ڈاکنی کے دور ہونے کا جنتر

رطے	٦٦	ا	٥
ے	۴	ے	۹۱
ر	=	۰ا	۰ا۰
۹	ا	ر	۳۰

اس جنتر کو لڑکے کے گلے میں باندھے

ے	ے	۹	۸
ر	۵	۳	۲
۳	ـ	ر	اا
ےـ	۵	۰ا	اا

اس جنتر کو اچھے پانی میں گھول کے پلا دے تو ڈاکنی دور ہو۔

حاضرات کا منتر

ادم نمہ کا لکھیا نے سرب سدھا سیئے ایک کرم کر کر و سواہا اسیہ منتر سیہ بھنگ رشی جگتی چھند۔ کالکھیا دیوتا۔ پرنوہ شکتی ابھیتہ کیل کرا نمک کریں جپے بنیوگہ ادم انگشٹھا بھیام نمہ کالکھیا نیئے ترجنی بھیام نمہ سواہا۔ سرب۔ سدھ۔ وانیئے۔ مدھما بھیام۔ دکھت کمک کرم انامکا بھیام ہم کر کر کنشٹھکا بھیام دو کھٹ سواہا۔ کر تل کر پشٹھا بھیام استرائے پھٹ ادم نمو ہردیائے کالکھیانیئے شرسے سواہا سرب سدھ دانیے شکھائیے دکھٹ انمک کرم کوچائے ہم کر کر نیترا ترائے دوکھٹ سواہا استرائے پھٹ۔

دھیان) جون ماتر شرپا سیئے۔ گنگو باسن کا مدا - رجیولا۔ مہاتیجا۔ کالا بھی دھاتام سدا
اس منتر کو ہزار مرتبہ جپے اور گڑھل کے پھولون کی ہزار آہت دے میڑھل کی راکھ
کر پکھے روئی مین ملا کر اُسکی بتی کرے اس بتی کو تیل کے چراغ مین رکھے اُس چراغ کا پوجا
کرے۔ چراغ کے آگے آٹھ برس یا دس برس کا لڑکا پاک اور خاندانی دیوتا آگن کا استھان
کرنا اور آپ بھی پاک کر میٹرھل کے پھول کے اوپر اس منتر کے سنکلپ کا پانی ڈالے پھر
چراغ کے آگے نیچے کا جنتر لکھکر پوجا کرے اور یہ جنتر لڑکے کو دکھلاوے اور اُسکی تیل
مین میٹرھل کی راکھ تیل مین سانکر لے پھر اُس سے پوچھے جو وہ دیکھے وہ سچ سچ کہے

حاضرات کا جنتر

۱	۸	۳	۸	ت
۵	۹	۳	۹	ر
۲	۲	۹	ک	ڑ
۲	۴	۵	۳	ل

یا آٹھ دس برس کی پاک خاندان کی دیوتا آگن لڑکی کو بٹھاوے اُسکو جو نظر آوے وہ کہے
اور سولان حصہ آہوت اور دسوان حصہ ترپن اُسکا دسوان حصہ مارجن اور برہمن کو کھلاوے
یہ سچی حاضرات ہے اوڈیس مین لکھا ہے۔ یا نیم کے پتے خراسانی بچ۔ ہینگ سانپ کی کینچلی
سرسون ان کی دھونی دے تو ڈاکنی بھوت وغیرہ سب دور ہون۔ یا کپاس کا ڈھیل۔ مور
کا پنکھ۔ کنٹیلی۔ شیو کا نرمالیہ اور مروا۔ بچ۔ باچھڑ۔ بیل کا دانت۔ بلی کا گو۔ تش۔ نیچ۔ بال۔
سانپ کی کینچلی۔ گائے کا سینگ۔ ہاتھی دانت۔ ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ ان سب کو باریک کوٹکر
اسکی دھونی دے تو سب طرح کے آسیب بھوت وغیرہ دور ہون یہ اتھیشر دھوپ ہے
اور گرودت مین لکھی ہے۔ یا پیپل۔ فلفل سیاہ۔ سیندھا نمک۔ گورلوچن۔ ان کو شہد مین پیس
انجن کرے تو سب بھوت وغیرہ کے فساد دور ہون۔ یا بیج کنگھی یعنی کرنجوہ۔ دارچینی کا
سرسون کوٹ۔ ہینگ۔ بچ۔ مجیٹھ۔ ترپھلا۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ برہنگ کے پھول

ان کو برابر لیکر پیسے کے موت مین پیسکر ناس دے یا انجن کرے تو سب بھوت وغیرہ کا فساد دور ہو یا گورکھ گو کھرو سہوے۔ کا کھرا کو لگا سے کے موت مین پیسکر ناس سے تو برہم راکچھس کا فساد دور ہو۔ یا ریچ سنکھا ہولی کو چانول کے پانی یا گھی مین پیسکر اس کی ناس دے تو بھوت وغیرہ کا فساد جاتے

صرع یعنی مرگی کے عارضے کی پیدائیش اور علامت

فکر اور رنج کرکے جو باد صفرا بلغم مفسد ہون وہ چھاتی کی نسون مین گھس کر باد کو زائل کرکے صرع کے عارضے کو ظاہر کرتے ہین وہ صرع۔ باد صفرا۔ بلغم۔ سنپات سے چار قسم کا ہے۔

صرع کی پہلی شکل اور علامتین] چھاتی کانپے اور جسم شل ہو جائے۔ پسینا آوے دھیان لگجائے۔ بیہوشی ہو۔ ہوش جاتے رہین۔ نیند نہ آوے۔ یہ علامتین ہون تو جانو اس کو مرگی کا عارضہ ہوگا اور اُس کو سب جگہ اندھیرا ہی نظر آوے۔ یاد جاتی رہے اور ہاتھ پانون وغیرہ سب اعضا کو زمین پر پٹکا کرے تو جانو کہ صرع کا عارضہ ہو گیا۔

باد کی مرگی کی علامتین] رعشہ ہو۔ دانت چباوے۔ منھ مین جھاگ آوے۔ دم چڑھ آوے۔ سیاہ اور زرد نظر آوے یہ علامتین باد کی مرگی کی ہین۔

صفرا کی صرع کی علامتین] منھ سے زرد جھاگ آوے بدن کی جلد اور منھ زرد ہو جاوے یہ علامتین صفرا کی مرگی کی جانو۔

بلغم کی صرع کی علامتین] منھ سے سفید جھاگ آوے۔ بدن کی جلد اور منھ اور آنکھین سب سفید ہون سردی لگے۔ رونگٹے کھڑے ہو آوین اور سفید ہی سفید نظر آوے یہ علامتین بلغم کی صرع کی ہین۔

سنپات کی صرع کی علامتین] اوپر کہی ہوئی سب علامتین ہون تو سنپات کی صرع جانو۔

لاعلاج صرع کی علامتین] جس کا بدن بہت بھڑکے اور کمزور ہو جائے بھوین چڑھی رہین۔ آنکھون کی اور ہی شکل ہو جائے وہ مرگی والا مر جاوے۔

صرع کا وقت] بارھوین روز آوے تو باد کی جانو۔ اور پندرھوین روز آوے صفرا کی جانو۔ ایک مہینے مین آوے تو بلغم کی جانو۔ یہان یہ مثال لکھتے ہین۔ جیسے زرا جواندر کے

پانی برسانے سے سبھی چیزیں پیدا ہوتی ہیں ۔ گڑ ہو ۔ گیہوں ۔ چنا وغیرہ زمین پر سرورت
یعنی سردی کے آخر میں پیدا ہوتے ہیں ۔ ویسے ہی یہ عارضے بدن میں ہمیشہ رہتے ہیں
جب اُن کا وقت آتا ہے تب ہی ظاہر ہوتے ہیں ۔

صرع کا علاج | تل کے ساتھ لہسن کھاوے تو بادی مرگی جاوے ۔ دودھ کے ساتھ
چھنا ور کھاوے تو صفرا کی مرگی دور ہو ۔ براہمی کا رس شہد کے ساتھ کھاوے تو بلغم کی مرگی
جاوے یا رائی سرسوں کھائے یا گائے کے موت میں پیسکر بدن میں ملے تو مرگی دور ہو ۔
یا روغن سیاہ ایک آثار سہجنہ کا رس چار آثار ۔ گوار کے پٹھے کا رس چار آثار چرچری کا رس چار آثار نیم کی
چھال کا رس ایک آثار گائے کا موت چار آثار ۔ ان سب میں تیل ملا کر پکاوے جب یہ
سب رس جلجاویں اور صرف تیل رہ جاوے تب تیل کو برتن میں جدا رکھے اس کی
مالش کرے تو مرگی جاوے مینسل اور تیل کنگھی کی بیٹ ۔ یا کبوتر کی بیٹ ۔ ان دونوں
کو برابر پیس کر انجن کرے تو مرگی دور ہو ۔ یا پارہ مارا ہوا ابرک ۔ سار گندھک مصفا
مارا ہوا مینسل ۔ مارا ہوا ہرتال ۔ رسوت ۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر انکو گائے
کے موت میں ایک دن کھرل کرے پھر لوہے کے برتن میں اُس سے دوگنی گندھک
ملا کر اور کھلا رکھ کر آگ میں پکالے اور ایک پہر کے بعد اتار کر ٹھنڈا کرے ایک تی
ہر روز کھاوے سات روز تک تو مرگی دور ہو ۔ یا زنجبیل فلفل سیاہ پیپل نمک سیاہ
بھنی ہوئی ہینگ ۔ انکو برابر لیکر باریک پیسکر مین ورم پیٹھے کے رس میں سات دن پیے
تو مرگی دور ہو ۔ یا بچ اور کوٹ کو باریک پیسکر بقدر چار تولہ براہمی کے رس میں ۔ یا شکاہلی
کے رس کے ساتھ ۔ یا پرانے قند سیاہ کے ساتھ پندرہ دن تک پیے تو مرگی کا عارضہ
دور ہو ۔ یا روغن مادہ گاؤ ایک آثار پیٹھے کا رس ۸ آثار ملیٹھی کے کاڑھے کا پانی ۲ آثار
ان تینوں کو پکاوے ۔ جب دونوں رس جل جاویں اور گھی صرف رہ جاوے تب
اس گھی کو کھاوے تو مرگی کا عارضہ دفع ہو ۔ یا پوست سہجنہ ۔ کوٹ ۔ تیر بالا ۔ زیرہ سفید
لہسن ۔ زنجبیل فلفل سیاہ پیپل ۔ ہینگ ۔ ان سبکو ایک ایک تولہ بھر لیکر اور تیل آدھ پاؤ
اور بکرے کا موت چوآثار ۔ ان سب کو نرم آنچ سے پکاوے جب سب رس جلجاویں اور

جیل رہجاوے تب اس کی ناس دے تو مرگی جاوے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا پیپل - پیلا مول چب - چترک - زنجبیل - ترپھلا - بای برنگ - سینڈھا نمک - اجوائن خشخاش - سفید زیرہ - ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر بقدر دو درم پانی کے ساتھ کھاوے تو مرگی - سنگرہنی - اونماد - بواسیر ان سب کو یہ دور کرتا ہے یا کچھ چھپکلی مین کتے کا پتا لگا کر جب کرے یا گھی کے ساتھ اس کی دھوپ دے تو مرگی جاوے - یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - یا بچ کا چورن دو درم دودھ کے ساتھ یا شہد کے ساتھ ایک مہینے تک پیے تو مرگی جاوے یہ بھی جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - یا نیولے کا پنجال - بلی کا پنجال - کوتے کی بیٹ - ان کی دھونی دے تو مرگی جاوے - یہ چکردت مین لکھا ہے -

باب آٹھوان

بادکی چوراسی بیماریون کا بیان

بات بیادھ روگ کی پیدایش علامت اور علاج

کسیلی - کڑوی - تیکھی چیز کھانے سے - بُری غذا کھانے سے - روکھی چیز کھانے سے - محنت سے ٹھنڈی خوراک سے زیادہ جماع کرنے سے - منی کے کم ہونے سے - پاخانہ اور پیشاب روکنے سے - فکر - اور خوف سے - زیادہ خون نکلوانے سے - گوشت کے کم ہوجانے سے زیادہ قے - اور جلاب سے - آنون کے فساد سے - بوڑھاپے سے - برسات مین تیسرے پہر رات بیچ آدمیون کی خالی نسون مین طاقتور باد گھس کر اور فاسد ہوکر سب اعضا یا ایک عضو مین طرح طرح کے چوراسی بیماریون کو پیدا کرتی ہے وہ چوراسی روگ یہ ہین - شرد کرو الپ کیش یعنی کم بال ہون - زیادہ جھائی - ڈاڑھ نہ مڑے - زبان نہ ہلے - بکبائی کھاتا ہوا بولے آہستہ بولے - گونگا پن - کھوٹا ہی بولے - بہت بکے - زبان کی لذت جاتی رہے - بہرا ہوجائے کان مین گھنگھنانے کی آواز ہو - جلد شل ہوجائے اور اس مین چھونا معلوم نہ ہو اور وت یعنی لقوہ کندھا نہ مڑے - بازو سوکھ جائے - بازو نہ مڑے - چرچیت - بشوآچی - اردھ بات - ڈکار بہت آوے - اپھرا رہے - آدھمان - اسٹھیلا - پرتشٹھیلا

تولی۔ پرت تولی۔ اگن کی بجھنا۔ اڑپٹ روگ۔ پسلی کا درد۔ پیٹھ کا درد۔ زیادہ پیشاب آوے۔ پیشاب رک جاوے۔ پاخانہ گاڑھا ہو۔ پاخانہ نہ اترے۔ گردھن کی روگ۔ کلاپ کھنچتا روگ۔ کھوڑا پن۔ پنگا روگ۔ کرد شتھ شیر کھنک پیر کی بیماری۔ کھلی کی بیماری۔ بات کنٹک۔ پیر کی سوجن۔ پاؤن کی جلن۔ اچھپٹ روگ۔ ڈونڈی روگ۔ پاپاچھیک روگ۔ تپاچھیک روگ۔ وڈرا پتا تنک روگ اچھ باتک چھیک۔ انترا یام۔ باہیا یام۔ دھنو رباٹ۔ کبجک۔ آپ تنترک اپتان کھجا گھات۔ آکھلا گنگ۔ کمپ۔ استمبھ۔ بیٹھنا۔ لود۔ اپھرن۔ رو کھتا کالاپن۔ چھیتن پن۔ سیتل پن۔ روئیں کھڑے ہون۔ اکم۔ انگ بھرم۔ نسین سکڑ جاوین۔ انگ سوکھ۔ ڈرپنا۔ غفلت۔ اونماد پن۔ نیند نہ آوے۔ پسینا نہ آوے۔ طاقت زائل ہو۔ بیرج کا ناس۔ استری دھرم کا ناس۔ حمل گر پڑے۔ بغیر محنت کے تکان معلوم ہو۔ شرم کا ناس۔

بادیکے سب عارضون کی علامت اور علاج] پہلے معمولی علاج لکھتے ہین شیرین نمکین۔ مرغن۔ گرم چیز۔ آملہ کے کھانے اور تیل کے ملنے اور دواؤن کے استعمال سے عموماً باد کا روگ دور ہوتا ہے۔

شرو گرہ کی علامتین] باد خون سے ملکر پیشانی کی نسون کو درد کیا کرے۔ پھر اُن مین بہت سا درد کرکے سب نسون کو سیاہ کردے۔ یہ عارضہ لا علاج ہے۔

شرو گرہ کا علاج] دسول کا کاڑھا کرکے رس نکالے اور بجورے کا رس نکالے پھر اُس مین تیل پکاکر اُس تیل کی مالش کرے تو شرو گرہ دور ہو۔ یا کوٹ۔ بیخ اندر بیخ دھتورہ۔ بیخ سہجنہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ سنگی مہرہ یہ سب برابر لے اور کاڑھا کر انداز کے موافق تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے۔ جب صرف تیل رہ جائے تب اسکو اُتار کر مالش کرے تو شرو گرہ دور ہو۔

الپ کیش یعنی تھوڑے بال ہون اُس کا علاج] دیسی گوکھرو تل کے پھول ان کو برابر لے اور اُن کے برابر شہد اور گھی لیکر اُس مین ان دونون کو باریک پیسکر

بالون مین ملے تو بال بہت بڑھیں۔ یا ملیٹھی۔ نیلے کنول کی جڑ۔ منقی۔ کشمش۔ ان کو تیل۔ گھی۔ دودھ مین باریک پیسکر ملے تو بال بہت لمبے ہون اور ان دواؤن سے پھونسری کا فساد بھی دور ہوتا ہے۔

جمھائی کی علامتین] منھ کے ایک دم کو پہلے منھ مین پی جاوے پھر وہ دم اُلٹا نکالدے پھر مستی کے نیند آوے اُسکو جمھائی کہتے ہین۔

جمھائی بہت آوے اُسکا علاج] زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ اجمود۔ سیندھا نمک ان کو جُدا جُدا یا اکٹھا باریک پیسکر گرم پانی سے کھائے تو جمھائی کا عارضہ دور ہو۔ یا روغن تلخ کی مالش کرے اور یا شیرین کھانا کھائے یا پان کھائے تو جمھائی دور ہو۔

ہنوگرہ کے عارضے کی علامتین] دانتون کی جڑ سے زبان کو بہت گھسے اور چبینے کے کھانے سے یا کسی طرح کی چوٹ سے داڑھ کی جڑ مین جو بادر ہتا ہے وہ مفسد ہوکر منھ کو پھٹا ہی رکھے یا بند رکھے تب اُس شخص کو بولنے اور کھانے کی بڑی تکلیف سے طاقت ہوتی ہے اُسکو بید ہنوگرہ روگ کہتے ہین۔

ہنوگرہ کے عارضے کا علاج] جس کا منھ بند ہو گیا ہو اُسکو چکنی چیز سے سینک کر پسینا نکالے تو منھ کھلجائے۔ اور جس کا منھ پھٹا رہ جاوے اُسکو ٹھنڈی چیز سے آرام ہوتا ہے اور جس کی ڈاڑھ نہ ٹرے اُسکو پیپل اور ادرک چبواکر تھوکوا دے تو بیماری دور ہو یا گرم پانی سے کلّی کرادین تو دور ہو۔ یا تیل مین لہسن کو تل کر اور سیندھا نمک لگاکر کھاوے تو ہنوگرہ دور ہو۔ یا ماش کے بڑون مین لہسن۔ سیندھا نمک۔ ادرک ہینگ۔ ملاکر تیل مین تل کر کھاوے تو ہنوگرہ روگ جائے یا پرسارنی تیل کی مالش سے یہ بیماری دور ہو۔ اُس تیل کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کھیپ کا پنچانگ دو سو تولہ بھر لے اور کوٹ کر ۲ آثار پانی مین اوٹاوے جب چوتھا حصہ رہ جاوے تب اُتار کر چھان کر اُسی پانی مین تل کا تیل دو سو تولہ بھر اور مٹھا دو سو تولہ۔ کانجی کا پانی دو سو تولہ اور تیل سے چوگنا گائے کا دودھ ڈالے اور چترک جیلا مول ہو سیندھا نمک خراسانی بیج۔ بادیان۔ دیودار۔ راسنا گج پیپل۔ بھار جھیلہ۔ صندل سرخ بیج اذخر بیج کھرٹی۔ زنجبیل

ان سب دوائون کو دو دو تولے کر کاڑھا کرکے کاڑھے کا رس اُس تیل مین ڈالے اور ایک آثار کھیپ کا رس ڈال کر نرم آنچ سے پکا وے جب رس سب جل جاوے اور تیل رہجاوے تب تیل کو اُتار لے پھر اُس تیل کی مالش کرے یا ناس دے یا کھلا وے یا سینک کرے تو سب باد کے فساد لنگڑا پن۔ زبان ٹھہر جانے۔ لقوہ۔ بکلائی کا عارضہ۔ کندھا ٹھہر جانے۔ پیٹھ کا درد۔ گردھرسی کھوڑا۔ اچاپلا۔ دھنور بات اتنے باد کے عارضون کو یہ تیل دور کرتا ہے۔

زبان ٹھہر جانے اُس کی علامتین] آواز کی لے چلنے والی جو نسین ہین ان مین رہنے والی باد مفسد ہو کر زبان کو ٹھہرا لے تب وہ زبان پانی کے پینے اور بولنے مین طاقت نہ پاوے اُسکو جیو استبھ کہتے ہین۔

زبان ٹھہر جانے اُس کا علاج] میٹھا رس۔ نمک۔ کھٹائی۔ چکنی اور گرم چیزون سے زبان کی اچھی طرح مالش کرے یا نیم گرم پانی سے کلی کرے تو یہ مرض جاتا رہے۔

گونگا پن گن گناپن بکلائی کھانے کی علامتین] بلغم سے ملا ہوا باد دھمنی نالی کے لے چلنے والی نسون کو ڈھانپ کر آدمیون کو گونگا پن اور ناک ہی مین بولنا اور بکلائی کھا کر بولنا اتنے عارضون کو پیدا کرتا ہے۔

ان سب کا علاج] گائے کا گھی ایک آثار۔ بیج سہجنہ دو تولہ۔ خراسانی بیج دو تولہ سیندھا نمک دو تولہ۔ دھوئی کے پھول یعنی گل دھاوا دو تولہ۔ پٹھانی لودھ دو تولہ ان سبکو پیسکر بکری کے چار آثار دودھ مین ایک آثار گھی ڈالے پھر یہ دوا ملا کر نرم آنچ سے پکاوے جب دودھ وغیرہ جل جاوین اور گھی رہ جاوے تب اُسکو نکالکر سرستی منتر سے موافق طریقے کے استعمال کرے تو گونگا پن۔ گنگنا پن بکلائی کھانا۔ یہ سب عارضے دور ہون اور عقل اور نور بہت بڑھے۔

سرستی کا منتر] اوم۔ ہریم۔ ایم۔ ہروم۔ سرسوتیئے نمہ۔ یہ سرستی کا منتر سدھ ہے۔ اسکو ان حرفون کے برابر ہزار جپ کرے تو یہ منتر سدھ ہو اس منتر سے یہ گھی کھاوے یا مالکنگنی کا روغن کھاوے تو سب عارضے دور ہون اور اُس کی عقل تیز ہو یا بابچی کوٹ۔ چیل۔ زنجبیل۔ زیرہ سفید۔ اجمود۔ ملٹھی۔ مہوا۔ سیندھا نمک۔ انکو برابر لے کر

باریک پیسکر دو درم مسکہ کے ساتھ ہر روز اکیس دن تک کھاوے تو سب عارضے دور ہون اسکا حافظہ اور ذہن نہایت عمدہ ہو اور زندگی ہو جائے۔ ہزار بیت ہر روز زبانی یاد کرے اس کا نام کلب کا اولیہ ہے

پرلاپ اور باچال روگ کی علامتین] اپنی بدپرہیزی سے منسد ہو کر بےمعنی الفاظ بکے کچھ بولے تو پرلاپ روگ جانا اور معنی سمیت لفظ منھ سے نکالے اُسے باچال کہتے ہین

پرلاپ اور باچال کا علاج] تگر۔ بت پاپڑہ۔ کٹکی۔ ناگرموتھ۔ اسگندھ۔ براہمی۔ دہکہ اگر۔ دسمول۔ سنکھاہولی۔ ان سب کو برابر لے کر اور جوکوٹ کر کے ان کا کاڑھا دے تو پرلاپ اور باچال دور ہون۔

زبان کی لذت جانے کی علامتین] شیرین رس وغیرہ چھ رسون کے کھانے مین زبان کو اچھی طرح سے لذت معلوم نہ ہو اُسے رساگیان کہتے ہین۔

رساگیان روگ کا علاج] زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ امل بید۔ چوک۔ ان دواؤن کو باریک پیسکر ملا کر زبان مین اچھی طرح ملے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا ہرمی پلاس پاپڑہ۔ رائی۔ سیاہ زیرہ۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ چیترک۔ زنجبیل۔ ان کو باریک پیسکر زبان مین بار بار ملے یا کاڑھا کر کے کلی کرے تو زبان مین لذت ہو یا ادرک کھائے تو لذت معلوم ہو۔

بدن کی جلد سُن پڑ گئی ہو اُس کی علامتین] جس کو سردی گرمی نرم سخت کی سمجھ جاتی رہے اُسکو تچاسونیہ یعنی جلد سُن پڑنے کا عارضہ جانو۔

تچاسونیہ کا علاج] اس بیمار کا خون نکلوا وے تو یہ عارضہ دور ہو یا نمک۔ دھماسہ۔ ان دونون کو روغن مین ملا کر بدن مین ملے تو یہ عارضہ دور ہو۔

اردت یعنی لقوے کے عارضے کی علامتین] اونچے سے گرتی ہوئی بھاری چیز کو اونچا منھ کر کے ہاتھون سے پکڑے یا تلخ چیزین بہت کھاوے یا بہت ہنسے جمائی لے یا پیشانی پر بہت بوجھ اُٹھاوے یا ناہموار جگہ مین سووے۔ اُس شخص کے سر۔ ناک۔ لب۔ ہونٹ۔ آنکھین۔ ان جگہون مین جو باد رہتا ہے وہ آدمی کو لقوہ

پیدا کرتا ہے۔ تب آدمی کا آدھا منھ ٹیڑھا ہو جائے اور کندھا نہ مڑے اور سر ہلا کر کسی طرح بولا اور دیکھا نہ جائے اور کندھے۔ داڑھیں۔ دانتوں میں درد رہے۔ جس میں یہ علامتیں ہوں اسکو لقوے کا عارضہ کہنا چاہیئے۔ وہ باد۔ صفرا۔ بلغم سے تین قسم کا ہے۔

بادکے لقوے کی علامتیں] منھ سے لعاب بہت گرے۔ بدن میں درد زیادہ ہو۔ بدن میں رعشہ ہو اور پھڑکے۔ داڑھی نہ مڑے۔ لب سوج جاویں یہ علامتیں ہوں تو باد کا لقوہ جانو۔

صفرا کے لقوے کی علامتیں] منھ زرد ہو۔ بخار ہو آوے پیاس بہت لگے تو صفرا کا لقوہ جانو۔

بلغم کے لقوے کی علامتیں] غفلت بہت ہو۔ گلا اور کندھا اور سر میں سوجن ہو اور یہ تینوں نہ مڑیں تو بلغم کا لقوہ جانو۔

لاعلاج لقوے کی علامتیں] کمزور آدمی کی پلکیں بند نہ ہوں اور اس شخص سے بولا نہ جائے۔ اور بدن کانپتے ہوئے تین برس گزر گئے ہوں تو لقوہ لاعلاج جانو۔

لقوے کا علاج] لقوے کے مریض کو روغن دار چیزیں کھلاوے اور نارائن یا دیگر تیل کی مالش کراوے اور گرم چیزوں کا استعمال رکھے۔ گرم چیزوں سے پسینا نکلوائے سینک کراوے سر میں باؤ کا تیل ڈالے اتنی چیزوں سے لقوے کی بیماری دور ہوتی ہے

بادی لقوے کا علاج] دسمول کے کاڑھے سے باد کا لقوہ دور ہو یا بجورے کے رس سے باد کا لقوہ دور ہو۔ یا کھریٹی۔ بیل۔ پیپلا مول۔ چیب۔ چیترک۔ زنجبیل۔ ان کے جوشاندہ سے بادی لقوہ دور ہو۔ یا ماش کے بیروں میں ہینگ۔ ادرک۔ لہسن۔ ملاکر کھاوے اور اوپر سے یخنی پیے تو باد کا لقوہ دور ہو۔

صفرا کے لقوے کا علاج] گھی کا عمل لے یا دودھ کا استعمال رکھے تو صفرا کا لقوہ دور ہو

بلغم کے لقوے کا علاج] قے کرانے سے بلغم کا لقوہ جائے یا تل کے تیل میں لہسن ملاکر کھاوے تو سب طرح کا لقوہ بہت جلد دور ہو۔

منیا استمبھ کی علامتیں] دن کے سونے اور بہت بیٹھے رہنے سے بلغم مفسد ہو کر باد سے

بلکہ کندھے کو مڑنے نہ دے اسکو منیا استبھ کہتے ہین۔

منیا استبھ کا علاج] دسمول کے کاڑھے سے یا پنچمول کے جوشاندے سے منیا استبھ دور ہو۔ یا تیل کی مالش کرکے اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھے تو منیا استبھ دور ہو یا مرغی کے انڈے کے رس مین سیندھا نمک ملاکر اور گھی ملاکر کندھے مین مالش کرے تو یہ بیماری دور ہو۔

باہوشوکھ یعنی بازو سوکھ جائے اُسکی علامتین] کندھون مین جو بادر ہتا ہے وہ مفسد ہوکر اور بازو کو سکھاکر بیحس و بیحرکت کر دیتا ہے اُسکو باہوشوکھ روگ کہتے ہین۔

باہوشوکھ کا علاج] پیچھے جو کلیان گھی اوکھاد یعنی ہول دل کے عارضہ مین لکھا ہے اُسکے استعمال سے باہوشوکھ روگ دور ہوتا ہے یا کھریٹی کے کاڑھے مین سیندھا نمک ملاکر پیے تو باہوشوکھ روگ اور منیا استبھ دور ہو۔

اپباہک کے عارضے کی علامتین] کندھون مین جو بادر ہتا ہے وہ مفسد ہوکر اُسکے باندھنے والے بلغم کو سکھاکر نسون کو کھینچکر اپباہک عارضہ کو پیدا کرتا ہے۔

اپباہک کا علاج] ٹھنڈے پانی کی ناس دے تو اپباہک دور ہو۔ یا گوگل۔ موئی جڑی کی جڑ کا کاڑھا کر اور اسمین گوگل ملاکر ناس دے تو اپباہک روگ جاوے۔ یا ماش کے پانی کی ناس دے تو اپباہک دور ہو۔ یا ماش۔ السی۔ جو۔ کوٹ سیلا۔ کیتلی۔ گوکھرو۔ ارلو۔ بیج کوپنچ۔ کپاس۔ تخم سن۔ کلتھ۔ بیج بیر۔ بیج ساٹھی۔ بیج ٹھیپ۔ راسنا۔ بیج کھریٹی۔ نگو۔ کٹشکی۔ ان کو تیل مین پکاکر اُس تیل کی مالش کرے تو اپباہک دور ہو یہ بھاؤپرکاش مین لکھا ہے

بشواچی کی بیماری کی علامتین] ہاتھ کی اُنگلی کے نیچے تجلی ہو اور بازو کے نیچے تجلی ہوکر بازو کو نکما کر دے اُسکو بشواچی روگ کہتے ہین۔

بشواچی کا علاج] دسمول۔ کھریٹی۔ ماش۔ انکا جوشاندہ کر اُس مین تیل ملاکر پیے تو بشواچی کا عارضہ دور ہو۔ یا ماش سیندھا نمک کھریٹی۔ راسنا۔ دسمول۔ ہینگ۔ تعراسانی بیج۔ تر نجبیل۔ ان کو باریک پیسکر پانی مین اوٹا دے پھر پانی مین تیل ڈالکر تیل کو پکاوے جب پانی جل جاوے تیل رہجاوے تب اُتار کر تیل کی مالش کرے تو بشواچی۔ باہوشوکھ اپباہک وغیرہ کھانات ان کو یہ ماکھاوتیل دور کرتا ہے۔

اوردھ بات روگ کی علامتین] بدپرہیزی سے ریاح منفسد ہوکر مقعد کے بلغم سے مل کر پاہار ڈکار رہت لے تو اُسے اوردھ بات کہتے ہین -

اوردھ بات کا علاج] زنجبیل دس حصہ - بدھارا دس حصہ - پوست ہلیلہ پانچ حصہ - اسگندھ ایک حصہ بھنی ہوئی ہینگ ایک حصہ - سیندھا نمک ایک حصہ - نسوت پانچ حصہ ان سب کی برابر چترک لے اور باریک پیسکر بقدر دو درم گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو اوردھ بات روگ دور ہو -

آدھمان روگ کی علامتین] سب پیٹ مین اپھارا اور درد ہو اور ریح صادر نہو اُس کو آدھمان کا عارضہ جانو -

آدھمان روگ کا علاج] اس عارضے مین فاقہ کراوے اور ہاضمہ اور بھوکھ بڑھنے کی چیزین دے اور عمل کراوے یا پیپل دو درم - نسوت دس درم - مصری دس درم - ان کو باریک پیسکر دو درم شہد کے ساتھ کھاوے تو اپھارہ دور ہو - اسکا نام نارائن چورن ہے اور برودھ باگ بھٹ مین لکھا ہے یا خراسانی بچ - کوٹ - بادیان بھنی ہوئی ہینگ - سیندھا نمک - یہ سب برابر کوٹ کر اور کانجی مین انکو پیسکر گرم گرم پیٹ پر لیپے تو اپھارہ دور ہو - یا مہا ناراچ رس سے اپھارہ جاوے - وہ یہ ہے پوست ہلیلہ دو تولہ - مغز املتاس دو درم - آملہ ایک درم - دانتونی دو تولہ کٹکی ایک درم - نسوت ایک درم - ناگرموتھ ایک درم - تھوہر کا دودھ دو درم - ان سب کو باریک پیسکر چار آثار پانی مین اوٹاوے جب پانی کا آٹھوان حصہ رہے تب جمالگوٹہ کا چھلکا ایک درم باریک کپڑے سے باندھ کر رفتہ رفتہ جمالگوٹہ کو پکاوے جب پانی جلجاوے تب اسکو نکال لے پھر جمالگوٹہ آٹھ حصہ - زنجبیل ایک حصہ - فلفل سیاہ دو حصہ - پارہ ایک حصہ - گندھک ایک حصہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اُس مین یہ سب چیزین ملاکر ایک پہر کھرل کرے پھر ایک رتی کی گولی باندھے ایک گولی روز ٹھنڈے پانی سے کھائے تو اپھارہ - سولہ آناہ - پرتیا دھمان - اودا ورت - گولا اور شکم کے عارضون کو یہ مہا ناراچ رس دور کرتا ہے اس کے کھانے سے دست آچکین تب مصری ملاکر دہی کھاوے پھر چاول دہی ملاکر سیندھا نمک ڈالکر تھوڑا سا کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو -

پرتیادھمان کی علامتین] پسلی چھاتی مین تو اپھارہ ہو مگر ناف سے لیکر پیٹ تک اپھارہ ہو اس کو پرتیادھمان کہتے ہین۔

پرتیادھمان کا علاج] فاقہ کرادے اور ہاضمہ کی دوائیان دینی چاہئین اور عمل کرائین تو پرتیادھمان جاوے۔

باتشٹھیلا کی علامتین] ناف کی جگہ نیچے ہوا کی گرہ پتھر سی بندھ جاوے وہ گرہ پاخانہ اور پیشاب کو روک دے اُس کو باتشٹھیلا کہتے ہین۔

پرتشٹھیلا کی علامتین] ناف کے نیچے ہوا کی گرہ پتھر کے مانند بندھکر پاخانہ اور پیشاب کو روک دے اور اس جگہ پر زیادہ درد ہو اُس کو پرتشٹھیلا کہتے ہین۔

ان دونون کا علاج] بھنی ہوئی ہینگ - پیپلا مول - کشنیز - زیرہ سفید - بچ - چیترک چب - پاڑھ - کچور - امل بید - نمک سیاہ - سیندھا نمک - سانبھر نمک - زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - جواکھار - سجی - انار دانہ - پوست ہلیلہ - پوہکر مول - ٹڈانسرہ - بیخ جھاؤ - ان سب کو برابر لیکر باریک پیسکر ادرک کے رس کی تین پٹ دے پھر اس چورن کو سایہ مین سکھا کر دو درم گرم پانی سے کھائے تو باتشٹھیلا - پرتشٹھیلا سب دور ہون۔

تونی روگ کی علامتین] پاخانہ اور پیشاب کی جگہ مین رہنے والی ہوا مقعد اور آلت مین درد پیدا کرے اُس کو تونی کہتے ہین۔

پرت تونی کی علامتین] مقعد اور آلت مین جو ہوا رہتی ہے وہ مقعد اور آلت مین درد کر کے پیٹرو مین درد پیدا کرے اُس کو پرت تونی کہتے ہین۔

ان دونون کا علاج] ان دونون کو تیل کا عمل دے تو دونون عارضے دور ہون یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - بھنی ہوئی ہینگ - جواکھار - سجی - سیندھا نمک - ان کو ایک پیسکر دو درم گرم پانی سے کھائے تو تونی - پرت تونی روگ جاوین۔

ترک شول کی علامتین] کمر کی تینون ہڈیان اور بانسے کی ہڈی مین درد ہو اُس کو ترک شول کہتے ہین۔

ترک شول کا علاج] بالو ریت سے سینک کرادے یا ارنے اوپلے کی راکھ سے گرم گرم

سینک کراوے تو ترک شول دور ہو۔ یا گولی بوٹی کی جڑ کا چھلکا۔ اسگندھ۔ پوست جھاؤ۔ گلو۔ چیتا ور۔ گوکھرو۔ راسنا۔ نسوت۔ بادیان۔ کچور۔ اجوائن۔ زنجبیل۔ ان سب کو برابر لیکر اور سب کی برابر گوگل مصفا۔ اور گوگل سے چوتھائی گھی لیکر سب کو برابر با پانچ ماشہ ہر روز شراب سے یا نیم گرم پانی یا یخنی کے ساتھ کھاوے تو ترک شول دور ہو اور جانو گری بھجا استھبہ سندھ گت ماسے ہڈی ٹوٹ گئی ہو۔ کھوڑا پن۔ گردھرسی۔ کپشا گھات ان سب عارضون کو یہ یوشانگ گوگل دور کرتا ہے۔

بست بات کی علامتین] پیٹ کی ہوا مفسد ہو کر پیشاب کو اچھی طرح اترنے نہ دے اور بیماریون کو پیدا کرے اس کو بست بات کہتے ہین۔

اس کا علاج] پوست بیج کھریٹی اور اس کے برابر مصری ملا کر دو دو درم گائے کے دودھ کے ساتھ کھاوے تو بار بار پیشاب کرنے کا عارضہ دور ہو۔ یا تر بھلے کو پیکر اس کے برابر سار ملا کر چار ماشہ شہد کے ساتھ کھائے تو پیشاب کا عارضہ دور ہو۔

پیشاب اگر رک گیا ہو اسکا علاج] جواکھار پانچ ماشہ مصری کے ساتھ کھائے تو بند پیشاب چھوٹے۔ یا تخم پیٹھا۔ تخم تیورسی۔ ان دونون کو پانی مین پیکر دو ماشہ جواکھار ڈالکر مصری کے ساتھ پیے تو پیشاب چھوٹے یا چنیا کا نور کی بتی مرد کے آلت اور عورت کے مقام مخصوص مین رکھے تو پیشاب چھوٹے۔

گردھرسی روگ کی علامتین] پہلے کولے مین پھر اور اعضا مین درد ہو پھر پانو کو بے حرکت کردے اور بہت آہستہ آہستہ اٹھے اسکو گردھرسی بیماری کہتے ہین وہ دو قسم کی ہے ایک باد کی دوسری بلغم کی باد مین تو زیادہ درد ہوتا ہے اور سر ٹیڑھا ہو جائے اور پانو ٹوٹ جائنگے اور ہر ایک عضو پھڑک پھڑک کر بے حرکت ہو جاوین اور باد اور بلغم کی گردھرسی مین بدن بھاری رہے۔ ہاضمہ کی طاقت کم ہو جائے۔ غنودگی ہو لعاب بہت گرے۔

گردھرسی کا علاج] قے کرانے سے اور عمل سے گردھرسی کا عارضہ دور ہو۔ بدن کو ہڑکے جلاب سے صاف کر کے پھر عمل کرے یا ارنڈ کا تیل اور گائے کا پیشاب ملا کر ایک مہینے تک پیے تو گردھرسی کا عارضہ دور ہو۔ یا تیل گھی اور ادرک کا رس۔ بجورے کا رس

چوک۔ قند سیاہ یہ اندازے کے موافق ملاکر ایک مہینے تک پیئے تو گردھرسی روگ جاوے اور اس
سے کمر اور جانگھ کا درد۔ ترک شول۔ گولا۔ اوداورت یہ عارضے بھی جاتے ہیں یا ارنڈ کی
مینگی کو دودھ میں کھیر کرکے ایک مہینے تک کھاوے تو گردھرسی روگ۔ نوشلے کا درد
دور ہو۔ یا مغز ارنڈ۔ کٹیلی۔ ان کا جوشاندہ کرکے اور تیل ملاکر پیئے تو گردھرسی اور غطون
کا درد دور ہو۔ یا برنون۔ نمک سیاہ۔ انکو باریک پیس کر گائے کے پیشاب اور ارنڈ کے تیل میں
ملاکر پیئے تو بلغم بادی گردھرسی جاوے۔ یا اٹھ دس۔ داتیونی۔ مغز املتاس ان کا جوشاندہ
کر اُس میں ارنڈ کا تیل ملاکر پیئے تو گردھرسی کا عارضہ دور ہو۔ یا نرگنڈی کے پتوں کے
کاڑھے سے گردھرسی روگ دور ہو۔ یا راسنا دس تولہ۔ گوگل۔ ان دونوں کو پیس کر گھی
میں چار ماشہ کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو گردھرسی کا عارضہ دور ہو
یا راسنا۔ گلو۔ مغز املتاس۔ دیو دار۔ گوکھرو۔ بیخ ارنڈ۔ سانٹھی۔ زنجبیل۔ ان کا جوشاندہ
کرکے دے تو گردھرسی روگ پیڑو اور پسلی کا درد۔ اتنے روگوں کو راسنا وک کا کاڑھا
دور کرتا ہے۔

کھوڑا پنگلہ روگ کی علامتیں] کمر میں جو باد رہتی ہے وہ جانگھوں کی نسوں کو
پکڑ کر ایک پاؤں کو بے حرکت کر دیتی ہے اُس کو کھوڑا کہتے ہیں اور کمر میں جو باد رہتی
ہے وہ جانگھ کی نسوں کو پکڑ کر دونوں جانگھوں کو کمزور کر دے اور چلنے نہ دے
اُسکو پنگلہ کہتے ہیں۔

ان دونوں کا علاج] جلاب کے لینے اور دواؤں کے گرم پینے سے اور جوگراج وغیرہ
گوگل کے کھانے سے اور تیل وغیرہ کی مالش سے اور عمل لینے سے یہ دونوں عارضے دور ہوں
کلاپ کھنجنا کے عارضے کی علامتیں] چلتے وقت بدن میں رعشہ ہو اور لنگڑا سا
نظر آوے تو جاننا کہ نسوں نے اپنی جگہ کو چھوڑ دیا ہے اُسکو کلاپ کھنجنا کہتے ہیں۔
کلاپ کھنجنا کا علاج] گجو گربھ وغیرہ تیل کی مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو۔
کروشٹ شیر کھک کی علامتیں] باد اور خون کے فساد سے پاؤں میں سوجن ہو
اور درد زیادہ ہو اور سیار کے سر کے مانند سخت ہو اُسکو کروشٹ شیر کھک کہتے ہیں۔

کروشٹ شیر کھنک کا علاج] گلو ڈھائی درم ترپھلا دس درم ان دونون کا کاڑھا کر اُس مین دو درم گوگل ملا کر ایک مہینا پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا پاؤ آثار دودھ مین ارنڈ کا تیل دس درم ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا دو درم بدھارے کو پیسکر مادہ گاؤ کے پاؤ آثار دودھ مین پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا کشور گوگل کے استعمال سے یہ عارضہ دور ہو۔

پانون دُکھنے کا علاج] تیل کی مالش کرکے اوپر سے پسی ہوئی زنجبیل ملے اور اُس کے اوپر تیل چپڑ ارنڈ کے پتے گرم کرکے باندھ دے تو پانون دُکھنا بند ہو۔ یا تخم کونچ دودھ کے ساتھ سات روز کھائے یا چودہ روز کھائے تو پانون کا دُکھنا بند ہو۔

کھلّی کا علاج] کوٹ۔ سیندھا نمک۔ ان کا کاڑھا کرے اس کاڑھے کے رس مین تیل اور ال بید کے رس کو ڈالکر تیل کو نرم آنچ سے پکاوے جب رس جل کر تیل رہجاوے تب اُس تیل کی مالش کرے تو کھلی روگ جاوے۔

بات کنٹک روگ کی علامتین] اونچی نیچی جگہ پہ پانون رکھنے مین درد ہو پھر ٹخنے مین درد ہو اُسکو بات کنٹک کہتے ہین۔

علاج] ٹخنے مین تچھنے[1] سے خون نکلواوے تو بات کنٹک روگ جاوے یا ارنڈ کا تیل پانچ درم ایک مہینے تک ہر روز پیے تو یہ بیماری دور ہو۔

پادواہ کی علامتین] باد۔ صفرا۔ خون۔ یہ تینون مل کر پانون کے تلوون مین جلن کرین اُسکو پادواہ کا عارضہ جانو۔

علاج] مسور کی دال کو باریک پیسکر اوٹاوے پھر بہت ٹھنڈا کرکے اُسمین آٹا سان کر پانچ سات مرتبہ پتلا لیپ کرے تو پادواہ جاوے یا مسکہ کو پانون کے تلوون مین ملکر آگ سے تپاوے تو یہ بیماری جاوے یا آنڈی کو گائے کے دودھ مین ملے اگر بہت جلن ہو تو جاوے۔

پادھرکھ کی علامتین] جسکے دونون پانون جھنجھناہٹ کرکے سو جاوین اور کسی طرح دابنے سے جاگ اُٹھین اُسکو پادھرکھ کہتے ہین۔

علاج] بلغم اور باد کا دور کرنے والا سب علاج کرے تو یہ عارضہ دور ہو۔

---

[1] تچھنے سے مراد بیری سینگی ہے ۱۲

پاؤن کی اعضا شکنی کا علاج) تل - سانبھر نمک - ہلدی - یہ سب برابر لے اور آنکو دھتورے کے بیجون کے پانی مین پیسے اور ان تینون کے برابر مسکہ مادہ گاؤ ڈالے پھر اُن کو پکاوے اور پکتے ہی مین چوگنا گئو کا موت ڈالے جب یہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب وہ گھی پاؤن کے تلوون مین مالش کرے تو پاؤن کی اعضا شکنی دور ہو -

صفر اسمیت باد کے پاؤن کے گنڈی کی علامتین) صفرا کی جگہ جو شکم وغیرہ اُن مین جو باد رہتی ہے اُس کو بے حرکت کر کے ڈنڈے کی طرح کر دے - یا بلغم سے جو باد ملی ہے وہ دھمنی ناڑی مین ملکر مین کو بے حرکت کر دے یہ عارضہ مشکل سے اچھا ہو -

صرف باد کی گنڈی کی علامتین) ہاتھ - پاؤن - پیشانی اور پیٹھ اور جوڑون کو بیحرکت کر دے اور درد ان مین درد بھی کرے تو یہ لاعلاج ہے -

چوٹ لگنے سے جو ریح پیدا ہووے) جس جگہ چوٹ لگی ہو اُس سے جو ریح پیدا ہو اُس کے مانند - دوا پذیر جانو -

اس کا علاج) بیج کھرٹی - دسمول بھی - بیج بیل - کلتھ انکو ایک سیر پانی مین اوٹانے سے آٹھوان حصہ جو عرق باقی رہے اس مین تیل ملا کر نرم آنچ سے پکا کر تیل تیار کرے اور یہ دوائیان اور ملا دے - سیندھا نمک - اگر - رال - دیودار - مجیٹھ - پدماک - کوٹ - الائچی - بالچھڑ - پترج - تگر - سفید سرسون - چھاڑ - اسگندھ - باریان - بیج ساٹھی - یہ تیل کے انداز کے موافق ڈال کر پکا دے پھر اُس مہابلا تیل کی مالش کرے تو سب طرح کی بیحرکت کرنیوالی بیماریان - ہچکی - دمہ - آنتین بڑھ جاوین - کمزوری - ٹوٹی ہڈی - پسینا ان سب عارضون کو یہ مہابلا تیل دور کرتا ہے -

انترایام روگ کی علامتین) پاؤن کی انگلی - ٹخنہ - شکم - چھاتی - گلا - ان مین جو باد رہتا ہے وہ بڑی نسون کے مجموعہ کو بدن کے اندر پکاتا ہے پھر اُس کی آنکھین پھٹ کر بے حرکت سی ہو جاوین اور ڈاڑھ نہ مڑنے پسلی ٹوٹی سی ہو جاوے بلغم گرے بدن کمان کے مانند ٹیڑھا ہو جاوے جس مین یہ بیماریان ہون اُس کو انترایام روگ جانو -

باہیایام عارضے کی علامتین) بہت بادی چیزون کے کھانے سے جو باد مفسد ہو

وہ بدن کی سب نسین - کندھے - پیٹھ - ان کو سکھا کر بدن کو کمان کے مانند ٹیڑھا کر دیتی ہے اور اسکی چھاتی اور جانگھ کو وہ باد توڑ ڈالتی ہے جس مین یہ علامتین ہون اسکو ابہیا یام عارضہ کہنا چاہیئے اور جو لقوے کا علاج نیچے لکھا ہے وہی اس عارضے کا بھی جاننا چاہیئے -

دھنواستمبھ کی علامتین) کمان کے مانند بدن ہو جاوے اور بدن کی رنگت اور کی اور ہو جائے منھ بند ہو جاوے بدن کمزور ہو - ہوش جاتا رہے - پسینا آوے اُس کو دھنواستمبھ روگ کہتے ہین اس بیماری والا دس دن جیے

کبجک کے عارضے کی علامتین) باد مفسد ہو کر چھاتی کو اونچا کر کے چھاتی مین زیادہ درد پیدا کرے اُس کو کبجک روگ کہتے ہین ان تینون کا دور کرنیوالا پرہیا یام ایسی باب مین لکھا ہے اس دھنواستمبھ ابہیا یام انتر ایام باد کے فساد اور سب طرح کے عارضے دور ہون -

اپ تنتر کے عارضے کی علامتین) بادی چیز کے زیادہ استعمال سے باد مفسد ہو کر اپنی جگہ چھوڑ چھاتی مین جا کر سر اور کنپٹی مین درد کرے اور کمان کی طرح بدن کو جھکا وے اور غفلت ہو ایسا مریض نہایت تکلیف سے اوپر کو دم لے اور آنکھین پھٹ جاوین یا بند ہو جاوین اور گلا کبوتر کے مانند ہو جاوے ہوش جاتے رہین جس کے یہ علامتین ہون اُس کو اپ تنتر روگ جانو -

علاج) فلفل سیاہ - تخم سہجنہ - بائے برنگ - افیون - مہوا - یہ سب برابر لے کر اور باریک پیسکر اس کی ناس لے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا پوست ہلیلہ خراسانی بچ - رال - سیندھا نمک - امل بید انکو باریک پیسکر دو درم گھی کے ساتھ یا ادرک کے رس کے ساتھ پیے تو اپ تنتر کا عارضہ دور ہو -

اپتانک کے عارضے کی علامتین) آنکھین پھٹی سی ہو جاوین ہوش جاتے رہین گلے مین بلغم بولے - ہوش آوین - تب چین پڑے اور بیہوشی ہو تب اور بھی غفلت ہو - یہ خوفناک عارضہ ہے اور یہ عورت کو حمل کے گرنے سے ہوتا ہے اور مرد کو زیادہ خون کے نکلنے

سے ہوتا ہے یا بھاری چوٹ لگنے سے ہوا در یہ عارضہ لاعلاج ہے۔

علاج) دسمول کے کاڑھے مین پیپل ملا کر پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا تیل کی مالش سے جاوے یا سوکھی چیز کی ناس لے تو یہ عارضہ دور ہو یا گھی کے پینے سے یہ بیماری جاے یا تیل کی چیز پینے سے دفع ہو

پکشاگھات کی علامتین) کسی سبب سے باد فاسد ہو کر آدمی کے آدھے بدن کو پکڑ کر سب بدن کی نسون کو سکھا دیتی ہے اور آدھے بدن کی نسون کو تو بہت ہی ڈھیلا اور نکما کر دیتی ہے وہ نسین شل ہوجاوین یہ علامتین ہون تو اُس کو پکشاگھات کی بیماری کہتے ہین داہنی اور بائین طرف بے جان ہو جاوے وہ پکشاگھات دو قسم کا ہے ایک تو صفرا باد کا دوسرا بلغم باد کا بدن کے باہر اور اندر جلن ہوا ور غشی آجاوے تو صفرا باد کا پکشاگھات جانو۔ اور بدن کے باہر اور اندر سردی لگے۔ سوجن ہو۔ بدن بھاری رہے تو بلغم باد کا پکشاگھات جانو۔

قابل علاج پکشاگھات کی علامتین) صرف بادسے پکشاگھات ہو تو وقت سے اچھا ہو

لاعلاج پکشاگھات کی علامتین) حاملہ عورت یا جس کے بچہ پیدا ہوا ہو ان کے پکشاگھات ہو تو لاعلاج جانو یا لڑکا۔ بڈھا۔ اور کمزور مرد اور زخمی کو جسکا خون نکل گیا ہو اُس کے ہو تو لاعلاج جانو۔

علاج) ماش۔ تخم کونج۔ بیج کھرٹی۔ بیج ارنڈ۔ ان کا جوشاندہ کرے اُس مین بھنی ہوئی ہینگ سیندھا نمک ملا کر پیے تو پکشاگھات جاوے۔ یا پیپلا مول۔ چترک۔ پیپل۔ زنجبیل۔ راسنا۔ سیندھا نمک۔ ماش ان کا کاڑھا کر کے اس کاڑھے کے رس مین تیل پکا وے جب رس جلجاوے اور تیل رہجاوے تب مالش کرے تو پکشاگھات دور ہو اس کا نام گرتھا کا دکا تیل ہے۔ یا ماش تخم کونج اور اتیس۔ بیج ارنڈ۔ راسنا۔ بادیان۔ سیندھا نمک۔ ان کا باریک پیکر کاڑھا کر کے اُسمین تیل پکا وے جب رس جلجاوے اور تیل رہجاوے تو مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو اس کا نام کھادتیل ہے یہ سب ترکیبین بھاؤ پرکاش مین لکھی ہین۔ یا تخم کونج بیج کھرٹی۔ بیج ارنڈ۔ ماش۔ زنجبیل۔ سیندھا نمک انکا جوشاندہ کر کے چھان کر پیے تو پکشاگھا

جاوے یہ بید نپوڑین لکھا ہے یا ہوسے کا رس پانچ درم - گوگل پانچ درم - بیجا بول پانچ درم
بکری کی مینگنی پانچ درم - کیتلی کا رس پانچ درم - باریک پیسکر بدن مین ملے پھر کمر برابر گڑھا
کھودکر گڑھے مین آگ جلا کر سرخ کرے اور گڑھے کے چوگرد اور نیچے آگ کے پتے ڈالے
پھر اُس پر کپشا گھات کے لیپ کیئے ہوسے شخص کو اُس گڑھے مین بٹھا وے جب اُسکو پسینا
آوے تو کپشا گھات اسی دن جاتا رہے -

نیند جاتی رہی ہو اُس کا علاج) بھُنی ہوئی بھنگ باریک پیسکر رات کو اندازکے
موافق شہد سے چاٹے تو ضرور نیند آوے اور اتیسا اور سنگرہنی بھی دور ہوکر بھوک بڑھے
یا پسی ہوئی پیلا مول قند سیاہ کے ساتھ کھلائے تو بے خوابی دور ہو یا گلہری کی جڑ سر سے
باندھے تو نیند آوے یا ہلکے ہاتھون سے پاؤن کی پنڈلی دباوے تو نیند آوے یا بیگن کے
بھرتے مین شہد ملا کر کھاوے تو نیند جلد آوے یا روغن ارنڈ اور روغن السی ان دونون کو ایک
پیکر کانسی کی تھالی مین خوب گھسکر انجن کرے تو نیند زیادہ آوے یا بکری کے دودھ سے
پاؤن کے تلوے دھووے تو نیند آوے اور آنکھون کی جلن دور ہو یا کستوری کو عورت کے
دودھ مین باریک پیسکر انجن کرے تو بہت دن کی بھاگی ہوئی نیند آوے یا بادیان اور بھنگ
کو باریک پیسکر بکری کے دودھ مین تکیہ ملے تو نیند آوے یہ سب علاج بید رتھا مین ہین -

بدن بھر مین بادی کا زور ہو اُس کی علامتین) تمام بدن مین درد کو پیدا کرتی ہے -

علاج) کھگر بھو وغیرہ تیلون کی مالش سے یہ عارضہ دور ہو -

ساتون دھاتون مین جو بادی بھرا کرے اُسکی علیحدہ علیحدہ علامتین اور علاج

جلد کو شل اور زرد کرکے بدن کو دُبلا کرے اور درد پیدا کرے -

خون مین جو باد کا فساد ہو اُس کی علامتین) بدن مین زیادہ درد ہو - رنگت اور کی
اور ہو جائے بدن دُبلا اور بھاری رہے کسی چیز کی اشتہا نہ ہو منھ پر کیل ہو کھانا ہضم نہ ہو -

جو بادی گوشت مین پہونچے اُس کی علامتین) بدن بھاری ہو - درد ہو
بے حرکت کر دے -

جو چربی مین ریح ہو اُسکی علامتین) بدن مین پھوڑے پیدا کرے -

ہڈیون مین جو ہوا فاسد ہو اُس کی علامتین] ہر ایک عضو مین درد ہو۔ گوشت جلجاوے نیند نہ آوے اور چربی مین جو ریح فاسد ہو تو وہ بھی فساد کرے۔

منی مین جو ہوا فاسد ہو اُس کی علامتین] عورت کے ساتھ جو جماع کرے تو منی جلد گرے حمل کو بگاڑے یا نہ بگاڑے۔

ان سب کا علاج] رس مین بگڑی ہو لے کے تیل کی مالش کرے اور خون مین بگڑی ہوئی ریح والے کے ٹھنڈی چیز کا لیپ کرے یا جلاب دیکر خون نکلوا کر درست کر دے گوشت کی ریح کو جلاب سے دفع کرے ہڈیون کی بگڑی باد کو چکنی چیزین کھلانے اور لگانے سے آرام کرے اور شحم کی ریح بھی چکنی چیزون کے کھانے اور لگانے سے اچھی ہوتی ہے منی کی بگڑی ریح طاقت سے زیادہ کرنے والی دواؤن کا استعمال کرنے سے اچھی ہو

معدہ کی ریح کی علامتین] یہ ہوا پاخانہ اور پیشاب کو روک کر۔ درد سینہ۔ گولا بواسیر۔ پسلی کے درد کو پیدا کرے۔

علاج] ہاضمہ کی دوا دے یا دودھ پلاوے۔

آنتون کی ریح کی علامتین] چھاتی۔ پسلی۔ پیٹ۔ ناف مین درد ہو۔ پیاس لگے ڈکار بہت آوین۔ ہیضہ ہو جاوے اور کھانسی ہو اور حلق اور مُنہ سوکھ جاوے دمہ ہو۔

علاج] بھوک لگانیوالی اور ہاضمہ کی دوا دین فاقہ اور قے کرا دین۔ مسہل دین کھانے کو پرانے مونگ اور چانول یا کھچڑی۔ پیپرامول۔ بیلگری۔ گلو۔ دیودار۔ سونٹھ۔ نج۔ اتیس پیپل۔ اسے برنگ۔ برابر کا کاڑھا دے تو آنتون کی جگہ کی فاسد ریح دور ہو۔

معدہ مین بگڑی ہوئی ہوا کی علامتین] آنت بولے۔ درد شکم اور اپھارہ ہو پاخانہ اور پیشاب مشکل سے اُترے پیٹھ مین درد ہو۔

مقعد مین جو بگڑی ہوئی ہوا رہے اُسکی علامتین] پاخانہ اور پیشاب ہوا سے رک جاوے۔ درد شکم اور اپھارہ ہو۔ پتھری کی بیماری ہو جاوے جانگھون مین درد ہو۔

علاج] عمل کرنے سے یہ بیماری دور ہو۔

چھاتی مین جو ہوا بگڑی ہو اُسکا علاج] گلو۔ مرچ۔ ان دونون کو برابر لیکر نیم گرم

پانی سے پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا یودمار۔ زنجبیل کو باریک پیسکر نیم گرم پانی سے پیے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا اسگندھ۔ پوست بہیڑا۔ باریک پیسکر قند سیاہ مین ملاکر کھاوے تو یہ بیماری جاے

کان وغیرہ مین جو ہوا بگڑے اُسکی علامتین] وہ کان وغیرہ حواسون کو زائل کردیتی ہے

اس کا علاج] سینک اور تیل وغیرہ کی مالش سے یہ عارضہ دور ہو۔

بدن کی نسون مین جو ہوا بگڑے اُسکی علامتین] درد ہوکر کے نسین اکٹھی ہوجاوین

علاج] فصد کھولنے سے یہ عارضہ دور ہو۔

ہر ایک عضو مین جو ہوا بگڑے اُسکی علامتین] ہر ایک عضو مین درد ہوکر اعضا کو بگاڑ دیتی ہے۔

علاج] سینک اور تیل کی مالش سے یہ عارضہ دور ہو یا بیج اندرائن اور پیپل دودرم قند سیاہ مین کھاوے تو یہ بیماری جاوے۔

بادکے عارضون کا عموماً علاج

نارائن تیل کا طریقہ

اسگندھ۔ بیج کھرینٹی۔ بیلگری۔ پاڈل۔ دونون کٹیلی۔ گوکھرو۔ پوست گنگیرن۔ پوست نیم۔ ارلو۔ بیج سانٹھی۔ کھیپ۔ ارنی۔ ان سب دوائیون کو بیس بیس تولہ لے اور سولہ سیر پانی مین ڈالکر آہستہ آہستہ پکاوے جب چوتھا حصہ کاڑھا رہجاوے تب اُسمین چار چار سیر تل کا تیل اور تیل سے چوگنا شیر مادہ گاو ڈالکر اُسکو نرم آنچ سے پکاوے اور کچھ ہی مین کوٹ دو دو تولہ سرخ صندل چار تولہ۔ الائچی چار تولہ۔ بیج چار تولہ۔ بالچھڑ چار تولہ سلاجیت چار تولہ۔ سیندھا نمک چار تولہ۔ اسگندھ چار تولہ کھرینٹی چار تولہ۔ راسنا چار تولہ بادیان چار تولہ۔ اندرائن چار تولہ۔ سال پرنی (سریون) چار تولہ۔ پرسٹ پرنی (پٹھون) چار تولہ۔ ماکھ پرنی (بن ارد) چار تولہ۔ مدگ پرنی (بن مونگ) چار تولہ۔ یہ سب اس مین ملاکر نرم آنچ سے پکاوے۔ جب رس جلکر تیل رہجاوے تب اُتارکر چھان لے پھر اس تیل کی مالش کرے یا پلاوے تو لکنتا گھات۔ ہنوستمبھ۔ پیٹا ستمبھ۔ گل گرہ۔ بدھرتا۔ گت بھنگ۔ کٹ گرہ۔ لنگڑا پن سوکھا۔ نشت شکر۔ کمبھ جور۔ آنتون کا بڑھنا۔ درد سر۔ درد گردہ وغیرہ

اور سب بگڑی ہوا کے عارضے اس نارائن تیل سے دور ہوتے ہیں۔

جوگراج گوگل کے بنانے کا طریقہ] زنجبیل۔ پیپل۔ چب۔ پیپلا مول۔ چترک بھنی ہوئی
ہینگ۔ اجمود۔ سرسون دونون زیرہ۔ سیمھالو۔ اندرجو۔ پاڑھ۔ باے بڑنگ۔ گج پیپل۔ کٹکی۔ اتیس
بھارنگی۔ بچ۔ مروا۔ تیرک۔ دیو دار۔ کوٹ۔ راسنا۔ ناگرموتھ۔ سیندھا نمک۔ الائچی۔ گوکھرو۔ دھنیہ۔ کشنیز۔
بہیڑہ۔ املہ۔ دارچینی۔ خس۔ جوکھار۔ ہموزن کرکے باریک پیس لے اور اسکے برابر گوگل مصفا و ہلکر
بھرل اور موسلہ کو گھی سے چپڑ کر سب کو کوٹ کر یکسان کرے۔ پھر چار چار ماشہ بھر کی گولی بنا کر
گھی کے چکنے برتن مین رکھ چھوڑے۔ پھر راسنا۔ بیخ ساٹھی۔ زنجبیل۔ گلو۔ بیخ ارنڈ۔ ان کے
کاڑھے سے جوگراج گوگل کھاوئے تو سب باد کے عارضے دور ہوں اور کرمالا تیک کے
کاڑھے سے کھائے تو بلغم کے عارضے دور ہوں اور دار ہلدی کے کاڑھے سے کھائے تو
جریان کے عارضے دور ہوں اور گائے کے پیشاب سے کھاوے تو پیلیا جاوے اور شہد
کے ساتھ کھائے تو باد اور خون کے عارضے دور ہوں اور تیر تواد کے کاڑھے سے کھائے
تو شکم کے عارضے دور ہوں اس گوگل کا استعمال کرنے والا کھٹائی وغیرہ نہ کھاوے

یا لہسن کا رس دو تولہ بھر اس مین برابر کا تیل ملا کر سیندھا نمک حسب ضرورت ڈالکر پیے تو باد کے سب
عارضے دور ہوں یا دودھ کے ساتھ یا گھی کے ساتھ یا کنجی کے ساتھ لہسن چودہ دن تک کھائے
تو سب طرح کے ہوا کے فساد کے عارضے جاوین اور کھم جور۔ درد گولا۔ ضعف۔ بلغم۔ پھیا۔ درد پسلی
کے عارضے انکو یہ لہسن چھلکے کی چھلی ہوئی دوائیون کے ساتھ استعمال سے دور کرتا ہے۔ اس کا نام
لہسن کلپ ہے یا راسنا۔ دھماسہ۔ بیخ گھرٹی۔ بیخ ارنڈ۔ دیودار۔ کچور۔ بیخ۔ اڑوسہ۔ پوست ہلیلہ۔
چب۔ ناگرموتھ۔ بیخ ساٹھی۔ گلو۔ بدھارا۔ باریان۔ گوکھرو۔ اسگندھ۔ اتیس۔ مغز کرمالا۔ چھتاور۔
پیپل کلان۔ پوست سہجنہ۔ کشنیز۔ دونون کٹیلیان۔ یہ سب برابر لیکر انکا کاڑھا کرکے اسکے ساتھ
جوگراج گوگل کھاوے تو سب طرح کے باد کے فساد جاوین اسکا نام مہاراسنا کواتھ ہے اور بھاو پرکاش
مین لکھا ہے یا تھوہر۔ ارنڈ۔ بکائن۔ سیمھالو۔ سہجنہ۔ کنیر۔ ان سب کے پتون کا رس لیوے رس سے
چوتھائی تیل ڈالکر پکاوے پھر اسمین زنجبیل ڈالے جب یہ سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب
اس تیل کی مالش کرے تو سب طرح کے باد کے فساد کے عارضے دور ہوں اسکا نام اشٹانگ تیل ہے

بکھ گربھا تیل) بیخ دھتورہ۔ نرگنڈی۔ بیخ کروی توبنی۔ بیخ ارنڈ۔ اسگندھ۔ بنار۔ چترک۔ بیخ سہجنہ۔ کاکڑی۔ بیخ کرہاری۔ پوست نیم۔ پوست بکائن۔ دھمول۔ چھتاور۔ کوہ۔ سفید سرسون۔ بداری قند۔ برگ تھوہر۔ برگ آک۔ سنا۔ دونون کٹیر کی چھال۔ آندھی جھاڑہ کھیپ۔ یہ سب برابر چھ چھ تولہ بھر لے اور ان سب دواؤن کے برابر سیاہ تل کا تیل لے اور اتنا ہی روغن ارنڈ لیکر اُس مین چوگنا پانی ڈالے پھر یہ دوائیان کوٹکر اُس مین ملاکر نرم آنچ سے پکاوے۔ جب یہ دوائین پانی سمیت جلجاوین اور تیل رہجاوے تب اُتار کر اُس مین زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ اسگندھ۔ راسنا۔ کوٹ۔ ناگرموتھ۔ بیخ۔ دیودار۔ اندرجو۔ جواکھار۔ پانچون نمک۔ نیلا تھوتھا۔ کاکپھل۔ پاڑہ۔ بھارنگی۔ نوسادر۔ پوکرمول۔ گندھک۔ سلاجیت۔ ہڑتال یہ سب دوا چھ چھ ماشہ بھر لیکر سنگی ہرو ایک تولہ بھر لے ان سب کو باریک پیسکر تیل مین ڈالے پھر اس تیل کی مالش کرے تو یہ سب باد کے عارضے دور ہوون۔ اور کوکھ پیٹھ پھون۔ جانگھ۔ اور اعضا کی سوجن اور گردھرسی روگ۔ دردسر۔ اعضا شکنی۔ کان کا درد گنٹھ بالا ان بیماریون کو یہ بکھ گربھا تیل دور کرتا ہے۔

چھپی بلاس مہا سگندھ تیل) مجیٹھ۔ دیودار۔ چیڑہ۔ کیٹیل۔ بیخ۔ تج۔ تیزپات۔ گندھک مصفا۔ کچور۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بہیڑا۔ آملہ۔ ناگرموتھ۔ یہ سب دو دو تولہ بھر لے اور پیسکر جوش دیکر رس نکال لے پھر اس رس مین ایک آثار تیل ڈالکر نرم آنچ مین پکاوے جب یہ رس جلکر تیل رہجاوے تب اُس تیل مین بالچھڑ۔ طیطھی۔ مشک قرنفل۔ بیخ چمپا۔ تج۔ پیپلا مول۔ تیزبالا۔ نمک سیاہ سب چار چار تولہ بھر لے اور لوبان۔ بیرجہ۔ اسگندھ کٹھ۔ یہ سب چار چار تولہ بھر لے اور الائچی۔ لونگ۔ چندن۔ جائپھل کی کلی۔ کنکول۔ ناگکیسر یہ سب تولہ تولہ بھر اور کستوری دو درم لیکر سب کو باریک پیسکر تیل مین نرم آنچ سے پکاوے جب سب رس اور دوا جلکر تیل رہجاوے تب اُسمین دو درم کافور پیسکر ڈالے اور اُسکی مالش کرے تو سب طرح کے ہوا کے عارضے اور سب طرح کے جریان۔ سوجن۔ گولا ان سبکو یہ تیل دور کرتا ہے۔ یہ چھپی بلاس مہا سگندھ تیل ہے اور چکردت مین لکھا ہے۔ یا زنجبیل چودہ تولہ اور اُسکے برابر ایک بوتھیا لسن لیکر زنجبیل کو باریک پیسکر برابر کے گھی مین

بھون لے پھر لہسن کو پیس کر ملاکر شہد عمدہ چودہ تولہ ڈالکر پھر ان سبکو خوب ملاکر دو تولہ بھر ہر روز
کھاوے تو کپکپا گٹھا ت۔ سنوا ستمبھ۔ کٹ بھنگ۔ بازوؤن کا درد اور سب ہوا کے عارضے یہ
لہسن دور کرتا ہے۔

نسخے بھیرو تیل کے بنانے کا طریقہ] مال کنگنی۔ اسالو۔ زیرہ سیاہ۔ اجوائن۔ میتھی۔ تل
یہ سب برابر لیکر تیلی کی گھانی مین ان کا تیل نکلواکر اس تیل کی مالش کرے تو سب ہوا کے
عارضے جاوین یہ نسخے بھیرو تیل ہے۔ یا پارہ۔ گندھک۔ ہرتال۔ منسل۔ یہ سب برابر لیکر تین
تک کانجی مین باریک پیسے پھر ایک ہاتھ باریک کپڑے مین ان چارون کا لیپ کرے پھر اس
کپڑے کی بتی بناکر اسپر سوت لپیٹے پھر اسپر چوگنا تل کا تیل ڈالکر اس بتی کو نیچا کرکے جلاوے
اسکے نیچے لوہے کا برتن رکھے اسمین سے جو تیل ٹپکے اسے علیحدہ برتن مین رکھکر اس کی مالش
کرے تو سب طرح کے ہوا کے فساد جاوین۔

نسخے بھیرو رس] پوست ہلیلہ چھ تولہ۔ چترک چھ تولہ۔ الائچی۔ تج۔ تیزپات۔ ناگرموتھا۔ یہ چارون
تولہ تولہ بھر لے اور سینٹھا ۵ درم۔ ناگ کیسر ۲ درم۔ زنجبیل ۱۰ درم۔ فلفل سیاہ ۱۰ درم۔ پیپل ۱۰ درم
پیپلا مول ۱۰ درم۔ بھنگی بھرو مصفا ۱۰ درم۔ سار ۱۰ درم۔ پارہ ۱۰ درم۔ گندھک مصفا ۵ درم۔ پہلے پارہ
اور گندھک کو حل کرے پھر اس مین یہ سب دوا ڈالے۔ پھر ان سب مین پرانا تین برس کا
قند سیاہ سو تولہ ملاکر پھر گھی مین اس کی بیر کے برابر گولی بناوے ان گولیون کو گھی کے
برتن مین رکھے پھر ایک یا دو گولی یا تین گولی ہر روز دو مہینے تک کھاوے تو بلغم اور صفرا کے
سب عارضے دور ہوون اور اس رس کا چار ماہ تک استعمال رکھے تو بادی کے سب عارضے دور
ہوون اور ایک برس استعمال کرے تو سب عارضے دور ہوون اور دو برس استعمال کرے تو بڑھاپا
دور ہوکر جوان ہو جاوے اگر تین برس کھاوے تو عمر دراز ہو۔ بدن تندرست رہے۔

پانا رس] پارہ ایک حصہ۔ گندھک مصفا دو حصہ۔ ترپھلا تین حصہ۔ چترک چار حصہ۔ گوکل مصفا
پانچ حصہ۔ ان سبکو ارنڈ کے تیل مین ایک روز کھرل کرے پھر اس مین بھنگرا کے رس چورن
ڈالے اور ایک دن کھرل کرے پھر اس کی گولی دو دو رتی کی باندھے پھر سونٹھ۔ زنجبیل اور
ارنڈ کی جڑ کے کاڑھے سے ہر روز ایک مہینے تک مباشرت ترک کرکے کھاوے تو سب طرح کے

رتج بچے عارضے جاوین اور گھونٹا بادکے فساد تو اسکے سات روز استعمال کرنے سے جاتے ہین-

سمیر پنگ رس] گندھک مصفا سنگی مہرہ مصفا- زنجبیل فلفل سیاہ- پیپل- پارہ- یہ سب برابر لیکر پھر پارہ اور گندھک کو حل کرکے یہ سب چیزین ڈال کر اور بھنگرے کے رس کی سات پٹ دے پھر اس کی ایک رتی کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی ادرک کے رس سے کھاوے تو سب طرح کا فساد دور ہو-

سمیر گج کیسری رس] تنی عمدہ افیون- کچلا- فلفل سیاہ- یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر پان کے رس مین بقدر ایک رتی گولی باندھے اور ایک گولی صبح کے وقت کھاکر اوپر سے پان چباوے تو سب طرح کی باد کا فساد جاوے اور سوجن ہیضہ مرگی یہ سب جاوین یہ بید رہس مین لکھا ہے-

بردھ چنتامن رس] خراسانی اجوائن- زیرہ سفید- اجمود- اکاکرڑا سینگی- اسگندہ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ایک ماشہ بھر گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو سب طرح کے بادی عارضے دور ہون اور دمہ- کھانسی ہچکی اور زیادہ نیند تغیر دور ہون-

امرت نام گٹکا] چترک ۲ تولہ- پوست ہلیلہ ۲ تولہ- پارہ ۲ تولہ- گندھک ۲ تولہ- زنجبیل ۲ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ- پیپل ۲ تولہ- پیپلا مول ۲ تولہ- ناگرموتھہ ۲ تولہ- جاپھل ۲ تولہ- بدھارا ۲ تولہ- الائچی ۱ تولہ ابھرک ۵ درم- سنگی مہرہ مصفا ۵ درم- قند سیاہ ۶۰ تولہ- پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے- پھران سب دواؤن کو باریک پیسکر قند سیاہ سمیت اس مین ملاوے پھر اس تین جل بھانگرے کی ایک پٹ دے پھر ایک یا دو رتی کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو سب طرح کے بادکے عارضے- جذام- جبریان- مرگی- ہچکی- دمہ- سوجن- آنون بات- پیلیا- بواسیر ان سب عارضون کو یہ رس دور کرتا ہے- یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے-

راچھس رس] گندھک مصفا- پارہ مصفا- ان دونون کو برابر لیکر حل کرے پھر اس مین دودھیا کے رس کی اور تلسی کے رس کی ایک پٹ دے پھر بادنجان کے رس کی ایک پٹ دے- پھر مورسکھا کے رس کی ایک پٹ دے پھر منڈی کے رس کی ایک پٹ دے پھر پیاز کی قند کے رس کی ایک پٹ دے پھر سنبھالو کے رس کی ایک پٹ دے اُس کا رس نکھا کر

حل کیے ہوئے پارہ اور گندھک کو مرغی کے انڈے میں بھر کر اور انڈے کو درست کر کے پھر انڈے کو کپڑ مٹی کر کے چتر انڈوں کو سکھا کے پھر ان انڈوں کو گج پٹ میں پکاوے اسی طرح تین مرتبہ کرے پھر اس میں سے ایک رتی کھاوے تو سب طرح کی باد کا فساد دور ہو اور بھوک بہت پیدا کرتا ہے۔ یہ رسارنو میں لکھا ہے۔

بنگیشر رس] پارہ مصفا۔ گندھک مصفا ان کو حل کرے اور دونوں سے آدھی ہرتال مصفا ڈالے اور ان سب کے برابر رانگا ڈالے پھر ان کو آک کے دودھ میں سات روز کھرل کرے پھر سکھا کر کانچ کے آتشی شیشے میں کپڑ مٹی کر کے اس میں بھرے پھر شیشے کو بالکا جنتر میں بارہ پہر پکاوے پھر ٹھنڈا کر نکال کر آدھی رتی اس میں سے پان میں کھاوے تو سب طرح کی باد کے فساد دفع ہوں یعنی ہول دل۔ دبلاپن۔ کمزوری۔ ضعف معدہ۔ جذام۔ گھاؤ۔ بھگندر یہ سب دور ہوں یہ جوگ ترنگنی میں لکھا ہے۔

ہرتال گنکا] ہرتال مصفا۔ گندھک مصفا۔ پارہ مصفا۔ شنگرف۔ سہاگہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل یہ سب برابر لیکر اور پارہ اور گندھک کو حل کرکے یہ سب دوا ملاوے پھر ادرک کے رس کی ایک پٹ دے اور مونگ کے برابر گولیاں باندھے ایک گولی صبح کے وقت کھائے تو سب طرح کے ہول کے فساد اور سوتکا روگ۔ ضعف معدہ۔ سنگرہنی۔ سردی کا بخار۔ یہ سب عارضے دور ہوں یہ رس رتن پردیپ میں لکھا ہے۔

لہسن پاک کے بنانے کا طریقہ] لہسن ایک تولہ لیکر اسکو باریک زیرہ کے موافق کترے پھر ایک تولہ دودھ اور چھ ماشہ پانی میں چڑھا کر آنچ دے پھر جب دودھ لہسن میں سوکھ جاوے تب اسکو کھرل کرے جب لبدی بندھ جاوے تب چھ ماشے گھی ڈالکر آنچ دے جب سرخی آجائے تب اتار کر اور گھی زیادہ رہے وہ نکالکر پھر دو تولہ مصری کی چاشنی کرے اس میں کستوری آدھی رتی۔ لونگ چار رتی۔ جاپھل ایک ماشہ۔ دارچینی ایک ماشہ ورق طلا ایک ماشہ یہ سب دوا پیسکر چاشنی میں ملادے پھر وہ لہسن ڈالکر چار گولی باندھے ایک گولی صبح کے وقت کھاوے اور بہت باد کا فساد ہو تو دوسری گولی شام کے وقت کھاوے تو یہ بیماری دور ہو اور پرہیز سے رہکر یہ گولی ایک دن تک

کھاوے اور زیادہ استعمال کی خواہش ہو تو اُنچاس دن تک کھاوے اور گولی زیادہ بنانی ہو تو اُسی حساب سے اس لہسن کے تول کے موافق دوا بڑھالے اس لہسن پاک کے کھانے سے سب طرح کے باد کا فساد دور ہو اور بدن طاقتور ہو بھوکھ بڑھے۔

باب نوان

اوروا ستمبھ - آم بات - پت بیادہ - کف بیادہ کے بیان مین

اوروا ستمبھ یعنی جانگھ بے حرکت ہو اسکی علامت

ٹھنڈی گرم رقیق سوکھی بھاری اور مرغن چیزون کے کھانے سے اور دن کے سونے اور رات کے جاگنے سے اور زیادہ بھوکھ سے یا جیرن یعنی بدہضمی مین پیچھے کی ہوئی چیزین کھانے سے باد فاسد ہوکر اور صفرا کو بگاڑ کر جانگھون کو بے حرکت اور شل کر دے کہ گویا جانگھ بدن مین نہین ہے ہلنے چلنے نہ دے اُسکو اوروا ستمبھ روگ کہتے ہین۔

اوروا ستمبھ کی پہلی شکل] نیند بہت آوے۔ دھیان لگا دے کچھ بخار رہے اور کچھ بال کھڑے ہو جاوین اور قے ہو اور جانگھون مین درد ہو یہ علامتین ہون تو جانو اوروا ستمبھ روگ ہوگا اس عارضے کو دھنتری جی نے سُشرت مین مہا بات بیادہ روگ کہا ہے اسکی علامات یہ ہین دونون پانون سوج جاوین اُن مین درد بہت ہو بڑی دقت سے اُٹھین دونون جانگھون مین درد چلین اور زمین پر پانون رکھتے ہی درد ہو ٹھنڈی چیز کو نہ جانے چلا نہ جائے لکڑی کی طرح ہو جاوین جانگھین ٹوٹی سی نظر آوین۔ یہ علامتین ہون تو بات بیادہ کہتے ہین یہی اوروا ستمبھ ہے لا علاج اوروا ستمبھ کی علامتین] جس اوروا ستمبھ عارضہ والے کے جلن اور درد ہو بدن کانپے وہ مر جاوے۔

اوروا ستمبھ کا علاج] ترپھلا۔ پیپلا مول۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ چیتا۔ ان کو باریک پیسکر چھانی ورد ہر روز شہد سے کھاوے تو اوروا ستمبھ کا عارضہ دور ہو۔ یا زنجبیل۔ پیپل۔ پیلا جڑ۔ گوگل۔ یہ سب پانچ ماشہ گو موتر کے ساتھ ہر روز پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ دسمول کے جوشاندہ کے ساتھ گوگل کھاوے تو یہ بیماری دور ہو یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے یا ترپھلا نوہ ایکدرم

نگو ایک درم دیودار ایک درم۔ زنجبیل ایک درم پوست بلیلہ ایک درم۔ بیخ سانٹھی ایک درم سب کو دو درم سال کا جوشاندہ پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا ایک درم گوگل کو گؤ موتر کے ساتھ پندرہ دن پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا شہد سرسون۔ پانی کی مٹی ان کو باریک پیسکر ملے تو اوردا ستنبھ دور ہو یا بیخ پیسکر بقدر دو درم گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ جاتے اور دا ستنبھ والا اتنی چیزیں نہ کرے یعنی خون نہ نکلوائے۔ نہ جلاب عمل بھی نہ لے یہ بید سرس مین لکھا ہے یا خس یا لیمون کا رس قند سیاہ کے ساتھ یا شہد کے ساتھ پیے تو اوردا ستنبھ دور ہو یا چیب پوست بلیلہ۔ چترک۔ دیودار۔ کنگج کے پھول۔ سرسون۔ ان کو پیسکر ۲۰ درم شہد کے ساتھ کھائے تو اوردا ستنبھ دور ہو۔ یہ سراب شنکرو مین ہے۔

آم بات روگ کی پیدائش علامت اور علاج

جس کا معدہ ضعیف ہو وہ بدپرہیزی کر کے مرغن چیزین کھاوے اور محنت نہ کرے تو ہوا سے تحریک کیا ہوا کچی غذا کا رس بلغم کی جگہ یعنی چھاتی مین پہونچکر کچا ہی رس ہوا کے ذریعہ سے نسون مین پہونچاکر نسون کے سوراخون کو روک کر ہاضمے کو کم کر کے چھاتی کو بھاری کر دیتا ہے اور بلغم اور باد فاسد ہوکر معدہ اور ترکسندہ مین پہونچکر بدن کو بے حس و حرکت کر دیتا ہے اُسکو آم بات کہتے ہین۔

علامت] اعضا شکنی۔ کمی اشتہا۔ پیاس سستی ہو۔ بدن بھاری ہو اور بخار ہو۔ کھانا ہضم نہ ہو۔ بدن سن پڑ جاوے۔ جسمین یہ علامتین ہون اُسکو آم بات کہتے ہین۔

بہت بادبڑھے ہوے کی علامتین] بگڑا ہوا آم بات سب بیماریون مین مشکل سے اچھا ہوتا ہے اُسکا فساد لکھتے ہین۔ ہاتھ۔ پاؤن۔ سر اور ٹانگون مین سے ترک اور جانگھون کے اعضا مین پہونچکر درد سمیت سوجن کرے۔ ان جگہون مین بچھو کے ڈنک کا سا درد بہت ہو ہاضمہ کم ہوجاوے۔ رال بہت گرے قوت جاتی رہے۔ منھ کا ذائقہ بدل جاوے جلن ہو پیشاب بہت اُترے کوکھ مین کچھ سختی سی پیدا ہوکر درد ہو نیند نہ آوے قے ہو پیاس بہت لگے چکر اور بیہوشی ہو پاخانہ نہ اُترے بدن پتھر سا ہوجاوے آنتین بولا کرین اپھارہ ہو اور بات بیادہ کے کہے ہوے اور بھی فساد ہون جس مین صفرا زیادہ ہو اسمین جلن

اور وہ زردی لیے ہو اور بادی کی زیادتی میں سول ہو اور بلغم کی زیادتی میں پتھر سا ہو جاوے اور
بھاری پن ہو کھجلی آوے ایک خلط کے فساد کا یا علاج دو خلطا کے فساد کا مشکل سے اچھا ہو
اور سب بدن میں بھی گھومنے والی فساد کا سنپات لا علاج جانو۔

علاج] ارنڈ کے بیجوں کو دودھ میں پکا کر کھیر کھاوے تو آم بات گردھرسی روگ جاویں۔

مہارا سنادی کواتھ] راسنا۔ بیخ ارنڈ۔ اڑوسہ۔ دھماسہ۔ کچور۔ دارہلدی۔ کھرٹی۔ ناگرموتھ۔
زنجبیل۔ اتیس۔ پوست ہلیلہ۔ گوکھرو۔ سہجنہ۔ چب۔ دونوں کٹیلی۔ ان کو برابر لے اور راسنا
دگنی لے پھر ان کو جوکوٹ کر کے پانچ درم کا کاڑھا روزانہ دوے تو اتنے عارضے دور ہوں
یکشا گھات۔ لقوہ۔ رعشہ۔ کبڑا پن۔ کل اعضا کی گھڑی ہوئی ہوا۔ پاؤں کا درد۔ گردھرسی
ہنوگرہ۔ اور اوستمبھ۔ بات رکت۔ بواسیر۔ جریان۔ عورت کا بانجھ پن ان سب عارضوں
کو یہ جوشاندہ دور کرتا ہے اسکا نام مہارا سنادی کواتھ ہے۔

اجمودادک چورن] اجمود۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ بائے بڑنگ۔ دیودار۔ چترک۔ بادیان۔
سیندھا نمک۔ پیپلا مول۔ یہ سب دو دو تولہ لیکر زنجبیل ۲۰ تولہ۔ بدھارا بیس تولہ۔ پوست ہلیلہ
۱۰ تولہ۔ ان سب کو باریک پیسکر اور سب کے برابر قند سیاہ لے پھر اسکی ۲ درم بھر کی گولی
باندھے اور ہر روز گرم پانی سے کھائے تو آم بات۔ سول۔ گردھرسی۔ گولا۔ پیٹ تولی۔ کمر
پیٹھ۔ جانگھ میں اعضا شکنی۔ سوجن۔ ان سب عارضوں کو یہ چورن دور کرتا ہے۔ اور
جوگراج۔ گوگل جو نیچے بات بیادہ میں لکھا ہے اس سے بھی آم بات دور ہوتا ہے۔

سونٹھ پاک] زنجبیل ۱۶ تولہ۔ روغن اودہ گاؤ ایک ثار۔ شیر چار ثار لے۔ پھر زنجبیل کو
باریک پیسکر گھی میں ملا کر دودھ میں پکا کر کھویا کرے پھر سو تولہ بھر شکر کا قوام کر کے اس
قوام میں گھی ملائی ہوئی سونٹھ ڈالکر پھر اسمیں زنجبیل ایک تولہ۔ ناگ کیسر ایک تولہ
ڈالے پھر اسکی گولی دو تولہ کی بنا کر دونوں وقت کھا دے تو آم بات کو دور کر کے بدن
میں تازگی اور طاقت لاتا ہے یا یہ بھی ۱۶ تولہ زنجبیل ۱۶ تولہ ان کو باریک پیسکر گائے
کے ہم ثار دودھ میں پکاوے اور ان دونوں کو گھی میں ملا کر ثاوا کرے۔ پھر چار ثار نجیہ مصری

ثلہ ثار اتنی کہو یا ۱۲

کی چاشنی کرے اسمین یہ دوا ڈالے فلفل سیاہ ۲ تولہ چترک دو تولہ ۔ پیپل ۲ تولہ ۔ زنجبیل ۲ تولہ ۔
پیپلا مول دو تولہ ۔ کشنیز دو تولہ ۔ اجوائن دو تولہ ۔ جائپھل دو تولہ ۔ کچور دو تولہ ۔ تج دو تولہ ۔
تیزپات دو تولہ ۔ ناگر موتھ دو تولہ ان سب کو باریک پیسکر چاشنی مین ڈالے پھر سبکو ملا کر چار تولہ
بھر کی گولی بنا کر ایک گولی ہر روز کھاوے تو آم بات ۔ بات بیادہ کمر ہور بیدرن چاروں کو
دور کرکے باہ کی قوت بڑھاتا ہے ۔ یا لہسن کا رس ۲۰ درم گھی گاہے کا ۲۰ درم ان دونوں کو
ملا کر ہر روز پیجئے تو آم بات دور ہو ۔ یا سیندھا نمک ۵ درم ۔ پوست ہلیلہ ۵ درم ۔ پوکر مول
۵ درم بھوا ۵ درم ۔ پیپل ۵ درم ان سبکو باریک پیسے پھر روغن ارنڈ ایک ثار عرق بادیان
ایک ثار ۔ کانجی دو ثار ۔ دہی کا مٹھا چار ثار ان سبکو ادویات سمیت جمع کرکے کڑاہی مین چڑھا کر
نیچے نرم آنچ کرے جب سب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اُتار کر ۲۰ درم اسمین
سے ہر روز کھاوے یا لگاوے تو آم بات جاوے اور بھوکھ بڑھے اسکا نام بہت سیندھواد
تیل ہے یا پارہ ۔ گندھک مصفا ۔ زنجبیل ۔ کنگی ۔ ترپھلا ۔ عنزالمتاس ۔ یہ سب برابر لے اور
پوست ہلیلہ اور ادویات سے سہ چند لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب
دوا ملاوے پھر اس مین سے بقدر ایک ماشہ زنجبیل اور بیخ ارنڈ کے جوشاندہ سے کھاوے
تو آم بات روگ دور ہو اسکا نام آم باتارس ہے اور دہی دودھ قند سیاہ مچھلی گوشت
ماش کی چیز اتنی چیزیں آم بات والا نہ کھائے یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے ۔ یا گوگل
ایک ثار ۔ پسا ہوا پوست ہلیلہ ایک ثار ۔ پسا ہوا آملہ ایک ثار ۔ پسا ہوا پوست بہیڑہ ایکثار
یہ سب دوا چار ثار پانی مین کڑاہی مین پکاوے جب پانی کا چوتھا حصہ رہ جاوے تب
اُتار کر آگ پر چڑھا کر کچھ گاڑھا کرے پھر اسمین زنجبیل ۲۰ درم ۔ پیپل ۲۰ درم فلفل سیاہ ۲۰ درم
ترپھلا ۲۰ درم ۔ ناگر موتھ ۲۰ درم ۔ وایبڑنگ ۲۰ درم ۔ گندھک مصفا ۲۰ درم ۔ جمالگوٹہ مصفا ۲۰ درم
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اسمین یہ سب دوا ملا دے ۔ پھر یہ سب گوگل کے رس مین
ملا کر ایک ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو آم بات کو جلد دور کرے بھوکھ اور باہ کو
بڑھاوے منھ نہ سوجے اور باد کے فساد ۔ بھگندر ۔ سوجن ۔ سول ۔ بواسیر ان سب چاروں
کو دور کرتا ہے یا پوست ہلیلہ ۔ سیندھا نمک ۔ نسوت ۔ بیخ اندرائن ۔ زنجبیل ۔ اندرائن کے

پھل کا مغز ان سب کو باریک پیسکر لوہے کے برتن مین پانی بھرکر اس مین یہ دوا ڈالے پھر نرم آنچ سے پکا کر چھوٹے بیر کے برابر گولی باندھے ایک گولی گرم پانی سے کھائے اوپر سے بہت گھی ڈالکر چانول کھاوے تو آم بات جاوے اس کا نام آم باتارگنگا ہے یہ بید رس مین لکھا ہے۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ترپھلا۔ ناگرموتھہ۔ باے برنگ۔ چب۔ چترک۔ بچ۔ الائچی پیپلا مول۔ بیخ جھاؤ۔ دیودار۔ تیبرو یعنی تخم شیوتن تونبا۔ پوکر مول۔ کوٹ۔ دونون ہلدی۔ اجیان زیرہ سفید۔ تیرج۔ زنجبیل۔ دھماسہ۔ نمک سیاہ۔ جواکھار۔ سجی۔ سنج پیپل۔ سیندھا نمک۔ یہ سب دوا برابر لیکر باریک پیسکر گوگل مین ملادے پھر اسکو ۲۰ درم گھی یا شہد کے ساتھ ہر روز کھاوے تو آم بات۔ اودا ورت۔ بواسیر۔ پیڑون کا عارضہ۔ تھم جور۔ اونماد۔ اپھارہ جذام۔ سوجن۔ پیلیا ان سب کو دور کرتا ہے دھنترجی نے اسکا نام دواترلشک گوگل رکھا ہے۔ یہ بیر سنگھا ولوکن مین ہے یا گوگل مصفا ایک ثار روغن تلخ ۲۰ تولہ ترپھلا ۳ ثار ۳۲ ثار پانی مین ترپھلا ڈالکر اوٹاوے۔ جب پانی کا چوتھا حصہ یعنی ۸ ثار رہ جاوے تب اسی پانی کو چھان کر پھر آگ پر چڑھا کر گاڑھا کرے پھر اسمین گوگل ایک ثار تیل ۲۰ درم۔ زنجبیل ۲۰ درم۔ فلفل سیاہ ۲۰ درم۔ پیپل ۲۰ درم۔ ترپھلا ۲۰ درم۔ ناگرموتھہ ۲۰ درم۔ دیودار ۲۰ درم۔ گلو ۲۰ درم۔ نسوت ۲۰ درم۔ دانتیونی ۲۰ درم۔ بچ ۲۰ درم۔ زمین قند ۲۰ درم۔ پارہ ۲۰ درم گندھک مصفا ۲۰ درم۔ تخم دھتورہ ۴۰ درم۔ ان سب کو باریک پیسکر اس ترپھلے کے پانی مین خوب ملاوے۔ پھر اس مین سے ایک ماشہ ہر روز گرم پانی سے کھاوے تو بھوک اور باہ بڑھاوے بدن کو درست کرے اور آم بات دردسر۔ کمر کی ہوا کا فساد بھگندر۔ بیرون کی ہوا کا فساد۔ جانگھ کی ہوا پتھری موترکرچھ[1] امراض مثانہ ان سب بیماریونکو یہ گوگل دور کرتا ہے۔ اسکا نام سنگھ ناد گوگل ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے کہ گندھک مصفا ۵ درم تانبے کی راکھ ۵ درم۔ پارہ ۲۰ درم۔ سہاگہ ۲۰ درم۔ ان سب کو جمع کرکے ارنڈ کے پتون میں ڈالے پھر ان کو کھرل مین باریک پیسکر پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ چترک۔ زنجبیل۔ ان کے جوشاندہ کرکے اس کی ۲۱ پٹ دے اور بھنگرے کے رس کی بیس پٹ دے اور گلو کے

[1] یعنی ذیابیطس ۱۲

رس کی درس چھٹ دے اور ان سب دواؤن کے برابر بھنا ہوا سہاگہ ڈالے اور سہاگہ سے آدھا بڈتون ڈالے اور بڈتون کے برابر فلفل سیاہ ڈالے اور زنجبیل ۔ پیپل ۔ ترپھلا ۔ لونگ ۔ یہ سب فلفل سیاہ کے برابر ڈالے پھر ان سب کو باریک پیسکر خوب ملا دے پھر ایک ماشہ ہر روز علی الصباح اِدرک سے کھا وے تو سب عارضون کو یہ رس دور کرکے بھوک کو بہت بڑھا تا ہے اور آم بات کو دور کرکے موٹے آدمی کو دُبلا اور دُبلے کو فربہ کرتا ہے خوراک اسکی چار رتی ہے جو گلے تک بھی کھانا کھایا ہو تو اُسکو بھی ہضم کردے اس کا نام باتیشر اس ہے اور سار سنگرہ مین لکھا ہے اور دہی پچھلی ۔ قند سیاہ ۔ شیر ۔ ماش کا آٹا یہ سب چیزین آم بات والا نہ کھائے۔

پت بیادہ کی پیدائش علامت اور علاج] کڑوا رس کھٹائی گرم اور جلن پیدا کرنیوالی اور تیز چیز کے کھانے اور فاقہ اور غصہ اور زیادہ جماع کرنے اور بہت نمک کھانے اور دھوپ مین سونے اور پیاس اور بھوک روکنے اور محنت کرنے سے گرمی فاسد ہوجاتی ہے اور غذا ہضم ہونے پر سرد رُت یعنی کنوار کاتک مین اور گرمی رُت یعنی جیٹھ اساڑھ مین دوپہر اور آدھی رات کو صفرا فاسد ہوکر چالیس عارضونکو پیدا کرتا ہے وہ یہ ہین۔

جوانی مین سفید بال ہوجاوین	آنکھین سرخ رہین۔	پیشاب سرخ ہوجاوے	آنکھین زرد رہین
پیشاب زرد اُترے	پاخانہ زرد ہو	ناخن زرد ہون	دانت زرد ہون
بدن زرد رہے	اندھیری آوے	سب جگہ زرد ہی نظر آوے	نیند کم آوے
منہ سوکھے	منہ مین بدبو آوے	منہ تیکھا رہے	گرم دم نکلے
منہ مین کھار رہے	ڈکار مین دھوان نکلے	چکر آوے	حواس کمزور ہون
غصہ زیادہ ہو	جلن ہو	اُچھال رہا کرے	کڑوی ناگوار سری چیزی اچھی معلوم ہو
کسی چیز سے سیری نہو	سب چیزون سے زیادہ رغبت ترش رہے	کھانے کے بعد جلن ہو	بھوک بہت لگے
نکسیر وغیرہ ہو	پاخانہ پتلا ہو	پاخانہ گرم اُترے	پیشاب گرم اُترے
موتر کر چکر ہو	باؤ کم ہو	بدن گرم رہے	پسینا بہت آوے
پسینے مین بدبو آوے	ہاتھ پیرون مین بہت بیماریان ہون	اعضا شکنی ہو	پھوڑے پھنسی بہت ہون

ان سب عارضون کا عام علاج] نیم کی چھال کڑوی چیز وغیرہ کے کھانے سے اور جھری

وغیرہ شیرین چیزین کھانے اور چندن وغیرہ ٹھنڈی چیز کے لگانے اور ٹھنڈی ہوا اور ٹھنڈے سایہ مین رہنے اور رات کو سونے اور خس کے پنکھے کی ہوا اور ماہتاب کی چاندنی اور تہ خانہ مین رہنے اور دودھ کے پینے اور جلاب کے لینے اور خون کے نکلوانے سے صفرا کے عارضے دور ہون۔

بلغم کے عارضون کی پیدایش] بھاری۔ میٹھی۔ مرغن۔ دہی وغیرہ ٹھنڈی چیزون کے کھانے اور دن کے سونے اور بہت بیٹھے رہنے سے بلغم کے فساد ہوتے ہین صبح کے وقت اور غذا کھانے کے بعد اور پھاگن اور چیت مین بلغم فاسد ہوتا ہے۔

بلغم کے بیس عارضون کی علامتین

منہ میٹھا رہے	منہ بلغم سے لپٹا رہے	لعاب گرے	نیند بہت آوے
کانون مین مکھیون کی آواز ہو	نمکین چیز کی خواہش رہے	گرم چیز کی خواہش ہو	عقل کم ہو
ہوش کم ہو جاوین	سستی بہت آوے	بھوک نہ لگے	معدہ ضعیف ہو
پاخانہ سخت ہو	پاخانہ سفید آوے	پیشاب زیادہ آوے	پیشاب سفید ہو
باہ زیادہ ہو	بے حرکت ہو جاوے	بدن بھاری رہے	بدن ٹھنڈا رہے

بلغم کے بیس عارضون کا عام علاج] سوکھی کسیلی۔ گرم کڑوی چیز کے کھانے اور محنت اور گلا اور قے کرنے اور پسینا آنے فاقہ کرنے اور پیاس روکنے اور حقہ پینے اور کشتی لڑنے پانی مین زیادہ نہانے اور چیرک کے کھانے اور ناس لینے اور راہ چلنے اور جماع کرنے اور جاگنے اور بلغم کی بیس بیماریان دور ہوتی ہین۔

باب دسوان

بات رکت سول پرنام ان درد جرب پت وغیرہ کے بیان مین

بات رکت یعنی سرخ باد کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

نمک۔ گرم چیز۔ سڑا ہوا گوشت۔ کھلی۔ تبری سولی۔ کلتھی۔ ماش۔ بہت ترکاری۔ گوشت مچھلی۔ دہی اور خلاف[1]

[1] خلاف سے مراد یہ ہے کہ دہی کے ساتھ دودھ اور سرکہ کے ساتھ مچھلی وغیرہ نہ کھانے۔

چیزوں کے کھانے سے اور عرق اور کانجی کے پینے سے اور غصہ کرنے اور دن کے سونے اور ہاتھی گھوڑا اور اونٹ کے دوڑانے سے نازک آدمی کے بات رکت کا عارضہ ہوتا ہے۔

بات رکت کی شکل] تمام بدن میں خون جلجاوے پھر وہ خون فاسد ہو کر دونوں پیروں میں اکٹھا ہونے لگے۔

بات رکت یعنی سرخ باو کی پہلی شکل] پسینا بہت آوے یا نہ آوے۔ بدن سیاہ پڑجاوے بدن میں چھونے سے ہوش نہ رہے تھوڑی سی چوٹ میں درد بہت ہو اور ہر ایک عضو بےحرکت ہوجاوے سستی بہت آوے بدن میں پھنسیاں ہوجاویں۔ گھٹنے۔ جانگھ۔ کمر۔ ہاتھ۔ پاؤں میں درد ہو بدن بھاری رہے سُن ہوجاوے بدن میں جلن ہو۔ رنگت اور کی اور ہوجاوے بدن میں سرخ سی چٹیں پڑجائیں یہ علامتیں ہوں تو جاننا چاہیئے کہ بات رکت ہوگا۔

باتا دھک بات رکت کی علامتیں] پاؤں میں بہت درد ہو اور پھڑکیں۔ سوجن ہو روکھے اور سیاہ ہوں اور چوبیس ناڑی اور انگلیوں کا بیچ سکڑ جاوے بدن جکڑ بند ہو رعشہ پیدا ہو بدن سوکھا سا نظر آوے یہ علامتیں ہوں تو باتا دھک بات رکت جانو۔

رکتا دھک بات رکت کی علامتیں] جس میں سوجن ہو درد زیادہ ہو سرخی بہت تانبے کی اور کھجلی ہو تو رکتا دھک جانو۔

پتادھک بات رکت کی علامتیں] جس میں جلن غفلت اور سوجن ہو پک جاوے اور گرم بہت ہو یہ علامتیں ہوں اسکو پتادھک بات رکت جانو۔

کفادھک بات رکت کی علامتیں] بدن کمزور اور بھاری چکنا ٹھنڈا ہو سُن پڑجاوے کھجلی ہو جس میں یہ علامتیں ہوں اسکو کفادھک بات رکت کہنا چاہیئے اور جس میں یہ سب علامتیں ملی ہوں اسکو سنّپات کا بات رکت جانو۔

بات رکت ہاتھوں میں ہو اسکی علامتیں] جیسے پاؤں کے تلووں میں ہوتا ہے ویسے ہی ہاتھ کی ہتھیلی کے اوپر پھنسی وغیرہ ہوتی ہیں پھر سب بدن میں ہوتی ہیں۔

لاعلاج بات رکت کی علامتیں] پاؤں کے تلوے سے گھٹنوں تک پھنسی ہوں بدن کی طاقت گوشت ہاضمہ یہ سب زائل ہوں تو بات رکت لاعلاج جانو یہ بیمار ایک

برس تک زندہ رہے۔

بات رکت کا فساد] نیند نہ آوے کھانے کی رغبت جاتی رہے۔ دستہو گوشت گل جاوے اور دوسر بیہوشی۔ پیاس۔ بخار۔ غفلت۔ ہچکی۔ بدن مین رعشہ ہو۔ انگلی گل جاوے۔ بسبب ہو یعنی بدن مین پھیل جاوے۔ پھنسیان پک جاوین۔ سول ہو۔ چکر آوے۔ انگلیان ٹیڑھی ہو جاوین پھوڑے مین جلن ہو۔ یہ اسکے فساد ہین۔

بات رکت کا علاج] بات رکت والے کے جونک یا سینگی لگا کر یا پچھنہ یا فصد کر کے خون نکلوانا چاہیے مگر خون اتنا نکلوانا لازم ہے کہ جہان تک ہو زیادہ نہ بڑھے اور دن کو سونا غصہ۔ محنت جماع نہ کرے اور تلخ گرم بھاری روکھی کھٹائی اتنی چیزین بات رکت والا نہ کھاوے اور پرانا جو۔ پرانا گیہون۔ پرانا دھان۔ اتنی چیزین کھاوے۔ بالا۔ تیتر۔ بٹیر۔ اور چنا مونگ۔ مسور۔ بتھوا۔ کشنیز۔ کوری۔ بتھوا۔ لٹیا۔ چیل۔ بکری کا دودھ۔ گھی۔ اتنی چیزین لائق کھانے کے ہین یا گوگل ایک درم گلو کے جوشاندہ سے پیے یا روغن ارنڈ ۲۰ درم گلو کے جوشاندے مین ڈال کر پیے تو بات رکت جاوے۔ مجیٹھ کا کاڑھا لکھتے ہین۔ مجیٹھ۔ ترپھلا۔ کٹکی۔ بچ۔ دارہلدی۔ گلو۔ پوست نیم۔ یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کرکے ۱۰ درم کا جوشاندہ ہمیشہ پیے تو بات رکت۔ جذام (کوڑھ) کھجلی۔ پھوڑا ان سب عارضون کو دور کرتا ہے اسکا نام لگھو منجیٹھادک کواتھ ہے یا گلو۔ اوچی۔ نیوادڑ۔ پوست نیم۔ پوست ہلیلہ۔ ہلدی۔ اڑوسہ۔ جھتاور۔ تیتر۔ بالا۔ سفید کنٹھلی کہرٹی۔ لٹیھی۔ مہوا۔ گوکھرو۔ پٹول یعنی پرول کے پتے۔ خس۔ مجیٹھ۔ سرخ چندن یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کرکے ۲۰ درم کا جوشاندہ ہر روز پیے تو بات رکت۔ جذام۔ کھجلی۔ جلن ان عارضون کو کاڑھا دور کرتا ہے اسکا نام گڈوچیادک کواتھ ہے اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے یا بھینسیا گوگل مصفا ایک ثار۔ پوست ہلیلہ ایک ثار۔ آملہ ایک ثار۔ پوست بلیلہ ایک ثار۔ گلو ۲۴ تولہ ان سب کو جوکوٹ کرکے ۲۴ ثار پانی مین اوٹاوے جب آدھا پانی رہ جاوے تب اوتار کر چھان کے پھر کڑاہی مین اوٹا کر گاڑھا کرے۔ پھر پارہ ۲۰ درم۔ بائبڑنگ ۲۰ درم۔ نسوت ۲۰ درم گلو ۲۰ درم۔ دانتی ۲۰ درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب دوا باریک پیس کر ملا کر اس گوگل مین ڈالے پھر سب کو خوب ملا کر چار ماشہ یا آٹھ ماشہ منجیٹھادک کاڑھے سے ہمراہ

کھاوے تو بات رکت۔ پھوڑا پھنسی گنٹھاؤ۔ کھانسی۔ گرلا۔ جذام۔ سوجن۔ عارضہ شکم۔ پانڈ روگ
بیریان ضعف معدہ۔ ان سب کو یہ دور کرتا ہے اور اس کا کھانے والا محنت نہ کرے دھوپ مین
نہ رہے آگ کے پاس نہ بیٹھے کھٹائی نہ کھاوے بسیار جماع نکرے۔ راہ بھی نہ چلے۔ نمک کھٹائی
بھی نہ کھاوے اسکا نام کشور گوگل ہے یا ایک سیر بھلاوے ایسے بھاری لے کہ پانی مین ڈوب جاوین
ان کو منہ پر سے گھس کر ۱۶ سیر پانی مین ڈالکر اونٹاوے اور اس اونٹے پانی مین گلو دو سیر چوکٹا
کرکے ڈالے جب اس پانی کا چوتھا حصہ رہجاوے تب اسمین گلو ۲۰ درم۔ باوچی ۲۰ درم۔
پوست نیم ۲۰ درم۔ پوست ملیلہ ۲۰ درم۔ آملہ ۲۰ درم۔ ہلدی ۲۰ درم۔ ناگر موتھا ۵ درم۔ برنج ۵ درم۔
الائچی ۵ درم۔ زنجبیل ۵ درم۔ ناگ کیسر ۵ درم۔ پت پاپڑہ ۵ درم۔ تیرنج ۵ درم۔ تیتر بالا ۵ درم۔
خس ۵ درم۔ چندن سفید ۵ درم۔ گوکھرو ۵ درم۔ کچورہ ۵ درم۔ سرخ چندن ۵ درم۔ ان کو باریک
پیسکر ڈالے اور بھلاوے سمیت خوب ملاکر امرت بان مین رکھے پھر اسمین سے بقدر ۵ درم ہر صبح
گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو بات رکت جذام۔ بواسیر۔ بسرپ۔ بایا۔ (جگل) باد اور خون کے
سبب فساد اٹھنے عارضونکو یہ دور کرتا ہے۔ اسکا کھانے والا محنت نہ کرے دھوپ مین نہ بیٹھے
اور آگ کے پاس نہ رہے اور کھٹائی اور گوشت نہ کھاوے اور تیل نہ لگاوے اور راہ نہ چلے
اس کا نام امرت بھلا تکاولیہ ہے یا السی یا ارنڈی کو دودھ مین پیسکر ہاتھ پیرون مین ملے
تو بات رکت جاوے۔ یا سفید سرسون۔ دال۔ مدم۔ مجیٹھ۔ یہ سب برابر لیکر تیل مین پکاوے
پھر اسکی مالش کرے تو بات رکت جاوے یا بیخ ارنڈ۔ گلو۔ اڑوسہ ان کا کاڑھا کرکے اس مین
گوگل چار ماشہ۔ روغن ارنڈ ۲۰ درم ڈالکر پیے تو بات رکت۔ بیہوشی۔ درد سر۔ دمہ۔ پھوڑا ان سبکو
دور کرتا ہے یہ بید رہس مین لکھا ہے یا ہرتال کے اچھے پترے انکو سانٹھی کے رس مین دو دن
کھرل کرے پھر اسکو کاڑھا کر ٹکیا کرکے سکھاوے پھر سانٹھی کی راکھ کے بیچ مین اس ہرتال
کی ٹکیا کو چولھے پر چڑھا کر پانچ دن رات نرم آنچ دے اور جب کسی قدر ٹھنڈا ہو جاوے
تب اتار لے جو وہ ہرتال سفید نکلے اور پوری تولی اترے تو اس مین سے بقدر ایک رتی
گڑ و چیاد کاڑھے کے ساتھ کھاوے تو بات رکت اور اٹھارہ طرح کی کوڑھ۔ باد فرنگ۔
بسرپ بایا۔ پھوڑا ان سب کو یہ دور کرے اور اس کا کھانیوالا نمک کھٹائی گڑ وارس نہ کھاوے

اور دھوپ میں اور آگ کے پاس نہ بیٹھے اور سپید کھا نمک میٹھا رس کھا دے اسکا نام تا گلیکا سے یہ ہرتال بنانے کی ترکیب بھاؤ پرکاش میں لکھی ہے۔

سول کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

بادی۔ صفرا۔ بلغم۔ سنپات۔ آنونش۔ بادی بلغم۔ بلغم صفرا۔ بادی صفرا ان سب قسموں سے سول آٹھ قسم کا ہوتا ہے۔

بادی کے سول کی پیدائش محنت سے گھوڑے وغیرہ کے دوڑانے سے زیادہ جماع کرنے سے بہت چلنے سے اور پانی وغیرہ کے زیادہ پینے سے۔ بتھر۔ موتھ۔ ارہر۔ کودون اور سوکھی چیز کے زیادہ کھانے سے بدہضمی میں کھانا کھانے سے چوٹ لگنے سے کیسیلی تیکھی۔ کڑوی چیز اور بھیگا ہوا اناج خلاف چیز سوکھے گوشت کے کھانے اور پاخانہ اور پیشاب اور شہوت اور ریح کے روکنے اور رفاقہ کرنے اور بہت ہنسنے سے اور پھر سینہ اور دونوں پسلی شکم اور اعضا میں اور شام اور بدلی اور سردی میں بہت درد پیدا کرے بار بار تھم جائے پھر ہونے لگے پاخانہ اور پیشاب رک جائے۔ سول اُٹھے درد بہت ہو۔

صفرا کے سول کی پیدائش اور علامت

کھاری اور مرچ وغیرہ بہت تیکھی اور گرم چیز اور تل کلتھی کھٹائی کے کھانے سے غصہ اور محنت اور جماع کے کرنے سے اور شراب کے پینے سے دھوپ میں بیٹھنے سے صفرا فاسد ہو کر سول کو ظاہر کرتا ہے تب پیاس۔ سوزش۔ ناف میں پسینا بیہوشی غصہ ہو اور دوپہر آدھی رات گرمی کی رُت یعنی جیٹھ اساڑھ اور کنوار کاتک میں زیادہ درد ہو تو جانو کہ صفرا کا درد ہے۔

بلغم کے سول کی پیدائش اور علامت

انوپ دیس کی مچھلی گوشت پیڑا وغیرہ دودھ کی چیزیں اور میدہ کی چیز کھانے اور گنے کے چوسنے اور میٹھے رس کے پینے سے بلغم فاسد ہو کر سول کو پیدا کرتا ہے۔ سینہ میں درد۔ قے آوے کھانسی اور درد ہو کھانے سے نفرت۔ درد شکم۔ درد سر۔ بدن بھاری کھانا کھانے کے وقت درد ہو اور پاخانہ نہ اُترے اور بسنت کی بہار میں صبح کے وقت بہت درد ہو تو جانو کہ بلغم کا سول ہے۔

سنپات کے سول کی علامتیں] جو علامتیں تیچھے کہی ہیں وہ سب ملیں تو سنپات کا سول جاننا چاہیئے۔

آؤن کے سول کی علامتیں] اپھارا اور پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہو سینہ کٹا جاوے قے آوے۔ بدن بھاری ہو جاوے۔ لعاب گرے بلغم کے سول کی سب علامتیں ملیں تو آؤن کی سول کہنا چاہیئے۔

باد بلغم کے سول کی علامتیں] پیڑو۔ سینہ۔ گلا۔ دونوں پسلیوں میں درد ہو اُس کو باد بلغم کا سول کہنا چاہیئے۔

بلغم صفرا کے سول کی علامتیں] کوکھ۔ سینہ اور ناف میں درد ہو تو بلغم صفرا کا سول کہنا چاہیئے۔

سول روگ کا فساد] درد۔ پیاس۔ بیہوشی۔ اپھار۔ بدن بھاری۔ نفرت۔ سانس اور ہکا غشی ہو تو سول کا فساد جاننا چاہیئے۔

سول کی ایک قسم پرنام سول ہے اس کی علامتیں

جتنی قسمیں سول کی ہیں اتنی ہی پرنام سول کی ہیں وہی اس کی پیدائش ہے اور اس میں اسقدر زیادتی ہے کہ جو فاسد باد ہے وہ بلغم صفرا سے مل کر سول کو پیدا کرتا ہے۔

اس کی علامتیں] کھانا ہضم ہونے کے بعد سول پیدا ہو اس کو پرنام سول کہتے ہیں۔

انگ درد سول کی علامتیں] کھانا کھایا ہوا کبھی ہضم ہو جائے اور کبھی ہضم نہ ہو۔

جرت پت سول کی علامتیں] جو کھانا کھانے کے وقت درد ہو اسکو جرت پت سول کہتے ہیں

علاج] سول روگ والے کو قے کراوے اور دواؤں سے پسینا نکلوا دے ہاضمہ کی چیزیں کھلاوے عمل کراوے سجی کھار وغیرہ کا چورن اور کریا دوس دینا چاہیئے اور گرم گرم کلتھی کا سینک کرانا چاہیئے اور ریت کو گرم کر پانی ڈال کر اسے بچھا کر کپڑے میں رکھ کر پوٹلی بنا کر سینک کرا دے یا کاڑا اسکی کلتھی تل۔ جو بیخ ارنڈ اسی بیخ ساٹھی تخم لہسن ان کو کانجی میں گرم کر کے جہاں درد ہو وہاں اسکی سینک کرا دے تو سول جاوے یا آلون کو پیس کر کانجی میں گرم کر کے تھوڑا سا تیل ڈالکر کپڑے کی پوٹلی سے سینک کرا دے تو جو سول درد ہو یا تیر پھل کو کانجی میں پیس کر

بات میں ملے تو سول جاوے یا زنجبیل۔ بیخ ارنڈ۔ ان کا کاڑھا دے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا زنجبیل
اور ہلیلہ کے کاڑھے میں ہینگ۔ نمک سیاہ ڈالکر پیے تو سول جاوے یا گڑ کو اوٹا کر اسمین جوا کھار
ڈال کر پیے تو سول جاوے یا کانسے روپے تانبے کے برتن میں پانی بھر کر اُسکے اوپر لیس برتن
کو پھیرے تو یہ بیماری جاوے یا اگر صفرا کا سول ہو تو جلاب سے دور ہو۔ یا گڑ اور پوست ہلیلہ
کو پیس کر گھی ملاکر کھاوے تو پت کا سول دور ہو۔

بلغم کے سول کا علاج] آمد کا چورن شہد میں چاٹے تو یہ بیماری دفع ہو یا نیم کی چھال کا
کاڑھا کرکے اسمین شراب ڈالکر پیے تو یہ بیماری جاوے یا جوا کھار۔ سیندھا نمک۔ نمک سیاہ سانبھر
نمک۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ چترک۔ زنجبیل۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ ان کو برابر لے کر باریک پیس کر
۲ درم گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ جاوے جو علاج بلغم کے سول کے ہیں وہی آنون کی
سول کے ہیں یا رائی اور ترپھلا شہد اور گھی سے کھاوے تو یہ بیماری جاوے یا دار ہلدی
بیخ چوکھ یعنی ستیا ناسی۔ کوٹ۔ بادیان۔ ہینگ۔ سیندھا نمک ان سبکو کانجی میں پیسکر لیپ
کرے تو یہ بیماری جاوے۔ یا بیخ بیل۔ بیخ ارنڈ۔ چترک۔ زنجبیل۔ بھنی ہینگ۔ سیندھا نمک
ان سبکو باریک پیسکر چورن کر ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو سول دور ہو یا بیگن کے ڈنٹھے
کے ٹکڑے کر کے دھوپ میں سکھا کر ان کو پیتل کے برتن میں رکھکر چولھے پر چڑھا کر آگ
لگا کر ترکیب سے کوئلہ کرے تو راکھ نہ ہونے پاوے پھر ان کوئلوں کو پیسکر اس میں دو ماشہ
زنجبیل کا چورن ملا کر پانی سے پیے تو لا علاج بھی سول کا عارضہ دور ہو اس کا نام کوشمانڈ
چھار ہے۔ یہ سب بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں۔ یا اجوائن۔ سیندھا نمک۔ بھنی ہوئی ہینگ
جوا کھار۔ نمک سیاہ۔ پوست ہلیلہ۔ ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر ڈھائی درم گرم پانی کے
ساتھ کھاوے تو باد کا سول جاوے۔ یا نمک سیاہ ایک درم۔ زیرہ ۳ درم۔ کالی مرچ ۴ درم
ان کو باریک پیسکر اول بیدکے رس میں سات پُٹ دے بعدہٗ بجورے کے رس میں سات
پُٹ دے پھر اُسکی ۵ ماشہ کی گولی باندھے ہر روز ایک گولی گرم پانی سے کھاوے تو باد
کا سول دور ہو یا زنجبیل پوست ہلیلہ۔ پیپل۔ نسوت۔ نمک سیاہ یہ سب برابر لے اور ان کو
پھر باریک پیسکر ½ درم گرم پانی سے کھائے تو سول۔ اپھار۔ بواسیر آنون بات ان سب

عارضون کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام پنچ سم چورن ہے یا زنجبیل کے کاڑھے مین ارنڈ کا تیل اور نمک سیاہ
بھنی ہوئی ہینگ کو ملا کر پیے تو یہ بیماری فوراً دور ہو یا سنکھ کا چورن۔ نمک سیاہ۔ بھنی ہوئی ہینگ۔
سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل یہ سب برابر لیکر اور پیسکر ۲ درم گرم پانی سے کھائے تو جلد سول جائے یا
سنگی ہرہ مصفا۔ چترک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ زیرہ سفید۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ یہ سب برابر لیکر
باریک پیسکر اسمین بھانگرے کی رس کی تین پٹ دیکر اس کی گولی چنے کے برابر باندھکر ایک
گولی گرم پانی سے کھائے تو سول جلد جائے یا سنکھ کی راکھ۔ بچ کنگیچ۔ بھنی ہوئی ہینگ۔
سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ پانچون نمک۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر گرم پانی کے ساتھ ۲ درم
کھائے تو یہ بیماری جلد جائے اس کا نام سول ناشک چورن ہے۔ یا چترک بھنی ہوئی ہینگ۔
پاڑہ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ پانچون نمک۔ زیرہ سفید۔ کشنیز۔ بالچھڑ۔ اجوائن۔ پیپلا مول۔ یہ
سب برابر لیکر اور باریک پیسکر جھیری کے رس کی پانچ پٹ دے پھر اسکی گولی باندھے
ایک گولی ہر روز گرم پانی سے کھائے تو سول۔ درد سینہ۔ پسلی کا درد۔ نفرت۔ اسی طرح کا باد
آنتون کا درد۔ ان سب کو یہ گولی جلد دور کرتی ہے۔ اسکا نام چترکادی گٹکا ہے۔ یا پوست بلیلہ۔
زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ چیلا۔ گندھک مصفا۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ سیندھا نمک۔ یہ سب
برابر لیکر باریک پیسکر چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز گرم پانی سے کھائے تو یہ
بیماری سنگرہنی یعنی اسہال کبدی اتیسار یعنی اسہال ضعف معدہ۔ اجیرن ان سبکو دور کرتا
ہے اور اسکا نام سول ناشک گٹکا ہے۔ یا کوٹ ۲ درم۔ زنجبیل ۲ درم۔ نمک سیاہ ½ درم بھنی
ہوئی ہینگ ½ درم انکو باریک پیسکر سہجنہ کی جڑ کے رس مین یا لہسن کے رس مین گولی باندھے
ایک گولی ہر روز کھائے تو سول فوراً دور ہو اسکا نام کوٹادی گٹکا ہے۔ یا ترپھلا۔ سار ملیٹھی مہوا
ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر ½ درم شہد یا گھی کے ساتھ چاٹے تو تینون خلطون کا سول دور
ہو یا صاف کیا ہوا پارہ دس درم۔ سنگی ہرہ مصفا ۱۰ درم۔ کالی مرچ ۱۰ درم۔ پیپل ۲۰ درم۔
بھنی ہینگ ۱۰ درم۔ زنجبیل ۲۰ درم۔ پانچون نمک ۱۰ تولہ۔ املی کا کھار ۱۶ تولہ جھیری کا رس
اور سنکھ کو سات مرتبہ جلا دے پھر اس سنکھ کا چورن ۱۶ تولہ پھر لیکر سبکو اکٹھا کرکے لیمو کے
رس مین پانچ روز کھرل کرے پھر اسکو ½ درم گرم پانی سے کھائے تو سول جلد دور ہو

اس کا نام سول دانا نل ہے یا سیر اکسیں پاؤ بھر لاہوری پھٹکری پاؤ بھر سیندھا نمک پاؤ بھر
قلمی شورہ ۲ آثار انکو باریک پیسکر ٹیکلی جنتر مین انکو چواکر اور چینی کے برتن مین رکھکر مین نکالے
پھر ہر روز ایکماشہ بھر لے اور کھانے کے وقت زبان مین گھی لگالے اور دانت لگنے نہ پاوے
تو یہ بیماری یعنی شکم کے عارضے۔ بواسیر اور اجیرن یعنی بدہضمی باد کے عارضے ان سبکو یہ دور کرتا
ہے اسکا نام شنکھ دراؤ ہے یا صاف کی ہوئی گندھک سے آدھا صاف کیا ہوا پارہ ان
دونون کو برابر صاف کیا ہوا بیدی لکڑی تانبے کا پتر ان تینون کو کھرل مین ڈالکر پیسے پھر ایکدن
پیچھے اسکا گولا بناکر ہنڈیا مین نمک بھر کر اسکے بیچ مین اس گولے کو رکھکر پکا دے اور تین پہر تک
آنچ دے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو ایک رتی ناگر بیل کے پتے سے کھاوے تو یہ بیماری
بہت جلد دور ہو اس کا نام سول گج کیسری رس ہے یا زیرہ سفید۔ سونٹھ بھنی ہوئی ہینگ
کالی مرچ خراسانی۔ نمک یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم گرم پانی سے کھائے تو یہ
بیماری دور ہو یا ترپھلا ۲ تولہ۔ صاف کی ہوئی گندھک ۵ درم۔ سار ۲ درم ان کو باریک
پیسکر ۲ درم شہد اور ۲ درم گھی کے ساتھ تین مہینے تک استعمال رکھے تو سب طرح کے
درد باد کے فساد پھوڑا یہ سب دور ہون اسکا نام گندھک رسائن ہے۔ یا قند سیاہ ایکدرم
آملہ ایک درم۔ پوست ہلیلہ ایک درم۔ منڈور ایک درم ان سبکو باریک پیسکر ۲ درم شہد اور
گھی سے کھاوے تو شول انچ وردھیت پت انل پت پر نام شول ان سبکو دور کرتا ہے اسکا نام
گوڑادی منڈور ہے۔ یا باسے برنگ۔ چترک۔ چب۔ ترپھلا۔ زنجبیل۔ کالی مرچ پیپل یہ سب برابر
لیکر اور ان سب کے برابر منڈور لیکر اور منڈور ہی کے برابر قند سیاہ لے اور سب سے دس حصہ
زیادہ گائے کا پیشاب لے پھر انکو کڑاہی مین بھر نرم آنچ سے پکا دے پھر انکا ایک پنڈا
بنا کر چکنے برتن مین رکھے پھر ۲ درم غذا کھانے سے پہلے کھائے تو سول شکت سول کا ملا
روگ یعنی یرقان پانڈو روگ۔ سوجن۔ ضعف معدہ۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ کیڑونکی بیماری۔ گولا شکم
کے عارضے انل پت ان سبکو دور کرتا ہے اسکا نام تارامنڈور ہے۔ یا پوست ہلیلہ۔ سہاگا اور
زنجبیل بھنی ہوئی ہینگ۔ کالی مرچ۔ چترک۔ صاف کی ہوئی گندھک۔ سیندھا نمک
یہ سب برابر لے اور ان سب کے برابر کچلہ لیکر سب کو باریک پیسکر اور ملاکر ایک ماشہ پانی سے

کھائے تو یہ بیماری۔ اپھار۔ قبض۔ گولہ۔ کھانسی۔ بلغم کے چار رطبے۔ بدہضمی ضعف معدہ یہ ان سب
کو دور کرتا ہے۔ اسکا نام سول گج کیسری گٹکا ہے یا سونٹھ گنگچی۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ بھنا ہوا سہاگہ
زنجبیل یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم گرم پانی سے کھائے تو بڑا سول دور ہو یہ علاج بید ریتا
مین لکھے ہین یا نسوت۔ بائے برنگ۔ سہجنہ کی چھلی۔ کیلہ۔ پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لیکر باریک
پیسکر گھوڑے کے پیشاب مین پکاوے پھر ۲ درم شراب کے ساتھ کھاوے تو بار کا سول دور
ہو یہ چکردت مین لکھا ہے۔ یا بھنی ہینگ۔ امل بید۔ پیپل۔ کالا نمک۔ اجوائن۔ جواکھار
پوست ہلیلہ۔ سیندھا نمک سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم شراب کے ساتھ کھاوے تو
بادسے پیدا ہوئی سب بیماریان دور ہون یا کالا نمک۔ امل بید۔ زیرہ سفید یہ سب ایک سے
ایک دوگنا لیکر اور باریک پیسکر بجورے کے رس مین گولی باندھے پھر ایک گولی گرم پانی سے
کھاوے تو سول دور ہو۔ اسکا نام سو بہ چلاؤ گٹکا ہے۔ یا بیخ بجورہ ۲ درم باریک پیسکر گھی سے چٹے
تو باد سے پیدا ہوا یہ مرض دور ہو اسکا نام بیج پورا دو جوگ ہے سرب سنگرہ مین لکھا ہے یا بھنی ہوئی
ہینگ۔ امل بید۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل کلان۔ اجوائن۔ کالا نمک۔ سیندھا نمک۔ یہ سب
برابر لیکر اور باریک پیسکر بجورے کے رس مین گولی باندھے۔ پھر ایک گولی گرم پانی سے کھائے
تو یہ مرض دور ہو اسکا نام ہنگوادر گٹکا ہے۔ یا زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل کلان نمک سیاہ ان کو برابر
لیکر باریک پیسکر بجورے کے رس مین تین پٹ دیکر سکھائے پھر ۲ درم شہد کے ساتھ چاٹے
تو تینون خلطون کا سول جاوے۔ یا سنکھ کی راکھ۔ کالا نمک۔ بھنی ہوئی ہینگ اور زنجبیل
کالی مرچ۔ پیپل کلان یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر ۲ درم گرم پانی سے کھائے تو یہ
بیماری دفع ہو یا زرد چوب یعنی ہلدی۔ پوست سہجنہ۔ سیندھا نمک۔ بیخ ارنڈ بھینسا گوگل
سرسون۔ میتھی کے دانہ۔ سونف۔ اسگندھ۔ ہو ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر کانجی کے پانی
مین روٹی پکاکر پیٹ کے اوپر اسکا سینک کرے تو درد شکم دور ہو یا کوڑی کی راکھ صاف کیا ہوا
سنگی مہرہ۔ سیندھا نمک۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر برگ تنبول
کے رس مین ایک رتی بھر کی گولی باندھے۔ پھر ایک گولی ہر روز کھاوے تو سول جاوے اسکا
نام سول گج کیسری رس ہے یا مصفا پارہ۔ صاف کی ہوئی گندھک۔ ابرک۔ تانبے کی راکھ

املی بید صاف کیا ہوا سنگی مہرہ - یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر ادرک کے رس میں تین رتی کی
گولی باندھے - ایک گولی پانی سے کھاوے تو بادکا سول جاوے اسکا نام اگن کھو رس ہے بارہ
سنگھہ کو اکیس مرتبہ گرم کرکے لیموں کے رس میں بجھاوے پھر اسکو خوب پیسے پھر اس میں املی کا کھار
۲ تولہ اور سنچر نون ایک درم - سیندھا نون ایکدرم - زنجبیل ۴ ماشہ - فلفل سیاہ ۴ ماشہ - پیپل ۲ ماشہ - بھنی
ہوئی ہینگ ایک درم - صاف کیا ہوا سنگی مہرہ پانچدرم - صاف کی ہوئی گندھک ایک درم -
پارہ ایک درم - ان سبکو باریک پیسکر پارہ اور گندھک کو حل کرے اس میں یہ دوا ملاکر چھوٹے
بیر کے برابر گولی باندھے ایک گولی لونگ کے کاڑھے کے ساتھ کھاوے تو یہ بیماری فوراً دفع
ہو اور اس کا نام سنکھ نبھی رس ہے یا سیپ کی راکھ ۲ درم گرم پانی کے ساتھ پیے تو کھانے کے
بعد اگر درد ہوتا ہو تو بند ہو یا صاف کیا ہوا پارہ ۲ تولہ - صاف کی ہوئی گندھک ایک درم -
صاف کیا ہوا سنگی مہرہ ایک درم - فلفل سیاہ ایکدرم - پیپل کلان ایکدرم - کاکڑا سینگی ایکدرم -
بھنی ہوئی ہینگ دو درم - پانچوں نمک ۸ درم - املی کا کھار ۸ درم - جمبیری کے رس میں بجھائی
ہوئی سنکھ کی راکھ ۸ درم - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے پھر اس میں یہ دوا ملاکر لیموں کے
رس میں حل کرکے ایکدرم کی گولی باندھے ایک گولی پانی سے ہر روز کھائے تو یہ بیماری اجیرن
عارضہ شکم - بدہضمی - ان سبکو دور کرے اسکا نام سول واوانل رس ہے یہ سرب سنگرہ میں لکھا ہے
پسلی کے درد کا علاج] سنگی مہرہ - ہرتال - ہینگ - رائی - نوسادر - مینسل - لہسن - خراسانی بچ -
ایلوا - انکو برابر لیکر باریک پیسکر گرم پانی سے نیم گرم لیپ کرے تو پسلی کا درد دور ہو -

باب گیارھواں

اوداورت روگ کے بیان میں

اوداورت کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

جو شخص تیرہ زوروں کو اختیار کرے اسکے اوداورت کی بیماری پیدا ہوتی ہے وہ تیرہ زور یہ
ہیں - ریح ۱ - پاخانہ ۲ - پیشاب ۳ - جمائی ۴ - آنسو ۵ - چھینک ۶ - ڈکار ۷ - قے ۸ - شہوت ۹ - پیاس ۱۰ - بھوک ۱۱ - دم ۱۲
نیند ۱۳ - ان تیرہ زوروں کو جو آدمی روکتا ہے اسکے اوداورت کی بیماری پیدا ہوتی ہے -

ترتیب سے ریح وغیرہ تیرہ زوروں کے روکنے کی علامتین

ریح کے روکنے سے جو عارضے پیدا ہوں وہ لکھتے ہیں جو شخص ریح کو روکتا ہے اُسکے پاخانہ اور پیشاب کے
روکنے کے عارضے اپھارپیٹ مین زیادہ باد کے عارضے یہ علامتین ہوں تو ریح روکنے کا اوداورت جانو

پاخانے کے روکنے کے اوداورت کی علامتین] پیٹ مین گڑگڑاہٹ کی آواز ہو اور
پیڈو مین درد ہو۔ پاخانہ نہ اترے ڈکار بہت آوے۔ پاخانہ مُنھ مین نکل آوے یہ علامتین
ہون تو پاخانہ کے روکنے کا اوداورت جانو۔

پیشاب کے روکنے کے اوداورت کی علامتین] پیڑو اور آلت مین درد ہو پیشاب
تکلیف سے اُترے سر مین درد ہو۔ بسبب درد کے بدن سیدھا نہ ہو۔ پیڑو مین اپھار ہو تو
پیشاب روکنے کا اوداورت جانو۔

جمھائی روکنے کے اوداورت کی علامتین] جس مین گلا کندھا رک جاوے۔ سر
مین کوئی فساد ہو۔ جمھائی بہت آوین۔ باد کے فساد ہون۔ آنکھین۔ ناک۔ کان۔ ان مین
بہت درد ہو۔ یہ علامتین ہون تو جمھائی کے روکنے کا اوداورت جانو۔

آنسو روکنے کے اوداورت کی علامتین] خوشی یا رنج کے آنسوؤن کو روکے تو
اُسکی پیشانی بھاری رہے۔ آنکھون کے عارضے ہون خناق ہو۔

چھینک روکنے کے اوداورت کی علامتین] کندھا نہ مڑے　پیشانی مین درد ہو
آدھا سیسی ہو سب حواس سُست ہو جاوین۔

ڈکار روکنے کے اوداورت کی علامتین] گلا اور مُنھ کھانے سے بھرا ہوا نظر آوے
اور غفلت زیادہ ہو اور بدن مین درد اور ہوا کے بہت فساد ہون تو ریح صادر نہ ہو۔

قے کے روکنے کے اوداورت کی علامتین] بدن مین کھجلی ہو اور چکتے پڑ جاوین کسی
چیز کی رغبت نہ رہے۔ مُنھ پر جھائین پڑ جاوین۔ سوجن۔ پیلا رنگ۔ بخار۔ جذام ہو۔
سینے مین درد ہو اور بسرپ روگ ہو۔

منی کے روکنے کے اوداورت کی علامتین] پیڑو اور مقعد۔ فوطے۔ آلت مین
درد ہو اور سوجن ہو۔ پیشاب رک جاوے منی اور خون آلت مین سے گرنے لگے

تھری کا آزار ہو۔ آنکھوں مین فساد ہو۔
بھوک روکنے کے اودا ورت کی علامتین] غنودگی۔ اعضاشکنی۔ نفرت ہو۔ بغیر محنت کے تکان معلوم ہو بدن دبلا اور کمزور ہوا ور نظر سست پڑجاوے۔
پیاس روکنے کے اوداورت کی علامتین] گلا اور منھ سوکھے کم سنے سینے مین درد ہو۔
دم روکنے کے اوداورت کی علامتین] دوڑنے مین دم ہو آوے اُسکو روکنے سے یہ علامتین ہون اُسکے سینے مین درد اور زیادہ غفلت ہو۔ پیٹ مین گولے کا عارضہ ہو۔
نیند روکنے کے اوداورت کی علامتین] جمھائی بہت آوے۔ اعضاشکنی ہو آنکھین اور پیشانی بھاری رہے غنودگی ہو۔
اوداورت کی پیدائش] معدہ مین جو ہوا رہتی ہے وہ کسیلی۔ روکھی۔ تلخ۔ خوراک سے فاسد ہوکر اوداورت کے عارضے پیدا کرتی ہے۔
اوداورت کی عموماً علامت] جہان ہوا او نچے جاکر گھومے اُسکو اوداورت کہتے ہین۔
اوداورت کی زیادہ علامتین] بلغم اور چربی کو لے چلنے والی جو نسین ہین مو یح اور پاخانہ اور پیشاب کو اونچا لے جاکر اُسکو پاخانہ سکھا دیتی ہین اور سینہ اور پیٹرو مین درد پیدا کرتی ہین تب بدن بھاری رہتا ہے اور نفرت ہوتی ہے۔ ریح اور پاخانہ اور پیشاب بہت مشکل سے اُترتا ہے اور درد۔ کھانسی۔ خناق۔ سوزش۔ غفلت۔ پیاس۔ بخار۔ قے۔ ہچکی۔ دردسر۔ ہول دل ہو۔ کم سُنے اور باد کے بہت سے عارضے ہوجاوین اور پیاس سے تکلیف پاکر آدمی کمزور ہوجاے بہت درد ہو۔ پاخانہ کی قے کرے۔ ایسا اوداورت والا مرجاوے۔

ترتیب سے اوداورت کا علاج

ریاح کے روکنے سے پیدا ہوا جو اوداورت ہو اُسکو تیل پلاوے تو دفع ہو یا ان دواؤن سے پسینہ نکلواوے یا قے کراوے تو اوداورت دور ہو۔
پاخانہ روکنے کے اوداورت کا علاج] اُنکو جلاب دے اور سول کی دور کرنیوالی دوا دے اور ایسے ہی خوراک دے تیل کی مالش کرادے یا عمل کراوے۔
پیشاب روکنے کے اوداورت کا علاج] جلکھار ۱ درم خراسانی بیج ۱ درم کھو

پانی مین باریک پیسکر پلاوے تو یہ اوداورت جاوے یا کیتھلی۔ بیخ ارجن کا کاڑھا پیے تو پیشاب روکنے کا اوداورت دور ہو یا تخم تیورسی پانی مین پیسکر سیندھا نمک ڈال کر پیے تو پیشاب روکنے کا اوداورت دور ہو یا مصری۔ اوکھ کا رس۔ دودھ۔ داکھ۔ انکا شربت پیے تو پیشاب روکنے کا اوداورت۔ موترکرچھر۔ پتھری کا عارضہ یہ سب جاوین۔

جمھائی کے روکنے کے اوداورت کا علاج] تیل کے پینے یا مالش کرنے یا پسینا لینے سے یہ عارضہ اور بھی بادکے عارضے جاوین۔

آنسوؤن کے روکنے کے اوداورت کا علاج] بہت بلند آواز سے روکر آنسو ڈالے تو یہ عارضہ دور ہو یا آرام سے اچھی طرح سووے تو یہ عارضہ دور ہو یا دلچسپ قصہ سنے تو یہ عارضہ جاوے۔

چھینک کے روکنے کے اوداورت کا علاج] کالی مرچ۔ رائی۔ نک چھکنی وغیرہ کی ناس دے یا سورج کو دیکھ کر چھینک لے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا تیل کی مالش کراوے یا پسینا نکلواوے تو یہ بیماری دور ہو۔

ڈکار روکنے کے اوداورت کا علاج] تیل کی مالش اور پسینا نکلوانے سے یہ عارضہ دور ہو۔

قے روکنے کے اوداورت کا علاج] اس مریض کو قے اور فاقہ کراوے اور جلاب دے یا تیل کی مالش کراوے یا عمل کراوے یا ناس ہونگھاوے تو یہ عارضہ دور ہو۔

منی کے روکنے کے اوداورت کا علاج] نہایت خوبصورت نوجوان سولہ برس کی عورت سے جماع کرے تو یہ عارضہ دفع ہو یا تیل کی مالش کرے یا شراب پلاوے یا مرغی کا گوشت کھلاوے یا سانٹھی کے چاول کھلاوے یا عمل کراوے تو یہ بیماری دور ہو۔

بھوک روکنے کے اوداورت کا علاج] مرغن۔ گرم۔ ہلکی لذیذ فائدہ بخش غذا کھانے اور خوشبودار پھولون کا ہار پہناوے تو یہ عارضہ دور ہو۔

پیاس کے روکنے کے اوداورت کا علاج] ٹھنڈی جگہ لیجاوے یا پانی کی چادر فوارہ وغیرہ دکھلاوے اور ٹھنڈے پانی مین جسم سینی کا نور ڈالکر آہستہ آہستہ اس کو

پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔
محنت کے دم روکنے کے اودادورت کا علاج] آرام کرا کے اس تکان کو دور
کردے یا یخنی کے ساتھ چاول کھلاوے تو یہ عارضہ دور ہو۔
نیند کے روکنے کے اودادورت کا علاج] گرم دودھ مین مصری ڈالکر گرم گرم
پیے یا آرام سے سووے یا دلچسپ قصّہ سُنے تو یہ عارضہ جاوے۔
روکھی چیز وغیرہ کے کھانے سے پیدا ہوئے اودادورت کا علاج] ہینگ
شہد۔ سیندھا نمک۔ انکو باریک پیسکر بتی کرکے گھی سے چپڑے جبتک اچھا معلوم ہو مقعد
مین رکھے تو یہ اودادورت جاوے اسکا نام ہنگوادی پھل ورتی ہے۔ یا مین پھل پیپل۔ کوٹ
خراسانی بچ۔ سرسون۔ قند سیاہ۔ ان کو دودھ مین باریک پیسکر ان کی بتی کرکے گرم گرم
مقعد مین رکھے تو اودادورت جاوے اسکا نام مدن پھلادی پھل ورتی ہے یا شکر ۱۰ درم
نسوت ۱۰ درم۔ پیپل ۵ درم۔ ان کو پیسکر کھانے کے پہلے ۲ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو
اگر گاڑھا دیر یا پاخانہ اُترتا ہو وہ بند ہو جاوے اور اودادورت دور ہو۔ اسکا نام نارائن چورن
ہے یا زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ پیپلامول۔ نسوت۔ دانتونی۔ چترک۔ ان سبکو برابر لیکر باریک
پیسکر ایکدرم قند سیاہ کے ساتھ صبح ہوتے ہی پانی سے کھاوے تو اودادورت۔ پھیا۔ گولا۔
سوجن۔ پیلیا یہ دور ہوں۔ اسکا نام گڑاشٹک ہے۔ یا سوکھی مولی۔ بیخ ساٹھی۔ پیپل خرد
پیپلامول۔ چب۔ چترک۔ زنجبیل۔ دسمول۔ مغز املتاس۔ ان سبکو گھی مین پکاکر پھر اس
گھی کو کھاوے تو سب طرح کا اودادورت دور ہو اسکا نام شٹک مول کا دھرت ہے
یہ سب بھاؤپرکاش مین لکھے ہیں یا صاف کیا ہوا جمال گوٹہ۔ پارہ مصفا۔ صاف کی ہوئی
گندھک۔ بھنا ہوا سہاگہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل کلان۔ یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک
کو حل کرے پھر یہ سب چیزین ملاکر چار رتی یا ایک ماشہ مصری کے ساتھ کھاوے تو اودادورت
اپھارہ۔ عارضہ شکم۔ گولا۔ ان سبکو دور کرتا ہے اس کا نام ناراچ رس ہے یہ بیدرسائن مین لکھا
ہے یا نسوت برگ تھوہڑ۔ تل وغیرہ گرم چیزون کے کھانے سے اودادورت جاتا ہے یا
نسوت۔ دانتونی۔ بچ۔ تھوہڑ۔ سنکھاہولی۔ املتاس۔ سکیلہ۔ بیخ گنگچ۔ چوکھ۔ انکو برابر کوٹ

کرسکے ایکدرم کا کاڑھا کرے اُس مین ۲۰ درم تیل ڈالکر ہر روز سات دن تک پیے تو ادوادرت شکم کے عارضے۔ اپھار۔ زہر کے پیدا ہوے عارضے۔ گولا۔ ان کو یہ دور کرتا ہے۔

آناہ کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

پیٹ مین آنون کے یا پاخانہ کے بڑھنے سے یا ریح رو کنے سے یا بدن مین خراب ہوا کے بڑھنے سے آدمیون کے پیٹ مین آناہ یعنی اپھار کا عارضہ ہوتا ہے اس مین پیاس ہچکیں سر کے سبب فساد درد شکم ہو بدن بھاری رہے۔ پیٹ مین درد ہو۔ ڈکار نہ آوے یہ علامتین ہون تو آنون کا اپھار کہنا چاہیئے۔

پاخانہ بڑھنے کے اپھار کی علامتین] بدن جکڑ بند ہو پاخانہ کے وقت کمر اور پیٹھ مین درد ہو۔ بیہوشی ہو۔ پاخانہ کی قے کرے۔ وسوا اور ہیضہ ہو اور پیچھے کہی ہوئی علامتین بھی ہون تو پاخانہ کے بڑھنے کا اپھار جانو۔

اپھار کا علاج] جو ادوادرت کا علاج پیچھے لکھا ہے وہی اپھار کا بھی جاننا مگر کچھ زیادہ ہے وہ لکھتے ہین نسوت ۲ حصہ۔ پیپل ۴ حصہ۔ پوست بلیلہ کلان ۵ حصہ ان کو باریک پیسکر ان کے برابر قند سیاہ ملاکر بقدر ایک درم گولی بناکر ایک گولی ہر روز پندرہ دن تک پانی سے کھاوے تو اپھار کا عارضہ دور ہو یا زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل کلان۔ سیندھا نمک۔ سرسون۔ دھواں کوٹ۔ پیٹر حنظل۔ یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر قند سیاہ مین ملاکر پکاوے پھر اُسکی انگوٹھے کے برابر موٹی بتی بناکر اور اس مین گھی ملاکر مقعد مین رکھے تو اپھار۔ ادوادرت۔ شکم کے عارضے پیڑو کی بیماریان۔ گولا دور ہون یہ سب علاج نبھاؤ پرکاش مین تحریر ہین۔

گلم یعنی پیٹ مین گولا پیدا ہو اُس کی علامت اور علاج

خوراک اور آسایش کے تغیر تبدل اور بدپرہیزی سے ہوا صفرا بلغم فاسد ہوکر مرد یا عورت کے پیٹ سے پیڑو تک گولے کے مانند ایک گانٹھ کو پیدا کرتے ہین۔ وہ گولا ہوا۔ صفرا۔ بلغم سنپات اور خون سے پانچ قسم کا ہے۔ پیٹ مین جہان جہان گولا ہوتا ہے وہ جگہ لکھتے ہین۔ دونون پسلیون مین۔ سینہ مین۔ ناف مین۔ پیڑو مین۔

گولے کی عموماً علامتین] سینہ اور پیڑو کے بیچ میں گانٹھ ہوا اور پھیر سے پانی پھرے

گول ہوا اور بڑھتی جاوے اُسکو گلم کہتے ہین۔ اس عارضہ مین نفرت ہو پاخانہ اور پیشاب دو ہرا اُترے ہوا بڑھے اور آنت بولے۔ اپھارہ ہو اونچی جاوے جس مین یہ علامتین ہون اُس کو گلم کا روگ کہتے ہین۔

بائے گولے کی پیدایش اور علامت) روکھی غذا کے کھانے اور ناہموار جگہ پر بیٹھنے اور پیشاب روکنے اور فکر کرنے اور چوٹ لگنے اور دل کے فکر مند ہونے اور فاقہ کرنے اور خلاف حرکت اور طاقت ور کے ساتھ لڑائی لڑنے سے گولا پیدا ہوتا ہے۔

علامتین) جو گولے کی جگہ مین درد گھٹے بڑھے اور ریح بخوبی تمام صادر نہ ہو اور پاخانہ اچھی طرح نہ اُترے اور مُنھ اور گلا سوکھے اور بدن کی رنگت سیاہ ہو جائے۔ سردی کا بخار ہو سینہ کوکھ پسلی سر۔ ان سب مین درد ہو اور کھانا ہضم ہونے کے بعد سینہ مین زیادہ درد ہو اور کھانا کھانے کے بعد تھوڑا ہی ہو اور روکھی کسیلی کڑوی رس سے زیادہ درد ہو۔ جو یہ علامتین ہون اُسکو باد کا گلم کہنا چاہیئے۔

صفرا کے گولے کی پیدایش) تلخ تیکھا۔ ترش۔ گرم وغیرہ رسون کے استعمال سے اور غصہ کرنے اور شراب پینے سے اور آگ اور دھوپ مین بیٹھنے سے اور آنون کے بڑھنے سے چوٹ کے لگنے اور خون بگڑنے سے صفرا فاسد ہوتا ہے۔

صفرا کے گولے کی علامتین) بخار اور پیاس ہو اور بدن مین درد اور سول اور سوزش ہو اور بدن پھٹ جائے اور گولے مین ہاتھ لگانے سے زیادہ درد ہو اور کھانا ہضم ہونیکے وقت بہت پسینا آوے یہ علامتین ہون تو صفرا کا گولا جانو۔

بلغم کے گولے کی پیدایش) ٹھنڈی۔ بھاری۔ مرغن چیزون کے کھانے سے اور بیٹھے رہنے اور دن مین سونے سے بلغم کا گولا پیدا ہوتا ہے اور یہ سب علامتین ملین تو سنیپات یعنی تینون خلطون کے بگڑنے کا گولا جانو۔

بلغم کے گولے کی علامتین) جس مین سردی سے بخار اور بدن مین درد ہو تلخ اور ترش اور قے کریے کھانے سے نفرت ہو تو بلغم کا گولا جانو۔

عورت کے حیض کے خون سے پیدا ہونے والے گولے کی علامتین) یہ خون کا گولا عورت

کا کچا حمل گرتا ہے خلاف خوراک سے پہلے حمل کے حیض کے وقت یا وقت کے بغیر بھی اس عورت کی باد خون کو پکڑ کر گولے کو پیدا کرتی ہے اس گولے مین زیادہ درد اور جلن ہو اور صفرا کے گولے کی سب علامتین ملین اور وہ وجہ بغیر ہی سب پیٹ مین پھرے اور درد ہو اور گولے مین حمل کی سب علامتین ملین اسکو خون سے پیدا ہوا گولا جانو مگر اس عورت کا دسوان مہینا گذر چکے تب بید اس گولے کا علاج کرے۔

گولے کی لاعلاج علامتین] جس شخص کا گولا پھرے یا نہ پھرے اور درد بہت ہو اور بدن مین سوزش ہو پتھری کے مانند گانٹھ اونچی ہو وہ گانٹھ دل کو بگاڑ کر اور بدن کو کمزور کر کے ہاضمے کی طاقت کو زائل کر دے اس گولے کو تینون خلطون کے فساد کا جانو اور یہ لاعلاج ہے۔

دیگر گولے کی اور لاعلاج علامتین] گولا ترتیب سے بڑھے درد ہو۔ کچھوے کے مانند سخت ہو بدن کمزور ہو جاوے کھانے سے رغبت جاتی رہے۔ کڑوی ترش قے کرے۔ پیاس۔ بخار۔ غنودگی۔ ہچکی۔ اسہال ہو اور سینہ۔ ناف اور ہاتھ پیرون مین سوجن ہو۔ ایسے مریض کو لاعلاج جانو۔

گولے کا علاج] گرم دودھ مین ارنڈ کا تیل اور ہلیلہ کا چورن ڈالکر ہمیشہ پیے تو جلاب لگ کر گولا دور ہو یا تیل کی مالش سے گولا جاوے یا سجی۔ کوٹ۔ جواکھار۔ کیوڑے کا کھار پیسکر چھانکر ان مین ارنڈ کا تیل ملاکر پیے تو باد کا گولا دور ہو۔

صفرا کے گولے کا علاج] نسوت کو پیسکر استعمال کرے یا ترپھلے کو پیسکر استعمال کرے یا پیپلے کو مصری کے ساتھ یا شہد کے ساتھ دے تو یہ بیماری دور ہو۔

باد اور بلغم کے گولے کا علاج] بھنی ہوئی ہینگ۔ پیپلامول۔ کشنیز۔ زیرہ سفید۔ خراسانی بچ۔ چیب۔ چترک۔ پارہ۔ کچور۔ امل بید۔ نمک سیاہ۔ سانبھر نمک۔ سیندھا نمک۔ جواکھار۔ سجی۔ انار دانہ پوست ہلیلہ۔ پہکر مول۔ ڈانسرہ۔ بیخ جھاؤ۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر اس مین ادرک کے رس کی سات پٹ دے پھر بجورے کے رس کی سات پٹ دے پھر ۲ درم روز کھاوے تو گولا اپھارہ بواسیر ادہرا ورات اور شکم کے عارضے ان سبکو دور کرتا ہے۔ اسکا

نام ہینگوادچورن ہے یا سجی ۴ ماشہ ۔ قند سیاہ ۴ ماشہ ان کو ملاکر ہر روز کھائے تو گولا دور ہو یا ملی
کاکھار ۔ تھوہر کا کھار ۔ آندھی جھاڑے کا کھار ۔ املی کا کھار ۔ آک کا کھار ۔ تل کا کھار ۔ جوا کھار ۔
سجی ۔ ان کو باریک پیسکر ۱/۲ درم یا ۲۰ درم کے قریب نیم گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو گولا اور
سول کے عارضون کو دور کرتا ہے اسکا نام چھار اشٹک ہے یا ساتھ نمک ۔ پچ نون ۔ جو کھار
سیاہ نمک ۔ سہاگہ سجی ۔ یہ سب برابر لیکر انکو باریک پیسکر تھوہر کے دودھ مین ایک روز
بھگو رکھے پھر دھوپ مین سکھاکر تین دن آک کے دودھ مین بھگووے اور دھوپ مین
سکھاوے پھر آک کے پتون مین لپیٹ کر مٹی کے برتن مین رکھکر گجپٹ مین پکالے ۔ پھر
زنجبیل ۔ کالی مرچ ۔ پیپل کلان ۔ ترپھلا ۔ اجوائن ۔ زیرہ سفید ۔ چترک انکو ان کھارون کے
برابر لیکر باریک پیسکر ان مین ملاکر ان کو ۲۰ درم گرم پانی سے کھائے تو گولا ۔ اجیرن ۔ سوجن
پیٹ کے سب عارضے ضعف معدہ ۔ اودادرت ۔ پھیا ان سبکو دور کرتا ہے ۔ اس کا نام
بجر چھار چورن ہے ۔ یا گوار کے پٹھے کا گودا لیکر اس مین زنجبیل ۔ فلفل سیاہ ۔ پیپل کلان ۔
سیندھا نمک ان کو باریک پیسکر ملاکر بقدر ۲۰ درم گھی کے ساتھ ہر روز کھاوے تو گولا
اور پھیا سب دور ہون ۔ یا گوار کے پٹھے کے ایک من گودے مین چار تولے قند سیاہ
ڈالے اور زنجبیل ۵ تولہ ۔ فلفل ۵ تولہ ۔ پیپل خورد ۵ تولہ ۔ تج ۵ تولہ ۔ تیرج ۵ تولہ ۔ چیب
۵ تولہ ۔ الائچی ۴۰ تولہ ۔ پچور ۴۰ تولہ ۔ ترپھلا ۲۰ تولہ ۔ چترک ۴۰ تولہ ۔ ناگ کیسر ۴۰ تولہ ۔ بیخ بھاؤ
۴ تولہ ۔ جھبو ۴۰ تولہ ۔ زیرہ سفید ۴۰ تولہ ۔ دیودار ۴۰ تولہ ۔ بیر کا چھلکا ۴۰ تولہ ۔ اسگند ۴۰ تولہ
راسنا ۴۰ تولہ ۔ بدھارا ۴۰ تولہ ۔ اندرجو ۴۰ تولہ ۔ انکو باریک پیسکر گوار کے پٹھے کے رس مین
ڈالے پھر ان کو خوب ملاکر چکنے برتن مین بھرکر اکیس دن زمین مین گاڑے پھر نکالکر ۴ تولہ
بھر کھاوے تو گولہ ۔ اودادرت ۔ پیٹ کے فساد ۔ ہیضہ ۔ گردھرسی ۔ دمہ ۔ کھانسی ۔ پیلیا ۔
بادی کے سب فساد ون کو دور کرتا ہے ۔ اسکا نام گوار کے پٹھے کا آسب ہے اور یہ بھاؤ پرکاش
مین لکھا ہے ۔ یا شورہ ۱/۲ درم ۔ ادرک ۱/۲ درم ۔ ان کو ہر روز کھاوے تو گولا جاوے یا سیپ
کی راکھ ایک درم ۔ قند سیاہ چار ماشہ ہر روز کھاوے تو گولا دور ہو اسکا نام سیپ پریوگ
ہے ۔ یا السی ۲ تولہ دودھ مین بھگو کرکے ہر روز کھاوے تو گولا جاوے یا بیخ ارنڈ ۔ چترک ۔

زنجبیل۔ پیپلا مول۔ باسے برنگ۔ سیندھا نمک۔ بھنی ہینگ۔ ان کا کاڑھا دے تو گولا اپھار
اور سول دور ہو یا اجوائن ۱۲ ماشہ۔ زیرہ سفید ۵ درم۔ کشنیز ۵ درم۔ فلفل سیاہ ۵ درم۔
کرٹا کی چھال ۵ درم۔ اجمود ۵ درم۔ زیرہ سیاہ ۵ درم۔ بھنی ہینگ ۲ درم۔ جواکھار ۲ درم۔
سجی ۲ درم۔ پانچون نمک ۲ درم۔ نسوت ۲ درم۔ دانتی ونی ۱ درم۔ پکھورا ۱ درم۔ پوہکر مول ۱ درم۔
باسے برنگ ۱ درم۔ انار دانہ ۱ درم۔ پوست ہلیلہ ۱ درم۔ چیترک ۱ درم۔ امل بید ۱ درم۔ زنجبیل
۱ درم ان سبکو باریک پیسکر بجورے کے رس کی دس پُٹ دے پھر ایک درم بھر کی گولی باندھے
ایک گولی گھی یا دودھ کے ساتھ ہر روز کھاوے تو صفرا کے گولے کو اور شراب کے ساتھ کھاوے
تو بادکے گولے کو دور کرے اور سینہ کی بیماریان۔ سنگرہنی۔ سول۔ کیڑے۔ بواسیر کے عارضون
کو بھی یہ گولی دور کرتی ہے اسکا نام کانکاین گٹکا ہے۔ یا نون بھا سکر چورن جو پیچھے لکھا ہے
اُسکے کھانے سے گولے کا عارضہ دور ہو اور پیپل خرد۔ بھارنگی۔ پیپلا مول۔ دیودار۔
پنج گنگچی۔ تل۔ ان کا کاڑھا پیے تو گولے کا عارضہ دور ہو یا تلون کا کاڑھا پیے تو گولا جاوے
یا بھارنگی۔ قند سیاہ۔ روغن زرد۔ پیپل کلان۔ زنجبیل۔ تل۔ مرچ کا کاڑھا پیے تو گولے کا عارضہ
دور ہو اسکا نام کناد کواتھ ہے۔ یا سینگل ہرتال۔ سونا مکھی۔ آملہ سار۔ گندھک۔ تانبے کی راکھ۔
پارہ۔ یہ سب برابر لیکر پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اُس مین یہ سب دوا ڈالے۔ پھر
پیپل کے کاڑھے کے رس مین ایک روز کھرل کرے پھر تھوہڑ کے دودھ مین ایکروز کھرل
کرے پھر ایکدرم شہد مین یا گاے کے پیشاب مین کھائے تو گولا اور سول کا عارضہ دور
ہو اس کا نام بدیادھر رس ہے یا پارہ۔ صاف کی ہوئی گندھک۔ بھنا سہاگہ۔ ترپھلا۔ زنجبیل
کالی مرچ۔ پیپل۔ ہرتال مصفا۔ سنگی مہرہ مصفا۔ تانبے کی راکھ۔ جمالگوٹہ مصفا۔ یہ سب برابر لیکر
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اُس مین یہ دوا پیسکر ملاوے پھر بھانگرے کے رس
کی تین پُٹ دے اور تین دن تک اسے کھرل کرے پھر اُس کی ایک رتی بھر کی گولی
باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین کھاوے تو گولا جاوے۔ اس کا نام گلم کٹھار رس ہے
اور یہ سب علاج بید رہس مین لکھے ہین یا ہاتھ وغیرہ کی فصد لوا دے تو گولے کے سب

سلہ جن دوائیون کی مقدار چورن یا کاڑھا کے بیان مین نہین لکھی ہے ان کو ہم وزن سمجھنا چاہیے ۱۲

عارضے دور ہوں یا بھنی ہینگ - اناروانہ - بڑ نون - یہ سب برابر لیکر اور بجورے کے رس میں کھرل کرے پھر ۲ درم شراب کے ساتھ ہمیشہ کھاوے تو باو کا گولا دور ہو - یا تجی - کوٹ - جواکھار یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم تیل کے ساتھ پیے تو گولا جاوے -

عورت کے مقام مخصوص میں درد ہو اس کا علاج] ترپھلا - نسوت - دانتونی - سنبھولو یہ سب علیحدہ دو دو تولہ لیکر پھر ان کو جوکوٹ کرکے - ۵ درم کا کاڑھا کرکے چھان کر اور اس میں ارنڈ کا تیل ڈالکر اور گھی ملاکر دودھ سے پیے تو درد دور ہو - اس کا نام سرک سنیہ ہے اور جوگ ترنگنی میں لکھا ہے - یا ایک درم اجوائن کو باریک پیسکر ۵ درم قند سیاہ میں ملاکر مٹھے کے ساتھ ہمیشہ پیے تو گولا جاوے اور بھوک لگے - پاخانہ اور پیشاب اُترے یہ برند میں لکھا ہے یا اجوائن بھنی ہینگ - سیندھا نمک - جواکھار - نمک سیاہ - پوست ہلیلہ - یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر ۲ درم شراب کے ساتھ ہر روز پیے تو گولا سول جاوے - یا بھنی ہینگ ایک حصہ سیندھا نمک دو حصہ - پیپلا مول ۳ حصہ - کنکول مرچ ۵ حصہ - اجوائن ۶ حصہ - پوست ہلیلہ ۷ حصہ انار دانہ ۸ حصہ - املتاس کی جڑ کا چھلکا ۹ حصہ - چترک ۱۰ حصہ - زنجبیل ۱۱ حصہ - پھٹکری ۱۲ حصہ - ان سبکو باریک پیسکر ۲ درم ہمیشہ پانی سے کھاوے تو گولا نفرت - سینہ کا عارضہ - اپھار - بواسیر - باو کے فساد وغیرہ کو دور کرتا ہے - اسکا نام ہنگ دوادش چورن ہے یا خراسانی بچ - پوست ہلیلہ بھنی ہینگ سیندھا نمک - امل بید - جواکھار - اجوائن - ان کو برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو سول اور گولا دور ہو اس کا نام بچا دچورن ہے یا پچیس عدد ہلیلہ کلاں کو ۱۶ سیر پانی میں پکاوے اور پانی ہی میں دانتونی ۳۲ تولہ - چترک ۱۲ تولہ - ان کو ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی کا چوتھا حصہ رہجاوے پھر اس میں مع ہڑوں کے ۳۲ تولے قند سیاہ ڈالکر پھر اوٹاوے جب آدھا رہجاوے تب اسمیں پیپل کلاں ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - گھی ۸ تولہ - شہد ۸ تولہ تج قلمی ۲ تولہ تیزپات ۲ تولہ - ناگ کیسر ۲ تولہ - الائچی خرد ۲ تولہ - ان سبکو خوب ملاکر ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو جلاب لگے اور گولا سنگرہنی - یرقان - ورم - بکھم جور - جذام - بواسیر - نفرت - پیو یا - بیماری سینہ - یہ سب عارضے دور ہوں - اسکا نام دنتی ہریتکی ہے یا اسکو وادے بھی گولا جاتا ہے - یا بڑی کچی جھیری ۲ سو عدد لے اور اس کا رس لیکر گھی کے چکنے برتن میں رکھے پھر بھنی ہینگ ۴ تولہ سیندھا نمک

۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - کالی مرچ ۲ تولہ - نمک سیاہ ۵ تولہ - اجوائن ۲ تولہ - سرسون ۵ تولہ - ان سب
دواؤن کو باریک پیسے اس رس مین ڈالے پھر دو دن گھور زمین گاڑ رکھے پیچھے ۲ تولہ ہر روز کھاوے
تو گولا - پھیا - بدرودھ اشٹھیلہ - باد اور بلغم کا اسہال - پسلی کا درد - بیماری سینہ - قبض - زہر کا فساد
پیٹ کے عارضے - باد و بلغم کا عارضہ سب دور ہوون - اس کا نام جھیری وراؤ ہے اور یہ عـــلاج
بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا ندی کرڑا - آک - سہجنہ - کٹیلی - تھوہڑ بیل - بکائن - آدھی جھاڑا
کرسب - اڑوسہ - ان سب کا کھار اور سانبھر نمک برابر لے اور اسمین مقدار کے موافق بھنی ہینگ
ڈالکر پھر انکو ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو گولا - سول - پیٹ کے عارضے سب جاوین
اسکا نام ناولی چھار ہے - یہ جوگ شتک مین لکھا ہے - یا سونف بیخ کنگچ رتج - دارہلدی پیپل
کلان - ان کا کاڑھا وے اور تل - قند سیاہ - زنجبیل - مرچ - بھنی ہینگ - بھارنگی - یہ سب دوا
کاڑھے مین ڈال با وراؤٹا کر دے تو خون کا اور عورت کے حیض کے خون کا گولا دور ہو - یا جو کھار
سونٹھ - کالی مرچ - پیپل خورد - ان کو اوٹا کر پلاوے تو خون کا گولا دور ہو - یا پارہ مصفّا ایک حصّہ
بنگ کی راکھ ایک حصّہ - گندھک مصفّا چار حصہ - تانبے کی راکھ ۴ حصّہ - ان سبکو دو دن کما
آک کے دودھ مین کھرل کرے پھر اسکو گولہ بناکر سرو دے مین رکھکر گجپٹ مین پکاوے پھر
نکالکر ٹھنڈا کرے اور دو رتی کے برابر گھی کے ساتھ کھاوے تو گولا - پھیا - پیٹ کی بیماری
یہ سب دور کرتا ہے اسکا نام بنگیشر رس ہے - اور ایسا مریض - گوشت - مچھلی - سوکھی ترکاری
دال - میٹھا پھل - گولے والی چیزین نہ کھاوے - یہ سب شنگرہ مین لکھا ہے -

یکرت پلیہہ کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

یکرت اور پلیہہ دونون بدن کے حصون مین رہتے ہین - داہنی پسلی مین یکرت رہتا ہے اور سینہ
کے نیچے اور بائین پسلی مین پلیہہ رہتا ہے - اسی کو عوام لوگ پھیا کہتے ہین - یہ دونون خون سے
پیدا ہوتے ہین اور خون کے لیجانے والی نسون مین خاص ان کی جگہ ہے -

پلیہہ روگ کی پیدایش اور علامتین] جو آدمی گرم بادی وغیرہ بلغم پیدا کرنیوالی
بہت چیزین کھاوے اسکا خون اور بلغم بڑھکر تھوڑا بخار اور ضعف معدہ کرتے ہین اور
بلغم صفرا کی جسمین علامتین ہون اس کے بدن کی طاقت جاتی رہے بدن زرد پڑ جاتے

اسکو پھپا کہتے ہین - یہ پھپا - باد صفرا - بلغم خون سے چار قسم کا ہے -

بادکے پھپا کی علامتین] شکم مین ہمیشہ اپھار - اودا اورت اور درد رہے تو باد کا پھپا جانو -

صفرا کے پھپا کی علامتین] بخار رہے - پیاس بہت لگے - جلن اور غفلت ہو - بدن زرد ہو جاوے تو صفرا کا پھپا جانو -

بلغم کے پھپا کی علامتین] سب حواس خمسہ سست اور کمزور ہو جاوین - بدہوشی ہو - بدن کا رنگ اور کا اور ہو جاوے - غفلت ہو - بدن بھاری رہے - شکم سرخ ہو جاوے - یہ علامتین بلغم کے پھپا کی جانو اور تینون خلطون کا پھپا ہو تو لاعلاج جانو اور یہی علامت کیرت کی بھی جاننا چاہیے

پھپا کا علاج] جوا کھار - اونٹنی کے دودھ کے ساتھ کھائے تو پھپا جاوے یا سیب کی راکھ دہی کے ساتھ کھائے تو پھپا جاوے یا ۲ درم پیپل دودھ کے ساتھ روز کھاوے تو پھپا جاوے یا آک کے پتون کی راکھ نمک ملا کر مٹھے کے ساتھ کھاوے تو پھپا جاوے یا بھنی ہینگ کالی مرچ پیپل - زنجبیل - کوٹ - جوا کھار - سینددھا نمک - یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم بجورے کے رس سے ہر روز کھائے تو پھپا جاوے یا چھیلے کے کھار مین بھگوئی ہوئی پیپل ۲ درم کھائے تو پھپا اور گولا جاوے یا سنکھ کی راکھ چھ ماشہ جھیری کے رس کے ساتھ کھائے تو پھپا جاوے یا بائین ہاتھ کی فصد کھلوائے تو پھپا جاوے یا داہنے ہاتھ کی فصد کھلوائے تو کیرت جاوے یا پکے ہوئے آنب کے رس مین شہد ملا کر پیئے تو پھپا جاوے یا اجوائن چترک - جوا کھار - پیپلا مول - دانتونی - پیپل - شراب کے ساتھ ہمیشہ کھاوے تو پھپا جاوے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا سینددھا نمک ۵ درم پانی مین اوٹا کر پیے تو پھپا جاوے - یہ بیدرہس مین لکھا ہے یا جوا کھار - باے برنگ - پیپل - بیج کنگھی - املبید یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم روز گرم پانی سے کھائے تو پھپا دور ہو یا پیپل زنجبیل دانتونی - یہ سب برابر لیکر اور ان سے دوگنا پوست ہلیلہ لیکر سبکو باریک پیسکر قند سیاہ کے ساتھ پانی سے کھائے تو پھپا جاوے یا باے برنگ - بیج اندرائن - سینددھا نمک - چترک یہ سب برابر لے اور ان سے دوگنا دیودار لے اور کنگھی زنجبیل - بیج سانٹھی اور باے برنگ -

سلہ کا رستے مین کلان اور چورن یا چٹنی مین خرد پیپل سمجھنا چاہیے ۱۲

برابر اور نسوت چوگنی لیکر ان کو باریک پیسکر ۱/۲ درم گرم پانی سے کھائے تو پھیا جاوے۔ یا پنج سمبھا
سیندھا نمک۔ چترک۔ پیپل۔ ان کا کاڑھا کرکے پیے تو پھیا دور ہو۔ یا بھلاون مصفا۔ پوست ہلیلہ
زیرہ سفید یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر اس مین برابر کا قند سیاہ ملاکر ۵ درم ہر روز سات دن
تک کھاوے تو پھیا جاوے۔ یا لہسن۔ پیپلا مول۔ پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیس کر
۲۰ درم گاے کے پیشاب کے ساتھ کھائے تو پھیا جاوے۔ یہ چکردت مین لکھا ہے۔ یا
بیخ روہت۔ پوست ہلیلہ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲۰ درم گاے کے پیشاب کے ساتھ
کھائے تو پھیا اور شکم کے عارضے۔ جبریان۔ بواسیر۔ بلغم کے عارضے۔ جذام۔ یہ سب دور
ہون۔ یہ جوگ ترنگنی مین ہے۔ یا ساجھر نمک۔ زرد چوب۔ رائی۔ ان تینون کو ایک
ایک تولہ لیکر اور ۱۰۰ تولہ مٹھے کو چکنے برتن مین بھرکر پانچ دن تک رکھے پھر ۵ تولہ پھر
تین دن تک پیے تو پھیا جاوے اسکا نام تکر سندھان ہے اور بھاو پرکاش مین لکھا ہے
یا دو سو تولہ روہیڑا اور چار ثار بیری کی جڑ کو کوٹکر ۱۲ ثار پانی مین ان دونون کو اوٹاوے جب
پانی چوتھائی رہجاوے تب اُتار کر چھان لے پھر اس پانی مین ایک سیر گاے کا گھی
ڈالے اور بکری کا دودھ چار ثار ڈالے پھر زنجبیل ۲ درم۔ کالی مرچ ۲۰ درم۔ پیپل ۲۰ درم
ترپھلا ۲۰ درم۔ بھنی ہوئی ہینگ ۲۰ درم اور اجوائن ۲۰ درم۔ بیخ سانٹھی ۲۰ درم۔ تیرو یعنی
تونبا ۲۰ درم۔ باے برنگ ۲۰ درم۔ نمک سیاہ ۲۰ درم۔ انار دانہ ۲۰ درم۔ دیودار ۲۰ درم۔
بیخ اندرائن ۲۰ درم۔ جواکھار ۲۰ درم۔ پوہکر مول ۲۰ درم۔ بیخ بھاؤ ۲۰ درم۔ خراسانی بیخ
۲۰ درم۔ چیب ۲۰ درم۔ ان کو باریک پیسکر گھی مین نرم آنچ سے پکاوے۔ جب یہ دوا اور
دودھ جلجاوے اور گھی رہجاوے۔ تب اُسکو مرتبان مین چھان کر بھر رکھے پھر اس گھی
مین سے تین تولہ پرہیز سے کھاوے تو پھیا۔ پیٹ و درد کوکھ کا درد۔ پسلی کا درد۔ نفرت۔ قبض
پانڈ روگ۔ قے۔ اسہال۔ بھم چوبہ۔ ان سب کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام بھارونک گھرت
ہے۔ یہ چکردت مین لکھا ہے۔ یا چترک دو سو تولہ لے اور اسکا کاڑھا کر کانجی کا پانی چار سو تولہ
پھر اور دہی کا مٹھا ۴۰۰ تولہ اور پیپلا مول ایک تولہ۔ چیب ایک تولہ۔ چترک ایکتولہ۔
زنجبیل ایک تولہ۔ تالیس پترا ایک تولہ۔ جواکھار۔ ایکتولہ۔ سیندھا نمک ایکتولہ۔ دونون زیرہ

۴ تولہ وزن ہلدی ۴ تولہ - کالی مرچ ۲ تولہ - ان سبکو باریک پیسکر چیرک کے کاڑھے مین ملاوے پھر اسمین ایک تار گھی ملادے جب پانی وغیرہ سب جلجاوین اور صرف گھی رہجاوے تب اُسے اُتارلے اور چھان کر مرتبان مین بھر رکھے اور اسکا استعمال کرے تو پھپیا - گولا پیٹ کے علاوہ اپھار - پانڈو روگ - نفرت - کمھ جوڑ - پیڑو کا درد - سوجن ضعف معدہ - ان عارضون کو یہ دور کرکے طاقت کو بڑھاتا ہے - اسکا نام چترکا دگھرت ہے اور یہ مذمین لکھا ہے اور جو پھپیا کا علاج ہے وہی یکرت کا بھی جاننا یا جو اکھار - بارے بڑنگ - پیپل - پنچ لنگ - ان کے کاڑھے سے یکرت - پھپیا دونون جاوین -

ہردروگ (یعنی سینہ مین درد پیدا ہوئے) عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

بہت گرم اور بھاری اور بہت کھٹی کسیل بہت تیکھی چیزون کے کھانے سے اور بہت کسرت کرنے سے بھاری چوٹ کے لگنے سے اور بہت بیٹھنے اور بہت فکر کرنے اور پیشاب و پاخانہ کے روکنے سے سینہ کا عارضہ پیدا ہوتا ہے - وہ باد صفرا - بلغم - سنپات - اور کیڑون سے پانچ قسم کا ہے -

ہردروگ کی عموماً علامتین] غذا کا رس جو پہلے سینے مین جاوے اس رس کو باد صفرا بگاڑ کر سینہ مین درد پیدا کرے اُسکو بید ہردروگ کہتے ہین -

بادی ہردروگ کی علامتین] سینے مین تیر اور کلھاڑی کی سی چوٹین لگین یہ علامتین ہون تو باد کا ہردروگ جانو -

صفرا کے ہردروگ کی علامتین] پیاس بہت لگے جلن ہو - چھاتی مین درد ہو - گلے مین سے دھوان نکلے - بیہوشی ہو - بدن سرد ہوجاوے - پسینا آوے - منھ سوکھ جاوے - جس مین یہ علامتین ہون اُسکو پت کا ہردروگ جانو -

بلغم کے ہردروگ کی علامتین] چھاتی بھاری رہے - منھ مین سے بلغم بہت نکلے کھانے کی رغبت جاتی رہے - بدن جکڑا سا ہوجائے - منھ میٹھا ہو - ضعف معدہ ہو چھاتی مین بلغم جم جاوے - یہ علامتین ہون تو بلغم کا ہردروگ جانو اور یہ سب علامتین ملی ہون تو سنپات کا ہردروگ جانو -

کیڑون کے ہردروگ کی علامتین] آنتون مین کیڑا ہو - پھر بدپرہیزی کرنے والا

آدمی تل دودھ قند سیاہ وغیرہ شیرین چیزین کھاوے تب اُسکے مرم استھانون مین درد ہو۔ چھاتی مین درد ہو۔ چھاتی سڑجاوے تب وہ نہایت تکلیف پاوے یہ علامتین جس مین ہون اور تشنگی ہو اور پسینے آوے اور بہت تھوکے اور چھاتی مین درد ہو اور کھانے سے نفرت ہو اور آنکھین سیاہ ہوجاوین اور بدن سوکھ جاوے یہ کیڑون کے ہردوروگ کی علامتین جاننی چاہئین۔

ہردوروگ کا فساد] سب حواسون کا ہوش جاتا رہے۔ بدن مین درد ہو اور چکر آوین بدن سوکھ جاوے۔

ہردوروگ کا علاج] بہیڑے کے درخت کی چھال کا چورن ۴ تولہ ہررینہ دودھ یا گھی یا قند سیاہ کے پانی کے ساتھ کھاوے تو ہردوروگ۔ جیرن جور۔ رکت پت۔ انکو دور کرے۔ یا پوست ہلیلہ۔ خراسانی بچ۔ راسنا۔ پیپل۔ زنجبیل۔ پکھور۔ پوہکرمول۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم پانی سے پیے تو ہردوروگ دور ہو۔ یا ہرن کے سینگ کو پٹ پاک کرے اور گاے کے گھی کے ساتھ کھاوے تو ہردوروگ اور سب طرح کے درد دور ہون۔ یا کھریٹی پوست کنگیرن کاہو کے درخت کی چھال۔ ملیٹھی یہ سب دوا برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم کا کاڑھا کرکے ہرروز پیے تو ہردوروگ۔ بات رکت۔ رکت پت۔ ان سب کو دور کرے پکھاوریکاش مین لکھا ہے۔ یا کوٹ۔ باے برنگ باریک پیسکر ۲ درم گاے کے پیشاب کے ساتھ کھانے تو سینے کے کیڑے گر پڑین اور ہردوروگ جاوے۔ یا بیخ کنگیرن اور کاہو کے درخت کی چھال پوہکرمول ان سبکو باریک پیسکر ۲ درم دودھ کے ساتھ یا شہد کے ساتھ کھائے تو ہردوروگ دمہ۔ کھانسی۔ تپ۔ ہچکی انکو دور کرے یا پوست ہلیلہ۔ بچ۔ راسنا۔ پیپل۔ زنجبیل۔ پکھور۔ پوہکرمول ان کا چورن کھائے تو ہردوروگ جاوے۔ اسکا نام ہریت کیادچورن ہے۔ یا دسمول کے کاڑھے مین ارنڈ کا تیل اور سانبھر نمک ڈالکر پیے تو ہردوروگ جاوے۔ یا پوہکرمول۔ زنجبیل پکھور۔ پوست ہلیلہ۔ جوا کھار۔ یہ سب برابر لے اور انکا کاڑھا کرکے اس مین گھی ڈالکر پیے تو بادی ہردوروگ جاوے۔ یہ بید رہس مین لکھا ہے۔ یا بھنی ہینگ۔ بچ۔ باے برنگ۔ زنجبیل۔ پیپل پوست ہلیلہ۔ چترک۔ جوا کھار۔ نمک سیاہ۔ پوہکرمول۔ یہ سب برابر لیکر باریک کرکے ۲ درم شہد کے ساتھ کھائے تو ہردوروگ۔ دمہ۔ کھانسی۔ راج روگ۔ ہچکی۔ یہ سب عارضے

دور ہوں۔ پاکھنی ہینگ۔ زنجبیل چترک۔ کوٹ۔ جواکھار۔ پوست ہلیلہ۔ بیج بائے بڑنگ۔ نمک سیاہ
پارہ مصفا۔ پوکر مول۔ یہ سب برابر لیکر کھاوے تو ہر روگ۔ اجیرن۔ ہیضہ یہ سب دور ہوں۔
یہ رس بسر دیپ میں لکھا ہے۔

موترکرچھر کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

ریخ کرنے تیکھی اور روکھی اور کڑوی چیز کھانے اور شراب پینے۔ ناچنے سے بہ جاش گھوڑے
کی سواری سے اور دریائی جانوروں کے گوشت کھانے اور کھانے پر کھانا کھانے سے
اور اجیرن سے آدمیوں کو موترکرچھر کا عارضہ پیدا ہوتا ہے۔ وہ آٹھ قسم کا ہے۔ باد کا صفرا کا
بلغم کا۔ سنپات کا۔ چوٹ لگنے کا۔ پاخانہ کے روکنے کا۔ منی کے روکنے کا۔ پتھری کا۔

عام علامتیں] اعتدال سے زیادہ باد صفرا بلغم فاسد ہوکر اپنے آپ ہی پیڑو میں جاکر
پیشاب کی راہ میں بہت درد کر کے نہایت تکلیف سے ٹیس ہوکر پیشاب اُتارتے ہیں اور
پیشاب بند ہونے میں تو کم اور پیشاب کرنے میں زیادہ درد ہو اُسکو موترکرچھر کہتے ہیں۔

باد کے موترکرچھر کی علامتیں] رانوں اور پیڑو کے جوڑ میں اور آلت میں زیادہ
درد ہو اور تھوڑا تھوڑا بار بار پیشاب کرے یہ علامتیں جس میں ہوں اُس کو
باد کا موترکرچھر کہنا چاہیے۔

صفرا کے موترکرچھر کی علامتیں] زرد اور سرخ اور گرم پیشاب بہت تکلیف سے
ٹیس ہوکر اُترے اُسکو صفرا کا موترکرچھر کہنا چاہیے۔

بلغم کے موترکرچھر کی علامتیں] پیڑو اور آلت یہ دونوں بھاری ہوں اور پیشاب
میں جھاگ آویں اور پیشاب دقت سے اُترے۔ یہ علامتیں جس میں ہوں اُس کو بلغم
کا موترکرچھر جانو اور یہ سب علامتیں ملی ہوں تو اُسکو سنپات کا موترکرچھر کہنا چاہیے۔

چوٹ لگنے کے موترکرچھر کی علامتیں] پیشاب کو لیجانے والی نسوں میں کسی طرح
چوٹ لگنے سے پیشاب رُک جاوے اور باد کے موترکرچھر کی علامتیں اس موترکرچھر
کی علامتوں سے ملیں تو آدمی مر جاوے۔

پاخانہ روکنے کے موترکرچھر کی علامتیں] جو آدمی پاخانہ کے زور کو روکے

اُسکے بادنا سد ہو کر پیڑو اور پیٹ مین اپھار کرے اور آلت کی جگہ مین درد زیادہ کرے پیشاب بنہایت آزار سے اُترے یہ علامتین ہون تو پاخانہ کے روکنے کا موتر کرچھ جانو۔

شہوت کے روکنے کے موتر کرچھر کی علامتین] منی کے روکنے سے پیشاب کی راہ رک جاوے تو آدمی کے پیڑو اور آلت مین درد ہو اور منی کو لیے ہوئے پیشاب تکلیف دیکر اُترے تو منی کے روکنے کا موتر کرچھر جانو۔

پتھری کے موتر کرچھر کی علامتین] پتھری اور ریت یہ دونون نوطون مین رہتے ہین انھین سے موتر کرچھر ہوتا ہے وہ پتھری صفرا سے جلی اور بادسے روکی ہوئی پتھری کی صورت ہو کر پیشاب کو روکتی ہے۔

شرکرا یعنی ریت کا فساد] سینے مین درد ہو بدن کانپے کوکھ مین سول اُٹھے ضعف معدہ اور بیہوشی ہو یہ علامتین ہون تو آدمی مرجاوے۔

موتر کرچھر کا علاج] گوکھرو۔ سنرالمتاس۔ بیج ڈابھ۔ بیج کاش۔ جواسہ۔ آملہ پاکھان بھید۔ پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کر ۲۰ درم کا کاڑھا کرکے شہد ملاکر ہر روز کھاوے تو موتر کرچھر اور پتھری کا لاعلاج عارضہ بھی دور ہو اسکا نام گوکھرادی کواتھ ہے یا الائچی۔ پاکھان بھید۔ سلاجیت۔ پیپل۔ گوکھرو۔ تخم توری۔ سیندھا نمک۔ کیسر یہ سب دوائین برابر لیکر باریک پیسکر اکیس درم چاول کے پانی کے ساتھ یا پُرانے قندسیاہ کے پانی کے ساتھ ہر روز کھاوے تو موتر کرچھر دور ہو یا دودھ مین پُرانا قندسیاہ یا مصری ڈال کر کچھ گرم کرکے پیے تو موتر کرچھر جاوے۔

چوٹ لگنے کے موتر کرچھر کا علاج] آملہ کے رس مین شہد ملاکر پیے یا اوکھ کے رس مین شہد ڈال کر پیے تو موتر کرچھر دور ہو۔

پاخانہ روکنے کے موتر کرچھر کا علاج] گوکھرو کا کاڑھا کرکے شہد۔ جواکھار۔ ملاکر پیے تو موتر کرچھر جاوے یا ترپھلا ۵ درم بیر کی جڑ کی چھال ۵ درم ان دونون کو رات مین بھگو کر صبح اسی پانی مین پیسکر سیندھا نمک ڈالکر پیے تو یہ بیماری دور ہو یا جواکھار ۵ ماشہ۔ مصری ۵ ماشہ۔ ان کو باریک پیسکر پانی سے کھاوے تو موتر کرچھ

ضرور دور ہو۔ یا مویز منقی ۵ درم مصری ۱۰ درم۔ دہی کا مٹھا ۱۰ درم یہ تینون ملاکر پیے تو موترکرچھ
جاوے۔ یا گوکھرو کا جڑ سمیت کاڑھا کرکے شہد اور مصری ملاکر پیے تو موترکرچھ جاوے
یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا گلو۔ زنجبیل۔ آملہ۔ اسگندھ۔ گوکھرو۔ یہ سب برابر لے
ان کو جوکوٹ کرکے ۲۰ درم کا ہر روز کاڑھا کرکے پیے تو موترکرچھ جاوے یا کچے بونے
لیمون کا رس گائے کے کچے دودھ مین ڈالکر ہر روز رغبت کے موافق پیے تو عورت
کے مقام مخصوص کے جو عارضے پیدا ہون اور جلن اور جریان۔ موترکرچھ وغیرہ
عارضون کو دور کرے۔ یا پوست ہلیلہ۔ گوکھرو۔ مغز املتاس۔ پاکھان بھید۔ دھماسہ۔ اڑوسہ
یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کرکے ۵ درم کا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر ہر روز پیے تو جلن سمیت
موترکرچھ اور قبض دور کرے۔ اسکا نام ہریت کیادکواتھ ہے۔

تکلیف سے خون کا پیشاب کرتا ہو اس کا علاج] بیخ ڈابھ۔ بیخ کاش بیخ دوب
بیخ سرکنڈا۔ اوکھ کی جڑ۔ ان کا کاڑھا کرکے دے تو خون کا پیشاب اچھا ہو اس کا نام ترن
پنچک ہے یا کچے پیٹھے کے رس مین مصری ملاکر پیے تو موترکرچھ جاوے اسکا نام کوشمانڈ رس
ہے یا کیلی کے رس مین شہد ڈالکر پیے تو موترکرچھ جاوے یا چھپن تولہ بھر گوکھرو ۱۶ گنے
پانی مین اوٹاکر جب آدھا جلجاوے تب اُتار کر چھان لے پھر اُس مین گوگل ۲۸ تولہ ڈال کر
پکاوے۔ پھر اُسمین زنجبیل ۲ تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ پیپل ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ۔ بہیڑہ
کی چھال ۲ تولہ۔ آملہ ایکدرم۔ ناگرموتھا ایک درم۔ ان سب کو خوب ملاکر پیسے اور
گوگل مین ڈالے پھر ۵ ماشہ ہر روز پانی سے کھائے تو یہ موترکرچھ۔ موترگھات۔ جریان
پرمیہ۔ بات رکت۔ نطفہ کا عارضہ دور کرتا ہے اسکا نام گوکھرادو گوگل ہے یا زیرہ سفید
۲ تولہ۔ قند سیاہ ۲ تولہ ہر روز کھائے تو موترکرچھ جاوے۔ یا جواکھار ½ درم کو گنا دے
کے مٹھے کے ساتھ پیے تو چنک سے پیشاب آنے کی بیماری اور پتھری دونون دور
ہون اسکا نام جواکھار تکرجوگ ہے۔ یا پارہ مصفا ایک حصہ۔ گندھک مصفا چار حصہ
ان دونون کو حل کرے پھر اُسکو بڑی کوڑی مین بھرے اور بجھے سہاگہ کو پانی سے
پیسکر کوڑی کے منہ مین لگادے پھر کوڑی کو کلڑے مین رکھ بھٹ مین پھونکدے اور ٹھنڈا

ہونے کے پیچھے اس کوڑی کو گھڑے سے نکال کر باریک پیسکر چار رتی کی گولی باندھے اور کہیں
کالی مرچ پیسکر گھی کے ساتھ کھاوے تو موترکرچھر جاوے اسکا نام۔ لگھو لوکیسر رس ہے۔ یہ
سب علاج بھاؤ پرکاش اور بید رہسیں میں لکھے ہیں۔ یا نزدہ بست یا آتر لبست کرنے سے
موترکرچھر جاوے۔ یا چھتاور۔ بیخ کاش۔ بیخ ڈابھ۔ گوکھرو۔ بداری قند۔ بیخ سالر۔ کسیرو
ان کا کاڑھا کرکے شہد اور مصری ملا کر پیے تو موترکرچھر جاوے۔ یہ چکردت میں لکھا ہے
یا تخم تورسی۔ مہوا۔ دار ہلدی۔ انکا کاڑھا پیے تو صفرے سے پیدا ہوئی یہ بیماری دور ہو
یا کیلے کے رس میں گائے کا پیشاب ڈالکر پیے تو بلغم کا موترکرچھر دور ہو۔ یا الائچی کو باریک
پیسکر پانی سے پیے تو بلغم کا موترکرچھر جاوے۔ یا پیسا ہوا مونگا لے ورم چاول کے پانی سے
کھاوے تو بلغم کی یہ بیماری دور ہو یا گوکھرو اور زنجبیل کا کاڑھا پیے تو بلغم کا موترکرچھر
جاوے۔ یہ برند میں لکھا ہے۔ یا بڑی کٹیلی۔ پاڑہ۔ ملیٹھی۔ مہوا۔ اندرجو۔ ان کا کاڑھا کرکے
پیے تو سنپات یعنی تینوں خلطوں کا موترکرچھر دور ہو۔

منی کے روکنے کے موترکرچھر کا علاج] سلاجیت شہد میں ملا کر کھاوے تو منی
کے روکنے کا موترکرچھر دور ہو یہ چکردت میں لکھا ہے یا نہایت خوبصورت عورت سے
صحبت کرے تو یہ بیماری دفع ہو یا بیخ کھریٹی کا کاڑھا پیے تو سب موترکرچھر جاویں یا
گوکھرو کا پنچانگ دو سیر تولے لے اسکو کوٹکر آٹھ گنے پانی میں اوٹاوے جب چوتھا
حصہ رہجاوے تب اسمیں سو تولہ بھر مصری کے اولیہ کی سی چاشنی کرے۔ اسمیں زنجبیل ۴ تولہ
پیپل ۴ تولہ۔ الائچی ۴ تولہ۔ چھوہارہ ۴ تولہ۔ کیسر ۴ تولہ۔ کاہو کے درخت کا چھالکا ۴ تولہ۔ تخم تورئی
۴ تولہ۔ بنسلوچن ۱۶ تولہ۔ ان سب کو باریک پیس کر اس چاشنی میں ڈالے پھر ۲ تولہ
ہر روز کھاوے تو یہ بیماری اور سوزش۔ قبض۔ پتھری۔ خون کا پیشاب کرنا۔ مدھو
پرمیہ یعنی جریان ان سب کو دور کرے۔ اس کا نام گوکھرو اولیہ ہے۔ یہ سب علاج
سرب سنگرہ میں لکھے ہیں۔

موتراگھات عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

عام لوگ موترکرچھر اور موتراگھات میں شک کرتے ہیں سو ان کا فرق لکھتے ہیں۔

موترکرچھر میں نہایت آزار اور موتر بندھ میں تھوڑا اور موترا گھات میں موتر بندھ تو بہت
مگر پیشاب کرتے وقت درد کم ہوتا ہے اتنا فرق ہے۔

موترا گھات کی پیدائش] بد پرہیزی سے باد صفرا بلغم فاسد ہوکر موترا گھات کو پیدا
کرتے ہیں وہ موترا گھات روگ تیرہ ۱۳ قسم کا ہے۔ بات کنڈلکا ۱۔ اسٹیلا ۲۔ باد بست ۳۔ موترا
گھات ۴۔ موتر جٹھر ۵۔ موترودت سنگ ۶۔ موتر چھے ۷۔ موترگرنتھ ۸۔ موتر شکر ۹۔ اوشن بات ۱۰۔ موترسادہ
بدہ گھات ۱۱۔ بست کنڈلکا ۱۲۔

بات کنڈلکا کی علامتیں] روکھی چیز کے کھانے اور پاخانہ اور پیشاب اور منی کے
روکنے سے باد پیڑو میں جاکر درد پیدا کرے اور جب پیشاب کی نسون میں جاکر گھومے اور
فاسد ہو جاوے تب تم پیشاب کے چھید کو روکے اور آلت کے منھ میں باد دائرے کے مانند
ہو جاوے تب آدمی تھوڑا تھوڑا پیشاب کرے اور پیشاب کرتے وقت درد زیادہ ہو یہ
علامتیں ہوں تو اس کو بات کنڈلکا عارضہ کہتے ہیں یہ لاعلاج ہے۔

اسٹیلا کی علامتیں] پیڑو میں ابھار ہو۔ ریاح صادر نہ ہوں اور مقعد میں ہوا کی
گانٹھ پتھر سی ہو جاوے۔ اس جگہ درد بہت ہو اور پھر ہوا پیشاب کو روکدے تو
اسٹیلا کی علامتیں جاننی چاہئیں۔

بادبست کی علامتیں] جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اسکے ہوا پیڑو میں جاکر پیشاب
کی نسوں کے منھ کو روک دے اور پیشاب نہ اُترنے دے۔ پیڑو اور کوکھ میں درد
پیدا کرے اُسکو بادبست کا عارضہ کہتے ہیں۔ یہ عارضہ بہت آزار دیتا ہے۔

موترا تیت عارضے کی علامتیں] پیشاب کو بہت مرتبہ روکے اور دیر تک پیشاب
نہ کرے تب آدمی کے پیشاب کم اُترے اُسکو موترا تیت کہتے ہیں۔

موتر جٹھر کی علامتیں] جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اُسکے مقعد کی ہوا شکم کو بھرکر
ناف کے نیچے ابھار کے عارضے کو پیدا کرکے بہت درد کرے اُسکو موتر جٹھر کہتے ہیں۔

موترودت سنگ کی علامتیں] پیڑو یا آلت کی نسوں میں جو پیشاب آیا ہو اُس کو
نہ کرے اُس شخص کے پیشاب کے ذریعہ سے درد یا بغیر درد تھوڑا خون اُترے

اُسکو موتر روت سنگ کا عارضہ جانو۔

موتر بچے کی علامتین] جس شخص کا بسبب محنت کے روکھا بدن پڑ جاوے اُسکے پیڑو مین جو باد صفرا بلغم رہتے ہین وہ درد اور سوزش سمیت پیشاب کو زائل کرین اسکو موتر بچے جانو۔

موتر گرنتھ کی علامتین] پیڑو کے بیچ مین گول اور بے حرکت اور چھوٹے آملہ کے برابر بہت سخت ہماری گانٹھ اچانک پیدا ہو اُسکو موتر گرنتھ کہتے ہین۔

موتر شکر کے عارضے کی علامتین] پیشاب زور سے لگ رہا ہو اور جماع کرنے کے لیے عورت کے پاس جاوے تب اُسکی ہوا اُس کی منی کو خاص جگہ سے ہٹائے ور پیشاب کرنے کے پہلے یا اُسکے بعد ارنے اُپلے کی راکھ کے پانی کے مانند گرے اُسکو موتر شکر کہتے ہین۔

اوشن بات روگ کی علامتین] عورت سے قربت کرنے یا محنت یا دھوپ مین رہنے سے پیڑو مین جو باد صفرا بلغم رہتے ہین وہ پیڑو آلت اور مقعد کو جلاتا ہے تب ہلدی کے مانند پیشاب اُترے یا خون لیے نہایت تکلیف سے پیشاب اُترے اُسکو اوشن بات کہتے ہین۔

موتر ساد کی علامتین] بد پرہیزی سے پیڑو مین جو باد رہتی ہے وہ صفرا اور بلغم کو بگاڑتی ہے تب اُسکے پیشاب بہت تکلیف سے اُترے اور زرد یا سُرخ یا سفید بہت گاڑھا گرم گوروچن کے مانند یا چونے کی راکھ کے مانند تھوڑا اُترے بدن سوکھ جاوے اُسکو موتر ساد کہتے ہین۔

بڈگھات عارضے کی علامتین] جو شخص بہت روکھا کھاوے وہ دُبلا ہووے پاخانہ سمیت موتے اور اُسکے پیشاب مین پاخانہ کی سی بدبو آوے اور بہت تکلیف سے پیشاب اُترے اُسکو بڈگھات کہتے ہین۔

بست کنڈل عارضے کی علامتین] بہت جلد دوڑنے اور رفاقہ کرنے اور بہت محنت کرنے اور پیڑو مین کسی طرح کی چوٹ لگنے سے پیڑو مین گانٹھ پڑ جاتی ہے تب ٹھٹنے درد ہو اور گانٹھ بڑھی ہوئی نہ ہلے حمل کے مانند رہے۔ درد ہو۔ بدن پھڑکے۔ سوزش زیادہ ہو اُس گانٹھ کو ہاتھ سے دباوے تو پیشاب کا قطرہ اُترے اور بہت درد ہو تو

پیشاب کی دھار آترے اور ہتھیار کی ضرب لگنے کا سا درد ہو اسکو لبست کنڈل کہتے ہین۔ یہ لاعلاج ہے یہ مریض مرجاوے۔

موتر اگھات کا علاج] بیخ نرسل۔ بیخ ڈابھ۔ بیخ کاش۔ بیخ ساٹھی۔ بیخ کھریٹی۔ انکا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر اور ٹھنڈا کرکے پیوے تو یہ بیماری دفع ہو۔ یا کافور کو پانی سے باریک پیسکر کپڑے مین اسکا لیپ کرے اور بتی بناکر پھر اس بتی کو آلت پر رکھے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا کشنیز گوکھرو ان دونون کا کاڑھا کرکے اور اسمین گھی پکاکر کھاوے تو موتر اگھات اور موتر کرچھر منی کا فساد یہ تینون دور ہون اسکا نام دھانیہ گوکھر گھرت ہے اور جتنا علاج موتر کرچھر اور پتھری کا ہے آسانی موتر اگھات کا جان لینا۔ یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے۔ یا تخم ترسی ۵ درم۔ کشنیز ۵ درم ان کو رات کے وقت بھگوکر صبح اس پانی مین پیسکر چھانکر سیندھا نمک ایکدرم ڈالکر پیوے تو موتر اگھات دور ہو۔ یا پاڑل درخت کا کھار ۲ درم۔ نمک سیاہ ۱ درم یہ دونون شراب کے ساتھ پیے تو موتر اگھات دور ہو یا شراب مین ترش انار کا رس اور الایچی ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو یہ برندمین لکھا ہے یا سلاجیت کا استعمال کرے تو موتر اگھات دور ہو۔ یا تخم گوکھرو ۵ درم۔ کھریٹی ۱ درم۔ پیپل ایکدرم تالمکھانہ ۱ درم مصری ۱ درم۔ مویز منقی اور کشمش دس دس درم۔ انکو باریک پیسکر گرم دودھ مین شہد اور گھی ڈالکر پیے تو منی کے رکنے کا موتر اگھات جاوے یہ بانجھ عورت کے لڑکا پیدا کرنیوالی ہے۔ یہ سرنگدھر مین لکھا ہے۔ یا چترک۔ شار یعقید سرون ۵ درم۔ کھریٹی ۱ درم۔ داکھ آدھ پاؤ۔ بیخ اندراین ۵ درم ترپھلا ۵ درم۔ آملہ کلان ۱۰ عدد۔ انکو ۸ ثار پانی مین کاڑھا کرے۔ جب اسکا چوتھا حصہ رہجاوے تب اتارکر چھان لے۔ پھر اس کاڑھے مین ۲ سیر گھی ڈالکر پکاوے جب دوا اور پانی جلجاوے اور صرف گھی رہجاوے تب چھان کر اسمین آدھ پاؤ نسلوچن ڈالکر ہر روز کھاوے تو سب طرح کے منی کے فسادونکو دور کرتا ہے اور اس دوا کے استعمال سے عورت کے حمل رہجاتا ہے اور یہ موتر اگھات۔ پردر۔ عورت کے مقام مخصوص کے فساد چبک سے پیشاب آوے ان سب عارضون کو دور کرتا ہے اسکا نام چترک آدگھرت ہے اور چترک مین لکھا ہے۔ یا مہوے کے کاڑھے مین قند سیاہ اور دودھ ڈالکر پیے تو موتر اگھات جاوے۔ یا پاڑھل۔ ارنڈ۔ نیم کی چھال۔ زرد چوب گوکھرو۔ پلاس کی چھال۔ یہ سب برابر لیکر ان کا کاڑھا کرکے اسمین قند سیاہ ڈالکر پیے تو

موتر انگھات جاوے اور نہایت خوبصورت اور نوجوان عورت سے جماع کرے تو یہ بیماری دور ہو یہ سب آتریے مین لکھا ہے۔

موتر رودہ کا علاج

جو علاج موتر انگھات اور موتر کرچھر کے ہین وہی اسکے بھی جان لینا اور جو کچھ زیادہ ہین وہ لکھتے ہین۔ تخم ککڑی۔ ترپھلا۔ سیندھا نمک۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر دو درم گرم پانی کے ساتھ پیوے تو موتر رودہ جاوے یا تل کے کاکڑے کو جلاکر کھار نکالے اور دو درم وہی اور شہد کے ساتھ کھاوے تو پیشاب کے سب عارضے دور ہون۔

پیشاب بہت گرم آترے اُسکا علاج

جنگلی کی جڑ کو بکری کے دودھ مین پیسکر پیوے تو یہ عارضہ دور ہو یا کنول کی جڑ کو گائے کے پیشاب مین پیسکر اور تل ملاکر پیوے تو موتر رودہ جاوے۔ یہ سب آتریہ مین لکھا ہے۔

اشمری کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

اشمری کو عوام مین پتھری کہتے ہین۔ یہ پتھری کا عارضہ چار قسم کا ہے۔ بادکا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ منی کے روکنے کا۔ ان چارون مین جو بلغم ملا ہے وہ بارڈ التا ہے۔

پتھری کی پیدایش] پیڑو مین جو بادرہتی ہے۔ وہ پیڑو کی منی۔ پیشاب۔ بلغم صفرا کو سکھاکر بتدریج پتھری کو پیدا کرتی ہے یہان یہ مثال ہے کہ جیسے گائے کے پتے مین گوروچن بڑھ جاتا ہے ویسے ہی آدمی کے پتھری پڑ جاتی ہے۔

پتھری کی پہلی شکل] پتھری کا عارضہ سنپات یعنی تینون خلطون کے بگڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ پتھری والے بیمار کے پیشاب مین مست کرے کی سی بد بو آوے پیڑو مین اپھار ہو اور درد بہت ہو پیشاب بڑی تکلیف سے اُترے بخار ہو کھانے سے نفرت ہو یہ پتھری کی پہلی شکل کی علامتین ہین۔

پتھری[۱] کے عارضے کی عموماً علامتین] ناف اور پیشاب کی نسون اور پیڑو مین بہت

[۱] پتھری سبب نکلے معلوم نہین ہو سکتی کہ کیسی ہے تو حقیقی فائدہ یہ ہے کہ نکلنے کے بعد مین صفرا و بلغم وغیرہ کے کم ہونے کا علاج کرے تاکہ پھر پیدا نہ ہو۔

درد ہو اور پیشاب کی دھار بندھی نہ گرے اور پیشاب کی راہ رک جائے جب یہ پتھری پیشاب کی راہ سے سرک جائے تب اس آدمی کو آرام ملے پیشاب اچھی طرح زرد اترے اور جب وہ فاسد ہو کر تب نہایت تکلیف سے خون ملا ہوا پیشاب اترے۔

زیادہ بادوالی پتھری کی علامتین] جس مین پیشاب کے وقت درد زیادہ ہو دانتون کو چباوے اور پیشاب کرتے وقت آلت کانپے اور آلت اور ناف مین درد ہو پیشاب کرتے وقت پکار اُٹھے اور پاخانہ کردے پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر اترے پتھری کا رنگ سیاہ ہو اور پتھری مین کانٹے سے ہون اُسکو بادی پتھری کہتے ہین۔

صفرا بلغم کی پتھری کی علامتین] پیڑو آگ کے مانند ایسا جلے کہ گویا پک گیا ہے اور پتھری بادام کے چھلکے کے مانند اور زردی سُرخی سفیدی لیے ہو۔ یہ علامتین ہون تو صفرا اور بلغم کی پتھری جانو۔

بلغم کی پتھری کی علامتین] پیڑو مین بہت درد ہو اور پیڑو ٹھنڈا اور بھاری ہو اور اُسکی پتھری چکنی اور گیلی اور سفید مرغی کے انڈے کے برابر ہو جسمین یہ علامتین ہون اُسکو بلغم کی پتھری کہنا چاہیے۔

منی کے رکنے کی پتھری کی علامتین] جس شخص کو جماع کرنے کی خواہش ہو اور وہ منی کو روکے کسی طرح جانے نہ دے اُسکو منی کی پتھری پیدا ہوتی ہے آلت اور زوطون کے بیچ مین یہ ہوا منی کو سُکھا کر پتھری پیدا کرتی ہے۔ پھر وہ پتھری پیڑو مین درد کرے۔ پیشاب تکلیف سے اُترے فوطے سوج جاوین اسکی منی زائل ہو جاوے اور آلت مین درد کرے تو آلت کے ذریعہ سے منی نکلے یا وہ آلت مین درد پیدا کرے تب جاوے اس پتھری کی نزدیک باریک منی کے ریت کے مانند ٹکڑے کردے تب اُسکو شرکرا کہتے ہین۔

پتھری کے فساد] بدن کمزور ہو کر زرد ہو۔ کوکھ مین درد اُٹھے۔ کسی چیز کی رغبت نہ رہے۔ بدن زرد ہو جاوے اور موتر اگھات ہو اور ناف مین ورم ہو پیشاب رک جاوے یہ اُسکے فساد ہین۔

پتھری کے عارضے کا علاج] زنجبیل۔ ارنی۔ پاکھان بھید۔ کوٹ۔ برنا۔ گوکھرو

ارنڈکی چھال۔ مغز المتاس۔ یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کرکے ۵ درم کا کاڑھا کرکے اس مین بھُنی ہوئی
ہینگ۔ جواکھار۔ سیندھا نمک۔ یہ تینون ڈالکر پتھری والا پیوے تو پتھری اور موترکرچھ یہ دونون
دور ہون اور کوکھ کی ہوا۔ آپھرنس۔ بواسیران کو بھی دور کرتا ہے اور ہاضمہ کرتا ہے اسکا نام
شنٹھیادکواتھ ہے۔ یا الائچی۔ پیپل۔ ملہٹی۔ پاکھان بھید۔ ہیت پاپڑہ۔ گوکھرو۔ اڑوسہ۔ بیخ ارنڈ۔ یہ
سب برابر لیکر جوکوٹ کرکے انکا کاڑھا کرکے اسمین سلاجیت ڈالکر پیوے تو موترکرچھ اور پتھری
کو دور کرے اسکا نام ایلادکواتھ ہے۔ یا پیٹھے کے رس مین بھُنی ہوئی ہینگ۔ جواکھار ڈالکر
پیوے تو پیڑو کا درد اور پتھری جاوے یا ارنی کی چھال یا پاکھان بھید۔ زنجبیل۔ گوکھرو۔ انکا
کاڑھا جواکھار ڈالکر پیوے تو پتھری جاوے یا گوکھرو کے چورن مین پانچ درم شہد ملاکر بھیڑ کے
دودھ مین پیوے تو پتھری جاوے۔ یا بیخ برنا کا کاڑھا کرکے اسمین قند سیاہ ڈالکر پیوے تو
پتھری کا عارضہ اور پیڑو کا درد دور ہو۔ یا ادرک کا رس۔ جواکھار۔ پوست ہلیلہ۔ ملیا گر چندن
ان کا کاڑھا کرکے وہی ڈالکر پیوے تو پتھری دور ہو۔ یا برنا کا چھلکہ دو سو تولہ لیکر اس مین
چوگنا پانی ڈالکر اوٹاوے۔ جب چوتھا حصہ رہجاوے اُسمین دو سو تولہ قند سیاہ کی چاشنی
کرکے چکنے برتن مین رکھے۔ اسمین زنجبیل ۲ تولہ۔ تخم پیٹھا ایک درم۔ مغز ہیرہ ۲ تولہ۔ تخم بتھوا ۲
تولہ۔ تخم سہجنہ ۲ تولہ۔ داکھ ۴ تولہ۔ الائچی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ۔ بابے برنگ ۲ تولہ۔
انکو پیسکر اسمین ڈالکر خوب ملاکر ہر روز کھاوے تو پتھری کا عارضہ دور ہو۔ یہ برنا دگڑ
کا اولیہ ہے۔ یا مجیٹھ۔ تخم تورسی۔ زیرہ سفید۔ بادیان ۔ ملہ۔ ہیرکی بھنگی۔ گندھک مصفا
آملہ سار۔ سینسل۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ½ درم ہر روز شہد کے ساتھ کھاوے تو
پتھری یقیناً دور ہو یا ۵ تولہ بھر کلتھی کا کاڑھا کرکے اُس مین سیندھا نمک ۲ ماشہ۔ سرپھوکا
رس ۲ ماشہ ملاکر پیوے تو پتھری دور ہو یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا ہلدی کا چورن
۵ درم۔ قند سیاہ ۱۰ درم ان کو ایک ماشہ کانجی مین ڈالکر پیوے تو پتھری دور ہو یا نمک سیاہ۔
دودھ۔ ملہٹی کی راکھ یہ سب شراب مین ملاکر تین دن پیوے تو پتھری جاوے۔ یہ چکردت
مین لکھا ہے۔ یا ملہٹی کی راکھ ۲۰ درم۔ شہد ۵ درم۔ ان کو دودھ کے ساتھ پندرہ دن
پیوے تو پتھری ضرور گر پڑے۔ یا بیخ گوپال ککڑی یعنی اندر کا کڑی ۲ درم لیکر اور اسکو

رات میں بھگو رکھے صبح کے وقت اسی پانی میں پیس کر سات دن پیے تو تھیری آلت کے ذریعہ سے گر پڑے - یہ راج مارتنڈ میں لکھا ہے - یا کلتھی - سیندھا نمک - پاسے برنگ - سار بصری - سانٹھی کا رس - جو اکھار - بیٹھے کا رس - تل کا کھار - پیٹھے کے بیج - گوکھرو - ان سب کا کاڑھا کر کے اسمیں لگائے کانگھی پکا کر ہوا تولہ ہمیشہ کھاوے - تو تھیری - مو ترکر چھر - موتر اگھات - شکر بندہ - ان سب عارضوں کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام کلتھیا دگھرت ہے یہ برند میں لکھا ہے - اور مونگ - جو - گیہون - چانول - دودھ - گھی - ٹھنڈا - سیندھا نمک اس عارضہ میں کھانے چاہئیں -

پرمیہہ کے عارضہ کی پیدایش اور علامت

زیادہ نشے اور بہت سونے اور نئے پانی کے پینے اور بکرا بھیڑ اور قند سیاہ وغیرہ بہت شیرین چیزون کے اور بہت دہی اور بلغم پیدا کرنے والی چیزون کے کھانے اور محنت اور بہت جماع کرنے اور دھوپ کے رہنے اور خلاف طبیعت چیزون کے کھانے اور بہت شراب پینے اور نئی چیزون کے کھانے سے آدمی کے پرمیہہ یعنی جریان کا عارضہ پیدا ہوتا ہے -

باد صفرا کے پرمیہہ کی پیدایش] پیڑو میں چربی اور گوشت اور بدن کا پانی پہونچے اسکو بلغم خراب کرنے بلغم کے پرمیہہ کو پیدا کرتے ہیں لیسے ہی صفرا گرم چیز سے فاسد ہو کر پیڑو میں جو چربی اور گوشت کا پانی پہونچتا ہے انکو خراب کر کے صفرا کے پرمیہہ کو کرتے ہیں لیسے ہی باد بھی کمزور بلغم اور صفرا کو پیڑو میں پہونچا کر صاف گوشت کی چربی اور بدن کے پانی کو پیڑو کی نسون میں پہونچا کر بادی پرمیہہ کو کرتے ہیں اور بلغم کے دش پرمیہہ قابل علاج ہیں کیونکہ عام علاج سے جاتے ہیں اور صفرا کے چھ پرمیہہ جاپیہ ہیں یعنی ہمیشہ موجود رکر دوا کھانے سے دبے رہتے ہیں - اسکے علاج میں دوا وغیرہ کا ردو بدل ہوتا ہے اور باد کے چار پرمیہہ لاعلاج ہیں وہ نہیں جاتے اور بدن کو ضعیف کر دیتے ہیں -

بیس طرح کے پرمیہون کا نام] اودک پرمیہہ - اچھو پرمیہہ - ساندر پرمیہہ - سُرا پرمیہہ - پشٹ پرمیہہ - شکر پرمیہہ - سکتا پرمیہہ - شیت پرمیہہ - شنیہ پرمیہہ - لالا پرمیہہ - یہ دس تو بلغم کے پرمیہہ ہیں اور چھار پرمیہہ - نیل پرمیہہ - کالا پرمیہہ - ہارِدر پرمیہہ - مانجشٹھ پرمیہہ - رکت پرمیہہ - یہ چھ صفرا کے پرمیہہ ہیں - اور بسا پرمیہہ - نیل پرمیہہ - کا پرمیہہ - ہتی پرمیہہ - یہ چار باد کے

پرمیہہ ہین۔ یہ بیس پرمیہہ یا گہٹ شسترت چرک بھاؤ پرکاش وغیرہ کے مطابق ہین اور آتریئے کی رائے سے اور زیادہ ہین۔ وہ لکھتے ہین پوتی پرمیہہ۔ تکر پرمیہہ۔ پنڈ کا پرمیہہ۔ تُرکا پرمیہہ۔ گھرت پرمیہہ۔ بہت موتر پرمیہہ۔

پرمیہہ کی پہلی شکل] دانت اور تالوا ور زبان مین میل زیادہ ہو ہاتھ اور پیرون مین سوزش اور بدن چکنا ہو۔ پیاس بہت لگے۔ منھ میٹھا رہے۔ یہ علامتین ہون تو سمجھو کہ اسکے پرمیہہ کا عارضہ ہوگا۔

پرمیہہ کی عموماً علامتین] بہت ٹھنڈا اور پتلا پیشاب ہو تب جاننا چاہیئے کہ اسکے پرمیہہ ہوگا

بلغم کے دس پرمیہہ ترتیب سے لکھتے ہین

اودک پرمیہہ کی علامتین] بغیر میل کے سفید اور ٹھنڈا بہت بغیر بو کے پانی کے مانند کچھ بدرنگ اور چکنا پیشاب کرے اُسکو اودک پرمیہہ کہتے ہین۔

اِکچھو پرمیہہ کی علامتین] نیشکر کے رس کے مانند میٹھا ہو اُسکو اِکچھو پرمیہہ کہتے ہین۔

ساندر پرمیہہ کی علامتین] جیسے باسی پانی برتن مین رکھا ہوا ٹھنڈا ہوتا ہے ویسا ہی آدمی پیشاب کرے اُسکو ساندر پرمیہہ کہتے ہین۔

سُرا پرمیہہ کی علامتین] جسکے پیشاب مین شراب کی سی بدبو آوے اور اُسکا پیشاب اوپر کو صاف ہو اور نیچے بدرنگ ہو اُسکو سُرا پرمیہہ کہتے ہین۔

پشٹ پرمیہہ کی علامتین] چانول وغیرہ کے چورن کے پانی کے مانند سفید نہایت آزار دے کر پیشاب اُترے اور پیشاب کرتے وقت بال کھڑے ہو جاوین اُسکو پشٹ پرمیہہ کہتے ہین۔

شُکر پرمیہہ کی علامتین] منی سمیت پیشاب گرے اُسکو شُکر پرمیہہ کہتے ہین۔

سکتا پرمیہہ کی علامتین] جسکے پیشاب مین بالو کے ذرون کے مانند بلغم کی پھٹکین آوین اُسکو سکتا پرمیہہ کہتے ہین۔

شیت پرمیہہ کی علامتین] باربار ٹھنڈا پیشاب کرے اُسکو شیت پرمیہہ کہتے ہین۔

شنیھ پرمیہہ کی علامتین] آہستہ آہستہ نہایت سُستی سے پیشاب کرے اُس کو

شنیہ پرمیہہ کہتے ہین۔

لالا پرمیہہ کی علامتین] لعاب کی تانت سمیت موتے۔ اسکو لالا پرمیہہ کہتے ہین۔ یہ دس بلغم کے پرمیہہ ہین۔

صفرا کے چھ پرمیہہ ہین پہلے چھار پرمیہہ کی علامتین

جس کے پیشاب مین کھار کی سی بدبو آوے اور اسی کا رنگ ہو اور کھاری پانی کے مانند پیشاب کرے اُسکو چھار پرمیہہ بولتے ہین۔

نیل پرمیہہ کی علامتین] جس کا پیشاب نیل کے رنگ کے مانند اُترے اُسکو نیل پرمیہہ کہتے ہین۔

کال پرمیہہ کی علامتین] روشنائی کے مانند سیاہ پیشاب کرے اُسکو کال پرمیہہ کہتے ہین

ہاردر پرمیہہ کی علامتین] ہلدی کے رنگ کے مانند تلخ اور سوزش لیے پیشاب کرے اُسکو ہاردر پرمیہہ جانو۔

منجشٹھ پرمیہہ کی علامتین] مجیٹھ کے پانی کے رنگ کے مانند پیشاب کرے اور بدبو بہت آوے اُسکو منجشٹھ پرمیہہ جانو۔

رکت پرمیہہ کی علامتین] خون کے مانند بدبودار پیشاب بہت کرے اُس کو رکت پرمیہہ کہتے ہین۔ یہ چھ صفرا کے پرمیہہ ہین۔

بادے کے چار پرمیہون مین پہلے بسا پرمیہہ کی علامتین

یخنی کے رنگ کے مانند پیشاب کرے اُسکو بسا پرمیہہ کہنا چاہیے۔

مجا پرمیہہ کی علامتین] ہڈیون کی مینگی کو لیے اور اُسکے رنگ کے مانند بار بار پیشاب کرے اُسکو مجا پرمیہہ کہتے ہین۔

چھودر پرمیہہ کی علامتین] کسیلا اور شہد کے مانند اور روکھا جسکا پیشاب ہو اسکو چھودر پرمیہہ جانو۔ اور جس شخص کے پرمیہہ ہو اور وہ علاج نہ کرے اور پرمیہہ بہت بگڑ جاوے اور ایسا بیمار بدپرہیزی کرے اُسکے مدھو پرمیہہ ہوتا ہے اور یہ لا علاج ہے۔

بلغم کے پرمیہہ کا فساد] کھانا ہضم نہ ہو کھانے سے نفرت ہو اور قے کرے نیند اور

کھانسی بہت آوے چھینکیں ہو۔ یہ بلغم کے پرمیہہ کے فساد ہین۔

صفرا کے پرمیہہ کا فساد] پیڑو اور آلت مین درد ہو فوطے پھٹنے لگین۔ بخار۔ سوزش۔ پیاس۔ بیہوشی اور اسہال ہو کھٹی ڈکارین آوین یہ صفرا کے پرمیہہ کے فساد ہین۔

بادی کے پرمیہہ کا فساد] جس مین اودا ورت روگ ہو۔ بدن کانپے۔ سینے مین درد ہو۔ سب رسون کے کھانے کی خواہش رہے۔ درد شکم ہو۔ نیند نہ آوے۔ بدن سوج جاوے کھانسی اور دمہ ہوے یہ بادی پرمیہہ کے فساد ہین۔

لاعلاج پرمیہہ کی علامتین] باد صفرا بلغم کے فسادون سمیت جس شخص کے پرمیہہ ہو اُسکو لاعلاج جانو وہ مرجاوے اور پرمیہہ کی وش پیڑکا کہی ہین اُنکے سمیت جو شخص ہے وہ بھی مرجاتا ہے۔

آتریئے جی کی راے سے جو پرمیہہ ہین اُن کے نام اور علامتین

پوے پرمیہہ۔ تکر پرمیہہ۔ پیڑکا پرمیہہ۔ شرکرا پرمیہہ۔ گھرت پرمیہہ۔ ات موتر پرمیہہ۔

پوے پرمیہہ کی علامتین] پیپ کے مانند پیشاب کرے اُسکو پوے پرمیہہ کہتے ہین۔

تکر پرمیہہ کی علامتین] جسکا پیشاب مٹھے کے مانند اُترے اور پیشاب مین مٹھے کے مانند بو آوے اُسکو تکر پرمیہہ جانو۔

پیڑکا پرمیہہ کی علامتین] جس کے پیشاب مین منی کی پھٹک پڑے اُس کو پیڑکا پرمیہہ کہنا چاہیئے۔

شرکرا پرمیہہ کی علامتین] جسکا پیشاب مصری کے مانند میٹھا اور مصری کے رنگ کے مانند ہو اُسکو شرکرا پرمیہہ کہنا چاہیئے۔

گھرت پرمیہہ کی علامتین] جس کے پیشاب کا رنگ گھی کے مانند ہو اُسکو گھرت پرمیہہ کہتے ہین۔

آت موتر پرمیہہ کی علامتین] جس شخص کے رات اور دن کو بہت پیشاب اُترے اور وہ شخص کمزور ہو جاوے۔ اُسکو آت موتر کہنا چاہیئے۔ یہ چھہ آتریئے جی کے راے کے مطابق پرمیہہ ہین۔

جریان والے شخص کے دس قسم کی پیڑکا یعنی پھنسی ہوتی ہین اُنکے نام

شرابکا۔ کچھپکا۔ جالنی۔ بنتا۔ الجی۔ مسورکا۔ سرشپکا۔ پترنی۔ بدارکا۔ بدردھ۔

پیڑکا پرمیہہ کی علامتین] بدن کے مضبوط جگہ مین اُن کے مرم استھان ومن جوڑون مین پیدا ہون۔

شرابکا کی علامتین] پھنسی اوپر تو اونچی اور جسکے بیچ مین گڑھا ہو اسکو شرابکا کہتے ہین۔

کچھپکا کی علامتین] تیچھے لیے ہوئے جو بدن کے مضبوط اعضا ہین اُنکے سرون کے برابر سوزش لیے کچھوے کی طرح پھنسی ہو اُسکو کچھپکا کہتے ہین۔

جالنی کی علامتین] جس پھنسی مین سوزش بہت ہو اور وہ گوشت کے مجموعہ مین ہو اُسکو جالنی کہتے ہین۔

بنتا کی علامتین] جس پھنسی کے اندر درد ہو اور وہ پھنسی بڑی ہو اور پیٹھ کے پیچھے یا شکم مین ہو اُسکو بنتا کہتے ہین۔

الجی کی علامتین] جو پھنسی سُرخ اور سیاہ ہو بہت پھٹے و روز زیادہ ہو اُسکو الجی بولتے ہین۔

مسورکا کی علامتین] جو پھنسی مسور کے برابر ہو اور اُسکا مسور ہی کا سا رنگ ہو اُسکو مسورکا کہنا چاہیئے۔

سرشپکا کی علامتین] جو پھنسی سرسون کے مانند ہو اور سرسون کا سا ہی رنگ ہو اُسکو سرشپکا کہتے ہین۔

پترنی کی علامتین] جو پھنسی اُٹھتے ہی بڑی اُٹھے اُسکو پترنی کہتے ہین۔

بدارکا کی علامتین] جو پھنسی بداری قند کے مانند گول اور سخت ہو اور سیاہی رنگ ہو اُسکو بدارکا کہتے ہین۔

بدردہ کی علامتین] بدردہ کا عارضہ چھ قسم کا ہے اُسکی علامتین پیچھے لکھی ہین وہی یہان بھی جان لینا چاہیئے۔ دس قسم کی پھنسیان جریان کے مریض کو ہوتی ہین اور جسکی چربی خراب ہو اُسکو بغیر جریان کے عارضے کے بھی پیدا ہوتی ہین۔

دس پھنسیون کے فساد] پیاس۔ کھانسی ہو۔ گوشت سڑے۔ ہچکی اور تھوڑا بخار۔ بسرپ۔

کا روکنا۔ یہ اسکے فساد ہین۔

لا علاج پھنسیون کی علامتین] متعدد سینہ۔ پیشانی۔ کندھون مین کم باضمہ والے کے پھنسیان ہون تو لاعلاج جانو کئی بیدون کی راے یہ ہے کہ عورتون کو جریان کا عارضہ نہین ہوتا کیونکہ عورت کے مہینے مہینے مین حیض ہوتا ہے اُس سے کل عارضے جاتے رہتے ہین۔

پرمیہہ جاتا رہا ہو اُسکی علامتین] پیشاب صاف ہو اور پانی کے مانند رقیق ہو اور تلخ اور تیکھا ہو جائے اسکا پرمیہہ گیا ہوا جانو۔

رکت پت پرمیہہ کی قسم] جس کے بدن کا رنگ ہلدی کے مانند ہو جائے اور پیشاب خون کے مانند اُترے اُس کے خون کا پرمیہہ جاننا چاہیے یا رکت پت کا فساد جانو۔

پرمیہہ کا علاج] سانوان۔ گندم۔ نخود۔ ارہر۔ کلتھی۔ جو۔ مونگ۔ موٹھ۔ سانٹھی چانول ہمیشہ اسقدر اشیا پُرانی کھاوے۔ اور تیکھا ساگ۔ ہرن کا گوشت کبھی نہ کھاوے اور قند سیاہ وغیرہ شیرین چیز دودھ۔ گھی۔ تیل۔ مٹھا۔ شراب۔ کھٹائی۔ سانٹھا یعنی پونڈے کا رس۔ پسا اناج۔ انوپ دیس کا گوشت۔ پرمیہہ والا اتنی چیزون سے پرہیز رکھے۔

بلغم کے دس پرمیہہ والے کو یہ کاڑھا پینا چاہیے] اگر موتھا۔ پوست ہلیلہ بودھ تیھانی۔ کا پھل۔ انکو برابر لیکر جوکوٹ کرکے ۵ درم کا کاڑھا ہر روز شہد ڈالکر پیے تو صفرا اور بلغم کے پرمیہہ جاوین یا خس۔ لودھ کا ہوکا چھلکا۔ سُرخ چندن مساوی الوزن لیکر اور جوکوٹ کرکے ۵ درم کا کاڑھا ہر روز شہد ڈالکر پیے تو صفرا کا پرمیہہ دور ہو یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔

جل پرمیہہ کا علاج] دھو کے درخت کی چھال۔ کدمب کی چھال۔ سُرخ چندن۔ سال درخت کی چھال انکا کاڑھا کرکے پیے تو یہ مرض جاوے۔

خون کے پرمیہہ کا علاج] باسی پانی مین داکھ کا شربت کرے اسمین ملیٹھی اور صندل سفید ڈالکر پیے تو رکت پرمیہہ جاوے۔

چھار پرمیہہ کا علاج] نہایت خوبصورت عورت کے ساتھ مباشرت کرنے سے چھار پرمیہہ

جاوے یا دھو کے درخت کا چھلکا۔ کاہو کے درخت کا چھلکا۔ اڑوسہ کا چھلکا۔ کیسرو۔ کیلے کے
درخت کے اندر کا سفید بکل۔ بیخ کنول۔ داکھ۔ انکا کاڑھا کرکے دے تو بچار پرمیہ جاوے

تکر پرمیہ کا علاج] لودھ پٹھانی۔ کاہو کا چھلکا۔ خس۔ نیم کے پتے۔ آملہ۔ سرخ صندل۔ ان سب کا
کاڑھا کرکے قند سیاہ ڈالکر پیے تو تکر پرمیہ اور پیڑکا پرمیہ جاوے۔

شکر پرمیہ کا علاج] دوب۔ مور با یعنی مورہری۔ بیخ ڈابھ۔ کاس کی جڑ۔ دتیولی۔ جھجھڑ۔
سالر کا چھلکا۔ انکا کاڑھا پیے تو شکر پرمیہ اور خون کا پرمیہ یہ دونوں جاویں۔

گھرت پرمیہ کا علاج] ترپھلا۔ مغز املتاس۔ بیخ املتاس۔ مورہا یعنی مورہری۔ برگ نیم۔ کیلے
کا سفید چھلکا۔ مویز منقی۔ داکھ۔ انکا کاڑھا دے تو گھرت پرمیہ جاوے۔

اچھو پرمیہ کا علاج] کوٹ۔ پت پاپڑہ۔ کٹکی۔ مصری۔ انکا کاڑھا دے تو اچھو پرمیہ جاوے
یا بیخ ارنی۔ پاڑھل۔ دھماسہ۔ ارلو۔ بیخ چھیلا۔ ان کا کاڑھا پیے تو اچھو پرمیہ جاوے۔

پت پرمیہ کا علاج] بیخ کنول۔ کاہو کا چھلکا۔ اندرجو۔ دھو کا چھلکا۔ املی کی چھال۔ آملہ
بنولی۔ ان میں مصری ڈالکر پیے تو صفرا کا پرمیہ جاوے۔ یا بابے بڑنگ۔ رال۔ کاہو کے
درخت کا پوست۔ کائپھل۔ کدمب کا پوست۔ لودھ۔ بجے سار۔ انکا کاڑھا پیے تو صفرا
کا پرمیہ دور ہو۔ یہ سب طرح کے جریان اور پیشاب کے عارضوں کو دور کرتا ہے یا کریلی
اور پوست ہلیلہ۔ ہلدی۔ کاہو کے درخت کا پوست یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ان کے برابر
مصری ملاکر بقدر ۵ درم شہد کے ساتھ کھائے تو سب طرح کے پرمیہ جاویں۔

مدھو پرمیہ کا علاج] برگد۔ ارلو۔ چرونجی۔ آملہ۔ پیپل کلاں۔ املتاس۔ ان سب کی جڑ کا چھلکا۔
اصل السوس۔ پوست نیم۔ پٹول۔ پوست برگد۔ دانتیونی۔ میڑھاسنگی۔ چترک۔ بیخ گنگچی۔ اندرجو۔
ترپھلا۔ بھلانواں مصفا۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ تج۔ تیزج۔ الائچی۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر
۲ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو مدھو پرمیہ دور ہو یا برگد کی جٹا وغیرہ سے ان دونوں کا
کاڑھا دے یا انکے تیل کی مالش کرے یا انکا گھی بنا کر کھائے تو مدھو پرمیہ جاوے۔
اس کا نام نیگرودھادی چورن ہے یا سونا مکھی مصفا۔ پاکھان بھید۔ سلاجیت مصفا۔ صندل۔
پکھورہ۔ پیپل۔ بنسلوچن۔ یہ سب برابر لیکر اور باریک پیسکر ڈھائی دام یہ دوا اور ادرم شہد

ملا کر گائے کے دودھ کے ساتھ ہر روز پیوے تو مدھو پرمیہ اور پیشاب کی رکاوٹ ان سب کو
یہ دور کرتا ہے۔ یہ سب علاج آتریئے میں لکھے ہیں۔

چندر پربھا گٹکا

کچور ایکدرم۔ نیچ ایکدرم۔ ناگر موتھا ایکدرم۔ چراتا ایکدرم۔ دیودارا ایکدرم۔ زرد چوب ایکدرم۔ اتیس
ایکدرم۔ دار ہلدی ایکدرم۔ پیپلا مول ایکدرم۔ چترک ایکدرم۔ کشنیز ایکدرم۔ ترپھلا ایکدرم۔ چب
ایکدرم۔ گج پیپل ایکدرم۔ جواکھار ایکدرم۔ سجی ایکدرم۔ سیندھا نمک ایکدرم۔ نمک سیاہ ایکدرم۔
سانبھر نمک ایکدرم۔ سارہ ۲ درم۔ مصری ۲۰ درم۔ سلاجیت مصفا ۴ درم۔ گوگل مصفا ۴ درم۔
ان سب کو علیحدہ علیحدہ باریک پیسے پھر سبکو خوب ملا دے پھر پارہ مصفا ایکدرم گندھک مصفا ایکدرم
ایکدرم۔ پارہ اور گندھک کو حل کرے یہ سب دوا اس میں ملا دے پھر چار ماشہ شہد اور
گھی کے ساتھ کھاوے تو سب طرح کے جریان۔ بواسیر۔ چھیئی روگ۔ منی کا فساد۔ آنکھ
اور دانتوں کا عارضہ۔ کھانسی۔ پانڈو روگ۔ پاؤن کا درد۔ درد شکم۔ موتر کرچھ۔ موتر اگھات
پھیا۔ کوڑھ۔ ان سبکو یہ دور کرتا ہے اور اسکا نام چندر پربھا گٹکا ہے۔ بانتر پھلا ۸ تولہ۔
زیرہ ۸ تولہ۔ کشنیز ۸ تولہ۔ جائپھل ۴ تولہ لونگ ۲ تولہ۔ ناگ کیسر ۴ تولہ۔ تخم بالنگ ۴ تولہ۔
تخم کونچ ۸ تولہ۔ الائچی خورد ۴ تولہ باریک خوب پیسکر مصری اور گھی میں ملا کر ۲ تولہ کا لڈو
بنالے ایک صبح کے وقت کھائے تو سب طرح کے پرمیہ دور ہوں اس کا نام پرمیہا د
ہورن ہے۔

مدھو پرمیہ کا علاج] پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ کاہو کے درخت کا پوست۔ مصری
انکو برابر لیکر کھرل میں باریک پیسکر بیج سال کی تین پٹ دے پھر اسکو کھرل کرکے ایک ماشہ
کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو مدھو پرمیہ جاوے یا لودھ پٹھانی ایکدرم
شہد سے یا گروچی کے کاڑھے سے کھاوے تو پرمیہ جاوے۔ ایلوکا ست۔ ترپھلا۔ بسلر
یہ تینوں ملا کر ایکدرم شہد ملا کر کھاوے تو پرمیہ دور ہو۔ مصری۔ سنگھاڑا۔ ریوند چینی یہ
سب برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم پانی سے ہمیشہ کھاوے تو بہت دنوں کا بھی پرمیہ
دور ہو۔ یا بنگیشر یعنی رانگے کی راکھ ایک رتی شہد سے کھاوے اور اسکے اوپر یہ گولہ

سے کچلہ کا چورن شہد سے کھاوے تو لاعلاج پرمیہہ بھی مفرور جاوے یا پکے ہوئے گولر
کا پھل بقدر ایکدرم سفید نمک کے ساتھ کھاوے تو لاعلاج پرمیہہ دور ہو۔

بنگیشر رس یعنی رانگے کے کشتہ بنانے کی ترکیب

عمدہ رانگا ۱ تار گلاوے اور اسمیں گلتے وقت آدھ پاؤ پارہ مصفا ڈالے پھر اسکی تھالی یا
تپلی پتری جاوے پھر اسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے جدا رکھے پھر پانچ پانچ سیر گوبر کے بڑے
دو کنڈے تھاپے ایک اُپلے کے اوپر دو سیر گیہو پیسا ہوا بچھاوے اور تدبیر سے پسی ہوئی منہدی
اسمیں ایک تار ملاوے پھر پارہ[1] اور رانگ کے ٹکڑون کو تدبیر سے رکھو اوپر دوسرا کنڈا رکھے
پھر اسی تدبیر سے جہان ہوا نہ آتی ہو اس جگہ پر پھونکدے پھر ٹھنڈا کرکے جب اسکا پھول
سفید ہو جاوے اور پوری تول اترے تب نکال لے یہ بنگیشر رس کی ترکیب ہے۔ یہ
علیحدہ علیحدہ بدرقون سے سب طرح کے عارضون کو دور کرتا ہے۔

سپاری پاک

دکھنی سپاری ۱۶ تولہ باریک پیسکر گاے کے ۱۶ تولہ گھی مین بھونے اور تین سیر گاے کے
دودھ مین پکاوے کہ کھویہ ہو جاوے پھر اُسمین ناگ کیسر ۵ درم۔ ناگر موتھا ۵ درم۔ چندن سفید ۵ درم
زنجبیل ۵ درم۔ فلفل سیاہ ۵ درم۔ پیپل ۵ درم۔ آملہ ۵ درم۔ کوہلہ کا بیج ۵ درم۔ جائپھل ۵ درم۔ لونگ ۵ درم
کشنیز ۵ درم۔ چرونجی ۵ درم۔ تج ۵ درم۔ تیرج ۵ درم۔ الائچی ۵ درم۔ دونون زیرے ۱۰ درم
سنگھاڑا ۵ درم۔ بنسلوچن ۵ درم۔ ان سب کو باریک پیسکر ماوے مین ملاوے پھر سو تولہ بھر
مصری کی چاشنی کرے اس چاشنی مین سب دواؤن سمیت اس ماوے کو ڈالے پھر اسکی
۲ تولہ بھر کی گولی باندھے ایک گولی صبح کے وقت اور ایک شام کو کھاوے تو پرمیہہ
جریان جوہر۔ امل پت۔ بواسیر۔ بدہضمی۔ ضعف معدہ۔ منی کے فساد اور پردر انکو یہ دور کرکے
جلد کو تازہ کرتا ہے۔ اسکا نام سپاری پاک ہے۔

گوکھرو پاک

گوکھرو آدھ سیر لیکر باریک پیسکر گاے کے ایک سیر گھی مین ملاوے پھر پانچ سیر گاے

[1] جہان پارہ ڈالے وہان شنگرف کا نکلا ہوا ڈالے ۱۲

کے دودھ مین اسکو پکا کر ماوا بنالے اور اسمین پیپل گری ۲۰ درم کالی مرچ ۲۰ درم جاپھل ۲۰ درم
سمندر سوکھ ۲۰ درم الائچی ۲۰ درم بھیم سینی کافور ۲۰ درم تیرج ۲۰ درم دارچینی ۲۰ درم زرد چوب
۲۰ درم کوٹ ۲۰ درم تال مکھانا ۲۰ درم افیون ۲۰ درم ان دواؤن سے آدھی بھنگ لیکر اُن کو
باریک پیسکر اس ماوے مین ڈالے پھر چار سیر مصری کی چاشنی کرے اس پانی مین دوا سمیت
ماوا ملا کر ۵ درم کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز صبح کے وقت کھائے تو پرمیہ کو دور کرے امساک
ہو اور عورتون کو بہت خوش کرے یا چترک گندھک مصفا زنجبیل۔ کالی مرچ پارہ مصفا
سنگی ہرو مصفا۔ ترپھلا۔ ناگرموتھا۔ یہ سب برابر لیکر پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر
اس مین یہ دوا باریک پیسکر ملاوے پھر اس مین بھانگرے کے رس کی ایک پُٹ دیکر
پھر کھرل کرے پھر ایکدرم بھر کی گولی باندھے۔ ایک گولی ہر روز صبح کے وقت کھائے تو
اٹھارہ طرح کا کوڑھ دور ہو اس کا نام پنچانن گٹکا ہے۔ یہ سب بیدک مین لکھے ہین۔
یا بھیم سینی کافور ایک ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ افیون ۴ ماشہ۔ جاوتری ۴ ماشہ ان سبکو
برگ تنبول کے رس مین پیسکر ایک رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز دودھ اور مصری
کے ساتھ کھائے تو پرمیہ سب قسم کے دور ہون اور امساک پیدا کرے۔

کثرت پرمیہ کا علاج] گلو۔ چترک۔ پارہ۔ کڑائی چھال۔ بُھنی ہینگ۔ کٹکی۔ کوٹ یہ سب
برابر لے کر باریک پیسکر ۲۰ درم گھی سے کھائے تو کثرت پرمیہ دور ہو۔ یا آملہ۔ ہلدی۔ یہ
برابر لے کر ۵ درم رات کو بھگو کر صبح کے وقت اسی پانی مین پیسکر اور شہد ملا کر ہر روز پیے
تو سب طرح کے پرمیہ دور ہون۔ یا پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ سار۔ سونا مکھی مصفا۔ زنجبیل
فلفل سیاہ۔ پیپل کلان۔ ترپھلا۔ سلاجیت۔ بیرکی مینگی۔ زرد چوب۔ کیتھو یہ سب برابر لیکر
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اس مین یہ دوا باریک پیسکر ملاوے پھر بھانگرے
کے رس کی ۷ پُٹ دے پھر سوا درم ہر روز کھاوے تو سب طرح کے پرمیہ دور
ہون اس کا نام میگھناد رس ہے یا پارہ مصفا۔ ابرک برابر لیکر آملہ کے رس مین سات دن
کھرل کرے پھر ایک رتی ہر روز کھائے تو سب طرح کے پرمیہ جاوین اسکا نام ہرشنکر رس
ہے۔ یا الائچی خرد۔ بھیم سینی کافور۔ بھارنگی۔ جاپھل۔ گوکھرو کلان۔ پوست سالر موچرس

پارہ مصفا۔ ابرک۔ رانگے کا کشتہ یہ سب برابر لے انگوٹھوں میں باریک پیسکر دو رتی ہر روز شہد سے کھاوے تو سب طرح کے پرمیہ دور ہوں اسکا نام پرمیہ کٹھار رس ہے یا تخم بکاین بقدر ۵ درم چانول کے پانی میں پیسکر اس میں گائے کا گھی ملا کر ہر روز پیوے تو بہت دن کا بھی پرمیہ دور ہو یہ علاج سرب سنگرہ میں لکھا ہے۔

آتریے رکھی کی رائے سے پرمیہ اور پیڑکا یعنی پھنسی کی علامتیں اور علاج

صفرا کی پھنسی زرد یا سرخ اور سوزش اور بخار ہو اور بادی کی پھنسی سیاہ ہو۔ بدن کانپے پیشاب کرتے وقت درد ہو جس سے آدمی نہایت آزردہ اور دق ہو اور بلغم کی پھنسی سفید اور بدرنگ اور ٹھنڈی ہو۔ دیر میں پکے۔ سوجن لیے ہو۔ یہ سب علامتیں ہوں تو اسکو سنپات یعنی تینوں خلطوں کے فساد کی پھنسی جانو۔

پیڑکا کا علاج] دہو۔ کاہو۔ کدمب۔ بیر۔ شیشم۔ نیم کے پوست کا کاڑھا کر اس پانی سے اس پھنسی کو دھووے تو پھنسی دور ہو۔

آلت کے اوپر پیپ پڑگئی ہو اسکا علاج] کاہو اور کدمب کا پوست اور تیندو کے درخت کا ملائم اندر کا پوست ملے کر کاڑھا بناوے اور اس سے دھووے تو یہ مرض جاوے۔

آلت کے اوپر بادی کے پیڑکا یعنی پھنسی ہو اسکا علاج] بھانگرے کا رس برگ تلسی۔ برگ پٹول کو کانجی سے پیسکر لیپ کرے تو پھنسی دور ہو۔

صفرا کے پیڑکا یعنی پھنسی کا علاج] ملیٹھی۔ کوٹ۔ صندل سرخ۔ خس۔ مدکھ۔ گیرو۔ کنول گٹہ۔ یہ دودھ میں پیسکر صفرا کی پھنسیوں پر لیپ کرے تو جلن دور ہو۔

آلت کی پھنسی پک جائے اسکا علاج] ٹھنڈے پانی سے سو مرتبہ کے دھوئے ہوئے مسکہ کا لیپ کرے تو اسکی سوزش دور ہو۔ یا کدمب۔ کاہو۔ انار۔ کھیر۔ آملہ کے پتوں کو گرم پانی سے پیسکر لیپ کرے تو یہ پھنسیاں دور ہوں یا تریپھلے کے پانی کے دھونے سے پیپ دور ہو۔ یا کانجی مٹھے اور ٹھنڈے پانی کے دھونے سے پیپ جاوے۔ یہ علاج آتریے میں لکھا ہے۔

لالا پرمیہ کا علاج] کپاس کی مینگی کو بھینس کے مٹھے میں سات دن کھرل کرے

پھر اس میں سے دو ماشے ہر روز کھاوے تو لالا پرمیہ دور ہو یہ رس رتناکر میں لکھا ہے۔

موترپرمیہ کا علاج] پارے کا کشتہ۔ بنگ کا کشتہ۔ سار۔ ابرک۔ ان سب کو برابر لیکر شہد میں ایک روز کھرل کرے پھر ایک ماشہ شہد سے ہمیشہ کھاوے تو زیادہ پیشاب آنے والا پرمیہ دور ہو۔ اسکا نام مالک رس ہے۔ اس رس کے کھانے کے پیچھے پکے ہوئے گولر کا چورن بقدر ۲ ماشہ کھائے تو یہ بیماری دور ہو یا پنج بکتر رس بقدر ۲ ماشہ لے تو یہ بیماری جاوے۔ یہ علاج رس رتناکر میں لکھا ہے۔

باب تیرھواں

شکم وغیرہ کی بیماریوں کا بیان

میدیعنی شکم کے بڑھ جانے کی بیماری کی پیدایش علامت اور علاج

بہت عیش و آرام کرنے اور بیٹھے رہنے اور دن کے سونے اور بلغم پیدا کرنیوالی اور شیرین اور گھی وغیرہ مرغن چیزوں کے کھانے سے شکم بڑھ جاتا ہے تب آدمی کچھ کام نہیں کر سکتا کیونکہ جو ہڈیاں چربی منی وغیرہ دھات ہیں وہ شکم بڑھنے سے قوت نہیں پکڑتیں اسلیے آدمی نکما ہو جاتا ہے۔

مید کے اور فساد] جسکو پیٹ بڑھنے کا عارضہ ہو اسکے دمہ۔ پیاس غفلت وغیرہ ہوں کراہتا ہووے بغل میں درد ہو چھینکیں اور پسینا آوے۔ بدن میں بدبو آوے اور مباشرت کرنے کی طاقت نہ ہو یہ مید کی علامتیں ہیں۔

مید کی جگہ] جانداروں کے شکم میں چربی رہتی ہے۔ اس سبب سے وہ چربی شکم کو بڑھا دے اور پھیلاوے کیونکہ چربی سے ڈھکی ہوئی ہوا معدہ میں گھوم کر ہاضمہ کی آگ کو روشن کر کے کھانے کی ہی خواہش زیادہ کرتی ہے تب اس شخص کو بہت خوراک کھانے سے طرح طرح کے دہشتناک عارضے پیدا ہوں پھر جو شکم میں ہوا اور آگ رہتی ہے اس سے زبر ہو کر اسکو جلا دے پھر چربی کے بہت بڑھنے سے شکم میں جو بلغم صفرا اور آگ رہتے ہیں وہ بہت سے فسادوں کو پیدا کر کے اس شخص کو مار ڈالتے ہیں

استھول کی علامتیں] چربی اور گوشت جب بہت بڑھے تب اُس شخص کے سُرین شکم -
پستان بڑھ جاویں اور اس شخص کی قوت - گوشت ہمت جاتی رہے اُسکو استھول کہتے ہیں
پھر اس شخص کے بسرب یعنی بدن کا پھیل جانا بھگندر بلغم جور اسہال - بواسیر - کھجلی -
وغیرہ اور بھی دہشتناک عارضے ہوتے ہیں -

میدکا علاج] پُرانا چاول - مونگ - کلتھی - کودون وغیرہ کھاوے اور لکھنا - عمل - محنت -
فکر - ورزش - کُشتی - راہ چلنا اور شہد اور جو کا کھانا - جاگنا - کھارا رس - ارنڈ کے پتوں کی ترکاری
ہینگ - چانول کا ماڑ اتنی چیزیں اس مریض کو کھانی چاہیئیں - یا گلو اور ترپھلے کا کاڑھے
سے میدروگ جاوے یا گلو ترپھلے کے کاڑھے میں سار اور شہد ملا کر پیے تو یہ عارضہ دور ہو
یا گرم اناج کھاوے اور چانول کا ماڑ پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا باسی ٹھنڈے پانی میں شہد ڈالکر
پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - چیترک - ترپھلا - ناگر موتھا - بائے بڑنگ کے
کاڑھے میں گوگل ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا پیپل شہد سے ہر روز کھاوے تو یہ عارضہ دور
ہو - یا بڑوانل رس - پارہ مصفا - تانبے کا کشتہ - سار - بچا - بول - انکو برابر لے باریک پیسکر کھاگر
کے رس میں تین روز کھرل کرے پھر دو رتی کی گولی ہر روز شہد سے چاٹے تو یہ عارضہ دور
ہو اسکا نام بڑوانل رس ہے یا دھتورے کے پتوں کا رس لے تو یہ عارضہ دفع ہو یہ بید نگہا
میں لکھا ہے - یا جیب - زیرہ سفید - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - کھنی - ہینگ - نمک سیاہ یہ سب
برابر لے اور باریک پیسکر جو کے ستو کے ساتھ بقدر ۲ درم ہر روز کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو یہ
چکردت میں ہے یا بائے بڑنگ - زنجبیل - جوکھار - پیپل - سار - انکو باریک پیسکر اسمیں یکدرم جو
اور آملہ کا چورن ملا کر شہد سے کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو - یا بیر کے پتوں کا جوشاندہ کانجی کے
پانی میں ڈالے اور اسمیں ارنی کا رس یا در سلاجیت ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا گلو - الائچی
گرڈا کی چھال - آملہ - یہ سب ترتیب وار ایک سے ایک زیادہ لے اور ان سب کے برابر گوگل لے
ان سبکو ملا کر ایک درم شہد سے کھاوے تو پیٹ کے عارضے اور بھگندر وغیرہ سب جاویں - اسکا
نام امرت گوگل ہے اور چکردت میں لکھا ہے - یا ترپھلا - نسوت - مودبہ - اتیس - چیترک -
اڑوسہ - پوست نیم - مغز املتاس - پیلا مول - دونوں ہلدی - گلو - اندرائن - پیپل - کوٹ - سرسوں - کھجلیا

یہ سب برابر برابر لے اور انکا کاڑھا کر اس مین تلسی کا رس مقدار کے موافق ڈالے پھر اسمین تیل پکاوے اور اس روغن کی مالش کرے یا عمل کرے تو یہ عارضہ اور بلغم کے سب عارضے دور ہون اسکا نام ترپھلادی تیل ہے یہ چکردت مین لکھا ہے۔

بدن مین پسینے سے بدبو آتی ہو اُس کا علاج

برگ اڑوسہ کے رس مین پسا ہوا سنکھ ملا کر ملے تو بدبو دور ہو۔ یا بیل کے پتون مین سنکھ کا چورن ملا کر لیپ کرے تو بدن کی بدبو جا رہے۔

بغل مین بدبو آتی ہو اُس کا علاج

لیمون کے پتون کا رس لیکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو جاوے۔ یا ہلدی کو نیم بریان کر کے پانی مین پیسکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو جاوے۔ یا ناگ کیسر۔ پوست سرس۔ پٹھانی لودھ۔ خس۔ پوست ہلیلہ۔ انکو پانی مین پیسکر اوبٹن کرے تو بدن کی بدبو جاوے۔ یا بیر کے پتون کو پانی مین باریک پیسکر بدن مین ملکر نہاوے تو بدن کی بدبو دور ہو یہ علاج بھاوپرکاش مین لکھے ہین۔

بدن کی بدبو کے دور ہونے کا اوبٹن] برگ تنبول۔ پوست ہلیلہ اور کوٹ کو پانی مین پیسکر بدن مین ملے تو بدن کی بدبو دور ہو۔ یہ برند مین لکھا ہے۔

عورت کے خوشنما رنگ کرنے کا لیپ] پوست ہلیلہ۔ پٹھانی لودھ۔ برگ نیم۔ پوست انار۔ پوست انبہ کو باریک پیسکر بدن مین لیپ کرے تو بدن مین نہایت نکھار ہو۔ یہ کاشی ناتھ پدھت مین لکھا ہے۔

بغل کی بدبو دور کرنے کا دوسرا علاج] کوٹ۔ دونون ہلدی۔ انکو گائے کے پیشاب یا گوبر مین پیسکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو دور ہو اور یہ دوا جذام کے لیے بھی مفید ہے۔ یہ چکردت مین لکھا ہے۔

جسم کی بدبو دور ہونے کا علاج] کلتھی۔ کوٹ۔ چرچیلا۔ صندل سفید۔ بھنے ہوے جو کا چورن۔ سنج۔ بچ۔ ان سب کو پانی مین پیسکر جسم مین لیپ کرے تو بدبو دور ہو۔ یہ سارنگ دھر مین لکھا ہے۔

کارش کے عارضہ کی پیدائش علامت اور علاج

کارش کے عارضہ کو عوام مین بکھین کہتے ہین اور یہ مرض بادی اور سوکھے انلج سے

کھانے اور فاقہ کرنے اور زیادہ مباشرت اور محنت کرنے اور خوف اور رونت اور اولاد کے زائل ہونے اور تفکرات سے پیدا ہوتا ہے۔

کارش کی علامتین] کولا شکم۔ اور کندھے سوکھ جاوین نسین نکل آوین۔ ہڈیان اور چمڑا بدن مین باقی رہجاوے۔ بدن کمزور و نحیف ہو۔ یہ علامتین ہون تو چھیپنا کا عارضہ جاننا چاہیئے

جو شخص بہت چھیپن ہو جائے اُس کے اتنے عارضے ہوتے ہین

سنگرہنی۔ اپھار وغیرہ۔ اور بہت اشخاص دیکھنے مین دُبلے ہوتے ہین اُنکے بدن مین چربی کا حصہ تو کم اور منی کا حصہ زیادہ ہوتا ہے۔ وہ مباشرت زیادہ کرین اور امساک بہت رہے اور عورتون مین حمل قائم کردین اور کوئی تو دیکھنے مین بدن سے تروتازہ ہین مگر کم طاقت اور جماع مین کم قوت رکھتے ہین اُن کو چھیپن کہتے ہین۔ اُن کے بدن مین چربی کا حصہ زیادہ اور منی کا حصہ کم ہوتا ہے اسلیے اُنکو بھی چھیپن کہتے ہین۔

کرش نامی چھیپنتا کا علاج] جتنی قوت پیدا کرنے والی اور ممسک دوائین اور جتنی طاقت پیدا کرنیوالی گھی دودھ اور گوشت وغیرہ چیزین ہین اُنسے یہ عارضہ دور ہوتا ہے اور اسکے علاج طاقت پیدا کرنے کے اسی کتاب کے آخر مین لکھے ہین۔

لاعلاج سوکھے کے عارضے کی علامتین

جس شخص کے اپنے آپ مزاج سے ہی دُبلا پن اور ضعف معدہ ہو اور ہمیشہ بدن دُبلا ہے اُس کا علاج نہین ہے۔ یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔

اودر روگ یعنی پیٹ کے عارضون کی پیدایش علامت اور علاج

سب پیٹ کے عارضے آٹھ قسم کے ہین وہ معدہ کے ضعیف ہونے سے ضرور ہی پیدا ہوتے ہین اور بدہضمی سے بے تعداد عارضے پیدا ہوتے ہین ایسی ایسی چیزون کے کھانے سے یہ عارضہ ہوتا ہے اور جو پیٹ مین خلطون کا ہی فساد ہو اور معدہ مین آنون اور مواد جمع ہو تو پیدا ہوتا ہے۔

پیٹ کی بیماریون کی پیدایش] بدپرہیزی سے جو باد صفرا بلغم جمع ہوتا ہے وہ پانی کی لے چلنے والی نسونکو روکتا ہے اور چھاتی کی ہوا آتش اور مقعد کی ہوا کو بہت فاسد

ہوکر آٹھ قسم کے شکم کے عارضوں کو پیدا کرتی ہے۔

شکم کی بیماریوں کی عموماً علامتیں] پیٹ میں اپھارہو چلنے اور پھرنے کی طاقت جاتی رہے۔ بدن دُبلا ہوجائے اور معدہ ضعیف ہو بدن میں سوجن اور اعضا میں درد ہو۔ پاخانہ اور پیشاب اچھی طرح نہ اُترے۔ بدن میں جلن ہو۔ یہ علامتیں ہوں تو اسکو اودر روگ جانو۔

آٹھ قسم کے اودر روگ] بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ اور تینوں خلطوں کا۔ پلیہا کا۔ قبض ہونے کا۔ چوٹ لگنے کا۔ جلودر۔

بادکے اودر روگ کی علامتیں] جس شخص کے ہاتھ پاؤں اور ناف میں ورم ہو اور کوکھ پسلی کمر پیٹھ اور جوڑوں میں درد ہو اور روکھا کھانے سے بدن بھاری رہے پاخانہ نہ اُترے بدن کی جلد ناخن اور آنکھیں سیاہ پڑجاویں اور درد شکم اور اپھار ہو۔ پیٹ بولا کرے تو باد کا فساد جانو۔

صفرا کے اودر روگ کی علامتیں] جس میں بخار۔ بیہوشی۔ جلن پیاس ہو اور منھ کا ذائقہ تلخ رہے اور چکر آویں اور اسہال ہو اور بدن کی جلد زرد اور ہری ہو اور بدن میں پسینا آوے اور جلن ہو اور دھوئیں کو لیے ڈکار آوے اور جلد نازک ہلکی سی ہو جاوے تو اسکو صفرا سے سمجھنا چاہیئے۔

بلغم کے اودر روگ کی علامتیں] جس کے بدن میں بہت درد ہو اور بہت سووے اور سوجن ہو اور بدن بھاری رہے سینے میں درد ہو اور کھانے سے نفرت ہو اور دیر میں ہضم ہو اور بدن ٹھنڈا رہے اور پیٹ بولا کرے تو اسے بلغمی جانو۔ اور جس میں یہ سب تینوں سے ہوں اُسکو سنپات کا جانو۔

سنپات یعنی تینوں خلطوں کے اودر روگ کی علامتیں] جس شخص کا دشمن کسی طرح شیر کا ناخن یا مونچھ کا بال یا اور کسی جانور کا غلیظ پیشاب خون منی یا کسی خوراک یا پانی میں زہر کھلاوے اُسکو یہ عارضہ پیدا ہوتا ہے سو اُسکے بدن کا خون۔ باد۔ صفرا بلغم۔ فاسد ہو کر سنپات کا نہایت خوفناک اودر روگ پیدا کرتے ہیں پھر یہ اودر روگ برسات میں خرابی پیدا کرے آدمی کو بہت آزردہ کرکے بیہوش کردے بلکہ

مرنے کے قریب کردے اُسکو دھیودر کہتے ہین۔
پلی ہودر یعنی پھیا سے پیدا ہوئے اودر روگ کی علامتین] گرم چیز کھانے اور
پینے سے خون فاسد ہوکر بلغم سے پلیہہ کو بڑھادے پھر وہ بڑھا ہوا پھیا ہین پسلی
تا پیٹ کے عارضون کو پیدا کرے اس کی تکلیف پاکر آدمی کو ضعف معدہ
بدہضمی کا بخار ہو۔ طاقت زائل ہو جائے۔
قبض کے اودر روگ کی علامتین] جو شخص بغیر صاف اور درست کی ہوئی
غذا کھاوے۔ اور اُسمین بال۔ کنکر۔ ریت۔ دھول سلے ہون اس کے خلطون سے
لیے مواد منجمد ہو تب اُس شخص کے تکلیف سے تھوڑا مواد اُترے اور اُس شخص
کا سینہ اور ناف بڑھ جاوے اُسکو بدھ گدودر کہتے ہین۔
چھتودر کی علامتین] جو شخص پتھر ریت وغیرہ ملا ہوا اناج کھاوے اُس شخص کی آنتون کو
کاٹ کر اُلٹ پانی کے مانند ہو کر مواد نکلے اور اُسکی مقعد رات دن بہا کرے اور اُسکا
پیڑو بڑھے اودر روگ ہو اُسکو چھتودر کہتے ہین۔ چھتودر اور قبض کا اودر روگ ایک ہی ہے۔
جلودر کی علامتین] جو شخص گھی کھا کر یا عمل اور جلاب لیکر یا قے کر کے ٹھنڈا پانی
پیے اسکے پانی بہنے والی نسین فاسد ہون اور چربی سے لپٹی ہوئی وہی نسین جلودر کو پیدا کرتی ہیں
اس ٹھنڈے پانی سے جو جلودر پیدا ہو وہ ناف کے اِدھر اُدھر گول اور چکنا ہو اور پانی کی
مشک کے موافق بہت بڑھے تب آدمی اس سے بہت تکلیف پاوے اور اُسکا بدن کانپے
یہ علامتین ہون تو جلودر کہنا چاہیئے۔ یہ پیٹ کے آٹھ عارضے پیدا ہوتے ہین اور
بالعلاج ہین اور طاقتور شخص کے جلودر جو نیا پیدا ہوا ہو وہ بھی با علاج ہے۔
اودر کے روگون کی لاعلاج علامتین] قبض سے پیٹ کا عارضہ ہو تو پندرہ کے بعد
لاعلاج ہے یا پسلیون مین درد ہو اور آنکھونکے اوپر سوجن ہو اور آلت ٹیڑھی ہو اور بدن کی جلد
گیلا دے اور خون اور گوشت خشک ہوتا جاوے معدہ ضعیف ہو وہ شخص لاعلاج ہے
دوسرا قاعدہ پسلیون مین درد ہو اور پسلی ٹوٹی سی ہو۔ غذا سے رغبت جاتی رہے۔ بدن
مین سوجن ہو اور اسہال ہو اور پیٹ تانبی ہو مگر بھرا ہوا نظر آوے تو بھی لاعلاج ہے۔

باد کے اودر روگ کا علاج] دسمول کے کاڑھے مین ارنڈ کا تیل ڈال کر پیے تو یہ بیماری جاوے یا ترپھلے کے رس مین گاے کا پیشاب ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا کوٹ بیج جماکلوٹہ۔ جواکھار۔ پاڑہ۔ نمک سیاہ۔ سینددھا نمک۔ سانبھر نمک۔ خراسانی اجوائن۔ زنجبیل یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر پانچدرم گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ جاوے اس کا نام کوٹادچورن ہے۔ یا اک پوتھیا لہسن دو سو تولے لیکر اسکو پیسکر سولہ سیر پانی مین اوٹاوے اور اوسے ہی مین زنجبیل دو تولہ۔ مرچ سیاہ دو تولہ۔ پیپل دو تولہ۔ بیخ ساٹھی ایک تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ بڑ ترون ۲ تولہ۔ ترپھلا ۲ تولہ۔ بیخ جماکلوٹہ دو تولہ۔ پوست سہجنہ ۲ تولہ اجوائن ۲ تولہ۔ بیخ پیپل دو تولہ۔ نسوت ۱۲ تولہ۔ ان کو باریک پیسکر اور لہسن کے کاڑھے مین ڈالے اسمین ۴ سیر روغن سیاہ ڈالکر نرم آنچ مین پکاوے جب رس سب جلجاوے اور روغن باقی رہجاوے تب اتار کر برتن مین بھر رکھے اور دو درم صبح کے وقت اپنے ہاضمہ کے مطابق پیے تو سب طرح کے پیٹ کے عارضے اور وہ بیماری جسمین پیشاب چٹک سے آتا ہو اور اورت آنتو کا بڑھنا۔ درد گردہ۔ نونت شول نفرت۔ بھیار۔ تھیلا۔ اعضا شکنی اور باد کے سب عارضے مہینا بھر کے استعمال سے جاتے رہین گے۔

صفرا کے اودر روگ کا علاج] جلاب لینے سے یہ بیماری جاسکے گی۔

بلغم کے اودر روگ کا علاج] نسوت کا چورن ۲ درم اونٹنی کے دودھ مین ڈالکر روغن ارنڈہ درم پیپل۔ پیپلا مول۔ چترک یہ سب چھ چھ ماشہ بھر ڈالکر اس دودھ کو ایک مہینہ گرم کرکے پیے تو یہ بیماری دور ہو۔

سنپات یعنی تینون خلطون کے اودر روگ کا علاج] زنجبیل اور ترپھلے کا کاڑھا کرکے اُس مین دہی یا تیل یا گھی ڈال کر پکاوے پھر اُسکو کھاوے تو یہ بیماری دور ہو یا گرم دودھ مین ارنڈ کا تیل اور گاے کا پیشاب ڈالکر پیے تو بادی اودر روگ جاوے یا مٹھے مین نمک سیاہ اور پیپل ڈالکر پیے تو باد کا اودر روگ جاوے یا مصری۔ فلفل سیاہ پانی سے پیے تو صفراوی پیٹ کا عارضہ دور ہو یا اجوائن بیخ جھاوو۔ زیرہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل خورد انکو باریک پیسکر پانچدرم گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو بلغم سے پیدا ہوئی یہ بیماری رفع ہو۔ یا زنجبیل کالی مرچ۔ پیپل کلان۔ جواکھار

سیندھا نمک اُنکو باریک پیسکر ۵ درم گرم پانی سے پیے تو سنپات کا ادور روگ جاوے

نارائن چورن

اجوائن - پوست جھاؤ - کشنیز - ترپھلا - پیپل کلان - زیرہ سیاہ - اجمود - پیپلا مول - بابے برنگ یہ سب برابر لے اور تیج جا لگوتہ ایک دوا سے تگنی لے اور نسوت ایک دوا کے حصہ سے دوگنی لے - اندرائن ایک دوا کے حصہ سے دوگنی لے تھوہر کا دودھ سب سے چوگنا لے ان سبکو باریک پیسکر تھوہر کے دودھ کی ایک پٹ دے پھر سکھا کر ۲۰ درم گرم پانی سے کھاوے تو پیٹ اور بادی کے عارضون کو دور کرے اور اسکو بیر کے چھلکے کے کاڑھے سے کھاوے تو بادی کی بیماریون کو دور کرے اور شراب سے کھاوے تو اپھار جاوے مٹھے سے کھاوے تو قبض دفع ہو انار کے رس سے کھاوے تو بواسیر جاوے اور گرم پانی سے استعمال کرے تو بدہضمی دفع ہو اور یہ چورن بھگندر - پانڈو روگ - کھانسی - دمہ سوکھے کا عارضہ - سنگرہنی - جذام - ضعف معدہ اور زہر کو دور کرے جیسے بھگوان کا سدرشن چکر دیتونکو مارتا ہے ویسے ہی یہ چورن نارائن بیماریون کو دور کرتا ہے - یا تھوہر کا دودھ تیج جا لگوتہ - ترپھلا - بابے برنگ - کٹکی - چترک - کوکر بھانگرہ یہ سب دو دو سیر لے کر اور اس سے چوگنا پانی ڈالے اور ایک سیر گائے کا گھی ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جلجاوین اور گھی رہجاوے تب اُتار کر برتن مین بھر رکھے پھر اس مین سے ۲ درم کھاوے تو جلاب کا اثر کرے اور پیٹ کے عارضونکو دور کرے اس کا نام نارائچ گھرت ہے پانچ ساٹھی - دار ہلدی - پٹول - کٹکی - پوست ہلیلہ - پوست نیم - دیودار زنجبیل - گلو یہ سب برابر لیکر اور جوکوٹ کرکے ۵ درم کا کاڑھا ہر روز لگائے کا پیشاب اور گوگل ڈالکر پیئے تو تمام کی یہ بیماری پسلی کا درد دمہ پانڈو روگ وغیرہ سب جاوین اسکا نام پنرنوادی کواتھ ہے اور یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا اجوائن ۴ درم بھنا ہوا سہاگہ ۴ تولہ - ان کا چورن کرکے ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو پیٹ کے عارضے جاوین - یا پیپل ۱۰ تولہ لے اور اُسکو تھوہر کے دودھ مین سترہ روز تک بھگو رکھے پھر سایہ مین سکھا کر باریک کرکے ۴ ماشہ پانی سے ایک دن کے فرق سے

کھاوے اور اسکے اوپر سے مٹھا اور چانول کھاوے تو پیٹ کے عارضے جاوین اسکا نام
اوودر اسٹے ہرن چورن ہے یا ایک ہزار پیپل سے اور تھوہر کے دودھ کی سات پُٹ دے
یا ہڑ کے چورن مین تھوہر کے دودھ کی سات پُٹ دے پھر اس مین سے سوا درم گائے کے
پیشاب کے ساتھ کھاوے تو سب پیٹ کے عارضے جاوین یا پنچ القباس۔ پیپل۔ زنجبیل برابر
لے کر اور ان سب سے دوگنا چوکھ لیکر اور انسے چوتھائی ہڑ لون لے پھر ان کو باریک پیسکر
۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو چھپا۔ گولا۔ ضعف معدہ۔ پانڈ روگ۔ پیٹ کے عارضے کو
دور کرتا ہے یا آک کے پتون مین سیندھا نمک ڈالکر ہنڈکی مین بھر اسکے منھ کو بند کر
پھونکدے پھر اسکو پیسکر پانچ درم مٹھے سے یا گوار کے پٹھے سے ہر روز کھاوے تو پیٹ
کے عارضے جاوین یا قند سیاہ اور ہلیلہ یا قند سیاہ اور پیپل سبکو بقدر ۲ درم ہر روز کھاوے
تو پیٹ کے عارضے دور ہوون اور سوجن پینس کھانسی تفرقہ۔ بدہضمی کا بخار بواسیر سنگرہنی
بلغمی۔ اور بادی بیماریون کو دور کرتا ہے۔ یہ سب بیدک رس مین ہین۔

جلودر کا علاج] نیلا تھوتھہ۔ گندھک آملہ سار۔ پیپل۔ پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لیکر باریک
پیسکر تھوہر کے دودھ مین پانچ روز کھرل کرے پھر بقدر ایک ماشہ گرم پانی سے ہر روز
کھاوے تو جلودر کا عارضہ دور ہو اور اسکے اوپر چانول کھاوے اور املی کا شربت پیے
اسکا نام اوودر اری رس ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے یا زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ پانچون نمک
سہاگہ سجی یہ سب برابر لیکر اور ان سب کے برابر جمالگوٹہ مصفا لیکر ان سب مین پنج جمالگوٹہ کی
تین پُٹ دے پھر بجورے کے رس کی تین پُٹ دے اور کھرل کرکے سایہ مین سکھا دے
اور اودھ رتی ہر روز کھاوے تو پیٹ کے عارضے چھپا۔ گولا۔ اپھارہ۔ سول۔ بواسیران سبکو
دور کرتا ہے اور اسکی آنکھون مین انجن کرنے سے سانپ کا زہر دور ہوتا ہے اسکا نام
اوودر بھانکر رس ہے اور رس رتن پردیپ مین لکھا ہے یا آک کا دودھ چار تولہ۔ پوست
گنڈا ۲ تولہ۔ تھوہر کا دودھ ۲۰ تولہ۔ نسوت ۱۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ کمیلا ۲ تولہ ان سبکو باریک
پیسکر اکٹھا کرے اور پانچ سیر پانی مین گھی سمیت آنچ کے اوپر چڑھا کر مند آنچ سے پکاوے جب پانی خیرہ سب
جل جاوین گھی رہ جاوے اتار کر برتن مین بھر رکھے پھر اس گھی کے جتنے قطرے کھاوے اتنے ہی دست جلاب کے آوین۔

تب پیٹ کے عارضے بھگندر گولا ان سبکو یہ گھی دور کرتا ہے اسکا نام بندگھرت ہے اور بید جو دمین لکھا ہے ۔

باب چودھوان

ورم وغیرہ کے بیان مین

سوتھ یعنی ورم کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

جو شخص قے کرنے اور خود بخود قے ہونے اور پاخانہ اور فاقون سے کمزور ہوا سکے کھاری کھٹی تیکھی اور بھاری چیز اور دہی اور کچی اور صعلی چیز اور ساگ اور خلاف چیز گیہون کا میدہ زہر کا ملا ہوا اناج کھانے سے اور بواسیر کے رہنے سے پیٹ مین آنون ہو اور جلاب پینے سے اور چوٹ لگنے سے اور حمل کے گرنے اور جلاب وغیرہ پانچ کرم کر کے اس مین بدپرہیزی کرنے سے اس کمزور آدمی کے ورم کا عارضہ ہوتا ہے اور وہ نو قسم کا ہے ۔ بادی ۱ ۔ صفراوی ۲ ۔ بلغمی ۳ ۔ بادی صفراوی ۴ ۔ بادی بلغمی ۵ ۔ بلغمی صفراوی ۶ ۔ سنپات ۷ یعنی تینون خلطونکا اور چوٹ ۸ لگنے کا اور زہر ۹ کا ۔

ورم کی پہلی شکل] بدن مین ہوا رہے اور رگان کے سونے سے نسون مین درد ہو بدن بھاری رہے ۔ یہ علامتین ہون تو جانو کہ اسکے سوجن کا عارضہ ہوگا ۔

ورم کی عموماً علامتین] خود بخود باد صفرا خون فاسد ہو کر بدن کے باہر کی نسون مین بلغم پہونچا کر بدن کی جلد گوشت کے مجموعہ کو بہت پھلا دیتے ہین اس سبب سے اسکو شوتھ روگ کہتے ہین ۔ یہ عارضہ بدن کو بھاری کرے اور جہان چاہے وہان ہو جاوے گرمی رہے نسین نکل آوین روئین کھڑے ہو جاوین بدن کا رنگ اور کا اور ہو جائے یہ علامتین ہون تو شوتھ یعنی سوجن کا عارضہ جانو یا کالی سوجن ہو تو وہ سینک وغیرہ کرنے سے اچھی ہو اور دن مین سوجن بہت ہو تو بادی ورم جانو ۔

صفرا کی سوجن کی علامتین] بدن کی جلد نازک اور بدبو سے زرد اور سرخی لئے ہو ۔ بدن گلے ۔ بخار ہو ۔ پسینا بہت آوے پیاس بہت لگے ۔ نشہ معلوم ہو بدن کا چھونا اچھا نہ معلوم ہو ۔ آنکھین سرخ ہون ۔ بدن کی جلد مین جلن بہت ہو ۔

بلغم کی سوجن کی علامتین] جب سوجن مین بدن بھاری رہے جلد زرد ہو نیند بہت آوے۔ معدہ ضعیف ہو سوجن باونچی ہو کھانے کی رغبت جاتی رہے۔ رات کو بڑھجاوے یہ علامتین جس مین ہون اسکو بلغم کی سوجن کہنا چاہیئے اور اور فسادون کی جس مین یہ علامتین ملی ہون اُسے انھین فسادون کی سوجن کہنا چاہیئے اور جس سوجن مین سب فسادون کی علامتین ملین اُسکو سنپات کی سوجن کہنا چاہیئے۔

چوٹ لگنے سے جو ورم پیدا ہو اُسکی علامتین] ہتھیار یا ٹھنڈی ہوا کے لگنے اور دہی کے کھانے یا بھلانوان یا کونچ یا زمین قند وغیرہ کے لگنے سے جو سوجن ہو وہ ایک جگہ کی سوجن سب بدن مین نہ پھیل جاوے اس مین جلن بہت ہو سرخ ہو آوے اور صفرا کی سب علامتین ملین یہ علامتین جس مین ہون اُسے ہتھیار کی ضرب کا ورم جانو۔

زہریلے جانور کے ورم کی علامتین] زہریلے جانور کے پیشاب کے چھونے یا دانت کے لگنے یا دانت کے کاٹنے یا ناخون کے لگنے یا پاخانہ پیشاب کے چھونے یا زہریلے درخت کی ہوا یا زہر کھانے یا لگانے سے ورم پیدا ہوتا ہے۔

ان سب کی علامتین] جس ورم مین بہت درد ہو بدن مین بہت پھیلے سوزش ہو تب جانو کہ یہ زہر کی سوجن ہے۔

سوجن کے فساد] دمہ۔ پیاس اور دستے ہو۔ بدن کمزور ہو جاوے۔ بخار ہو غذا کی رغبت جاتی رہے۔ یہ اسکے فساد ہین۔ ایسے بیمار کا معالجہ نہ کرنا چاہیئے۔

قابل علاج سوجن کی علامتین] جو ورم پیڑو سے لیکر پستان تک ہو تو بمشکل دفع بھی ہو اور جو سب بدن مین ہو تو وہ لاعلاج ہے۔

اور طرق سے لاعلاج ورم کی علامتین] مرد کے پہلے پانوٗن سے لیکر اوپر تک سوجن چڑھے۔ عورت کے پہلے منھ پر ہو اور پانوٗن تک آوے وہ لاعلاج ہے اسکا علاج نہین ہے اور پہلے پیڑو مین ہو اور پھر سب جگہ پھیلے۔ وہ دونون لاعلاج جانو۔

سوجن کا علاج] سونٹھ۔ بیخ سانٹھی۔ ارنڈ۔ پیپل کلان۔ پیپلا مول۔ چب۔ چترک۔ ان کا کاڑھا پیے تو بادی ورم دفع ہو۔ یا پٹول۔ ترپھلا۔ پوست نیم۔ دارہلدی۔ ان کا کاڑھا

گوگل ڈالکر پیے تو صفرا کی سوجن زائل ہو اور پیاس اور بخار کو بھی یہ کاڑھا دور کرتا ہے۔
بلغم کی سوجن کا علاج] پیپل کلان یا ہلیلہ کو تھوہڑ کے دودھ میں بھگو دے پھر تین دن بعد انکو سکھا کر باریک پیسکر ۲۔ درم دس روز تک کھاوے تو بلغم اور تینوں خلطوں کی سوجن دور ہو۔

بھلانوے کی سوجن کا علاج] تل اور گیل مٹی بھینس کے دودھ میں یا مسکہ میں پیسکر لیپ کرے تو بھلانوہ کی سوجن دور ہو یا اصل السوس تل سیاہ بھینس کا دودھ مسکہ میں پیسکر لیپ کرے تو بھلانوہ کی سوجن دور ہو یا سال کے درخت کے پتون کو پیسکر لیپ کرے تو بھلانوہ کی سوجن دور ہو زہر کی سوجن کا علاج زہر کے باب میں لکھیں گے

سوجن کا عموماً علاج] پوست ہلیلہ۔ زرد چوب۔ بھارنگی۔ گلو۔ چترک۔ دار ہلدی۔ بیخ سانٹھی۔ دیودار۔ زنجبیل۔ انکا کاڑھا پیے تو پیٹ پاؤن۔ منھ کی سوجن جلد دور ہو اسکا نام پتھیادکواتھ ہے۔

فوطے کی سوجن کا علاج] ترپھلے کے کاڑھے میں گائے کا پیشاب ڈالکر پیے تو فوطے کی سوجن دور ہو۔ یا بیخ بسکھپرہ۔ دیودار۔ زنجبیل کے کاڑھے سے سوجن جاوے یا بیخ جماگوٹہ۔ نسوت۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل کلان۔ چترک کا کاڑھا پیے تو سوجن جاوے یا سونا مکھی۔ بسکھپرہ۔ پوست نیم۔ گائے کے پیشاب کا کاڑھا پیے تو سوجن جاوے یا بیخ سانٹھی دار ہلدی۔ زنجبیل۔ بیخ سہجنہ۔ سرسون کو کانجی کے پانی میں باریک پیسکر گرم کرکے لیپ کرے تو سب طرح کی سوجن دور ہو یا قند سیاہ ادرک یا قند سیاہ سونٹھ۔ یا قند سیاہ پوست ہلیلہ یا قند سیاہ پیپل خرد ان کو باریک پیسکر ۲۔ درم سے ۴ تولہ تک ہمیشہ بڑھاتے بڑھاتے ایک مہینا بھر کھائے تو سوجن۔ پینس۔ گلے کے عارضے۔ دمہ۔ کھانسی۔ نفرت۔ بواسیر۔ تپ کہنہ۔ سنگرہنی۔ بلغم اور بادی کے سب فسادون کو یہ دور کرتا ہے۔ یا پیپل کلان اور زنجبیل کو باریک پیسکر ان کے برابر قند سیاہ ملاکر کھاوے تو سوجن۔ آؤن۔ اجیرنی اور سول کو دور کرے یا قند سیاہ ۶ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ پیپل ۲ تولہ۔ منڈور ۲ تولہ۔ تل ۲ تولہ ان کو باریک پیس کر خوب ملاوے پھر بقدر ۲۔ درم ہر روز کھاوے تو سب

طرح کی سوجن جاوے۔ یا سوکھی مولی سنٹھ ساٹھی۔ دار ہلدی۔ راسنا۔ زنجبیل۔ ان کا کاڑھا کر کے اسکے رس میں تیل پکاوے پھر اس تیل کی مالش کرے تو درد جمیت ورم دور ہو یہ علاج بھاؤ پرکاش میں تحریر ہیں۔

سوجن کی جلن دور کرنے کا لیپ] بھیڑ کی مینگنی کو پانی میں پیس کر لیپ کیجے تو سوجن کی جلن دور ہو۔ یا پنج ساٹھی۔ دار ہلدی۔ گلو۔ باڑہ۔ زنجبیل۔ گوکھرو ان سبکو برابر لیکر باریک پیسکر ۲ درم گائے کے پیشاب سے کھاوے تو سب طرح کی بڑھنیں پھیلی ہوئی سوجن اور آٹھ قسم کے پیٹ کے عارضے اور زخم وغیرہ جاویں۔ اس کا نام پنرنوادچورن ہے۔ یا پنج ساٹھی۔ پوست ہلیلہ۔ پوست نیم۔ دار ہلدی۔ کٹکی۔ پرول۔ گلو۔ زنجبیل کا کاڑھا کر کے گائے کے پیشاب میں ڈالکر پیے تو سب بدن کا ورم کھانسی۔ دمہ پیٹ کے مرض اور پانڈو روگ کے عارضوں کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام پنرنوادکواتھ ہے۔

انتر بردہ یعنی فوطوں کے بڑھنے کی پیدائش علامت اور علاج

یہ عارضہ چھ قسم کا ہے۔ باد کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ خون کا۔ چربی کا۔ پیشاب کا اور باد سے آنتوں کے بڑھنے کا۔

فوطوں کے بڑھنے کی عموماً علامتیں] نیچے جانے والی ہوا اپنے آپ فاسد ہو کر فوطوں اور جانگھوں کی جڑوں میں پہونچکر ان میں گھومتی ہوئی سوجن اور درد کو پیدا کرے اور نیچے ان دونوں فوطوں کی کھال کے بھنڈاری کو بھنے والی جونسیں ہیں ان میں وہ بگڑی ہوا پہونچکر ان نسوں میں درد پیدا کرے اور ان دونوں فوطوں اور ان دونوں بھنڈاروں کو بڑھا وے اسکو بید انتر بردھ کہتے ہیں۔

بادکی انتر بردھ کی علامتیں] ہوا کی بھری ہوئی لوہار کی دھونکنی کے مانند ہو اور رکھی ہو اور بغیر کسی سبب کے ان میں درد ہو اسکو بادی انتر بردھ کہتے ہیں۔

صفرا کے انتر بردھ کی علامتیں] جس کا رنگ پختہ گولر کے پھل کے مانند ہو اور جلن اور پیپ ہو اسکو صفرا کی انتر بردھ بولتے ہیں۔

بلغم کی انتر بردھ کی علامتیں] جو انتر بردھ۔ ٹھنڈی بھاری اور چکنی ہو اور بہت

خارش ہو اور کچھ درد بھی ہو تو بلغم کی انتر بردھ جانو۔

خون کے فساد کی انتر بردھ کی علامتین] کالی ہو اور پھوڑے بہت ہون اور خون کی انتر بردھ کی علامتین ملین تو اسکو خون کے فساد کی انتر بردھ کہنا چاہیئے۔

چربی کے انتر بردھ کی علامتین] جس مین سب بلغم کی علامتین ہون اور نازک تاڑ کے پھل کے مانند ہو اسکو چربی کی انتر بردھ کہتے ہین۔

پیشاب روکنے کی انتر بردھ کی علامتین] جو کوئی پیشاب کے زور کو روکے اور راہ چلے اسکے مشک کے مانند وہ نازک فوطے بڑھین اور ان مین درد ہو پیشاب مشکل سے اترے اسکو پیشاب روکنے کی انتر بردھ جانو۔

آنتون کے بڑھنے کی پیدایش علامت اور علاج

جن چیزون سے ہوا فاسد ہو ایسی غذا کھاسے اور ٹھنڈے پانی سے نہاسے یا پاخانہ اور پیشاب کے زور کو روکے اور لڑائی مین رہے۔ بوجھ اٹھاوے راہ چلے بدن کو توڑے اور کسی خوفناک کام کو کرے ایسے ہوا رک کر بدن کی چھوٹی آنتون کے اجزاؤن کو اپنی جگہ سے گرا کر ٹیڑا اور جانگھ کی جڑون مین ابھار کرے جب آدمی فوطون کو ہاتھ سے دبائے تب وہ فوطے بولکر اپنی جگہ پر بیٹھ جاوین اور پھر کسی طرح ابھار ہو تب بانکل آوین اور جس شخص کے ہوا بہت جمع ہو اسکی آنتون کا جز ملکر انتر بردھ یعنی آنتون کے بڑھنے کو پیدا کرتا ہے یہ آنتون کا بڑھنا ہوا کے بڑھنے کے برابر ہے اور لا علاج جانو۔

انتر بردھ کا علاج] دودھ مین ارنڈ کا تیل ڈالکر ایک مہینے تک پیے تو بادی فوطون کا بڑھنا دور ہو۔ یا گوگل۔ ارنڈ کا تیل گاے کے پیشاب مین ملا کر پیے تو صفرا کی انتر بردھ دور ہو یا صندل سونٹھ۔ جوا۔ کنول گٹہ۔ خس۔ بیخ کنول کو برابر لیکر دودھ مین باریک پیسکر فوطون پر لیپ کرے تو صفرا کے انتر بردھ جلن درد کو یہ لیپ دور کرتا ہے۔ یا زنجبیل فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ترپھلا۔ ان کا کاڑھا کرے اور اس مین جوا کھار۔ سیندھا نمک ڈال کر پیے تو بلغم سے فوطون کے بڑھنے کا عارضہ دور ہو۔ یا روکھی کرڈی تونبی کا گرم گرم لیپ کرے اور ارنڈ کے پانی کا تریڑا دے تو سب طرح کا یہ مرض دور ہو۔ بار بار

جونک لگا کر اس جگہ کا خون نکلوایا کرے تو خون کے فساد کی اُنتر بردھ جاوے۔ یا جلاب سے خون کی اُنتر بردھ جاوے یا مصری اور شہد پانی میں ملا کر پیئے تو خون کے فساد کا یہ عارضہ دور ہو یا ٹھنڈی چیزوں کے علاج سے خون اور صفرا کی یہ بیماری جاوے یا تلسی کے پتوں کو اُبال کر اسکا گرم گرم لیپ کرے تو چربی کی اُنتر بردھ جاوے۔

گوسا اُتر گیا ہو اسکا علاج] بھیڑ کا گھی کانسے کی تھالی میں مسلکر اسمیں پان ملاوے پھر اور تھے پھر تھوڑا سنگی مہرہ ملاوے پھر اسکو گوسے پر ضماد کرے تو اچھا ہو جائے

اَنڈ بردھ کا علاج] مغز کھیرہ ۵ درم۔ خراسانی زہ ۱۰ درم۔ زنجبیل ۵ درم۔ گائے کا دودھ ۸ تولہ پھر اسمیں ثعلب مصری ۸ تولہ ملا کر ۴ درم ہر روز اکیس دن تک فوطوں پر لگاوے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا فوطوں کی سیون کو پسلیوں کے نیچے باریک ہتھیار سے چھیدے تو پیشاب کی اُنتر بردھ جاوے۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش میں ہیں یارا سنا۔ گلو۔ ملٹھی۔ بیخ ارنڈ۔ مغز املتاس۔ گوکھرو۔ پٹول۔ اڑوسہ ان کا کاڑھا کرکے ارنڈ کا تیل ڈالکر پیے تو آنتوں کا بڑھنا دور ہو۔ یا پوست ہلیلہ۔ چرائتہ۔ کشنیز۔ یہ سب ایک تولہ لونگ پون تولہ۔ سونا مکھی ایک درم ان سب کے برابر مصری لیکر اور مصری کے برابر شہد ملا کر ہر روز ۲ درم کھاوے تو فوطوں کا بڑھنا ضرور دور ہو یہ بید رہسا میں تحریر ہے

بردھن جسکو عام میں بد کہتے ہیں اسکی پیدایش اور علاج

بہت بھاری اور بلغم پیدا کرنے والی چیز کھاوے یا بھاری اور صفرا کرنیوالا گوشت کھاوے آرام و آسائش کے تفرقہ اور عورت سے مباشرت وغیرہ سے صفرا باد بسبب فاسد ہو کر لوگوں کے پیڑو اور جانگھوں کی جڑ ورن میں سوجن کو لئے کا نٹھ پیدا کرے اور وہ گانٹھ بخار اور درد کو پیدا کرے اور بدن کے اعضا میں درد کرتی ہے۔ اسکو بید بردھن یا بد کہتے ہیں۔

بد کا علاج] پوست ہلیلہ۔ پیپل کلاں۔ سیندھا نمک برابر لیکر باریک پیسکر ارنڈ کے تیل میں بھونے پھر ۲ درم اسمیں سے کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا زیرہ سفید۔ جھاؤ کا پوست۔ کوٹ۔ گیہوں۔ بیر کے پتے کانجی کے پانی میں باریک پیسکر بد پر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو یہ بھاؤ پرکاش میں لکھا ہے یا اُسی وقت کا مارا ہوا کوا اسکے اندر کی بیٹ لیکر اسکو کچھ گرم

کرکے بدن میں باندھے یا لیپ کرے تو اسی وقت بدا چھی ہو۔ یہ بید رہس میں تحریر ہے یا کندرو کو بھیڑ کے دودھ میں پیسکر لیپ کرے تو بد اچھی ہو۔

گل گنڈ۔ کنٹھ مالا۔ اپچی۔ گرنتھ۔ ارببد وغیرہ عارضوں کی پیدائش علامت اور علاج

جس کے گلے میں انڈے کے مانند سخت سوجن ہو لٹکے اور بڑی ہو یا چھوٹی ہو اسکو بید گل گنڈ روگ کہتے ہیں۔

اس کی عموماً علامتیں] باد اور بلغم یہ دونوں گلے میں فاسد ہوں اور گلے کے بیچ چربی کو پکڑ کر رفتہ رفتہ انڈے کے مانند اپنے نشان کو لٹکا دیتے ہیں اس کو گل گنڈ کہتے ہیں۔ وہ گل گنڈ تین قسم کا ہے۔ باد کا۔ بلغم کا۔ میدکا۔

باد کے گل گنڈ کی علامتیں] جس میں بہت درد ہو اور گلے کی نسیں سیاہ ہوں یا سُرخ ہوں اس میں سختی ہو اور دیر میں بڑھے اور پکے نہیں اور مُنھ کی لذت جاتی رہے اور تالو اور گلا سوکھے۔ یہ علامتیں باد کے گل گنڈ کی جانو۔

بلغم کے گل گنڈ کی علامتیں] گلے میں نوطون کی مانند لٹکتی ہوئی سوجن ہو اور بھاری ہو اور کھجلی اسمیں بہت ہو اور وہ ٹھنڈی ہو دیر میں بڑھے اور دیر میں پکے اس میں درد کم ہو اور اسکا مُنھ میٹھا ہو اور تالو اور گلا خشک ہو جاوے اسکو بلغم کا گل گنڈ جانو۔

چربی کے گل گنڈ کی علامتیں] جو گل گنڈ چکنا نازک اور زرد ہو اور اس میں کھجلی اور درد ہو گلے میں گھیا کے مانند لٹکے اسکی جڑ تھوڑی ہو اور مریض کے بدن کے موافق گھٹے اور بڑھے اور اسکا مُنھ چکنا ہو وہ گلے ہی میں بولے۔ یہ علامتیں ہوں تو اسکو چربی کا گل گنڈ جانو۔

گل گنڈ کی لاعلاج علامتیں] جسکو مشکل سے دم آوے اور بدن کمزور ہو جاوے دم اچھے نہ نکلیں اور اس بیماری کو ہوئے ایک برس گذر گیا ہو غذا کی رغبت جاتی رہے اور بدن کمزور ہو جاوے تو وہ بیمار مر جاوے۔

کنٹھ مالا کی علامتیں

جسکے بغل اور گلے یا کندھوں یا پیڑو اور جانگھوں کی جڑوں میں بیر یا آملہ کے برابر بلغم کی بہت سی گانٹھیں پڑ جاویں اسکو بید کنٹھ مالا بولتے ہیں۔

اپچی کی بیماری کی علامتین

جو گنٹھ مالا پڑا ہو جاوے اور اُس مین یہ علامتین ہون کہ گانٹھین پک کر بہنے لگین اُسکو اپچی جانو۔

اپچی کی لا علاج علامتین] پسلی مین درد ہو اور کھانسی بخار اور رستے ہو یہ علامتین ہون تو لا علاج ہے۔

گر نتھہ جسکو گانٹھ کہتے ہین اسکی علامتین

باد صفرا بلغم خون گوشت چربی اور نسون کو خراب کرین اور گول اور اونچی سوجن لیے گانٹھ کو پیدا کرتے ہین اسکو بید گرنتھہ روگ کہتے ہین۔ وہ گانٹھ پانچ قسم کی ہے۔ بادکی صفرا کی بلغم کی چربی کی نسون کی۔

بادکی گانٹھ کی علامتین] چلے وہ گانٹھ جلد کو کھینچکر بڑی ہو پھر اسمین جھنکی چلین درد زیادہ ہو اور جب پھوٹے تو صاف خون نکلے

صفرا کی گانٹھ کی علامتین] جسمین آگ سی جلے اور کھنچاؤ اور سوزش زیادہ ہو اور اُسکا سُرخ اور زرد رنگ ہو اور جو پھوٹے تو اُسمین سے بہت بُرا خون نکلے اُسکو صفرا کی گانٹھ کہنا چاہئے

بلغم کی گانٹھ کی علامتین] وہ گانٹھ ٹھنڈی ہو اور شکل اُسکی مانند آرسی کے ہو درد کم اور کھجلی بہت ہو پتھر کے مانند گانٹھ ہو دیر مین بڑھے اور پھٹنے پر سفید رنگ کا پیپ و خون نکلے یہ علامتین ہون تو بلغم کی گانٹھ جانو۔

چربی کی گانٹھ کی علامتین] بدن کے موافق وہ گانٹھ بڑھے اور گھٹے اور چکنی اور بڑی ہو اور اُسمین کھجلی چلے درد بہت ہو اور جب وہ پھوٹے تب کھل اور گھی کے مانند میل نکلے اسکو چربی کی گانٹھ جانو۔

نسون کی گانٹھ کی علامتین] جو گانٹھ کمزور آدمی کے محنت سے پیدا ہو اور نسون کو سکوڑ دے باد کی گانٹھ کو پیدا کرے اونچی اور گول ہو اور اُسمین درد ہو اور کچھ ملائم ہو۔ اور اگر درد بھی نہ ہو اور گانٹھ مرم جگہ پر ہو تو ضرور لا علاج ہے یا مشکل سے اچھی ہو۔

مرم جگہ کا بیان] رخسارہ۔ گلا۔ کندھا اور بدن کی جڑین۔ چھاتی۔ مقعد کے قریب کی جگہ پیٹھ یہ مرم استھان کہلاتے ہین۔

اربد روگ کی پیدائش

جو شخص گوشت بہت کھاوے اور اناج کم اسکے باد صفرا بلغم فاسد ہوں اور خون اور گوشت کو بگاڑ کر اسکے بدن میں یا بدن کے ایک حصہ میں بڑی گول گانٹھ قائم ہو اور جسمیں تھوڑا درد ہو اور جسکی جڑ تھوڑی دیر میں بڑھے اور نہ پکے ایسی گوشت کو بید اربد روگ کہتے ہیں وہ دو قسم کا ہے ایک تو رکتاربد یعنی خون سے پیدا ہو دوسرا مانساربد یعنی گوشت سے۔

رکتاربد یعنی خون سے پیدا ہوئی اربد کی علامتیں] اپنے آپ ہی خون فاسد ہو کر نسوں کو سکوڑ کر انیق درد پیدا کرے اور انکے گوشت کا پنڈا کرکے گوشت دانوں سے ڈھکا ہوا بڑھاوے پھر اسکو کچھ پکا کر خون سمیت ہمیشہ بہت بہاوے یہ لا علاج ہے خون کے زائل ہونے سے یہ بدنین اور فساد اور پانڈو روگ وغیرہ کو کرتا ہے اسکو رکتاربد کہتے ہیں۔

گوشت سے پیدا ہوئی اربد کی علامتیں] جسکو گھونسے وغیرہ کی ضرب سے کسی طرح کی بدن میں چوٹ لگے اس جگہ کا گوشت بگڑ کر سوجن پیدا کرے اور اس سوجن میں درد نہ ہو اور اس سوجن کا بدن کے رنگ کے مانند رنگ ہو چکنی ہو پکے نہیں پتھر کے مانند سخت اور قائم ہو اسکو مانساربد کہتے ہیں یہ بھی لا علاج ہے۔

ادھو اربد کی علامتیں] جو اربد مرم جگہ پر پیدا ہو یا نسوں میں پیدا ہو اور چھوٹی ہو اسکو ادھو اربد بولتے ہیں۔

جو اربد نہ پکے اسکا سبب] یہ بلغم اور چربی کی زیادتی سے نہ پکے اور یہ لا علاج ہے۔

ان سب کا علاج] سرسوں۔ تخم سہجنہ۔ تخم سن۔ السی۔ جو۔ مولی کے بیج ان کو برابر لیکر کھٹے مٹھے میں باریک پیسکر لیپ کرے تو کنٹھ مالا۔ گل گنڈ۔ گانٹھ۔ ان سب عارضوں کو جلد دور کرے۔ یا سرسوں جل کھی کی راکھ۔ ان دونوں کو تیل میں پیسکر لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے۔ یا سنکھاہولی کو پانی میں پیس اور چھان کر صبح کے وقت پندرہ روز تک پیئے اور اوپر سے گائے کا بہت سا گھی کھاوے تو یہ مرض دور ہو یا کنگنی کو باریک پیسکر اسکو تخم کدو کے پانی میں بھگو رکھے پھر اسی پانی میں اسکو باریک پیسکر چھانکر سات دن پیئے تو گل گنڈ جاوے۔ یا گلو۔ پوست نیم۔ یا چھڑ۔ پوست تن۔ پیپل۔

دونون کھرنٹی و بیودار یہ سب برابر لیکر ان کے کاڑھے کے رس مین تیل پکاوے پھر اس تیل کو ۵ درم سیر روز پندرہ روز تک پیے تو گل گنڈ جاوے اسکا نام اتر ناد تیل ہے - یا جو - مونگ - پٹول - تلخ چیزین - روکھا اناج کا کھانا اور قے کرنا اور فصد لینا یہ گل گنڈ کے بیمار کو مفید ہین - یا جل کمبھی - سیندھا نمک - پیپل - انکو باریک پیسکر صبح کے وقت زنجبیل ڈالکر پیے تو گنڈ مالا جاوے یا پنج برنا کے کاڑھے مین شہد ڈالکر پیے تو کنٹھ مالا جاوے یا پوست کچنار ۱۰ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - مرچ ۲ تولہ - پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ - پوست بہیڑہ ۱۰ تولہ - آملہ ۱۰ تولہ - پوست برنا ۲۰ درم - تج ایک درم - تیرج ایک درم - الائچی ایک درم انکو باریک پیسکر انکے برابر صاف کیا ہوا گوگل ملاکر چار ماشہ صبح ہی پانی سے ہمیشہ کھاوے تو گل گنڈ اربد گانٹھ گولا - جذام - بھگندر علیحدہ علیحدہ سے بدرقون سے دور کرتا ہے اسکا نام کچنار گوگل ہے یا پنج باسے بڑنگ کا کاڑھا کرکے اس مین جل بھانگرے کا رس ڈالکر اندازکے موافق تیل ڈالے اور نرم آنچ سے پکاوے جب رس جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اس مین سیندور ڈال کر اس کا لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے اس کا نام چکر مرد تیل ہے - یا چرپٹی (گھونگچی سفید) کا پنچانگ لیکر پانی سے باریک پیس کر اندازکے موافق اس مین تیل ڈال کر نرم آنچ سے پکاوے جب رس جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اسکی مالش کرے تو کنٹھ مالا دور ہو - اسکا نام گنجا تیل ہے -

ایچی کا علاج] سرسون - برگ نیم اور بھلاوان کو سیاہ بکری کے پیشاب مین پیسکر لیپ کرے تو ایچی جاوے - یا صندل سرخ - پوست ہلیلہ - لاکھ - خراسانی تج - کٹکی کو پانی مین پیسکر اس پانی مین تیل پکاوے - پھر اس کی مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو اسکا نام چندنادی تیل ہے - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - باسے بڑنگ - ہوا - سیندھا نمک - دیودار انکو پانی سے باریک پیسکر اس مین تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی سوکھ جاوے اور تیل رہ جاوے تب اس تیل کی ناس سے تو ایچی جاوے - اسکا نام شنٹھیادی تیل ہے -

گانٹھ کا علاج] مولی کے کھار اور سنکھ کے چورن کو پانی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو گانٹھ اور اربد کو دور کرتا ہے اور جاتیا دگھرت آگے برن کے عارضے مین کہا ہے اس

گا نٹھ وغیرہ سب زخم بھر جاویں۔

ارٹبد کا علاج] زرد چوب۔ لودھ پٹھانی۔ پتنگ۔ دھماسہ۔ مینسل انکو شہد مین باریک پیسکر لیپ کرے تو چربی کی ارٹبد دور ہو۔ یا مولی کا کھار۔ زرد چوب اور سنکھ کے چورن کو پانی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو یہ عارضہ جاوے۔ یا کوٹ۔ کھاری نمک برگد کے دودھ مین باریک پیسکر لیپ کرے اور اوپر برگد کے پتے سات روز باندھے تو ارٹبد دور ہو۔ یا تخم ججنہ۔ سرسون۔ برگ تلسی۔ جو۔ پوست کنیر۔ اندر جو برابر لے اور مٹھے سے باریک پیسکر لیپ کرے تو یہ بیماری جاوے۔ یہ سب بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین۔ یا بیخ سرخ ارنڈ اور بیخ چھیلہ کو چاول کے پانی مین پیسکر لیپ کرے تو گنٹھ مالا جاوے یا بیخ سمھالو کو پانی مین پیسکر لیپ کرے تو گنٹھ مالا جاوے۔ یا سرسون۔ سور کا غلیظ انکو برابر لیکر باریک پیسکر روغن سیاہ ملاکر کسی صاف برتن مین رکھے پھر لیپ کرے تو گنٹھ مالا جاوے۔ یہ سب بیدرہس مین تحریر ہے۔

شلیپد روگ یعنی بیل پاؤن کی پیدایش علامت اور علاج

جسکے پیڑو اور جانگھون کی جڑون مین بہت سوجن ہو اور بیٹھنے مین درد بہت کرے اور وہ درد تپ کو پیدا کرے پھر وہ سوجن اس جگہ سے بڑھکر بتدریج پاؤن تک آوے اسکو بید شلیپد کہتے ہین اور اکثر حاذق طبیب اگر ہاتھ۔ کان۔ آنکھ۔ لب اور ناک مین سوجن ہو اسے بھی شلیپد کہتے ہین۔ یہ عارضہ چار قسم کا ہے۔ بادکا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ سنپات یعنی تینون خلطون کا۔

بادکے شلیپد کی علامتین] سیاہ اور روکھا ہو کر پھٹ جاوے اور اسمین بہت درد اور بخار رہو۔

صفرا کے شلیپد کی علامتین] جسکا رنگ زرد ہو اور سوزش اور بخار کو لیے ہو اور چھونے مین ملائم معلوم ہو اسکو صفرا کا شلیپد جانو۔

بلغم کے شلیپد کی علامتین] چکنا زرد ہو اور ایک ہی جگہ رہے اور سفیدی لیے ہو تو بلغم کا شلیپد جانو یہ تینون شلیپد بلغم کی زیادتی سے پیدا ہوتے ہین کیونکہ بلغم کے بغیر

وزن اور بڑا پن نہین ہوتا

سنپات یعنی تینون خلطون کی شلیپد کی علامتین] جس شلیپد مین بہت سے چھید ہون اور پھنکنے لگے اور بانبی کی طرح ہو وہ شلیپد سنپات کا جانو - اور یہ لا علاج ہے -

شلیپد کا عام علاج] اس بیمار کو فاقہ کرا دے یا لیپ کرا دے یا پسینا لوا دے یا خون نکلوا دے اور جلاب دے اور گرم چیزین کھانے کو دے یہ سب مفید ہین - یا سرسون - بیخ سہجنہ - دیودار - زنجبیل - کو گائے کے پیشاب مین باریک پیسکر لیپ کرے تو عارضہ دور ہو یا بیخ سانٹھی - زنجبیل - سرسون - انکو کانجی مین پیسکر لیپ کرے تو عارضہ دور ہو یا بیخ دھتورہ - بیخ ارنڈ - بیخ سنبھالو - بیخ سانٹھی - بیخ سہجنہ اور سرسون کو پانی مین پیسکر لیپ کرے تو شلیپد جاوے - یا سہدئی کو تال پھل کے رس مین پیسکر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو یا ساکھو کمک (اخروٹ) درخت کے پوست کے کاڑھے مین گائے کا پیشاب ڈالکر پیے تو شلیپد جاوے یا زرد چوب اور قند سیاہ دونون کو برابر لیکر باریک پیسکر گائے کے پیشاب سے پیے تو یہ بیماری جاوے اور جذام سوزش وغیرہ کو بھی دور کرتا ہے - یا بیخ سانٹھی - ترپھلا اور پیپل کو برابر لیکر باریک پیسکر ۲ - درم شہد سے کھاوے تو بہت دنون کا بھی شلیپد دور ہو یا ہلیلہ کلان کے چورن مین روغن ارنڈ ملاکر اور گائے کا پیشاب ڈالکر پندرہ روز پیے تو یہ عارضہ دور ہوا اور یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین - یا بھدائرہ - پیپل - زنجبیل - کالی مرچ اور رباسے ترنگ کو پانی مین پیسکر اندازہ سے تیل ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی جل جاوے اور تیل رہ جاوے تب آتار لے پھر اسکی مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو یا دھتورے کے بیجون کو ایک سے جتنی تک بڑھاکر کھاوے اُسکے اوپر ٹھنڈا پانی پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین یا مجیٹھ - مہوا - راسنا - اور بیخ جل سانٹھی انکو کانجی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو صفرا کا عارضہ دور ہو - یا انگوٹھے کی اوپر کی نسون کا خون نکلوا دے تو صفرا کی یہ بیماری دور ہو یا بیخ کسونڈی ۲ - درم گائے کے گھی کے ساتھ پیے تو شلیپد جاوے - یا پیپل - ترپھلا دیودار کو باریک پیسکر ۲ - درم ہر روز کانجی کے پانی سے کھاوے تو یہ بیماری بلغمی

یا دکی بیاری میں پھیا وغیرہ ان عارضوں کو دور کرکے اشتہا بہت بڑھاتا ہے اس کا نام چپلا دچورن سب ہے یہ برند مین لکھا ہے۔

بدردھ کی پیدایش علامت اور علاج

جو ہڈیوں مین باد صفرا اور بلغم رہتے ہین وہ بدن کی جلد خون گوشت چربی بگاڑ کر فتہ فتہ آدمی کے خوفناک سوجن پیدا کرتے ہین وہ سوجن گول ہوا ور درد کو لیے ہوا ور بہت گہری اور بہت بڑی ہو۔ یہ جسمین علامتین ہون اُسکو بید بدردھ کہتے ہین یہ عارضہ چھ قسم کا ہے۔ باد کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ سنپات کا۔ چوٹ لگنے کا۔ خون کا۔

بادکی بدردھ کی علامتین] جو سوجن کالی یا سُرخ ہو ایک لحظہ مین تو تھوڑی ہو اور مُم اُٹھتے ہی کھنچنے لگے۔ یہ علامتین ہون تو بادکی بدردھ کہنا چاہیے۔

صفرا کی بدردھ کی علامتین] جو سوجن پکنے پر گولر کے پھل کے مانند ہو اور سیاہ ہو اور سوزش اور بخار لئے ہو اور جلد ہی پک جاوے یہ علامتین ہون تو صفرا کی بدردھ کہنا چاہیئے

بلغم کی بدردھ کی علامتین] زرد رنگ اور ٹھنڈی اور چکنی ہو اور اس مین درد کم ہو بہت دنون مین پکے اُسکو بلغم کی بدردھ جانو۔

سنپات کی بدردھ کی علامتین] جس سوجن مین طرح طرح کے رنگ ہون اور وہ سوجن گلکی گھانٹی کے نزدیک اور ناہموار ہو کبھی تو گھٹے اور کبھی بڑھے اور کبھی جلد اور کبھی دیر سے پکے تو سنپات کی بدردھ جانو۔

ضرب لگنے کی بدردھ کی علامتین] جس جگہ چوٹ لگے وہان کی ہوا صفرا سے مل کر خون کو بگاڑے پھر اُس جگہ سوجن کو پیدا کرے اور بخار۔ پیاس۔ جلن ہو اور اُس بدردھ مین صفرا کی بھی علامتین ملی ہون اُسکو چوٹ لگنے کی بدردھ جانو۔

خون کی بدردھ کی علامتین] سوجن سیاہ ہو اور اُس مین بہت سے پھوڑے ہون اور درد اور جلن ہو اور بخار بھی ہو اور صفرا کی بدردھ کی علامتین ملی ہون اُس کو خون کی بدردھ جاننا چاہیئے۔

یاعلاج اور لاعلاج انتر بدردھ کی علامتین] علیحدہ علیحدہ یا ملے ہوے باد صفرا

بلغم یہ بدپرہیزی سے بگڑکر بدن میں ایک گانٹھ گولے کے مانند یا بانبی کے مانند اونچی پیدا کرتے ہین اُسکو بیدانتر بدردھ کہتے ہین وہ انتر بدردھ دس قسم کی ہے۔ مقعد مین۔ پیڑو کے مُنھ مین۔ ناف مین۔ کوکھ مین پیڑو اور جانگھ کے جوڑ مین اور چھاتی مین اور پیاس کی جگہ مین سینہ مین۔ ناف کی دہنی طرف۔ پیاس کی جگہ مین۔

مقعد وغیرہ کی بدردھ کی علامتین] مقعد مین بدردھ ہو تو ریاح بخوبی تمام صادر نہ ہو یا ریح رُک جاوے اور پیڑو کے مُنھ مین بدردھ ہو تو اُسکے موتر کرچھر کا عارضہ ہو ناف مین بدردھ ہو تو اُسکو ہچکی بہت آوین اور پیٹ مین اپھار بہت رہے کوکھ مین بدردھ ہو تو اُس جگہ باد بگڑی ہو پیڑو اور جانگھ کے جوڑ مین بدردھ ہو تو کمر مین درد بہت ہو سینہ اور پیاس کی جگہ کے درمیان مین بدردھ ہو تو پسلیان سکڑ جاوین اور اس جگہ درد زیادہ ہو چھاتی مین بدردھ ہو تو دم نہ آوے سینہ مین بدردھ ہو تو سب اعضا مین درد ہو اور سب اعضا رُک جاوین اور کھانسی ہو اور ناف مین داہنی طرف بدردھ ہو تو دمہ کا عارضہ اور پیاس کی جگہ بدردھ ہو تو پانی بہت پیے۔

لا علاج بدردھ کی علامتین] ناف کے اوپر جو بدردھ پک کر پھوٹے اُسکا پیپ اوپر کو جاتا ہے اور ناف کے نیچے کا جو بدردھ پک کر پھوٹے اُسکی پیپ نیچے کو جاوے جس مریض کے پیپ نیچے کو بہے وہ زندہ نہین رہے گا اور جس بیمار کا پیپ پھوٹ کر اوپر کو جاوے وہ مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ ناف سینہ اور پیڑو مین بدردھ ہو وہ اچھی نہین اور جگہ مین ہو تو وہ اچھی ہو اور اگر بدردھ کچی یا پکی یا جل گئی ہو اُسکو سوجن کی طرح دیکھ لینا۔

اندر کی بدردھ کی لا علاج علامتین] اپھار۔ قے۔ ہچکی اور پیاس بہت ہو اور درد زیادہ پیدا کرے۔ یہ علامتین ہون تو وہ بیمار مرجاوے۔

وہ بدردھ جو مشکل سے اچھی ہو اُسکی علامتین] بدردھ کچی ہو اور بادی ہو اور بڑی ہو یا چھوٹی ہو یا مرم جگہون مین ہون تو مشکل سے اچھی ہو اور جو بدردھ سنپات کی ہو اور چھاتی ناف اور پیڑو مین ہو یا وہ مٹھی کے برابر ہو تو لا علاج ہے اور مٹھی کے برابر گوشت اور خون کا گولا بھی ہوتا ہے وہ بدردھ تو پک جاتی ہے گولا نہین پکتا یہی اُس مین فرق ہے۔

بدردھ کا علاج] سب بدردھ مین جونک لگاوے اور اسکا خون نکلواوے تو اچھی ہو۔ یا جلاب سے صفرا کی بدردھ جاوے یا بدردھ پکی نہ ہو تو اسکا سوجن کا سا علاج کرے یا ارنڈ کی جڑ کا کاڑھا کرکے اُسمین تیل یا گھی پکا کر اسکا نیم گرم سینک کرے تو بادی بدردھ جاوے یا جو گیہون اور مونگ کا چورن گھی سے پکا کر لیپ کرے تو بادی بدردھ تغیر کی بھی اچھی ہو۔ یا اسگندھ۔ خس۔ مہوہ۔ سُرخ صندل کو دودھ سے باریک پیسکر اسمین گھی ملا کر گرم گرم لیپ کرے تو صفرا کی بدردھ دور ہو۔ یا اینٹ کی ریت اور لوہے کا میل اور گوبران کو باریک پیسکر گاے کے پیشاب مین ملا کر اسکا گرم گرم سینک کرے یا لیپ کرے تو بلغم کی بدردھ دور ہو یا دسمول کے کاڑھے مین تیل یا گھی ڈالکر اسکا ترڑا دے تو بدردھ کے زخم کی سوجن جاوے اور اسکا درد بھی دور ہو۔ یا صندل سُرخ۔ مجیٹھ۔ زردچوب۔ مہوہ۔ گیرو کو دودھ مین بھگا کر لیپ کرے تو خون اور ضرب کی بدردھ دور ہو۔ اسی طرح اگر مذکورۂ بالا کاڑھے کو پیئے تو معدہ کی بدردھ جاوے۔ یا زیرۂ سیاہ۔ بیخ اندرائن۔ تسلی کا پھل۔ سفید تیھر چٹے کی جڑ۔ بیخ برنا۔ ان کو پانی مین اوٹا کر پیے تو انتر بردھ جاوے۔ یا بیخ سہجنہ کا رس شہد ملا کر پیے تو انتر بردھ یعنی آنتون کا بڑھنا دور ہو۔ یا بیخ سہجنہ کے کاڑھے مین بھُنی ہوئی ہینگ اور سیندھا نمک ڈالکر صبح کے وقت سے پیے تو آنتون کا بڑھنا جاوے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔

برن شوتھ روگ یعنی جراحت کی پیدایش علامت اور علاج

یہ عارضہ چھ قسم کا ہے۔ بادی کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ سنپات کا یعنی تینون خلطون کا۔ خون کے بگڑنے کا۔ اور کسی طرح لکڑی وغیرہ سے چوٹ لگنے کا ان سببون سے پہلے زخم ہوتا ہے پھر زخم مین شوتھ یعنی ورم ہو۔

برن شوتھ کی علامتین] بادی کا زخم بجز بی تمام تر پکے صفرا کا جلد پک جاوے۔ بلغم کا دیر سے پکے اور خون اور چوٹ لگنے کا بھی بہت جلد پکے۔

سچے برن شوتھ کی علامتین] جس برن شوتھ مین گرمی اور سوجن کم ہو اور کڑا ہو اور اسکے بدن کی جلد کے موافق رنگ ہو اور درد بھی کم ہو یہ علامتین ہون تو برن شوتھ کچا جانو۔

پکے ہوئے برن شوتھ کی علامتین] سوجن آگ کی طرح جلے اور بخار کی طرح پکے اور چیونٹی اور چھری کی طرح کاٹے اور ڈنڈے کی طرح مارے اور ہاتھ کے چھونے سے درد ہو گویا سوئی سے چھدا ہوا ہے اسمین سوزش بہت ہو انگلی کے دبانے سے درد ہو اور کسی وقت آرام مطلق نہ ہو اور اسمین بچھوے کے کاٹے کا سا درد ہو اور یہ سوجن گانٹھ کی ہو اور کسی تدبیر سے نہ پھوٹے اور اس سوجن مین بخار پیاس اور کھانے سے نفرت ہو یہ علامتین ہون تو سوجن پکی ہوئی جانو۔

برن شوتھ پک گیا ہو اُسکی علامتین] جس برن شوتھ مین درد نہ ہو اور سُرخی لیے ہو بہت اونچا نہ ہو اور اس کی سوجن مین تہ پڑ جاوین اور درد ہو اور خارش معلوم ہو سب فساد جاتے رہین پیروہ سوجن نہ جاوے جلد پھٹنے لگے اور اسمین انگلی لگنے سے درد ہو اور پیپ نکلے یہ علامتین ہون تو جانو کہ برن شوتھ پک گیا ہے اس مین بھی ہوا بغیر درد نہین صفرا بغیر پکتا نہین۔ بلغم بغیر پیپ نہین۔ اسلیے پکنے کے وقت یہ تینون ہوتے ہین۔

جراحتون کی پختگی کے لیے اور بھی رائے ہے] اس کے علاج کرنے مین دیر کرے تو صفرا بڑھکر بلغم کو لے اور خون پکا دے وہ خون پکا ہوا پیپ پیدا کرے۔ پیپ کو نہ نکالے تو یہ مرض پیدا ہو اسکے لیے ایک مثال لکھتے ہین کہ جیسے تنکون کے مجموعہ کو جو ہوا سے متحرک ہون آگ جلا ڈالتی ہے۔ ویسے ہی اس کی پیپ نہ نکالے تو اسکے بدن کے گوشت اور نسون کو یہ پیپ کھا جاتا ہے۔

کچے پکے کے جاننے کے لیے بید کی ہوشیاری کی صفتین

جو کچے اور پکے ہوئے زخم کو جانے وہ بید ہے اور جو نہ جانے وہ بید نہین وہ چور کا کام کرنیوالا چور ہے اور جو بید پھوڑے کو یا زخم کو کچا پھاڑے اور پکے کو نہ پھاڑے اور جسکو کچے اور پکے کا علم نہ ہو اسکو چنڈال جانو۔ یہ مادھوی سے لکھا ہے۔

زخم کے روگ کی پیدایش علامت اور علاج

یہ زخم آٹھ قسم کے ہین۔ بادی صفرا اور بلغم کے فسادون کا ہتھیار کے لگنے کا۔ بادصفرا کا بلغم کا خون کا۔ بادصفرا کا۔ بادبلغم کا۔ بلغم صفرا۔ سنپات یعنی تینون خلطون کا۔

بادی زخم کی علامتیں] زخم قائم اور سخت ہو آہستہ آہستہ پیپ بہے درد بہت ہو زیادہ چکنا سیاہ ہو۔ یہ علامتیں ہوں تو اسکو بادکا زخم جانو۔

صفرا کے زخم کی علامتیں] پیاس غفلت اور بخار ہو اور تری اور سوزش اور درد ہو بیٹھے تو بدبو کو لیے پیپ نکلے۔ یہ علامتیں ہوں تو اسکو صفرا کا زخم کہنا چاہیئے۔

بلغم کے زخم کی علامتیں] جس میں زیادہ سستی اور بھاری پن اور چکناپن ہو اور جس میں درد کم ہو زرد ہو دیر سے پکے ان علامتوں سے بلغم کا زخم جانو۔

خون کے زخم کی علامتیں] زخم سرخ ہو اسمیں خون بہت نکلے جس زخم میں بادی صفرا کی علامتیں ہوں تو اسے بادصفرا کا کہنا چاہیے جس میں ہوا بلغم کی علامتیں ہوں اس کو بادبلغم کا کہو جسمیں بلغم صفرا کی علامتیں ہوں اسکو بلغم صفرا کا کہیئے اور جس میں سب علامتیں ملی ہوں اسکو سنپات کا جانو۔

صاف ہوئے زخم کی علامتیں] زبان کے نیچے کے پیندے کے مانند رنگ ہو اور نہایت نازک اور صاف اور چکنا ہو درد نہ ہو اور اسکی حالت اچھی ہو اور اس میں سے پیپ وغیرہ نہ نکلے تب جانو کہ زخم صاف ہوا۔

فساد کرنے والے زخم کی علامتیں] جس میں سے پیپ اور خون بدبو لیے نکلا کرے اور سوجن ہو اور قائم رہے تو اسکو برا زخم جانو۔

انگریت شدہ بدن کی علامتیں] جو زخم زرد ہو یا بدرنگ ہو اور پیپ وغیرہ اور دانوں میں سے نکلنے لگے تو اسکو انگریت شدہ بدن جانو۔

اچھی طرح زخم بھر آتا ہو اسکی علامتیں] جس زخم میں دانے اچھی طرح نکلیں اور درد نکا تیکھ نہ ہو اور سوجن ہو تو اسکو اچھی طرح بھرا زخم جانو۔

زخم کے باعلاج ہونے کی علامتیں] وہ زخم مرم جگہوں میں نہ ہو اور جلد اور گوشت میں ہو اور بیمار جوان اور ہوشیار ہو اور پرہیز کرے اور سردی میں ہوا ہو تو باعلاج ہے۔ بادی صفرا بلغم کا تو زخم ہو اور چربی اور ہڈی کی چکنی اور سر کے مغز کے مانند تو اچھا ہو اور ہتھیار وغیرہ کی ضرب کے زخم میں سے بھی جو مواد چربی اور سر کے سیل کے مانند نکلے تو اچھا ہو۔ کوڑھی اور

زہر کے کھانے والے اور مدھو پر میہہ (جریان) والے عضووٗن کو مشکل سے اچھا ہو۔
زخم کی لاعلاج علامتین] جس زخم مین بہت جلن ہو اور زخم باہر سے ٹھنڈا ہو اور اس شخص کا گوشت اور خون سوکھ گیا ہو اور دمہ کھانسی نفرت وغیرہ ہون اور درد بیمار بوڑھا ہو اس زخم مین سے پیپ نکلا کرے مرم جگہون مین ہو تو ایسا زخم اچھا نہ ہو بید اپنی مشہوری چاہے تو علاج نہ کرے۔

آگنتک یعنی تلوار وغیرہ ہتھیار کی ضرب سے جو گھاؤ ہو اسکی پیدایش اور علامتین

تلوار۔ سیل۔ تیر۔ چھری۔ گولی۔ تیر۔ کلہاڑا وغیرہ کسی ہتھیار کے کسی عضو مین لگنے سے طرح طرح کے زخم ہوتے ہین وہ چھ قسم کے ہین چھن۔ بھن۔ بدھ۔ چھت۔ پچپ۔ گھرشت۔
چھن زخم کی علامتین] جو شخص تلوار وغیرہ ہتھیار سے ٹیڑھا کٹا ہو اور گھاؤ بڑا ہو اور آدمی کے بدن کو زمین پر ڈال دے اسکو بید چھن زخم کہتے ہین۔
بھن زخم کی علامتین] جسکو برچھی سیل چھری اور تلوار وغیرہ کی ضرب لگی ہو اسکا کوٹھا کسی طرح کٹ جائے اُس کٹے ہوئے کوٹھے سے خون چلے تب خون سے پیٹ بھر جاوے تب بخار اور سوزش کو پیدا کرتا ہے۔ پھر وہ خون۔ آلت۔ مقعد۔ منھ۔ ناک کے ذریعہ سے نکلے اور بیہوشی۔ دمہ۔ پیاس۔ اپھار۔ نفرت کو پیدا کرے اور پاخانہ و پیشاب رک جاتے پسینہ آوے آنکھین سرخ ہو جائین منھ مین سے خون اور بدن ہین سے بھی بدبو آوے سینہ اور پسلی مین درد ہو۔ جس مین یہ علامتین ہون اُسکو بھن زخم کہنا چاہیئے۔
بدھ زخم کی علامتین] جس شخص کے اندر ہتھیار کی نوک لگے اور اسکا بدن کٹ جاوے اسکو بدھ زخم کہتے ہین۔
جس زخم مین تیر وغیرہ رہ گئے ہون اُسکی علامتین] جو گھاؤ ورم سمیت سیاہ ہو اور اُس مین پھنسیان ہون اور اُسکے گھاؤ کا گوشت مُبلبلے کے مانند اونچا ہو اور اُس مین درد ہو اس گھاؤ مین ہتھیار جانو۔
معدہ مین تیر رہ گیا ہو اُسکی علامتین] بدن کی ساتون جلد اور بدن کی نسون کو کاٹ کرکے ان نسونکو پھاڑ ڈالے اور معدہ مین جو تیر رہا ہے وہ اپھار کو کرے اور زخم کے منھ مین

غذا اور پاخانہ اور پیشاب کو رے آوے تب جانو کہ اسکے معدہ مین تیر ہے۔

لا دوا خون کی علامتین] معدہ مین رہنے والا خون زرد ہوکر بدن کو زرد کردے ہاتھ پاؤن منہ ٹھنڈے ہون اور اس کی ناک کا دم ٹھنڈا چلے آنکھین سرخ ہون ان علامتون سے یہ خون لا دوا ہے۔

چھت برن کی علامتین] جس مین ات چھن ات بھن کی علامتین نہ ملین دونون کی علامتین ملی ہون وہ زخم بھم ہے۔

پچت برن کی علامتین] جو عضو گدہا اور دروازے وغیرہ کسی بھاری چیز سے کچل جاوے اور ہڈیون مین زخم ہو جاوے اسکو پچت کہنا چاہیئے۔

گھرشٹ برن کی علامتین] جسکے اینٹ پتھر دیوار وغیرہ کی رگڑ سے بدن کا چمڑا گھس جاوے اور بدن سے دور ہو جاوے اور اسمین سے پیپ نکلا کرے اور جلن ہو اسکو گھرشٹ برن جانتا چاہیئے۔

جس کے گوشت نس اور مرم جگھون مین ضرب لگی ہو اسکی عموماً علامتین

بدہوشی اور بکواد ہو گر پڑے غفلت ہو ہوش جاتے رہین نفرت اور سوزش ہو عضو کمزور پڑجاوین درد زیادہ ہو اور گوشت کسے پانی کے مانند اسکا خون ہو اور حواس خمسہ کند ہون اور نیچے جو پانچ مرم جگہ لکھی ہین ان مین ضرب لگے۔

مرم جگہ عضو ہڈی وغیرہ جو زخم چھد گئے ہون انکی علیحدہ علامتین

اندر سے دھنگیو اور ساون کی بیر بہوٹی کے مانند جس مین سے خون نکلے اس کو چھت زخم کہنا چاہیئے یہ گھاؤ باد کے بے تعداد عارضون کو پیدا کرتا ہے اور تیر تلوار وغیرہ ہتھیار سے نسین چھد جاوین اس سے زخم پیدا ہو اس سے بدن کبڑا ہو جاوے ہر ایک عضو مین درد ہو چلانہ جاوے اور عرصہ کے بعد اس مین انگور آوے تب جانتا کہ نس چھد جانے کا زخم ہے جس زخم مین بہت سوجن ہو طاقت زائل ہو جاوے اور اٹھنا مین گھاؤ نہ لگے ہون تو اعضا کی حرکت بند ہو جاوے اور اس مین درد ہو اور رات دن آرام نہ پاوے اس کی ہڈی مین ہتھیار کی ضرب سے پیدا ہوا زخم جانو اور مرم جگھون پر چوٹ لگنے سے زخم ہوتا

اس سے بدن کا رنگ بھی زرد ہو اور زخم چھونے کی برداشت نہ ہو۔

زخم کے سولہ فساد] بسرپ روگ۔ پھلکا۔ بسرنگ ہونا۔ ابتلان۔ جریان خفقان۔ زخم مین درد۔ بخار۔ پیاس۔ کندھا نیچے کو جھکے۔ کھانسی۔ قے۔ اسہال۔ ہچکی۔ دمہ۔ رعشہ وغیرہ سولہ فساد ہین۔

اگن دگدھ یعنی آگ سے جلے ہوے کی پیدایش اور علامتین

پہلے اگن دگدھ دو قسم کا ہے ایک تو تیل وغیرہ سے جلا ہو دوسرا وہ ہے آگ وغیرہ سے جلا ہوا وہ اگن دگدھ چار قسم کا ہے۔ پلشت۔ دردگدھ۔ سمیک دگدھ۔ ات دگدھ

پلشٹ دگدھ کی علامتین] آگ سے جلکر اور ہی قسم کی رنگت ہو جاے اسکو پلشٹ کہنا لازم ہے۔

درد دگدھ کی علامتین] جسمین سوزش اور درد ہو اور پھوڑے ہو جاوین اور بہت دنون مین مٹین اسکو درد دگدھ جانو۔

سمیک دگدھ کی علامتین] جسکے بدن کا تانبے کا سا رنگ ہو جاوے اور وہ جلا ہوا نہین سوزش اور درد ہو اور نہ پھیلے اس کو سمیک دگدھ کہنا چاہیے۔

ات دگدھ کی علامتین] جسکی جلد اور گوشت سب جلجاوین اور ان سے بدن علیحدہ ہو جاوے اور نسین الگ ہون یہ سب جلجاوین اور ان مین درد ہو اور سوزش۔ بخار۔ پیاس۔ بیہوشی ہو اور جسمین انگور دیر سے آوے رنگت اور ہو جاے اسکو ات دگدھ جانو۔

ان فسادون سے جو زخم پیدا ہو اُسکا علاج] اس کے علاج گیارہ قسم کے ہین وہ ترتیب سے لکھے جاتے ہین اور سشرت اور چرک مین زخم کے علاج ساٹھ قسم کے ہین لیپ کرے دوائیون کے پلٹے سے گرم گرم تریڑا دے اور بانس کی لکڑی سے انگوٹھا سل کر اسکے پسینا لوا دے۔ کسی طرح خون نکلوا دے۔ دوائون سے پٹی باندھکر اسکے پسینا لوا دے اُسے پکاوے۔ ہتھیار وغیرہ سے چیر دے زخم کو انگوٹھے سے دبا کر اُسکا پیپ نکالنا۔ زخم کا صاف کرنا اور اسمین انگور لانا۔ جلد کے موافق کر دینا۔

بادکی سوجن کے دور کرنے کا لیپ] بیخ بجورہ۔ بالچھڑ۔ دیودار۔ زنجبیل۔ راسنا۔ ارلو۔ بیر

سب برابر لیکر انکو پانی سے باریک پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو وہ سوجن دور ہو۔

صفرا کی سوجن کا لیپ] مہوا۔ سرخ صندل۔ دوب۔ آملہ۔ بیخ کنول۔ خس۔ نیتر بالا۔ ملٹھی۔ یہ سب برابر لیکر پانی سے باریک پیسکر ٹھنڈا لیپ کرے تو صفرا کی سوجن دور ہو۔ یا برگد۔ گولر۔ پیپل۔ پاکر اور بیخ بید کا پوست لیکر پانی سے باریک پیسکر ان دواؤں سے دسواں حصہ گھی ملاکر لیپ کرے تو صفرا کی سوجن دور ہو۔

بلغم کی سوجن کا لیپ] اجود۔ بابچی۔ میڑھا سنگی۔ مجیٹھ۔ رال۔ اسگندھ۔ ستاور۔ کو پانی میں پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو بلغم کی سوجن دور ہو۔ یا پیپل۔ پرانی خس۔ پوست سہجنہ۔ ریتا۔ پوست ہلیلہ ان کو گائے کے پیشاب میں باریک پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو بلغم کی سوجن دور ہو اور ان کو لیپ نہ کرنا چاہیے نیچے لکھی ہوئی دواؤں سے گرم گرم تریڑا دے اسی ترتیب سے لکھتے ہیں پوست ہلیلہ کو اونٹا کر اسکا گرم گرم اس سوجن کی سوزش پر تریڑا دے تو جلن جلد دور ہو یا باد کو دور کرنیوالی دوا کے کاڑھے سے پانی کا اسپر تریڑا دے یا تیل کا تریڑا دے یا گوشت کے پانی کا تریڑا دے یا گرم گرم گھی کا یا گرم گرم کانجی کا تریڑا دے تو باد کی سوجن دور ہو۔

صفرا کی سوجن کے دور کرنے کا تریڑا] ٹھنڈی دواؤں کے کاڑھے کا تریڑا دے اور دودھ گھی۔ سانٹھی کے رس کے تریڑوں سے صفرا کی سوجن جاوے

بلغم کی سوجن کا تریڑا] بلغم کو دور کرنے والی دواؤں کا گرم گرم تریڑا دے تو بلغم کی سوجن دور ہو خون صفرا اور سوجن کا علاج ایک ہی ہے اور زخم کی سوجن کو انگوٹھے وغیرہ سے مسلکر پیپ نکلوا دے جو زخم سخت ہو اُسے انگوٹھے یا بانس کی لکڑی صاف سے آہستہ آہستہ مسلوا دے تو وہ ڈھیلا پڑکر اچھا ہو جاوے اور جسکی رنگت اور سے اور ہو جاوے سیاہ ہو ورم بہت ہو ایسے زخم کی سوجن کے یا کسی زہریلے جانور کے کاٹنے کی سوجن کے جونک لگا کر اسکا خون نکلوا دے یا پچھنا لوا کر خون نکلوا لے۔ یہ ایک ہی علاج سب کے برابر ہے۔

کچے زخم کے پکانے کی دوا] دسمول۔ کھریٹی۔ راسنا۔ اسگندھ۔ کھیپ۔ بیخ ارنڈ۔ یا اسکا پھل۔ نرگنڈی۔ سانٹھی۔ سہجنہ۔ پیپل۔ سینڈھا نمک۔ زنجبیل۔ تخم سن۔ تخم کپاس۔ السی۔ کلتھی۔ تل۔ جو۔ سرسوں۔ تخم ترب۔ سونف۔ برگ نیم۔ برگ تنبول۔ برگ گلاب وغیرہ گرم کرکے

اور باریک پیسکر باندھے یا ان کے کاڑھے کا تریرا دے تو بادکے زخم کی سوجن جاوے۔
زخم کے ورم دور کرنے کا لیپ] بیج سانٹھی۔ دیودار۔ زردچوب۔ زنجبیل۔ سپت سہجنہ اور سرسون کو کھٹائی سے باریک پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو سب طرح کے بدن شوتھ دور ہوں۔
زخم کے پکانے کی ترکیب] زخم لیپ وغیرہ سے نہ پکے تو بیج سن اور سہجنہ کا پھل اور تل اور سرسون اور السی جو۔گیہون۔ برگ نیم کو بچھاکر زخم مین باندھے تو زخم پک جاوے۔
پکے ہوئے زخم مین چیرا دینے کی ترکیب] جس زخم مین پیپ پڑگئی ہو اسکو ہوشیار بید نشتر سے چیرا دلواکر اسکا پیپ نکلواڈالے پھر مرہم وغیرہ لگادے تو زخم اچھا ہو اور اتنے لوگ چیرا نہ لگاوین لڑکا اور بوڑھا کہ جسکو چیرنے کی برداشت نہ ہو کمزور آدمی کے۔خوف زدہ کے۔عورت کے مرم جگہون مین ان کو کبھی چیرا نہ دے ان مین دوا سے پھوڑکر اسکی پیپ نکلواکر اچھا کرنا چاہیئے۔
دنبل کے توڑنے والی دوائین] بیج کنگج۔ چترک۔ بیج جاگوٹہ۔ بھلاتوان۔ کنیر۔ کبوتر کی بیٹ۔ گدھ کی بیٹ۔ ان مین سے کسی کا لیپ کرے تو زخم آپ ہی پھوٹے۔ اور پیپ نکلکر اچھا ہو۔ یا کھاری نمک۔ جواکھار۔ سجی۔ آندھی جھاڑے کا کھار۔ ان مین سے کسی کا لیپ کرے تو زخم کا پیپ نکلجاوے۔ یا زخم کڑا ہو تو ہاتھی دانت کو پانی مین گھسکر اسکا قطرہ زخم پر رکھے تو سوجن دور ہو اور اسکا پیپ نکلجاوے۔
قاعدہ] جسمین پیپ پڑگیا ہو اور مرم جگہون مین ہو ایسے زخم کو چیرا نہ دینا چاہیئے اور نیچے لکھی ہوئی دوا لگاکر اسکا پیپ نکالڈالے تو وہ زخم اچھا ہو۔ دوا یہ ہے۔ جو۔گیہون۔ ماش کو باریک پیسکر پانی مین گرم کرے اور زخم کے منھ مین سے پیپ نکالڈالے پھر اسکے اوپر مرہم وغیرہ لگادے تو زخم اچھا ہو۔
زخمون کے صاف کرنے کا طریقہ] جو زخم کچا ہو تو برگ پٹول یا برگ نیم کو بچھاکر ان کے پانی سے زخم کو دھووے تو زخم اچھا ہو یا دسمول کے کاڑھے سے زخم کو دھووے تو باد کا زخم اچھا ہو یا پوست گولر کے کاڑھے سے زخم دھووے تو زخم

اچھا ہو یا پوست املتاس کے کاڑھے سے دھووے تو نیم کا زخم اچھا ہو اور بیل۔ گولر۔ بڑ کے بیل کے پوست کے کاڑھے سے زخم کی سوجن اور اُپدنش کو دھووے تو زخم اچھا ہو یا تل سیندھا نمک۔ ملیٹھی برگ نیم۔ اور دونوں ہلدی۔ نسوت۔ ناگرموتھ۔ باریک پیسکر لیپ کرے تو زخم پکے اور اُس کی پیپ نکل جاوے یا نیم کے پتے۔ تل۔ دانتونی۔ نسوت۔ سیندھا نمک ان میں شہد ملاکر باریک پیسکر لیپ کرے تو تمام زخم اچھا ہو۔ یا نیم کے پتوں کو سجھا کر باندھے تو زخم اچھا ہو۔ یا ہلیلہ۔ نسوت۔ سیندھا نمک۔ دانتونی۔ کلہاری کی جڑ انھیں شہد میں پیسکر ان کی بتی زخم میں دیوے تو زخم اچھا ہو۔ یا زخم کا منھ تھوڑا ہو تو نیم کے پتوں سے رس نچوڑ دواؤں کی بتی دے تو زخم اچھا ہو۔ یا نیم کے پتے گھی۔ شہد۔ دارہلدی۔ مہوا انکی بتی بناکر زخم میں دے تو زخم اچھا ہو یا گوں کو اوٹا کر اُس کی بتی دے تو زخم اچھا ہو۔

زخم پر انگور لانے کا علاج] جن زخموں کی پیپ نکل گئی ہو اور زخم بھرے نہ ہوں ان کو نیم کے پتے اوٹا کر اُس پانی سے دھووے پھر شہد ملاکر تیل کا پھاہا اس پر رکھے تو زخم بھر جاوے یا اسگندھ کا پھل۔ ملیٹھی۔ مجیٹھ۔ دھوئی کے پھول باریک پیسکر زخم پر باندھے تو زخم جلد بھر آوے۔

زخم کے جلن اور درد کے دور کرنے کا لیپ] جو کا آٹا۔ شہد۔ تیل۔ گھی۔ یہ سب ملاکر اینگرم لیپ کرے تو زخم کی جلن اور درد دور ہو۔

زخم کے کیڑے دور ہونے کا علاج] تخم کنگھی۔ پوست نیم۔ نرگنڈی انھیں باریک پیسکر لیپ کرے تو زخم کے کیڑے جاتے رہیں یا لہسن کا لیپ کرے تو زخم کے کیڑے دور ہوں یا ہینگ اور پوست نیم کا لیپ کرے تو زخم کے کیڑے مریں۔

زخم میں پیپ اور کھجلی اور درد ہو اور کیڑے ہوں اُس کی دھونی

برگ نیم۔ بچ۔ ہینگ۔ گھی۔ نمک۔ سرسوں کو اکٹھا کر گھی میں باریک پیسکر ان کی دھونی دے تو زخم کا پیپ اور کھجلی اور کیڑے جاویں یہ سب بھاؤ پرکاش میں تحریر ہیں۔

زخم کے بھرنے کا مرہم] روغن سیاہ ڈھائی تولہ۔ پانی ڈھائی تولہ۔ کانسے کی تھالی میں ایک دن تک ہاتھ سے مسلکر اسمیں رال پانچ تولہ۔ باریک پیسکر ملا دے اور نیلا تھوتھا ۰٫ درم ملا دے اور برزہ سوا درم۔ مرچ سوا درم۔ پھر ان کو خوب ہاتھ سے ملکر زخم میں

لگا دے تو زخم اسی وقت بھر جاوے۔

آگنتک یعنی تلوار وغیرہ ہتھیار کی ضرب لگنے کے زخم کا علاج

جن لوگون کی تلوار وغیرہ ہتھیار کی طرح طرح کی دھار سے جلد پھٹ گئی ہو یا جلد کی طرح طرح
کی صورت ہو تو اُسے اچھے ہوشیار جراح سے ایسی جگہ پر کہ جہان ہوا نہ آتی ہو ریشم کے سوت سے
سلا دے پھر ٹانکون کو زخم کی جگہ مین گیہون کے میدہ مین پانی اور گھی ملاکر پکاوے جب
پانی جل جاوے اور گھی رہ جاوے تب اسکی کوئی بنا کر گرم گرم سینک کرے تو زخم بہت جلد اچھا
ہو۔ یا کٹکی۔ موم۔ زرد چوب۔ اصل السوس۔ بیج پھل برگ کمیلے اور پٹول۔ برگ نیم۔ برگ چمبیلی
انکو گھی مین ڈال کر پکاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہ جاوے تب اس گھی کا گرم گرم
سینک کرے تو زخم بہت جلد اچھا ہو۔ یہ علاج بیدرہس مین تحریر ہین یا تلوار وغیرہ سے جسکا
خون بہت نکل گیا ہو اور اسکے بادکا درد ہوا سکے دور کرنے کے لیے گھی پلانا اچھا ہے اور جس کا
تلوار وغیرہ سے بدن کٹ جائے تو بیج کنگیرن کا رس اُس مین بھر دے تو وے زخم
بہت جلد اچھے ہو جاوین اس زخم کو ٹھنڈے علاج سب اچھے ہین اور ہتھیار لگنے
سے جسکا خون آنتون کی جگہ مین جاوے تو اُس شخص کو قے کرا دے تو اچھا ہو اور پیڑو مین
خون جاوے تو وہ جلاب سے اچھا ہو اور پوست بانس۔ پوست ارنڈ۔ گوکھرو۔ پاکھان
بھید کا کاڑھا کرکے اُس مین سینکی ہوئی ہینگ اور سیندھا نمک ڈالکر پیے تو معدہ کا خون
نکلکر اچھا ہو۔ اور جو۔ کلتھی سیندھا نمک۔ روکھے اناج کا کھانا مفید ہے۔ یا چمبیلی کے پتے
برگ نیم۔ پٹول۔ کٹکی۔ دارہلدی۔ سفید سرسون۔ مجیٹھ۔ پوست ہلیلہ۔ موم۔ نیلا تھوتھا۔ شہد۔ تخم کنگنی
یہ سب برابر لیکر ان کے برابر گائے کا گھی لے اور ان سے آٹھ گنا پانی لیکر انکو نرم آنچ سے
پکاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہ جاوے تب اسکی بتی زخم مین رکھے تو گنبھیر وغیرہ
سب زخم اچھے ہون۔ اسکا نام جاتیادگھرت ہے۔ یا چمبیلی۔ نیم۔ پٹول۔ الماس۔ ان سب کے
پتے۔ موم۔ مہوا۔ کوٹ۔ دارہلدی۔ زرد چوب۔ کٹکی۔ مجیٹھ۔ پدماکھ۔ پوست ہلیلہ۔ لودھ۔ نیلوفر۔ تج
کنول گٹہ۔ سفید سرسون۔ نیلا تھوتھا۔ مغز الماس کو برابر لیکر کاڑھا کرکے اسکے رس مین بہتر بیج
سے تل کا روغن پکاوے جب کاڑھے کا رس جل جاوے اور تیل رہ جاوے تب اس تیل کو

اتار کر اچھے برتن میں رکھے پھر اس تیل کی بتی بنا کر کسی طرح سے زخم میں رکھے تو زخم جلد بھر جاوے
اسکا نام جاتیادی تیل ہے یا چیرک لسن۔ ہینگ۔ سر کھوپرا جو گوڑ دیس میں ہوتا ہے۔ کلھاری جڑی
کی جڑ۔ سیندور۔ افیس کوٹ۔ روغن تلخ لے اور انھین انداز سے پانی ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے
جب پانی جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اس تیل کو برتن میں بھر رکھے پھر اسکو کپڑے کی بتی
وغیرہ سے زخم میں کسی طرح پر لگادے تو سب طرح کا زخم دشٹ برن۔ ناڑی برن وغیرہ کو
یہ تیل دور کرتا ہے اسکا نام بیرت مل تیل ہے۔ یا گلو۔ بیخ پٹول۔ ترپھلا۔ بائے برنگ کو برابر
لیکر باریک پیسکر انکے برابر گوگل ملا کر ۲ درم پانی سے ہر روز کھاوے تو زخم۔ بات رکت۔ گولا
شکم کے عارضے اور ورم کو یہ تیل دور کرتا ہے اسکا نام امرتادی گوگل ہے اور یہ سب علاج بھاؤ
پرکاش میں لکھے ہیں۔

چھ قسم کے اگن وگدھ کا ترتیب سے علاج

آگ سے کسی طرح پر جل گیا ہو اس کو آگ سے تپاوے تو وہ شخص جلد شفا پاوے یا اس
شخص کے اگر وغیرہ گرم دواؤں کا لیپ کرے تو وہ اچھا ہو یہ لپٹشٹ کا علاج ہے۔
ورو وگدھ کا علاج] دواؤں کے گھی کو یا اسی گھی کو گرم کرے پھر ٹھنڈا کر کے لیپ کرے تو یہ مرض دور ہو
وگدھ سمیک کا علاج] طباشیر۔ بیخ برگد۔ سرخ صندل۔ سدسوت۔ گیرو۔ گلو کو باریک پیسکر
گرم کرے پھر ٹھنڈا کر کے لیپ کرے۔
اات وگدھ یعنی بہت جل گیا ہو اسکا علاج] برے گوشت کو دور کرکے پھر ساٹھی کے
چانول اور تیندو کو گھی میں باریک پیسکر لیپ کرے اور اوپر گلو کا پتا باندھے تو اات وگدھ
اچھا ہو۔ یا موم۔ مہوا۔ لودھ۔ پٹھانی۔ رال۔ مجیٹھ۔ سرخ صندل اور سوربا کو برابر لیکر باریک پیسکر
گائے کے گھی میں پکاوے پھر اس گھی کا لیپ کرے تو اات وگدھ اچھا ہو اور سب بدتین
اور گوشت پیدا ہو اسکا نام سکتادی گھرت ہے یا پٹول کے پنچانگ[1] کا کاڑھا کر اس میں کڑوا
تیل پکاوے جب کاڑھے کا رس جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اتار کر لگاوے تو آگ
کے جلنے کی جلن اور اسکا بہنا اور پھوڑے سب اچھے ہوں یہ سب بھاؤ پرکاش میں لکھے

[1] پنچانگ سے مراد پانچون چیزیں ہیں یعنی پھل۔ پھول۔ پتے۔ جڑ۔ چھال ۱۲

ہرن یا بڑا سنے کھانے کے گیلے چونے کو دہی کے پانی مین پیسکر جلے ہوئے کے اوپر لگاوے تو وہ اچھا ہو اگر تیل سے جلا ہو تو اُسکے پھپھولے بھی اچھے ہون یا جو کو جلا کر تلون کے تیل مین پیسکر جلے ہوئے کے اوپر لیپ کرے تو اچھا ہو۔ بھنے ہوئے زیرہ کو باریک پیسکر اسکے برابر موم۔ رال اور گھی ملا کر لیپ کرے تو آگ کا جلا ہوا بہت جلد اچھا ہو۔

تیل سے جلے ہوئے کا علاج] تل کا تیل پاؤ بھر اور کھانے کا چونہ گیلا چار تولہ اسکو ہاتھ سے ایک پہر تک مسلے اور راب کی طرح بنا کر روئی کے پھل سے اُسکے اوپر لگاوے تو جلا ہوا جلد اچھا ہو۔

برن گرنتھ کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

بغیر کسی محنت کے بدن سے نکلے ہوئے خراب خون کو ہوا سکھا کر گانٹھ پیدا کرے اس گانٹھ مین جلن اور کھجلی بہت ہو اسکو برن گرنتھ کہتے ہین۔

برن گرنتھ کا علاج] کمیلہ۔ باے برنگ۔ تج اور دارہلدی کو پانی سے باریک پیسکر اسمین تل کا تیل ڈالکر نرم آگ مین پکا دے جب پانی جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اس تیل کا لیپ کرے تو برن گرنتھ دور ہو۔

بھگن روگ کی پیدایش علامت اور علاج

ہڈیون کے شکست ہونے کو بھگن کہتے ہین وہ دو قسم کا ہے کانڈ کا۔ سندھ کا۔ کانڈ کا تونل۔ کھوپڑی۔ کلائی وغیرہ مین ہوتا ہے اور سندھ کا چھ قسم کا ہے۔ اُتپشٹ۔ اوشلشٹ۔ بیورتت۔ ترجگ گت۔ چھپت۔ اودھہ۔

پہلے کہے کے موافق کسی جگہ بدن مین کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اسکی عموماً علامتین

اُٹھنے پھیلانے اکٹھا کرنے جوڑ مین بہت درد ہو اور اس جگہ کا چھونا اچھا معلوم نہ ہو تو جاننا کہ جوڑ ٹوٹ گیا ہے۔

اُتپشٹ سندھ ٹوٹنے کی علامتین] ہڈیون کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اس جگہ چارون طرف بہت ورم ہو اور درد بھی معلوم ہو تو جاننا چاہیئے کہ اُتپشٹ سندھ ٹوٹی ہوئی ہے۔

لبشلشٹ سندھ کے ٹوٹنے کی علامتین] اس جگہ ورم ہو اور رات کو درد سوجن اور ورم زیادہ ہو اسکی لبشلشٹ سندھ ٹوٹی ہوئی جانو۔

بیبرت سندھ کے ٹوٹنے کی علامتین] پسلیون مین بہت درد ہو اور اس جگہ ورم اور درد رہا کرے تو بیبرت سندھ ٹوٹی ہوئی جانو۔

ترجک گت سندھ ٹوٹی ہوئی کی علامتین] اس جگہ ورم ہو اور درد بھی زیادہ ہو تو ترجک گت سندھ ٹوٹی ہوئی جانو۔

پچھپت سندھ ٹوٹی ہوئی کی علامتین] جانگھون مین کبھی کم اور کبھی زیادہ درد ہو اس کی پچھپت سندھ ٹوٹی ہوئی جانو۔

ادھصہ سندھ ٹوٹی ہو اس کی علامتین] جو نیچے کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اسکے نیچے درد ہو اسکو ادھصہ سندھ کہنا چاہیے۔

جو جوڑ بغیر نل سر اور کلائی کی ہڈیان شکست ہون اُس کی علامتین

نرکل کے موافق وہ ہڈیان سوراخ سمیت ہون سیدھی ہون اس کو نل جانو۔

ہڈیون کا شکست ہونا ٹیچے لکھے کے موافق بارہ قسم کا ہے

کرکٹ۔ اشوکرن۔ پچورنت۔ پچت یعنی جترت۔ استھی چھلکا۔ کانڈ مین بھگن۔ اتپاتت۔ ٹاگت۔ سپھٹت۔ تیز بھیتن۔ تدھاکرتا۔ جیسے انکے نام ہین ویسی ہی علامتین پہچان لینا چاہیے۔

ہڈی ٹوٹی ہو اُس کی علامتین] اعضا کو درد ہو جاوین اور اس جگہ کا چھونا اچھا نہ معلوم ہو اور وہان بدن پھڑکے اور بدن مین درد اور سول ہو۔ رات دن کبھی بھی چین نہ پڑے یہ علامتین ملین تو جانو کہ اسکی کسی جگہ سے ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔

بھگن جو نہایت مشکل سے دور ہو اس کی علامتین] اعضا کی آگ سست ہوجاوے بہت پرہیزی کیا کرے بادی کا بدن ہو۔ بخار اور اسہال کے عارضے بھی ہون ایسا مریض مشکل سے شفا پاوے۔

لاعلاج بھگن روگ کی علامتین] جبکا سر پھٹ گیا ہو۔ کمر شکست ہوگئی ہو اور جوڑ کھل جاوے۔ جانگھ پس جاوے۔ کھوپڑی ٹھنک جاوے۔ پستان کی جگہ سینہ مقعد

کنپٹی۔ پیشانی پھٹ جاوے یہ لاعلاج ہے۔ دوسرا طریقہ ہڈی کو اچھی طرح مضبوط باندھے اگر وہ بُری طرح بندھ جاوے اور اس مین ضرب آ جاوے اور جلاج وغیرہ کرے تو وہ ہڈی کا شکست ہونا لاعلاج ہو جاوے۔

بدن مین جگہ جگہ کی ہڈیون مین ضرب لگی ہو اُس کی علامتین

کھ تالو۔ کنپٹی۔ کندھے۔ سر۔ پاؤن۔ کھوپڑی۔ ناک اور آنکھون مین کسی طرح کی ضرب لگے تو اُس جگہ کی ہڈیان جھک جاوین اور کلائی۔ پیٹھ وغیرہ کی کہ سیدھی ہڈیان ہین ٹیڑھی ہو جاوین اور مانین زخم آ جاوے اور کھوپڑی وغیرہ کی جو گول ہڈیان ہین وہ پھٹ جاوین اور دانت وغیرہ چھوٹی ہڈیان ٹوٹ جاوین۔

بھگن روگ کا علاج] پہلے چوٹ وغیرہ سے اگر کسی طرح ہڈی اور جوڑ شکست ہو جاوے تو اُسی وقت اس جگہ ٹھنڈا پانی ڈالے پھر ہوشیار جراح اس کا دواؤن سے سینک کرے یا اچھی باندھے اور اس جگہ کا ٹھنڈا علاج کرے اور پٹی ڈھیلی نہ باندھے نہ بہت کڑی اچھی طرح باندھے ڈھیلی باندھنے سے اچھی طرح ہڈی مضبوط نہ ملے اور بہت کڑی باندھنے سے جلد مین ورم اور درد ہو اور پک جاوے اس لئے پٹی نہ بہت زور سے اور نہ بہت ڈھیلی باندھنی چاہیئے۔ ہڈی کی ٹوٹی جگہ مین گانٹھ بخوبی تمام باندھے دواؤن سے تر کرے یا چوٹ کی جگہ پر گیلی پیاز لگا دے تو ہڈی اور جوڑ ٹوٹا ہوا اچھا ہو جاوے اور مجیٹھ کو ٹھنڈے پانی سے باریک پیسکر ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لیپ کرے تو اچھی ہو یا سو مرتبہ کے دھوئے ہوئے گھی مین یا سانٹھی کے چاول پیسکر لیپ کرے تو اچھا ہو۔ یا بیر اور پیپل کی لاکھ گندم پوست درخت کا ہو کو گھی مین پیسکر پانچ درم دودھ سے پیئے تو جوڑ اور ہڈی ٹوٹی اچھی ہو یا لاکھ۔ یا پوست درخت کا ہو۔ اسگندھ کنگھی اور گوگل کو برابر لے اور خوب ملاکر ۲ درم دودھ کے ساتھ کھاوے تو اچھا ہو یا گیہون کو ٹھیکرے مین رکھکر ادھ جلا کرے پھر اُس کو باریک پیسکر دس درم شہد کے ساتھ یا پانچ درم دوا کو ملاکر سات روز تک ہر روز چاٹے تو ہڈی ٹوٹی اچھی ہو۔ یا سیہ لکڑی۔ آملہ۔ اور تل کو ٹھنڈے پانی مین باریک پیسکر اس جگہ لیپ کرے اور اس مین گھی بھی ملا دے تو ٹوٹی ہڈی اور ٹوٹا جوڑ اچھا ہو یا آدمی کے گوشت کو

اچھی مومیائی انداز سے لیکر شہد کے ساتھ اسکو چٹاوے تو ٹوٹی ہڈی اور ٹوٹا جوڑ اچھا ہو۔ اور چوٹ والے کو گوشت کا شوربا گھی دودھ وغیرہ قوت پیدا کرنے والی چیزیں دے تو یہ سب اچھی ہیں اور اتنی چیزیں اچھی نہیں ہیں۔ نمک۔ کڑوی چیز۔ کھار۔ کھٹائی۔ مباشرت۔ دھوپ روکھا اناج۔ لڑکے اور جوان کی چوٹ بہت جلد اچھی ہو۔ بوڑھے اور بیمار کی چوٹ جلد اچھی نہ ہو یا لاکھ ۲ درم دودھ سے پیے تو ہڈی ٹوٹی اچھی ہو۔ یا زرد کوڑیوں کا چونہ دو رتی یا تین رتی اوٹا کر دودھ سے ۱۵ روز پیے تو ٹوٹی ہڈی جڑ جاوے یہ سب بید رہسیہ میں لکھے ہیں۔ یا ببر کا پوست۔ ترپھلا۔ زنجبیل۔ مرچ اور پیپل ان سب کے برابر گوگل ڈالکر سبکو خوب ملاکر ۲ درم ہر روز پندرہ روز تک دودھ سے کھالے تو بدن بہت مضبوط پتھر کے مانند ہو جائے یا ببر کا پوست دو درم باریک پیسکر شہد سے ایک مہینا بھر کھاوے تو بدن بہت مضبوط ہو یہ چکر سنگرہ نگھنٹی میں لکھا ہے۔

مگدر وغیرہ سے کسی طرح کی ضرب لگی ہو اسکے اچھے ہونے کی دوا

میتھی۔ میدہ لکڑی۔ سونٹھ اور آملہ کو گائے کے پیشاب میں باریک پیسکر چوٹ پر لیپ کرے تو چوٹ اچھی ہو۔

ناڑی برن کی پیدایش اور علامت

جو بیوقوف بید یا سستھیا زخم کو کچا جان کر اسکا علاج نہ کرے اور اس کا پیپ نہ نکالے تو وہ پیپ نسوں میں گھس جاوے پھر ان کی جگہوں کو بگاڑ دے پھر وہ کسی طرح باہر نہ نکلے اور پیپ کی زیادتی نہ ہو وہ پیپ نسوں میں نل کے مانند بڑھے کہ جیسے نل میں پانی بڑھتا ہے ویسا ہی نسوں میں پیپ بڑھے اس عارضہ کا نام ناڑی برن ہے یہ بیماری پانچ قسم کی ہے بادی ۱۔ صفراوی ۲۔ بلغمی ۳۔ سنپات کی ۴۔ ہتھیاروں کے چوٹ لگنے کی ۵۔

بادی ناڑی برن کی علامتیں] جس کا سخت اور باریک منہ ہو اور سول ہو اور جھاگ دار پیپ بہے اور رات میں بہت رہے تو ان علامتوں سے بادی ناڑی برن جانو۔

صفراوی ناڑی برن کی علامتیں] جسمیں پیاس۔ تپ۔ جلن وغیرہ ہوں اور گرم اور زرد پیپ نکلے اسکو صفراوی ناڑی برن جانو۔

بلغم کے ناڑی برن کی علامتیں] جس زخم کے منھ میں خون لیے ہوئے بہت بدرنگ سپید پیپ نکلے اور اس میں کھجلی اور سدہ بھی ہو اور رات کو بہت درد ہو تو ان علامتوں سے بلغم کا ناڑی برن جانو۔

سنپات کے ناڑی برن کی علامتیں] جس میں پیپ۔ تپ۔ دمہ۔ بیہوشی ہو۔ منھ سوکھے اور پیپ بہت دور تک ہو اور سپید پیپ نکلے وہ ناڑی برن گویا موت کی نشانی ہے اور جی ڈالتا ہے۔ یہ علامتیں سنپات کی ناڑی برن کی جانو۔

ہتھیاروں کی چوٹ سے پیدا ہوئے ناڑی برن کی علامتیں

جسکے بدن میں تیر۔ گولی وغیرہ لگی ہوں اور وہ کسی طرح بدن میں رہجاویں اسکو بید یا طبیب نکالے اس سے اس جگہ زخم پڑجاویں اور اس زخم میں سے جھاگ سمیت پیپ نکلا کرے کسی طرح بدن ہلنے سے درد رہے اُسے ہتھیار وغیرہ کی ضرب کا ناڑی برن جانو۔

لا علاج اور مشکل سے اچھے ہونے والی ناڑی برن کی علامتیں

تینوں خلطوں کا ناڑی برن اچھا نہ ہو اور چاروں قسم کا ناڑی برن اچھا ہے وہ بید کے علاج سے آرام پاجاتا ہے۔

ناڑی برن کا علاج] چھوٹے منھ کے زخم میں جو پیپ نکلا کرے تو اُسکو تھوہر کے دودھ یا آک کے دودھ میں دار ہلدی بھگو کر گھسے اور اس کی بتی بناکر اس زخم کے منھ میں رکھے تو وہ زخم بھر جاوے۔ یا بیخ املتاس۔ زرد چوب اور مجیٹھ کو شہد میں باریک پیسکر اس کی بتی بناکر زخم میں تدبیر سے رکھے تو اچھا ہو یا پیپل کے پتوں کا رس آک کی جڑ۔ بیخ املتاس۔ سواتیونی۔ سیندھا نمک۔ جواکھار۔ ان کو باریک پیس کر بتی بناکر زخم میں تدبیر سے رکھے تو زخم بھر کر اچھا ہو اور جاتیادی گھرت اور جاتیادی تیل سے ناڑی برن اچھا ہوتا ہے۔ یا ترپھلا۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل اور ان کے برابر صاف کیا ہوا گوگل لے ان کو باریک پیسکر خوب ملاکر ۲۰ درم ہر روز ۲ تا ۲۰ روز تک ٹھنڈے پانی سے کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب طرح کا ناڑی برن وغیرہ اچھا ہو یا گوگل اور سیندور کو باریک پیسکر تدبیر سے ناڑی برن میں بھرے تو ناڑی برن اچھا ہو۔ یہ بھاؤ پرکاش

مین لکھے ہین - یا تخم آندھی جھاڑہ اور تیل کو باریک پیسکر تدبیر سے ناڑی برن پر لیپ
کرے تو بادی ناڑی برن اچھا ہو - یا بیل - مجیٹھ - ہاتھی کا دانت - ہلدی باریک پیس کر
صنوا کے زخم مین لیپ کرے تو ناڑی برن اچھا ہو - یا بیل - ملیٹھی - داتیونی - بپ ست نیم
اور اسی کے پتے سفید دھاتک باریک پیسکر لیپ کرے تو ناڑی برن اچھا ہو - یا تیل
شہد اور گھی اکٹھا کرکے لیپ کرے تو ناڑی برن اچھا ہو یا شہد کی بتی یا نمک کی
بتی سے فساد کرنے والا زخم اچھا ہو - یا سجی - جو اکھار - کیلا - منہدی - سہاگہ اور سپیدہ
کھیر سار کو برابر لے کر گھی مین باریک پیسکر ایک روز پیچھے زخم مین بھرے تو زخم کے
کیڑے مر جاوین اور کھجلی جاتی رہے اور زخم اچھا ہو اسکا نام سوچکا گھرت ہے - اور
چکردت مین لکھا ہے - یا سمھالو کے پتون کے رس مین تیل پکا کر اس تیل کی بتی زخم مین
رکھے تو اچھا ہو اسکا نام زرگنڈی تیل ہے اور برند مین لکھا ہے -

سفید مرہم کے بنانے کی ترکیب

رال ایکتولہ - سفید موم دو تولہ - مردارسنگ ایکتولہ ان کو باریک پیسکر اسمین گائے کا گھی
۲ تولہ بھر گرم کرکے اسمین موم پگھلا کر درست کرے پھر وہ دوا بھی موم کے گھی مین اسی وقت
ڈالکر اسکو کانسے کی تھالی مین پانی ڈالکر اس پانی مین موم سمیت سب دوا ڈالکر ہاتھ
سے خوب ایکسو آٹھ مرتبہ دھووے پھر زخم مین لگا دے تو زخم اچھا ہو - یا پارہ مصفا
اور آدھ تولہ سار گندھک اور ان دونون کے برابر مردارسنگ لیکر ان تینون کے برابر کیلا لے
اور انمین تھوڑا سا نیلا تھوتھہ ڈالکر اور ان سب سے چوگنا گائے کا گھی ملا دے اور نیم کے
پتون کا رس اندازہ سے ڈالے پھر ان سبکو گھی مین خوب دو دن تک پیسے پھر زخم مین
لگا دے تو سب زخم اچھے ہون - یہ بید رہسیا مین لکھا ہے - یا سفید موم - مصطگی رومی
مُرمقل - نیلا تھوتھہ - سہاگہ - سجی - سیندور - کیلا - مردارسنگ - گوگل - فلفل سیاہ - لونگ - کبیر
الائچی - بیر - سپیدا - شنگرف اور گندھک مصفا - ان سبکو برابر لے کر موم بغیر سب کو
اکٹھا کرکے علیحدہ علیحدہ باریک پیسے اور موم کو گائے کے گھی مین آگ پر تپا کر درست کرے
اور یہ سب دوائین اس موم مین ملا کر کھرل مین دو دن خوب باریک پیسکر لگا دے

تو اس سے ہتھیار کی ضرب کا زخم اور ٹوسٹ بران بھی دور ہو۔ یہ بید کتوں میں تحریر ہیں۔ یا نیلا تھوتھ۔ مردار سنگ۔ سپیدہ۔ کھیر یار سفید اور سیندور شنگرف۔ موم کیسر گائے کا گھی یہ سب برابر لیکر اور گائے کے گھی کو گرم کر کے نیچے اتار کر پہلے اسمین نیلا تھوتھ پیسکر ڈالے پھر اسی وقت اس میں موم ڈالکر پگھلائے پھر اسمین یہ دوا باریک پیسکر ڈالے پھر انکو خوب ملاکر کانسے کی تھالی میں بہت سا پانی ڈالے اسمین موم سمیت یہ سب دوا ڈالے اور ہتھیلی سے ایک روز تک اچھی طرح ملے پھر اسکو زخمون میں لگا دے تو زخم اور چاندہ وغیرہ سب اچھے ہون یہ بھی بید کتوں میں لکھا ہے یا شنگرف تین تولہ۔ سفید موم تین تولہ۔ سجی ایکتولہ۔ نیم کے پتون کی ٹکیا کر کے گائے کے گھی میں پکا دے اور موم کو گھی میں پگھلاکر مردار سنگ ایکتولہ لے کر پھر ان کو باریک پیسکر خوب ملاکر زخم میں لگا دے تو سب طرح کے زخم اچھے ہون۔

بدن میں ہاتھ پانون وغیرہ پھٹین وراں میں بوائی سی پڑ جاوے اُسکے اچھے ہونیکا مرہم

رال ایک تولہ۔ کتھ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ گائے کا گھی ۲ تولہ۔ چنبیلی کا تیل ۴ تولہ۔ یہ سب دوائین برابر پیسکر لوہے کے کڑچھلے میں مرہم کرے پھر اسکو لگا دے تو ہاتھ پانون وغیرہ کا پھٹنا ضرور اچھا ہو وے۔

نیم کا مرہم

نیم کے پتون کا رس ایک سیر نکال کر پھر گائے کا گھی پاؤ بھر کڑاہی میں چڑھا وے اور اس میں گرم کرے جب گرم ہو جاوے تب اس میں رال ۴ تولہ ڈالکر اسکو پگھلا دے جب ان پتون کا رس ان میں سوکھ جاوے اور گاڑھا ہو جاوے تب کتھ ایک تولہ نیلا تھوتھ ایک تولہ۔ مردار سنگ ایک تولہ ان کو باریک پیسکر اسمین ڈالکر خوب ملاکر اور کپڑے میں لگا کر زخم کے اوپر لگا دے تو زخم بہت جلد اچھا ہو۔

زخم کے جگہ کی جلد کے رنگ اچھا کرنے کی دوا

مینسل۔ مجیٹھ۔ لاکھ۔ اور دونون ہلدی برابر لے کر ان کو گھی اور شہد میں باریک پیسکر جلد پر لیپ کرے تو زخم کی جلد اچھی ہو۔

باب سولهوان

بھگندر وغیرہ کے بیان مین

بھگندر کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

مقعد کے آس پاس چارون طرف دو دو انگل کے فاصلہ مین پھنسی ہوون اور پھوٹین تب وہان درد ہوا ور اُس جگہ پھنسی بہا کرین اسکو بھگندر کہتے ہین اور فرج و مقعد کے بیچ مین یہ ہوتی ہے فرج کی طرح یہ عارضہ ہوتا ہے۔ اسی واسطے اسکو بید بھگندر بولتے ہین یہ پانچ قسم کا ہے بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپاتی۔ اور ہتھیار وغیرہ کی چوٹ کا۔

بادی بھگندر شت جونک کی علامتین] جو شخص روکھی اور کسیلی بہت غذا کھاوے اُس کی باد فاسد ہوکر مقعد کے پاس پھنسی پیدا کرے اور جو شخص سستی کرکے اسکا علاج نکرے تب وہ پھنسی پکے اور اس جگہ درد بہت پیدا کرے اور وہ پھوٹے تب اس مین سے پیپ وغیرہ اور پاخانہ اور پیشاب اور منی بھی نکلا کرے اور اسمین چلنی کے مانند سو سو لاخ ہوجاوین اسلیے اسکو شت جونک بھگندر کہتے ہین۔

صفرا کے اوشٹر گریو بھگندر کی علامتین] گرم چیزون کے کھانے سے صفرا فاسد ہوکر مقعد کے چارون طرف دو انگل فاصلہ مین سرخ پھنسی پیدا ہون اور وہ جلد پک جاوین اور انمین سے گرم گرم پیپ نکلے اور وہ پھنسی اونٹ کی گردن کے مانند اونچی ہون اُس کو صفرا کا اوشٹر گریو بھگندر کہنا چاہیئے۔

بلغم کے پرسراوی بھگندر کی علامتین] اس مین کھجلی بہت چلے اور گاڑھی پیپ نکلے اور درد کم ہو وہ پھنسی سفید ہوکر بہا کرے اُسکو پرسراوی بلغم کا بھگندر بولنا چاہیئے۔

سنپات کے شمبوکاورت نامے بھگندر کی علامتین] اس پھنسی مین بہت طرح کا درد ہو اور بہت قسم کے رنگ ہوون اور وہ بہا کرے اور وہ پھنسی ندی کے لہر کے مانند اور سنکھ کے اندر کے ناف کے مانند ہوا سکو شمبوکا ورت بھگندر بولنا لازم ہے۔

ہتھیار کی ضرب لگنے سے پیدا ہوئے بھگندر کی علامتین] مقعد کے پاس کانٹے

وغیرہ لگے ہون یا وہان کھجلانے سے ناخن وغیرہ لگ جاوین یا بال بناتے ہین استرے کی دھار لگ جاوے تب وہان پھنسی ہو اور وہ پھنسی پھوٹے تب اُسکے پیپ کی چیپ سے وہان اور بھی پھنسیان ہو جاوین اور بہا کرین اور وہ نہ جاوین اُسے اوشٹرگ نام ہتھیار کی ضرب کا بھگندر کہنا چاہیئے ۔

لاعلاج بھگندر کی علامتین] بھگندر تو سب ہی مشکل سے اچھے ہوتے ہین مگر سنیات کا اور ضرب کا بھگندر تو اچھا ہوتا ہی نہین ۔

بھگندر کا علاج] مقعد کی جگہ بھگندر پیدا ہو جائے تب بید جونک لگاکر اس جگہ کا خون جلد نکلوا ڈالے تو وہ پھنسیان نہ پکین یا اُس جگہ پھنسی پیدا ہو ہی جائے تو وہان سانٹھی کی جڑ۔ گلو۔ سونٹھ۔ ملیٹھی اور برگد کی کوپل کو باریک پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو بھگندر کی پھنسی اچھی ہو۔ یا گل نیم کا پوست اور مہوے کو باریک پیسکر ٹھنڈے پانی سے لیپ کرے تو صفراوی بھگندر اچھا ہو۔ یا چمیلی کے پتے۔ برگد کے پتے۔ گلو۔ زنجبیل۔ سینڈھا نمک کو باریک پیسکر مٹھے مین بھگندر پر لیپ کرے تو بھگندر اچھا ہو۔ یا ہلدی۔ آک کا دودھ سینڈھا نمک۔ گوگل۔ نیم کے پتے ان کو اوٹاکر اندازے تیل مین پکاوے جب پانی خشک ہو اور تیل رہجاوے تب اس تیل کی مالش کرے۔ بھگندر جاوے۔ یا گوگل۔ ترپھلا۔ پیپل کو برابر لیکر باریک پیسکر سوا درم پانی سے کھاوے تو ورم۔ گولا۔ بواسیر۔ اور بھگندر کو یہ دور کرتا ہے۔ اسکا نام نوکا کہک گوگل ہے یا بہت ہوشیار بید اور ستھیے سے چیرا دلاوے اور مرہم وغیرہ لگاکر زخم کا علاج کرے تو بھگندر اچھا ہو اور بھگندر کا مریض اتنی باتین نکرے رنج۔ محنت۔ جماع۔ لڑائی۔ گھوڑے کی سواری اور نیا اناج نہ کھاوے اور جو بھگندر اچھا ہو گیا ہو تو بھی ایک برس تک اتنی باتین نکرے۔ یہ بھاؤپرکاش مین لکھا ہے۔ یا رسوت دونون ہلدی۔ مجیٹھ۔ نیم کے پتے۔ نسوت۔ تیجبل۔ اور دانتی کو باریک پیسکر بھگندر مین لیپ کرے اور انھین سے اُسکو دھووے تو بھگندر اچھا ہو یا کتے کی ہڈی اور کیچوے کو گدھے کے خون سے باریک پیسکر لگاوے تو بھگندر اچھا ہو یا بلی اور کتے کی ہڈی کی راکھ کو لوہے کے برتن مین گائے کے گھی سے گھس کر لیپ کرے تو بھگندر جاوے یا بلی

کی بڈی کو تر پھلے کے رس سے باریک پیسکر بھگندر میں لیپ کرے تو بھگندر جاوے

روپ راج رس کے بنانے کا طریقہ

پارہ ایک حصہ تانبے کا میل چار حصے اور ان دونوں کو اکٹھا کرکے کاگ لہری کے رس میں پانچ روز کھرل کرے پھر ان کو تانبے کے سمپٹ میں رکھے اسکے چاروں طرف اور اوپر ریت سے ہنڈیا بھر کر پھر اسکے نیچے لکڑیوں کی آٹھ پہر آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جاوے تو اس میں سے نکال کر پھر اسکو گھی اور شہد میں ڈبو دے پھر انہیں پکی کٹھالی میں دھرکر دھونکنی سے خوب دھونکیں جب چرخ آجاوے اس میں سے نکال لے اسوقت یہ رس تیار ہوتا ہے اسمین سے ۳ رتی لے کر شہد میں ملاکر لگاوے تو بھگندر ضرور اچھا ہو اور اوپر سے تر پھلے کا کاڑھا پیوے اور پرہیز سے رہے۔ اس کا نام روپ راج رس ہے۔

رب سندر رس

پارہ ایک حصہ - آملہ سار گندھک دو حصہ لیکر کھرل میں حل کرے پھر گوار کے پٹھے کے رس میں کھرل کرے پھر اسکا گولا بناکر تانبے کے سمپٹ میں رکھے اور اس سمپٹ کو ہنڈیا کے چاروں طرف اور نیچے راکھ بھر کر بیچ میں رکھے پھر اسکے نیچے ایک روز تک آگ جلاوے جب درست ہو کر ٹھنڈا ہو جاوے تب اسکو نکالے پھر اسمین جھیری لیموں کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکی ایک رتی شہد اور گھی سے چاٹے تو بھگندر جاوے اسکے اوپر موصلی اور سن پیوے اور جب یہ دوا کھاوے تو شیرین غذا نہ کھاوے اور دن میں نہ سووے اور جماع نہ کرے اور سرد غذا نہ کھاوے اسکا نام رب سندر رس ہے اور یہ رس سندھو میں لکھا ہے۔

اپدنش کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

جلق لگانے سے یا آلت میں کسی طرح ناخن اور دانت کے لگنے سے یا عورتوں کے مقام مخصوص کے اوپر سخت بالوں کے اکھاڑنے سے یا فرج کا سوراخ باریک ہونے سے یا فرج خراب ہونے سے یا آلت کو نہ دھونے سے یا عورت مرد سے جماع بہت کرے تو مرد کے آلت میں پانچ قسم کا اپدنش ہوتا ہے۔ بادی بلغمی صفراوی بیتھاقی اور آلت میں کسی طرح ناخن اور دانت وغیرہ کی ضرب کا۔

بادی آتشک کی علامتین] آلت مین گرمی کے سبب سے درد ہو اور ہوائی کے مانند پھیلجاوے اور وہ پھٹ کے اور اس جگہ سیاہ پھنسیان ہوجاوین تو جانو کہ بادی آتشک ہے۔

صفراوی آتشک کی علامتین] اس جگہ زرد پھنسیان ہوجاوین اور ان مین بہت پیپ نکلے اور گلے مین جلن بہت ہو یا پھنسیان سرخ ہون تو صفراوی آتشک جانو۔

بلغم کے آتشک کی علامتین] جس مین بہت کھجلی ہو اور سفید پھنسیان ہون اور گاڑھی پیپ بہے اُسکو بلغم کا آتشک کہنا چاہیئے۔ اور جس مین یہ سب علامتین ملی ہون اُسکو سنپات کا آتشک جانو۔

لاعلاج آتشک کی علامتین] جو آلت کا گوشت بکھر جاوے اور اس مین کیڑے پڑجاوین آلت گل جاوے فوطے باقی رہجاوین وہ آتشک لاعلاج ہے یا ایسا مریض علاج نکرے اور جماع کرتا رہے اُسکے وقت پاکر آلت مین سوجن ہو آوے اور آلت پک جاوے اور اس مین کیڑے پڑین اور آلت گل جاوے وہ شخص مرجاوے۔

لنگارش کی علامتین] جس شخص کے آلت مین دھان کے انکھوے کے مانند انکور ہوجاوے یا کتے کے سر کے بال کے مانند ہوجاوے اور آلت مین اور اُسکے جوڑ کی نسون مین درد بہت ہو اور اسکا جوڑا اور آلت ٹپکنے لگے اسکو لنگارش کہنا چاہیئے۔

آتشک کا علاج] جونکین لگا کر اس جگہ کا خون نکلواوے اور اسکو پکنے نہ دے تو آتشک دور ہو۔ پانچ سانٹھی۔ گلو۔ زنجبیل۔ ملیٹھی۔ برگد کی کونپل۔ انکو اوٹا کر پانی سے آلت دھووے تو آتشک جاوے یا آلت کی فصد کھلواوے تو آتشک دور ہو۔ یا برگد کے نرم پتے پوست مہوہ۔ پوست جامن۔ پٹھانی لودھ۔ پوست ملیلہ۔ زرد چوب سب برابر لیکر اُن کو پانی مین باریک پیسکر آلت کے اوپر لیپ کرے تو سب تکلیفین دور ہون اگر آلت پک جاوے تو انھین دواؤن سے دھووے تو آتشک جاوے یا ترپھلے کے کاڑھے سے دھووے یا بھانگرے کے رس سے دھووے یا کنول کے پانی سے دھووے یا لیپ کرے تو آتشک جاوے یا سینجنے کے درخت کے پوست کا چورن یا داتیونی کے پوست کے چورن کو باریک پیسکر آلت پر لیپ کرے تو آتشک جاوے یا سپاری کو پانی مین گھسکر لگاوے تو آتشک جاوے یا کرنڈھالی

مین ترپھلےسو کو جلاکر اُس کی راکھ کو شہد سے اُپدنش پر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا پٹول۔ پوست نیم۔ ترپھلا۔ چراتیا۔ کھیر سار۔ نجے سار۔ اور گوگل ان کو برابر لیکر اور اوٹا کر پیئے تو اُپدنش دور ہو۔ یا چرائتہ۔ پوست نیم۔ ترپھلا۔ پٹول۔ بیخ کنگہی۔ آملہ۔ کھیر سار۔ نجے سار ان سے کاڑھے کے پانی مین گھی پکاوے جب پانی جلجاوے اور گھی رہجاوے تب اس گھی کا لیپ کرے یا غذا کے ساتھ کھاوے تو اُپدنش جاوے اسکا نام بھو نبا دی گھرت ہے۔ یا جو گھرت جذام اور بریں کے علاج مین لکھا ہے وہ لگاوے یا غذا مین کھاوے تو اُپدنش جاوے یا جلاب لینے سے اُپدنش جاوے یا ہلیلہ زنگی آٹھ تولہ۔ کتھا سفید ایک تولہ نیلہ تھوتھا ایک تولہ باریک پیسکر پکے ہوئے شُدھ لیمون کے رس مین گھول کرکے یہ رس سکھاوے پھر اسکی ایک ماشہ بھر کی گولی بناوے ایک گولی ہر روز پندرہ دن تک دہی کے ساتھ کھاوے اور پرہیز سے رہے تو اُپدنش ضرور دور ہو۔ یا نیلا تھوتھا ایک حصّہ کتھا دو حصّہ۔ مردار سنگ دو حصّہ۔ سپاری کی راکھ دو حصّہ۔ ان کو باریک پیسکر اُپدنش پر اسکو چھڑکے تو اُپدنش کا عارضہ دور ہو۔ یا پارہ۔ گندھک۔ ہڑتال۔ سیندور۔ اور منسل کو تانبے کے برتن مین تانبے کے گھوٹنے سے گھی مین گھوٹ کر تین روز بعد اسکو لگاوے تو اُپدنش دور ہو۔ یا مسے کے دور ہونے کا معالجہ جو نیچے لکھا ہے اس سے لنگارش کا علاج پیدا کرے یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔

شوک روگ کی پیدایش علامت اور علاج

جو بیوقوف آدمی بغیر سوچے سمجھے کسی بیوقوف آدمی کے کہنے سے آلت مین پٹی باندھے یا لیپ وغیرہ کرکے بڑھانا چاہے اس کی اٹھارہ قسم کی آلت مین شوک کے عارضے پیدا ہوتے ہین وہ یہ ہین سرکھپکا۔ اشٹھیلکا۔ گرتھت۔ کمبھکا۔ الجی۔ مردت۔ سموڑھ پڑکا۔ اوتھت پشکرکا۔ اسپرش ہان۔ اُوتما۔ شت پونک۔ توک پاک۔ شوتت ار بد۔ مانس ار بد۔ مانس پاک بدردھ۔ تل کالک۔

سرکھپکا کی علامتین] جسکے کسی طرح سے آلت مین بلغم اور خون سے سرسون کے مانند پھنسی ہو جاوے اُسکو سرکھپکا نام شوک روگ کہنا چاہیے۔

اشٹیلکا کی علامتین] کسی طرح آدمی کے آلت مین سخت اور ٹیڑھی درد لیے ہوئے بادی پھنسیان پیدا ہون اسکو اشٹیلکا شوک روگ کہتے ہین۔

گرتھت کی علامتین] کسی طرح آلت مین بلغم سے پھنسی ہو جاوے اُس کو گرتھت نام شوک روگ جانو۔

کمبھکا شوک روگ کی علامتین] کسی سبب سے خون صفرا سے جسکے آلت مین جامن کی گٹھلی کے مانند پھنسی ہو جاوے اُسکو کمبھکا شوک روگ کہنا چاہیئے۔

الجی شوک روگ کی علامتین] جسکے آلت مین پرمیہ کی پھنسی ہو جاوے اُسکو الجی کہنا چاہیئے۔

مردت شوک روگ کی علامتین] جس کا آلت کسی طرح مسل گیا ہو اور اسمین بادسے درد ہو اُسکو مردت شوک روگ کہنا چاہیئے۔

سموڑہ پٹرکا شوک روگ کی علامتین] جسکی دونون ہاتھون سے آلت مسلی گئی ہو اُس سے پھنسی ہو آوے اُسکو سموڑہ پٹرکا جانو۔

اونتھہ شوک روگ کی علامتین] جسکے کسی سبب سے آلت مین بلغم خون کے بگڑنے سے بڑی اور بہت پھنسیان ہون اور ان مین درد ہو۔ بال کھڑے ہو آوین اُسکو اونتھہ شوک روگ کہنا چاہیئے۔

پشکرکا شوک روگ کی علامتین] جسکی سپاری کے اوپر صفرا خون کے فساد سے پھنسیان بہت ہون اُسکو پشکرکا شوک روگ جاننا چاہیئے۔

اسپرش ہان شوک روگ کی علامتین] جس کی آلت کسی سبب سے ہاتھ وغیرہ کا چھونا برداشت نہ کرسے اسکو اسپرش ہان شوک روگ جانو۔

اوتما شوک روگ کی علامتین] جس شخص کے ہضمی سے مونگ یا ماش کے مانند خون صفرا کے فساد سے آلت مین سُرخ پھنسی ہو جاوے اُسکو اوتما شوک روگ جاننا چاہیئے

شت جونک روگ کی علامتین] جسکے آلت مین کسی سبب سے باد اور خون کے فساد سے زیادہ سوراخ ہو جاوین اُسکو شت جونک روگ کہتے ہین۔

توک پاک روگ کی علامتین] جس کا آلت بادصفرا اور بلغم کے سبب پک جاوے اور اس مین جلن ہو اور درد سے بدن مین بخار ہو اسکو توک پاک شوک روگ کہنا چاہیے۔

شوتمار ئبد شوک روگ کی علامتین] جسکے آلت مین سیاہ سرخ پھنسی ہووے اور وہان درد ہو اُس کو شوتمار ئبد شوک روگ کہنا چاہیے۔

مانسار بد شوک روگ کی علامتین] جسکے آلت کا گوشت بکھر جاوے اور وہان درد زیادہ ہو اُسکو سب خلطون کے فساد کا مانسار ئبد شوک روگ جانو۔

مانس پاک روگ کی علامتین] جسکے آلت کا گوشت سڑ جاوے اور پیپ بہنے لگے اور درد شدید ہو اُسے مانس پاک روگ کہنا چاہیے۔

بدردھ شوک روگ کی علامتین] جس کے آلت مین تینون خلطون کے فساد سے پھنسیان اُٹھین اُسکو بدردھ شوک روگ جانو۔

تل کالک شوک روگ کی علامتین] جسکے آلت مین سیاہ اور طرح طرح کے رنگون کو اور زہریلے ہوئے پھنسی ہون اور پکنے لگین اور اسمین پیپ پڑ جاوے آلت گل جاوے یہ سنپات یعنی تینون خلطون کے فساد سے پیدا ہوتی ہے اس کو تل کالک شوک جانو۔

شوک روگ کی لا علاج علامتین] مانسار بد۔ مانس پاک۔ بدردھ۔ کالک یہ اچھے نہین ہوتے۔

شوک روگ کا علاج] اٹھارون طرح کے شوک روگون کے دور کرنے کے لیے زہر کے ہٹانے والے علاج کرنا چاہیے یا آلت مین جونکین لگا کر خراب یا غلیظ خون نکلوا ڈالنا چاہیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا آلت کو عمدہ جلاب دیوے تو شوک روگ جاوے۔ یا کم غذا کھانے سے شوک روگ جاوے یا ترپھلے کے کاڑھے سے گوگل کھاوے یا اچھی دواؤن سے لیپ کرے یا ٹھنڈی دوائین استعمال کرے تو یہ عارضہ دور ہو یا دارہلدی۔ تلسی۔ ملیٹھی اور دھاسہ کو روغن تلخ مین پکاوے جب یہ دوا پک جاوین تب اس روغن کی مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو یا کھرٹی کے تیل کی مالش کرے تو شوک روگ جاوے یہ علاج سرب سنگرہ مین لکھے ہین۔

کشٹ روگ یعنی جذام کی پیدائش علامت اور علاج

خلاف غذا یا پینے کی چیز یا کوئی رقیق اور بھاری چیز کے کھانے سے اور دھوپ مین رہنے اور ریاض کرنے اور قے کرنے سے اور پاخانہ اور پیشاب کے زور روکنے اور بہت آگ تاپنے اور بہت خوراک کھانے سے اور سردی گرمی کے شمار نہ کرنے اور خوف اور دھوپ اور ریاض سے آزردہ ہوکر جلد اُسکے اوپر ٹھنڈا پانی پینے اور اجیرن یعنی بدہضمی مین غذا کھانے اور قے اور جلاب وغیرہ مین بدپرہیزی کرنے سے پانی پینے اور دہی مچھلی بہت نمک کھٹائی ماش مولی اور پیسا ہوا غلہ زرد چوب تل اور قند سیاہ وغیرہ کے زیادہ کھانے سے اور دن کے سونے اور کسی برہمن کی بددعا سے طرح طرح کے زیادہ کھانا کھانے سے عورت سے زیادہ مباشرت کرنے اور طرح طرح کے گناہون کے کرنے سے آدمی کے باد صفرا۔ بلغم اور ساتون دھاتین فاسد ہون اُسکے بدن کا خون گوشت کے خون کو خراب کرتے اور اٹھارہ طرح کے کوڑھ کو ظاہر کرتا ہے۔

اٹھارہ طرح کے کوڑھون کے نام

کپال۔ اودمبر۔ منڈل۔ رکھیہ جبو۔ پنڈریک۔ شدھم یعنی چھوت۔ کاکن۔ ایک کشٹھ۔ چچرم۔ چرم دل۔ بچرچکا۔ پاما۔ داد۔ بسپھوٹک۔ بیپادک۔ کٹبھ۔ السک۔ شتارو۔

اس عارضے کی پہلی شکل] پہلے زخم ہون اور وہ زخم نرم ہون یا بہت کھردرے یا روکھے ہون یا ان زخمون مین سوزش ہو کھل چلے یا بدن کی جلد سوکھ جاوے زخمون مین بہت درد ہو۔ زخم اونچا ہو درد بہت ہو۔ بہت جلد پیدا ہو اور بہت رفتہ تک رہے اور تھوڑی بدپرہیزی کرنے سے بھی بہت درد ہو اور باد کے ہونے سے بال کھڑے ہوا دین اور اس مین سے خون سیاہ نکلے جس مین یہ علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ اسکو جذام کا عارضہ ہوگا۔

کوڑھ کی عام علامتین] پہلے جنم کے گناہ سے یا لوگون کے کہنے سننے سے بدپرہیزی کرے ان بدپرہیزیون سے باد صفرا اور بلغم فاسد ہوکر بدن کی نسون مین پہونچکر خون اور گوشت جلد کو خراب کردے اور بدن کی جلد کا رنگ اور کا اور کردے تو اسکو پیدا کوڑھ

کہتے ہیں اور باد بدن میں بہت فاسد ہو کر کپال کشٹھ کو پیدا کرے بدن میں بلغم فاسد ہو تو منڈل کوڑھ پیدا کرے جو صفرا فاسد ہو تو بچر چکا اور رکچہ جو نامی جذام کو پیدا کرے اور بلغم بدن میں فاسد ہو کر بچر م کیتھ کشٹھ سدھم۔ السن۔ بیپ یک کوڑھون کو ظاہر کرین صفرا بلغم میں فاسد ہو کر داو تشار پنڈریک اور بسپھوٹک کوڑھ۔ پاؤن۔ چرم دل کوڑھون کو ظاہر کرتے ہین۔ اور باد صفرا بلغم۔ بدن مین فاسد ہو کر کاکن کوڑھ کو پیدا کرتے ہین۔

ساتون کوڑھون کے بیچ مین کا پالک کوڑھ کی علامتین] جس کے بدن کی جلد سیاہ بسُرخ پھٹی۔ روکھی۔ سخت اور سوکھی ہوا ور اُسمین زیادہ درد ہو اُس کو بید کپال نامی کوڑھ کہتے ہین۔ یہ کوڑھ دیر مین جاتا ہے۔

اودمبر کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن کی جلد مین سوزش اور سرخی بہت ہو اور کھجلی چلے۔ روئین مین زیادہ درد ہو اور بدن کی جلد گولر کے پھل کے مانند ہو جائے اُسکو اودمبر کوڑھ جانو۔

منڈل کوڑھ کی علامتین] جسکی جلد سفید اور سُرخ ہو اور دہ ہمیشہ رہے اور چکنی اور اونچی ہو۔ تر رہا کرے اُسکو منڈل نام کوڑھ کہنا چاہیئے۔

سدھم یعنی بھبوت کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن کی جلد سفید تانبے کے مانند ہو اور جلد کم ہو اُسمین کھجلی اُٹھے اور باریک باریک کھال اُتر جائے اور زیادہ کر کے سینہ مین بہت ہو اور کدو کے پھول کے مانند ہو اُسکو سدھم بولتے ہین۔

کاکن نامے کوڑھ کی علامتین] جسکی کھال رتیم کے مانند ہو اور درمیان مین سیاہ آخر مین سُرخ ہو اور وہ نہ پکے اور اُسمین بہت درد ہو اُسکو کاکن کوڑھ کہتے ہین۔ وہ سنپات یعنی تینون خلطون سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ کوڑھ اچھا ہو جاتا ہے۔

پُنڈریک نامے کوڑھ کی علامتین] جس کی جلد سفید سرخی لیے کنول کے پھول کی پنکھڑی کے مانند ہو اسکا نام پنڈریک کوڑھ ہے یہ بلغم کے فساد سے عیان ہوتا ہے۔

رکچہ جہو کوڑھ کی علامتین] جس کی جلد خون تک سُرخ اور سیاہ بھی ہو اُسکو رکچہ جہو کوڑھ جانو۔

گیارہ چھدر کوڑھ ہین ان مین ایک کشٹھ نام کوڑھ کی علامتین

جس کی جلد مین پسینا نہ آوے اور اُسکی بڑی جگہ ہو اور کھجلی ہو مچھلی کے ٹکڑے کے مانند ہو اُسکو ایک کشٹھ کوڑھ کہتے ہین۔

گجچرم کوڑھ کی علامتین] ہاتھی کے چمڑے کے مانند جس کی کھال بدرنگ ہو اُس کو گجچرم کوڑھ جانو۔

چرم دل کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن کی جلد درد لیے سُرخ ہو اور کھجلی ہو اور اُسمین پھٹے ہوئے پھوڑے ہون اور ہاتھ کے چھونے کی برداشت نہ ہو اُسکو چرم دل کوڑھ جانو۔

بچرچکا کوڑھ کی علامتین] جسکی جلد مین کھجلی لیے سیاہ پھُنسیان ہون اور اُن مین سے پیپ نکلے اور ہاتھ پاؤن مین ہون اُسکو بچرچکا کوڑھ جانو۔

پاما کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن مین چھوٹی چھوٹی اور بہت پھُنسیان ہون اور پیپ نکلے اور کھجلی ہو اور وہ سُرخ پھنسیان ہون اور جلن ہو اُسکو پامابتی پاؤن کوڑھ جانو۔

داد نامے کوڑھ کی علامتین] جس مین کھجلی ہو اور پھنسیان سُرخ ہون اور جلد سے اونچی ہون تو داد کوڑھ جانو۔

داد کا ایک قسم کچھ داد ہے اسکی علامتین] جسکے پاؤن اور کمر مین پھُنسیان ہون اور اُنمین سوزش ہو اُسکو کچھ داد کوڑھ کہنا چاہیے۔

بسپھوٹک نامے کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن کی جلد مین پھوڑے سیاہ سُرخ اور چھوٹے چھوٹے ہون اُسکو بسپھوٹک کوڑھ جانو۔

کٹبھ کوڑھ کی علامتین] جسکے بدن کی جلد سوکھے زخم کے موافق سُرخ ہوکر دردی ہو اُسکو کٹبھ کوڑھ کہتے ہین۔

بپادک کوڑھ کی علامتین] جس مین کھجلی اُٹھے اور سوزش درد لیے پاؤن مین ہی ہو اُسکو بپادک کوڑھ کہتے ہین۔

السک کوڑھ کی علامتین] جس کی جلد مین سُرخ کھجلی لیے پھُنسیان ہون اُسکو السک کوڑھ جانو۔

نشتار نام کوڑھ کی علامتیں] جسکے بدن کی جلد میں پھنسیاں سرخ اور سیاہ جلن کو لیے ہوں اسکو نشتار جانو۔

ساتوں دھاتوں میں گھسے ہوئے کوڑھ کی مختلف علامتیں

رس دھات میں پیدا ہوئے کوڑھ کی علامتیں] جسکے بدن کی جلد میں کوڑھ ہو اُس کی جلد کا رنگ اور کالا اور ہو جائے اور جلد رد کھی اور سوکھ جائے۔ رونگٹے کھڑے ہو جاویں پسینا بہت آوے یہ علامتیں ہوں تو رس دھات میں پہونچا ہوا کوڑھ جانو۔

خون میں پہونچے ہوئے کوڑھ کی یہ علامتیں ہیں] جس میں کھجلی ہو اور پیپ نکلے تو جانو کہ خون کا کوڑھ ہے۔

گوشت میں پہونچے ہوئے کوڑھ کی یہ علامتیں ہیں] جو کوڑھ بہت موٹا ہو اور منھ بہت سوکھے اور پھنسیاں بہت سخت ہوں اور اُنمیں بہت درد ہو تو گوشت میں پہونچا ہوا کوڑھ جانو۔

چربی میں پہونچے ہوئے کوڑھ کی علامتیں] ہاتھ خراب ہو جائیں اور کھنی آ رہے اور چلا نہ جائے اعضا ٹوٹنے لگیں تھوڑی ضرب سب جگہ پھیل جائے منھ سوکھے اور پھنسیاں سخت ہوں اور اُنمیں درد ہو تو چربی میں پہونچا ہوا کوڑھ جانو۔

گودے میں پہونچے ہوئے کوڑھ کی علامتیں] ناک گل جاوے آنکھیں سرخ ہو جاویں اور اس زخم میں کیڑے پڑ جاویں گلا گھوں گھوں بولے اور زخم میں درد ہو تب جاننا چاہیے کہ ہڈیوں کے گودے میں کوڑھ ہو چکا ہے۔

منی میں پہونچے ہوئے کوڑھ کی علامتیں] جسکے والدین کے نطفے میں کوڑھ کے فساد بہت ہوں اُس سے پیدا ہوئی اولاد بھی کوڑھی ہو۔

کوڑھ کے باعلاج اور لاعلاج ہونے کی علامتیں] جو کوڑھ باد بلغم کا ہو اور جلد خون اور گوشت میں رہتا ہو وہ باعلاج ہے اور جو کوڑھ چربی میں پہونچ جاویں اور کیڑے پڑ جاویں اور سوزش ہو آوے اور معدہ ضعیف ہو جاوے اور تریدوکھ یعنی تینوں خلطوں کا ہو وہ لاعلاج ہے اور جو منی میں کوڑھ ہو چکا ہو تو وہ بھی لاعلاج ہے۔

دوسرا طریقہ] کوڑھ بکھر جاوے اور بہنے لگے اور آواز گھوں گھوں بولے اور رتے اور جلاب نہ کرسکے

کشٹھ کی ایک قسم شوتر بھی ہے اُسکی پیدائش علامت اور علاج

جو کوڑھ کی پیدایش ہے وہی اس عارضے کی پیدایش ہے یہ بھی سُرخ ہوا ورنہ ہے کوڑھ بیچ اسمین یہی فرق ہے اور شوتر کی قسم کلاس ہے یہ سُرخ ہوتا ہے پھر شوتر دو قسم کا ہے ایک تو بادسفرا بلغم کا دوسرا زخم کا۔

شوتر کوڑھ کے باعلاج اور لا علاج ہونے کی علامتین] باریک ہو اور سیاہ بال مین ہو اور ایک ہی خلط کا ہو اور نیا پیدا ہوا نہ ہو آگ سے پیدا ہو تو باعلاج ہے جو اس مین اور علامتین ملی ہون تو نا علاج ہے یا کوڑھی کے ملنے سے جیسے کوڑھ اور شخصو نکو جالگتا ہے ویسے ہی اور بھی یہ عارضے جالگتے ہین جیسے کہ ان مریضون کے ساتھ نشست برخاست رکھے یا اکھٹا کھا دے یا اکھٹا سو وے یا آپس مین کپڑے پہنے یا باہم کسی چیز کا لیپ کرے تو اتنے عارضون مین مبتلا ہو۔ وسہ۔ کوڑھ۔ بخار۔ راج روگ آنکھون کے عارضے سیتلا۔ چیچک وغیرہ یہ۔ ڈنے لگتے ہین۔

لا علاج کوڑھ کی علامتین] مقعد و شرمگاہ کا کوڑھ منھ اور ہاتھون کا کوڑھ لا علاج ہے۔

کوڑھ کا عام علاج] پوست بلیلہ۔ بیج کنگچ۔ سرسون۔ ہلدی۔ چب۔ بادچی۔ سینذھا نمک۔ بائے بڑنگ برابر لیکر گاے کے پیشاب مین باریک پیسکر لیپ کرے تو کوڑھ دور ہو۔ اسکا نام تیجیا دلیپ ہے۔ یا بادچی کو باریک پیسکر اورک کے رس کی اس مین پٹ دے پھر اسکا کوڑھ کے اوپر اوبٹن کرے تو کوڑھ جاوے۔ نیم کے پھولنے کے وقت نیم کے پھول سے اور اسکا پھل اور پوست اور بیج اور برگ یہ پانچون چیزین لیکر اور دونون قسم کی زرد چوب۔ ترپھلا۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ براہمی گوکھرو صاف کیا ہوا بھلاوان۔ چترک۔ بائے بڑنگ۔ سار۔ براہمی قند۔ گلو۔ بادچی۔ شکری۔ املتاس کوٹ۔ اندرجو۔ پارہ۔ کھیر سار۔ برابر لیکر باریک پیسکر ناگر موتھے کے رس کی پٹ دے پھر نیم کی پانچون چیزون کے رس کی سات پٹ دے پھر بھانگرے کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکو سائے مین سکھا کر باریک پیسکر چورن کرے پھر اچھا دن دیکھ کر کوڑھ والے کو

شہد کے ساتھ یا کھیر سار کے کاڑھے کے ساتھ صبح کے وقت گرم پانی سے بقدر چھ ماشہ کے جلاب
ہووے پھر تھوڑا تھوڑا چار تولہ تک بڑھاتا جاوے اور گھی سمیت اُسکے اوپر ہلکی غذا کھاوے تو
اتنے عارضوں کو یہ دور کرے۔ بیوچی۔ اودمبر۔ پنڈر یکیہ کپال۔ داد کنٹھ۔ السن۔ تتا لیب جیبو
یہ سب طرح کے کوڑھ اور بسرپ یعنی بدن پھیل جاوے۔ بھگندر۔ بیل پاؤن۔ بات رکت
اور سب طرح کے زخم۔ جھیان۔ پردر۔ اور سب طرح کے زہر اور شکم کے عارضوں کو یہ
نسپ پنچانگ چورن دور کرتا ہے۔ یہ نسخہ برھماجی کا بتایا ہوا ہے اور مارکنڈے جی نے اسکا
استعمال کیا ہے۔ اور سفید پاپا۔ یا باوچی دس تولہ۔ گوگل مصفا دس تولہ صاف کی ہوئی
سونا مکھی چھ تولہ۔ سار چار تولہ۔ گورکھ منڈی چھ تولہ۔ ترپھلا چھ تولہ۔ گنگچ دو تولہ کھیر سار
دس تولہ۔ گگو چار تولہ۔ نسوت چار تولہ۔ ناگر موتھہ چار تولہ۔ باے بڑنگ دو تولہ۔ زرد چوب
چار تولہ۔ برنج دو تولہ۔ نیم کی پانچون چیزین دس تولہ۔ چترک چار تولہ ان سبکو باریک پیسکر
بقدر دو درم گھی اور شہد کے ساتھ گولی بناوے اور صبح کے وقت ایک گولی کھانے کے
بعد پیشاب سے کھاوے تو سب قسم کے کوڑھ۔ اور بات رکت۔ پانڈروگ۔ شکم کے عارضے
جھیان وغیرہ عارضوں کو دور کرتا ہے اور بڑھاپے کو دفع کرکے جوان کر دیتا ہے اسکا
نام سوا مبھو گوگل ہے۔ یا چترک۔ ترپھلا۔ زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ زیرہ سفید۔ کلونجی خراسانی
برنج۔ سیندھا نمک۔ اجمین۔ کوٹ۔ چب۔ الائچی۔ جواکھار۔ باے بڑنگ۔ اجود۔ ناگر موتھہ۔
دیودار۔ ہموزن لیکر اور ان کے برابر گوگل مصفا لے اور ان سب کو باریک پیسکر خوب ملاوے
اور گھی سے ۴ ماشہ بھر کی گولی بناوے ایک گولی غذا کے وقت کھاوے تو کوڑھ کیڑے زخم
سنگرہنی۔ بواسیر۔ گردھسری۔ گولا وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ اسکا نام کشور گوگل ہے۔ یا دو سیر
صاف کیے ہوئے بھلاوان کو ۱۲ ثار پانی مین اوٹاوے اور اُسوقت گلو دو سیر کو ٹکڑے ڈالے
جب اس پانی کا چوتھا حصہ رہ جاوے تب اُتار کر اس مین گلاسے کا گھی ایک ثار اور گاے
کا دودھ چار ثار ڈالے پھر ایک ثار مصری اور آدھ ثار شہد ڈالے پھر نرم آنچ سے پکاوے
جب ٹھنڈی ہو جاوین تب اُسکو آنچ سے اُتار کر یہ دوا ڈالے۔ باوچی دو درم تخم پنواڑ دو درم
پوست نیم دو درم۔ پوست بلیلہ دو درم۔ آملہ دو درم سیندھا نمک دو درم ناگر موتھہ دو درم

بنج دو درم۔ الائچی دو درم۔ ناگ کیسر دو درم۔ پت پاپڑہ دو درم۔ تیرج دو درم۔ تیتر پانا دو درم خس دو درم سفید چندن دو درم۔ گوکھرو دو درم۔ بچہ رہ دو درم صندل سُرخ دو درم یہ سب دوا باریک پیسکر آمین ملاوے۔ پھر بقدر دو تولہ صبح کے وقت پانی سے کھاوے تو سب طرح کے کوڑھ بات رکت پاسیو وغیرہ دور کرتا ہے اور اس امرت بھلاتک کا استعمال کرنیوالا اتنی باتین نہ کرے ریاضت نہ کرے دھوپ مین نہ رہے۔ آگ کے نزدیک نہ جاوے۔ کھٹائی گوشت دہی نہ کھاوے تیل نہ لگاوے راہ نہ چلے اور اسکا نام امرت بھلاتک اولیہ ہے۔ یا پوست نیم۔ سفید سرسون جیٹھہ۔ کٹکی۔ ترایان۔ ترپھلا۔ ناگر موتھا۔ پت پاپڑہ۔ باوچی۔ جواسہ۔ بنج۔ کھیر سار۔ سُرخ صندل۔ پاڑھہ۔ زنجبیل۔ بھارنگی۔ اڑوسہ۔ چرائتہ۔ پوست کُڑا۔ نسوت۔ بیخ اندرائن۔ مورہا۔ بائے برنگ اندرجو۔ چترک۔ مان پات۔ لکائن۔ گلو۔ پٹول۔ دونون ہلدی۔ پیپل۔ منزا لتاس۔ سقون بید صاف کی چھال چرمیٹی مِیٹھہ بیخ کرنہی۔ راسنا۔ بیخ سانٹھی۔ دانتی ون۔ جانگوٹہ مصفا۔ بھانگرہ کُٹ سیلا۔ اخروٹ ساکھوٹک یہ سب دوا علیحدہ علیحدہ دو دو تولہ بھر لیکر اور جو کوٹ کر سولہ ثار پانی مین اوٹا وے جب رس کا چوتھا حصہ رہ جاوے تب اوٹا کر چھان کر پھر اکیہ ہزار بھلاوان مصفا کو سولہ ثار پانی مین اوٹا وے جب اسکا بھی چوتھا حصہ رہجاوے تب چھان رکھے اور دونون کو اکٹھا ملا کر پھر ان دونون کے رس مین دو سو تولہ بھر گُڑ کی چاشنی بنا کر اُس مین زنجبیل دو تولہ۔ مرچ سیاہ دو تولہ۔ پیپل دو تولہ۔ ترپھلا دو تولہ۔ ناگر موتھا دو تولہ۔ بائے برنگ دو تولہ۔ چترک دو تولہ۔ سفید ھانک دو تولہ۔ چندن دو تولہ۔ کوٹ دو تولہ۔ اجوائن دو تولہ بنج دو تولہ۔ تیرج دو تولہ۔ ناگ کیسر دو تولہ۔ الائچی دو تولہ۔ یہ سب دوا باریک پیسکر اولیہ مین ڈالکر خوب ملاوے پھر زہچھاون دیکھ کر چار تولہ ہر روز کھاوے تو سب طرح کی کوڑھ۔ بواسیر سب طرح کے کیڑون کا عارضہ۔ رکت پت اودا ورت۔ کھانسی اور دمہ اور بھگندر ان عارضون کو دور کرتا ہے اور آوُن بات کو بھی دفع کرکے تیزی لاتا ہے اور بدن مین بہت رونق لاتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے۔ اس کا کھانے والا کھٹائی گرم چیزین وغیرہ نہ کھاوے اور کسی طرح کی بد پرہیزی نہ کرے اسکا نام بھلاتک اولیہ ہے۔ یا جیٹھہ ترپھلا۔ کٹکی نک۔ دار ہلدی۔ پوست نیم اور گلو برابر لیکر جو کوٹ کر۔ پانچ پانچ درم کا کاڑھا کرکے

ہر روز استعمال کرے تو سب طرح کے کوڑھ۔ بات رکت۔ بسرپ۔ بسپھوٹک کو دور کرتا ہے
اسکا نام لگھو منجشٹھادی کواتھ ہے۔ یا مجیٹھ۔ باوچی۔ پواڑ۔ پوست نیم۔ پوست ہلیلہ۔ زرد چوب۔ آملہ
اڑوسہ۔ شتاور۔ کھریٹی۔ پوست گنگیرن۔ ملیٹھی۔ مہوا۔ کٹیلی۔ پٹول۔ خس۔ گلو۔ سرخ صندل۔
انکو برابر لیکر جوکوٹ کرکے پانچ درم کا کاڑھا پیے تو ہر قسم کے کوڑھ۔ بات رکت کو دور
کرتا ہے۔ اسکا نام مدھیہ منجشٹھادی کواتھ ہے۔ یا مجیٹھ۔ اندرجو۔ گلو۔ ناگرموتھ۔ بچ۔ زنجبیل
زرد چوب۔ دونون کٹیلی۔ پوست نیم۔ پٹول۔ کوٹ۔ کٹکی۔ بھارنگی۔ بابے بڑنگ۔ چترک۔
مورہا۔ دیودار۔ جل بھانگرا۔ پیپل۔ ترایان۔ پاڑھ۔ شتاور۔ کھیرسار۔ بیجے سار۔ ترپھلا۔
چراتہ۔ بکائن۔ مغز املتاس۔ نسوت۔ باوچی۔ سرخ صندل۔ برنا۔ دانتونی۔ شاکھوٹک۔
اڑوسہ۔ پت پاپڑہ۔ سفید سرسون۔ انیس۔ جواسہ۔ بیخ اندرائن یہ سب برابر لیکر جوکوٹ کر
پانچ درم کا کاڑھا ہر روز پیے تو اٹھارہ قسم کے کوڑھ و بات رکت۔ خون کے فساد۔ بسرپ۔
جلد سن پڑ گئی ہو۔ ان سب عارضون کو دور کرتا ہے۔ اسکا نام برہت منجشٹھادی کواتھ ہے
یا کالی مرچ۔ نسوت۔ ناگرموتھ۔ ہڑتال۔ بیخ اندرائن۔ کلونجی۔ دونون ہلدی۔ بالچھڑ۔ کوٹ۔
صندل سرخ۔ مینسل۔ دیودار۔ آک کا دودھ۔ گوبر کا رس۔ یہ سب دوا چھ چھ ماشہ لیکر اور
سنگی مہرا ایک تولہ روغن تلخ ایک آثار۔ پانی ۴ آثار۔ گائے کا پیشاب ۸ آثار دیکر ان سبکو نرم
آنچ سے پکاوے۔ جب یہ سب جلجاوین اور تیل رہجاوے تب اُتار چھانکر پھر اس کی
مالش کرے تو سب طرح کے کوڑھ یہ دور کرتا ہے اسکا نام لگھو مریچادی تیل ہے یا کالی مرچ
نسوت۔ دانتونی۔ آک کا دودھ۔ گوبر کا رس۔ دیودار۔ دونون ہلدی۔ بالچھڑ۔ کوٹ۔ سرخ صندل
بیخ اندرائن۔ کلونجی۔ ہڑتال۔ مینسل۔ بیخ کنیر۔ چترک۔ بیخ کلہاری۔ ناگرموتھ۔ بابے بڑنگ۔
پواڑ۔ بیخ سرس۔ پوست کرملا۔ پوست نیم۔ پوست ستون۔ گلو۔ تھوہڑ کا دودھ۔ مغز املتاس
کھیرسار۔ بیخ الکنگنی۔ باوچی۔ یہ سب دوا چار چار تولہ اور سنگی مہرہ آٹھ تولہ۔ روغن تلخ ۴ آثار
گائے کا پیشاب ۱۶ آثار۔ ان سبکو جمع کرکے نرم آنچ سے پکاوے جب گائے کا پیشاب وغیرہ
سب جلجاوین اور تیل رہجاوے تب اُتار کر چھانکر پھر اس تیل کی مالش کرے تو سب
قسم کا کوڑھ دفع ہو اور اسکی مالش تیاری اور جوانی لاتی ہے۔ اور یہ دوا گھوڑا ہاتھی وغیرہ

سے کے بادکو بھی دور کرے اسکا نام مرچادتیل ہے یا ہرتال کا عمدہ ورق لیکر چترک کے رس سے ایک روز کھرل کرے پھر سانٹھی کے رس سے ایک روز کھرل کرے پھر اسکے ٹکڑے کر اچھی طرح سکھا وے پھر اس ہرتال کو سانٹھی کے پنچانگ کے کھار کے بیچ مین رکھکر چولھے پر چڑھاوے اور اس ہرتال کا دھوان نہ نکلنے دے پھر اس ٹکڑے کو اس سانٹھی کے کھار کے بیچ مین خوب دباوے پھر اسکے نیچے برابر ایک رات دن نرم آنچ دے یہ چار روز تک دے جب تیار ہو کر ٹھنڈا ہو جاوے تب اس ٹکڑی کو بہت ہوشیار آدمی تدبیر سے نکالے وہ ہرتال وزن مین پوری اترے بغیر دھوئین کے سفید ہو پھر اس مین سے دورتی کھاوے اسکے اوپر مرچ وغیرہ کاڑھا پیئے تو اٹھارہ قسم کے کوڑھ بات رکت اوپدنش فرنگ باد ان کو یہ ہرتال دور کرتا ہے اور اسکا کھانیوالا نمک۔ کھٹائی۔ کڑوا رس نہ کھاوے دھوپ مین نہ سووے اگر نمک بغیر نہ رہا جاوے تو سیندھا نمک کھائے اور شیرین چیزین بہت کھاوے۔ یہ ہرتال کے بنانے کا طریقہ ہے اسکو تال کیشر رس کہتے ہین یا پارہ اور گندھک مصفا تانبے کا کشتہ۔ سار۔ گوگل۔ چترک۔ سلاجیت۔ کچلا۔ بچ۔ ابرک۔ یہ سب برابر لیوے اور تخم کنگھی ایک دوا کے حصہ سے چوگنا لے کر پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے پھر اس مین یہ دوا ڈال کر خوب ملاوے پھر اس مین سے دو درم گھی اور شہد کے ساتھ ہر روز کھاوے اور اوپر سے چانول اور دودھ کھاوے تو گلت کشٹھ جاوے اور اس کا بدن نہایت خوبصورت ہو جاوے اگر یہ رس کھاوے تو مباشرت نہ کرے گلت کشٹھاری رس اس کا نام ہے۔

بھبوت کا علاج] کوٹ۔ تخم ترب۔ سرسون۔ زردچوب۔ کیسر۔ انکو سنہ کے پانی مین پکا کر لیپ کرے تو بہت دن کی بھی بھبوت جاوے۔ یا کیلے کا کھار۔ زردچوب۔ دارہلدی۔ تخم ترب۔ ہرتال۔ دیودار۔ سنکھ کا چورن یہ سب برابر لیکر انکو برگ تنبول کے رس مین باریک پیسکر لیپ کرے تو بھبوت دور ہو۔

چرم دل کوڑھ کا علاج] ایجور مین تھوڑا سا سیندھا نمک ڈال کر پانی سے تانبے کے برتن مین تانبے کے گھوٹنے سے خوب گھوٹے اور خوب باریک پیسکر لیپ کرے تو چرم دل کوڑھ جاوے۔

پاماکھوڑھو کا علاج] زیرہ ۲ تولہ۔ سیندور دس تولہ۔ ان دونون کو روغن تلخ مین پیسکر لیپ
کرے تو پاما اچھی ہو۔ یا مجیٹھ۔ ترپھلا۔ لاکھ۔ بیخ کرہاری۔ ہلدی۔ آملہ سار گندھک ان کو برابر
لیکر باریک پیسکر دھوپ مین خوب گرم کرے پھر ان کا لیپ کرے تو پاما اچھی ہو۔ یا پارہ
دونون قسم کا زیرہ۔ دونون ہلدی۔ مرچ سیاہ۔ سیندور۔ آنولا سار گندھک۔ مینسل یہ سب
برابر لیکر پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اور یہ دوا باریک کرکے اسمین ملا دے۔ پھر ان سب
دواؤن کو گائے کے گھی مین ایک روز کھرل کرے پھر اسکی مالش کرے تو پاما دور ہو۔ یا
پارہ۔ آنولہ سار گندھک۔ نیلا تھوتھا۔ کتھہ۔ مہندی۔ خراسانی اجوائن۔ موم۔ مالکنگنی کو برابر
لیکر پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اور موم کو گھی مین جدا پگھلا دے۔ پھر یہ سب دوا
علیحدہ پیسکر ملا دے پھر سب دوا گائے کے گھی مین اکٹھی کرے اور ایک روز پیس کر
مالش کرے تو پاما وغیرہ خون کے سب فساد جاوین۔ یا گندھک آنولا سار مصفی دو درم
نیلا تھوتھا ۳ ماشہ پانی سے باریک پیسکر گولی باندھے اور اس گولی کو باریک کپڑے مین
باندھکر پوٹلی کرے اور اس پوٹلی کو گیہون کی بغیر نمک کی تین یا چار روٹی مین سینکے پھر
باریک پیسکر گھی مین چپڑکر کھلا دے یا اسکو شکر مین چورا کرے اور پانچ روز کھا وے تو
پاما وغیرہ خون کے سب فساد دور ہوون یا سیندھا نمک۔ تخم پواڑ۔ سرسون اور بیلپ کو کانجی کے
پانی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو پانوؤن کی کھجلی دور ہو۔

پکھے داد کی دوا] آک کے پتون کا رس اور ہلدی کے کاڑھے کے رس کو سرسون کے تیل
مین پکا وے پھر اس کی مالش کرے تو کچھ داد دور ہو۔ اس کا نام ارک تیل ہے۔ یا مینسل
ہیرا کسیس۔ آنولا سار گندھک۔ سونا مکھی۔ پتھر پھوڑ۔ زنجبیل۔ پیپل۔ کرہاری۔ کنیر۔ بائے برنگ
چترک۔ بیخ املتاس۔ سیندھا نمک۔ برگ نیم۔ چھ چھ ماشہ لیکر اور پانی سے باریک پیسکر روغن
تلخ دو سیر مین پکا وے اور اس مین آک اور تھوہڑ کا دودھ آدھ آدھ پاؤ گائے کا پیشاب
۸ تار ڈالے پھر اسکو نرم آنچ سے پکا وے جب سب جلجاوین اور تیل رہجاوے تو اس کی
مالش کرے تو لا علاج بھی کچھ داد دور ہو اور پاما اور کھجلی اور خون کے سب عارضے جاوین
اسکا نام کچھ راکچس تیل ہے۔

داد کا علاج | کوٹ۔ باے بڑنگ۔ تخم پواڑ۔ تل۔ سیندھا نمک۔ سرسون کو برابر لے کر کھٹائی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو داد کوڑھ دور ہو یا دوب۔ پوست ہلیلہ سیندھا نمک تخم پواڑ۔ پوست کنیر کو برابر لے کر کانجی مین یا مٹھے مین باریک پیسکر لیپ کرے تو کچھ دا داور کھجلی دور ہو۔

شوتر نامے کوڑھ کا علاج | پوست بہیڑہ۔ پوست ہلیلہ۔ گٹھومر۔ اور باوچی کا کاڑھا کرکے استعمال کرے تو شوتر کوڑھ دور ہو۔ یا ہرتال مینسل۔ چرمٹی۔ اور چیترک کو بکاے کے پیشاب مین پیسکر لیپ کرے تو شوتر کوڑھ دور ہو۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین یا زرد چوب سولہ تولہ۔ بکاے کی کانجی بارہ تولہ۔ بکاے کا دودھ چار تار۔ مصری دس تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ فلفل سیاہ دو تولہ۔ پیپل دو تولہ۔ تج دو تولہ۔ ناگ کیسر دو تولہ۔ باے بڑنگ دو تولہ ناگر موتھہ دو تولہ۔ نسوت دو تولہ۔ ترپھلا چھ تولہ۔ کیسر دو تولہ۔ انکو جدا جدا پیسکر کلی ملاکر ہلدی اور دودھ مین شکر کی چاشنی کرکے اسمین یہ سب دوا ڈالے پھر اسکی دو تولہ بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو کوڑھ۔ کھجلی۔ پھوڑے کی داد وغیرہ عاجزون کو دور کرتا ہے اسکا نام ہریدرا کھنڈ ہے۔

ہرتال مارنے کی ترکیب

عمدہ طبقیہ ہرتال لیکر اسمین دسوان حصہ سہاگہ ملاکر اسکی باقتہ کے کپڑے مین چار پوٹلی بناوے پھر وہ پوٹلیان جمبیری کے رس مین رکھکر ڈولکا جنتر کرکے اُسکے نیچے دو پہر تیز آنچ دیکر اوٹاوے پھر کانجی کے پانی مین اوٹاوے پھر پیٹھے کے پانی مین اوٹاوے پھر تیل مین اوٹاوے پھر ترپھلے مین اوٹاوے پھر اس ہرتال کو کسی طرح کی کھٹائی مین دھووے پھر اسکو چھیلے کے پوست کے رس مین دو رات دن کھرل کرے پھر دھوپ مین سکھاکر اسکا گولا بناوے پھر وہ گولا سکورے مین رکھکر اسکے اوپر دوسرا سکورہ نہایت حفاظت سے ڈھکدے اور خوب بندکرے پھر گجپٹ مین ارنے اُپلے کی آنچ دے اور ٹھنڈا ہونے کے پیچھے ہرتال کو نکالکر بکری کے دودھ مین ایک روز کھرل کرے پھر اس کا گولا کر دھوپ مین سکھاوے پھر پلاس کی چار تار راکھ کی ہنڈیا مین بھرے اسکے

بیچ میں ہڑتال کا گولا رکھکر خوب رکھو منھ تک دبا کر بھرے پھر اس ہنڈیا کو چولھے پہ چڑھا کر
نیچے آنچ دے اور اس کا دھوان نکلنے نہ دے اسی طرح ترکیب سے نرم تیز اور بہت تیز
بتیس ۳۲ پہر تک آنچ دے جب بن کر ٹھنڈا ہو جاوے تب اس ہڑتال کو نکالے اگر ہڑتال
سفید نکلے اور پوری تول بغیر دھوئیں کے ہو تو اسکو پرانے قند سیاہ کے ساتھ ایک رتی
۱۲ روز کھاوے اور اسکے اوپر پان تخودا اور بیخ سانٹھی اور روغن مادہ گاؤ اکیس روز تک
کھاوے اور کھٹائی اور نمک نہ کھاوے تو اٹھارہ قسم کے کوڑھ ۔ بات رکت ۔ فرنگ باد کو یہ ہڑتال
دور کرتی ہے ۔ یا پارہ دو درم ۔ گندھک مصفا ۔ دو درم ۔ ہڑتال دو درم مینسل دو درم ۔ باوچی
۵ درم ۔ دھاسہ دو درم ۔ سیندور دو درم ۔ دونون ہلدی ۵ درم ۔ ان سب کو کالے ستکے کی گھی
سے خوب باریک پیسکر لیپ کر دو پہر دھوپ میں بیٹھے پھر نہاوے تو کوڑھ داد اور کیڑے
تین روز کے استعمال کرنے سے اچھے ہون یا پیپلے کی جڑ کا پوست پچاس تولہ جلا کر رکھ
رکھے اسکو نئی اور مضبوط ہنڈیا میں ۔ پھر کر اسکے بیچ میں ہڑتال طبقی پچیس ماشہ ترکیب
رکھکر دبا دے پھر ہنڈیا کے اوپر سر وار رکھ اور اس ہنڈیا کو چولھے پر چڑھا کر اسکے نیچے
ایک پہر تک خوب تیز آنچ دے جب ٹھنڈا ہو تو نئے کپڑے میں چھان لے پھر اس
میں سے بقدر دو رتی اور زیرہ ایک ماشہ خوب ملا کر پختہ برگ تنبول اور ٹھنڈے پانی
کے ساتھ کھاوے اسکے اوپر چنے کی روٹی بغیر نمک ایک مہینہ تک کھاوے تو اٹھارہ
قسم کے کوڑھ بات رکت سب قسم کے گھاؤ اور پیڑکا نامی پھنسیاں بادی عارضوں کو دور
کرتا ہے اسکا استعمال کرنے والا دھوپ اور میدانہ کھائے ۔

داد کا علاج] تخم پواڑ ۔ باوچی ۔ سرسون ۔ تل ۔ کوٹ ۔ دونون ہلدی ۔ ناگرموتھ ۔ یہ سب برابر
لے کر اور انکو مٹھے میں خوب باریک پیسکر لیپ کرے تو داد کنڈو بیوچی دور ہون ۔

کوڑھ کے دور ہونے کا لیپ] نیلا تھوتھ ۔ سہاگہ دونون دو دو درم ۔ باوچی
پانچ درم ۔ ان تینون کو باریک پیس کر جل بھانگرے کے رس کی سات پٹ
دے پھر اس کا لیپ کرے تو کوڑھ دور ہو ۔ یہ علاج جید رہس میں لکھے
ہیں ۔

مہا لیپ

پارہ دو تولہ۔ سنکھ کا کھار دو تولہ۔ آندھی جھاڑہ کا کھار دو تولہ۔ تل کا کھار دو تولہ۔ ساٹھی کا کھار دو تولہ۔ ہلیلہ کا کھار دو تولہ۔ اڑوسہ کا کھار دو تولہ۔ پٹول کا کھار۔ ارنڈ کا کھار۔ جوا کھار۔ سہاگہ سجی۔ نوسادر۔ آنولا سار۔ گندھک۔ پانچون نمک۔ کوٹ۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ بیخ نوانسرہ۔ بیخ آک۔ نیلا تھوتھہ۔ بیخ کرہاری۔ ہلدی۔ زمین قند۔ کورکھ منڈی کا کھار۔ کاہو کا کھار۔ پیپل کا کھار۔ رائی۔ سرسون۔ سیندور۔ سلاجیت۔ پاڑہ کا کھار۔ کمیلہ لودھ پٹھانی۔ بیخ تھوہڑ۔ بیخ آم۔ چترک۔ اور آک کے پنچانگ کا کھار۔ یہ سب دوا علیحدہ علیحدہ دو دو تولہ لے کر پھر ان سبکو باریک پیسکر اکٹھا کرکے گائے کے پیشاب مین لا کر تانبے کے بڑے برتن مین رکھے۔ پھر اس مین بھینس۔ گھوڑا۔ بکرا۔ ہاتھی اور اونٹ کا پیشاب اور لیمو اور جمبیری۔ بجورہ۔ نارنگی کا رس۔ چیتے کا کھار۔ سہجنہ کا رس۔ رائی۔ کانجی۔ یہ سب اسکے انداز کے موافق ڈالے۔ پھر اسکا منھ ڈھک کر اکیس روز اچھی طرح سے رکھ چھوڑے پھر اسکا لیپ کرے تو سب طرح کے کوڑھ دور ہوں اور کنٹھ مالا۔ نسرپ۔ بوائیر۔ بیوچی۔ سب بادی عارضے ایک مہینے مین دور ہون یہ سب رس سارسنگرہ مین لکھا ہے۔

باب سترھوان

دربیان شیت پت او درد کوڑھ وغیرہ

شیت پت اور درد کوڑھ او تکوڑھ عارضون کی پیدایش علامت اور علاج

ٹھنڈی ہوا کے چھونے سے بلغم اور ہوا نع صفرا کے طرح طرح سے فاسد ہوکر جلد مین اور باہر اور بادو بلغم سے سردی اور گری کے عارضون کو پیدا کرتی ہے۔

شیت پت کی پہلی شکل] پیاس لگے۔ نفرت ہو۔ قے آوے۔ بدن مین درد ہو۔ بدن بھاری رہے۔ آنکھین سرخ ہو جاوین۔ یہ علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ شیت پت وغیرہ کا عارضہ ہوگا۔

شیت پت اور درد کی علامتین] جیسے کیڑے کے کاٹنے سے چکتے ہوتے ہین

ویسے ہی جلد کے اوپر بہت سے چکتے ہوں اور ان مین کھجلی چلے اور بہت درد ہو اور تے اور کھا یا ہو جلن معلوم ہو تو جاننا چاہیئے کہ شیت پت ہے اور اسی کو اودرد کہتے ہین۔ بادی کی زیادتی ہو تو شیت پت جانو۔ اور بلغم کی زیادتی ہو تو اوودرد جاننا چاہیئے یہ شسرت یعنی کنوار کا تک مین بہت ہوتا ہے۔

کوڑھ اکنکوڑھ کی علامتین] قے کو روکے تو صفرا اور بلغم فاسد ہون اور سرخ سرخ کھجلی کو لیے چکتے بدن مین پیدا کرے اسکو کوڑھ کہتے ہین۔ یہ تھوڑی دیر رہے اور جو بہت دیر تک رہے تو اکنکوڑھ کہنا چاہیئے۔

ان سب کا علاج] دوا کے زور سے قے کراوے تو شیت پت اوودرد دور ہو۔ یا پٹول۔ پوست نیم۔ اڑوسہ۔ ترپھلا۔ گوگل اور پیپل کا کاڑھا دے تو شیت پت اوودرد دور ہو یا جلاب دے تو یہ عارضہ مذکور دور ہو یا روغن تلخ کی مالش کرے اور بدن کو گرم پانی سے دھووے تو یہ عارضے دور ہون یا ترپھلا شہد سے کھاوے تو شیت پت اوودرد دور ہون یا مصری کے ساتھ کٹکی کا جلاب لے تو شیت پت اوودرد جاوے یا قند سیاہ اور آملہ کا استعمال کرے تو شیت پت اوودرد دور ہو۔ یا اجوائن۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل اور جواکھار کا چورن بقدر دو درم سات روز تک گرم پانی سے کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا ادرک کا رس پرانا گڑ کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو یا سرسون۔ ہلدی۔ تخم پنواڑ اور تل کو روغن تلخ مین باریک پیسکر لیپ کرے تو شیت پت اوودرد دور ہو۔ یا اجمود پانچ درم۔ قند سیاہ پانچ درم۔ ان دونون کو اکھٹا کر کے پانچ روز یا سات روز بلا ناغہ کھاوے تو شیت پت اوودرد جاوے یا پوست بکائن ایکدرم باریک پیسکر گائے کے گھی کے ساتھ پیے تو یہ عارضے دور ہون یا خون نکلوائین تو یہ عارضے دور ہون یا آملہ اور نیم کی کونپل کو گھی مین تل کر بقدر ایکدرم پندرہ روز کھاوے تو پھوڑے کی بیماری۔ پتی کیڑے۔ شیت پت کھجلی اور گرمی کے عارضون کو یہ دور کرتا ہے یا ایک سیر چھیلی ہوئی ادرک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرے اور گائے کا گھی ۲ تار لے اور گائے کا دودھ ۲ تار اس کا ماوا کرے اس مین ادرک کے ٹکڑے گھی سے چھونکڑ ڈالے پھر اس ماوے کے نیچے آنچ دے اور اس کا گاڑھا ماوا کرے اور ایک سیر مصری کی چاشنی

رقیق اولیہ کے مانند بنا کر اس مین ماوے کو ڈالے اور یہ دوائین باریک پیسکر ڈالے پیپلامول۔ مرچ۔ زنجبیل۔ چترک۔ بائے بڑنگ۔ ناگر موتھا۔ ناگ کیسر۔ تج۔ الائچی۔ تیزپات۔ کچور۔ یہ دوائین علیحدہ علیحدہ دو دو تولہ لیکر ان کو باریک پیسکر مصری کی چاشنی مین ڈالے پھر بقدر دو تولہ صبح وشام کھاوے تو شیت پت اور درد اور کوڑھ کے عارضے راج روگ رکت پت کھانسی۔ نفرت۔ باؤ گولا سوجن۔ اوداورت۔ کھجلی۔ کیڑون کا عارضہ۔ بیماری شکم کو یہ اولیہ دور کرتا ہے اور قوت اور منی کو بڑھا کر فربہ کرتا ہے اسکا نام آدرک اولیہ ہے۔ اور یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔ یا سیندھا نمک کو گھی مین باریک پیسکر بدن مین مالش کرے پھر تھُر رخ کمبل اوڑھے تو پتی کا عارضہ دور ہو یا گائے کا گھی گیرو۔ سیندھا نمک۔ کسم کے پھول یہ سب برابر لیکر ان کو باریک پیسکر بدن مین ادبٹن کرے تو پتی دور ہو یا چراتہ۔ اڈوسہ۔ کٹکی۔ پٹول۔ ترپھلا۔ سُرخ صندل۔ پوست نیم ان کا کاڑھا پیے تو پتی کا عارضہ۔ پھوڑا۔ جلن کا بخار۔ منھ شوکھ۔ یعنی مُنھ کا سوکھنا۔ پیاس کی بیماری ستے۔ ان سب عارضون کو یہ کاڑھا دور کرتا ہے۔ یا ارنے اوپلے کی راکھ بدن مین ملے تو پتی جاوے۔ یا چھکری پان کے پتونکے رس مین پیسکر بدن مین مالش کرے تو پتی جاوے۔ یا لہسن دو تولہ کھاوے۔ یا ترپھلا دس تولہ باریک پیسکر شہد سے چاٹے تو پتی دور ہو۔ یہ سب علاج بیدرہس مین لکھے ہین۔ یا میتھی کے دانے دو تولہ کالی مرچ دو تولہ۔ ہلدی دو تولہ ان سبکو باریک پیسکر ادرک کے رس کی تین پٹ دے پھر ایک گولی بقدر دو درم بنا کر ایک گولی کھاوے تو پتی کے سب فساد دور ہون یہ بیدرہس مین لکھا ہے۔

امل پت کی پیدایش علامت اور علاج

نمک۔ کھٹائی اور گرم چیزون کے کھانے سے صفرا فاسد ہو کر امل پت کو پیدا کرے وہ امل پت عارضہ تین قسم کا ہے۔ بادی۔ بلغمی۔ بلغمی بادی۔

امل پت کی علامتین] غذا ہضم نہ ہو۔ بغیر ریاضت کیے محنت معلوم ہو۔ قے آوے۔ کڑوی اور کھٹی ڈکارین آوین۔ بدن بھاری ہو۔ چھاتی اور گلے مین جلن ہو۔ کھانے سے نفرت ہو۔ یہ علامتین امل پت کی ہین۔ یہ عارضہ دو قسم کا ہے ایک اوردھ گامی وہ منھ مین ہو کر جاوے دوسرا ادھو گامی جو مقعد کے ذریعہ سے ہو جاتا ہے۔

اوردھ گامی ال پت کی علامتین] جو قے کرے تو ہرا۔ زرد۔ سیاہ اور سرخ اور بہت صاف گوشت کے پانی کے مانند ہو اور ال پت بلغم سے ملا ہو تو بہت چکنا اور کڑوا نمکین اور تیکھا قے کرے۔

ادھوگامی ال پت کی علامتین] اسکے پاخانہ مین طرح طرح کے رنگ ہون۔ اور پیاس جلن غشی اور غفلت اور چھاتی مین درد ہو۔ قے آوے بدن مین چکتے پیدا ہون۔ قوت ہاضمہ سست ہو جائے بال کھڑے ہون پسینا آوے بدن زرد پڑ جاوے۔ یہ علامتین ہون تو ادھوگامی ال پت جانو۔

غذا کھا کر ال پت کی یہ علامتین ہوتی ہین] غذا کھاوے یا نہ کھاوے تو کبھی تیکھی اور کھٹی قے کرے اور بدن مین کھجلی ہو چکتے پڑ جاوین اور ڈکار بہت آوین گلے اور کوکھ مین جلن اور سر مین درد ہو۔ ہاتھ پانوٗن مین جلن۔ غذا سے نفرت۔ اور جاب ہو۔ یہ علامتین ہون تو ال پت کا عارضہ جانو۔

ال پت مین اور بھی فسادون کا میل ہوتا ہے] ال پت مین باد اور بلغم کا میل ہو تو بید بخوبی واقفیت نہ کر سکے اور جس مین رعشہ۔ غشی۔ بدن مین چچپاہٹ اور بدن مین درد اور سوئی ہو اور اندھیری۔ چکر۔ غفلت اور تکلیف ہو تو جاننا چاہیے کہ ال پت مین باد کا میل ہے۔ یا بلغم تھوکے۔ بدن بھاری رہے۔ نفرت ہو۔ بدن مین سردی لگے قے ہو۔ قوت ہاضمہ اور طاقت جاتی رہے۔ بدن مین کھجلی ہو اور نیند بہت آوے تو ال پت مین بلغم ملا ہوا جانو۔

باعلاج لاعلاج ال پت کی علامتین] ال پت کا عارضہ ابتدائی ہو تو باعلاج ہے اور بہت دنون کا ہو اور پرہیز نہ کرے تو لادوا ہے۔

ال پت کا علاج] اس مریض کو پٹول۔ پوست نیم۔ اڑوسہ برابر لیکر اسکے کاڑھے سے قے کرا دے تو ال پت جاوے۔ یا میڑھل۔ شہد۔ سینڈھا نمک سے قے کرا دے تو ال پت جائے یا جلاب سے یہ عارضہ دور ہو۔ یا نسوت۔ شہد۔ آملہ کا جلاب دے تو ال پت جاوے اگر اوردھ گامی ال پت ہو تو قے اور جلاب کرا دے اور ادھوگامی ال پت

ہو تو جلاب دینا چاہیئے یا جو یا گیہون کا ستو۔ یا چانول کا ستو مصری ملاکر کھاوے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا جو۔ اڑوسہ۔ آملہ۔ بترج۔ سج۔ الائچی ان کا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر پیئے تو ال پت بہت جلد دور ہو۔ یا گلو۔ پوست نیم۔ پٹول ان کا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر پیئے تو بڑا خوفناک بھی ال پت دور ہو۔ یا اڑوسہ۔ گلو۔ پت پاپڑہ۔ چرائتہ۔ پوست نیم۔ جل بھانگرہ۔ تریھلا۔ کٹکی ان کو ٹھنڈے پانی سے پیئے تو ال پت دور ہو۔ یہ ال پت چورن ہے۔

بسرپ روگ کی پیدائش علامت اور علاج

نمک۔ کھٹائی اور گرم چیزون کے کھانے سے بسرپ روگ پیدا ہوتا ہے وہ پھیلا ہوا عارضہ سات قسم کا ہوتا ہے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کا۔ بادی صفراوی۔ بادی بلغمی۔ بلغم صفراوی۔

بسرپ روگ کی علامتین نمک۔ کھٹائی۔ اور گرم چیز وغیرہ جو اوپر لکھی گئی ہین ان کے بہت کھانے سے باد صفرا۔ بلغم فاسد ہوکر بدن کے خون۔ گوشت وغیرہ ساتون دھاتون کو بگاڑ کر بدن مین چھوٹی چھوٹی بہت پھنسیون کے گھیرے کو پھیلا دیتے ہین۔ اسی سے اسکو بسرپ کہتے ہین۔

بادی بسرپ کی علامتین بدن مین بدپرہیزی کرنے سے باد فاسد ہوکر بدن مین کئی جگہ چھوٹی بڑی پھنسیان پیدا کرین تب پھنسیان بدن مین پھیل جاوین اور ان مین بام روگ کے مانند درد اور کھجلی بہت ہو۔

صفراوی بسرپ روگ کی علامتین بدپرہیزی سے صفرا فاسد ہوکر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیان پیدا کرے۔ اور اس مین صفراوی بخار کی سب علامتین ہون اور وہ پھنسیان بہت جلد پھیل جاوین یا سرخ ہون۔

بلغم کے بسرپ روگ کی علامتین بدپرہیزی سے بلغم فاسد ہوکر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیان پھیلا دین اور ان مین بہت کھجلی ہو اور وہ پھنسیان چکنی ہون اور اس مین بلغمی بخار کی سب علامتین ملین۔

سنپات کے بسرپ روگ کی علامتین بدپرہیزی کرنے سے سنپات فاسد

ہو کر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیون کو پیدا کر کے جلد پھیلا دیتے ہین اور ان پھنسیون کو سب علامتین مذکورۂ بالا مین اور سنپات بخار کی بھی سب علامتین ہون تو سنپات کا بسرپ کہنا چاہیئے۔

بادِ صفرا کے بسرپ روگ کی علامتین] جس کے بدن مین بادِ صفرا بد پرہیزی کرنے سے فاسد ہو کر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیونکو پیدا کرین وہ بدن مین پھیل جاوین ان پھنسیون کا نام اگنیا کھیہ ہے اس کا رنگ آگ کے مانند ہو اور اس مین بادِ صفرا کے بخار کی علامتین مین اور قے بیہوشی اسہال پیاس۔ بے چینی بھی ہو۔ اور بدن کی ہڈیان ٹوٹین۔ اندھیری آوے کسی چیز کی رغبت نہ ہو کل بدن آگ کے مانند جلے جس جگہ ہون اسکو سیاہ نیلا یا سُرخ کرین۔ مرم جگہون مین پھیل جاوین۔ اس جگہ بہت درد ہو ہوش جاتے رہین۔ نیند نہ آوے یہ بسرپ روگ لا علاج ہے۔ بدن مین چین نہ پڑے۔ دل اور بدن سب بگڑ جاوے بدن کا ہوش جاتا رہے۔ یہ بسرپ روگ بہت ہی لا علاج ہے۔

بادی بلغمی بسرپ کی علامتین] بد پرہیزی کرنے سے بادِ بلغم فاسد ہو کر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیون کو پیدا کر پھیلا دین۔ ان پھنسیون کو گرنتھا کھیہ کہنا چاہیئے۔ وہ گانٹھ کے موافق ہوتی ہین اور بلغم سے تری اور پکی ہوا بلغم کو بہت طرح سے حرکت دے کر پھر جلد گوشت اور نسون مین پہونچا ہوا خون اور سردی کو کرتا ہے اور چھوٹے بڑے اور لمبے گول اور بھاری چکتون کا مجموعہ پیدا کرے اس مین بہت سی زرد سُرخ بخار کو لیئے پھنسیان ہون اور ورم کھانسی ہو منہ سوکھے اور ہچکی۔ قے۔ شک۔ غفلت ہو بدن کی رنگت اور کی اور ہوا ور غشی اعضا شکنی ضعف معدہ بھی ہو تو بادِ بلغم کا بسرپ جانو۔

بلغم صفرا بسرپ روگ کی علامتین] اپنے ہی سبب سے بلغم صفرا فاسد ہو کر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیون کو پیدا کر کے پھیلا دین اُن پھنسیون کو بید کردم نامے خوفناک بسرپ کا عارضہ کہتے ہین۔ اس مین یہ علامتین ہون۔ بدن مین بخار۔ درد۔ اعضا شکنی نیند۔ شک ہو۔ اشتہا جاتی رہے۔ ہڈیان ٹوٹین۔ پیاس ہو۔ بدن بھاری رہے۔ اکوٹ پیدا ہو۔ اندریان تھک جاوین۔ بدن مین درد ہو۔ سب بدن مین پھنسیان پھیل جاوین اور

بہت سُرخ چکنی سیاہ۔ سوجن لیے بھاری ہوں دیر میں پکیں۔ جلن بہت ہو۔ پیپ نکلے۔ رعشہ پیدا ہو۔ بدن کی نسیں نکل رہیں اور مردہ کی سی بدبو آوے یہ علامتیں ہوں تو کردم نامے بسرپ روگ کہنا چاہیے۔

ہتھیار کے زخم سے پیدا ہوئے بسرپ کی علامتیں] ہتھیار کی ضرب لگنے سے باد فاسد ہو کر خون ہمیت صفرا کو فاسد کرکے کلتھ کے برابر بدن میں پھنسیوں کو پیدا کریں پھر ان پھنسیوں کے پھوڑے ہو جاویں اور ان میں سوجن اور بخار ہو۔ خون سیاہ ہو۔

بسرپ کے فساد] بخار۔ اتیسار یعنی اسہال قے اور پیاس ہو گوشت بکھر جاوے عقل درست نہ رہے۔ کسی چیز کی رغبت نہ ہو غذا ہضم نہ ہو۔ یہ اسکے فساد ہیں۔

لا علاج بسرپ کے پہچاننے کی علامتیں] باد صفرا بلغم کا بسرپ اور آگ سے پیدا ہوا جو بسرپ اور مرم جگہوں میں جو بسرپ پیدا ہو وہ لا علاج ہے۔

عام علاج] جلاب قے اور دوائیوں کا استعمال اور خون نکلوانا بسرپ کو مفید ہے۔

باد کے بسرپ کا علاج] راسنا۔ کنول گٹہ۔ دیودار۔ سُرخ صندل۔ مہوا۔ کھریٹی۔ ان کو برابر لیکر دودھ یا گھی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بسرپ روگ اچھا ہو۔

صفرا کے بسرپ کا علاج] کسورا۔ سنگھاڑا۔ کنول گٹہ۔ پانی کا سوار۔ سُرخ صندل کو باریک پیسکر دھوے گھی یا ٹھنڈے پانی سے پکاوے تو بسرپ روگ جاوے۔

بلغم کے بسرپ کا علاج] ترپھلا۔ کنول گٹہ۔ خس۔ بالا۔ بیج کنیر۔ بیج نرسل۔ جواسہ کو پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بلغم کا بسرپ جاوے۔

وشانگ لیپ

تگر۔ بیج سرس۔ ملیٹھی۔ سُرخ صندل۔ الائچی۔ بالچھڑ۔ دونوں ہلدی۔ نیتر بالا۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر گائے کا گھی ڈالکر لیپ کرے تو سب طرح کے بسرپ جاویں۔ یا چرائتہ کٹکی۔ اڑوسہ۔ پٹول۔ ترپھلا۔ سُرخ صندل۔ پوست نیم یہ سب برابر لیکر جو کوٹ کرکے دو دو رم کا کاڑھا پیئے تو بسرپ جلن۔ بخار۔ سوجن۔ کھجلی۔ پھوڑے۔ قے ان تمام عارضوں کو یہ کاڑھا دور کرتا ہے۔ یا کنگھی۔ پوست ستونیہ۔ کلیاری کی جڑ۔ تھوہر کا دودھ۔ آک کا دودھ

چرک۔ جل بھانگرہ۔ ہلدی۔ سنگی مہرہ۔ یہ سب دو دو تولہ اور گائے کا پیشاب ۴ تار۔ پانی ۴ تار۔ تلوں کا تیل ایک تار لیکر پھر ان کو جمع کرکے اسکے نیچے نرم آنچ دیوے جب سب جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اسکی مالش کرے تو بسرپ پھوڑا۔ بیوچی ان کو یہ تیل دور کرتا ہے یہ علاج بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین یا برگد کی جٹا۔ ناگرموتھ۔ کیلے کا مغز دھوئے ہوئے گھی سے لیپ کرے تو بسرپ اور گا نٹھ دور ہو یا سرس کے پوست کو سو مرتبہ کے دھوئے گھی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بسرپ روگ اور گانٹھ کو دور کرتا ہے۔ اور کوڑھ پھوڑا سیتلا یعنی چیچک یہ سب جونک کے لگانے سے دور ہون۔ یہ سب علاج بیدک مین تحریر ہین۔

سنایو روگ یعنی بالا کے عارضے کی پیدایش، علامت اور علاج

خراب غذا کھانے اور خراب پانی پینے سے باو فاسد ہوکر ہاتھ پیرون مین پھوڑے اور سوجن پیدا کرے پھر اس پھوڑے کو وہ باد پھوڑ کر اس جگہ پہونچے وہ صفرا سے نسون کو سکھا کر تانت کے مانند ڈورے کو وہ فاسد باد پیدا کرتی ہے وہ تانت کے مانند ڈورے کو جیسے جیسے آہستہ آہستہ باہر نکل پڑے اور جو وہ شکست ہو جاوے تو فاسد ہوا اور وہ باہر نکل کر وے تو جاتا رہے اور وہی بدن مین ہو جاوے یا ہاتھ مین ہو جاوے تو اسکی مریض ٹونڈا اور لنگڑا بھی ہو جاتا ہے۔

بالا کا علاج) پانچ درم ہینگ ٹھنڈے پانی سے تین روز کھاوے تو بالا کا عارضہ کبھی نہ ہو یا گائے کا گھی پاؤ بھر بلا ناغہ تین روز پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا نرگنڈی کا رس تین روز چار تولہ ہر روز پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا پانچ کلونجی ٹھنڈے پانی سے سات روز پیئے تو یہ عارضہ جاوے۔ یا پانچ ارنڈ کا رس گھی سے سات دن پیئے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا اتیس۔ ناگرموتھ۔ بھارنگی۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پوست جیٹھرہ۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر دو درم سات روز تک گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا بیج سہجنہ اور سہتون کو کانجی کے پانی سے پیسکر سیندھا نمک ملادے پھر اس کو بالا کے اوپر باندھے تو یہ عارضہ جاوے یا کانٹے والی جاتی کی جڑ کو پانی سے پیسکر بالا کے اوپر سات روز باندھے تو بالا کا عارضہ جاوے

یہ سب علاج بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں۔ یا کوٹ۔ زنجبیل۔ بیج سہجنہ کو پانی سے باریک پیسکر بالا کے اوپر لیپ کرے یا یہ دوائیں پیئے تو یہ عارضہ جاوے یا دھتورے کے پتے تیل لگاکر بالا کے اوپر باندھے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا تخم ببول کو کانجی سے ملاکر بالا کے اوپر باندھے تو دور ہو یا بالا کے منتر سے بالا جاوے وہ یہ ہے۔

منتر

بروپ نام بادن کے پوت سوت کا ڈھو گئے بہت پاک پھوٹ پیڑا کرے بروپ ناتھ کی آگیا پھرے اس منتر سے بالا کے اوپر گر سات مرتبہ منتر پڑھ بالا والے کو کھلاوے تو بالا جاوے یہ علاج بیدرہس میں لکھے ہیں۔ یا کبوتر کی بیٹ کو شہد سے گولی باندھ کر سات روز نگل جاوے تو بالا کبھی نہ ہووے یہ بیدرہس میں لکھا ہے۔ یا شہد میں سجی پیسکر لیپ کرے تو بالا جاوے۔

بسپھوٹک کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

تلخ۔ کھٹی۔ گرم۔ روکھی۔ کھاری۔ چیز کے کھانے سے اور بدہضمی میں دھوپ میں رہنے اور غذا پر پھر غذا کھانے سے اور سردی گرمی اور برسات یہ جہاں ہوں یا نہ ہوں یا ان کے خلاف ہونے سے باد صفرا بلغم فاسد ہوکر بدن کی جلد میں پہونچکر بدن کے خون گوشت اور ہڈیوں کو بگاڑ دیتے ہیں اور بدن میں خوفناک پھوڑے پیدا کرتے ہیں اور پہلے بخار پیدا کرتے ہیں اسکو بسپھوٹک کا عارضہ جانو۔

بسپھوٹک روگ کی علامتیں] بخار لئے پھوڑے میں آگ سی جلے۔ ایسا پھوڑا ایکے تو پھوڑے خون صفرا سے پیدا ہوں۔ بدن میں سب جگہ ہوجاویں یا کہیں ہوں اسکو بسپھوٹک کہتے ہیں۔

بادی کے بسپھوٹک کی علامتیں] درد سر ہو پھوڑے میں بہت درد ہو اور بخار اور پیاس اعضا شکنی ہووے۔ زخم سیاہ ہو یہ علامتیں ہوں تو بادی بسپھوٹک جانو۔

صفرا کے بسپھوٹک کی علامتیں] بخار۔ جلن اور پھوڑے میں درد ہو جلد پھوٹے اور پک جاوے۔ پیاس لگے۔ پھوڑے کے زرد سرخ رنگ ہوں یہ علامتیں ہوں تو

صفرا کا بسپھوٹک جانو۔

بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین] قے نفرت ہو دیر مین پکے اسکو بلغم کا بسپھوٹک جانو۔

باد صفرا کے بسپھوٹک کی علامتین] سبت درد ہو اور باد صفرا کی علامتین ملتی ہون اسکو باد صفرا کا بسپھوٹک جانو۔

باد بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین] بدن بھاری ہو کھجلی ہو تو باد بلغم کا بسپھوٹک جانو۔

صفرا بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین] کھجلی۔ جلن۔ قے۔ بخار ہو تو بلغم صفرا کا بسپھوٹک جانو۔

سنپات کے بسپھوٹک کی علامتین] پھوڑے کے بیچ مین گڑھے ہون اور اونچے بھی ہون اور پھوڑے کا ڑھے ہون کم پکین اور ان پھوڑون مین جلن ہو سرخی بہت ہو اور پیاس غفلت غشی ہو اور پھوڑون مین درد اور بخار کھواد ہو بدن مین رعشہ ہو یہ علامتین ہون تو اسکو سنپات کی علامتین کہی جاتی ہین۔ یہ وہ علاج ہے۔

خون کے بسپھوٹک کی علامتین] جس مین صفرا کے پھوڑے کی سب علامتین ملی ہون اور پھوڑے کا چرمٹی کے برابر رنگ ہو خون نکلے جلن ہو یہ عارضہ علاج سے اچھا نہین ہوتا

بسپھوٹک کے فساد] پیاس۔ دمہ ہو اور گوشت سکڑ جاوے اور اس مین جلن ہو ہچکیان آوین بخار ہو ورم جگھون مین پھوڑے پھیل جاوین۔

باعلاج اور لاعلاج بسپھوٹک کے پہچاننے کی علامتین] ایک خلط کا باعلاج ہے دو خلط کا مشکل سے تکلیف دیکر اچھا ہو اور جس مین بہت سے فساد ہون وہ لاعلاج ہے

بسپھوٹک کا علاج] بسپھوٹک کے مریض کو فاقہ کراوے اور قے کرانا چاہیئے اور جلاب دینا مفید ہے اور پرانے چاول۔ جو۔ گیہون۔ مونگ۔ مسور۔ اور ارہر یہ بھی فائدہ مند ہین باد صول کا کاڑھا۔ راسنا۔ دارہلدی۔ خس۔ گیلی۔ گلو۔ کشنیز۔ ناگرموتھ۔ ان کا کاڑھا دے تو باد کا بسپھوٹک جاوے۔ یا داکھ۔ کھمبھار۔ چھوہارا۔ پٹول۔ پوست نیم۔ اڑوسہ۔ کٹکی۔ جانول کی کھیل۔ جواسہ۔ ان کا کاڑھا دے تو صفرا کا بسپھوٹک دور ہو۔ یا چرائتہ۔ خراسانی بچ۔ اڑوسہ۔ ترپھلا۔ اندرجو۔ پوست کرنجوا۔ پٹول۔ ان کا کاڑھا شہد ملا کر دے تو بلغم کا بسپھوٹک جاوے

یا چرائتہ۔ کٹکی۔ ملیٹھی۔ پوست نیم۔ ناگرموتھا۔ پٹول۔ پت پاپڑہ۔ خس۔ ترپھلا۔ پوست کڑلان کا کاڑھا دے تو سب طرح کا بسپھوٹک دور ہو۔ یا جاتول۔ پوست کڑا۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر پھوڑے کے اوپر لیپ کرے تو بسپھوٹک دور ہو۔ یا گلو۔ پٹول۔ چرائتہ۔ اڑوسہ۔ پوست نیم پت پاپڑہ۔ کھیرسار۔ ان کا کاڑھا دے تو بسپھوٹک کا عارضہ دور ہو اور بخار جاوے۔ یا صندل سرخ۔ ناگ کیسر۔ سفید سرسون۔ بیخ جلالی۔ پوست سرس۔ برگ چمیلی۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر پھوڑون کے اوپر لیپ کرے تو بسپھوٹک دور ہو۔ یا کنول گٹہ۔ سرخ صندل۔ بچھانی لودھ۔ خس۔ سفید سرسون۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر لیپ کیے تو بسپھوٹک جاوے یا جیا پوتا کی مینگی پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بسپھوٹک اور تپ کا کھولائی لگنے کی گانٹھ دوا نکلان کی گانٹھ اور پھوڑا پھنسی کو یہ لیپ دور کرتا ہے یہ سب علاج بھاؤپرکاش مین لکھا ہے اور دوشانگ لیپ اور کشور گوگل سے بھی یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

فرنگ باد کی پیدائش علامت اور علاج

فرنگ روگ اوپدنش روگ کی ایک قسم مین سے ہے وہ بہت گرمی والی عورتون کے ساتھ جماع کرنے یا اس سے اور کسی نے قربت کی ہو وہ جہان پیشاب کرے یا اسکا کسی طرح خوراک وغیرہ مین شامل ہو تو باد اپنے آپ ہی سے فاسد ہو کر اس عارضے کو ظاہر کرے یا جو شخص ہو اور وہ بہت قربت اختیار کرے تو امساک اسکو نہین رہتا اور باد کی طرح طرح کی بدن مین درد ہو تب اُسکے باد صفرا بلغم یہ سب بہت فاسد ہو کر آتشک نامی فرنگ باد کو پیدا کرین وہ فرنگ باد تین قسم کی ہے بدن کی نسون مین گھس جاوے بدن کی جلد کے باہر ہو اُس کی علامتین] آلت کے اوپر پھنسی اور پھٹنے وغیرہ کے نشان ہون اور وہان کم درد ہو تو یا علاج ہے یہ علاج کرنے سے جاتا رہے۔

بدن کے جوڑون مین اور نسون مین دخل جاوے اُس کی علامتین

بدن مین کیڑون کے کاٹنے کی سی چبھن پڑجاوین سوجا جا بجا اور پٹھون مین بہت درد ہو اور ورم ہو تو وقت سے آرام ہو۔

سلہ نام عارضہ جس کا ذکر ہو چکا ہے ۱۲

بدن کے باہر ہوا کس کی علامتین] یہ سب مذکورہ بالا علامتین ہون اور بہت دن تک رہین تو وہ بہت ہی وقت سے اچھا ہو۔

فرنگ باد کے فساد] بدن دُبلا ہو طاقت زائل ہو جاے ناک گل جاوے قوت ہاضمہ سست ہو گوشت اور خون سوکھ جاوے صرف ہڈیان رہجاوین یہ اس کے فساد ہین یہ اچھے نہین۔

فرنگ باد کا علاج] رسکپور کے سلوجنے اور کھانے کا طریقہ رسکپور چار رتی لے کر گیہون کے آٹے کو پانی سے اُبال کر اسکے بیچ مین رسکپور کو رکھکر اسکی گولی بناے بعدہٗ لونگ باریک پیسکر اُسکے چورن مین یہ گیہون کے آٹے کی گولی رسکپور سمیت لپیٹے پھر اس گولی کو ٹھنڈے پانی سے نگل جاوے دانت نہ لگنے پاوین اسکے اوپر پان بغیر کتھے چونے کے چباوے اور نمک کھٹائی نہ کھاوے ریاضت نہ کرے اور دھوپ مین نہ رہے اسی طرح تین روز کرے تو فرنگ باد دور ہو۔

سمپرسارن گٹکا

پارہ ایک درم۔ کھپریا ایک درم۔ عاقر قرحا دو درم۔ شہد تین درم۔ ان سبکو باریک پیسکر خوب ملاوے پھر اسکی سات گولیان بناکر صبح کے وقت ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو فرنگ باد دور ہو اسکے اوپر نمک کھٹائی نہ کھاوے یا پارہ دو درم۔ آنولاسار گندھک دو درم۔ چانول دو درم۔ ان تینون کو کھرل مین باریک پیسکر حل کرے پھر اس کی سات پڑیان بناوے پھر ایک پڑیا کی ہر روز آلت مین دھونی دے تو فرنگ باد جاوے یا پیلے پھول کی کھریٹی کے پتون کا رس ایک درم۔ ان دونون کو دونون ہاتھون مین ملے پارہ اور وہ رس جب تک ہاتھون مین نظر آوے تب تک ملتا جاوے پھر ہاتھون کو کچھ تپاوے جہان تک کہ پسینا آوے اسی طرح سات روز کرے تو باد فرنگ دور ہو اور نمک کھٹائی نہ کھاوے یا برگ نیم آٹھ درم۔ پوست ہلیلہ سات درم۔ آملہ سات درم۔ زرد چوب یکدرم ان سبکو باریک پیسکر چار ماشہ ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو باہر اور اندر کی فرنگ باد جاوے یا عمدہ چوب چینی کا چورن چار ماشہ لے کر شہد سے پندرہ دن چاٹے تو یہ عارضہ جاوے

اسکے اوپر چنک وکھٹائی نہ کھاوے اگر کھائے تو سیندھا نمک کھائے یا ایکدرم پارہ کو کسیلے کے
رس مین کھرل کرکے اسمین گوگل پانچدرم عاقرقرحا پانچ درم ترپھلا پانچ درم یہ سب باریک پیسکر
شہد پانچدرم گاے کا گھی پانچدرم ملاکر اس چورن کو ہر روز اکیس روز تک پانچدرم کھائے
یا اسکی مالش کرے تو بادفرنگ جاوے اسکے اوپر چنک اور کھٹائی نہ کھاوے یہ سب علاج
بھاؤپرکاش مین لکھے ہین اور جلاب لینے اور خون نکلوانے سے بھی فرنگ باد جاتا ہے
یا پارہ اور شنگرف۔ نیلا تھوتھا۔ سیر کسیس۔ انولا سار گندھک مصفا یہ سب برابر لیکر ان کو کھرل
مین خوب پیسکر ملاوے اور اسکا بھپارہ دیوے یا لیپ کرے تو یہ عارضہ جاوے اسکا نام
سوت کا لیپ ہے یا سو مرتبہ کے دھوئے گھی کا لیپ کرے تو فرنگ باد جاوے یا نیلا تھوتھ
اور موم کو گھی مین پکاکر لیپ کرے تو فرنگ باد دور ہو یا روغن تلخ دو تولہ۔ موم پانچ درم
کمیلہ۔ سیر۔ یہ دونون چھ چھ ماشہ۔ سیندور دو درم۔ شورہ دو درم۔ مردار سنگ دو درم۔ ان کو
باریک پیسکر پیتل کے برتن مین نرم آنچ سے پکاوے۔ پھر آنکھون سے ملکر ڈبیا مین بھر رکھے
پھر اسکی بتی دے تو فرنگ باد کے پھوڑے اور بدلش کو یہ مرہم اچھا کرتا ہے اسکا نام ملہرمرہم
یا سیندور ساڈھے پاؤ گاے کا گھی ایک تار ان دونون کو ملاکر بدن مین لیپ کرے یعنی
پہلے ال کو بدن مین لپیٹے اسی طرح تین روز کرے اور اسکے اوپر کھیر کھاوے تو سب طرح
کے زخم بسپھوٹک۔ فرنگ باد کے چکتے یہ سب سوکھ جاوین یا پارہ اور سیسہ برابر لیکر
کھرل مین حل کرے اور گیہون کی بالی کی بھوسی اور گچی املی اور نیم کی پتی۔ دھماسہ یہ
سب برابر لیکر لیموے کے رس سے کھرل کرے پھر دو درم بھر کی گولیان بناوے اور کپڑے
سے بدن کو ڈھک کر ایک گولی کی دھونی دے اور اسی طرح سات روز کرے تو
سب طرح کا بسپھوٹک دور ہو اسکے اوپر اکیس روز یا چودہ روز تک کھیر کھاوے یا
ترپھلا۔ کھیر سار۔ جاوتری برابر لیکر پانی مین اوٹاکر تھوڑا دھوئے پھر دھونی دے تو فرنگ باد
جاوے یا زیرہ سیاہ اور کوٹ دونون تین تین درم لیکر پرانا گڑ ان سے تین حصہ زیادہ لے
اور ان کو کوٹ کر ان کی پندرہ گولیان بناوے ایک گولی صبح اور ایک شام کے وقت
کھاوے تو فرنگ باد دور ہو اسکے اوپر گیہون کی روٹی گھی سے چپڑ کر کھاوے اسکا نام

فرنگ کچ کیسری رس ہے ۔ یا شنگرف چھ ماشہ ۔ سہاگہ دس ماشہ ۔ عاقرقرحا دس ماشہ ۔ موم دس ماشہ ۔ انکو باریک پیسکر ایک ایک رتی کی گولیان بناوے ۔ پھر ایک گولی کی بیری کو بیل مین سات روز تک دھونی دے تو فرنگ باد جاوے ۔ یا پوست بچھہ پوست برگد ۔ پوست کاہو ۔ ان کا کاڑھا پیے تو سات دن مین فرنگ باد دور ہو ۔ یا شنگرف ۴ ماشہ ۔ مینسل ۴ ماشہ ۔ ان کو باریک پیسکر بیری کی لکڑی کی اگ مین ۲ ماشہ کی ٹکیہ اُڑھاکر جہان ہوا نہ آتی ہو ایسی جگہ مین دھونی دے تو فرنگ باد دور ہو یا اسکا دھوان مقعد مین دے تو فرنگ باد دور ہو اسکا نام ہنگلا دھوم ہے ۔

رسکپور سے مُنھ آجاوے اُس کا علاج] پوست ببیل ۔ پوست گولر ۔ پوست پکریا ۔ پوست برگد ۔ پوست چین ۔ ان کا کاڑھا کرکے انکی کلی کرے تو مُنھ کی سوجن دور ہو ۔ یا زیرہ پانچ درم ۔ کھیر سار دو درم ۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر چھالے مین لگاوے تو مُنھ پکنا دور ہو ۔

مسور کا نام سیتلا کی پیدایش علامت اور علاج

تلخ اور نمک کھٹائی کی چیز اور خلاف چیزون کے کھلانے اور غذا کے اوپر خوراک کھانے سے اور بہت ساگ نمک اور گوشت کھانے سے یا خراب ہوا کے استعمال سے یا بد ستارے کے آنے سے شہر مین سیتلا کے فساد سے بدن کے خون کو خراب کرکے مسور کے مانند پھنسیون کو پیدا کرتے ہین ۔ یہ عارضہ چودہ[14] قسم کا ہے ۔ بادی[1] صفراوی[2] بلغمی[3] خونی[4] سنپات[5] یعنی تینون خلطون کا ۔ جیسج یعنی چیچک سے پیدا ہوا ۔ روما نتکا[6] ساون چھاون[7] گت ۔ رس گت ۔ رکت گت[8] ۔ مانس گت[9] ۔ میدگت[10] ۔ استھی گت[11] ۔ مجاگت[12] ۔ شکر گت[13] ۔

۱ ۔ بادی مسور کا کی علامتین] جسکی پھنسیان سیاہ اور روکھی ہون اور بہت درد ہو سخت ہون یہ علامتین ہون تو بادی مسور کا جانو ۔

۲ ۔ صفراوی مسور کا کی علامتین] جسکی پھنسیان سُرخ زرد و سیاہ جلن لیے ہون اور ان مین بہت درد ہو اور جلد پکین تو صفراوی مسور کا جانو ۔

۳ ۔ بلغمی مسور کا کی علامتین] جس مین سپید اور بڑی چکنی پھنسیان ہون اور

ان مین کھجلی آوے اور درد کم ہو دیر مین پکین یہ علامتین بلغمی مسورکا کی ہین۔

۴- خونی مسورکا کی علامتین] جس مین اسہال یعنی اتیسار اور بہت بخار ہو اور صفرا کی بھی علامتین ہون اُسکو خونی مسورکا جانو۔

۵- سنپات کی مسورکا کی علامتین] جس مین پھنسیان نیلی اور چپٹی ہون اور پھیل جاوین اونچ مین کھجلی سے لیے ہون درد بہت ہو اور پیپ پڑ گیا ہو۔ دیر مین پکین اور بہت ہون تو سنپات کی مسورکا جانو۔

۶- جلد مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] جلد مین پہونچی ہوئی مسورکا کے کو روک کر نفرت اور جمبھائی اور بکواد وغیرہ ہو تو اُسکے علاج مین بہت کوشش کرنا چاہیئے

۷- روما نتکا مین پیدا ہوئی مسورکا کی علامتین] پہلے بخار ہو بعدہٗ روئین روئین مین صفرا اور بلغم سے پھنسیان پیدا ہون اور جلد سے کچھ اونچی ہون اس مین کھانسی اور کمی اشتہا ہو تو اُسکو روما نتکا مسورکا جانو۔

۸- رس مین پیدا ہوئی مسورکا کی علامتین] کھال مین پیدا ہوئی مسورکا پانی کے بلبلے کے مانند ہو اور بیماری مین کم فساد ہون اور وہ پھوٹین تو ان مین سے پانی برآمد ہو۔

۹- خون مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] وہ پھنسیان سُرخ ہون اور بہت جلد پکین جلد مین ہو جاوین اور یہ بہت فاسد ہوئی با علاج نہین ہین۔ اور یہی پھوٹی ہوئی خون کو بہا دین۔

۱۰- گوشت مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] وہ پھنسیان سخت اور چکنی ہون دیر مین پکین جلد مین ہو جاوین بدن مین درد ہو اور کھجلی ہو اور سوزش غشی اور پیاس ہو۔

۱۱- چربی مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] وہ پھنسیون کی طرح نازک اور کچھ اونچی ہون اور ان مین دہشت ناک بخار ہووے پھنسیان بڑی اور چکنی ہون اور درد کو لیے ہون اور جو اس بیماری مین نفرت اور جلن ہو تو شاید کوئی آدمی زندہ رہے

۱۲-۱۳- ہڈیون مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] پھنسیان چھوٹی اور

بدن کے مانند رد کھی چپٹی اور کچھ اونچی ہون اور نفرت جلن اور درد ہو۔

سہا میتی مین پہونچی ہوئی مسورکا کی علامتین] پھنسیان پکی ہوئی نظر آدین اور چکنی ہون۔ اور ان مین بہت درد ہو اور نفرت غفلت اور ہول دل بھی ہو ایسی علامتین ہون تو وہ شخص زندہ رہے۔

باعلاج مسورکا کی علامتین] جلد خون مین مسورکا ہو اور صفرا یا بلغم سے پیدا ہوئی ہو یا بلغم صفرا سے پیدا ہو وہ باعلاج ہے بغیر علاج بھی اچھی ہون۔

لاعلاج مسورکا کی علامتین] جو سنپات سے پیدا ہوئی اور مونگا یا جامن یا خون یا السی کے پھول کے مانند اسکی رنگت ہو تو یہ مسورکا لاعلاج ہے اس کے طرح طرح کے رنگ ہین۔

مسورکا کا علاج] مسورکا کے شروع مین سپید صندل بھگو کر سات روز لیپ کرے تو مسورکا تھوڑی نکلے۔

بادی مسورکا کا علاج] دسمول۔ راسنا۔ آملہ۔ خس۔ دھماسہ۔ گلو۔ کشنیز۔ ناگرموتھہ ان کا کاڑھا دے تو بادی مسورکا جاوے۔ یا مجیٹھ۔ برگد کے انکورے۔ پوست سرس۔ پوست گولر ان مین گھی ملا کر لیپ کرے تو بادی مسورکا جاوے۔ یا گلو۔ مہوا۔ ناگرموتھا یعنی مریری۔ پوست انار۔ ان کا کاڑھا کر کے قند سیاہ ڈال کر پیے تو بادی مسورکا اچھی ہو اور پیے تہین یا مسورکا مین شالی کے چاول۔ مونگ۔ مسور۔ مصری کھاوے اور نمک نہ کھاوے اگر کھائے تو تھوڑا سا سیندھا نمک کھائے۔

صفراوی مسورکا کا علاج] پٹول کی جڑ کا کاڑھا یا پانون کا رس پیے تو صفرا کی مسورکا دور ہو۔ یا پوست نیم۔ پیت پاپڑہ۔ پاڑھہ۔ پٹول۔ دونون صندل۔ خس۔ کٹکی آملہ۔ اڑوسہ۔ ان کا کاڑھا مصری ملا کر پیے تو صفراوی مسورکا دور ہو۔

بلغم کی مسورکا کا علاج] اڑوسہ۔ چرائتہ۔ ترپھلا۔ جواسہ۔ پٹول۔ پوست نیم ان کا کاڑھا شہد ڈال کر دین تو بلغم کی مسورکا جاوے۔

خون کی مسورکا کا علاج] فصد سے خون نکلوا دے تو خون کی مسورکا جاتی

سب قسم کی مسورکا کا علاج] پاڑھہ۔ پٹول۔ کٹکی۔ دونون قسم کے صندل خس آملہ اڑوسہ۔ جواسہ۔ ان کا کاڑھا مصری ڈالکر دین تو سب طرح کی مسورکا اچھی ہون۔
مسورکا کا گلے مین زخم ہوگیا ہو اسکا علاج] آملہ اور مہوے کے کاڑھے مین شہد ڈالکر کلی کرے تو گلے کے سب زخم اچھے ہون۔
مسورکا مین آنکھ چپٹ گئی ہو اسکا علاج] مہوے کے پانی سے فوطون کا سینک کرے تو آنکھین کھلین۔
مسورکا مین آنکھون مین زخم ہوگئے ہون اسکا علاج] مہوا۔ ترپھلا۔ مورباوار ہلدی۔ کنول گٹہ۔ خس۔ پٹھانی لودھ۔ مجیٹھ۔ سب کا لیپ کرے تو آنکھون کا زخم اچھا ہو پھر اس جگہ زخم نہ ہو۔ یا پوست برگد۔ پوست گولر۔ پوست پیپل پیسکر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھین اچھی ہون یا ارنے کنڈے کی راکھ کے لگانے سے مسورکا اچھی ہو۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین تحریر ہین۔

مسورکا کی ایک قسم سیتلا ہے اُس کی شکل

پہلے کبھی بخار بہت ہو۔ کبھی تھوڑا کبھی سردی لگے کبھی گرمی اور اسکا بھی کچھ ٹھیک نہ رہے پھر مسور کے مانند پھنسیان نکلین وہ بڑی ہوجائین بخار کے تین روز بعد سات روز تک نکلا کرین اور پھر وہ ڈھلین اسکو سیتلا کہتے ہین وہ سات قسم کی ہے۔
سیتلا کا علاج] سیتلا نکلی ہو تو ارنے کنڈے کی راکھ نیچے بچھانی چاہیئے یا نیم کی ٹہنی سے مکھیان اوڑانا مفید ہے اس کے بخار مین ٹھنڈا پانی پلانا چاہیئے یا سیتلا کسی عمدہ و پاک جگہ مین استھاپنا یعنی قائم کرے اور پاک ہوکر سیتلا کی پرستش کرنا چاہیئے اور سیتلا کا بہت علاج نہ کرنا چاہیئے یا ٹھنڈے پانی کو ہلدی سے پیے تو سیتلا کے پھوڑے بہت کم ہون یا کیلے کے پانی سے سپید صندل کو یا اڑوسہ کے رس مین مہوے کو یا شہد کے ساتھ مہوے کو پلانا مرد اور لڑکے کے لیے مفید ہے۔ اس سے کوئی فساد سیتلا کا ظہور مین نہین آتا۔
سیتلا والے کی رچھیا یعنی حفاظت کا طریقہ] جس گھر مین سیتلا والا رہے اس

گھر کے دروازوں میں نیم کے پتے باندھنے چاہئیں یا صندل۔ اڑوسہ۔ ناگرموتھ۔ گلو اور واکڑ کا کاڑھا دیں تو سیتلا کا بخار دور رہو۔ یا جب ہوم خیرات برہمنوں کے کھانا کھلانے سے یا شیو جی اور پاربتی جی کی پرستش نہایت پاک ہو کر کرانے سے دور ہو یا سیتلا کے آگے سیتلا کا استوتر پڑھانا چاہیئے استوتر یہ ہے۔

اشلوک

سکند وباچ۔ (۱) بھگون دیو دیوش۔ سیتلایاہ ستوم شبھم۔ بکتو مرہیہ شگھیین بسپھوٹک بھیا یہم اپشروباچ (۲) بندسے ہم شتیلام دیبیم۔ سرب روگ بھیا پہام یاما سادیہ نرتیت بسپھوٹک بھیم مہت (۳) شتیلے شتیلے چیتی یو برویادراہ پڑتہ۔ بسپھوٹک بھیم گھورم چھپرم تیسیر شتیت (۴) یستوا مدک مدھیتو دھرتو اسیوجیت نروبسپھوٹک بھیم گھورم کلے تسیہ نجاتیہ (۵) شتیلے تو جان روگان نرنام۔ ہرس۔ دستران بسپھوٹک۔ بشیرنام تیکا نرت بیرشنی (۶) گلگنڈ گر ہار روگا ییے جانیئے دار نام۔ نرنام تو دنوت دھیان ماترین شتیلے بانت سنبھم (۷) نرمنترو نہ آؤکھدہم کنچت پاپ روگسیہ۔ بدمیتے تیکا شتیلے دھاتری تانیام پشیام ہو یو تام (۸) مرنال تنتو سدرشیم نابھی ہرن مدھیہ سنستھام یس توام چنتیت دیبی تسیہ مرتیر نجاتیہ (۹) شتروتیم چھتبیم وسے نرپہ بھگت سمنوتہہ۔ ادسپرگ تباتیارتم پرم شیتیم مہت (۱۰) سیتلا اشٹک میتت وسے مدیمیم یسیہ گسیہ جیت کنٹو تسے پرداتوپم بھگت۔ شردھا نوتچیہ لوام شتیلے ترجگن ماتا شتیلے توم جگت پتا شتیلے توم جگت دھاتری شتیلا یے نومنمہ۔ اِت اسکند پورانے شتیلا ستوترم سمپورنم یہ شتیلا اشٹک اسکند پوران میں لکھا ہے۔

شیتلا کی اور قسم) باؤ بلغم سے پیدا ہو اس کو دردا کہتے ہیں اس کی کودون کی سی شکل ہو باؤ بلغم کی سی کھی ہو جاوے اس میں بدن میں گرمی ہو اور کل بدن در درا سا ہو جاوے۔ یہ سات دن میں یا بارہ روز میں بغیر کسی دوا کے اچھا ہو اسکو عوام میں بودری اور ہوری کہتے ہیں اس میں بہت گرمی ہو اور بدن میں سرسون کے مانند زرد زرد پھنسیاں ہوں یہ سب لڑکوں کے ہوتا ہے یہ سب سیتلا کی قسم ہے۔

اٹھارھوان باب پھنسیون کے بیان مین

چھدر روگ یعنی چھوٹی چھوٹی پھنسیون کی پیدائیش علامت اور علاج

اجگلکا نامے پھنسی کی علامتین

یہ پھنسی چکنی ہو اور بدن کے رنگ کے مانند ہو اور اس مین درد نہ ہو اور مونگ کے برابر ہو یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے۔

جو پرچھیا پھنسی کی علامتین] جو کے مانند ہو اور سخت گٹھیلی ہو گوشت مین بستی ہو یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے۔

انترالجا پھنسی کی علامتین] وہ پھنسی بھاری اور سیدھی اور اونچی ہو گھیر کئے ہو اور اس مین پیپ کم ہو یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے۔

بیرتا نامے پھنسی کی علامتین] بھیٹے منھ کی ہو اور بہت اس مین جلن ہو اور پکے ہوے گولر کے پھل کے مانند ہو گھیرے کے ہو۔

کچھپکا پھنسی کی علامتین] پانچ یا چھ گانٹھین دہشت ناک ہون اور کچھوے کی طرح اونچی ہون یہ بلغم باد سے پیدا ہے۔

بالمیک پھنسی کی علامتین] کندھے اور بغل مین اور ہاتھ پانوُن اور گلا ان جگھون مین بد پرہیزی سے بانبی کے مانند جو گانٹھ ہو وسے پھر وہ بڑھے اس کے بے تعداد منھ ہون اُنکے منھ مین سے پیپ نکلے اور درد ہو اور وہ اونچی ہون اور لیسر پ روگ کے موافق پھیل جاوین اس کا علاج نہین ہے۔

اندر بردھ نام پھنسی کی علامتین] کنول کے پھول کے بیچ مین جو کنول گٹے کا گھر ہے اس کے مانند پھنسیان چارون طرف باد صفرا سے ہون اس کو اندر بردھ پھنسی کہتے ہین۔

گردبھکا پھنسی کی علامتین] دائرے کے مانند گول اور اونچی اور سرخ ہو اور اسمین درد ہو وہ باد صفرا سے پیدا ہوتی ہے اسکو گردبھکا کہنا چاہیئے۔

پاکھان گردبھکا پھنسی کی علامتین] یہ داڑھی کے جوڑ مین سوجن کو لیے یا قائم بلغم سمیت ہو اس مین کم درد ہو اور چکنی ہو اسکو پاکھان گردبھکا پھنسی کہنا چاہیئے۔

پنسکا پھنسی کی علامتین] کان کے بیچ مین ہو اس مین بہت درد ہو اور وہ قائم ہو وہ باد اور بلغم سے ہوتی ہے اسے پنسکا کہتے ہین۔

جال گردبھکا پھنسی کی علامتین] جو سوجن پہلے کم ہو اور بسرپ روگ کے مانند پھیل جاوے اور وہ نہ پکے جلن اور بخار کو کرے اسکو جال گردبھکا پھنسی کہتے ہین۔

اربیلکا پھنسی کی علامتین] جو ماتھے مین گول پھنسی ہو اور جس مین بخار لیے بہت درد ہو یہ سنپات سے ہوتی ہے اسکو اربیلکا کہتے ہین۔

کانکھولائی کی علامتین] بازوون کے ایک حصہ مین یا پسلیون کے ایک حصہ مین یا کندھون کے ایک حصہ مین درد لیے صفرا کے فساد سے سیاہ پھوڑا ہوتا ہے اُسکو کانکھولائی کہتے ہین اور کتنے ہی نشتر کے فساد سے بغل مین پھوڑے ہوتے ہین اسکو بھی کانکھولائی کہتے ہین۔

اگن روہنی پھنسی کی علامتین] بغل کے ایک حصہ مین گوشت کا پھاڑنے والا پھوڑا دہشت ناک ہوتا ہے اور اس پھوڑے مین جلن کا بخار بھی ہو جیسے اس پھوڑے مین انگارے بھر دئے ہین وہ پھوڑا سات یا بارہ دن یا سولہ دنون مین آدمی کو مار ڈالتا ہے۔ اس کو اگن روہنی کہتے ہین۔ یہ سنپات سے پیدا ہوتا ہے اور لاعلاج ہے۔

چپ نامی پھنسی کی علامتین] باد صفرا ناخن کے گوشت مین رہکر سوزش اور جلن اور پیپ پیدا کرتے ہین تب چپ نامی پھنسی پیدا ہوتی ہے۔

کُنکھ روگ یعنی جس کا ناخن جاتا رہا ہو اُس کی علامتین] باد صفرا بلغم یہ کچھ فاسد ہوکر کُنکھ کا عارضہ پیدا کرتے ہین۔

انوشئی پھنسی کی علامتین] وہ پھنسی بداری قند کے مانند گول ہو اور بدن کے رنگ کے مانند پیر مین ہو اور فساد پیدا کرے۔

بدارکا پھنسی کی علامتین] وہ پھنسی بداری قند کے مانند گول ہو اور بغل مین

سنبات سے پیدا ہوتی ہے۔
سشکرا پھنسی کی علامتین] بلغم چربی یا گوشت اور نسون مین پہونچ کر گانٹھ کو شہد یا گھی یا چربی کے مانند کرے اور وہ گانٹھ پھٹکی ہو کر میلے خون کو جلادے اور بدن کے گوشت کو سکھادے اُسکو شکرا بولتے ہین۔
شکرار بُد پھنسی کی علامتین] وہ خراب گانٹھ ہو اور اس مین طرح طرح کے رنگ کا بہت پیپ نکلے اور اُسکی نسین خون بہایا ہی کرین۔
بیاؤ کی علامتین] پانون بہت روکھا ہو اور بہیرا کرے اسکے پانون کی تلی مین بادبیاؤ کو پیدا کرے۔
کدر پھنسی کی علامتین] پانون مین یا ہاتھ مین کنکری چُبھی ہو یا کانٹا چُبھا ہو اس سے بیر کے مانند اونچی گانٹھین ہوتی ہین اسے کدر کہتے ہین۔
کھروے کی علامتین] خراب کیچڑ چھونے سے پانون کی اونگلی کے نیچے کھجلی ہو اور اس جگہ جلن اور درد ہو اُسے کھروا کہتے ہین۔
اندرلپت جسکو عوام مین اودی لاگی کہتے ہین اُسکی علامتین] ہر ایک رونئین مین جو صفرا رہتا ہے وہ باد بلغم سے ملکر بڑھے ہوئے بالون کو دور کرتا ہے پھر معہ خون کے رونئین کو پیدا ہونے سے روکدے اسکو اندرلپت یا چاندرلا کہتے ہین۔
اروںکھکا اسی کی قسم ہے اُسکی علامتین] بالون کی زمین مین کھجلی بہت چلے اور وہ زمین باد کے فساد سے روکھی پڑ جائے اُسکو دارن کہتے ہین۔ بلغم اور خون سر مین فاسد ہون تو اروںکھکا ظاہر کرتے ہین۔
جوانی مین سپید بال ہون اُسکی علامتین] غصہ سے یا فکر سے بدن کی گرمی سر مین جاوے تب صفرا بالون کو سپید کر دیتا ہے۔
لسن کی علامتین] سیاہ اور چکنا ہو اور اُس مین درد نہ ہو اور گول ہو یہ بلغم خون سے پیدا ہوتا ہے اور یہ جنم کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اُسکو لسن کہتے ہین۔
مسون کی علامتین] ان مین درد نہ ہو اور قائم اور سیاہ ہون اور بدن مین ماش کے

برابر او نیچے ہون یہ بادسے ہوتے ہین۔

تل کی علامتین] سیاہ تل کے برابر ہون اور ان مین درد نہ ہو بدن کے برابر ہون یہ بادصفرا اور بلغم کی زیادتی سے ہوتے ہین اور بہت ہوتے ہین۔

نیچھ کی علامتین] بڑا یا چھوٹا ہو اور سیاہ یا سفید ہو اور گول بغیر درد کے ہو اُس کو نیچھ کہتے ہین۔

لنگ برتکا کی علامتین] آلت کے مسلنے یا اُس کے دبانے سے یا وہان ضرب لگنے سے آلت کی ہوا گھومتی رہے آلت کے چمڑے کو اُلٹا دے اور سُپاری کے نیچے ایک گانٹھ کردے یہ بادسے پیدا ہوتی ہے اسکا نام لنگ برتکا ہے۔

اوپاٹکا روگ کی علامتین] جس عورت کے خاص مقام کا مُنھ بہت چھوٹا ہو اُس عورت کے ساتھ مرد قربت کرنے کے لیے جاوے کسی خوشی سے یا اپنی طاقت سے بہت قربت کرے اس مرد کی آلت کا چمڑا اُتر جاوے اُسکو اوپاٹکا کہتے ہین۔

نِرُدھ پرکاش روگ کی علامتین] آلت مین باد آکر دھنس جاوے تب سُپارے کے چمڑے مین رہکر سُپارے کے چمڑے سے آلت کو ڈھک کر پیشاب کی راہ کو روک دے اور وہان بادسے ملکر درد پیدا کرے۔

من روگ کی علامتین] نرُدھ پرکاش روگ کے ہونے کے بعد پیشاب کی دھار باریک بغیر درد کے چلے اور اس سوتے کا مُنھ چوڑا ہو جاوے اُس کو من روگ کہتے ہین۔

نِرُدّھ گُد روگ کی علامتین] جو شخص پاخانہ کے زور کو روکے اُسکی مقعد کی بڑی راہ کو باد چھوٹا کر دیتا ہے۔ تب اُس چھوٹی راہ کے سبب رُکا مواد بہت مشکل سے اُترے۔

برکھن پھورُوگ کی علامتین] جو شخص نہین نہاتا اُسکے خصیے مین میل بہت ہو جاوے جس مین پسینا آوے کھجلی چلے تب اُس کھجلانے سے پھوڑے ہو جاوین ان پھوڑون مین پیپ بہت نکلے تب اُس جگہ بلغم اور خون کے فساد سے برکھن پھورُوگ

پیدا ہوتا ہے۔
گدبھرنش روگ کی علامتین] موڑا تیا ہی اور اتیسار یعنی اسہال ان دونوں سے بھی آدمی کمزور ہوجاتا ہے اور اسکا بدن روکھا پڑجاوے اور دُبلا ہوجاوے تب اُس بیمار کی مقعد باہر نکل آوے اور اُسکو عوام مین کانچ کہتے ہین۔
شوکرونشٹر روگ کی علامتین] جس کی جلد پک جاوے اور اس جگہ بہت درد ہو جلن ہوتی رہے اور وہ جگہ سُرخ ہو وہان بہت کھجلی آوے اور بخار ہو اُس کو شوکرونشٹر کہتے ہین۔
ان سب کا علاج] اجگلکا وغیرہ جو پھنسیان ہین ان کا جونکین لگا کر خون نکلوالین یا پکے ہوئے برن یعنی زخم کا علاج جو پیچھے لکھا ہے وہ کرے تو یہ عارضہ اچھا ہو۔ یا پھٹکری۔ سونف۔ پیاز۔ ان کو ٹھنڈے پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو پھنسیان اچھی ہون۔ یا مینسل۔ دیودار کوٹ کر پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے پھر نشتر سے چیر کر پیپ نکالے پھر جو مرہم کہا ہے اُسکے لگانے سے یقیناً دور ہو۔ یا سہجنہ اور دیودار کو پانی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بدارکا پھنسی اچھی ہو۔
اربیلکا پھنسی کا علاج] جو صفراوی بسرپ کا علاج ہے وہی اسکا بھی ہے۔
پنسکا پھنسی کا علاج] پہلے برگ نیم باندھکر اسکو پکاوے۔ پھر مینسل۔ کوٹ۔ زردچوب اور تل کو باریک پیسکر ان کا لیپ کرکے اُسکو پکاوے پھر چیرا دیکر اُسکا پیپ نکالے اور مرہم لگاوے تو پنسکا اچھی ہو۔
پاکھان گردبھکا کا علاج] پہلے جونکین لگا کر خون نکلواوے اور گرم لیپ کرکے اُس کو پکاوے پھر برن یعنی زخم کے علاج سے اسکا علاج کرے۔
بالمیک پھنسی کا علاج] اسکو پکا کر چیرا دینا چاہیئے۔ پھر نمک اور چترک پکا کر لیپ کرے پھر اس کی پیپ نکالڈالے پھر اربد یعنی بد کا علاج کرکے قم اسکو بھروے یا جونک وغیرہ سے اس کا خون نکلواوے۔ یا بیخ کلتھ۔ گلو۔ نمک۔ بیخ املتاس۔ (دواتیونی) نسوت ان کو پانی سے باریک پیسکر گرم کرکے تھوڑا گھی اس مین ڈال کر لیپ کرے تو یہ پک جاوے

پھر چیرا دے کر مردار گوشت نکال ڈالے پھر زخم کے اچھے ہونے کے مرہم سے
یہ اچھا ہو۔ یا مینسل۔ الائچی۔ سُرخ صندل۔ کوٹ۔ برگ جمیل۔ بھلاوان۔ بھابرنگ نیم
ان مین تیل ملاکر اس مین پکاوے تو بالیک پھنسی مع سوجن دور ہو۔ اُس کا
نام فشلاد تیل ہے۔

کانکھولائی اور اگن روہنی پھنسیون کا علاج] پہلے جونکون سے خون نکلوانا چاہیئے
یا جو صفراوی بسرپ کا علاج ہے وہی اسکا بھی کرنا چاہیئے۔ یا دیوادار مینسل اور کوٹ
کو برابر لے کر باریک پیسکر پانی سے کچھ گرم کرکے اسکا لیپ کرے یا گرم گرم اس کا پنڈا
باندھے تو کانکھولائی اچھی ہو۔

وپانکا کا علاج] چکنی چیزون سے رفتہ رفتہ سینک کرے تو وپانکا اچھی ہو۔

نُزدھ پرکاش کا علاج] چوکے کے رس مین تیل کو پکاکر اس تیل کا سینک کرے
یا سو کرکے گھی کا سینک کرے تو نزدھ پرکاش اچھا ہو۔

سنّرُدھ گُدا کا علاج] گرم گرم تیل کا سینک کرے یا بادکے دور کرنے والے تیل کا
سینک کرے تو سنرُدھ گُدا کا عارضہ دور ہو۔

برکھن بچھو روگ کا علاج] رال۔ کوٹ۔ سیندھا نمک اور سرسون کو پانی سے باریک پیسکر
اوبٹن کرے تو یہ عارضہ دور ہو۔

گدبھرنش یعنی کانچ کے عارضے کا علاج] گاے کے گھی وغیرہ چکنی چیزون
کا گرم گرم سینک کرے تو یہ عارضہ دور ہو یا کملنی کے پتے کھاکر اور اس مین مصری
ملاکر دو درم ہر روز کھاوے تو کانچ نکلنی بند ہو یا چوہے کے گوشت کا روغن کانچ
پر لیپ کرے تو کانچ نکلنا بند ہو۔ یا ڈانسرہ۔ چترک۔ لنیا۔ مغز بیل۔ پاڑھ۔ جواکھار
یہ سب برابر لے کر ان کا باریک چورن بقدر ڈھائی درم گاے کے مٹھے سے ہمیشہ پیے
تو گدبھرنش دور ہو یا چوہے کا گوشت اور دسمول مین پانی ڈالکر اسکا کاڑھا بناوے
پھر اس مین تیل پکاکر اس کی مالش کرے تو کانچ کا نکلنا مقعد کا درد اور بھگندر کا عارضہ
دور ہو اسکا نام موشک تیل ہے یا بچھو در کا تیل چوہے کے تیل کی طرح نکالکر اسکا لیپ

کرے تو گدبھرنش یعنی کلیجے کا نکلنا بند ہو۔ یا النیا کا رس یا بیر کی جڑ کا رس دہی مٹھا اسمین زنجبیل اور جواکھار اور گھی ڈالکر پکا دے پھر اس گھی کو پانچ درم ہر روز کھا دے تو گدبھرنش کا عارضہ دور ہو اسکا نام جہانگیری گھرت ہے۔

سوکر دنشٹر روگ کا علاج] بیج جل بھانگرے اور زرد چوب کو باریک پیسکر پانی سے جہان سور نے کاٹا ہووے وہان اُسکا لیپ کرے تو سور کی داڑھ کا زہر دور ہو۔

السن یعنی کھار کا علاج] پٹول مینسل ۔ لیمو ۔ گئو لوچن ۔ کالی مرچ ۔ تل ۔ کٹیلی کا رس اور کانجی مین روغن تلخ پکاوے پھر اسکو کھروے مین مالش کرے تو کھروا اچھا ہو۔ یا تخم کنگھی ۔ زرد چوب ۔ ہیرا کسیس ۔ مہوا ۔ گئو لوچن ۔ ہرتال ۔ یہ سب برابر لے کر ان کو شہد سے باریک پیسکر لیپ کرے تو کھروا اچھا ہو۔

بیاؤ کا علاج] نیم گرم تیل کا سینک کرے یا موم اور جواکھار کو گھی مین ملاکر گرم گرم بیاؤ مین بھرے تو بیاؤ اچھی ہو ۔ یا رال ۔ سیندھا نمک شہد اور گھی کو روغن تلخ مین ملاکر لے پھر اُسکو بیاؤ مین بھرے تو بیاؤ اچھی ہو ۔ یا شہد ۔ موم ۔ گیرو ۔ گھی ۔ قند سیاہ ۔ گوگل ۔ رال کو باریک پیسکر خوب ملاکر بیاؤ مین بھرے تو بیاؤ اچھی ہو یا تخم دھتورہ اور جواکھار کو کڑوے تیل مین پکاکر مالش کرے تو بیاؤ اچھی ہو۔

کدر کا علاج] جسکے پاؤن مین کانٹا یا کنکری چبھ گئی ہو اور اس مین زخم پڑ گیا ہو وہ گرم تیل سے سینک کرے یا آک کے دودھ مین گڑ ملاکر باندھے تو کدر اچھا ہو۔

تل کا علاج] سرسون ۔ سجی ۔ ہلدی ۔ اور کیسر کو پانی سے باریک پیسکر اوبٹن کرے پھر چھری وغیرہ سے رگڑے تو بدن کے تل دور ہون۔

مسّے کا علاج] سجی ۔ چونہ اور صابون کو پانی سے باریک پیس کر مستون پہ لگا دے تو مسّے جا دین۔

لہسن کا علاج] لہسن کو جھانوے سے رگڑے ۔ پھر سرسون ۔ ہلدی ۔ کوٹ ۔ سجی ۔ جواکھار کیسر کو پانی سے باریک پیسکر اوبٹن کرے تو لہسن دفع ہو۔

چھیپ کا علاج] اس عارضہ مین جونکین لگاکر خون نکلوا دے یا سپاری کی راکھ اور

زرد کوڑی کی راکھ ۔ کتھ ۔ کمیلا ۔ مردار سنگ ۔ نیلا تھوتھا کو چھڑکے تو جیب دور ہو ۔

کنکھ روگ کا علاج] سار ایک ماشہ ہر روز شہد سے کھاوے یا گلگی کو استعمال کرے تو کنکھ کا عارضہ دور ہو ۔

مسّے اور تل اور لہسن کا علاج] شنگرف ۔ بھنا ہوا نیلا تھوتھا ۔ دونوں تولہ تولہ بھر ۔ اور سیندور ایک درم رال سات درم ان سب کو گائے کے ۲ تولہ گھی میں کانسے کی تھالی میں لوہے یا تانبے کے گھوٹنے سے تین روز رگڑے جب وہ پانی کے مانند ہو جاوے تب لیپ کرے تو مسہ لہسن ۔ کھروا اور پھوڑا اور کھجلی یہ سب دور ہوں یا کالی زیری ۲ ۔ درم ۔ نوسادر ۵ درم سیپ کا چونہ ۷ درم ۔ نیلا تھوتھا چار تولہ ان سب کو باریک پیس کر ادرک کے رس کی تین پٹ دے کر جل بھانگرے کے رس کی تین پٹ دیکر دھوپ میں سکھا کر گائے کے بچھڑے کے پیشاب میں اسکی گولی باندھے اور ایک گولی اسی کے پیشاب سے گھس کر لگا دے تو تل ۔ مسہ اور لہسن سب دور ہوں ۔

کھجلی کا علاج] لوہے کے برتن میں لوہے کے گھوٹنے سے آنولا سار گندھک ایکماشہ پارہ دو ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ گائے کے گھی سے خوب گھوٹکر لیپ کرے تو کھجلی دور ہو ۔

چیپ کا اور علاج] لوہے کے برتن میں ہڑ کو ہلدی کے رس سے رگڑے پھر گرم کر کے لگا دے تو چیپ دور ہو ۔

پلیت یعنی عالم شباب میں بال سپید ہوں اُسکا علاج] لوہے کا چورن ایک تولہ آم کی گٹھلی ایک تولہ ۔ آملہ دو تولہ ۔ بڑی ہڑ کا چورن دو تولہ ۔ بھیڑہ ایک تولہ ان سبکو باریک پیسکر لوہے کے برتن میں بھانگرے کے رس سے دو دن بھگو رکھے پھر سفید بالوں میں لیپ کرے تو سیاہ ہوں ۔ یا پنچ کیتکی ۔ پانچ کیوڑہ ۔ سہجنہ کا پھول ۔ پنچ کنیر ۔ لوہچون ۔ جل بھانگرہ ۔ ترپھلا ان سبکو تیل میں پکا دے پھر لوہے کے برتن میں رکھ کر زمین میں گاڑ رکھے ایک مہینے کے بعد اس تیل کو سپید بالوں میں لگا دے تو سپید بال سیاہ ہوں ۔ یا ترپھلا برگ نیم لوہچون ۔ جل بھانگرے کا رس بکری کے پیشاب میں پیس کر اُس کو سپید بالوں پر لگا دے تو بال سیاہ ہوں ۔ یا پاپڑ یا کھار ایک ماشہ سیندور ایکماشہ مردار سنگ

ایک ماشہ. کھانے کا چونہ آٹھ ماشہ ان کو پانی سے پتھر مین تین گھڑی تک پیسے جب اس کا رنگ ناخن کے اوپر سیاہ آوے تب بالون مین لگا وے تو وہ بال سیاہ ہون یا موٹا نیا مازو پھل لیکر کے بھوبھل مین ایسی ہوشیاری سے سینکے کہ وہ پھٹنے اور نہ جلنے پاوے پھر مازو پھل ایک ماشہ سنگر اس ایک ماشہ. نیلا تھوتھ چار رتی۔ نوسادر تین رتی۔ لونگ تین ماشہ۔ پھٹکری تین رتی۔ لوہچون ایک ماشہ۔ ان سبکو آملہ کے پانی مین اور لوہے کے برتن مین لوہے کے گھوٹے سے ایک پہر رگڑے جب اس کا رنگ ناخن پر کالا آوے تب سپید بالون کو آملہ کے پانی سے دھوکر بالون پر گہرا لیپ کرے اور لیپ اوپر تہ آوے پھر سپید بالون کو آملہ کے پانی سے دھو ڈالے تو بال سیاہ ہون یا کھانے کا چونہ۔ یا ادرک کی راکھ یا کوڑیون کی راکھ کو سیسے سے رگڑے اور اس مین تھوڑا سا کوپی جیندن ڈال کر ایک ماشہ مردار سنگ ڈالے جب رگڑتے رگڑتے ناخن پر رنگ سیاہ آوے تب بالون پر لیپ کرے اور اوپر سے ارنڈ کا پتہ باندھے تو بال سیاہ ہون۔

اندرلپت جسکو عوام مین اوندری لاگی بولتے ہین اُسکا علاج] پٹول کے پتے کے رس مین کنگھی کر بیٹھکر جہان بال گئے ہون وہان پر لیپ کرے تو بال جم آوین یا گوکھرو اور تلون کے پھول برابر لیکر گھی مین بیٹھکر جہان بال گئے ہون وہان لیپ کرے تو بال جم آوین یا ہاتھی دانت کی راکھ کو بکری کے دودھ مین لگاوے تو بال ہو آوین یا نیج کنول ولکھ تیل گھی دودھ ان سب کو باریک پیسکر لیپ کرے تو بال ہو آوین یا گربہ چھیلی نیج کنگھی اور چرک کو تیل مین لگا کر ملین تو بال ہو آوین۔

چیپ کا علاج] چرونجی کو کر پھل مین بھی جلا کر لیپ کرے تو چیپ کا عارضہ دور ہو یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے۔

سر کے عارضون کی پیدایش اور علامت

سر کے گیارہ قسم کے عارضے ہین۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کا۔ خون کا۔ دُبلے پن کا۔ کیڑون کا۔ سورجاورت کا۔ اننت بات کا۔ شنکھ یعنی کنپٹی کے درد کا اردھا و بھیدک۔ یہ گیارہ قسم کے سر کے عارضے ہین سو یہ خاص کر خلاف غذا کے

کھانے سے پیدا ہوتے ہین۔
بادی سر کے درد کی علامتین] بغیر کسی سبب کے سر مین بہت درد ہو اور رات کو زیادہ
ہو اور دوائیون کے لیپ یا سینک کرنے سے آرام ہو تو جاننا چاہیے کہ بادی
سر کا درد ہے۔
صفراوی سر کے درد کی علامتین] جس کی پیشانی آگ کے مانند جلے سر کے ٹکڑے
ہوتے جاوین اور آنکھون مین بہت درد ہو رات کو سردی زیادہ لگے تو صفرا کا
درد سر جاننا چاہیے۔
بلغمی درد سر کی علامتین] جسکا سر بلغم سے لپا رہے اور بھاری اور ٹھنڈا ہو اور آنکھ
اور ناک اور مُنھ مین سوجن ہو اور سر جلے تو ان علامتون سے مریض کو بلغم کا درد سر جانو۔
سنپات کے درد سر کی علامتین] اوپر کہی ہوئی سب علامتین ملین تو سنپات
کا درد سر جانو۔
خون کے درد سر کی علامتین] جو صفرا کے درد سر کی علامتین کہی ہین وہ سب
ہون اور پیشانی ہاتھ کو چھونا برداشت نہ کرے تو خون کا درد سر جانو۔
دُبلے پن سے پیدا ہوئے درد سر کی علامتین] بدن کی قوت زائل ہو جانے
تب سر خالی پڑ جاوے اور جلے اور بہت درد ہو تو چھینکین بہنے کا یعنی دُبلے پن سے درد سر جانو۔
کیڑون سے پیدا ہوئے درد سر کی علامتین] جس کا سر بہت درد کرے اور
پھڑکے اور جسکی ناک سے خون اور پیپ بہت نکلے اور اسکا سر بہت بڑھے تو کیڑون کا درد سر جانو
سورجاورت درد سر کی علامتین] آفتاب کے طلوع ہوتے وقت آہستہ آہستہ درد
ہو اور جیون جیون دن چڑھے تیون تیون دوپہر تک درد بڑھے اور آنکھین اور ابروون
مین بہت درد ہو اور دوپہر کے بعد درد کم ہوتا جاوے اُس کو سورجاورت روگ
کہتے ہین۔
اننت بات شرو روگ کی علامتین] باد صفرا اور بلغم ان تینون کے خراب ہونے
سے گردنے اور آنکھین اور کنپٹیون مین بہت درد ہو اور داڑھون کو ہلنے نہ دین رخسارون

یعنی رعشہ آنکھوں مین فساد سر مین بہت درد پیدا کرے اسکو انت بات کہتے ہین۔

کنپٹی مین درد ہو اُسکی علامتین] صفرا خون اور باد فاسد ہو کر کنپٹی مین بہت درد پیدا کرین اور بدن مین جلن ہو اور کنپٹی کو سُرخ کر دین اور سر کے ٹکڑے ٹکڑے کرین اور گلے کو روک دین اُسکو سنکھ نام سر کا درد کہتے ہین ایسا مریض تین دن تک زندہ رہے۔

اردھا و بھیدک نامے درد سر کی علامتین] روکھی چیزون کے کھانے اور خوراک پر خوراک کھانے سے اور شرقی ہوا سے اور بہت جماع کرنے اور پاخانہ اور پیشاب کے روکنے اور ریاضت کرنے سے باد فاسد ہو کر بلغم کو ساتھ لے پھر وہ باد کندھے اور کنپٹی کان پیشانی اور بھون کے آدھے آدھے حصے مین کسی بڑے ہتھیار کے لگنے کا سا درد کرے اُسکو اردھا و بھیدک کہتے ہین اور یہ درد آنکھ اور کان مین بہت ہونے سے آدمی کو مار ڈالتا ہے۔

باد کے درد سر کا علاج] باد کے دفع کرنے کا تیل یا عام تیل کی مالش کرین اور باد کے دور کرنے والی چیزون کا استعمال کرین تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا کوٹھ۔ بیج ارنڈ زنجبیل کو مٹھے مین باریک پیسکر گرم کر کے پیشانی پر لیپ کرین تو بادی درد سر دور ہو یا سواس کھار رس کا ناس لین تو طرح طرح کا درد سر دور ہو یا ماش کے آٹے کو آ یا الکل روٹی بنا کر اُس روٹی کو سر پہ ایک پہر باندھے تو درد سر دور ہو۔

شرولبت

ماش کے آٹے کو پانی مین اوسن سولہ انگل یا آٹھ انگل کی روٹی کر اُسکو گرم تیل سے بھرے وہ تیل ایک پہر یا چار گھڑی قائم جگہ مین سر کے اوپر رکھے تو بادی درد سر دانت مین کندھے آنکھ اور کان کے عارضون کو اور پیشانی کے رعشہ کو دور کرتا ہے اسکا استعمال پانچ سات روز کرے اسکا نام شرولبت ہے۔

صفراوی سر درد روگ کا علاج] صندل اور کنول گٹے کو ٹھنڈے پانی سے پیسکر لیپ سے تو صفراوی درد سر دور ہو یا سو مرتبہ کے دھوئے گھی کا لیپ کرے تو صفراوی درد سر دور ہو۔ یا

سواس کھٹا رس۔ کپور۔ کیسر۔ مصری۔ چندن ان سب دواؤں کو بکری کے دودھ میں پیسکر لیپ کرے تو صفراوی دردِ سر دور ہو۔ یا زنجبیل اور قند سیاہ کو پانی میں پیسکر ناس لے تو سب قسم کا دردِ سر دور ہو۔

خونی دردِ سر کا علاج] صفراوی سر درد اور اس کا ایک ہی علاج ہے۔ اس میں خون نکلوانا زیادہ مفید ہے۔

بلغمی دردِ سر کا علاج] اس بیماری میں فاقہ کرانا چاہیئے۔ یا بلغم دور کرنے والی دوائیں پیسکر سر گرم لیپ کرنا مفید ہے۔

سنپات کے دردِ سر کا علاج] سنپات کے دور کرنے والی دوائیوں کا لیپ کرنا چاہیئے یا ان قسم کو کھاوے تو دردِ سر دور ہو۔

کھڈ بنڈ تیل

بیج ارنڈ۔ تگر۔ سونف۔ جیونتی۔ سیندھا نمک۔ راسنا۔ جل بھانگرہ۔ بائے برنگ۔ ملیٹھی۔ سونٹھ ملون کا تیل ان سب دواؤں سے آٹھ حصہ زیادہ دے چوگنا جل بھانگرے کا رس لے اور تیل سے چارگنا زیادہ بکری کا دودھ لیکر ان سب کو جمع کرکے کڑاہی میں نرم آنچ سے پکاوے جب سب جلجاوے اور تیل رہجاوے تب اسکے چھ قطروں کی ناک میں ناس لے تو سر کے سب درد اور دانت کے عارضے دور ہوں اور دُبلے پن کا دردِ سر مقوی علاج سے دور ہوتا ہے۔

کیڑوں سے پیدا ہوئے دردِ سر کا علاج] زنجبیل۔ پیپل۔ فلفل سیاہ۔ بیج التاس اور تخم سہجنہ کو برابر لے کر بکری کے پیشاب میں باریک پیسکر ناس لے تو سر کے سب کیڑے مرجاویں اور دردِ سر دور ہو۔

سورجاورت یعنی آدھا سیسی کا علاج] دودھ اور گھی ملا کر ناس لے تو آدھا سیسی دور ہو یا گڑ اور گھی ملا کر مال پوا کھاوے یا کھیر کھاوے یا ملون کا سینک کرائے تو آدھا سیسی دور ہو۔ یا جل بھانگرے کا رس بکری کا دودھ برابر لیکر دھوپ میں گرم کرے پھر اسکی ناس لے تو آدھا سیسی دور ہو۔ یا سنگی مہرہ ۔ انیون ۔ بیج لاکھ ۔ بیج دھتورہ ۔ زنجبیل ۔ کوٹ ۔ لہسن ۔ انگوزہ ۔ ان کو بکرے کے پیشاب میں باریک پیسکر گرم کرکے لیپ کرے تو

آدھا سیسی دور ہو۔

آدھا سر درد کرے اُس کا علاج] جلاب دیوے تو یہ عارضہ دور ہو یا گرم غذا کھانے سے جاوے۔ یا اسے نرنگ سیاہ تل یہ دونوں باریک پیسکر لیپ کرے تو یہ اچھا ہو۔ یا مصری دودھ پیچھے ناریل کا پانی ملا کر پیجئے یا اس کا ناس لے تو آدھا سیسی اچھی ہو۔

اننت باد درد سر کا علاج] آدھا سیسی کا اور اس کا ایک ہی علاج ہے یا پیشانی کی رگ کی فصد کھلوا دے تو یہ اچھی ہو۔ یا شہد کے مال پوا کھاوے تو اننت بات کے سر کا عارضہ دور ہو۔

پتھیا دکا ڑھا

پوست ہلیلہ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ ہلدی۔ گلو۔ چرائتہ۔ پوست نیم۔ قند سیاہ یہ سب برابر لیکر جو کوٹ کر کے ان کا کاڑھا دے یا ناس دے تو ابرو اور کنپٹی کا درد اور آنکھوں کا عارضہ آدھا سیسی دور ہو۔

کنپٹی میں درد ہو اس کا علاج] دار ہلدی۔ ہلدی۔ مجیٹھ۔ سفید سرسون۔ خس کنول گٹہ۔ ان کو پانی سے باریک پیسکر کنپٹیوں میں لیپ کرے تو اچھی ہو۔ یا ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈی دواؤن کا لیپ کرے تو کنپٹی اچھی رہو۔ یا اصل السوس اور ماش برابر لیکر اور ان کا چوتھا حصہ سنگ مرہ دے پھر ان کو باریک پیسکر سرسون کے برابر کھاوے تو سب قسم کا درد سر دور ہو۔ یا گلو۔ سیپ کا چونہ اور نوسادر ان کو باریک پیسکر ناس لے تو سب قسم کا سر کا درد جاوے۔

آدھا سیسی کا اور علاج] مصری اور کیسر کو گھی میں سینک کر اس کا ناس لیوے تو آدھا سیسی اور کنپٹی اور آنکھ کا درد سب دور ہوں۔ یہ سب بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں۔ یا زنجبیل۔ مرچ پیپل۔ پوہکر مول۔ ہلدی۔ راسنا۔ دیودار۔ اسگندھ۔ ان کا کاڑھا دے تو سب قسم کے سر کے درد دور ہوں یا مصری اور اس سے آدھی اگر کی کلی کو باریک پیسکر ناس لے تو سب قسم کے سر کے درد دور ہوں۔ یا کوٹ۔ بیخ ارنڈ کو کانجی میں باریک پیسکر لیپ کرے تو درد سر دور ہو یا مچکند کے پھولوں کا لیپ کرے تو درد سر دور ہو۔ یا دیودار۔ تگر۔ کوٹ۔ خس۔ زنجبیل

تل۔ ان کو کانجی میں گھوٹ کر لیپ کرے تو درد سر دور ہو۔ یا مصری اور مین پھل کو گائے کے پیشاب میں باریک پیس کر ناس لے تو آدھا سیسی دور ہو۔ یا خرگوش کے شوربے میں مرچ ڈال کر غذا کے وقت سات روز کھاوے تو آدھا سیسی وغیرہ سب سر کے درد دور ہوں یہ سب علاج بید رہس میں لکھے ہیں۔ یا سرخ صندل۔ لونگ۔ زنجبیل کو پانی میں پیس کر لیپ کرے تو درد سر جاوے۔ یا پوست انبہ کا لیپ کرے تو سر کا درد اچھا ہو یا جل بھانگرے کے رس اور گائے کے مسکے کا لیپ کرے تو درد سر دور ہو۔ یا پیپل۔ مرچ۔ لودھ یہ سب برابر باریک پیس کر ان کا تین دن تک ناس لے تو آدھا سیسی وغیرہ درد سر دور ہو۔

سر کے کیڑوں کا علاج] کڑوے گھوڑے کے نتھنوں کے رس کا ناس لے تو کھوپڑی کے کیڑے دور ہوں۔ یا پیپل آندھی جھاڑا۔ سرسوں آک کے ڈوڈے کے بیج ان کا ٹھنڈے پانی سے لیپ کرے تو درد سر دور ہو۔ یہ بید بلبھ میں لکھا ہے۔

سر کے بالوں کے بڑھنے کی ترکیب

جھاڑ جھبیلا۔ کوٹ سیاہ تل۔ سفید سرسوں۔ کنول گٹہ ان کو شہد اور دودھ سے باریک پیس کر لیپ کرے تو سر کے بال بڑھیں۔ یا جیٹھی مدھ باریک پیس کر جل بھانگرے کے رس میں وہ چورن اور تل کا تیل پکا کر اس تیل میں الائچی۔ جھاڑ جھبیلا۔ کوٹ کو جل سے باریک پیس کر لیپ کرے تو بال بڑھیں۔ یا بال چھڑ۔ کھوپٹی۔ پوست مولسری۔ آملہ اور کوٹ کو پانی سے باریک پیس کر لیپ کرے تو بال بڑھیں۔

درد سر کا اور علاج] لونگ ایک عدد۔ مرچ تین عدد۔ ہینگ ایک چنے کے برابر ان تینوں کے پانی سے ناس لے تو درد سر یقیناً دور ہو۔

ادھا سیسی کا منتر] ادھ کپالی ناشے جاجاری پانچی جاجاری ہتیاری نہ جاوے تو تیرے گرو کی لوگیا ہو۔ سنت بیر کی آگیا گرو نٹہ نیکھڑی تی آ گیا میری بھگت گرو کی شکت پھرو منتر ایشر و باچ۔ اس منتر سے سر میں رفتہ رفتہ اکیس مرتبہ پھونک ڈالے تو آدھا سیسی دور ہو جو اندھیرے پاکھ کی چودس کو اپنی طاقت کے موافق اس منتر کا جاپ سے

تو منتر سدھ ہوتا ہے۔

دوسرا منتر | اوم نمو آدھا سیسی ٹھم ٹھم کاری پیہر بچاری پچھو موند یا شلے ٹھاری اُٹکاری سیسی رہے تکھو مہیشر کی آگیا پھرے اوم ٹھن ٹھن سوا ہا۔ ایکیس مرتبہ اس منتر سے اُنگلی ماتھے کے اوپر پھیرے تو آدھا سیسی دور ہو۔

آنکھون کے عارضون کی پیدائش علامت اور علاج

آنکھون کا دائرہ دو ڈھائی اُنگل کے برابر ہے یا اپنے انگوٹھے کے پیٹ کے برابر ہے۔ سوسارنگ دھر کے موافق اس آنکھ کے گھیرے مین چورانوے عارضے ہین اور کئی عقلمند لوگون کی راے سے اٹھتر عارضے خاص ہین۔ پتلی مین تو بارہ عارضے مین آنکھون مین دو عارضے ہین۔ آنکھون کی سیاہ جگہ مین چار بیماریان ہین۔ آنکھ کے سپید حصے مین گیارہ عارضے ہین۔ آنکھون کی جوت مین جہان سے پانی نازل ہو اُس کا نام مارگ ہے نو عارضے ہین۔ آنکھون کی دانپنی (پلک) مین دو بیماریان ہین۔ آنکھون کے جوڑون مین نو عارضے ہین۔ سب آنکھ مین سترہ عارضے ہین اسی طرح آنکھون مین اٹھتر عارضے ہین۔ یہ چرک اور سُسرت مین لکھے ہین۔ بادی دس صفراوی دس بلغمی تیرہ خونی سولہ سنپات کے پچیس آنکھون کے باہر کے دو ایسی چھیتر بیماریان ہین۔

آنکھون کے عارضون کی پیدائش

دھوپ وغیرہ سے بدن مین گرمی ہوئی ہو پھر دریا یا تالاب یا باؤلی وغیرہ کے پانی مین جانے سے۔ یا دور سے دیکھنے سے۔ دن کے سونے سے۔ یا پسینے سے۔ آنکھون مین خاک پڑنے سے آنکھون مین دھوئین کے جانے سے قے کے روکنے سے یا بہت سے قے کرنے سے گرم چیز اور کانجی کلتھی اور ماش کے کھانے اور ریاح و پائخانہ اور پیشاب کے روکنے سے اور موسم کے خلاف ہونے سے تکلیف اور بہت جماع کرنے سے۔ آنسوؤن کے روکنے سے باریک چیز کے دیکھنے سے آنکھون مین چھیتر عارضے پیدا ہوتے ہین۔

ورشٹ روگ کی علامتین

اس آنکھ کے گھیرے کی کالی جگہ مین مسور کی دال کے برابر ایک مستہ ہے وہ مستہ پانچ مہا بھوت

سے پیدا ہوا ہے۔ اور وہ آگ کے مانند چمکنے اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔ اور وہ مستہ پانی اور خون کے سہارے ہے۔ اس کی نظر کی پیاز کی طرح چار جھلیاں ہیں۔ پہلی جھلی تو نور اور پانی کے سہارے ہے۔ دوسری جھلی گوشت کے سہارے ہے تیسری جھلی چربی کے سہارے ہے۔ چوتھی خون اور نور گوشت چربی ہڈی۔ ان پانچوں کے سہارے سے ہے۔

پہلی جھلی میں پیدا ہوئے عارضوں کی پیدائیش علامت اور علاج

پہلی آنکھ کی جھلی کی نظر میں جو عارضے رہتے ہیں اس شخص کو جو نظر آوے وہ درست اور پورا نہ ہو کیونکہ پہلی جھلی میں تھوڑے فساد رہتے ہیں۔

دوسری جھلی میں پیدا ہوئے عارضوں کی علامتیں

دوسری جھلی میں جو فساد ہو تو مکھی مچھر اور بالوں کا مجموعہ نظر نہ آوے اور دور کی نزدیک اور نزدیک کی دور چیز نظر آوے۔ نظر چکر کھاتی رہے اور بہت تدبیروں سے بھی سوئی کا سوراخ نظر نہ آوے کیونکہ نظر اس جگہ بہت پریشان ہو جاتی ہے۔

تیسری جھلی میں جو فساد ہو اُس کی علامتیں

اونچا نظر آوے اور پیچھے کی چیز نظر نہ آوے اور صورتوں کا اس طرح مجموعہ نظر آوے کہ گویا کپڑا بیچ میں آگیا ہے اور کان ناک آنکھیں ٹھیک نظر نہ آویں نظر میں بہت فساد آجاوے اور جو نیچے کی چیز ہے وہ اوپر اور جو اوپر کی چیز ہے وہ نیچے نظر آوے جو آنکھ کی پتلیوں میں بہت فساد آگیا ہو تو اسکو نزدیک کی کوئی چیز نظر نہ آوے اور آنکھ کے چاروں طرف جو فساد رہے ہوں تو چکا چوندھی نظر آوے اور نظر کے بیچ میں جو فساد رہتے ہیں اُس کو بڑی چیز چھوٹی اور چھوٹی چیز بڑی نظر آوے۔ اور نظر میں جو فساد ہوں اُسکو نزدیک کی چیز ایک کی دو نظر آویں اور بغل کی جو دو چیزیں ہیں وہ تین نظر آویں اور بغل میں بہت چیزیں ہوں تو اُن کا شمار نہ ہو یہ علامتیں تیسری جھلی کی جانو۔

چوتھی جھلی میں جو فساد ہو اُس کی علامتیں

چوتھی جھلی میں جو فساد آگیا ہو تو اسکو عوام میں تمر روگ کہتے ہیں اور کسی بید اُسکو لنگ ناشک

بولتے ہین یعنی لنگ ناشک وہ چیز ہے جسکی آنکھون کی جوت کی پتلی نیلی کانچ کے مانند ہوجاوے اور جسمین یہ علامتین ہون اُس پتلی مین بہت فساد ہون آفتاب ماہتاب اور ستارے آسمان اور بجلی جنکی صاف روشنی ہے وہ اچھی طرح نظر نہ آوین بلکہ یہ چیزین گھومتی ہوئی نظر آوین اور اس عارضے کو نزلہ کہتے ہین اور کوئی کوئی موتیا بند بھی کہتے ہین۔ یہ عارضہ چھ قسم کا ہے بادی صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کا۔ خون کا۔ پرملائین یعنی خون سے بگڑے صفرا کا۔

موتیا بند کی علامتین] جسکو بادی موتیا بند ہو اُسکو سب چیزین گھومتی ہوئی اور میلی نظر آوین اور بہت چیزین کچھ سُرخ معلوم ہون اور ٹیڑھی نظر آوین۔

صفرا کے موتیا بند کی علامتین] جس کے صفرا کا موتیا بند ہو اُس کو آفتاب اور ماہتاب ستارے آگ اندر کا دھنکھ بجلی گھومتی ہوئی نظر آوین اور سب چیزین نیلی سی نظر آوین۔

بلغم کے موتیا بند کی علامتین] جو بلغم کا موتیا بند ہو اُسکو چکنا اور سپید نظر آوے اور اس بیمار کی آنکھین پانی سے بھری ہوئی نظر آوین۔

سنپات کے موتیا بند کی علامتین] جسکے سنپات کا موتیا بند ہو اُسکو طرح طرح کی شکلین نظر آوین اور زیادہ کم نظر آوے اور سب چیزین نورانی نظر آوین اور مذکورہ بالا سب علامتین ہون۔

خون سے پیدا ہوئے موتیا بند کی علامتین] جسکے خون کا موتیا بند ہو اُس کو سب چیزین سُرخ سپید ہری سیاہ اور زرد معلوم ہون۔

پرملائن سے پیدا ہوئے موتیا بند کی علامتین] جو خون سے صفرا فاسد ہوتا ہے اُسکو پرملائن کہتے ہین جو ایسے بیمار ہو اُس کو دسون اطراف زردہی نظر آوین گویا سب طرف آفتاب ہی طلوع ہوئے ہین۔ اور درخت وغیرہ سب چیزین جلی ہوئی آگ کے مانند نظر آوین۔

موتیا بند کی شکل] بادکا موتیا بند قرمزی اور زردی سے ہوا ور ایسا ہی صفرا کا ہوا اور بلغم کا سپید ہوا اور خون کا سُرخ ہوا اور سنپات کا عجیب غریب طرح طرح کا ہو۔

بادی وغیرہ جو چھ قسم کے موتیا بند کہے ہین اُن کے آنکھون کے گھیرے کی علیحدہ علیحدہ شکل

بادی آنکھون کا دائرہ سُرخ متحرک اور سخت ہو۔ صفراکی آنکھون کا دائرہ کانسے کے رنگ کے مانند اور زرد ہو۔ بلغم کا دائرہ بہت چکنا ہو اور شنکھ یا کُند کے پھُول کے مانند زرد اور متحرک ہو اور ان آنکھون کے دائرے مین سپید بوند ہو۔

سنپات سے آنکھ کے دائرہ کی علامتین] اس مین ہونگے یا کنول کے پتّے کے مانند آنکھ کا دائرہ ہو اور مذکورۂ بالا علامتین ہون۔

خون کے آنکھ کے دائرہ کی علامتین] اس آنکھ کا دائرہ سُرخ ہو۔

پرملاین آنکھ کے دائرہ کی علامتین] اس آنکھ کا دائرہ بدرنگ کانچ کے مانند زرد ہو اور یہ دائرہ سُرخ روکھا میلا اور نیلا ہو۔

پت بدگدھ درشٹ کی علامتین] جسکے بدن مین صفرا خراب ہوا ہو اُس شخص کی نظر زرد ہو جاوے اور اُسکو سب چیزین زرد ہی نظر آوین۔

خراب صفرا تیسری جھلی مین پہونچے اسکی علامتین] اُس شخص کو دن مین نظر نہ آوے اور رات کو نظر آوے کیونکہ مہتاب کی سردی سے کچھ صفرا رات کو کم ہو جاتا ہے۔

بلغم سے خراب ہوئی نظر کی علامتین] جسکی نظر بلغم سے جلی ہو اُسکو سب چیزین سپید نظر آوین۔ یہ عارضہ پہلی اور دوسری جھلی مین ہوتا ہے۔

نکتاندھ یعنی رتوندھی کی علامتین] تیسری جھلی مین بلغم آوے تب نکتاندھ یعنے رتوندھی ہو۔ دن کو نظر آوے رات کو نہ معلوم ہو۔

دھوم درسی روگ کی علامتین] تفکرات باطنی یا پت یا ریاض سے گرمی سر مین پہونچے تب آدمی کی نظر دھوئین سے مل جاوے تب اسکو سب چیزین دھوئین کے مانند نظر آوین۔

ہرسوجات روگ کی علامتین] جو شخص مشکل سے بڑی چیز کو دیکھے اور وہ چیزون مین چھوٹی نظر آوے اور رات کو درست معلوم ہو اُسکو ہرسوجات بولتے ہین۔

نکلاندھ کی علامتین] جس شخص کی نظر دیکھنے مین تو اچھی معلوم ہو اور اُس نظر مین فساد آجاوے اُسکو رات کو عجائب غرائب نظر آدین اور شل نہوسکے آنکھون مین چمک ہو اُسکو نکلاندھ بولتے ہین۔

گمبھیر کی علامتین] جس شخص کی آئینہ دیکھنے سے نظر کی پتلی بالکل اندر دھس جاوے اور آنکھ مین درد ہو اُسکو گمبھیرنال روگ بولتے ہین۔

جو بغیر کسی سبب کے موتیا بند ہو اُسکی علامتین] جسکی نظر بہت صاف اور اچھی ہو وہ بغیر کسی سبب کے سیاہ ہوجاے اُسکو بغیر کسی سبب کا موتیا بند جانو۔

آنکھون کے دائرہ مین جو عارضے ہوتے ہین اُن کے نام اور تعداد

یہ چار عارضے کالے دائرہ مین ہوتے ہین سبرن شکر۔ ابرن شکر۔ اکش پاکاشے۔ اجکاجات۔

سبرن شکر کی علامتین] آنکھون کی سیاہ جگہ مین پتلی کے اوپر فساد آگیا ہو اور اس فساد کے سبب تارہ ڈھک جاوے اور وہ قطرہ آنکھ مین گرجاوے اور اس مین سوئی کے چبھنے کے مانند معلوم ہون اور گرم گرم پانی آنکھون مین سے گرا کرے تو اُس کو سبرن شکر کہتے ہین۔

باعلاج اور لاعلاج سبرن شکر کی علامتین] وہ قطرہ نظر کی پتلی کے نزدیک گہرا اور پختہ جلد مین نہ ہو اور آنکھون مین بہت پانی نہ پڑے اور اسمین کم درد ہو اور ایک ہی آنکھ مین ہو وہ شاید دفع ہو اور اسکے خلاف علامتین ہون تو وہ لاعلاج ہے۔

ابرن شکر کی علامتین] جسکی سیاہ پتلی کے تارے پر منی کا قطرہ آیا ہو اور وہ قطرہ سفید اور چکنا اور شکر یا ماہتاب یا گندہ کے پھول یا آسمان یا بادل کے مانند ہو اُسکو ابرن شکر کہتے ہین یہ باعلاج ہے مگر نیچے لکھی ہوئی علامتین ہون تو لاعلاج ہے جسکی آنکھ کا گوشت ابھر جاوے اور وہ قطرہ اُترا ہوا اور نسون مین چھپا ہوا ہو اور بیدرنگ ہو اور دوسری جھلی مین ہو اور چارون طرف سُرخ ہو اور بہت دنون کا ہو تو اُسکا علاج نہ کرنا چاہیئے یا جسکی آنکھون مین سے آنسو گرم آتے ہون اور آنکھون مین پھنسیان ہون اور پلکون کے اوپر منی کا قطرہ مونگ کے برابر ہو اور تیتر کے پر کے مانند اُسکا رنگ ہو تو وہ ابرن شکر بھی لاعلاج ہے۔

آکش پاکاتئے کی علامتین] جسکی آنکھ کی پتلی جگہ سب سوج جاوے اور آنسو بہت گرین اور اس جگہ بہت درد ہوا ور وہ آنکھوں کے فسادون سے پکجاوین یہ بھی لاعلاج ہے۔

اجکاجات کی علامتین] جس کی آنکھ بکری کی مینگنی کے مانند ہوجاوے اور اس مین درد ہوا ور سرخ رہین اور اُن مین سے سرخ ہی آنسو چلین تو یہ اجکاجات ہے یہ چارون دائرہ سیاہ کے عارضے ہین۔

آنکھ کے سپید حصے مین جو عارضے ہین اُنکا نام اور تعداد

آنکھون کے سپید حصے مین گیارہ عارضے رہتے ہین۔ پرستارم۔ شکلارم۔ رکتارم ادھمانسارم۔ آسنایوارم۔ شکت ارجن۔ پنگت۔ شراجال۔ شراپڑکا۔ بلاس گرتھت۔ یہ ملیم کے فسادسے آنکھ کے سپید حصے مین ہوتے ہین

پرستارم آنکھ کے عارضے کی علامتین] آنکھ کے سپید حصے مین گرمی رہے بڑا سیاہ اور سرخ نشان ہو۔

شکلارم روگ کی علامتین] آنکھ کا سپید اور نرم گوشت بڑھے اسکو شکلارم روگ کہتے ہین

رکتارم روگ کی علامتین] آنکھ کے سپید حصے مین کنول کے پھول کے مانند نرم گوشت بڑھے اُس کو رکتارم جانو۔

ادھمانسارم کی علامتین] آنکھ کے سپید حصے مین بڑا نرم اور موٹا نشان ہو اُسکو ادھمانسارم کہتے ہین۔

آسنایوارم نیتر روگ کی علامتین] نیتر کے سفید حصہ مین سخت اور پھیلنے والا خشک مانس بڑھے اُسکو اسنایوارم روگ کہتے ہین۔

شکت روگ کی علامتین] جس آنکھ کے سپید حصے مین سیاہ اور گوشت کے مانند بہت قطرے ہون اُسکو شکت نامی آنکھ کا عارضہ بولتے ہین۔

ارجن روگ کی علامتین] جسکی آنکھ کے سپید حصے مین خرگوش کے خون کے مانند ایک قطرہ ہو اُسکو ارجن نامی آنکھ کا عارضہ بولتے ہین۔

پشٹک آنکھ کے عارضے کی علامتین] جبس آنکھ کے سپید حصّے مین باد اور بلغم کے فساد سے پسے ہوئے آٹے کے مانند گوشت اونچا ہو اُسکو پشٹک جانو۔

شراجال آنکھ کی بیماری کی علامتین] جبس آنکھ کے سپید حصے مین نسون کا مجموعہ سخت اور زرد ہو اور جس سے اُسکو سراجال آنکھ کا عارضہ جانو۔

شراپیڑکا کی علامتین] جبکے آنکھ کے سپید حصّے مین نسون سے ڈھکی ہوئی سپید پھنسیان ہون اُسکو شراپیڑکا آنکھ کی بیماری کہتے ہین۔

بلاس گرتھت آنکھ کی بیماری کی علامتین] جبس آنکھ کے سپید حصّے مین کانسے کے مانند سپید یا کنول کے پھول کے مانند رنگ اور سخت سا نشان ہو اُس کو بلاس گرتھت بولتے ہین۔

آنکھ کے مرم استھان مین اکیس عارضے جو اوپر کی اور نیچے کی پنکھڑی مین رہتے ہین

اوتسنگ پیڑکا۔ کمبھیکا۔ پوتھکی۔ ورتم شرکرا۔ ارشو ورتما۔ شُشکا رش۔ انجن نامکا۔ بہل ورتما۔ بدھ ورتما۔ ورتم بندھ۔ کلشت ورتما۔ ورتم کردم۔ شیاو ورتم۔ پرکلن ورتما۔ اکلن ورتما۔ بات ہت ورتما۔ درکا ربد۔ اسریست مپکھ۔ سوننا رش۔ لگن۔ بس ورتما۔ کنچن۔

اوتسنگ پیڑکا کی علامتین] آنکھون کے ارگ مین پھنسی ہو اور اس پھنسی مین مُنھ ہو وہ پھنسی سُرخ اور بہت اونچی ہو اور خون سے پیدا ہوئی بڑی ہو اور اُس مین کھجلی ہو۔

کمبھیکا پیڑکا کی علامتین] جسکی آنکھ کے ارگ کے آخر مین کمھڑے کے بیج کے مانند پھنسیان ہون اور وہ پھنسیان پھوٹ کر بہا کرین اور کویے مین سوجن ہو۔

پوتھکا آنکھ کے عارضے کی علامتین] جسکے کویے مین سُرخ سرسون کے برابر پھنسیان ہون اور وہ جھڑین اور بہت کھجلی اور درد ہو اُسکو پوتھکا کی پھنسی کہتے ہین۔

ورتم شرکرا پھنسی کے عارضون کی علامتین] جسکے کویے مین ککڑی کے بیج کے مانند پھنسیان ہون اور درد کم ہو اُسکو ورتم شرکرا بولتے ہین۔

ارشو ورتم آنکھ کے عارضے کی علامتین] جو پھنسی چکنی اور سخت ہو اُس کو ارشو ورتم کہتے ہین۔

ششکار رش کی علامتین] جس کی آنکھ کے کوئے مین بڑے بڑے دانے درد سے خوفناک ہون اُسکو ششکار رش جانو۔

انجن نامکا کی علامتین] جسکی آنکھ کے کوئے مین پھنسیان جلن لیے ہون اور سُرخ اور نرم اور چھوٹی ہون اور ان مین کم درد ہو اسکو انجن نامکا پھنسی کہتے ہین۔

پُہل برتما آنکھ کے عارضے کی علامتین] جس کے کوئے مین چارونطرف ایک رنگ کی بہت سی پھنسیان ہون اُسکو پُہل ورتما جانو۔

ورتم بندھ کی علامتین] جسکی آنکھ کے کوئے مین ورم ہو اور اسمین تھوڑی کھجلی ہو اور کچھ درد ہو اور سوجن سے آنکھ رُک جاوے اُسکو ورتم بندھ کہتے ہین۔

کلشٹ ورتما آنکھ کے عارضے کی علامتین] جسکی آنکھ کے کوئے کا ناک یکبارگی سُرخ ہو اور کم درد ہو اسکو کلشٹ ورتما کہتے ہین۔

ورتم کردم کی علامتین] جسکی آنکھ کا مع صفرا کے بدپرہیزی سے خون جل گیا ہو اور آنکھ سے کیچڑ بہت بہے اُسکو ورتم کردم آنکھ کا عارضہ جانو۔

شیاوورتما آنکھ کے عارضے کی علامتین] جس کی آنکھ کے کوئے کے ناک مین اور باہر سیاہ سوجن ہو اور اس ورم مین درد ہو اور کھجلی ہو اور کیچڑ بھی آوے اسکو شیاوورتما کہتے ہین۔

پرکلن ورتما کی علامتین] جس کی آنکھ کے کوئے کے باہر سوجن ہو اور اس مین درد نہ ہو اور کیچڑ بہت آوے اسکو پرکلن ورتما کہتے ہین۔

اکلن ورتما نامے آنکھ کے عارضے کی علامتین] جس کی آنکھ دھونے سے نہ کھلے اور بند رہے اُسکو اکلن ورتما کہتے ہین۔

بات ہت ورتما کی علامتین] جسکی پلک اچھی طرح بند نہ ہون اور کھلی رہین اور درد رہے یا نہ رہے یا ایک بند رہے اسکو بات ہت ورتما کہتے ہین۔

ورتم اربد کی علامتین] جسکی آنکھین اندر کو بیٹھ جاوین اور بادسے یا بھنی دیکھ اجاگر اسکو ورتم اربد آنکھ کا عارضہ بولتے ہین اور اسرت نیکھ بھی اسی کا نام ہے۔

سوتارش کی علامتین] جسکے کوئے کی پلک کی مانگ مین پیدا ہوئی پھنسی کے نرم نرم دانے ہون اُن کے دور کرنے کے لیے باندھکر سود سے وہ دانے بڑھاکرین اُسکو سوتارش کہتے ہین۔

گُکن نامے آنکھ کے عارضے کی علامتین] جسکے آنکھ کے کوئے کی مانگ مین ہیرے کے برابر گانٹھ ہو اور گانٹھ نہ پکے اور سخت ہو اور اُس مین کھجلی ہو اور آنکھون مین سے کیچڑ آوے اُس کو گُکن کہتے ہین۔

بکھ ورتما آنکھ کے عارضے کی علامتین] جسکی آنکھ کے کوئے مین بہت سے سوراخ ہوجاوین اور کوئے کے اوپر سوجن چڑھجاوے اور آنکھون مین بہت سے آنسو آوین اُس کو بکھ ورتما جانو۔

کیچن آنکھ کے عارضے کی علامتین] جس کی راہ کو باد صفرا اور بلغم سکوڑ کے اور کوئے کو آنکھون مین اُٹھنے نہ دے۔ کوئی چیز نظر نہ آوے اُسکو کیچن کہتے ہین صرف اتنے ہی کوئے کے عارضے ہین اور آنکھون کی باچھنی مین دو عارضے ہوتے ہین پچھم کوپ۔ پچھم شانت۔

پچھم کوپ کی علامتین] جسکی کوئے کی باچھنی جاتی رہے یا کوئے مین گھس جاوے یا باچھنی مین بہت کھجلی ہو۔ یہ باد کے فساد سے ہوتا ہے اور بہت دہشتناک ہے اسمین سوجن بھی بہت ہو لاعلاج ہے۔

پچھم شانت کی علامتین] آنکھون کے کوئیون کی باچھنی جاتی رہے اور اس مین کھجلی ہو اور جلتی رہے۔ یہ صفرا کے فساد سے ہوتا ہے۔ یہ آنکھ کے جوڑ مین نو عارضے ہوتے ہین جن کا ذکر ذیل مین ہے۔ پوپالس۔ اوپناہ۔ پنیک سراو۔ کف سراو۔ سنپات سراو۔ رکت سراو۔ پربھنی سراو۔ آلجی۔ جنت گرنتھ۔

پوپالس آنکھ کے جوڑ کی علامتین] آنکھ کے نزدیک پُتلی کے پاس کوئے کے آخر مین جو جوڑ ہے اُسمین درد پیدا ہو اور پک کر اُس مین ورم ظاہر ہو اور اُس مین سے کیچڑ پیپ کے مانند بہت گاڑھا آوے اُسکو پوپالس بولتے ہین۔

اوپناہ آنکھ کے جوڑ کے عارضے کی علامتین] آنکھ کی نظر کی جوڑ مین ٹیڑھی گانٹھ ہوا ور وہ نہ پکے اور اس مین کھجلی آوے اور درد نہ ہو اسکو اوپناہ کہتے ہین۔

پتیک شراد آنکھ کے جوڑ کی علامتین] جسکی آنکھ مین درد بہت ہو اور رونگٹین کھڑے ہوجاوین اور آنکھ مین کھجلی ہو آنکھین کڑوی ہون اور سر گرم رہے اور آنکھ کے جوڑ سے بہت آنسو ہلدی کے مانند زرد ہون اُسکو پتیک شراد کہتے ہین۔

کف شراد آنکھ کے جوڑ کے عارضے کی علامتین] جس کی آنکھ کے جوڑ مین سپید رنگ اور چکنے آنسو آوین اُسکو کف شراد بولتے ہین۔

سنپات شراد کی علامتین] آنکھ کے جوڑ مین ناسور پڑ جاوے اور اس مین بدبو سے پیپ نکلا کرے اُسکو سنپات شراد آنکھ کے جوڑ کا عارضہ بولتے ہین۔

رکت شراد کی علامتین] جسکی آنکھ کے جوڑ مین سے گرم گرم خون بہت نکلے اُس کو رکت شراد آنکھ کی جوڑ کا عارضہ جانو۔

پربنی کی علامتین] جسکی آنکھون کا جوڑ تانبے کے مانند سُرخ ہوجاوے اور باریک ہو اُس مین درد ہو اور ورم گول ہو اُسکو پربنی کہتے ہین۔

الجی آنکھ کے جوڑ کی علامتین] جسکی آنکھ کا جوڑ تانبے کے مانند سُرخ اور باریک ہو اور سوزش اور درد لیے ہو اُسکا ورم گول ہو اُسکو الجی کہتے ہین اسکی اور پربنی کی ایک ہی علامتین ہین۔

جنت گرنتھ آنکھ کے جوڑ کی علامتین] جسکی آنکھ کے جوڑ کی گانٹھ مین کیڑے پڑ جاوین اور اس سے پانی جاتی رہے اور اُس جگہ کھجلی آوے اور اُسکی آنکھون کے جوڑون مین بہت سے باریک سوراخ ہوجاوین اور آنکھون مین زیادہ درد ہو اُس کو جنت گرنتھ بولتے ہین۔ صرف اتنے ہی جوڑ کے عارضے ہین۔

آنکھ کے سب عارضون کی تعداد اور اُنکے نام

بادی کا ابھشیند۔ صفرا کا ابھشیند۔ بلغم کا ابھشیند۔ خون کا ابھشیند۔ بادی کا ادھمنتھ۔ صفرا کا ادھمنتھ۔ بلغم کا ادھمنتھ۔ خون کا ادھمنتھ۔ ششوتھ پاک۔ اشوتھ پاک۔ ہتادھمنتھ۔ بات پریہ

ششد ۔ کشش پاک ۔ انیتو بات ۔ اِل آدھشٹ ۔ سبز وتیات ۔ شر وہرش ۔ اور آنکھوں کی شیامتا ۔ آنکھوں کی تراشتا

آنکھوں کے بادکے ابھکھیند کی علامتیں] جسکی آنکھوں میں زیادہ درد ہو اور رونگیں کھڑے ہو جاویں اور آنکھوں میں کھجلی ہو اور سخت ہو جاویں سر گرم رہے اور آنسو ٹھنڈے گریں تو اُس کو بات ابھکھیند بولتے ہیں اسکو عوام نیتر پیڑا یعنی آنکھوں کا درد کہتے ہیں۔

صفرا کے ابھکھیند کی علامتیں] جس کی آنکھوں میں بہت جلن ہو اور آنکھیں پک جاویں۔ آنکھوں میں ٹھنڈی چیز اچھی معلوم ہو اور دھواں سا نکلے گرم آنسو گریں اور آنکھیں زرد ہو جاویں تو صفرا کا ابھکھیند جانو اسکو عوام میں گرمی سے آنکھ کا درد بولتے ہیں۔

بلغم کے ابھکھیند کی علامتیں] جسکی آنکھ میں گرمی اچھی لگتی ہو اور آنکھیں بھاری ہوں اور اوپر سوجن ہو اور کھجلی آنکھوں میں معلوم ہو اور کیچڑ بہت گرے اور آنکھیں بہت ٹھنڈی رہیں اور بہت کیچڑ ہیں اُسکو بلغم کا ابھکھیند بولتے ہیں۔

خون کے ابھکھیند کی علامتیں] جسکی آنکھوں کے کوئے سُرخ ہوں اور آنکھوں کے آنسو تانبے کے مانند گریں ۔ آنکھوں میں جلن اور ٹھنڈک پسند ہو اُسکو خون کا ابھکھیند جانو۔

بادکے ادھ منتھ جسکو عوام میں بڑا آنکھوں کا درد کہتے ہیں اُس کی علامتیں

جب آنکھ درد کرے اور بدپرہیزی کرے تب آنکھوں میں بہت درد ہو اور ایسے روے چلیں گویا آنکھیں پھوٹی جاتی ہیں۔ آدھا سر نیچے ہو جاوے سر جل اٹھے آنسو ٹھنڈے آویں تو جاننا چاہیئے کہ بادکا ادھ منتھ ہے۔

صفرا کے ادھ منتھ کی علامتیں] جسکی آنکھ میں درد ہوا ہو وہ گرم چیزیں اور کھٹائی وغیرہ استعمال کرکے بدپرہیز ہو تب اُسکی آنکھوں میں بہت روے چلیں گویا آنکھ درد سے پھوٹی جاوے جلن ہو اور پک جاویں اور ٹھنڈی چیزوں کا لگانا اچھا معلوم ہو

آنسو بہین اور زرد آنکھین ہون تو صفرا کا ادہ منتھہ جانو۔

بلغم کے ادھ منتھہ کی علامتین] جسکی آنکھ مین روے بہت چلین گویا آنکھ پھوٹی جاتی ہے اس مین گرم چیزون کا لگنا اچھا معلوم ہو اور آنکھون مین ورم ہو کھجلی آوے اسکو بلغم کا ادھ منتھہ آنکھ کی بیماری جانو۔

خون کے ادھ منتھہ کی علامتین] جسکو آنکھون کی بیماری ہو اور وہ ایسی بد پرہیزی کرے کہ خون بگڑے اسکی آنکھون مین روے بہت چلین گویا آنکھ بیٹھی جاتی ہے اور تانبے کے مانند گرم آنسو گرین اور آنکھین سُرخ ہون اور سوزش ہو ٹپک جاوین تو خون کا ادھ منتھہ جانو۔ یہ بیماری سات روز مین آنکھ کو پھوڑے بادی ادھ منتھہ چھہ دن مین اور صفرا کا ادھ منتھہ جلدی آنکھون کو پھوڑ ڈالتا ہے۔

سشوتھہ پاک آنکھون کی بیماری کی علامتین] جسکی آنکھون سے آنسو آوین اور خارش معلوم ہو اور آنکھین پکے ہوئے گولر کے مانند ٹپک جاوین اور ورم ہو اور آنکھین سُرخ ہون اُسکو سشوتھہ پاک آنکھون کی بیماری جانو۔

اشوتھہ پاک کی علامتین] جسکی آنکھ کے اوپر ورم نہ ہو اور خارش ہو اور پکے ہوئے گولر کے مانند پکجاوے اور آنکھین سُرخ ہون اُسکو اشوتھہ پاک جانو۔

ہتادھ منتھہ کی علامتین] جسکو آنکھون سے نظر نہ آوے اور ان مین درد بہت ہو اور جیسے کنول کا پھول سوکھتا ہے ویسے ہی سوکھے اسکو ہتادھ منتھہ بیماری بولتے ہین۔

بات پریاسے کی علامتین] جسکے ابرو اور آنکھون مین بار بار بہت درد ہو اُسکو بات پریاسے کہتے ہین۔

شُشکاچھہ پاک کی علامتین] جس کی آنکھین بند ہو جاوین اور چلین اور سُرخ ہون اور کچھ بھی تمام نظر نہ آوے اور آنکھین روکھی ہو جاوین اُس کو شُشکاچھہ پاک جانو۔

انیتو بات آنکھ کی بیماری کی علامتین] جسکے کندھے سر داڑھی کان یا ہنو

اور آنکھون مین بادسے بہت درد ہو اسکو ابتیو بات بولتے ہین۔

ملا دھشت آنکھ کی بیماری کی علامتین] جسکی آنکھین سیاہ اور سُرخ ہوکر پک جاوین اور ان مین ورم ہو اور پانی آنکھون سے آوے اُسکو ملا دھشت آنکھ کی بیماری بولتے ہین۔

شرو تپات جسکو عوام مین سبل بایو کہتے ہین اُسکی علامتین] جب تب آنکھون مین درد ہو یا نہ ہو لیکن آنکھون کی نسین چارون طرف تانبے کے مانند سُرخ ہون اُس کو شرو تپات بولتے ہین۔

شرو ہر کھد کی علامتین] جو شخص بیوقوفی سے سبل باے کا علاج نہ کرے اس کی آنکھون سے آنسو بہت گرتے رہین اور اسکو آنکھون سے کچھ بھی نظر نہ آوے۔

آنکھ کی بیماری کی علامتین] آنکھون مین بہت درد ہو اور ان مین سُرخی رہے کھجلی ہو سُول چلے تو جاننا چاہیے کہ ان آنکھون مین بیماری ہے گئی نہین۔

صاف آنکھ کی علامتین] آنکھون مین کچھ درد نہ رہے اور کچھ کھجلی اور ورم نہ ہو اور آنسو وغیرہ نہ آوین آنکھون کی رنگت اچھی ہو اور چیزین باریک بھی درست طور سے نظر آوین تو آنکھون سے بیماری گئی ہوئی جانو اور جب تک آنکھون مین بیماری رہے تب تک مذکورۂ ذیل باتین کرنا چاہیے نہ سرمہ اور کاجل نہ لگا وے کھٹی اور کھٹائی اور تیل گرم چیزین اور پان وغیرہ گرم چیزین اور بھاری غذا نہ کھا وے اور نہانا بھی ترک کر دے۔

سب بیماریون کا عموماً علاج] آنکھون کے مریض کو فاقہ کرا دے اور لیپ دے اور پسینا نکلوا دے اور سر کی نس کی فصد کھلوا دے اور جلاب اور آشچوتن کردم وغیرہ علاج کرے تو آنکھون کے فساد سب دور ہون۔

آنکھون کے درد کا علاج] جس کی آنکھ مین درد ہو اُس کا تین روز تک علاج نہ کرے کیونکہ تین دن تک آنکھین کچی رہتی ہین چوتھے دن پک جاتی ہین تب آنکھون مین انجن وغیرہ کی دوا کرے تو وہ جلد اچھی ہون ہمیشہ اور شرمیشٹ مین تو دو پہر کے

وقت انجن کرنا چاہیئے اور گرمی اور سرد رت میں دوپہر کے پہلے برسا کال میں جب بادل نہ ہوں تب انجن کرنا فائدہ پہونچاتا ہے اور بسنت رت میں ہر وقت انجن کرنا درست ہے اور سرمہ وغیرہ کا انجن کرے تو آنکھوں کے عارضے کبھی نہ ہوں پہلے تو بائیں آنکھ میں انجن کرنا چاہیئے پھر داہنی آنکھ میں یہ عام طریقہ ہے۔

آنکھ کے درد کا لیپ

پوست ہلیلہ۔ سیندھا نمک۔ گیرو۔ رسوت یہ سب برابر لیکر پانی سے باریک پیسکر آنکھوں کے اوپر لیپ کرے تو سب آنکھوں کے عارضے دور ہوں۔ دوسرا لیپ لوہے کے برتن میں لیموں کا رس ڈال کر پھر اس رس کو کچھ گاڑھا کرکے آنکھوں کے اوپر لگادے تو آرام ہو یا افیون ایک ماشہ بھنی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ پٹھانی لودھ ایک ماشہ ان کو نیم کے رس میں باریک پیسکر لوہے کی کڑاہی میں نیم گرم آنکھوں کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کا درد جلد دور ہو۔ یا اصل السوس۔ گیرو۔ سیندھا نمک۔ دار ہلدی رسوت۔ یہ سب برابر لے کر پانی سے باریک پیکر آنکھوں کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کی سب بیماریاں دور ہوں۔

آنکھ کے درد کی پوٹلی۔ پٹھانی لودھ ایک ماشہ بھنی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ۔ رسوت ایک ماشہ۔ اصل السوس ایک ماشہ ان کو باریک پیسکر گوار کے پٹھے کے رس میں یا تو تے کے پانی میں یا پانی میں لیکر انگلی بھر کی پوٹلی بنادے پھر آنکھوں پر بار بار اس کو پھیرے تو آنکھیں اچھی ہوں۔

آنکھوں میں بادسے سول چلتا ہو اسکے آرام ہونے کا سینک

پٹھانی لودھ کو باریک پیس کر کپڑے میں چھانکر گھی میں بھونے پھر اسکو گرم پانی سے سینک کرے تو آنکھیں اچھی ہوں۔

آنکھوں کے آرام کے لیے اس طرح اتنے علاج شارنگ دھر باگ بھٹ سنسکرت زبان کی کتابوں سے لکھے گئے ہیں تو بید مغالطہ میں نہ پڑے

سینک یعنی اشنوتن کرم۔ تپڑا یعنی بندھن آنکھوں کے اوپر لیپ کرنا۔ ترپن یعنی آنکھوں میں

کھی اور رس کا ڈالنا پیٹ پاک ہتن بشتر گرم۔ ان سے آنکھوں کا علاج کرنا چاہیے اور نیٹھ
کے پتے یا جڑ کو اوٹا کر ان کا پانی نکال کر اس پانی کو بکری کے دودھ میں اوٹا وے
جب پانی خشک ہو جاوے اور دودھ رہ جاوے تب اس دودھ کو کچھ گرم کر کے آنکھ
کے اوپر سو مرتبہ تریڑا دے تو بادی آنکھ کا درد اچھا ہو یا دو ماشہ تین تھوڑا سیندھا
نمک ڈال کر گرم کر کے آنکھ کے اوپر تریڑا دے تو بادی آنکھ کی بیماری اچھی
ہو یا زرد چوب والد ہلدی اور سیندھا نمک دودھ میں پکا کر اس دودھ کا آنکھ کے
اوپر تریڑا دے تو آنکھ اچھی ہو۔

آنکھ میں گرمی سے درد ہو اُسکا سینک] پٹھانی لودھ اور اصل السوس کو باریک
پیس کر گھی میں سینکے پھر بکری کے دودھ میں ان کو پکا وے پھر اس دودھ کا آنکھ
کے اوپر تریڑا دے تو گرمی سے آنکھ کا درد دور ہو اور خراب خون سے آنکھوں میں
درد ہو اُسکا بھی یہی علاج ہے۔ یا ترپھلا۔ لودھ۔ ملیٹھی۔ مصری۔ ناگرموتھہ۔ ان کو ٹھنڈے
پانی سے پیس کر آنکھوں پر تریڑا دے تو خون سے دُکھتی ہوئی آنکھوں کو آرام ہو جاوے
یا املی کے پتوں کو کوٹ کر ان میں نمک جو کوٹ اور پھٹکری بریان ان دواؤں کی پوٹلی
بنا کر پانی بھری ہوئی آنکھ پر پھیرے تو دُکھتی ہوئی آنکھ اچھی ہو۔

انجوتن کی ترکیب] انجوتن گرم رات کو کرنا چاہیے آنکھیں کھلی رکھے اس میں دواؤں
کے رس کے آٹھ قطرے ڈالے گرمی میں ٹھنڈا اور جاڑے میں گرم دوا ڈالنی چاہیے
بادی سے آنکھوں میں درد ہو تو گرم دوا ڈالنی واجب ہے۔ بلغم سے آنکھوں میں درد
ہو تو تیکھی چیزوں کا رس اور گرم دوائیں ڈالنا چاہیے۔

باد سے آنکھ میں درد ہو اُسکا لیپ] نیم کے پتوں کا رس پانی میں ڈالکر نکالے
اور اس میں پٹھانی لودھ کو میں کر گرم کرے پھر اسکو آنکھ کے اوپر لیپ کرے۔

خون صفرا اور باد سے آنکھ میں درد ہو اُس کا علاج] عورت کے دودھ کے
آٹھ قطرے ڈالے تو گرمی سے آنکھ کا درد دور ہو یا باد سے آنکھوں میں درد سے جلن
اور علاج سے آرام نہ ہو تو اُس کی پیشانی کی رگ کا خون نکلوا دے یا ابرو کے اوپر

وقت انجن کرنا چاہیئے اور گرمی اور سرد رت مین دو پہر کے پہلے برسات کال مین جب بادل نہ ہون تب انجن کرنا فائدہ پہونچاتا ہے اور بسنت رت مین ہر وقت انجن کرنا درست ہے اور سرمہ وغیرہ کا انجن کرے تو آنکھون کے عارضے کبھی نہ ہون پہلے تو بائین آنکھ مین انجن کرنا چاہیئے پھر داہنی آنکھ مین یہ عام طریقہ ہے۔

آنکھ کے درد کا لیپ

پوست ہلیلہ۔ سیندھا نمک۔ گیرو۔ رسوت یہ سب برابر لیکر پانی سے باریک پیسکر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو سب آنکھون کے عارضے دور ہون۔ دوسرا لیپ لوہے کے برتن مین لیمو کا رس ڈال کر پھر اس رس کو کچھ گاڑھا کرکے آنکھون کے اوپر لگا دے تو آرام ہو یا افیون ایک ماشہ بھنی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ پٹھانی لودھ ایک ماشہ ان کو نیم کے رس مین باریک پیسکر لوہے کی کڑاہی مین نیم گرم آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کا درد جلد دور ہو۔ یا اصل السوس۔ گیرو۔ سیندھا نمک۔ دارہلدی رسوت۔ یہ سب برابر لے کر پانی سے باریک پیکر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کی سب بیماریان دور ہون۔

آنکھ کے درد کی پوٹلی پٹھانی لودھ ایک ماشہ بھنی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ۔ رسوت ایک ماشہ۔ اصل السوس ایک ماشہ ان کو باریک پیسکر گوار کے پٹھے کے رس مین یا پوست کے پانی مین یا پانی مین لیکا انبھر کی پوٹلی بنا دے پھر آنکھون پہ بار بار اس کو پھیرے تو آنکھین اچھی ہون۔

آنکھون مین بادسے سول چلتا ہو اسکے آرام ہونے کا سینک

پٹھانی لودھ کو باریک پیس کر کپڑے مین چھانکر گھی مین بھونے پھر اسکو گرم پانی سے سینک کرے تو آنکھین اچھی ہون۔

آنکھون کے آرام کے لیے اس طرح اتنے علاج شارنگ دھر باگ بھٹ سنسکرت زبان کی کتابون سے لکھے گئے ہین تو بید مغالطہ مین نہ پڑے

سینک۔ اشچوتن کرم۔ پگیرا۔ انجن آنکھون کے اوپر لیپ کرنا۔ ترپن یعنی آنکھون مین

آنکھیں اور دل کا ڈانا نیٹ پاک اچھی۔ شتر گرم۔ ان سے آنکھوں کا علاج کرنا چاہیے اور ارنڈ کے پتے یا جڑ کو ڈنا کر ان کا پانی نکال کر اس پانی کو بکری کے دودھ میں اوٹا دے جب پانی خشک ہو جاوے اور دودھ رہجا وے تب اس دودھ کو کچھ گرم کرکے آنکھ کے اوپر سو مرتبہ تریڑا دے تو بادی آنکھ کا درد اچھا ہو یا دودھ میں تھوڑا سینڈھا نمک ڈال کر گرم کرکے آنکھ کے اوپر تریڑا دے تو بادی آنکھ کی بیماری اچھی ہو یا زرد چوب دار ہلدی اور سینڈھا نمک دودھ میں پکا کر اس دودھ کا آنکھ کے اوپر تریڑا دے تو آنکھ اچھی ہو۔

آنکھ میں گرمی سے درد ہو اُسکا سینک] پٹھانی لودھ اور اصل السوس کو باریک پیس کر گھی میں سینکے پھر بکری کے دودھ میں ان کو پکاوے پھر اس دودھ کا آنکھ کے اوپر تریڑا دے تو گرمی سے آنکھ کا درد دور ہو اور خراب خون سے آنکھوں میں درد ہو اُسکا بھی یہی علاج ہے۔ یا ترپھلا۔ لودھ۔ ملیٹھی۔ مصری۔ ناگرموتھ۔ ان کو ٹھنڈے پانی سے پیس کر آنکھوں پر تریڑا دے تو خون سے دُکھتی ہوئی آنکھوں کو آرام ہو جاوے یا املی کے پتوں کو کوٹ کر افیون لونگ جو کوٹ اور پھٹکری بریان ان دواؤں کی پوٹلی بنا کر پانی بھری ہوئی آنکھ پر پھیرے تو دُکھتی ہوئی آنکھ اچھی ہو۔

انجوتن کی ترکیب] انجوتن گرم رات کو کرنا چاہیے آنکھیں کھلی رکھے اس میں دواؤں کے رس کے آٹھ قطرے ڈالے گرمی میں ٹھنڈا اور جاڑے میں گرم دوا ڈالنے چاہئے بادی سے آنکھوں میں درد ہو تو گرم دوا ڈالنی واجب ہے۔ بلغم سے آنکھوں میں درد ہو تو تیکھی چیزوں کا رس اور گرم دوائیں ڈالنا چاہیئے۔

بادسے آنکھ میں درد ہو اُسکا لیپ] نیم کے پتوں کا رس پانی میں ڈالکر نکالے اور اس میں پٹھانی لودھ کو پیسکر گرم کرے پھر اسکو آنکھ کے اوپر لیپ کرے۔

خون صفرا اور باد سے آنکھ میں درد ہو اُس کا علاج] عورت کے دودھ کے آٹھ قطرے ڈالے تو گرمی سے آنکھ کا درد دور ہو یا باد سے آنکھوں میں درد ہو اور علاج سے آرام نہ ہو تو اُس کی پیشانی کی رگ کا خون نکلوا دے یا ابرو کے اوپر

داغ و سے تو روسے اچھے ہون یا سنبھٔ کے پتون کی پنڈی یا نیم کے پتون کی پنڈی آنکھ کے اوپر باندھے تو روسے دور ہون ۔

گرمی سے آنکھ مین روسے چلین اُسکا علاج] آنولے کو پانی سے پیسکر اس کی پنڈی باندھے ۔ یا بکائن کے پتون کی پنڈی باندھے تو گرمی سے پیدا ہوسے آنکھون کے روسے دور ہون یا ترپھیلہ اور دودھ کو کانجی سے پانی مین پیسکر گھی مین تلے پھر اُس کی پنڈی باندھے تو گرمی اور بلغم کی آنکھون کے روسے دور ہون جو آنکھون مین روسے اور سوجن اور کھجلی ہو تو ہنجیل نیم کے پتے اور ان مین تھوڑا سا سیندھا نمک ملاکر باریک پیس کر ان کی پنڈی آنکھون مین باندھے تو جلد آرام ہو ۔

آنکھ کی گہانی کا علاج] آنکھ کی گہانی کو گھی سے سینک کر پھر اُس گہانی کو نشتر سے چاک کرے اس کے اوپر ہرتال تگر اور سیندھا نمک یہ سب برابر لیکر ان کو شہد سے باریک لیپ کرے تو گہانی دور ہو ۔

آنکھ کے دُکھنے کے لیے ترپن کی ترکیب] جس جگہ ہوا نہ آتی ہو وہان بیمار کو سیدھا سلانا چاہیے اُس کی آنکھ کے اوپر چوگرد باریک پسا ہوا ماش کا آٹا پانی مین ملاکر اُس کی دو انگل کی پالی بنانی چاہیے پھر اس مین تھوڑا سا گھی گرم کرکے یا سو مرتبہ کا دھویا ہوا گھی یا دودھ سکے تو آنکھون کی بیماریان یا کھجلاین یا بگڑی جاتی رہے ۔ آنکھین اچھی طرح نہ کھلین ترمیتی اندھیرا نظر آوسے پھولا دیرمیر بادی روسے یہ سب اس ترپن سے دور ہوتے ہین یہ ترپن جبکہ بادل ہون یا گرمی یا فکر اور شک مین نہ کرنا چاہیے ۔

آنکھون کا انجن

سنکھ کی ناف ۔ بہیڑے کی مینگی ۔ ہڑکی مینگی ۔ منشل ۔ پیپل ۔ کوٹ اور بچ ساسانی نچایہ سب برابر لیکر بکری کے دودھ مین باریک پیسکر انجن کرے تو پھولا تمر جو آنکھون مین فاضل گوشت بڑھتا ہو ۔ آنکھون مین کانچ آگئی ہو اور ورتو تمری اور سب بیماریون کو یہ انجن دفعہ کرتا ہے اس کا نام چندرودے گٹکا ہے ۔

لیکھنی گٹکا] کنگھی کے بیجون کو باریک پیسکر اس میں ڈھاک کے پھول کے رس کی

بہت سی بیٹین دے پھر اسکی گولی بناوے جب سوکھ جاوے تب پانی مین گھس کر انجن کرے تو پھولا وغیرہ سب بیماریون کو دور کرے سوگر گاے بکری. گھوڑا اور گدھے کے دانت سنگھ. ثابت مروارید ناسفتہ. سمندر پھین یہ سب برابر لے کر ان کو باریک پیسکر ان کا انجن کرے تو سب قسم کی پھلی دور ہون. یا کنول گٹہ. تخم سہجنہ. ناگ کیسر کو باریک پیسکر انجن کرے تو بہت نیند آتی ہو وہ دور ہو اسکا نام نیندناسک انجن ہے۔

روپنی گٹکا] تلون کے پھول اسی عدد. پیپل کے بیج ساٹھ عدد. چمبیلی کے پھول پچاس عدد. فلفل سیاہ سولہ عدد ان کو باریک پیسکر گولی بنا رکھے ایک گولی کو گھس کر انجن کرے تو تمام طرح کی آنکھون کی بیماریان دور ہون۔

سینہہ کی گٹکا] رسوت دونون ہلدی چمبیلی کے پھول یا برگ نیم ان کو باریک پیس کر گوبر کے رس سے انجن کرے تو رتوندھی دور ہو یا آنولہ کے بیج. بہیڑہ کے بیج. ہڑ کے بیج. انھین باریک پیسکر انجن کرے تو آنکھون کے پانی کو اور بادی خونی بیماریون کو یہ انجن دور کرتا ہے یا نیلا تھوتھہ. سونا مکھی. سیندھا نمک. مصری. سنکھ کی نابت. مینسل گیرو سمندر پھین. فلفل سیاہ. یہ سب برابر لیکر شہد سے ان کو باریک پیسکر انجن کرے تو تمام آنکھون کا پھولا اور کانچ کو یہ دور کرتا ہے۔

پھولی کے دور ہونے کا انجن] مجیٹھا. کافور کو برگد کے دودھ میں دو ماشہ تک انجن کرے تو پھولا دور ہو۔

نیند دور کرنے والا انجن] فلفل سیاہ کو باریک پیسکر گھوڑے کے لعاب سے یا شہد سے انجن کرے تو نیند جاتی رہے۔

غنودگی کے دور ہونے کا انجن] مونگا. کالی مرچ. کنگنی. بیچ. سیندھا نمک یہ سب برابر لیکر ان کو بچھڑے کے پیشاب مین گھس کر انجن کرے تو غنودگی دور ہو۔

رس انجن گٹکا] رسوت. رال. چمبیلی کے پھول. مینسل. سمندر پھین. سیندھا نمک. گیرو. کالی مرچ. یہ سب برابر لے کر ان کو باریک پیسکر شہد مین انجن کرے تو آنکھون کی خارش یا جو بگڑی جاتی رہی ہو اسکو اچھا کرے۔

موتیا بند کے دور ہونے کا انجن] گلو کا رس ڈھائی درم شہد ایک ماشہ سیندھا نمک ایک ماشہ ان سب کو اکٹھا باریک پیسکر انجن کرے تو تمر اور دھوند وغیرہ سب بیماریاں دور ہوں یا پنج سانٹھی کو عورت کے دودھ میں گھسکر انجن کرے تو آنکھوں کا پانی بند ہو یا پنج سانٹھی کو تل سے رگڑکر انجن کرے تو پھولا دور ہو اور سانٹھی کی جڑ کو تیل سے گھس کر انجن کرے تو تمر دور ہو اور سانٹھی کی جڑ کو کانجی سے انجن کرے تو رتوندھی دور ہو۔

آنکھوں سے پانی گرے اُسکے دور ہونے کا انجن] ببول کے پتوں کا کاڑھا کرکے رس نکالے اور اس رس کو کاڑھا کرکے اس میں شہد ملاکر انجن کرے تو آنکھوں سے پانی گرنا بند ہو۔ یا زرملی کے پھل کو پانی میں گھسکر انجن کرے تو آنکھوں کا پانی بند ہو اور زرملی کے پھل کو شہد میں گھس کر اُس میں تھوڑا سا کافور ملاکر انجن کرے تو آنکھیں صاف ہوں۔

آنکھوں میں موتیا بند کانچ وغیرہ سے نظر نہ آوے اُسکے اچھے ہونے کا انجن

کالے سانپ کے گوشت کا روغن اور سنکھ کی ناف اور زرملی کو باریک پیسکر آنکھوں میں انجن کرے تو موتیا بند وغیرہ سب عارضے آنکھوں کے دور ہوں اور اس سے نظر آنے لگے۔ یا مرغی کے بیضے کا پوست مینسل۔ کانچ۔ سنکھ کی ناف۔ صندل سُرخ سیندھا نمک یہ سب برابر لے کر ان کو باریک پیسکر انجن کرے تو موتیا بند اور پھولا وغیرہ آنکھوں کی بیماریاں دور ہوں۔

آنکھوں کی سب بیماریوں کے دور ہونے کا انجن

مرچ سیاہ دو ماشہ۔ پیپل دو ماشہ۔ سمندر پھین دو ماشہ۔ سیندھا نمک دو ماشہ گیرو پچیس ماشہ ان کو باریک پیسکر چترا نچھتر کے دن اس کا انجن کرے تو پھولا اور ڈھلکی کانچ وغیرہ سب آنکھوں کی بیماریاں دور ہوں یا کھاپری کو باریک پیسکر اسکو پانی میں ڈبو دے پھر اسکا پانی لیکر جدا رکھے اور برابر پانی کے اور اس کھاپری کے پانی کو جدا برتن میں سکھا رکھے پھر اسکی باڑی بنائے پھر اس باڑی کو ترپھلے کے رس کی تین پُٹ

دے پھر اس باڑی کا دسواں حصہ کافور ملا دے پھر اسکو باریک پیسکر انجن کرے تو آنکھوں کی سب بیماریاں دور ہوں۔

[آنکھوں کی بیماریوں کے دور ہونے کا علاج] سرمے کو آگ سے گرم کرکے تریھلا کے رس میں سات مرتبہ ڈبو دے پھر اسی طرح عورت کے دودھ میں سات مرتبہ ڈبو دے اسی طرح گائے کے پیشاب میں بھی بار بار گرم کرکے ڈبو دے پھر عورت کے دودھ میں پانچ مرتبہ ڈبو دے پھر اسکو باریک پیسکر انجن کرے تو آنکھوں کی سب بیماریاں دور ہوں۔

آنکھوں کی نظر تیز کرنے والی سلائی

سیسہ کو آگ میں گلاکر تریھلے کے رس میں سو مرتبہ ڈبو دے پھر اسی طرح جل بھانگرے کے رس میں پچاس مرتبہ ڈبو دے اسی طرح سونٹھ کے رس میں پچاس بار ڈبو دے اسی طرح گھی میں پچاس بار ڈبو دے اور گائے کے پیشاب میں پچیس مرتبہ ڈبو دے پھر شہد میں پچیس مرتبہ ڈبو دے پھر بکری کے دودھ میں پچیس مرتبہ ڈبو کر سیسے کی سلائی بنوالے اور سلائی کو آنکھوں میں پھیرے تو آنکھوں کی سب طرح کی بیماریاں دور ہوں۔

[نینامرت انجن] صاف کیے ہوئے سیسے کو گلاکر اسی کے برابر اس میں پارہ ملاکر پھر سرمہ اور سیسہ پارہ کے برابر ملاکر ان سب کا دسواں حصہ بھیم سینی کافور ڈالے پھر ان سب کو پیسکر انجن کرے تو آنکھوں کے سب فساد دور ہوں۔

سانپ وغیرہ کے زہر کے دور ہونے کا انجن

جمالگوٹے کی گٹھلی نیمبو کے رس کی اکیس پٹ دے پھر اس کی گولی کو آدمی کے لعاب میں گھس کر انجن کرے تو سانپ وغیرہ کا زہر دور ہو اس سے مرا ہوا آدمی بھی زندہ ہو جاتا ہے۔ یہ سب نسخے سارنگدھر میں لکھے ہیں۔

آنکھوں کے دکھنے کے آرام ہونے کا شاہ حضوری کا بتایا ہوا نسخہ

عطار کی دواز نگی پھراق دعنوں کو پانی میں گھس کر آنکھوں کے چوگرد لیپ کرے تو

بادصفرا اور بلغم کے آزاروں میں اگر کسی فساد سے آنکھ دکھتی ہو جلد آرام ہو۔ یہ نسخہ آزمایا ہوا ہے۔

بانگ بھٹ کتاب کے موافق موتیا بند کا علاج

پکے موتیا بند کا جالا سلائی سے اتارنا چاہیے پکے ہوئے کا جالا اتارنا لازم ہے۔ پکے ہوئے موتیا بند کی علامتیں] آنکھ کے تل کے اوپر دہی یا مٹھے کی طرح قطرہ آجاوے اور اس کو کچھ بھی نظر نہ آوے اور اس آنکھ میں درد وغیرہ کچھ نہ ہو سلائی وغیرہ سے اسکا جالا اتارے اور راستے بیماروں کا جالا نہ اتارنا چاہیے پینس کے مریض کا یا جسکے کان اور آنکھوں میں سول چلے اور ساون اور کاتک اور چیت کے مہینے میں جالا نہ اتارنا چاہیئے اور معتدل وقت ہو تو جلاب وغیرہ دیکر بدن کو صاف کرکے اور غذا کھلا کر اچھی جگہ بٹھا وے کہ جہان پر ہوا وغیرہ نہ ہو دوپہر کے پہلے آنکھ کی بیماری کے دور کرنے والے عقلمند اور ہوشیار بید کے پاس آنکھ کا جالا سلائی سے نکلوا وے اور بیمار کو پالتھی مار کر بٹھا وے اور بیمار کے پیچھے کسی ہوشیار تجربہ کار آدمی کو بٹھا وے وہ آدمی دونوں ہاتھوں سے بیمار کو پکڑے ہلنے نہ دے پھر اسکی آنکھ میں بید سلائی ڈالے اور بہت ہوشیاری سے اسکی آنکھ میں سلائی پھیرے آنکھ کے جڑ میں جالے کو پھوڑ سب آنکھ کے جالے کو دور کرے اس جالے میں سے آنکھ کے تل کے اوپر کا وہ فاسد قطرہ دھل پڑے تب اس آدمی کو سب رنگ درست نظر آویں سلائی کے پھیرنے سے پہلے آنکھ کو منہ کی بھاپ سے پھونک دے کہ اس میں نمی آجاوے اور بید اپنے انگوٹھے سے اس بیمار کی آنکھ کو مسل کر نرم کرے پھر سلائی سے جالا نکالے پھیکی اپنا ہاتھ اور طرح ہلنے نہ دے اس طرح سے آنکھ کا جالا لے پھر بیمار کو اچھی اچھی باتوں سے خوش کرکے اسکے بعد اس بیمار کی آنکھ کے اوپر گھی کا پھایا باندھے اور اس بیمار کو سیدھا سلا کر ایسی جگہ میں جہان ہوا اور پکا دھواں وغیرہ نہ ہو اور بیمار کے سر وغیرہ بدن نہ ہلنے دیوے اور بیمار کو چھینک کھانسی ڈکار تھوکنا اور بہت پانی پینا مسواک نہانا ریاضت یا محنت وغیرہ کام نہ کرنے دے اور اس بیمار کو الٹا سونے نہ دے اور بہت ہلکی غذا کھلاوے اور گھی وغیرہ بھاری چیزیں کھانے نہ دے یہ طریقہ سات روز مستعمل رکھے

پھر کچھ گھی ڈال کر پتلا غلہ کا حریرہ کھلا دے پھر بادی کی دور کرنیوالی مصری وغیرہ کی چیزین کھلا دے اور کچھ بدپرہیزی نہ کرنے دے اور ہوا انزانی چیز اور باریک چیز وغیرہ کو نہ دیکھے جس سے آنکھون مین ٹھنڈک ہو ایسی دوب وغیرہ چیزین دیکھنے دے تو موتیا بند وغیرہ آنکھون کی سب بیماریان دور ہون ٹھنڈا چشمہ لگا دے تو یہ بیماری بھی نہ ہو۔

پانڈر ونگ کے دور ہونے کا انجن] ہینگ کو ڈھنگھل کے رس مین گھس کر آنکھون مین انجن کرے تو پانڈر ونگ یعنی پیلیا دور ہو۔

نارائن انجن

تلسی اور تلسی کے پتون کا رس برابر لے کر دونون کو کانسے کے برتن مین ڈال کر دونون کے برابر عورت کا دودھ ڈالے پھر ان تینون کا کچیل کے گھوٹنے سے رگڑے پھر کانسے ہی کے برتن مین تانبے کے گھوٹنے سے دو پہر رگڑ کر اس کا انجن کرے تو آنکھون کی ٹیس اور آنکھون کا پکنا جلد دور ہو۔

نین امرت گٹکا

زنجبیل۔ پوست ہلیلہ۔ کلتھ۔ کھاپرہ۔ پھٹکری۔ سازو یہ سب برابر لے کر اور بھیم سینی کافور مشک کستوری۔ مروارید ناسفتہ۔ یہ ایک دوا سے وزن مین آدھی آدھی لے پھر ان سب کو کھرل مین باریک پیسکر نیم کے رس مین پانچ روز کھرل کرے پھر گولیان بنا کر ایک گولی گھسکر انجن کرے تو تمر دور ہو اور اس گولی کو عورت کے دودھ مین گھسکر انجن کرے تو پھولا اور کھجلی کے عارضے دور ہون اور شہد سے انجن کرنے تو آنکھون سے پانی گرنا بند ہو جوگا سے کے پیشاب سے انجن کرنے تو رتوندھی دور ہو اور کیلے کے رس مین انجن کرے تو آنکھون کا گوشت بڑھنا دور ہو۔

آنکھون کی بابھنی جاتی رہی ہو اُسکے آنے کا انجن] آندھی جھاڑہ یعنی اپامارگ کے پتون کو گاے کے پیشاب مین پیسکر اس سے آدھا کھاپرہ لیکر ان دونون کو کھرل مین پیسے پھر ان دونون کے بیچ مین جست کا باریک پتر رکھے اور پھر وٹی کر کے گھٹکا کر اسنے اُپلے مین پچپٹ ملہ

ملہ یہ ایک ترکیب ہے کہ ایک ہاتھ کا چار بالظرف گڑھا کھود کر جنگلی کنڈون کی آگ مین کسی ظرف دوا رکھکر پھونک دیتے ہین ۱۲

کی آگ میں پھونکدے جب ٹھنڈا ہو جائے تو نکالے اور باریک پیسکر انجن کرے تو آنکھوں کی پھلی پھٹی آوے۔

سیتلا پھلی کے دور ہونے کا انجن] گدھے کی داڑھ پیسکر انجن کرے تو سیتلا کی پھلی اچھی ہو۔

سُنبل باسے کے دور ہونے کا انجن] آنولاسار گندھک سے تانبے کے کشتہ کو باریک پیسکر انجن کرے تو سُنبل باسے اور پھلی وغیرہ آنکھ کے سب عارضے دور ہوں یہ سب بیدرہس میں لکھے ہیں۔

پھلی اور دُھندھ کے دور ہونے کا علاج] نیلا تھوتھا پانچدرم بھُنی ہوئی پھٹکری پانچدرم۔ بھگوئے ہوئے پیپل کے بیج پانچدرم مصری پانچ ماشہ۔ انکو باریک پیسکر حل کرکے آنکھوں میں انجن کرے تو پھلی اور دھندھ سب دور ہوں۔

چندرودے گٹکا

بہیڑہ کی مینگی۔ پوست ہلیلہ۔ مینسل۔ پیپل۔ مرچ۔ کوٹ اور خراسانی بچ کو برابر لیکر بکری کے دودھ میں باریک پیسکر گولیاں بنا وے پھر ایک گولی کو گھس کر انجن کرے تو تمر۔ آنکھ کا گوشت بڑھنا۔ پھلی۔ کانچ۔ رتوندھی اور پھولا وغیرہ سب بیماریاں دور ہوں۔

چندر پربھا گٹکا

زرد چوب۔ برگ نیم۔ پیپل۔ فلفل سیاہ۔ باے بڑنگ۔ ناگر موتھہ۔ پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لے اور باریک پیسکر بکری کے پیشاب میں تین روز کھرل کرے پھر اس کی گولی بناکر سایہ میں سکھلاوے پھر اس کی گولی کو گائے کے پیشاب میں گھس کر انجن کرے تو اندھیائی کو دور کرے۔ پانی سے گھسکر انجن کرے تو آنکھ کی کانچ کو دور کرے اگر شہد سے گھس کر انجن کرے تو پھلی کے عارضے کو دور کرے۔ عورت کے دودھ سے گھسکر انجن کرے تو پھلی کو دور کرتا ہے۔

دوا دش امرت ہرتیکی] پوست ہلیلہ ایک حصہ۔ پوست بہیڑہ دو حصہ۔ آملہ چار حصہ۔

چھتا ورہ تولہ۔ ملیٹھی دو درم۔ ریچ دو درم۔ سپید کتھا پانچ درم۔ پیپل پانچ درم۔ ان سب کے برابر مصری لیکر پھر ان کو باریک پیسکر دو درم گھی اور شہد کے ساتھ دم تنجاس دن تک ہر روز کھاوے تو تمر پھلی کا نچ اور رتوندھی پھولا اور آنکھ سے پانی گرنا سبل بانسے وغیرہ سب عارضے دور ہوں۔

ترپھلا دگھرت

ترپھلے کا رس ایک ثار جل بھانگرے کا رس ایک ثار ادوسہ کا رس ایک ثار چھتاور کا رس ایک ثار۔ بکری کا دودھ ایک ثار۔ گلو کا رس ایک ثار آملہ کا رس ایک ثار کنول گٹہ۔ ملیٹھی ترپھلا پیپل۔ دالکھ۔ مصری کیتلی ان سب کا رس آدھ سیر ان میں گاے کا گھی پختہ ۴ ثار ڈال کر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل کر جم جاویں اور صرف گھی رہ جاوے تب اس گھی کو چار تولہ بھر ہر روز کھاوے تو آنکھ کا تمر کانچ پھولا سبل بانسے وغیرہ سب عارضے دور ہوں اسکا نام مہاتر پھلا دگھرت ہے۔

گرمی کے فساد کے دور ہونے کا انجن یا لیپ آنکھ دکھنے آوے یا سوجن ہو تو آنکھ میں انجن یا لیپ کرنے سے آرام ہو۔ سپیدہ مصفا دس ماشہ اس کے صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ سپیدے کو باریک پیسکر چینی کے برتن میں بہت پانی سے دھووے جب سپیدا نیچے کو بیٹھ جاوے تب اسکا پانی نکال ڈالے اسطرح تین مرتبہ کرنا چاہیئے پھر عطار کی انزروت دوا تین ماشہ لے اسکے صاف کرنے کی ترکیب انزروت کو باریک پیسکر جس عورت کے لڑکی پیدا ہوئی ہو اسکا دودھ دے کر اس میں اتنا ملاوے کہ اس میں آٹھ پہر میں خشک ہو جاوے اس طرح پانچ پٹ دے کر پھٹکری ایک ماشہ کافور بھیم سینی ۴ رتی۔ عطار کی نسوت دوا دو ماشہ۔ سپید گوند ایک ماشہ کے اندازے کے موافق سب دوا جمع کر کے گلاب میں حل کر کے بیر کے برابر گولی باندھے پھر گلاب کے پانی میں یا خالی پانی میں گھس کر انجن یا لیپ کرے تو گرمی کے فساد دور ہوں۔

کان کے عارضوں کی پیدایش علامت اور علاج

سشرت نامی کتاب میں کان کے اٹھائیس ۲۸ عارضے لکھے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

کرن شول۔ کرن ناد۔ بہراپن۔ کرن چھوڈ۔ کرن شراو۔ کرن کنڈو۔ کرن گوتھ۔ کرن پرتناہ۔
کرم کرن۔ ضرب سے کان میں زخم ہو۔ فسادوں سے کان میں زخم ہو۔ کان پک جاوے۔
پوت کرن۔ بادکا کان کا ورم۔ صفرا کا کان کا ورم۔ بلغم کا کان کا ورم۔ خون کا کان کا ورم۔
بادکا کرن سوتھ۔ صفرا کا کرن سوتھ۔ بلغم کا کرن سوتھ۔ خون کا کرن سوتھ۔ بادکا کرن اربد۔
صفرا کا کرن اربد۔ بلغم کا کرن اربد۔ خون کا کرن اربد۔ گوشت کا کرن اربد۔ چربی کا کرن اربد۔
تسوں کا کرن اربد۔ اور چرک میں بناگوش کے لئے چار اور زیادہ بیماریاں ہیں۔ اوتپات۔
رادونشھاک۔ دکھ بردھن۔ پرلیہن۔

کرن شول کی علامتیں] جسکے کان میں ہوا دھنس جاوے اور وہ فاسد ہو تو کان میں بہت ٹیس پیدا کرے اسکو کرن شول کہتے ہیں۔

کرن ناد کی علامتیں] جسکے کان کے سوراخ میں ہوا دھنس جاوے اور وہ فاسد ہو تب اُس شخص کے کان میں مردنگ اور سنکھ وغیرہ باجوں کی آواز ہو اُسکو کرن ناد کہتے ہیں۔

بدھر یعنی بہرے پن کی علامتیں] جو کان کے سوراخ میں مع بادکے بلغم دھنس کر اُس میں بیٹھ رہے تو اُس شخص کو بہرا کر دے۔

لاعلاج بہرے پن کی علامتیں] لڑکا یا بوڑھا اور بہت دن کا بہرا ہو تو وہ اچھا نہ ہو۔

کرن چھوڈ کی علامتیں] جسکے کان میں باد صفرا بلغم دھنس جاوے اور اُس کے کان میں بانس کے پھٹنے کی سی آواز ہو اُسکو کرن چھوڈ جانو۔

کرن شراو کی علامتیں] جو سر میں ضرب لگی ہو یا کان میں پانی بھر گیا ہو تو کان میں سے پیپ بہا کرے اُسکو کرن شراو کہتے ہیں۔

کرن کنڈو کی علامتیں] جسکے کان میں مع بلغم کے باد دھنسے اُس کان میں کھجلی آوے اُسکو کرن کنڈو جانو۔

کرن گوتھ کی علامتیں] جسکے کان میں صفرا کی گرمی دھنس جاوے اور بلغم کو خشک کرے اُسکے کان میں سے بہت پانی بہے اُسکو کرن گوتھ بولتے ہیں۔

کرن پرتناد کی علامتیں] وہ کرن گوتھ چتلا پڑجا وے۔ پھر وہ ناک میں پہونچے اُسکو کرن پرتناد بولتے ہیں۔

کرم کرن کی علامتیں] جسکے کان میں پتنگ یا کھنکھجورہ وغیرہ کوئی جانور گھس جاوے اور اُس کے کان میں پھڑپھڑاوے اور اُس شخص کو بہت دق کرے اور درد کرے اور درد وغیرہ جلتے رہیں اُسکو کرم کرن کہتے ہیں۔

کرن بدردھ کی علامتیں] یہ دو قسم کی پھنسیاں ہیں ایک تو کان میں چوٹ لگنے سے صورت زخم نمودار ہو اور ایک فساد سے کان میں زخم پڑجاوے پھر اس کان سے خون پیپ وغیرہ سب نکلے اور کان میں جلن وغیرہ سب رہے اُس کو کرن بدردھ بولتے ہیں۔

کرن پاک کی علامتیں] جس کا کان صفرا سے پک جاوے اور کان میں سے کاڑھے کے مانند پیپ نکلے اُسکو کرن پاک کہتے ہیں۔

پوت کرن کی علامتیں] جسکے کان میں زخم پڑیں پھر اُس کے کان سے پانی گر اکرے اور اُس میں پیپ بھی پڑے اُسکو پوت کرن کہتے ہیں۔ یا باد صفرا بلغم یا خون جو ہو تو ان کی علامتوں سے جانو اور باد صفرا بلغم اور خون کے سبب سے مسے کی صورت کان میں ارش پیدا ہوتا ہے اس کو باد وغیرہ سے جان لینا اور کان میں باد صفرا بلغم خون گوشت چربی نسیں یہ ساتوں ہی ایک اربد نامی عارضہ گانٹھ کی صورت ہوتا ہے اُسکو بھی پیدا کرتا ہے اُسکی بھی علامتیں اربد کے عارضے میں کہی ہیں وہ دیکھ لینا یہ سب اٹھائیس عارضے ہیں۔ چرک کی رائے ہے کان کے تنجے بادی صفراوی بلغمی سنپات کی چار بیماریاں ہیں۔

کان کی بناگوش میں پانچ بیماریاں رہتی ہیں اُنکی اور پرپوٹک کی علامتیں

کان کی بناگوش بہت نرم ہوتی ہے اُسکو بڑھایا کرے تو اُس میں ورم پیدا ہوا درد رہے اُسکو پرپوٹک کہتے ہیں۔

اوتپات کی علامتیں] کان کی بناگوش میں بھاری زیور پہننے اس سے یا کسی طرح کھینچنے سے اوپر ورم اور اُس میں جلن اور درد ہو اُسکو اوتپات کہتے ہیں۔

اونُتھک کی علامتین] جو کان کی بناگوش کو پیچھے سے بڑھایا چاہے تب وہان بادِ فاسد ہو کر مع بلغم کے ورم پیدا کرے اور وہان کھجلی معلوم ہو۔

دُکھ بردھن کی علامتین] جس کے کان کا بناگوش آزار یا تکلیف سے بندھ گئی ہو اور وہان جلن ہو اور پک جاوے اُس کو دُکھ بردھن جانو۔

پرلیہن کی علامتین] جس کے کان کی بناگوش کے اوپر بلغم خون کے فساد سے سرسون کی برابر پھنسیان ہون اور اس جگہ کھجل ہو اور جلن پیدا ہو اور پک جاوے اُس کو پرلیہن بولتے ہین۔

کان کی بیماریون کا عـــلاج

ادرک کا رس۔ شہد۔ سیندھا نمک اور تیل کو جمع کر کے اور گرم کر کے کان مین ڈالے تو کان کا درد اور کرن ناد یعنی کان مین آواز ہونا اور بہرا پن اور کرن پھوڑیہ سب دور ہون یا لہسن ادرک اور سہنجنا کی جڑ اور کیلے کے رس کو گرم کر کے کان مین ڈالے تو کان کا درد وغیرہ کان کی بیماریان دور ہون۔

کان کے سول دور ہونے کا علاج] آک یعنی مدار کے نرم پتون کو کھٹائی سے باریک پیس کر رس نکالے اور اس مین تیل اور نمک ڈالے پھر اسکو تھوہڑ کی لکڑی مین بھرے پھر اس لکڑی مین کپڑ مٹی کر کے اُسکو پٹ پاک کر کے رس نکالے پھر اس رس کو تھوڑا گرم کان مین ڈالے تو کان کی سول جاوے یا آک کے پتون مین گھی لگا کر آگ سے گرم کر کے اُسکا رس نکالے پھر اُس رس کو گرم کر کے کان مین ڈالے تو سول دور ہو۔ یا بکرے کے پیشاب مین سیندھا نمک ڈال کر تھوڑا گرم کر کے کان مین ڈالے تو کان کا درد دور ہو یا ارلو کی جڑ کے رس مین نرم آنچ سے تیل کو پکا وے جب وہ خشک ہو جاوے اور تیل رہجاوے تو اس تیل کو کان مین ڈالے تو تینون خلطون سے پیدا ہوئی کان کا درد اچھا ہو

بہرے پن وغیرہ سب کان کی بیماریون کے دور ہونے کا تیل

روغن تلخ مین زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ کوٹ۔ پیپلا مول۔ اپامارگ (دنت زیرہ) کا کھار جوا کھار۔ بیل کی جڑ کا رس۔ گا کے کا پیشاب۔ یہ سب نرم آنچ سے پکا وے۔ جب یہ سب

جل جاویں اور تیل باقی رہے تو اس تیل کو کان میں ڈالے تو بہرا پن کان کی آواز اور کان کا بہنا ان سب بیماریوں کو دور کرے اس کا نام بلو تیل ہے یا بیل کے کچے پھلوں کا رس نکالکر اسمیں پسی ہوئی سجی ڈالکر اسکو پکے تو کان کا درد بہرا پن جلن ان سب کو دور کرتا ہے۔

جو کان سے پیپ بہتا ہو اس کے اچھے ہونے کا تیل] آنولے کے پتے اور جامن کے پتے اور مہوے کے پتے اور بریگدکی جڑ اور چمپلی کے پتوں کے رس میں تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل جاویں اور تیل رہ جاوے تو اس تیل کو کان میں ڈالے تو کان کا بہنا اچھا ہو یا رسوت کو عورت کے دودھ میں گھس کر اور شہد ملا کر کان میں ڈالے تو کان کا بہنا بند ہو یا کوٹ۔ انگوزہ (ہینگ) بچ۔ دار ہلدی۔ سونف۔ زنجبیل اور سیندھا نمک کو باریک پیسکر بکرے کے پیشاب میں گھول کر اس میں تیل ڈالے اور نرم آنچ سے پکاوے جب یہ جلجاویں اور تیل رہجاوے تب اس تیل کو کان میں ڈالے تو پیپ بہنا بند ہو۔

کان میں زخم پڑ گیا ہو اسکے دور ہونے کا تیل] موتی سیپ کو پیسکر کڑوے تیل میں پکاوے پھر اس تیل کو کان میں ڈالے تو کان کے زخم اچھے ہوں۔ یا آنولہ سارگندھک دو تولہ۔ مینسل دو تولہ۔ زرد چوب دو تولہ۔ روغن تلخ سولہ تولہ۔ دھتورے کے پتوں کا رس سولہ تولہ ان سبکو باریک پیسکر نرم آنچ میں پکاوے۔ جب یہ سب جلجاویں اور تیل باقی رہے تو اسکو کان میں ڈالے تو کان کے زخم دور ہوں۔

کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں اُسکے دور ہونے کا علاج] کیڑوں کے دور ہونے کا علاج جو پیچھے لکھا ہے اس سے کیڑے دور ہوں یا بینگن کی جڑ کے رس کا دھواں سرسوں کے تیل کے ساتھ کان میں ڈالے تو کان کے کیڑے دور ہوں اور کان کے ورم اور کان کے ارُبد کا علاج جو پیچھے لکھا ہے اس سے دور ہوں یہ سب علاج بھاؤ پرکاش میں لکھا ہے۔

بہرے پن کے دور ہونے کا تیل] بیج ترب کا رس روغن تلخ اور شہد برابر لیکر کچھ گرم کرکے کان میں ڈالے تو بہرا پن دور ہو یا مصری اور الائچی کو باریک پیس کر کان میں ڈالے تو بہرا پن دور ہو۔

کان کے درد کے دور ہونے کا تیل] گاڑھی اور موٹی سیپی کو چیبے اور پاک ہینگ
تُخمبر۔ سیندھا نمک۔ کوٹ کپاس کی مینگی۔ کو پیسکر ان کا کاڑھا کرے اور اس مین روغن تلخ
چودہ تولہ ڈالے اور مُولی کا رس بھی ان سب کی برابر لیکر سب کو نرم آنچ سے پکاوے جب
رس وغیرہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہ جاوے تب اس تیل کو کان مین ڈالے تو کان کے
زخم پیپ اور بہراپن اور کان مین آواز ہونا ان سب کو یہ دور کرتا ہے یا گوکرو بھانگرے کا رس پوڈ کا
ہر بھا ریوڑی کا رس ۴ تولہ لہسن کا رس ۴ تولہ سونف ڈھائی درم خراسانی بیج ڈھائی درم
کوٹ ڈھائی درم۔ زنجبیل ڈھائی درم۔ مرچ ڈھائی درم پیپل ڈھائی درم۔ بکری کا دودھ
آدھ سیر۔ روغن تلخ دس تولہ یہ سب جمع کرکے نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جلجاوین
اور تیل باقی رہے تب اس تیل کو کان مین ڈالے تو بہراپن کان کا پیپ اور کان کی سب
بیماریان دور ہوین۔

کان مین پیپ بہتا ہو اُس کے اچھے ہونے کی دوا] سمندر پھین۔ سُپاری کی راکھ
اور کتھے کو باریک پیسکر کان مین ڈالے تو کان کا بہنا بند ہو یہ سب علاج بید رہس مین
لکھے ہین جو کان کی بناگوش پک گئی ہو تو اس دوا سے دفع ہو یا چھتاور۔ اسگندھ۔ دودھ
بیج ارنڈ اور سیاہ تلون کے تیل مین نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جلجاوین اور تیل رہجاوے
تب اُس روغن کو کان کی بناگوش مین لگاوے تو درد وغیرہ سب دور ہون اور کان کی
بناگوش بڑھے۔

پپوٹک کے اچھے ہونے کا تیل] جیونتی مین تیل پکاکر مالش کرے تو پپوٹک اچھے
ہون اور جونکون کے لگانے سے بھی اوتپات کی بیماریان دور ہوتی ہین اور سرہمکر۔ بادی یا وچی
اور کوے کے گوشت کو نرم آنچ مین تلون کا تیل پکاوے جب رس خشک ہو جاوے اور
تیل باقی رہجاوے تو کان کی بناگوش مین لگاوے تو اونتھ دور ہو یا جامن کے نیچے آنب کے پتے
اور برگد کے پتون کا کاڑھا کرکے تیل مین اس کاڑھے کو پکاوے پھر اس تیل کی مالش کرے تو پوٹن
کی بیماری دور ہو یا گوبر کے کنڈے سے سینک کرے یا دودھ سے یا گاے کے پیشاب سے
کانور کا لیپ کرے تو کان کی بناگوش اچھی ہو یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین ہین۔

ناک کے عارضوں کی پیدائش علامت اور علاج

ناک میں چونتیس بیماریاں ہیں اُنکے یہ نام ہیں پینس[1] - پوتناس[2] - ناساپاک[3] - پوئے رکت[4] - بہت چھینکیں آویں[5] - چھینکیں نہ آویں[6] - ناک جلا کرے[7] - پرتشاہ[8] - پرسراو[9] - ناساشوکھ[10] - پرتشیائی[11] - چار قسم کا ناسارید - سات قسم کا ناسارش - چار قسم کا ناک میں ورم ہو - چار قسم کا ناک میں اور چار قسم کا خونی اور صفراوی -

پینس کی علامتیں] جس کی ناک میں بسبب بلغم کے دم اچھی طرح نہ آوے اور ناک رکجاوے اور سوکھی رہے اور اس میں سے دھواں نکلے اور اُس کی ناک میں خوشبو اور بدبو کی کچھ بھی تمیز نہ رہے اسکو پینس کہتے ہیں -

پوتناس کی علامتیں] جبکے گلے اور تالو کی جڑ کی ہوا صفرا بلغم کو خراب کرے اور اس کے منھ اور ناک میں وہ ہوا دم کی راہ بدبو نکالے اُسے پوتناس کہتے ہیں -

ناساپاک علامتیں] جسکی ناک میں صفرا خراب ہوکر ناک میں پھنسی پیدا کرے اور اسکو پکاوے اور اسمیں سے پیپ نکلے اُسکو ناساپاک کہتے ہیں -

پوئے رکت کی علامتیں] جسکی پیشانی میں کسی طرح کی چوٹ لگے تو وہاں کی خلط خراب ہوکر اور ناک کے ذریعہ سے پیپ کو لئے خون نکالیں اُسکو پوئے رکت کہتے ہیں -

چھُوتھ یعنی بہت چھینکیں آویں اُس کی علامتیں] جسکی ناک میں باد فاسد ہو ناک کی مرم[1] جگہوں کو خراب کرے پھر وہ بلغم سے ملے تب وہ بہت چھینکیں جاری کرے اُسکو چھُوتھ کہتے ہیں - یا جو شخص ناک میں مرچ وغیرہ ڈالے یا سورج کو دیکھے یا ناک میں ناس وغیرہ ڈالے تو اُسکی ناک سے چھینکیں بہت آویں اُسکو بھی چھُوتھ کہتے ہیں -

چھُوتھ بھرنش کی علامتیں] جسکی ناک میں صفرا سے بلغم جلجاوے اور اس شخص کو چھینکیں نہ آوے اُسکو چھُوتھ بھرنش کہتے ہیں -

دیپت روگ کی علامتیں] جسکی ناک میں صفرا فاسد ہوکر ناک میں بہت جلن کرے اور ناک میں سے دھواں بہت نکلے اور اُس ہوا سے ناک جلے اُسکو دیپت کہتے ہیں -

[1] وہ جگہ میں جہاں ضرب سے شدید صدمہ ہو ۱۲

پرتناہ کی علامتیں] بادی سے بلغم ملکر ناک کے دم کو نہ آنے دے اسکو پرتناہ کہتے ہیں۔
پرسراو کی علامتیں] جسکی ناک کے دم میں سے گہرا اور درد اور سپیدی لیے میل بھی آوے
اسکو پرسراو بولتے ہیں۔
ناسا سنشوکھ کی علامتیں] جسکی ناک میں باد صفرا بلغم تینوں فاسد ہوں اور بہت تکلیف
سے سانس لے اسکو سنشوکھ جانو۔
پرتشیاے کی علامتیں] جسکے پینس کا عارضہ ہوا اور وہ سستی سے اسکا علاج کرے تو
وہ پینس بڑھے پھر وہ فاسد ہوکر اور جگہوں میں ظاہر ہو تب اسکے جہت سے نام نزلہ وغیرہ
ہوں اور وہ بہت سی بیماریوں کو پیدا کرے۔
پینس نامی بیماری کی پہلی شکل] جسکو چھینکیں آویں سر بھاری رہے بدن جکڑ بند ہو جاوے
اور بال کھڑے ہوں اور اور فساد ہوں تو جاننا چاہیئے کہ پینس کی بیماری ہوگی۔
بادی پینس کی علامتیں] جسکی ناک کی راہ رک جاوے اور اس سے تھوڑا سا رقیق گرم
پانی بھی گرے اور گلا تالو اور لب سوکھ جاویں اور اسکی کنپٹی میں درد ہو اور آواز گھون
گھون ہو اسکو بادی پینس بولنا چاہیئے۔
صفراوی پینس کی علامتیں] جسکی ناک میں جلن ہو اور زردی لئے گرم گرم پانی گرے
اور وہ شخص دبلا ہوجاوے اور اسکا بدن گرم رہے اور اسکی ناک میں سے آگ کی صورت
سے دھواں نکلے اور وہ قے بھی کرے اسکو صفراوی پینس بولنا چاہیئے۔
بلغم کی پینس کی علامتیں] جسکی ناک میں سے گہرا سپید بلغم بہت نکلے اور اسکا بدن سپید
ہوجاوے اور آنکھوں کے اوپر سوجن ہو اور سر بھاری رہے اور گلا تالو لب اور سر میں
بہت کھجلی ہو تو بلغم کی پینس اسکو جانو۔
سنپات کی پینس کی علامتیں] جسکی ناک میں مذکورۂ بالا سب علامتیں ملیں
اور وہ پینس بار بار ہو اور علاج کرنے سے نجاوے اور پکے بھی نہیں اسکو سنپات
کی پینس جانو۔ لاعلاج ہے۔
خراب پینس کی علامتیں] جسکی ناک بار بار چھینکا کرے اور سوکھ جاوے اور ناک

مین سے اچھی طرح دم نہ آوے ناک رکجاوے اور کبھی کبھی کھل جاوے اور خوشبو اور بدبو کا تمیز نہ رہے اُسکو خشک یعنی خراب پینس کہتے ہین -

خون سے پیدا ہوئی پینس کی علامتین] جسکے سینے مین ضرب لگی ہو اُسکو خون کی پینس ہوجاوے اور ناک مین سے خون بہے اور اُسکے صفرا کی علامتین جو اوپر بتلائی گئی ہین وہ ہون اور اُسکی آنکھین سُرخ ہون اُسکو خون کی پینس کہنا چاہیئے -

پینس کی لاعلاج علامتین] سُستی سے پینس کا علاج نہ کرے تو سب قسم کی پینس لاعلاج ہوجاوین -

اگر پینس والے کی ناک مین کیڑے پڑ گئے ہون اُس کی علامتین

جسکی ناک مین پینس سے سپید اور چکنے چھوٹے کیڑے پڑ جاوین اور نظر نہ آوین تو اُسکو سر کی بیماری ہوجاوے اور اور بھی بیماریون کو ظاہر کرے یعنی بہرا پن آنکھون کی بیماری ورم ضعف معدہ وغیرہ اور ناک مین ارُبدگا نٹھ سات قسم کی ورم چار قسم کا ارش یعنی مسّے کا بھی چار قسم کا اور رکت پت مین ناک مین چار قسم کا ہوتا ہے پیچھے ان سب کی علامتین لکھی ہین وہ جان لینا -

پینس کے کچے ہونے کی علامتین] جس کا سر بھاری رہے اور غذا سے رغبت نہ ہو - ناک جھڑا کرے آہستہ بولے بدن کمزور اور دُبلا ہوجاوے اور بہت تھوکے یہ علامتین ہون تو پینس کچا جانو -

پکے ہوئے پینس کی علامتین] جس کی ناک سے کف گہرا نکلے اور ناک کے سوراخ مین بھی رہے اور رنگ بھی اچھا ہوجاوے اور دم بھی اچھا ہو اور بھوک وغیرہ سب لگین اُسکو پکا ہوا پینس جانو -

ناک کی بیماریون کا علاج] کالی مرچ - قند سیاہ اور انگوزہ آپس مین خوب ملاکر انداز کے موافق کھاوے تو پینس کی بیماری دور ہو - یا کائپھل - پیپلا مول - کاکڑا سنگی زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل اور کلونجی کو باریک پیسکر ڈھائی درم ادرک کے رس کے ساتھ کھاوے یا اُس کا کاڑھا پیے تو پینس - سر چکنگ - بھانور - سنپات - بلغم دمہ - کھانسی ہچکی

دور کرتا ہے۔ یا کا پھل ہینگ۔ مرچ۔ لاکھ۔ اندر جو۔ کوٹ۔ بیج سہجنہ۔ بائے بڑنگ ان کا کاڑھا پیئے تو پینس دور ہو۔

بیوکھا د گٹکا

زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ چترک۔ تالیس۔ تیزپات۔ السرو۔ امل بید۔ چب۔ زیرہ سفید۔ الائچی۔ بیج۔ تیج یہ سب برابر لے کر اور ان کی برابر پرانا گڑ لے اور باریک پیس کر ڈھائی درم کی گولیاں بنا وے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو دس روز میں پینس اور کھانسی اچھی ہو۔

پینس کے دور ہونے کا تیل] کٹیلی۔ وا تیوڑی بیج۔ پوست سہجنہ۔ تلسی کے پتون کا رس۔ ان سب کو تیل میں پکا وے پھر اس تیل کا ناس لے تو پینس دور ہو اس کا نام بیا گھر تیل ہے۔ یا پوست سہجنہ۔ کٹیلی۔ نسوت۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ بیل کے پتون کا رس ان سب کو تیل میں پکا وے پھر اُسکا ناس لے تو پینس دور ہو اسکا نام شگرو تیل ہے۔ جسکو بہت چھینکیں آوین اُسکا علاج] گھی۔ گوگل اور موم کی ناک میں دھونی دے تو چھینکیں آنا بند ہون یا زنجبیل۔ کوٹ۔ پیپل۔ مغز بیل۔ داکھ کا کاڑھا تیل میں پکا وے پھر اسکا ناس لے تو بہت چھینکیں آنا دور ہو۔

پینس کے دور ہونے کا چورن] بائے بڑنگ۔ سیندھا نمک۔ انگوزہ۔ گوگل۔ مینسل اور خراسانی بیج کو باریک پیس کر سونگھے تو پینس دور ہو۔

پینس کے دور ہونے کا تیل] بھانگرے کے پتون کا رس اور سیندھا نمک میں تیل پکا وے پھر اس تیل کو سونگھے تو پینس دور ہو۔

ناک میں ارش نام مسّہ ہو اُسکے دور ہونے کا تیل] جھاسہ۔ پیپل۔ دار ہلدی۔ اپامارگ کے بیج۔ جواکھار۔ مغز کریالا۔ یا پوست اور سیندھا نمک۔ ان میں تیل پکا وے اور یہ تیل ناک کے مسے میں لگاوے تو مسّے دور ہون اور ناک کے جو عارضے کہے ہیں اُن میں اسکا علاج دیکھ لینا یہ سب بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں یا سونے کے وقت کا دھا اَوٹا ہوا پانی پیئے تو پینس کی بیماری دور ہو۔ یا زیرہ گھی اور شکر ملا کر کھاوے تو یہ بیماری دور ہو۔

منھ کی بیماریون کی پیدائش علامت اور علاج

منھ کے سات حصے ہیں۔ لب۔ مسوڑھے۔ دانت۔ زبان۔ تالو۔ حلق اور گلے کے شروع سے

حلق منھ اور زبان کے پانچ اور تالو کے تو گلے کے اٹھارہ یہ تمام منھ میں پھیل جاتے ہیں۔
منھ کی بیماریون کی پیدایش] غیر ملک کے گوشت کھانے سے بہت دودھ پینے سے اور بہت دہی اور ماش وغیرہ کے کھانے سے باد صفرا اور بلغم فاسد ہوکر منھ کی بیماریون کو پیدا کرتے ہین۔

لب کی بیماریون کی پیدایش اور تعداد

لب مین آٹھ بیماریان ہین۔ بادی کی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کی۔ خون کی۔ گوشت کی۔ چربی کی۔ چوٹ لگنے کی۔

بادی لب کی بیماری کی علامتین] جسکے لب سخت اور کھدرے اور گاڑھے اور سیاہ ہون اور جن مین زیادہ درد ہو اور بہت پھٹین تو بادی لب کی بیماری جانو۔

صفراوی لب کے عارضے کی علامتین] جسکے لبون مین پھنسیان ہون اور وہ پھنسیان بہنے لگین اور ان مین چوگرد درد ہو اور پکجاوین اور اُن کا زرد زرد رنگ ہو تو صفراوی لب کی بیماری جانو۔

بلغم سے لب کی بیماری کی علامتین] جسکے لب بدن کے رنگ کے مانند ہون اور درد نہین اور اُن مین پھنسیان ہون اور درد نہ ہو خارش پیدا ہو اور اُن مین سے گہرا اور سخت بلغم نکلے۔

سنپات سے فساد کے لب کی بیماری کی علامتین] کبھی سیاہ کبھی زرد کبھی سپید ہون اور بہت دانون مین پھنسیان ہون اور ان مین سب علامتین ملین اُسکو سنپات سے لب کی بیماری جانو۔

خون سے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین] جسکے لبون مین بہت پھنسیان ہون اور ان مین بہت درد ہو اور ان پھنسیون کی رنگت چھوہارے کے مانند ہو اور اور ان مین سے خون بہے تو خون کی فساد کی لب کی بیماری جانو۔

گوشت کے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین] جسکے لبون کا گوشت خراب ہو اُسکے لب بھاری اور گٹھیلے ہون اور اُسکے خون مین جانور پڑ جانے سے

بیہوش ہو جاوے تو خون کے فساد سے لب کی بیماری جانو۔

چربی کے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین] جسکے لبون کی پھنسیون کا خون مثل روغن زرد یا چاتول کے مانڈ کے مانند نکلے اور خارش ہو اور لب نرم ہون اور خون بہیہ مثل پتھر کے گہرا بہا کرے تو چربی کے فساد کا لبون کا عارضہ جاننا چاہیئے۔

ضرب لگنے کے لبون کی بیماری کی علامتین] جس کے لب مین کسی طرح کی چوٹ لگی ہو تو اُس کے لب پھٹ جاوین اور اُن مین خارش ہو اور لب اور طرح کے ہو جاوین اور درد بھی ہو۔

لبون کی بیماری کا علاج

جسکے لبون مین بیماریان ہون اُسکو جونکون سے خون نکلوانا چاہیئے یا صاف موم مین گگل ڈالکر اُسکی بتی سے اچھی طرح سکاوے تو لبون کی بیماریان دور ہون یا چار قسم کے اسنیہ مین یعنی تیل گھی گوشت کا تیل۔ یا گوشت کے بیچ کی مینگی ان چارون مین موم ملاکر گرم گرم سینک کرے تو لبون کی بیماریان دور ہون یا پرینگیت کے پھول ترپھلہ اور ٹھانی لودھ کو باریک پیس کر اسنیہہ مین ملاکر لبون مین سینک کرے یا شہد سے کھاوے تو لبون کی بیماریان دور ہون۔

پرتسارن کا طریقہ] لبون مین چورن اوشیہ اُنگلی سے رفتہ رفتہ لگا دے اُس کو پرتسارن بولتے ہین۔

لبون مین بہت زخم پڑگئے ہون اُس کا علاج] جو خراب زخم کے اچھے ہونے کا علاج پیچھے لکھا ہے وہ کرے۔

مسوڑے کی بیماریون کے نام اور تعداد

شیتاد۔ سونت پیٹ۔ دنت پیٹ۔ شوشر۔ مہا شوشر۔ پرڈر۔ اوپکش۔ ویدربھ۔ کھلی ورڈھن۔ ادھر ماس۔ پنچ ناڑی یعنی بادی سے مسوڑھے کی نس نکلے صفرا سے مسوڑھے کی نس نکلے۔ بلغم سے مسوڑھے کی نس نکلے۔ سنپات سے سب مسوڑھے کی نس نکلے۔ چوٹ لگنے سے مسوڑھے کی نس نکلے۔ دنت ویدربھ وغیرہ۔

شیتاد مسوڑھے کے عارضے کی علامتین] بغیر کسی سبب کے اتفاقاً مسوڑھے

مین زخم سے خون نکلے اور اس خون مین بہت بدبو آوے اور خون سیاہ ہوا ور سوڑھے نرم ہو جاوین اور پھر جاوین آپس مین پکنے لگین اسطرح بلغم خون کے خراب ہونے سے پیدا ہوا اس کو شیتادک روگ بولتے ہین ۔

دنت پُپُٹ مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] دانتون کے تین مسوڑھے مین ورم پیدا ہو جاوے اسکو دنت پپٹ روگ کہتے ہین یہ خون کے فساد سے پیدا ہوتا ہے ۔

دنت بشیٹ کی علامتین] جسکے مسوڑھے مین پیپ کو لیے خون نکلے اور دانت ہلنے لگین اسکو دنت بشیٹ بولتے ہین ۔

سوکھر مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] مسوڑھے مین ورم پیدا ہوا اور اس مین درد ہوا ور لعاب گرے اور کھجلی ہو اُسکو سوکھر مسوڑھے کی بیماری کہتے ہین یہ بلغم اور باد سے پیدا ہوتا ہے ۔

مہاسوکھر کی بیماری کی علامتین] ان مسوڑھون مین دانت ہلنے لگین اور تالو پھٹ جاوے یا تالو پر سوراخ ہو جاوین یہ سنپات کے فساد سے پیدا ہوتی ہے اس کو مہاسوکھر کہتے ہین ۔

پرور مسوڑھے کی بیماریون کی علامتین] جسکے دانت کے مسوڑھے بکھر جاوین اور ان مین خون نہ ہے وہ صفرا خون اور بلغم کے فساد سے پیدا ہوتا ہے اُسکو پرور کہتے ہین ۔

اوپکش مسوڑھے کی بیماریون کی علامتین] جسکے مسوڑھے مین جلن ہوا ور پکجاوے دانت ہلنے لگین اور مسوڑھے کے دابنے سے یا دواؤن کے گھسنے سے خون نکلے اور اس مین درد نہ ہوا ور مسوڑھے مین سے بدبو آوے یہ صفرا اور خون سے پیدا ہوتی ہے ۔ اسکو اوپکش بولتے ہین ۔

بیدربھ مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] جسکے مسوڑھے مین کسی طرح کی چوٹ لگے یا وہ گھس جاوین تب ان مین ورم پیدا ہوا ور دانت ہلنے لگین اور ان مین سوزش اور درد بھی ہو اسکو بیدربھ مسوڑھے کی بیماری بولتے ہین ۔

کھلی بردھن مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] جسکے مسوڑھے مین دانت بہت بڑھین اور وہان درد زیادہ ہو اُسکو کھلی بردھن جانو ۔

[دھانس مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] جسکے پیچھے کی داڑھ کی جڑ مین بہت ورم ہو اور اُس مین بہت درد ہو اور مُنھ سے لعاب گرے یہ بلغم سے پیدا ہوتی ہے اسکو دھانس کہتے ہین مسوڑھے کی نسون مین بادصفرا بلغم سنپات اور چوٹ لگنے سے پانچ قسم کی نسون کی بیماری کہتے ہین۔

[دنت بدردھ مسوڑھے کی بیماری کی علامتین] دانت کے مسوڑھے مین سے خون نکلے اور وہان ورم بہت پیدا ہو اور اس مین جلن اور درد بھی ہو اور پیپ سے لیے خون نکلے۔

مسوڑھے کی بیماریون اور شیتاد مسوڑھے کی بیماری کا علاج

اس بیماری مین مسوڑھے کا خون نکال کر زنجبیل سرسون اور ترپھلے کے کاڑھے کی کلی کرے تو شیتاد وغیرہ مسوڑھے کی بیماریان دور ہون یا ہیراکسیس پٹھانی لودھ پیپل۔ مینسل پرینگ کے پھول تیج بل ان کو برابر لیکر باریک پیسکر شہد سے مسوڑھے پر لگادے تو شیتاد مسوڑھے کی بیماریان دور ہون یا تیل یا گھی کی کلی کرے تو شیتاد مسوڑھے کی بیماریان دور ہون۔

[دنت پُپٹ مسوڑھے کا علاج] اس بیماری مین مسوڑھے کا خون نکالے پھر پانچون نمک جواکھار مین شہد ڈال کر منجن کرے تو یہ بیماری دور ہو۔

[چل دنت مسوڑھے کا علاج] پٹھانی لودھ۔ تینگ۔ مہوا۔ لاکھ۔ بیل۔ سرس کا پوست۔ ان کو باریک پیسکر مسوڑھے مین ملے تو چل دنت مسوڑھے کی بیماری دور ہو یا ناگرموتھہ۔ پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ بائے برنگ۔ برگ نیم ان کو باریک پیسکر گائے کے پیشاب مین گولیان بنادے پھر اس گولی کو سائے مین سکھادے سونے کے وقت مُنھ مین رکھے تو چل دنت مسوڑھے کی بیماریان دور ہون اور دانت گاڑھے ہون اس کا نام چل نھبرتیناد گنگا ہے یا نیلے پھول کا کٹ سیلہ۔ دھماسہ۔ کھیرسار۔ جامن کا پوست۔ پوست انب۔ ملیٹھی کنول گٹہ۔ یہ سب برابر چار تولہ بھر لے کر ان کو ۴ آثار پانی مین اوٹا دے اس کا چوتھا حصہ رکھے پھر اس مین تیل یا بکری کا گھی نرم آنچ سے پکادے جب رس وغیرہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہے تب اس تیل یا گھی کو دو گھڑی مُنھ مین رکھے تو دانت مضبوط ہون اس کا نام سہجرادگھرت تیل ہے۔

سوکھر مسوڑھے کا علاج] اس بیماری مین مسوڑھے کا خون نکلوا دے۔ پھر اودھ ناگر موتھ رسوت اور شہد کو پیسکر مسوڑھے پر لیپ کرے اور پھر دودھ کی کلی کرے تو سوکھر مسوڑھے کی بیماری دور ہو۔

پرودر مسوڑھے کا علاج] پہلے مسوڑھے کا خون نکلوا کر زنجبیل پیپل اور ترپھلے کے کاڑھے سے کلی کرے تو پرودر اور آو بکش دور ہو۔

مسوڑھے مین زخم پڑجا دین اسکا علاج] گولر کے پتے۔ نمک۔ شہد۔ زنجبیل پیپل فلفل سیاہ ان کا کاڑھا کرے اور پہلے مسوڑھے کا ہتھیار وغیرہ سے خون نکلوا دے پھر اس کاڑھے کی کلی کرے پھر اس مسوڑھے پر نمک وغیرہ کا کھار لگا دے تو مسوڑھے کا گھاؤ دفع ہو کر مسوڑھے مرجا دین۔

کھلی بردھن مسوڑھے کی بیماری کا علاج] اس بیماری مین مسوڑھے کا گوشت نکالڈالے پھر شہد کی کلی کرے۔ پھر بچ تیج بل۔ پاڑھ۔ سجی۔ جوا کھار۔ اور پیپل کو باریک پیسکر مسوڑھے مین لگا دے تو کھلی بردھن مسوڑھے کی بیماری دور ہو۔

مسوڑھے کی نسون مین پانچ قسم کے زخم پڑگئے ہون اُس کا علاج

مسوڑھون کا گوشت کسی نشتر سے دور کرے پھر برگ تنبول۔ برگ نیم اور ترپھلے کا کاڑھا کرکے گرم گرم کلی کرے تو مسوڑھون کی نسون کے زخم دور ہون یا چنبیلی اور دھتورے کے پتے کٹیلی اور گوکھرو کا پنچانگ۔ مجیٹھ۔ لودھ۔ کھیر سار۔ اور ملیٹھی اس کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے مین نرم آتش سے تیل کو پکا دے پھر اس تیل کی کلی کرے تو مسوڑھے کے زخم وغیرہ سب بیماریان دور ہون مجرب و آزمودہ ہے۔

دانتون کی بیماریون کے نام اور تعداد

والن۔ کرم دنتک۔ بھنجنک۔ دنت ہرکھ۔ دنت شرکرا کپالکا۔ شیاو دنتک۔ کرال۔

والن نامے دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانتون مین ٹوٹے ہوئے دانت کا درد ہو وہ درد بادی سے ہو اسکو والن جانو۔

کرم دنت بیماری کی علامتین] جسکے دانت مین سیاہ سوراخ پڑجا دین جلن ہو اور اسمین سے کچھ خون نکلے اور ورم ہو بغیر کسی سبب کے بادی کا سا درد ہو اُسکو کرم دنت بولتے ہین۔

جھنجنک دنت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانت ٹیڑھے ہون شکست ہوجاوین یہ بلغم سے پیدا ہوتا ہے اُسکو جھنجنک دنت جانو۔

دنت ہرکھ دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے ٹھنڈے پانی وغیرہ یا ردگی چیز یا ٹھنڈی ہوا یا کھٹائی سے دانت کھٹے ہوجاوین یہ بادصفرا سے ہوتا ہے اسکو دنت ہرکھ کہتے ہین

دنت شرکرا دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانتون مین میل رہے اور میل کو بلغم باد سکھالے پھر اسکے دانت کھردرے لگین اور ریت کے مانند کھل جاوین اسکو شرکرا بولتے ہین۔

کپالکا نام دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانت مٹی کے ٹکڑے کی سری کی صورت ہون اور اُن مین سوراخ ہون اور گلجاوین اور اُن مین میل ہو اُسکو کپالکا کہتے ہین۔

شیاو دنتک دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانت خراب خون سے ملکر سب جلجاوین اور وہ دانت سیاہ اور نیلے ہون اُسکو شیاو دنتک دانت کی بیماری بولتے ہین۔

کرال نامے دانت کی بیماری کی علامتین] جسکے دانتون کو باد رفتہ رفتہ خراب کرکے خوفناک کردے اُسکو کرال دانتون کی بیماری جانو یہ بیماری لاعلاج ہے۔

اور کتاب کی روسے ہنوموکچھ دانت کی بیماری کی علامتین

جسکی داڑھ مین باد فاسد ہوکر دانتون کو بگڑے اور دانتون مین یا داڑھ مین درد پیدا کرے اُسکو ہنوموکچھ کہتے ہین اور اس مین ارد ت یعنی لقوے کی علامتین ملین۔

دانتون کی بیماریون کے دور کرنے والا لاکچھادتیل

لاکھ کا رس پاؤ ثار۔ ملون کا تیل پاؤ ثار۔ گاے کا دودھ پاؤ ثار۔ پٹھانی لودھ دو تولہ کاپھل دو تولہ۔ کنول گٹہ ۲ تولہ۔ کمل کی کیسر ۲ تولہ۔ صندل سُرخ دو تولہ۔ ملیٹھی دو تولہ ان سب کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے مین نرم آنچ سے تیل پکا وے جب سب رس جلجاوے اور تیل باقی رہجاوے تب اس تیل کو منھ مین ایک گھڑی تک رکھے تو دانتون کی سب بیماریان دور ہون اسکا نام لاکچھادتیل ہے یا بادکے دور کرنے والے تیل کی کلی کرے تو دانتون کی بیماریان دور ہون

کرم دنت دانتون کی بیماری کا علاج] ہینگ کو کچھ گرم کرکے دانتون کے بیچ مین رکھے تو دانتون کے کیڑے دور ہون یا کاکلمری نیل کی جڑ اور کڑوی تونبی کی جڑ کو باریک

پیسکر دانتون مین ملے تو کیڑے دور ہون۔

جو دانت کھٹّے رہین اُس کا علاج] سانبھر نمک۔ ترکچور۔ زنجبیل اور عاقرقرحا کو باریک پیسکر دانتون مین مالش کرے تو کھٹّے دانت اچھے ہون۔

دانتون کی سب بیماریون کے دور ہونے کا علاج] پانچون نمک۔ نیلا تھوتھہ۔ سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ پیپلامول۔ ہیراکسیس۔ مازو۔ اور باسے ٹنگ کو باریک پیسکر دانتون مین ملے تو دانتون کی سب بیماریان دور ہون۔

دانتون کے مضبوط ہونے کی مسّی] ہیراکسیس۔ مازو۔ لوہچون۔ سوناکھی مجیٹھ بھُنی ہوئی پھٹکری اور ترپھلہ کو برابر لیکر کھرل مین کاجل کے مانند باریک پیسکر بقدر ماشہ دو گھڑی تک سات روز دانتون مین ملے تو دانت کالے اور مضبوط ہو جاوین۔

دانتون کے سب فساد دور ہونے کا علاج] بھُنی ہوئی پھٹکری۔ نیلا تھوتھہ۔ تیج بل۔ پیپر اکتھہ۔ پیپل کا پوست۔ لاکھہ۔ زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ آملہ۔ ہیراکسیس۔ مازو۔ مجیٹھ۔ رومی مصطگی۔ مولسری کا پوست۔ سیندھا نمک۔ اور دو کھتی سپاری۔ یہ سب برابر لیکر اُنکو کوٹ کپڑ چھان کر کے نرنگنڈی کے رس کی اکیس پُٹ دے۔ پھر مولسری کے پوست کی اکیس پٹ دے اور دھوپ مین سکھاوے پھر اسکو باریک پیسکر تھوڑا سا سیندھا نمک ملاوے اور دانتون مین ملے تو سب بیماریون کو دور کرے۔

دانتون کے دُکھنے کا علاج] کوٹ۔ زنجبیل۔ مرچ۔ خراسانی اجوائن۔ پوست ہلیلہ۔ کتھہ۔ سب پانچ پانچ درم لیکر باریک پیسکر دانتون مین ملے تو دانت دُکھنے بند ہون یا گنگا جی کے پار کی تمباکو۔ عاقرقرحا۔ کایپھل۔ باسے ٹنگ۔ زنجبیل مرچ پیپل اور نمک کو باریک پیس کر دانتون مین ملے تو دانت کا دُکھنا بند ہو۔

زبان کی بیماریون کی پیدایش علامت اور علاج اور اُن کی تعداد

زبان کی بیماریان پانچ قسم کی ہین۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ الاثری۔ اوپ جہوا۔

بادسے پیدا ہوئے اوپ جہوا بیماریون کی علامتین] جسکی زبان کٹ کر سوجے اور ہری ہو جاوے اور زبان مین کانٹے پڑ جاوین اور میٹھے وغیرہ کی لذت زبان مین

معلوم نہ دے تو بادی زبان کا عارضہ جانو۔

صفرا کے زبان کے عارضے کی علامتین] جسکی زبان مین جلن رہے اور رنگ سُرخ ہو جاوے اور کانٹے پڑ جاوین تو زبان مین صفرا سے پیدا ہوا عارضہ جانو۔

بلغم کے زبان کی بیماری کی علامتین] جسکی زبان بھاری نظر آوے اور سخت ہو اور زبان مین سپید کانٹے پڑ جاوین تو زبان مین بلغم کی بیماری جانو۔

آلاس زبان کی بیماری کی علامتین] زبان کے نیچے بہت ورم ہو زبان کو اور داڑھ کو بیحرکت کر دے اور جنبش نہ کرنے دے اور زبان کے نیچے پک جاوے یہ بیماری بلغم خون سے پیدا ہوتی ہے اسکو آلاس کہتے ہین۔ یہ لاعلاج ہے۔

اوپ جہوا کی علامتین] زبان کی نوک کے اوپر ورم ہو اور ایسا معلوم ہو کہ گویا دوسری زبان ہے اور زبان مین سے بہت لعاب گرے اور خارش ہو اور جلن پڑے اسکو اوپ جہوا زبان کی بولتے ہین۔

زبان کی بیماریون کا علاج] زبان کی بیماریون کو دفع کرنے کے لیے خون نکالنا چاہیے یا گلو۔ پیپل۔ پوست نیم اور کٹکی کا کاڑھا کرکے کُلی کرے تو زبان کی بیماری سب دور ہوں یا لبون کا علاج جس کا پیچھے ذکر ہوا ہے اُس سے زبان کی بیماری دور ہوتی ہے۔ یا زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ جواکھار۔ ہلیلہ۔ ان کو باریک پیس کر زبان مین لگا دے تو زبان کی بیماریان دور ہون۔ یا زنجبیل۔ مرچ۔ پیپل۔ جواکھار۔ پوست ہلیلہ۔ ان مین تیل کو پکا کر اس تیل کی کلی کرے تو اوپ جہوا دور ہو۔

تالو کی بیماریون کے نام اور اُن کی تعداد

تالو مین نو عارضے ہین۔ گل شُنڈی۔ تندکیری۔ ادھرو۔ کچھپ۔ تالو ارُبد۔ مانس سنگھات۔ تال پُھپٹ۔ تال شوکھ۔ تال پاک۔

گل شُنڈی کی علامتین] تالو کی جڑ سے سوجن بڑھے اور وہ سوجن کٹی ہوئی کھال کے مانند ہو جاوے تو جاننا چاہیے کہ اس کھال مین باو بھری ہے اور اسکو پیاس لگے اور کھانسی اور دمہ بھی ہو اُسکو گل شُنڈی کی بیماری بولتے ہین یہ بلغم خون سے پیدا ہوتا ہے۔

تندکیری کی علامتین] تالو کی جڑ سے پیدا ہو کر ورم جلن درد اور پیپ کو لیے پیدا ہو وہ بلغم خون کے فساد سے ہوتا ہے۔

دھرو کی علامتین] جسکے تالو مین بخار لئے سُرخ ورم ہو اُسکو دھرو بولتے ہین۔

کچھپ بیماری کی علامتین] جسکے تالو مین مثل کچھوے کے اونچی سوجن اور درد بھی ہو یہ بلغم سے پیدا ہوتا ہے اسکو کچھپ بولتے ہین۔

تال اربد کی علامتین] جسکے تالو مین مثل کنول کے پھول کے ورم ہو اور اس مین بڑے دانے اور جلن ہو اُس کو تال اربد کہتے ہین۔

مانس سنگھات بیماری کی علامتین] جسکے تالو مین خراب گوشت بڑھے اور اسمین درد نہ ہو اُسکو مانس سنگھات کہتے ہین۔

تال پُھپٹ بیماری کی علامتین] جس کے تالو مین مثل بیر کے ورم ہو اور درد نہ ہو اُسکو تال پُھپٹ کہتے ہین۔

تال پاک بیماری کی علامتین] جس کا تالو بسبب گرمی کے پک جاوے اُس کو تال پاک بولتے ہین۔

تالو کی بیماریون کا علاج] جو گل شنڈی نامی بیماری ہو تو ہوشیار بید کسی اوزار سے زہر نکال ڈالے تو گل شنڈی کی بیماری دور ہو۔ یا کوٹ۔ مرچ۔ خراسانی بچ۔ سیندھا نمک۔ پاڑھہ۔ ناگر موتھہ۔ ان کو باریک پیسکر گل شنڈی مین ملے تو گل شنڈی کی بیماری دور ہو۔ یا پیپل اتیس کوٹ۔ بچ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ سیندھا نمک۔ ان کو باریک پیس کر شہد سے گل شنڈی پر لگاوے تو گل شنڈی دور ہو۔ یا پیپل۔ اتیس۔ کوٹ۔ بچ۔ راسنا۔ کٹکی۔ پوست نیم۔ ان کو جوکوٹ کرکے ان کا کاڑھا دے تو گل شنڈی تندکیری وغیرہ تالو کی بیماریان دور ہون۔

گلے کی بیماریون کی علامتین اور علاج اور نام اور تعداد

گلے مین اٹھارہ بیماریان ہین۔ پانچ قسم کی روہنی۔ یعنی۔ بادی[۱]۔ صفراوی[۲]۔ بلغمی[۳]۔ سنپاتی[۴]۔ خون کی[۵]۔ اور کنٹھ شالوک[۶]۔ ادھ جہوا[۷]۔ بلے[۸]۔ ملاس[۹]۔ ایک برند[۱۰]۔ برند[۱۱]۔ شتگھنی[۱۲]۔ گلایو[۱۳]۔ گل بدرگہ[۱۴]۔ گلوگہ[۱۵]۔ سُرگھن[۱۶]۔ مانس تان[۱۷]۔ بداری[۱۸]۔

بادی روہنی کی علامتین | کل زبان مین درد ہو۔ اور زبان مین دانے نکل آوین اور ان سے حلق رُک جاوے اور بادسے سب فساد ہو جاوین اسکو بادی روہنی کہتے ہین۔
صفرا کی روہنی کی علامتین | جسکا گلا پک جاوے اور گلے مین جلن اور بخار ہو اُس کو صفرا کی روہنی جانو۔
بلغمی روہنی کی علامتین | جسکے گلے کا سوت بلغم سے رُک جاوے اور گلا دیر مین پکے اور بھاری ہو اسکو بلغم کی روہنی جانو۔
سنپات کی روہنی کی علامتین | جس مین بہت پیپ ہو اور بہت تدبیر سے بھی دور نہ ہو اور اس مین سب علامتین ملین اُسکو سنپات یعنی تینون خلطون کی روہنی جانو۔
خون کی روہنی کی علامتین | جسکے گلے مین درد ہو آوے صفرا کی سب علامتین ملین اُسکو خون کی روہنی جانو۔
کنٹھ شالوک کی علامتین | جسکے گلے مین بیر کی مِنگی کے برابر بلغم کی گانٹھ ہو جاوے اور گلے مین کھردرے کانٹے پڑ جاوین اور اس جگہ درد بھی ہو اُسکو کنٹھ شالوک بولتے ہین۔
ادھجیوا کی علامتین | جسکی زبان کی نوک کے اوپر ورم ہو اور خون لیے بلغم تھوکے اور زبان بلغم اور خون سے لپی رہے اور پکی سی ہو جاوے اسکو ادھجوا گلے کی بیماری بولتے ہین۔
بلئے نامی گلے کی بیماری کی علامتین | جسکے گلے مین بلغم بڑھے پھر ورم پیدا کرے اور غذا کو گلے مین جانے نہ دے اُسکی راہ روکدے اُسکو بلئے گلے کی بیماری بولتے ہین۔ یہ لاعلاج ہے۔
بلاس نامے گلے کی بیماری کی علامتین | جسکے گلے مین بلغم باد بڑھکر گلے مین ورم کرے اور وہ بلغم باد اور درد کو ظاہر کرکے مرم استھان کو چھیدتا ہوا سینہ مین درد کرے اُس کو بلاس گلے کی بیماری بولتے ہین۔
ایک برند گلے کی بیماری کی علامتین | جسکے گلے مین بلغم خون خراب ہو کر گلے کے بیچ مین جلن کو لئے گول اونچی سوجن پیدا کرے اور وہان خارش ہو اور گلا پکجانے اور بھاری اور نرم ہو اُسکو ایک برند بولتے ہین۔
برند گلے کی بیماری کی علامتین | جسکے گلے مین صفرا خون خراب ہو کر مع باد کے گلے مین

گول ورم کو ظاہر کرے اور بغیر درد کے گلے مین سوزش ہو اور یہ بہت تیز بخار کو پیدا کرے
اسکو برند گلے کی بیماری بولتے ہین۔

شتگھنی نامے گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے مین گوشت کے دانے سخت اور آواز
کے روکنے والے ہون اور اُنمین درد ہو اور بہت جلین اُسکو مار ڈالنے والا جانو گویا حلق مین
خون کا لٹھ ڈالا ہے یہ بیماری تینون خلطون سے پیدا ہوتی ہے اور لاعلاج ہے۔

گلایو نامے گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے مین آملہ کی گٹھلی کے برابر گانٹھ ہو اور
اس مین کم درد ہو اور وہ گانٹھ بلغم خون سے پیدا ہوتی ہے اور کھانا کھاوے تب وہ بُری
لگے اُسکو ہتھیار سے دور کرے تو یہ دور ہوتی ہے اسکو گلایو گلے کی بیماری بولتے ہین۔

گل بدرودھ کی علامتین] جسکے سب گلے مین ورم ہو اور اُس مین جان کا زائل کرنے والا
بہت درد ہو یہ بھی تینون خلطون کے فساد سے پیدا ہوتا ہے اسکو گل بدرودھ کہتے ہین۔

گلوگھ نامے گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے کی راہ مین بہت ورم ہو اور جس سے
گلے کی راہ مین ہوا جانے سے بھی رُک جاوے اور اسکے تیز بخار پیدا ہو جاوے یہ بلغم
خون کے بگڑنے سے پیدا ہوتا ہے اُسکو گلوگھ کہتے ہین۔

سُرگھن گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے مین بلغم خراب ہو کر گلے کی آواز کو
دور کرے اور دونا گوشت لٹکے اور حلق گھون گھون بولے اور غذا بخوبی تمام کھائی
نہ جاوے اور یہ بلغم گلے کی ہوا کو بگاڑے اُسکو سُرگھن بولتے ہین۔

مانس تان گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے مین ورم رفتہ رفتہ بڑھے اور سب
گلے مین ورم ہو جاوے اور جان کا زائل کرنے والا درد ہو یہ بھی تینون خلطون سے
پیدا ہوتا ہے اس کا نام مانس تان ہے۔

بداری نامے گلے کی بیماری کی علامتین] جسکے گلے مین تانبے کے رنگ کے برابر
جلن اور درد کو لیے زیادہ ورم ہو اور گلا لٹک جاوے اور پک جاوے اور پیپ پڑ جاوے
وہ صفرا کے فساد سے ہوتا ہے اور وہ بداری گلے کے پیچھے ہوتی ہے جس کروٹ سووے
وہان اُسکو بداری نامے گلے کی بیماری بولتے ہین۔

گلے کی بیماریون کا علاج

جسکے روہنی بیماری ہو اُسکے گلے کا جونک وغیرہ سے کسی طرح سے خون نکلسے تو روہنی کی بیماری دور ہو اور رستے کرنا اور دواؤن کا حقہ پینا اور دواؤن کی کلی کرنا ناس دینا خون نکلوانا ٹنک کا سینک یہ سب گلے کی بیماری کو مفید ہین یا اسینھہ کی کلی کرے تو یہ سب علاج بادی گلے کی بیماریون کو اچھے ہین۔

صفرا کے گلے کی بیماری کا علاج] مصری۔ شہد۔ پرینگ کے پھول اسکے کاڑھے سے صفرا کی گلے کی بیماری دور ہو۔

بلغم کے گلے کی بیماری کا علاج] گھر کا دھوان اور کٹکی انکے کاڑھے سے بلغم کے گلے کی بیماری دور ہو۔ یا کٹکی اور زنجبیل پیپل مرچ سیاہ۔ یا سے ڑنگ۔ بیخ جاکگوٹھ اور سیندھا نمک کا کاڑھا کرکے اُسمین پکا وے پھر اس تیل کا ناس دے تو بلغم کے گلے کی سب بیماریان دور ہون یا لبثن کراتنا کا کاڑھا پیئے تو روہنی نامے گلے کی بیماری دور ہو یا لبثن کراتنا اور سنکھاہولی کو گھوٹ کر پیئے تو کنٹھ شالوکا۔ تنڈکیری۔ اوپ جہوا۔ ادھو جہوا۔ ایک برندگلایو وغیرہ سب جگا دین یا نشتر کو درست کرکے گلے کا خون نکالے تو گل پدرودھ وغیرہ گلے کی سب بیماریان دور ہون۔

حلق کی بیماریون کا علاج] حلق کی بیماریان خون نکالنے اور ناس دینے سے اچھی ہوتی ہین۔ یا دار ہلدی۔ پوست نیم۔ اندرجو پوست ہلیلہ۔ تج ان کا کاڑھا کرکے اس مین شہد ڈال کر پیئے تو حلق کی بیماریان دور ہون۔ یا کٹکی۔ اتیس۔ دار ہلدی۔ ناگرموتھا اور اندرجو کا کاڑھا کرکے اس مین گائے کا پیشاب ڈال کر پیئے تو حلق کی سب بیماریان دور ہون یا پوست ہلیلہ کا کاڑھا شہد مین ڈال کر پیئے تو حلق کی سب بیماریان دور ہون۔ یا ہنتی۔ وا کٹکی۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ دار ہلدی۔ تج۔ ترپھلہ۔ ناگرموتھا۔ پاڑھ۔ رسوت۔ پوہکرمول زردچوب کا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر پیئے یا اسکی کلی کرے یا شہد سے اسکی گولی باندھے اور اس گولی کو منھ مین رکھے تو گلے اور حلق کی سب بیماریان دور ہون۔

سب مُنھ کی بیماریون کی پیدائش علامت اور علاج

بادی[۱] ۔ صفراوی[۲] ۔ بلغمی[۳] ۔ سنپات[۴] ۔

بادی مُنھ کی بیماری کی علامتین] جسکے مُنھ مین سب جگہ چھالے ہو جاوین اور اُنمین بہت درد ہو تو بادی مُنھ کی بیماری جانو

صفراوی مُنھ کی بیماری کی علامتین] جسکے مُنھ مین سُرخ چھالے ہون یا جلن لیے زرد ہون اُسکو صفرا کے مُنھ کی بیماری جانو۔

بلغم کے مُنھ کی بیماری کی علامتین] جسکے مُنھ مین سپید چھالے بغیر درد کے ہون اور اُن مین خارش ہو اُسے بلغم کی بیماری جانو۔

لاعلاج مُنھ کی بیماری کی علامتین] جسکے لب اور مسوڑھے مین خون کے فساد سے یا تینون خلطون کے فساد سے چھالے ہون وہ لاعلاج ہے۔

سب مُنھ کی بیماریون کا علاج

مُنھ مین باد کے چھالے ہون تو ٹنک اور پھٹکری کی کلی کرادے۔ یا باد کے دور کرنیوالے تیل کی کلیون سے چھالے دور ہون۔

صفرا کے مُنھ کی بیماریون کے چھالے کا علاج] ملیٹھی اور کھیر سار کو اوٹا کر اور شہد ڈال کر کلی کرے تو صفراوی مُنھ کے چھالے دور ہون۔ یا دودھ کو گرم کر کے تھوڑا سا گھی اور شہد ڈال کر کلی کرے تو صفراوی مُنھ کی بیماری دور ہو۔

بلغم کے مُنھ کے چھالے کا علاج] نیلا تھوتھا اور پھٹکری کو باریک پیسکر چھالے مین لگاوے اور مُنھ کا لعاب ڈالے تو بلغم کے چھالے دور ہون۔

سنپات کے مُنھ کی بیماری کے چھالے کا علاج] اس بیماری مین مُنھ کے نس کی فصد کھلواوے تو وہ چھالے دور ہون۔ یا پیپل کے پتے۔ گلو۔ ترپھلہ جواسہ دار ہلدی آملہ اور اکھوا کا کاڑھا اُس مین شہد ڈال کر کلی کرے تو تینون خلطون کی مُنھ کی بیماریان دور ہون۔ یا زیرہ سیاہ۔ کوٹ۔ اندرجو ان کو باریک پیسکر دانتون سے اُس کا رس مُنھ مین لے پھر تھوک دے تو تینون خلطون کا مُنھ کا عارضہ دور ہو۔ یا پٹول کے پتے۔ پوست نیم۔ برگ جامن۔ برگ انبہ۔ برگ چمیلی۔ ان کا کاڑھا کر کے اُس کی کلی کرے تو تینون خلطون کے مُنھ پاک کے چھالے دور ہون۔ یا برگ پٹول۔ ترپھلا۔ دار ہلدی کا کاڑھا

کر کے اس مین شہد ڈالکر کُلی کرے تو تینون خلطون کی مُنھ کی بیماری دور ہو۔ یا خس۔
پٹول۔ ناگر موتھ۔ پوست ہلیلہ۔ کٹکی۔ ملیٹھی۔ پوست کرمالا۔ سُرخ صندل کا کاڑھا کر کے
اُسکی کُلی کرے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا تلون کی ڈنڈی۔ بیخ کنول۔ نگی۔ مصری۔ دودھ
اور شہد کو جمع کر کے کُلی کرے تو تینون خلطون سے مُنھ کے عارضے دور ہون۔ یا زرد چوب
برگ نیم۔ ملیٹھی۔ اور بیخ کنول کو تیل مین پکا کر اس تیل کی کُلی کرے تو تینون خلطون
کے مُنھ کی بیماری کے چھالے دور ہون۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔
دانت ہلتے ہون اور اُن مین درد بھی ہو اُسکی دوا] پیپل۔ سیندھا نمک۔ زیرہ سیاہ۔
پوست ہلیلہ اور موچرس کو باریک پیسکر دانتون مین رگڑے تو دانت ہلنا بند ہون اور اُن کا
ورم اور درد دور ہو یا ناگر موتھ۔ پوست ہلیلہ۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ بائے بڑنگ۔ برگ نیم
ان کو باریک پیسکر گاے کے پیشاب کی تین پٹ دے اور سایہ مین سُکھا کر گولیان
بناوے ایک گولی رات کو مُنھ مین رکھکر سو وے اور صبح کے وقت اُس گولی کو تھوک دے
پھر کُلی کرے تو دانت کی سب بیماریان دور ہون۔ یا پھٹکری۔ نیلا تھوتھ۔ کھیر سار۔ پتّر یا
کتھ۔ تیج بل۔ کچی لاکھ۔ بنسلوچن۔ مرچ سیاہ۔ آملہ۔ مجیٹھ۔ رومی مصطگی۔ مولسری کا پوست
سیندھا نمک۔ مازو پھل۔ دکھنی سپاری۔ ان کو باریک پیسکر کپڑ چھان کر اس مین زنگندی
کے رس کی ایک پُٹ دے پھر چمیلی کے رس کی ایک پُٹ دے اور دھوپ مین سُکھالے
پھر باریک پیسکر دانتون مین رگڑے تو دانت گاڑھے ہون اور دانتون کی سب بیماریان دور ہون
زبان کی بیماری کی دوا] کچنار کے پوست کا کاڑھا کر کے اس مین کھیر سار ملا کر کُلی
کرے تو زبان کی سب بیماریان دور ہون۔
گلے کی سب بیماریون کے دور ہونے کی گولی] تیج بل پارٹر۔ رسوت۔ دار ہلدی کا
پیپل کو باریک پیس کر شہد مین گولیان بنا کر ایک گولی مُنھ مین رکھے تو سب
قسم کی بیماری دور ہو۔
مکھ پاک یعنی مُنھ کی بیماریون کے دور ہونے کی گولی] کھیر سار۔ جائپھل۔ بھیمسینی
کافور۔ دکھنی سپاری۔ بیج۔ تیرج۔ ناگکیسر۔ الائچی۔ کستوری برابر لیکر اور باریک پیسکر

کھیر سار کے کاڑھے مین چنے کے برابر گولیان بناوے اور ایک گولی کو مُنھ مین رکھے تو زبان۔ لب۔ دانت۔ مُنھ۔ گلا۔ تالو کی سب بیماریان دور ہون۔

دوسری کھیر سار کی گولی] جائپھل۔ کستوری۔ بھیم سینی کافور۔ سپاری۔ ان کے برابر کھیر سار لے کر اور سب کو باریک پیسکر گولیان بناوے اور مُنھ مین رکھے تو مُنھ کی سب بیماریان دور ہون۔

دانتون کے خون بند ہونے کی دوا] سیندھا نمک۔ کھیر سار۔ کوٹ۔ کشنیز۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ بھُنا ہوا زیرہ۔ بھُنا ہوا نیلا تھوتھ۔ ان کو باریک پیسکر دانتون مین ملے تو دانتون سے خون نکلنا بند ہو۔

مُنھ پاک کی اور دوا] دار ہلدی۔ گلو۔ چمیلی کے پتے۔ داکھ۔ اجوائن اور ترپھلے کا کاڑھا کر کے کلی کرے تو یہ بیماری دور ہو۔ یہ سب علاج بیدرہس مین لکھے ہین۔

مُنھ کے اوپر جھائین دور کرنے والا علاج

پٹھانی لودھ۔ کشنیز۔ خراسانی بچ۔ گئو لوچن اور مرچ کو باریک پیسکر مُنھ پر لیپ کرے تو مُنھ کی جھائین دور ہو۔ یا سرسون۔ بچ۔ پٹھانی لودھ۔ سیندھا نمک۔ ان کو باریک پیسکر مُنھ پر لیپ کرے تو مُنھ کی جھائین دور ہو۔ یا سرخ صندل۔ مجیٹھ۔ کوٹ۔ پٹھانی لودھ۔ پرینگو کے پھول۔ برگد کے انکھوے۔ مسور ان کو پانی سے باریک پیس کر لیپ کرے تو جھائین دور ہو۔ یا جائپھل کو گھس کر لیپ کرے تو جھائین دور ہو یا آک کے دودھ مین ہلدی کو بھگو کر لیپ کرے تو مُنھ کی جھائین دور ہو۔ یا مسور کو دودھ مین پیس کر اس مین تھوڑا سا گھی ملا کر لیپ کرے تو مُنھ کی جھائین دور ہو اور نور کی ترقی ہو۔ یا کیسر۔ سُرخ صندل۔ پٹھانی لودھ۔ خس۔ مجیٹھ۔ ملیٹھی۔ تیزپات۔ کوٹ۔ گئو لوچن۔ زرد چوب۔ لاکھ۔ دار ہلدی۔ ناگ کیسر۔ پرینگو کے پھول۔ برگد کے انکھوے۔ چمیلی کے پتے۔ موم۔ سرسون اور بچ کا کاڑھا کر کے اس مین نرم آنچ سے پکاوے۔ پھر اس تیل کی مالش کرے تو مُنھ کی جھائین۔ کیل۔ تل۔ مسّے وغیرہ سب فساد دور ہون۔

باب اُنیسوان

استھاور جنگم کے زہر کا بیان اور اُن سے پیدا ہوئے عارضون کی پیدائش تعداد علامت اور علاج

زہر دو قسم کا ہے استھاور اور جنگم - وہ دس جگہ رہتا ہے - درخت کی جڑ مین پتے مین پھل مین پھول مین پوست مین درخت کے دودھ مین درخت کے رس مین - درخت کے گوند مین اور دھات یعنی ہرتال وغیرہ مین - کند یعنی سنگی مہرہ وغیرہ مین ان جگھون مین استھاور نامی زہر رہتا ہے اور جنگم زہر تیرہ جگہون مین رہتا ہے آدمی وغیرہ کی نظر مین سانپ وغیرہ کی سانس مین - کتے اور سیار کی داڑھ مین شیر وغیرہ کے ناخنون مین بسکھپرے وغیرہ کے مل مین - پیشاب مین - بندر وغیرہ کی منی مین - سڑی جانور یعنی باؤلے کتے اور سیار وغیرہ کی مقعد مین - سانپ وغیرہ کی ہڈی مین - نیولے اور بچھو وغیرہ کے پتے مین بھونرے وغیرہ کے کانٹے مین - چوہے کے دانت مین - شیرون کے روئین مین -

استھاور زہر کھانے سے یہ بیماریان ہوتی ہین] استھاور زہر کے کھانے سے بخار اور ہچکی ہو - دانت کھٹے ہو جاوین - گلا بند ہو جاوے - منھ مین سے جھاگ آوین قے - نفرت - دمہ اور غشی ہو -

درخت وغیرہ کی جڑ کے زہر کھانے کی علامتین] قے اور غفلت ہو -

درخت کے پتون کے زہر کھانے کی علامتین] جمھائیان بہت آوین بدن مین رعشہ اور دمہ ہو -

درخت کے پھلون کے زہر کھانے کی علامتین] منھ مین ورم اور بدن مین سوزش ہو اور غذا وغیرہ سے زیادہ نفرت کرے -

درختون کے پھولون کے کھانے یا سونگھنے سے جو بیماریان ہون اُنکی علامتین] قے اپھارا اور غشی مین مبتلا ہو -

درخت وغیرہ کے پوست کے کھانے یا لگانے کے زہر کی علامتین] اسکے منھ سے

بدبو آوے بدن کڑوا ہو جاوے درد سر رہے اور منھ مین بہت بلغم نکلے۔
درخت وغیرہ کے دود و دود کے زہر کے کھانے کی علامتین] سینہ مین درد ہو۔ غشی ہو۔ منھ سے پھینا نکلے۔ اور مقعد کے بند چھوٹ جاوین زبان بھاری رہے۔
ہرتال وغیرہ زہر کھانے کی علامتین] چھاتی دُکھے۔ بیہوشی ہو۔ بدن مین جلن ہو اور تالو مین جلن ہو اس زہر سے بہت جلد مر جاوے یا کچھ عرصے مین ہلاک ہو۔
کندکچھ یعنی سنگی مہرہ وغیرہ کھانے کی علامتین] سنگی مہرہ وغیرہ کا کھانے والا جلدی ہلاک ہو۔ چھاتی دُکھے۔ غشی ہو۔ بدن مین جلن ہو۔ تالو جلے۔
سب قسم کے زہر صاف کر کے کھانے کا نتیجہ] سب قسم کے زہر رو کھے اور گرم اور تیکھے ہین اور اُن کا یہ عام فائدہ ہے کہ یہ سبھی ہوتے ہین اور کل بدن مین جلد پھیل جاتے ہین اور اُن کی صفتین جلد عیان ہو جاتی ہین اور جلد پک جاتے ہین یہ دس علامتین استھادر زہر مین ہین۔

استھادر زہر کے کھانے سے جو بیماریان پیدا ہون اُن کی علامتین

زہر کے روکھے ہونے کے سبب مواد بگڑے اور سب جگہون کے جوڑون کو کاٹے اور بدن کے ہر ایک عضو مین وہ زہر تقسیم ہو جاوے اور زہر کی طاقت سے عورت سے زیادہ جماع کرے اس خاصیت سے بدن کے فسادون کو اور بدن کی دھاتون کو اور بدن کے مل کو بگاڑے اور زہر کے جلد پھیلنے کے خاصیت ہونے سے اور بدن کو تکلیف دے انھین باعثون سے زہر کا علاج نہایت مشکل ہے۔
زہر کے پانی بجھے ہوئے ہتھیار لگنے کی علامتین] جسکو زہر کے پانی کا بجھا ہوا ہتھیار لگے اس کا زخم فوراً پک جاوے اور اس زخم مین سے بہت سا سیاہ خون نکلے اور بدبودار ہو اور گوشت بکھر جاوے پیاس لگے تب جلن وغشی وغیرہ بھی علامتین ہون تو جاننا چاہیئے کہ کسی دشمن نے زہر کے پانی کے بجھے ہوئے ہتھیار سے مارا ہے۔
زہر دینے والے آدمی کے جاننے کی علامتین] زہر دینے والے آدمی کی زبان کی حرکتین منھ کا رنگ اور طرح کا ہو جاوے اور کوئی اس سے پوچھے تو اُسکو جواب

اورکا اور ہی کہے اور زہر کھانے والا غافل ہو جاوے اور اس سے بولا نہ جاوے اور جو وہ بولے تو بیوقوف کے مانند بولے اور انگلی سے زمین کو کھودے اور بھاگ جاوے اور گھر مین سے نکلنے کا ارادہ کرے اور ادھر اُدھر باربار دیکھتا جاوے اور اُسکا دل بے طرح ہو جاوے یہ سب علامتین زہر دینے والے مین ہوتی ہین عقلمند جان لین۔

جنگم بش یعنی سانپ وغیرہ ذی روح کے کاٹنے کی بیماریون کی عام علامتین

جسکو کسی جانور نے کاٹا ہو اُسکو غنودگی اور نیند ہوا ور اُس کا ہوش جاتا رہے اندھیری آجاوے اور اسجگہ ورم ہوا ور اسہال پیدا ہو جاوے یہ علامتین ہو جاوین تو جاننا چاہیے کہ کسی زہریلے جانور نے کاٹا ہے۔

بھوگی منڈل یعنی سانپ کے کاٹنے کی علیحدہ علامتین

بادی طبیعت والا بھوگی۔ صفراوالا منڈل۔ بلغمی طبیعت والا راجل۔ یہ سانپ جسکو کاٹین اُنکی علامتین مذکورہ ذیل ہین۔ جسکو بھوگی سانپ کاٹے وہ جگہ ڈنک کے مانند زرد ہو اور اُسکو سب بادی بیماریان پیدا ہون اور جسکو منڈل سانپ کاٹے اُسکے کاٹنے کی جگہ زرد ہوا ور کسی قدر ورم ہوا ور جسکو راجل سانپ کاٹے اُسکے کاٹنے کی جگہ پر قائم سوجن ہو اور اس جگہ زرد چکنے جھاگ کو لیے گہرا خون نکلے اور اسکو سب بلغم کی بیماریاں ہو جاوین۔

مختلف جگہ اور اوقات مین جو سانپ کاٹے اُس کی علامتین

پیپل کی جگہ مین۔ دہلیز مین۔ مسان مین۔ ڈیوڑھی کے نزدیک۔ چوہٹے مین شام کے وقت بھرنی اور گھاپختر مین اور مرم جگہون مین جو سانپ آدمی کو کاٹے تو وہ مرجاوے۔

دروی کر سانپ جس کا پھن کرچھے کے مانند ہو اُسکے کاٹنے کی علامتین

جس سانپ کا پھن چھتر یا کنول یا آنکس کے مانند ہوا ور وہ سانپ جلد چلے اُسکو دروی کر بولتے ہین اتنے آدمیون کو سانپ کاٹے تو علاج نہ کرنا چاہیئے بدہضمی والے کو گرمی کے فسادوالیکو۔ لڑکے کو بوڑھے کو بھوکھے آدمی کو زخمی کو پرمیہ یعنی جریان والے کو حاملہ عورت کو ور جسکے بدن مین خون نہ ہو اتنے آدمیون کو سانپ وغیرہ کاٹین تو لاعلاج ہے یا جسکے منھ مین سے خون کی دھار نکلے یا جسکی مقعد یا آلت سے خون کی دھار گرے وہ بھی لاعلاج ہے۔

دوسرے زہر کی علامتین] استھاور یا جنگم زہر ہین۔ وہ بہت دنون کے اثر سے دوا سے بھی زہر ہو جاتے ہین اُن کی صفتین جاتی رہتی ہین۔ ان پرانی دوا وغیرہ کے زہر سے بیہوشی قے وغیرہ ہو جاتی ہین۔

چوہے کے زہر کی علامتین] جہان چوہا کاٹے اس جگہ سے خون زرد نکلے اور اس جگہ دائرہ ہو جاوے اور بخار اور نفرت ہو اور بال کھڑے ہو جاوین اور جلن ہو یہ علامتین ہون تو چوہے کا کاٹا ہے۔

جان کے زائل کرنے والے چوہے کے زہر کی علامتین] جس چوہے کے کاٹنے مین بیہوشی اور اعضا مین ورم ہو اور بدن کا رنگ اور ہو جاوے اور بدن مین تکلیف بہت ہو اور کاٹنے کی جگہ مین سے خون بہت گرے اور بخار ہو آوے سر بھاری ہو اور رال بہت گرے۔ خون آوے تو اس چوہے کے کاٹے کو لاعلاج جانو۔

گرگٹ کے زہر کی علامتین] گرگٹ کے کاٹنے کی جگہ مین ورم ہو اور وہ جگہ سیاہ ہو جاوے اور بدن کے طرح طرح کے رنگ ہو جاوین اور غفلت ہو اسہال پیدا ہو تو گرگٹ کے کاٹے کا زہر جانو۔

بچھو کے زہر کی علامتین] بدن مین جہان بچھو کاٹے اُس جگہ آگ سی لگ جاوے اور اونچا چڑھے اور کاٹنے کی جگہ پھٹنے لگے۔

بچھو کے کاٹنے کی لاعلاج علامتین] بچھو بہت زہریلا ہو اور ناک مین کاٹے تو اس جگہ بہت آگ سی جلے اُس کی زبان درد سے کپ جاوے اور اس جگہ کا گوشت گرنے لگے ایسا آدمی مرجاوے۔

زہریلے مینڈک کے کاٹنے کے زہر کی علامتین] زہریلا مینڈک جسکو کاٹے اسکے کاٹنے کی جگہ ورم ہو اور وہان درد ہو اور پیاس لگے اور نیند بہت آوے اور قے ہو۔

زہریلی مچھلی کے کاٹنے کے زہر کی علامتین] جسکو زہریلی مچھلی کاٹے اُسکے جلن پیدا ہو اُس جگہ ورم اور درد ہو۔

زہریلی جونک کے کاٹنے کی علامتین] اُس جگہ کھجلی اور ورم ہو اور غشی مین

بھی مبتلا رہے تو زہریلی جونک کے کاٹنے کا زہر جانو۔

زہریلے لبّا کھپرے کے کاٹنے کی علامتین] اُس جگہ ورم جلن اور درد ہوا اور پسینا آوے تا

کان سلائی کے کاٹنے کی علامتین] جس جگہ کان سلائی کاٹے اُس جگہ درد ہو اور پسینا آوے اور جلن ہو۔

بچھو کے زہر کی علامتین] اُس جگہ کھجلی اور درد ہوا اور ورم بھی ہو۔

جنگلی مچھر کے کاٹنے کی بالادوا علامتین] جسکو زہریلا مچھر کاٹے اُسکے شل پتّی کے سرخ چکتے کے مانند زخم گہرے پڑجاوین اور اُس جگہ بہت درد ہو یہ لاعلاج ہے۔

زہریلی مکھی کے کاٹنے کی علامتین] جس جگہ زہریلی مکھی بھونر مکھی کاٹے وہ جگہ سیاہ ہو جاوے اور جلن غشی اور بخار ہو اور وہان چکتے ہون اُسکا کاٹا مرجاوے۔

جسکو شیر بگھیرا چیتا کاٹے اُسکی علامتین] جسکو شیر وغیرہ کاٹین اُسکا زخم پکے اور پیپ پڑجاوے اور بخار ہووے۔

باؤلے کتّے کی علامتین] جسکے مُنھ سے لعاب گرے اور وہ کتا بہرا اور اندھا ہو جاوے اور چارون طرف دوڑے اور اُسکی دُم سیدھی ہو جاوے اور اُسکی داڑھ اور کندھے اور سر دُکھے اس سے اُسکا سر نیچے ہی رہے ایسا کتا یا سیار شیر اور چیتا وغیرہ باؤلا جانو۔

باؤلا کتا وغیرہ جسکو کاٹے اُس کی علامتین] جسکو باؤلے کتے وغیرہ کاٹین اُس کا خون سیاہ نکلے اُسکے سر اور چھاتی مین بہت درد ہوا اور بخار ہو بدن جکڑبند ہو جاوے پیاس لگے اور اس جگہ کھجلی اور درد ہو بدن کا رنگ اور ہو جاوے۔ بدن مین بہت ہی تکلیف ہو جکڑ آوین جلن ہوا اور کاٹنے کی جگہ ورم ہوگا ٹھنڈ پڑجاوے کاٹنے کی جگہ پھٹنے لگے اور اس جگہ پھوڑے ہون یہ علامتین باؤلے کتے کے کاٹنے کی جانو۔

اس کی لاعلاج علامتین] جو شخص پانی یا کانچ یا تیل مین سیار یا کتے کو دیکھے اور پکار کر رونے لگے اور خلاف حرکتین کرنے لگے اور دوڑے اور وہ مرجاوے۔

سب قسم کے استھاور کا علاج] جو استھاور زہر کھاوے اُسکو دوا اون سے قے کراوے تو استھاور کا زہر دور ہو سب طرح کے زہر گرم ہین اسلئے ٹھنڈے علاج سب مفید ہین یا مع شہد

اور گھی کے زہر کی دفع کرنیوالی دوائیں دیں تو زہر دور ہو اور اس زہر والے کو کھٹائی اور مرچ نہ دینا چاہیئے اور اُسکو برنج ساٹھی کو دودھ اور سیندھا نمک دینا چاہیئے۔

زہر کے دور کرنے کا لیپ] بہڑینگ کے پھول۔ مالکنگنی کی جڑ۔ پان کا پوست پھول اور پنج اور سرس کا پنچانگ ان کو گائے کے پیشاب میں باریک پیسکر لیپ کرے تو استھاور زہر کی بیماری دور ہو۔ یا پیپل۔ ادرش۔ چھڑ۔ لودھ۔ جٹاماسی۔ الائچی۔ شورہ قلمی۔ کالی مرچ۔ نیتربالا۔ سوناگیرو۔ انکو پانی سے باریک پیسکر اور لیپ کرے تو زہر دور ہو۔ یہ سب علاج بھاؤپرکاش میں ہین یا چولائی کی جڑ کو چانولون کے پانی میں پیسکر پیئے تو استھاور زہر کا فساد دور ہو۔

جنگم زہر کا علاج] پوست ہلیلہ۔ گگولوچن۔ کوٹ۔ آک کے پھول۔ کنول کی جڑ۔ نرسل اور بید کی جڑ۔ تلسی۔ اندرجو۔ مجیٹھ۔ جواسہ۔ چھتاور۔ اور سنگھاڑے کا کاڑھا کرکے اُسمین گائے کا گھی پکاوے جب یہ سب جلجاوین اور گھی رہجاوے تب اس گھی مین برابر کا شہد ڈالکر بدن میں لیپ کرے تو زہر کا فساد اور سانپ کا کاٹنا وغیرہ اور سب جانداروں کا زہر دور ہو یہ گھی کھانے پینے اور ناس لینے مین مفید ہے۔ اس کا نام مرتوپاش چھید گھی ہے یہ بھاؤپرکاش مین لکھا ہے۔

سانپ کے زہر دور ہونے کا علاج] گھی۔ شہد۔ مسکہ۔ پیپل۔ ادرک۔ مرچ۔ سیندھا نمک ان سب کو باریک پیسکر پیئے تو سیاہ سانپ کا کاٹا بھی اچھا ہو۔ یا سرس کے پھول کے رس مین سیہنجنے کے بیجون کی سات پٹ دے۔ پھر اُس کا انجن کرے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو یا سپید ساٹھی کی جڑ کو پشیارک یعنی پکھ نچھتر اور اتوار کے دن لاوے اُسکو چانول کے پانی سے باریک پیسکر پیئے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو۔

بچھو کے زہر کا علاج] جمالگوٹے کو گھس کر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دور ہو یا نوسادر اور ہرتال کو باہم باریک پیسکر بچھو کے ڈنک پر لیپ کرے تو بچھو کا زہر دور ہو۔ یا پلاس پاپڑہ کو آک کے دودھ مین گھسکر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دور ہو۔ یا سرس کے بیجون کو بکری کے دودھ مین گھسکر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دور ہو۔

بچھو کے زہر دور ہونے کا منتر] اوم آدیتہ رتھ بیگین بشن باہو بلے تچھ سبرن پنکھ پاتین بھومیام پچھ۔ مہا بچھو۔ بھیکش۔ جوگ۔ پدا گیا سری۔ رشودرشٹم پر بھو بدا گیا بھومیام بچھو مہا بچھو

اسی منتر سے اکیس مرتبہ ڈنک کے اوپر جھاڑ دے تو بچھو کا زہر دور ہو۔
کنیر کے زہر کے دور کرنے کا علاج] ہلدی کو دودھ میں باریک پیسکر اس میں مصری ملاکر پیئے تو کنیر کا زہر اُترے۔
دھتورے کے زہر کے دور کرنے کا علاج] چولائی کی جڑ یا گلو کو پیئے یا کپاس کے پنچانگ کا استعمال رکھے تو دھتورے کا زہر اُترے۔
آک کے زہر کے دور ہونے کا علاج] زرد چوب۔ تل اور دوب کو بکری کے دودھ میں پیسکر لیپ کرے تو آک کا زہر دور ہو۔
کونچ کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] گھی کی مالش کرے تو کونچ کا زہر دور ہو۔
بھلانوے کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] سو مرتبہ کے دھوئے ہوئے گھی کی مالش کرے تو بھلانوے کا زہر دور ہو۔
مکھی کے زہر دور ہونے کا لیپ] کیسر اور تگر اور زنجبیل کو باریک پیس کر لیپ کرے تو مکھی کا زہر دور ہو۔
بھونرا مکھی کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] زنجبیل۔ کبوتر کی بیٹ۔ بجورے کا رس ہرتال اور سیندھا نمک باریک پیسکر لیپ کرے تو بھونرا مکھی کا زہر دور ہو۔
چوہے کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] دھماسہ۔ مجیٹھ۔ زرد چوب اور سیندھا نمک کو پانی میں باریک پیسکر لیپ کرے تو چوہے کا زہر دور ہو۔
مینڈک کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] سرس کے بیجون کو تھوہڑ کے دودھ میں باریک پیسکر لیپ کرے تو مینڈک کا زہر دور ہو۔
کان سلائی کے زہر کے دور ہونے کا لیپ] چراغ کے تیل کا لیپ کرے تو کان سلائی کا زہر دور ہو۔
سانپ کے زہر کے دور ہونے کا انجن] جالگوٹہ کی مینگی میں نیم کے رس کی سات پٹ دے اور دھوپ میں سکھا کر لاکھ کے رس کی ایک پٹ دے کر پھر اُس کا انجن کرے تو سانپ کا زہر دور ہو۔

باؤلے کتے اور سیار کے کاٹنے کا علاج] یہ جانور جس جگہ کاٹیں اُس جگہ کا خون نکال ڈالیں اور اُس جگہ لوہے کی سلاخ سے داغ دیں تو کتے اور سیار وغیرہ کا زہر دور ہو۔ یا دھتورے کا رس ایک درم۔ آک کا دودھ ایک درم۔ گھی ایک درم ان کو خوب حل کر کے پیس کر لیپ کرے تو باؤلے کتے کا زہر دور ہو۔ یا دھتورے کے پھلوں کو مع بیجوں کے لے کر چولائی کی جڑ کے رس میں پیسے۔ یا گوبھی اور شہد سے پیس کر لیپ کرے تو باؤلے کتے کا زہر دور ہو یا آک کا دودھ گوشت تیل اور گڑ کو برابر لے کر ایک درم بلا ناغہ سات روز کھاوے تو اُس کا زہر دور ہو یا اس منتر سے ایک سو آٹھ آہت دے۔ اور جس کو باؤلے کتے نے کاٹا ہو اُس کو چوہٹے میں یا دریا کے کنارے نہلا کر آپ پاک ہو کر اس منتر سے ایک سو آٹھ آہت دے پھر ڈابھ سے اُسکو جھاڑے تو زہر اُترے۔ منتر یہ ہے۔ ارکا دھ ستیے گیش سارمیئی گنادھپ۔ الرک جنٹ بے تن مے زبھم گر یا جوات سواہا۔ اور قند سیاہ تیل آک کے دودھ کا لیپ کرے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا مرغی کی بیٹ کا لیپ کرے۔ یا گوار کے پٹھے کا مغز اور سیندھا نمک اُس کے اوپر پانچ روز باندھے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا چولائی کی جڑ تلسی کے بیج۔ بیج کو چانولوں کے پانی میں پیس کر سات دن پیئے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا چولائی کی جڑ کا رس اور عمدہ گھی ملا کر سات روز کھاوے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا کڑوی تونبی کی جڑ چار درم۔ زنجبیل چار درم۔ مرچ چار درم۔ نیم کی نبکولی چار درم۔ جمالگوٹہ مصفا نو درم نسوت سات درم ان کو باریک پیس قند سیاہ میں ڈھائی درم کی گولیاں بناوے ایک گولی سات روز یا چودہ دن تک گرم پانی سے کھاوے تو باؤلے کتے کا زہر دور ہو۔ یا کڑوی تونبی کی جڑ۔ شنگرف۔ جمالگوٹہ مصفا۔ مرچ۔ سہاگہ بریان۔ یہ سب برابر لے کر ان کی دو رتی بھر کی گولیاں چولائی کے رس میں بناوے اور ایک گولی سات دن گرم پانی سے کھاوے تو کتے کا زہر دور ہو اور جہاں کتے نے کاٹا ہو وہاں پہ اس کو پیشاب میں گھس کر لگاوے تو پیشاب میں ہو کر لٹ گر پڑے۔

باب بیسوان

عورت اور لڑکون کی سب بیماریون کے نام اور عورتون کے پردر وغیرہ سب بیماریون کی پیدائش علامت اور علاج

پردر کی بیماری کی پیدائش

خلاف غذا کھانے اور بہت شراب پینے اور غذا کے ٹھہرانے اور بدہضمی پر خورک کھانے اور حمل گرنے اور بہت جماع کرنے اور سواری پر سوار ہوتے اور راہ چلنے اور تفکرات اور بہت تیزی ہونے اور بوجھ اُٹھانے اور چوٹ کے لگنے اور دن کے سونے سے عورتون کے باد صفرا اور بلغم سنپات یہ سب فاسد ہوکر پردر کی بیماریان پیدا کرین وہ بیماری چار قسم کی ہے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کی۔

پردر کی عام علامتین] عورت کی فرج مین سے بغیر ایام حیض کے خون نکلے اور خون نکلنے کے وقت اعضا شکنی ہو اور کل بدن مین درد ہو اُسکو پردر بولتے ہین۔

بادی پردر کی علامتین] جس کی فرج کا خون روکھا ہو اور اُس مین جھاگ ہو اور مثل گوشت کے پانی کے ہو۔

صفرا کے پردر کی علامتین] اُس کی فرج کا خون زرد نکلے اور نیلا سپیدی لیے سُرخ اور گرم بھی بہت نکلے اور بدن مین جلن ہو

بلغم کے پردر کی علامتین] جس کی فرج کا خون مثل گوند چکنا اور گلاب کے پانی کے مانند نکلے اُسکو بلغم کا پردر کہنا چاہیے۔

سنپات کے پردر کی علامتین] شہد یا گھی یا ہرتال یا سر کے گودے کے مانند مردے کی سی بدبو لئے خون نکلے تو تردد کھو یعنی سنپات کا پردر جانو۔

خون کے بہت جانے کا فساد] خون بہت نکلے تو عورت دُبلی اور کمزور ہو جاوے تکلیف ہو اور غشی ہو اور پیاس بہت لگے جلن اور بکبک ہو بدن زرد ہو جاوے غنودگی ظاہر ہو اور بادی کی اور بھی بیماریان ہون۔

پردر کی لاعلاج علامتین] فرج مین سے برابر خون نکلا کرے اور کبھی بند نہ ہو اور پیاس لگے اور جلن اور بدن مین بخار رہے بدن کمزور ہو جاوے تو لاعلاج ہے۔

شدّھ آرتو یعنی حیض کی علامتین] جس عورت کا خون فرج کا مہینے کے مہینے مثل خرگوش کے خون کے نکلے اور خون مین جلن نہ ہو اور خون نکلتے وقت درد نہ ہو اور پانچ رات نکلے اور نہ بہت نکلے اور تھوڑا بھی نہ نکلے اسکو شدّھ استری دھرم یعنی درست خون حیض کا جانو۔ اور استری دھرم سولہ روز رہتا ہے۔

پردر روگ کا علاج] سونچر نمک۔ زیرہ۔ ملیٹھی۔ کنول گٹہ۔ ان کا کاڑھا کرکے شہد مین ملاکر پیئے تو بادی پردر دور ہو۔ یا ملیٹھی ڈھائی درم۔ مصری دو درم۔ انکو باریک پیسکر چانول کے پانی سے پیئے تو ملفرادی پردر دور ہو۔ یا رسوت ڈھائی درم چولائی کی جڑ کا رس دو درم اسی مین شہد ملاکر سات روز پیئے تو سب قسم کا پردر دور ہو۔ یا آسا پالے کے پوست کا کاڑھا کرکے اس مین دودھ ڈالکر پیئے تو بہت عرصہ کا بھی پردر دور ہو یا ڈابھ کی جڑ کو چانول کے پانی سے پیس کر تین دن پیئے تو پردر روگ اچھا ہو یا کٹھومر کے پوست کے رس مین شہد یا مصری اور چانول کا پانی ڈالکر پیئے تو یہ بیماری دور ہو۔ یا دار ہلدی۔ رسوت۔ چرائتہ۔ ناگرموتھ۔ اڑوسہ۔ سرخ صندل آک کے پھول کا کاڑھا شہد ڈال کر پیئے تو یہ بیماری دور ہو اس کا نام دار بیادی کواتھ ہے یا گولر کے پھلون کو سکھاکر باریک پیسکر مصری اور شہد ڈالکر ایک درم کی گولیان بناوے اور سات روز کھاوے تو پردر کی بیماری دور ہو۔

عورتون کے پردر کی قسم سوم روگ ہے اُس کی علامتین

عورتون کے بہت جماع سے یا فکر سے یا ریاضت یا زہر کے ملاپ سے اتیسار یعنی مثل اسہال کے عورتون یا مردون کے بھی سوم روگ پیدا ہوتا ہے کہ بار بار پیشاب آوے

سوم روگ کی عام علامتین] بہت خوبصورت عورت جو بار بار بہت پیشاب کرے اور وہ دبلی ہو جاوے اور اسکو ایک گھڑی بھی چین نہ پڑے اور پیشاب کرنے سے اسکا بدن کمزور ہو جاوے اور منھ اور تالو سوکھا کرین اور غشی ہو اور جمہائیان بہت آوین اور

بہت بکے اور اسکی جلد روکھی ہو جاوے اور خورزک وغیرہ سے سیری نہو تو سوم روگ جانو
سوم روگ کا علاج] پکے ہوئے کیلے مین مصری ملاکر کھاوے یا آملہ کے رس مین
شہد ڈال کر کھاوے یا ماش کا آٹا - ملیٹھی و بداری قند کو باریک پیسکر اُس مین برابر کی
مصری ملاکر دو تولہ دس دن کھاوے تو سوم روگ دور ہو -
سپید پرور جانے کا علاج] آملے کے پانچدرم بیجون کو پانی مین بھگوکر باریک پیسکر
چھانکر اور مصری اور شہد ڈال کر بلاناغہ چودہ روز تک پیے تو سپید پرور دور ہو -
موترا تیسار کی علامتین] سوم روگ بہت دن تک رہے تو موترا تیسار ہو جاوے اور
موترا تیسار مین قوت زائل ہو جاوے اور پیشاب کی زیادتی ہو -
موترا تیسار کا علاج] تاڑ درخت کی جڑ - چھوہارا - ملیٹھی اور بداری قند کو باریک پیسکر
اُس مین شہد مصری ملاکر بقدر دو تولہ ہر روز کھاوے تو یہ بیماری دور ہو - یا نیواڑ کی جڑ کو
چانولون کے پانی مین پیئے تو موترا تیسار دور ہو یا سپید موصلی - تاڑ کے درخت کی جڑ چھوہارا
کیلہ پختہ دو دو لیکر پیئے تو موترا تیسار دور ہو -
پرور کا اور علاج] چوہے کی مینگنی بقدر دو درم لیکر مصری ملاوے اور دودھ سے تین دن
پیئے تو عورتون کے سرخ اور سپید دونون قسم کے پرور اچھے ہون - یا دھوئی کے پھول نجابول
چوہے کی مینگنی کو برابر پیسکر مصری ملاکر دو درم پانی سے پیئے تو پرور کی بیماری دور ہو -

عورتون کی فرج کی بیماریون کی تعداد اور اُنکی پیدائش اور علامتین

عورتون کی غذا اور آسایش کے تفرقہ سے باد صفرا اور بلغم فاسد ہوکر فرج مین بیس قسم کی بیماریونکو
پیدا کرتے ہین اُن کے نام ذیل مین درج کیے جاتے ہین - اوداورت - بندھیا - پلیتا - پریتا - باما -
لوہت چھیا - دُہ پرچاون - پاتنی - بترگھنی - پتلا - اتیانندا - کرنی - کرنکا - ات چرنا - آنار توا - استھی
کھنڈتا - انڈلی - مہا بیرتا - سوچی بکترا -
اداورت کی علامتین] جو عورت حیض سے ہو تو بڑی تکلیف سے جھاگ کو لیے خون
نکلے اُسکو اداورت کہتے ہین اور جو حیض نہ ہو اُسکو بندھیا کہتے ہین اور جسکی فرج مین ہمیشہ
درد رہے اُسکو پلیتا کہتے ہین اور جس عورت کے حیض ہونے کے وقت شدت سے درد ہو اُسکو

پدرلیا کہتے ہین اور جس عورت کی فرج سخت ہو اور فرج مین سوئی چلے اُسکو با تلا بولتے ہین جس کی فرج مین جلن رہے اور خون نکلا کرے اُسکو لوہتا چھپیا کہتے ہین جسکی فرج بہا کرے اور فاسد رہے اُسکو دُکھ پرجاؤنی جانو یعنی اُس فرج سے اولاد بہت مشکل سے ہو اور جس کی فرج مین مع ہوا کے خون منی کو لیے نکلے اُس کا بامنی خون نام ہے اور جس عورت کے حمل رہے اور پھر جاتا رہے اُسکو پترگھنی بولتے ہین اور جسکی فرج مین جلن بہت ہو اور پک جاوے اور بدن مین بخار رہے اُس کو پتلا جون جانو اور جس کی فرج جماع سے سیر نہ ہو اُس کو اتیا نندا جون جانو اور جس کی فرج کرن پھول کے صورت ہو اور اس مین سے بلغم اور خون نکلے اُس کو کرنی جون جانو اور جس فرج مین منی نہ رہے اُس کو اتچرنا بولتے ہین اور جس عورت کی بہت چھوٹی پستان ہو اُسکو استنی جانو۔ اور جسکی فرج شکست ہو اور جماع کرتے وقت کچھ لٹک آوے اُس کا کھنڈتا نام ہے اور جسکی فرج کا سوراخ باریک ہو اُس کا آنڈنی نام ہے اور جس کا مُنھ بڑا ہو اُس کو مہا بیرتا بولتے ہین اور جس کا مُنھ مثل سوئی کے ہو اُس کا سوچی بکتر نام ہے۔

جون کند بیماری کی پیدائش اور علامت

دن کے سونے سے بہت غصہ کرنے سے محنت کرنے سے جماع کرنے سے فرج کے اوپر کسی طرح کی ضرب لگنے سے یا فرج مین ناخن لگنے سے بلغم فاسد ہو کر فرج مین جون کند کی بیماری کو پیدا کرتے ہین۔

جون کند کی شکل] فرج کے بیچ مین ایک گانٹھ پیپ اور خون کو لیے بڑہل کے پھل کے مانند مذکورہ بالا باعثون سے پیدا ہو اُسکو بد بولتے ہین اور جون کند بھی اُسی کا نام ہے۔ یہ بیماری چار قسم کی ہو۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کی۔

بادی جون کند کی علامتین] اُس فرج کے بیچ کی گانٹھ روکھی ہو اور اُسکا رنگ اچھا نہ ہو اور فرج کے مانند ہو اور اس گانٹھ کا مُنھ پھٹا ہو۔

صفرا کے جون کند کی علامتین] اس فرج کے بیچ کی گانٹھ جلن کو لیے سُرخ ہو اور اُسمین بخار آوے اور جسکو جون کند کی بیماری ہو اُس عورت کے حیض کا خون برآمد نہین ہوتا ہے

بندھیا یعنی بانجھ کا علاج

جو عورت کہ حیض سے نہ ہو تو وہ عورت ہر روز مچھلی کا گوشت کھاوے یا کانجی بلاناغہ۔ یا
تل ہر روز کھاوے یا ماش کھاوے یا دہی کا استعمال رکھے تو عورت حمل سے ہو اور
اُس کا بانجھ پن دور ہو۔ یا تخم سانٹھی۔ کڑوی تونبی۔ بیج جاگوٹہ۔ پیپل۔ قند سیاہ۔ مہر پھل
دارو کا جھاگ۔ جواکھار۔ تھوہڑ کا دودھ۔ ان سب کو اکٹھا کر کے باریک پیسکر فرج
مین اُسکی بتی ڈالے تو عورت حیض سے ہو۔ یا مال کنگنی۔ رائی۔ بچھ سار اور بیج کو باریک
پیسکر ٹھنڈے پانی سے پانچ روز پیئے تو عورت حیض سے ہو۔

بانجھ عورت کے لڑکا پیدا ہونے کا علاج] کھریٹی کا پوست۔ مہوا۔ برگد کے
انکھوے ناگ کیسر برابر لے کر باریک پیسکر گائے کے دودھ مین پانچ درم شہد ڈالکر
اس جوشاندے کو ہر روز پندرہ روز تک پیئے تو بانجھ عورت کے ضرور لڑکا ہو۔

حیض کے خون نہ گرنے کا علاج] تل سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ بھارنگی
اور قند سیاہ کو ایکدرم بھر اوٹاکر کاڑھا کرے اور پندرہ روز تک پیئے تو عورت ضرور حیض
سے ہو اور اُسکے خون کی گانٹھ دور ہو اور لڑکا پیدا ہو۔ یا اسگندھ کے کاڑھے مین
گائے کا دودھ اور گھی ملاکر حیض کے وقت عورت صبح کے وقت پانچ روز پیئے تو
عورت کو حمل رہے۔ یا سپید کٹیلی کی جڑ کچھ نچھتر مین اُکھاڑ کر پانچ تولہ بھر دودھ کے
ساتھ حیض کے وقت تین روز پیئے تو ضرور حمل رہے۔ یا کٹ سیلا کی جڑ دھوئی برگد کے
انکھوے اور کنول گٹہ کو باریک پیس کر بقدر ۲ درم حیض کے وقت عورت پیئے تو
ضرور حمل رہے۔ یا پارس پیپل یعنی سفید پیپل کی جڑ یا اُسکے بیج اور سفید زیرہ اور بڑ کھوکا
یہ سب برابر لیکر باریک پیسکر ڈھائی درم حیض کے وقت عورت دودھ کے ساتھ کھاوے
تو اُس عورت کے حمل رہے اور ضرور ہی لڑکا پیدا ہو۔ یا بارا ہی کند اور کتھ اور شیولنگی
کو باریک پیسکر حیض کے وقت ڈھائی درم دودھ سے پیئے تو عورت کے ضرور لڑکا
پیدا ہو۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا بجورے کے بیجون کو گائے کے
دودھ مین پکاوے اور اُس مین گائے کا گھی ملاوے اور اُسکے برابر ناگ کیسر ملاکر حیض

کے وقت پانچ درم مصری کے ساتھ سات روز کھاوے تو عورت حاملہ ہو یا ارنڈ کی آنڈولی اور
بجورے کے بیجوں کو گھی میں پیس کر دودھ کے ساتھ حیض کے وقت تین روز تک پیے تو حمل
رہے - یا پیپل - زنجبیل - مرچ - ناگ کیسر کو باریک پیسکر حیض کے وقت عورت گھی کے ساتھ
تین روز پیئے تو عورت کے حمل رہے - یہ سب علاج سرب سنگرہ میں لکھے ہیں -

عورت کے حمل نہ رہنے کی دوا] پیپل - بائے بڑنگ - اور سہاگہ برابر لیکر باریک پیسکر
اور حیض کے وقت عورت پانی سے پانچ روز کھاوے تو عورت کبھی حمل سے نہ رہے
یا پرانا گڑ دو تولہ لیکر اوٹاوے اور حیض کے وقت عورت پندرہ دن تک پیئے تو عورت کو
کبھی حمل نہ رہے - یا نکولی کے تیل کا پھایا عورت حیض کے وقت فرج میں پانچ روز
تک رکھے تو عورت کو کبھی حمل نہ رہے - یہ نسخے بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں -

عورت کی فرج کی بیماریوں کا ترتیب سے علاج

ٹکر - کٹیلی - کوٹ - سیندھا نمک اور دیودار کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے میں تیل پکاوے
پھر اس کا پھایا فرج میں رکھے تو عورت کی فرج کے پھیلنے کی بیماری دور ہو - یا بادی فرج
کی بیماریوں کے دفع کرنے کے لئے بارحل کے پتوں یا چھال کو ابال کر فرج میں پسینا
لیاوے اور دھویا کرے تو بادی فرج کی بیماری دور ہو - یا صفرا کی فرج کی بیماریوں کو دور کرنے
کے لئے تکون کے تیل میں نکولی کو پکا کر اس تیل سے فرج کو سینکے تو صفرا کی فرج کی بیماریاں
دور ہوں یا صفرا کے ہٹانے والی دوا کے گھی سے فرج کو سینکے تو صفرا کی فرج کی بیماریاں دور ہوں
یا آملہ کے رس میں مصری ڈالکر دس روز تک عورت پیئے تو عورت کی فرج کی جلن دور ہو یا کوکر
بھانگرے کی جڑ کو اور جانوروں کے پانی کے ساتھ پیئے تو عورت کی فرج میں پیٹ پڑنا دور ہو
یا نیم کے پتے املتاس کے پتے خراسانی بچ - اڑوسے کے پتے - پٹول کے پتے ان کو
اونٹا کر اس سے فرج کو دھوے تو فرج کی بدبو دور ہو - اور پیپل - مرچ - ماش - بادیان - کوٹ سیندھا نمک
اونٹا کر اس سے فرج کو دھووے تو فرج کے بلغم کے عارضے دور ہوں -

فرج کے سکڑ جانے کی دوا] مونگ کے پھول - کھیر سار - ملیلہ - جائپھل - مازو پھل
سپاری - ان کو باریک پیسکر اور باریک کپڑے سے چھانکر عورت کی فرج میں رکھے - یا

کوپچ کی جڑ کے کاڑھے سے فرج دھووے تو عورت کی فرج سکڑ جاوے یا پھٹکری کو باریک پیسکر پوٹلی کرکے فرج مین رکھے یا موچرس کو باریک پیسکر پوٹلی کرکے فرج مین رکھے تو عورت کی فرج سکڑ جاوے۔ یا آملہ کی جڑ۔ کسیلا۔ ببول کی جڑ۔ بیری کی جڑ۔ اڑوسہ کی جڑ۔ مازو پھل ان سب کو اوٹاکر اس پانی سے فرج کو دھووے۔ یا ہڑی سے دھووے یا سفید پھٹکری کو بھون کر مازو پھل ملاوے اور باریک پیسکر فرج مین رکھے تو فرج سکڑ جاوے۔

فرج کی سب بیماریون کے دور ہونے کا پھل گھرت] مجیٹھ۔ ملیٹھی۔ ترپھلا۔ کوٹھ مصری۔ کٹھ پٹی۔ میدہ۔ اسگندھ۔ اجمود۔ دونون ہلدی۔ پرینگ کے پھول۔ ہینگ۔ کنول کی جڑ۔ داکھ۔ صندل سُرخ۔ یہ سب دوا چھ چھ ماشہ لیکر اور گائے کا گھی پاؤ بھر اور چھپا ورکا رس ایک سیر لیکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جلجاوین اور گھی باقی رہجاوے تب اس گھی کو مرد یا عورت ہر روز دو تولہ بھر پیئے تو مرد عنین بھی ہو تو بڑا بھاری طاقت ور لڑکون کو پیدا کرنے والا اس گھی کے استعمال کرنے سے ہوتا ہے اور عورت جو اس گھی کو کھاوے تو اسکی فرج کی سب بیماریان دور ہون اور اُس کے اس گھی کے سبب سے لڑکا پیدا ہو جو عمر دراز طاقتور اور عقلمند ہو۔

جون کند کا علاج] گیرو۔ باسے برنگ۔ زرد چوب۔ کایپھل۔ ان سب کو باریک پیس کر ترپھلے کے کاڑھے مین شہد ملاکر اُس چورن کو عورت کی فرج مین رکھے تو یہ بیماری دور ہو۔

حاملہ عورت کی بیماریون کا علاج] جس عورت کا حمل گرتا ہو اُسکو جھاؤ کی جڑ۔ اتیس۔ ناگر موتھ۔ موچرس اور اندرجو کا کاڑھا کرکے دے تو اُس عورت کا حمل گرنا بند ہو۔

حاملہ عورت کے بخار کا علاج] ملیٹھی۔ سُرخ صندل۔ خس۔ سفید سرسون اور کنول کی جڑ کا کاڑھا کرکے مصری اور شہد ڈال کر پیئے تو حاملہ عورت کا بخار دور ہو۔

حاملہ عورت کی سنگرہنی کا علاج] چانولون کے ستو کو آم اور جامن کے پوست کے کاڑھے سے پیئے تو حاملہ عورت کی سنگرہنی دور ہو۔ یا جھاؤ کے درخت کا پوست اور ارلو کا پوست۔ صندل سُرخ۔ کٹھ پٹی۔ کشنیز۔ پوست گڑا۔ ناگر موتھ۔ جواسہ۔ پت پاپڑہ اور اتیس کا کاڑھا بناکر حاملہ عورت پیئے تو اتیسار یعنی اسہال اور سنگرہنی دور ہو اور بخار دفع ہو۔

عورت کے حمل گرنے اور گربھ شراو کی پیدائش علامت اور علاج

بہت جماع کرنے اور راہ چلنے اور بخار کے آنے اور رتجگا کرنے اور کسی ضرب کے لگنے اور بدہضمی میں کھانا کھانے اور رو دوڑنے اور رتے کرنے اور جلاب لینے اور تیکھی گرم کڑوی اور روکھی چیزیں کھانے اور ناہموار جگہ پر بیٹھنے اور خوف کے ہونے اور پیٹ میں سول چلنے سے حمل کا گرنا اور گربھ شراو ہوتا ہے۔

عورت کے حمل گرنے اور گربھ شراو کی پہلی شکل] عورت کے حمل رہے اور چار مہینے میں حمل گرے تو اسکو شراو بولتے ہیں اور چار مہینے کے بعد پانچ چھ مہینے میں حمل گرے تو اسکو گربھ پات کہتے ہیں اس جگہ یہ مثال ہے کہ جیسے درخت کا لگا پھل کسی کی ضرب لگنے سے گر پڑے ویسے ہی کچا حمل کسی طرح چوٹ لگنے سے گر پڑتا ہے۔

حمل گرتا ہو اسکے قائم رہنے کا علاج] کنول کی جڑ کنول کی نال وپھول اور ملیٹھی کو دودھ کے ساتھ اوٹا کر پیئے تو حمل گرنا بند ہو اور یہی حاملہ عورت کی جلن۔ غشی۔ تے اور نفرت کو دور کرتا ہے۔

حمل گرنے کے فساد] عورت کا حمل گرے تو جلن اور سول ہو پسلی اور پشت میں درد ہو حیض کا خون بہت گرے پیشاب نہ آوے۔

حمل گرتا ہو اس کے قائم رکھنے کا علاج] ڈابھ۔ کانس۔ ارنڈ اور گوکھرو کی جڑ ملن میں گائے کا دودھ اوٹا کر حاملہ عورت پیئے تو اسکے سینہ وغیرہ کا سول دور ہو یا گوکھرو۔ ملیٹھی کٹیلی۔ مدن بان کے پھلونکو گائے کے گھی میں اوٹا کر حاملہ عورت پیئے تو حمل کا گرنا بند ہو اور عورت کے بدن کی سب تکلیفیں دور ہوں۔ یا کمہار کے چاک کی مٹی۔ گیرو۔ چیلی۔ مجیٹھ دھوئی کے پھول۔ رسوت اور رال کا چورن پانچ درم شہد سے عورت کھائے تو پردر وغیرہ سب بیماریاں دور ہوں یا بھرنگی جانور۔ بھونرے کے گھر کی مٹی۔ مجیٹھ۔ لجالو۔ کیسر و بیج کنول کو گائے کے دودھ میں اوٹا کر عورت پیئے تو حمل کا گرنا بند ہو۔

حاملہ عورت کے اپھار ہو اس کا علاج] خراسانی بیچ۔ رسوت۔ ہینگ اور نمک سیاہ میں دودھ اوٹا وے پھر پیئے تو عورت کا اپھار دور ہو۔

حاملہ عورت کو پیشاب نہ آوے اُسکا علاج] ڈابھ۔ دوب اور کانس کی جڑون کو دودھ مین اوٹا کر پیئے تو پیشاب آوے جو نیچے لکھی ہوئی ماہ بماہ دوائین استعمال کرادین تو حمل ہرگز نہ گرے۔ ملیٹھی۔ سال کے درخت کے بیج۔ چچیر کا کولی۔ دیودار۔ لونا کھیہ یعنی لونیا کا ساگ تل سیاہ۔ بیل۔ رال۔ چھتاور۔ کنول کی جڑ۔ جواسہ۔ سرسون سفید۔ راسنا۔ دونون کٹیلی سنگھاڑ کسیرو۔ داکھ اور مصری کو اوٹا کر مہینے مہینے سات روز پیئے تو عورت کا حمل نہ گرے اور کوئی فساد نہ ہوے سب علاج سات ماہ تک کرنے چاہئین۔

آٹھوین مہینے کا علاج] کیتھ۔ کٹیلی۔ بیل۔ پٹول۔ اور سانٹھی کی جڑ دن کو دودھ مین اوٹا کر پیئے تو حمل قائم رہے۔

نوین مہینے کا علاج] اصل السوس۔ جواسہ۔ چچیر کا کولی۔ سفید سرسون ان کو چھ چھ ماشہ بھر لے کر دودھ مین اوٹا کر پیئے تو حمل قائم رہے۔

دسوین مہینے کا علاج] زنجبیل اور چچیر کا کولی کو دودھ مین اوٹا کر پیئے۔ یا زنجبیل ملیٹھی دیودار۔ چچیر کا کولی۔ کنول گٹہ اور مجیٹھ کو پانی مین اوٹا کر پانی سمیت دودھ مین اوٹاوے جب پانی جلجاوے اور دودھ رہجاوے تب اُس دودھ کو پیئے تو عورت کا حمل قائم رہے اور وہ تندرست رہے اور اُسکو کسی طرح کا فساد نہ ہو۔

بادسے حمل سوکھ جاوے اُسکا علاج] جس عورت کا حمل بسبب باد کے سوکھ جاوے اور اس عورت کا پیٹ پورا نہ ہو خالی رہے تب وہ عورت طاقت کی چیزین دودھ گوشت کا شوربہ وغیرہ کھاوے اور دودھ پیئے تب باد دور ہوا ور حمل پورا ہو۔

حمل کے لڑکے ہونے کا مہینا] عورت نوین مہینے یا دسوین مہینے اولاد کو پیدا کرتی ہے اور کوئی عورت گیارھوین یا بارھوین مہینے لڑکا پیدا کرتی ہے ان مہینون کے بعد جو حمل ہے وہ حمل کا فساد جاننا چاہیئے اور اس حمل کو شکمی بیماریون مین تصور کرکے علاج کرنا لازم ہے۔

عورت کے آرام سے وضع حمل ہونے کا علاج] سانپ کی کینچلی مروڑے یعنی نازبو کی فرج مین دھونی دے۔ یا کلھاری کی جڑ کو عورت ہاتھ پاؤن مین باندھے یا کریجا گھاس کی جڑ اور پاڑھل کی جڑ کو عورت ہاتھ پاؤن مین باندھے یا پوئی کے جڑ کے کاڑھے مین

لہون کا تیل ڈالکر عورت حمل مین لیپ کرے یا پیپل اور کھرا سانی تخم کو پانی مین باریک پیسکر فرج پر لیپ کرے یا ارنڈ کے تیل کو ناف پر لیپ کرے یا مہوے اور نجورے کی جڑ کو گھی سے باریک پیسکر عورت پئے یا سانٹھی کی جڑ کو کمر مین عورت باندھے تو بہت جلد آرام سے حمل وضع ہو۔ یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا آپا مارگ کی جڑ اور کاگ ہری کی جڑ کو جو کمر مین باندھے تو فوراً حمل وضع ہو۔ یہ نسخہ جوگ چنتامن مین لکھا ہے۔

آرام سے جلد حمل کے وضع ہونے کے جنتر منتر] گمتاہ پاشا بکتا شچہ گمتاہ سوہ چین بتھیہ گمتہ سرب بھیاد گربھ ایھی باچر باچر سواہا۔ اس منتر سے سات مرتبہ پانی پڑھ کر دہ پانی عورت کو پلا دے تو جلد فراغت ہو یا اس جنتر کو حاملہ عورت دیکھے تو جلد وضع حمل ہو

۱۶	۶	۸
۲	۱۰	۱۸
۱۲	۱۴	۴

موڑھ گربھ کی پیدائش علامت اور علاج

جس عورت کے بدن مین بادی فاسد ہو کر عورت کی فرج اور شکم اور کوکھ مین سول پیدا کرے اور پیشاب نہ آوے وہ خراب ہوا حمل کو فرج مین چار قسم سے ٹیڑھا کر دے۔

حمل مین بسبب خراب ہوا کے لڑکا چار طریق یا آٹھ طریق سے رہتا ہے

کیلک۔ پرت کھر۔ بیج۔ اور دھ باہو۔ پائون۔ سرادر لسیلیون تفرقہ سے آٹھ قسم سے لڑکا حمل مین رہتا ہے۔

کیلک کی علامتین] عورت کی فرج کے منھ مین کیلا سا لگ جاوے اُسکو کیلک بولتے ہین۔ عورت کی فرج کے منھ پر ہاتھ پائون آڑا آجاوے اسکو پرت کھر جانو۔ عورت کی فرج کے منھ مین آگ سی لگ جاوے اس کو بیج بولتے ہین عورت کی فرج کے منھ مین سر آکر اٹکے اسکو بیجک موڑھ گربھ جانو عورت کی فرج کے مہرہ مین پیٹ اٹک جاوے اسکو اوردھ باہو کہتے ہین۔ عورت کی فرج کے مہرہ مین پسوارہ اٹکے

آسے چرن سر کہتے ہین عورت کی فرج کے مہرہ کا مُنھ نیچا ہو۔ عورت کی فرج کے مہرہ مین پشواڑہ اور پیچھے اسکے اس طرح موڑھ گربھ آٹھ قسم سے ہوتا ہے۔

موڑھ گربھ کی لاعلاج علامتین] حاملہ عورت کا سر سیدھا نہ رہے لٹکا جاوے اور شرم جاتی رہے اور عضو ٹھنڈے ہوجاوین اور بدن کی نسین نیلی ہوجاوین اُس عورت کا لڑکا مرا ہوا جانو۔ اور وہ عورت بھی ہلاک ہو اور جس عورت کے حمل مین لڑکا مرا ہو اُس عورت کا حمل نہ پھڑکے اور اُس کا مُنھ سیاہ اور زرد نسون کو لئے ہو اور اُس کی ناک اور مُنھ مین سے مُردے کی سی بدبو آوے اور پیٹ مین سول چلے یہ علامتین ہون تو پیٹ مین مرا ہوا لڑکا جانو۔

پیٹ مین اولاد کے مرنے کا سبب] جس عورت کا کوئی بھائی۔ ماں باپ۔ بیٹا۔ خاوند وغیرہ کوئی عزیز مرا ہو۔ یا اُسکی زر و دولت کسی طرح زائل ہوجاوے یا اُس کے پیٹ مین کسی طرح چوٹ لگے تب اُس عورت کو بڑا رنج پیدا ہو اور اُس رنج کے سبب اُس کا حمل تکلیف مین رہے اور اُس کی کوکھ مین طرح طرح کی بیماریان پیدا ہون تب اُسکے پیٹ کی اولاد پیٹ مین مرجاوے۔

حاملہ عورت کی لاعلاج علامتین] جس عورت کی فرج کا مُنھ مرے ہوے لڑکے سے ڈھک جاوے اور کوکھ مین سول چلے اُس حمل کو مُہلک بولتے ہین اُسمین مذکورۂ بالا فساد بھی ہون تو لاعلاج ہے۔

موڑھ گربھ کا علاج] جس عورت کے حمل کے وقت فرج کے پاس لڑکا بُری طرح سے آگیا ہو اُسکے لئے بہت ہوشیار دایہ کو جس نے بہت لڑکے جنائے ہون بلانا چاہئے وہ ہاتھ مین گھی لگاکر ہوشیاری سے فرج مین ہاتھ ڈالکر زندہ لڑکے کو سیدھا کرکے باہر نکالے۔

رحم مین لڑکا مرگیا ہو اُسکا علاج] بہت ہوشیار دایہ بہت ہوشیاری سے فرج مین تیز اور چھوٹا نشتر ڈالکر اُس مرے ہوے لڑکے کے اعضاء کاٹ کر باہر نکال ڈالے اور جو کوئی مرے ہوئے لڑکے کو اس طرح باہر نہ نکالے تو وہ حاملہ عورت اُسکے ساتھ مرجاوے اور مرے ہوئے لڑکے کو حمل مین سے نکالنے کے بعد فرج کو بہت ہوشیاری سے گرم پانی

سے دھووے یا اسپر اسیوقت نیم گرم تیل یا گھی چپڑے تو فرج نرم رہے اور اس مین درد وغیرہ کوئی فساد نہ ہو پھر گرڈوی تونبی کے پتے اور پٹھانی لودھ کو برابر لیکر باریک پیسکر اس کا فرج مین لیپ کرے تو فرج اپنی جگہ بدستور بیٹھ جاوے یا پلاس پاپڑہ اور پکے ہوئے گولر کے پھل کو برابر لیکر تلون کے تیل مین باریک پیسکر فرج کے اوپر لیپ کرے تو فرج گاڑھی ہو اور اسی طرح اکیس روز لیپ کرے تو فرج مین کوئی بیماری نہ ہو۔ یا سانپ کی کینچلی۔ کوٹ اور سرسون کو باریک پیسکر روغن تلخ مین فرج کی دھونی دے تو فرج کی سب بیماریان معدوم ہون۔ یا کلھاری کی جڑ کو اوٹاکر اس پانی سے ہاتھ پاؤن مین لیپ کرے تو مرے ہوئے لڑکے کے سب فساد فرج کے دور ہون ۔

مکلک بیماری کی پیدائش اور علامت

جس عورت کے اولاد پیدا ہوئی ہو اور وہ عورت خشک اور بادی چیزین کھاوے اور اس عورت کو تیکھی چیزین پیلا سول وغیرہ نہ ملین اور وہ نہ کھاوے تو اس کی باؤ ناف کے نیچے یا دونون پسلیون مین یا پیڑو مین خون کو روک بادی گانٹھ پیدا کرے اور وہ ناف اور پیڑو اور شکم اور معدہ مین سول کو پیدا کرے یا وہ باد پیڑو مین ابھار کرے اور پیشاب نہ آنے دے اسکو بید مکلک کہتے ہین ۔

مکلک روگ کا علاج] جو اکھار کو گرم پانی مین پیسکر عورت کھاوے تو مکلک کی بیماری دور ہو یا پیپل اور پیلا سول فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ چترک۔ چب۔ سمھالو۔ الائچی۔ اجمود۔ سرسون۔ بھُنی ہوئی ہینگ۔ پاڑھ۔ اندرجو۔ زیرہ سفید۔ بکائن۔ مورہری۔ اتیس۔ کٹکی۔ بائے برنگ۔ ان کا نام پیلا دگن ہے۔ انکو برابر لیکر باریک پیسکر بقدر ڈھائی درم گرم پانی سے کھاوے یا انکا کاڑھا کرکے اس مین تھوڑا سا سینڈھا نمک ڈال کر پیے تو عورت کے بلغم یا باد کی بیماریان دور ہون اور گولہ سول اور شکم کی بیماریان اور بخار کو دور کرے اور بھوک لگاوے اور آنو کو دور کرے اور اس مکلک بیماری کو ضرور ہی دور کرے یا زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ تج۔ تیرج۔ ناگکیسر۔ الائچی۔ کشنیز۔ ان سبکو باریک پیسکر ڈھائی درم پرانے گڑ سے کھاوے تو مکلک کی بیماری دور ہو۔ جس عورت کے اولاد پیدا ہوئی ہو اسکو تدبیر سے غذا دے اور عمدہ طور سے آسائش دے

اور وہ اتنی باتین نہ کرے۔ رنج۔ ریاضت۔ جماع۔ غصہ۔ اور ٹھنڈی جگہ نہ رہے۔

سوتکا بیماری کی پیدائیش

بدپرہیزی کے سبب یا بہت تکلیف سے یا ناہموار جگہ مین بیٹھنے سے یا بدہضمی مین غذا کھانے سے سوتکا بیماری پیدا ہوتی ہے علاوہ اسکے زچاخانے مین جو بیماریان ہوتی ہین وہ سب ہستنک مین

سوتکا روگ کی علامتین] اعضا مین درد اور بخار اور کھانسی ہو پیاس لگے بدن بھاری ہوا اور بدہضمی ورم پیٹ مین سول اسہال اور اپھارہ ہو اور بدن کی طاقت زائل ہوجاوے اور غنودگی اور نفرت ہوا اور اور بھی باد اور بلغم کی بیماریان ہون اور قوت اور گوشت اور قوت ہاضمہ یہ سب زائل ہوجاوین ان سب بیماریون کو یہ سوتکا کی بیماریان جانو۔

سوتکا کا علاج] جو دوا باد کو دور کرتی ہے وہی سوتکا کی بیماریون کو بھی زائل کرتی ہے اور دسمول کے کاڑھے سے سوتکا کی بیماری دور ہو۔ یا گلو۔ زنجبیل۔ سہجنہ۔ پیپل پیپلامول چب۔ چترک۔ نیتر بالا۔ ان کا کاڑھا شہد ڈال کر دے تو سوتکا کی بیماری دور ہو۔ یا دیودار خراسانی بیچ۔ کوٹ۔ پیپل۔ زنجبیل۔ چرائتہ۔ جائپھل۔ ناگر موتھہ۔ پوست ہلیلہ۔ گج پیپل دھماسہ گوکھرو۔ جواسہ۔ کٹیلی۔ گلو۔ زیرہ سیاہ۔ یہ سب برابر لیکر ان کا کاڑھا کرکے ہینگ اور سیندھا نمک شامل کرے اور یہ کاڑھا دے تو سوتکا کی بیماری۔ سول۔ کھانسی۔ دمہ۔ بخار۔ غشی۔ درد سر۔ غنودگی۔ اسہال۔ قے وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

پنچ جیرک پاک

سیاہ سفید زیرہ۔ بادیان۔ اجمود۔ اجوائن۔ کشنیز۔ میتھی۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پیپلامول۔ چترک جھاؤ کی جڑ کا پوست۔ بیر کی گٹھلی۔ کوٹ۔ کمیلا۔ یہ سب دوا دو دو تولہ لیکر اور انکو باریک پیسکر کپڑ چھان کر کے ایک آثار گھی مین ساننے پھر اس چورن کو چار سیر گاے کے دودھ کے ماوے مین گھی سے ملاوے اور چورن کو پکا کر اس کا گاڑھا اوا کرے پھر اس ماوے کو دو سو تولہ بھر شکر کی چاشنی مین ڈالے پھر دو دو تولہ کی گولیان بناوے اور بلاناغہ عورت کھاوے تو وضع حمل کی بیماری۔ بخار۔ چھیکی یعنی سوکھے کی بیماری کھانسی یرقان پانڈو روگ۔ چھیپتا یعنی روز بروز کمزور ہوتا جاوے اور بادی بیماریان دور ہون۔

سوبھاگ سونٹھ پاک

ستوا سونٹھ آدھ سیر باریک پیسکر کپڑ چھان کرکے آدھ سیر گائے کے گھی مین مخلوط کرے پھر پانچ آثار شکر کی چاشنی کرکے اس چاشنی مین یہ دوائین باریک پیسکر کپڑ چھان کر ڈالے دونو زیرہ۔ کشنیز ایک درم۔ سونف پانچدرم۔ بابے برنگ دو تولہ۔ کالی مرچ ایک تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ پیپل ایک تولہ۔ ناگ کیسر ایک تولہ۔ ناگر موتھا ایک تولہ۔ یہ سب باریک پیسکر اس چاشنی مین ڈالے۔ سار پانچدرم۔ ابرک پانچدرم اور میوہ مرضی کے موافق ڈال کر اکتولہ بھر کی گولیان بناوے اور ایک گولی کھاوے تو تشنگی۔ قے۔ بخار۔ جلن۔ کھانسی۔ پانڈرو رگ یعنی جھانور۔ ضعف معدہ ان کو یہ دور کرتا ہے۔

پستان کے عارضے کی علامتین

کل بدن مین باد صفرا بلغم جو پھیلتے ہین اور فساد سے خراب ہوکر عورت کے پستان مین پہونچ جاوین تو اُس عورت کی پستان دودھ کی بھری ہوئی ہون یا دودھ کے بغیر ہون اُن مین سے وے خراب ہوئی گانٹھ وغیرہ خون کی بیماریون کو پیدا کرین۔

علاج] عورت کے پستان کے اوپر جو بید ورم دیکھے تو بدردھ کا علاج جیسے جو لکھا ہے وہ کرے تو ورم پستان کی بیماریان دور ہون اور پستان کے اوپر گانٹھ پکّی ہو تو گانٹھ کی دور کرنے والی ٹھنڈی دوائین لگاوے تو پستان کی بیماری دور ہو یا جونکین لگا کر پستان کا خون نکلواوے تو پستان کی سب بیماریان دور ہون۔

پستان کے درد کا علاج] گڑ دسیا (یعنی اندرائن) کی جڑ کو پانی مین باریک پیس کر لیپ کرے تو پستان کا درد دور ہو۔ یا ہلدی اور دھتورے کی جڑ کو پانی سے باریک پیسکر لیپ لے تو درد دور ہو یا بانجھ ککوڑی کی جڑ کو پانی سے پیسکر لیپ کرے تو پستان کی بیماری دور ہو یا لوہے کو گرم کرکے پانی مین بجھا کر عورت پیئے تو پستان کی بیماری دور ہو یہ سب جتن بھاؤ پرکاس مین لکھے ہین۔

بیوہ عورت کے حمل گرانے کا علاج] حیض کے وقت چوتھے دن تالیس اور گیرو دو درم باریک پیسکر ٹھنڈے پانی سے پیئے تو عورت بانجھ ہو یا حیض کے وقت چوتھے دن

پلاس پاپڑہ کو شہد اور گھی مین باریک پیسکر فرج مین لیپ کرے تو اُس عورت کے کبھی حمل نہ رہے۔ یا تخم گاجر اور کلونجی کو قند سیاہ سے کھلاوے تو عورت کا حمل گر پڑے۔ یا پنج چولائی کو چانولون کے پانی کے ساتھ عورت حیض کے وقت پانچ روز پیئے تو وہ عورت بانجھ ہو۔ یا حیض کے وقت نیم کی جڑ کی تدبیر سے فرج مین دھونی دے تو عورت بانجھ ہو۔ یا میتھی دانہ آدھ سیر۔ قند سیاہ آدھ نار ان کو پانی مین اوٹاکر یہ پانی پانچ دن پیے اور گڑ دمبا کی جڑ اور رال کی بتی کرکے فرج مین رکھے تو بیوہ عورت کا حمل گر پڑے۔ یا کڑوی تونبی اور سانپ کی کینچلی سرسون کے کڑوے تیل مین پیسکر فرج مین دھونی دے تو حمل گر پڑے

باب اکیسوان

لڑکون کی بیماریون کے بیان مین

لڑکون کی بیماریون کی پیدایش علامت اور علاج

پہلے لڑکون کے نو گرہ یعنی نو ستارے ان ستارون سے جدا ہی ہین اور ناپاک لڑکے کو دم نو گرہ تکلیف دیتے ہین ان ستارون سے لڑکے کو بچانا چاہیئے اون کے نام یہ ہین اسکند گرہ۔ اسکند اپشار۔ شکنی۔ ریوتی۔ پوتنا۔ گند پوتنا۔ شیت پوتنا۔ مکھ منڈکا جنگ میئی۔

نو گرہ یعنی ستارون کی پیدایش

یہ نو ستارے سوام کارتک کی حفاظت کے لیئے مہادیوجی نے پیدا کیئے ہین اون نو گرہون کی شکل نہایت خوبصورت عورت کی سی ہے اور کئی کی شکل خوبصورت مرد کی سی ہے۔ یا سوام کارتک جی کا یساکھ نام رکھا ہے اور اسکے بدن کا نور مثل آگ کے روشن ہے ان سب کو مہادیوجی نے پیدا کیا سو یہ سب مل کر سوام کارتک جی کے ساتھ رہنے لگے پھر انھون نے مل کر سوام کارتک جی سے عرض کیا کہ ہم بھوکے ہین کھانے کے لیئے کوئی چیز بتلایئے تب سوام کارتک جی نے شری مہادیوجی سے کہا تب مہادیوجی نے حکم دیا کہ جو دنیا مین چوپایے اور پرند اور آدمی اور دیوتا رہتے ہین وے دیوتا آدمیونکو آرام اور تکلیف دیتے

ہین گرمی مین تو گرمی سے اور برسات مین سردی اور ہوا سے اور سردی مین سردی سے جا
آوی جا پ ہون وغیرہ کرکے اچھی طرح دیوتون کو خوش کرکے کھانیکا بھوگ دین انکو آرام اور
جو اسطرح نہ کرین اونکے لڑکونکو تکلیف دو اور اونکو کھاؤ۔ جو لوگ اپنے پوجنے کے لائق دیوتا اور
پتر اور خداوند تعالیٰ اور برہمن اور فقیر گرو یعنی مرشد اور مہمانونکی پرستش اور خاطر اور تواضع
نہ کرین اور اون کو کھانا وغیرہ نہ دین اور کانسے کے پھوٹے ہوئے برتن مین کھاوین انکے
لڑکونکو تم کھاؤ یہ مہادیوجی نے اُن ستارون سے کہا تب یہ اون کی معاش ہوئی۔

ستارے جن لڑکون کو لگین اُن کی علامتین] جن لڑکون کو یہ گرہ یعنی ستارے
لگین وہ لڑکے ایک لحظہ مین تو اوٹھ بیٹھین اور لحظہ مین رونے لگین اور ایک لحظہ مین
اپنی دایہ کو ناخنون سے اور دانتون سے کاٹنے لگین اور اوپنچے آسمان کی طرف دیکھا
کرین اور اپنے دانتون کو چبادین اور کراہا کرین جمھائیان لین اور بھوین چڑھایا کرین
لب کاٹا کرین اور انکے منھ مین جھاگ آوین اور تے کرین اور ان کو اسہال کی بیماری بھی
پیدا ہو اور بدن کمزور پڑجاوے اور رات کو جاگین اور ان کے بدن مین ورم نمودار
ہوجاوے اور گلے کی آواز گھون گھون بولے اور بدن دبلا ہو اور مقعد مین سے خون بہے
اور بدن مین مچھلی کی سی بدبو آوے اور بدن کا ہوش جاتا رہے جس لڑکے مین یہ علامتین
ہون تو اوس کے ستارہ لگا جانو۔ یہ اس کی عام علامتین ہین۔

بال گرہ یعنی ستارے جسکو لگین اُسکی خاص علامتین] جس کے عضو کمزور ہو
جاوین اور بدن مین سے خون کی بدبو آوے اور پستان کا دودھ نہ پئے اور منھ
ٹیڑھا ہوجاوے اور آدھا بدن رہجاوے اور آنکھون مین آنسو رہین اور روٹے
اور کچھ ہاتھ کی مٹھی بند بھی رہے یہ جسکی علامتین ہون تو اسکند گرہ لگا ہوا جانو۔

بشاکھ جس کو لگا ہو اُسکی علامتین] جس کا ہوش جاتا رہے اور پھر آجاوے اور
کبھی ہاتھ پاؤن جھکانے لگے اور بغیر ہوش کے پاخانہ اور پیشاب کردے جمھائیان
اور منھ سے جھاگ بہت آوین تو بشاکھ گرہ لگا ہوا جانو۔

جس کو شکنی گرہ لگا ہو اُسکی علامتین] اعضا کمزور رہین اور خوف سے متعجب ہا کرے

اور بلاتین سے مچھلی کی سی بدبو آوے اور بدن مین بہت سے زخم پڑجا دین اور جلن ہو یہ علامتین ہون تو شکنی گرہ لگا جانو۔

جس کو ریوتی گرہ لگا ہو اُسکی علامتین] جس کا مُنھ سُرخ اور ہرا ہو اور اُسکا زرد بدن ہو اور درد لیے ہاتھ پانؤن سیاہ ہون تو ریوتی گرہ لگا ہوا جانو۔

جس کو پوتنا گرہ لگا ہو اُسکی علامتین] جس کا بدن کمزور ہو جاوے اور راتدن نہ سووے اور موا دپتلا ہو اور اُس کے بدن مین سے کاگ کی سی بدبو آوے اور تے ہو اور تشنگی زیادہ ہو تو پوتنا گرہ لگا ہوا جانو۔

جس کو گندھ پوتنا لگا ہو اُسکی علامتین] جو لڑکا مان کا دودھ نہ پیے اور اسہال اور کھانسی ہچکی تے اور بخار ہو اور بدن کا رنگ جاتا رہے اور بدن مین سے خون کی بدبو آوے تو گندھ پوتنا لگا جانو۔

شیت پوتنا کی علامتین] جو لڑکا رویا کرے اور رعشہ ہو اور اُسکی آنتین بولین اور بدن کمزور ہو جاوے اور اسہال بہت ہو تو شیت پوتنا کا فساد ہو۔

نیگ میٔی کی علامتین] جسکے مُنھ مین سے بہت جھاگ آدین اور بدن مین رعشہ ہو اور بہت اونچا ہی دیکھے اور بہت پکارے اور بدن مین بدبو آوے بیہوش جاتے رہین تو نیگ میٔی گرہ کا فساد جانو اور یہی علامتین ڈاکن کے فساد کی بھی جانو۔

عام گرہون یعنی ستارون کے فساد کا علاج] گورکھ منڈی اور خس کا کاڑھا کرکے اُس سے لڑکے کو نہلاوے۔ یا ہلدی۔ صندل۔ کوٹ کو باریک پیسکر بدن مین لیپ کرے تو لڑکا اچھا ہو یا سانپ کی کینچل۔ لہسن۔ سرسون۔ نیم کے پتے۔ بلی کا غلیظ۔ بکرے کا بال۔ مینڈھے کے سینگ۔ گھوڑ بچ اور شہد کو پیسکر لڑکے کو دھونی دے تو لڑکے کے گرہون کے سب فساد دور ہون اوتارا وغیرہ سب علاج کرے۔

سکند وغیرہ لڑکے کی گرہون کے فساد کا علاج] بادکے دور کرنے والے درختون کے پتون کا کاڑھا کرکے اُس لڑکے کو نہلاوے تو سب فساد دور ہون یا سانپ کی کینچل۔ بچ اور کاکھری کو کوٹ کر اُس مین اونٹ اور بکرے کے بال ملاوے اور

گھی ملاکر کے لڑکے کو دھونی دے تو لڑکے کے سب فساد دور ہوں ۔
اسکنداپسمار کے فساد کا علاج] بیج بیل ۔ بیج سرس ۔ سفید دوب ۔ سفید سرسون ۔ پاڑھ ۔ سفید رائی ۔ بابچی ۔ کائپھل ۔ کیسمبھی ۔ بابے بڑنگ ۔ سمھالو ۔ گور گھڑچی ۔ جرپوٹن یعنی کوے ۔ بچائن ۔ سیاہ تلسی اور بھارنگی کا کاڑھا کرکے لڑکے کو نہلا دے تو اسکنداپسمار لڑکے کے گرہوں کا فساد دور ہو ۔ یا گئو ۔ یا بکری بھینس ۔ گھوڑے ۔ گدھے ۔ بھیڑ ۔ اور اونٹ کے پیشاب مین تیل پکادے جب وہ سب پیشاب جل جاوین اور تیل باقی رہ جاوے تب لڑکے کی مالش کرے تو اسکنداپسمار لڑکے کے ستارے کا سب فساد دور ہو یا گائے اور بکری کا پیشاب سر کے بال ہاتھی کا ناخن بیل کے روئین ان مین گھی ملاکر اس کی دھونی دے تو فساد دور ہو یا جواسہ مینسل کستوری ۔ کو بیج کی جڑ ان کی دھونی دے یا لڑکے کے باندھے تو لڑکے کے اسکنداپسمار کا فساد دور ہو ۔ یا لڑکے کو چیرٹے مین نہلا دے تو آرام ہووے اور اسکنداپسمار یعنی بسا کھ ستارے کا فساد دور ہو ۔
شکنی ستارے کے فساد دور ہونے کا علاج] بید کی لکڑی اور آنب کی جڑ اور کیتھ کی جڑ کے کاڑھے کے پانی سے لڑکے کو نہلا دے تو شکنی ستارے کا فساد دور ہو یا جھاو کی جڑ ۔ مہوا ۔ خس ۔ سفید سرسون ۔ کنول کی جڑ ۔ پدماکھ ۔ چھانی لودھ ۔ پرینگ کے پھول مجیٹھ اور گیرو پانی سے باریک پیس کر اس کا اوبٹن کرے تو شکنی گرہ کا فساد دور ہو یا اسکنداپسمار گرہ کا علاج جو پیچھے لکھا ہے اوس سے شکنی گرہ کا فساد دور ہوتا ہے اور چھتاور یا بیج اندراین یا ناگ دون ۔ یا کیتکی ۔ یا سہدئی انکی پوجا کرکے لڑکے کے گلے مین باندھے تو شکنی ستارے کا فساد دور ہو یا تل چانول اور پھولوں کی مالا بہ ترازل مینسل ککا موافق طریقے کے شکنی گرہ کو بل دے اور لڑکے کو دوا سونے کے پانی سے نہلاوے تو شکنی گرہ کا فساد دور ہو ۔
ریوتی گرہ کا علاج] اسگندھ ۔ میڑھاسنگی ۔ سفید سرسون ۔ سانٹھی کی جڑ بسیوتی کے پھول ۔ بداری قندان کا کاڑھا کرکے اس کے پانی مین لڑکے کو نہلا دے یا لڑکے کے بدن مین تیل کی مالش کرے یا کوٹ ۔ رال ۔ گوگل خس ہلدی کی دھونی لڑکے کو دے یا خوشبودار سفید پھول چانول کی کھیل دودھ چانول اور دہی کو لڑکے کے اوپر ڈال کر نہلا دے

اور انھیں کو جہاں گائے باندھی جاتی ہو۔ بل دے تو لڑکے کے ریوتی ستارے کا فساد دور ہو۔
پوتنا گرہ کا علاج] پوست نیم اور بشن کرانتا اور بین کی چھال کا کاڑھا کرکے پانی سے لڑکے کو نہلا دے تو لڑکے کو پوتنا ستارے کا فساد دور ہو۔ یا نئی بداری قند سفید واکھ۔ ہرتال۔ مینسل۔ کوٹ اور دال کا کاڑھا کرکے اسکے رس میں تیل یا گھی پکا دے اور یہ تیل یا گھی لڑکے کے مالش کرے تو پوتنے کا فساد دور ہو۔

گندہ پوتنا گرہ کا علاج] برگ نیم۔ برگ پٹول۔ برگ کٹیلی۔ برگ گلو۔ برگ اڑوسہ۔ ان کا کاڑھا کرکے اس پانی سے لڑکے کو نہلا دے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو۔ یا پیپل میلا ہو اور دونوں کٹیلی کا کاڑھا کرکے اُس میں گائے کا گھی پکا دے پھر اُسکی مالش کرے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو۔ یا کیسر۔ اگر۔ کافور۔ کستوری اور صندل کو باریک پیسکر لڑکے کی آنکھوں کے اوپر لیپ کرے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو یا مرغے کی بیٹ۔ لڑکے کے بال۔ بن کی چھال اور گھی اکٹھا کرکے اوپر اوتار کر کے چوہٹے میں رکھے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو۔

شیت پوتنا کا علاج] گائے اور بکری کا پیشاب۔ ناگر موتھ۔ دیودار اور صندل وغیرہ سب خوشبودار چیزیں لے اور ان میں تیل پکا کر مالش کرے تو شیت پوتنا تارے کا فساد دور ہو۔ یا کنگنی۔ پوست نیم۔ کھیر سار۔ ڈھاک کا پوست اور کاہو کا پوست ان کے کاڑھے میں گھی پکا دے پھر اس گھی کو لڑکے کو کھلا دے یا لیپ کرے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو یا نیم کے پتوں کی لڑکے کو دھونی دے یا لڑکے کو گنجا کی مالا پہنا دے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو یا دریا کے کنارے پر مونگ اور چاول شیت پوتنا کو دے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو۔

مکھ منڈکا گرہ کا علاج] کیتھ۔ بیل۔ ارنی۔ اڑوسہ۔ سفید ارنڈ اور کوٹ کے کاڑھے کے پانی سے لڑکے کو نہلا دے تو مکھ منڈکا کا فساد دور ہو۔ یا بھانگرے کے تیل یا رس میں تیل پکا دے اور اس تیل کی لڑکے کے مالش کرے تو مکھ منڈکا کا فساد دور ہو۔ یا دال اور کوٹ کا کاڑھا کرکے اس میں گھی پکا کر لڑکے کے مالش کرے تو مکھ منڈکا کا فساد دور ہو۔ یا گائے کی جگہ میں بل دے اور اس منتر سے نہلا دے تو مکھ منڈکا کا فساد دور ہو۔

نہلانے کا منتر] النکرتا کا مرتی شبھگا کال ردوپنی۔ گرشٹھ مدھیانے رتا پاٹ توام مکھ منڈکا۔

نیگ میں گرہ کا علاج] بیل کی جڑ کا پوست۔ بیخ ارنی۔ بیخ گنگچی۔ ان کے کاڑھے کے پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو نیگ میں گرہ کا فساد دور ہو۔ یا پرنیگ کے پھول۔ جواسہ سونٹھ۔ چترک کے درخت کا پوست اور گڑہل کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے کے رس میں تیل پکاوے پھر اس تیل کے پکتے ہی مین گائے کا پیشاب دہی اور کانجی ڈالکر اس تیل کو پکا دے جب یہ سب جلجاوین اور تیل باقی رہجاوے تب لڑکے کے اُسکی مالش کرے تو نیگ میں گرہ کا فساد دور ہو یا تل چانول پھولون کی مالا لڈو وغیرہ شیرینی لڑکے کے اوپر سے سات مرتبہ اوتار کر کسی درخت کے پاس رکھے تو نیگ میں گرہ کا فساد دور ہو۔

اوتارے کا منتر] اجان نشچلا کچھ پھروہ کام روپی مہایشاہ بالم بالئے بھودیونیگ میوس کشتو یہ سب تدابیر بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین یا راون کا بنایا ہوا بال تنتر گرنتھ ہے اُسکے منتر سے لڑکون کے ڈاکنی وغیرہ آسیبون کے اچھے ہونے کی علامتین لکھی جاتی ہین لڑکے کے پیدا ہونے کے بعد پہلے روز پہلے مہینے پہلے برس مین مندا نامی ماترکا وغیرہ راون کی بارہ بہن مین وہ لڑکے کو آزار دیتی ہین۔ ان کی یہ علامتین ہین لڑکے کو بخار ہو اور بہت رووے یا نہ بولے اُسکے اچھے ہونے کے لیے یہ ترکیب کرے کہ دریا کے دونون کنارون کی مٹی لیکر اس کا کوری صندوق مین پتلا بنا وے اور اُسکے پاس چانول اور سات سفید پھول سات دھوجائین پھر سات چراغ۔ سات گلگلے۔ سات پان۔ خوشبودار چیزین۔ دھوپ۔ گوشت۔ شراب یہ لڑکے کے اوپر سے اُتار کر مشرق کی طرف چورا ہے مین دوپہر کے وقت رکھ آوے اور پیپل کے پتے سر پر رکھکر لڑکے کو نہلاوے تو مندا نام ماترکا کا فساد دور ہو اسی طرح چار روز کرے اور لڑکے کے سرسون سیرھے کے سینگ نیم کے پتے شیوجی کا نرمال اسکی دھونی دے تو لڑکے کو آرام ہو

اوتارے کا منتر] اوم نمو بھگوتے راونائے ہن ہن منج منج سواہا۔

لڑکے کے پیدا ہونے کے دوسرے دن دوسرے مہینے دوسرے سال شبھدا نام راون کی بہن لڑکون کو تکلیف دے اسکی علامتین ذیل مین لکھی جاتی ہین۔ یعنی پہلے بخار آنکھین بند نہ ہون بدن مین رعشہ ہو اور نہ بولے اُسکے اچھے ہونے کے لئے اُتارا کہا جاتا ہے جس سے لڑکے کو آرام ہو۔ سوا سیر چانول دہی اور مچھلی کا گوشت شراب تل کا چورن

یہ سب پیالہ مین رکھکر بجانب مغرب چوراہے مین تین روز شام کے وقت لڑکے کے
اوپر اوتارا کرے پھر چانول کے پانی سے لڑکے کو نہلاوے پھر شیوجی کا نرمال خس بلی کے
روغن گھی دوب کی لڑکے کو دھونی دے ۔
اوتارے کا منتر] اوم راونائے ہن ہن پُھٹ پُھٹ ہم پھٹ سواہا ۔چوتھے دن اپنی طاقت
کے موافق برہمنون کو کھانا کھلادے تو شبھدا ماترکا کا فساد دور ہو ۔
تیسرے دن تیسرے مہینے تیسرے برس پوتنا راون کی بہن لڑکے کو آزار دے اُس کی
علامتین پیچھے لکھی جاتی ہین ۔
پہلے لڑکے کو بخار پیدا ہو ۔بدن کانپے اور نہ بولے اور پکارا کرے اور آسمان کی جانب
دیکھا کرے اور اوس لڑکے کے آرام کے لئے اوتارا لکھا جاتا ہے دریا کے دونون کنارون کی
مٹی لیکر اوس کا پتلا بنا کر اور پتلے کو پیالے مین رکھکر اوسمین تنبول اور صندل سرخ ۔
سرخ پھول ۔سات چراغ ۔سات ڈلی ۔گوشت ۔شراب ۔بھات رکھکر بجانب جنوب
تیسرے پہر چوراہے مین رکھ آوے پھر شیوجی کا نرمال وگوگل ۔سرسون نیم کے پتے مینڈھے
کے سینگ ان کی تین روز تک دھونی دے ۔
اوتارے کا منتر] اوم نور اونایے فہ ہن ہن پُھنچ پُھنچ ترا سئے ترا سئے سواہا چوتھے دن
برہمنون کو کھلادے تو لڑکے کو آرام ہو ۔
چوتھے دن چوتھے مہینے چوتھے برس مکھ منڈکا نامی راون کی بہن کے فساد کرنے کی علامتین
پہلے بخار رہو ۔گردن نہ جھکے ۔آنکھین پھٹی رہین لڑکا نہ بولے اور رویا کرے اور بہت سوتے
اور اسکے ہاتھ کی مٹھیان بند رہین اوس کے آرام کے لئے یہ اوتارا کرے دریا کے
دونون کنارون کی مٹی لے کر پتلا بنا دے اور اوسکے سامنے کنول کے پھول رکھے اور
خوشبو ۔برگ تنبول ۔سفید پھول ۔چار چراغ تیرہ پوے ۔مچھلی کا گوشت شراب بھات
یہ سب پیالے مین رکھے پھر شمال کی طرف جا کر تیسرے پہر کے وقت چوراہے مین رکھے
تو لڑکے کو آرام ہو وے ۔
اوتارے کا منتر] اوم نور اونائے ہن ہن سنتھ سنتھ سواہا ۔چوتھے روز براہمنو کو کھانا کھلاوے

لڑکا آرام پاوے - پانچوین دن - پانچوین مہینے - پانچوین برس پوتنا ماترکا راون کی بہن کے فساد کی علامتین درج ذیل ہوتی ہین -

پہلے بخار ہو بدن کانپے اور منھ سے نہ بولے اور ہاتھون کی مٹھیان نہ کھولے -

[اوتارا] کمہار کے چاک کی مٹی لیکر اسکا پتلا بنا وے اور اسکے آگے خوشبو برگ تنبول چانول سفید پھول پانچ چراغ بڑے پانچ دھجا ایسان کی طرف اتار کر رکھے پھر شانت کے پانی سے نہلاوے پھر شیوجی کے نرمال - سانپ کی کینچل گھی اور نیم کے پتون کی دھونی دے تو لڑکے کو گونہ شفا ہو -

[اوتارے کا منتر] اوم نمو راونا ئے نمہ چورنے چورنے سواہا - چوتھے روز براہمنون کو کھلاوے تو لڑکا اچھا ہو - چھٹے دن چھٹے مہینے چھٹے برس سکنی نامے ماترکا راون کی بہن کے فساد کی علامتین جیسے بخار ہو بدن کانپے رات دن چین نہ پڑے اونچا دیکھے اسکی آرام کے لئے اُتارا گیہون کے آٹے کا پتلا بنا وے اور سفید زرد اور سرخ پھول - شراب - گوشت - دس چراغ - دس دھجا - دودھ چاول ان کا اُتارا اگن کون مین دوپہر کے وقت رکھے پھر ٹھنڈے پانی سے نہلاوے - پھر شیوجی کی نرمال لہسن - گوگل سرسون - سانپ کی کینچلی - نیم کے پتے اور گھی کی دھونی دے -

[اوتارے کا منتر] اوم نمو راونا ئے چورنے چورنے ہن ہن سواہا - تیسرے دن براہمنون کو کھانا کھلا وے تو لڑکے کو آرام ہووے -

ساتوین دن ساتوین مہینے ساتوین سال سُشُک ریوتی نامے ماترکا راون کی بہن لڑکون کو تکلیف دیتی ہے اُسکی علامتین اور علاج - جیسے بخار ہو - بدن کانپے - مٹھیان بندھی رہین اور بہت رووے اُسکی آرام کے لئے اوتارا ور یہ کہ کمہار کے کی مٹی کا پتلا بنا وے اُسکے آگے سرخ پھول - برگ تنبول - سرخ برنج کی کھچڑی - دس چراغ - گوشت شراب - تیرہ دھجا مغرب کی طرف گانون کے باہر تیسرے پہر کو اُتار کر رکھے پھر نہلاوے اور شیوجی کا نرمال - مینڈھے کا سینگ - سرسون - خس اور گھی کی دھونی دے -

[اوتارے کا منتر] اوم نمو راونا ئے تت تیجسے ہن ہن منج منج سواہا - چوتھے دن براہمنون

کو کھلاوے۔ آٹھوین دن آٹھوین مہینے آٹھوین سال ارجانامے ماتر کا راون کی بہن لڑکون کوستاتی ہے اُسکی علامتین اور علاج۔ پہلے بخار ہو بدن مین بدبو آوے کھانا نہ کھاوے بدن مین کپکپی ہو۔ اُسکے آرام کے واسطے اُتارا۔ لال پھول۔ زرد دھجا صندل سُرخ۔ کھیر۔ گوشت۔ شراب۔ ان کا اُتارا صبح کے وقت دے۔

اُوتارے کا منتر] ادم نمورا ونائے تری لوکیہ پدراونائے چترو س موکھیانائے جورنہن ادم پھٹ سواہا۔ چوتھے دن برہمنون کو کھلا دے تو آرام پاوے۔

نوین دن نوین مہینے نوین سال سوتکانامے ماتر کا راون کی بہن لڑکون کو آزار دیتی ہے اُسکی علامتین اور علاج۔ بخار اور بدن مین درد ہوتے ہوجاوے اسکے آرام کے لئے اُتارا۔ دریا کے دونون کنارون کی مٹی کا پُتلا بناوے اُسکو سفید کپڑے پہناکر سفید پھول۔ خوشبو۔ تنبول۔ تیرہ چراغ۔ تیرہ دھجا۔ شمال کی جانب گاؤن کے باہر اوتارا کرے۔ پھر شانت کے پانی سے نہلاوے اور گوگل نیم کے پتے۔ گائے کا سینگ سرسون اور گھی کی دھونی دے۔

اوتارے کا منتر] ادم نمورا ونائے ہن ہن سواہا۔ چوتھے روز برہمنون کو کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو۔ دسوین دن۔ دسوین مہینے دسوین برس کرپا نامے ماتر کا راون کی بہن لڑکون کو آزار دیتی ہے۔ اُسکی علامتین اور علاج۔

بخار ہو۔ بدن مین رعشہ ہو۔ روے۔ پاخانہ اور پیشاب کو کرے اُسکا اوتارا دریا کے دونون کنارون کی مٹی کا پُتلا بناوے۔ پھر خوشبو۔ تنبول۔ سُرخ پھول سُرخ صندل۔ پانچ دھجا۔ پانچ چراغ۔ پانچ پوے۔ گوشت۔ شراب۔ بابیتیہ کو تے مین رکھدے۔ اور کوتے کی بیٹ۔ گائے کا سینگ بلّی کے روئین۔ نیم کے پتے اور گھی کی دھونی دے۔

اوتارے کا منتر] ادم نمورا ونائے چورنت ہستائے منج منج سواہا۔ چوتھے روز برہمنون کو کھلاوے تو لڑکا اچھا ہو۔ گیارھوین دن گیارھوین مہینے۔ گیارھوین سال پپلکا نامی ماتر کا راون کی بہن تکلیف دیتی ہے۔ اُسکے فساد کی علامتین اور علاج اس کے آرام ہونے کے لئے۔ بل بخار ہو کھانا نہ کھاوے اُسکے آرام کے لیے اوتارا

آٹے گندم کا پتلا بنا وے اور پتلے کے منھ مین دودھ کی دھار دے۔ پھر سُرخ صندل اور سبز زرد پھول۔ خوشبو۔ تنبول۔ سات چراغ۔ آٹھ بڑے۔ مال پوے۔ گوشت۔ شراب مشرق مین اُتار رکھے پھر شانت کے پانی مین نہلاوے پھر شیو۔ جی کا نرمال۔ گوگل اور گاے کا سینگ۔ سانپ کی کینچل اور گھی کی دھونی دے۔

اُوتارے کا منتر] اوم نمو راونائے مُنچ مُنچ ہن ہن سواہا۔ چوتھے دن برہمنون کو کھانا کھلاوے تو لڑکا آرام پاوے۔

بارھوین روز بارھوین مہینے بارھوین سال کا مکا نامی ماترکا راون کی بہن لڑکون کو آزار دے اُسکے فساد کی علامتین اور علاج۔

بخار ہو ہنسے ہاتھ سے دور کرے اور بہت پکارے اور دم بہت چلے اُسکے اوتارے کا طریقہ ماوے کا پتلا بنا وے پھر خوشبو۔ تنبول۔ سفید پھول۔ دھجا۔ سات مال پوے کا بال دے پھر شانت کے پانی سے نہلا دے پھر شیو نرمال۔ گوگل۔ سرسون اور گھی کی دھونی دے۔

اُوتارے کا منتر] اوم نمو راونائے مُنچ مُنچ ہن ہن سواہا۔ چوتھے روز برہمنون کو کھانا کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو۔ یہ راون کا بنایا ہوا کمار تنتر چکردت مین لکھا ہے۔

بادی بیماریون کی پیدایش علامت اور علاج

دایہ کے بھاری اور سخت کھانا کھانے سے اور اُسکے باد صفرا کے آزارون سے لڑکے کے بدن مین خلط فاسد ہوتے ہین اور ایسے ہی بدپرہیزی سے کھانا کھانے سے ایہ کی پستان مین پہونچ کر دودھ کے ذریعہ سے بادی بیماریان ہوتی ہین تب وہ لڑکا کمزور ہو جاوے اور اُسکا مُنھ سفید ہو بدن دُبلا ہو جاوے پاخانہ اور پیشاب بشکل سے اُترے اس سے اور بھی بادی بیماریان پیدا ہوتی ہین ایسے ہی لڑکا صفراے خراب دودھ پیے تو لڑکے کے صفرا کی بیماری پیدا ہو اُس لڑکے کے پسینا آوے دست رقیق ہو بدن زرد پڑ جاے تشنگی زیادہ ہو بدن گرم رہے اور اور بھی صفراوی بیماریان ہون اور منھ سے لعاب بہت گرے نیند بہت آوے سردی زیادہ رہے بدن سُن ہو جاوے آنکھین منھ اور کل بدن بھاری رہے اور بخار وغیرہ بیماریان جو بڑے آدمیون کو

ہوتی ہیں وہی لڑکے کے ہوں اور جو تالو کنٹک وغیرہ بیماریاں شیرخوار بچّوں کو ہوتی ہیں وہ بڑوں کو نہیں ہوتیں۔

تالو کنٹک کی علامتیں یہ ہیں] تالو کے گوشت میں بچّے کے بلغم فاسد ہو تب اُس کے تالو میں کانٹے پڑجاویں اور اُسکا تالو بیٹھ جاوے اور تالو کے بیٹھنے کے سبب دودھ نہ پیئے۔ پاخانہ رقیق ہو۔ تشنگی ہو آنکھ میں درد پیدا ہو اور گلے اور مُنھ میں درد ہو سر نہ اُٹھے اور قے کرے۔

مہاپدم روگ کی پیدایش اور علامات

لڑکے کے سر میں اور مقعد میں بیماری پیدا ہو اور بادپیدا ہو اور کنول کے رنگ کے مانند اسکا رنگ ہو۔ وہ تینوں خلطوں کے فساد سے ہوتا ہے پہلے وہ بیماریاں کنپٹیوں سے سینے میں آویں پھر سینے سے مقعد میں آویں اور ایسے ہی پیڑو سے مقعد میں جاویں اور مقعد سے پھر سینے میں جاویں اور سینے سے سر میں۔

گلوبنک کی بیماری کی علامتیں] گلوبنک کی بیماری خراب دودھ کے پینے سے لڑکے کے ہوتی ہے اُس میں آنکھیں دُکھیں اور خارش ہو اور بار بار آنسو بہت گریں اور وہ لڑکا پیشانی آنکھ ناک کو گھسا ہی کرے اور دھوپ کی طرف نہ دیکھے اور آنکھ نہ کھلے اُسکو گلوبنک کی بیماری بولتے ہیں۔

تُنڈ گدا پاک کی علامتیں] بچّے کی مقعد پک جاوے اور اُسکی ناف میں درد ہو اُسکو تُنڈ گداپاک کہتے ہیں۔

اہی پوتنا بیماری کی علامتیں] لڑکے کی مقعد پاخانہ اور پیشاب سے لپی رہا کرے یا دھوے یا کپڑے سے پونچھے ہوا لگے تب کھجلی ہو اور مقعد سُرخ رہے اور وہ لڑکا مقعد کو کھجلاوے تو اُس میں پھوڑے پیدا ہوں اور اُسکی مقعد میں سے پانی سا جھڑا کرے اُس سے اُس کی مقعد میں خوفناک زخم پڑجاویں اُسکو اہی پوتنا بولتے ہیں۔

اج گلکا بیماری کی علامتیں] جسکے بدن میں چکنی اور سُرخ رنگ کی مونگ کے برابر بہت سی پھنسیاں ہو جاویں اور اُن میں درد نہ ہو وہ بلغم سے پیدا ہوتی ہیں۔

ان کو اچ گلگا بیماری بولتے ہین -

پارگر بھک کی علامتین] جو لڑکا حاملہ عورت کا دودھ پیئے تو اُسکے کھانسی آوے اور معدہ ضعیف ہوجاوے اور بدن مین جلن اور غنودگی ہو اور کمزور ہوجاوے کسی چیز کی رغبت نہ رہے چکر آوین اور اُس کا شکم بڑھ جاوے اُس کو پارگر بھک بولتے ہین -

لڑکے کے دانتون کی بیماریون کی علامتین] لڑکے کے دانت نکلنے کے وقت بخار ہو۔ دست آوین۔ کھانسی آوے قے ہو سر اور آنکھین درد کرین۔ رُوتا ہو۔ یہ علامتین دانتون کی بیماری کی جانو -

لڑکون کی بیماریون کا علاج

جو بڑے آدمیون کو بیماریان ہون وہی لڑکون کو ہوتی ہین جو علاج بڑے آدمیون کا کرے وہی بچّون کا بھی کرنا چاہیئے اور لڑکون کو ایک برس تک ایک رتی کے برابر دوا دینی چاہیئے اور دوسرے برس ایک ماشہ یہ قاعدہ ہے اور لڑکا جہان ہاتھ لگا کر رووے وہان بیماریان جانو۔ اُس کا علاج کرنا چاہیئے -

لڑکے کے زیادہ بخار کا علاج] ناگرموتھ۔ پوست ہلیلہ۔ پوست نیم اور پٹول کا کاڑھا کرکے اُس مین شہد ڈال کر لڑکے کو پلاوے تو لڑکے کا سب قسم کا بخار دور ہو یہ سب قسم کے بخارون کی دوا ہے اور اسکا نام بھدرمستادکواتھ ہے -

لڑکے کے جوراتیسار کا علاج] ناگرموتھ۔ پیپل۔ اتیس۔ کاکڑاسنگی۔ ان کا چورن شہد سے لڑکے کو چٹاوے تو لڑکے کا بخار اور اسہال دور ہو اور کھانسی اور قے دور کرے -

لڑکے کے اتیسار یعنی دست آنے کا علاج] مغز بیل۔ دھوئی کے پھول۔ نیتر بالا۔ لودھ۔ گج پیپل۔ ان کے کاڑھے مین شہد ڈالکر دے تو لڑکے کا اتیسار یعنی اسہال دور ہو

لڑکے کے خوفناک اتیسار کا اور علاج] مجیٹھ۔ دھوئی کے پھول۔ لودھ۔ سفید سرسون ان کا کاڑھا شہد ڈالکر دے تو لڑکے کا خوفناک بھی اتیسار دور ہو -

لڑکے کے آؤن کے اتیسار کا علاج] بائے بڑنگ - اجود - پیپل - انکو باریک پیسکر چانول کے پانی سے دے تو آؤن کا اتیسار دور ہو - اسکا نام بڑنگا دکواتھ ہے -

لڑکے کے رکتا اتیسار کا علاج] موچرس - مجیٹھ - دھولی کے پھول اور کنول کے پھول ان کو باریک پیسکر اور ساٹھی کے چانول کے ماڑ میں دے تو رکتا اتیسار دور ہو

لڑکے کے سب قسم کے اتیسار کا علاج] زنجبیل - اتیس - ناگر موتھ - بیتر بالا اندر جوان کا کاڑھا دے تو لڑکے کے سب قسم کا اتیسار دور ہو -

لڑکے کے موڑھا نباہی کا علاج] چانول کی کھیل - ملیٹھی - مہوا - ان کو باریک پیسکر مصری اور شہد مین چٹا دے تو لڑکے کی موڑھا نباہی دور ہو -

لڑکون کی سنگر ہنی کا علاج] ہلدی - چب - دیودار - کٹیلی - گج پیپل - پرسٹ پرنی سونف ان کو باریک پیسکر شہد اور گھی سے چٹا دے تو سنگر ہنی اور چھا نور کا بخار اور اسہال کو دور کرے اور بھوکھ بڑھا دے اسکا نام رجنیادچورن ہے -

لڑکون کی کھانسی کا علاج] ناگر موتھ - اتیس - اڑوسہ - پیپل کاکڑا سنگی ان کو باریک پیس کر شہد کے ساتھ چٹا دے تو لڑکے کی پانچ قسم کی کھانسی اور دمہ دور ہون - اسکا نام مستادچورن ہے -

کھانسی کا اور علاج] کٹیلی کے پھولون کی کیسر کو شہد سے چٹا دے تو لڑکے کی کھانسی دور ہو -

کھانسی اور دمے کا علاج] منقی - واکھر - اڑوسہ - پوست ہلیلہ - پیپل - ان کو باریک پیس کر شہد اور گھی کے ساتھ چٹا دے تو لڑکے کی قے اور ہچکی دور ہو -

لڑکے کی قے کا علاج] آنب کی گٹھلی - چانول کی کھیل - سیندھا نمک - ان کو باریک پیسکر شہد سے چٹا دے تو لڑکے کی قے دور ہو -

لڑکے کے دودھ گرانے کا علاج] کٹیلی کی کلی کا رس - پیپل - پیپلا مول - چب چترک - زنجبیل - انکو باریک پیسکر شہد اور گھی سے چٹا دے تو لڑکے کی قے دور ہو -

لڑکے کے پیٹ مین اپھارا اور سول چلے اسکا علاج] سیندھا نمک - زنجبیل

الائچی - چکنی سپنگ - بھارنگی - ان کو باریک پیس کر گرم پانی سے کھاوے تو لڑکے کا اپھار اور سول دور ہو۔

لڑکے کا پیشاب بند ہو گیا ہو اس کا علاج] پیپل - مرچ سیاہ - چھوٹی الائچی - سیندھا نمک ان کو باریک پیس کر مصری اور شہد سے چٹا وے تو پیشاب اچھی طرح سے اُتر آوے۔

لڑکے کے لعاب بہت گرے اُس کا علاج] سفید سرسون - تل - لودھ - ان کا کاڑھا کر کے اور شہد ڈال کر لڑکے کو پلا وے تو لڑکے کا لعاب گرنا بند ہو۔

لڑکے کے مُنھ مین چھالے پڑ گئے ہون اُس کا علاج] پیپل کا پوست اور اُس کے پتّے ان کو باریک پیس کر شہد مین ملا کر چٹا وے تو لڑکے کے مُنھ کے چھالے اچھے ہون۔

لڑکے کی ناف مین ورم ہو اُس کا علاج] زرد مٹّی کو آگ سے سُرخ کر کے دودھ سے لگا وے تو سوجن اچھی ہو۔

لڑکے کی ناف پک گئی ہو اُس کا علاج] زرد چوب - لودھ - پرینگ کے پھول ان کو شہد سے باریک پیکر ناف پر لیپ کرے تو آرام ہو۔

لڑکے کی مقعد پک گئی ہو اُس کا علاج] رسوت کو پانی مین باریک پیکر لڑکے کی مقعد مین لیپ کرے تو مقعد پکنا بند ہو یا شنکھ - ملیٹھی - رسوت ان تینون کو باریک پیکر لگا وے تو آرام ہو۔

لڑکے کے دانت دوہرے نکلین اُسکا علاج] دھوئی کے پھول اور پیپل کو آملہ کے رس مین لڑکے کے مُنھ مین لگا وے تو دانت اچھی طرح سے نکلین اور لاکشادی تیل سے لڑکے کا بخار وغیرہ جا وے۔

باب بائیسوان

قوت باہ اور علاج عنین کے بیان مین

باجی کرن وغیرہ] باجی کرن اُسکو کہتے ہین کہ جو آدمی دیکھنے مین فربہ اور

طاقتور نظر آوے اور وہ عنین ہو عورت کے کام کا نہ ہو وہ سات قسم کا ہوتا ہے۔ایک یہ کہ عورت سے جماع کی خواہش تو ہو مگر اُس سے مباشرت نہ ہو سکے اس سبب سے کہ استادگی نہ ہو اُسکو نپنسک بولتے ہین۔اس کا سبب لکھا جاتا ہے۔کڑوی تیکھی گرم چیزون اور نمک زیادہ کھانے سے باہ زائل ہو جائے۔یا رنج و غصہ وغیرہ سے منی زائل ہو۔یا لڑکا عورت روپیہ کے نقصان سے باہ ضعیف ہو یا کسی طرح آلت مین چوٹ لگنے سے آلت کی نس ماری جاوے اُس سے اور بہت رُکے رہنے سے عنین یعنی نپنسک ہو جاوے اور بھی سبب ہین۔

ضعف باہ کا علاج] شیرین اور طرح طرح کی لذّت دار چیزون کے کھانے یا نہایت خوبصورت عورت کی صحبت سے یا نہایت خوبصورت عورت جس کی آواز نہایت پیاری لگے۔یا تنبول اور عُمدہ شراب کے پینے اور پھلواری اور باغون کے رہنے اور طاقت کی دودھ مصری ملے ہوئے مرگانگ اور چندرودے وغیرہ ساتون دھات دہی سکھرن ماش یہ سب چیزین باہ کی ضعیفی کو دور کرتی ہین اور امرس کے کھانے سے اور بھیمسینی کافور اور کستوری ملے ہوئے پان کے بِیڑے سے اور اور چیزون سے بھی باہ کی ضعیفی دور ہوتی ہے۔

گوکھرادی چورن] گوکھرو۔تالمکھانا۔اسگندھ۔چھتاور۔سفید موصلی۔کونچ کے بیج ملیٹھی۔کھرینٹی کے بیج۔گنگیرن کا پوست۔یہ سب برابر لیکر ان کو باریک پیسکر اندازہ سے مصری ملاکر دودھ کے ساتھ پانچ درم ہر روز رات کو کھاوے اور پرہیز سے رہے تو ضعیفی باہ دور ہووے۔

سُپاری پاک

چکنی سُپاری آدھ سیر لے کر دو دن تک پانی مین بھگو رکھے پھر ان کو باریک کتر کر سُکھالے پھر اس کا چورن کرے اور کپڑ چھان کر برابر گھی مین مخلوط کرکے اٹھگنے دودھ مین ماوا کرکے پھر اٹھگنی مصری کی چاشنی بناکر اس مین سُپاری کا ماوا اور یہ دوا اس مین ملاوے۔الائچی۔کھرینٹی۔پوست گنگیرن۔جاپھل۔لونگ۔جاوتری

زنجبیل۔ تیرج۔ چھاور۔ موصلی۔ تخم کونچ۔ بداری قند۔ گوکھرو۔ داکھ۔ ثعلب مصری بنگھاڑہ زیرہ۔ چھڑ۔ بنسلوچن۔ اسگندھ۔ کیسر۔ کستوری۔ کافور۔ چندن بھیم سینی کافور۔ اگرچہ سب دوا چار چار تولہ بھر لے یا بید اپنی عقل کے موافق ڈالے اور مرگانک۔ چند رودے۔ بنگ۔ سار ابرک۔ خوشبودار چیزیں اور میوہ اپنی سمجھ سے اس میں ڈالے پھر دو تولہ کے لڈو بنا دے اور ایک لڈو ہر روز کھاوے اور پرہیز سے رہے تو ضرور ہی ضعیفی باہ دور ہوا س کا نام رت تبھہ بنگی پاگ بھی ہے۔

آمر پاگ

کچے ہوئے میٹھے آموں کا رس ۱۶ اثار اور ۴ میں ۴ ثار مصری ڈالے اور ایک ... گھی ڈالکر مٹی کے برتن میں پکاکر گاڑھا کرکے مثل چاشنی کے کرلے اور چاندی کے برتن میں رکھے اور اس میں مذکورہ ذیل دوا ڈالے۔ زنجبیل ۱۶ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱۶ تولہ۔ پیپل ۴ تولہ۔ شنغرف ۴ تولہ۔ زیرہ ۴ تولہ۔ چترک دو تولہ۔ تیرج دو تولہ۔ دارچینی دو تولہ۔ ناگ کیسر دو تولہ۔ کیسر دو تولہ۔ الائچی دو تولہ۔ لونگ دو تولہ۔ جائپھل دو تولہ۔ کستوری چار ماشہ۔ بھیم سینی کافور ایک تولہ۔ شہد پاؤ سیر پھر ان سب کو خوب مخلوط کرکے مرتبان میں بھر رکھے اور اس میں سے دو تولہ ہر روز کھائے تو ضعف باہ دور ہوا اور باہ کی کثرت ہو اور سنگرہنی۔ بیچی۔ دمہ۔ نفرت۔ امل پت۔ رکت پت پانڈ روگ وغیرہ کو یہ پاگ دور کرتا ہے۔

جلق وغیرہ کسی وجہ سے ضعف باہ ہو جاوے اُس کا علاج

دیسی گوکھرو کا چورن پانچ درم۔ شہد پانچ درم۔ ملاکر بکری کے دودھ کے ساتھ دو مہینے تک کھاوے تو تضعیف باہ کی دور ہو۔

چندن آدو تیل

صندل سرخ۔ پتنگ۔ اگر۔ دیودار۔ چیر کی لکڑی۔ پدماکھ۔ کافور۔ کستوری۔ کیسر۔ جائپھل جاوتری۔ لونگ۔ دونوں الائچی۔ کنکول۔ تج۔ دارچینی۔ تیرج۔ ناگ کیسر۔ نیتر بالا۔ خس۔ چھڑ۔ دارہلدی۔ مورید۔ کچور۔ ناگر موتھ۔ سمھالو۔ پرینگ کے پھول۔ لوبان۔ گوگل۔ لاکھ۔ نکھ۔ رال۔ دھولی کے پھول۔ کسم کے پھول۔ بیلا مول۔ مجیٹھ۔ تگر۔ موم۔ یہ سب دوا چار چار ماشہ

لیکر اور انکا نرم آنچ سے کاڑھا کرکے جب انکا چوتھا حصہ رہجاوے پھر اس مین تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے۔ جب کاڑھے کا رس خشک ہوجاوے اور تیل باقی رہجاوے تب چھان کر برتن مین بھر رکھے اور اُسکی مالش کرے تو بوڑھا آدمی بھی جوان ہوجاوے اور بدن کی بیماریان سب دور ہوں۔

بانری گٹکا

تخم کونچ پاؤسیر اُس کو پاؤ بھر ثار لگاکے دودھ مین نرم آنچ سے پکاوے پھر اُسکا پوست دور کرے اور اُسکو خوب پیسکر دودھ مین اوٹائے اور چھوٹے چھوٹے اُسکے بڑے کرکے گائے کے گھی مین تلے پھر اُسکے دونی مصری کی چاشنی کرکے تین دن کو پانگے پھران بڑون کو شہد مین ڈالے اور ان مین سے بقدر ایک درم بلاناغہ دو مہینے تک کھاوے تو باہ کی ضعیفی دور ہو۔ اور جماع مین منی دیر سے انزال ہو۔

ضعف باہ کے دور ہونے کا علاج] عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ لونگ۔ کیسر۔ پیپل۔ جاپھل جاوتری۔ سفید صندل یہ سب دوا چھ چھ ماشہ لے اور افیون دو تولہ لیکر پھر ان سبکو شہد مین باریک پیسکر ماش کے دانے کے برابر گولیان بناوے ایک گولی رات کے وقت ہرروز کھاوے اور اوپر سے دودھ پیئے تو دیر سے منی کا انزال ہو اور ضعف باہ دور ہو اور بہت عورتون سے جماع کرے۔ یا بداری قند کو پیسکر گیلے بداری قند کے رس کی اکیس پٹین دے اور کھاتا جاوے پھر اُس مین مصری اور شہد اور گھی ملاکر ہرروز بقدر دو درم کھاوے یا چار ماشہ کھاکر اُسکے اوپر عمدہ دودھ پیئے تو بوڑھا آدمی بھی جوان ہوجاوے یہ برندمین لکھا ہے یا آملون کو پیسکر گیلے آملون کے رس مین ۲۱ پُٹ دے کر سُکھاکر اُسکو شہد اور مصری سے دو درم ہرروز کھاوے تو ضعف باہ دور ہو یہ چکردت مین لکھا ہے

مدن منجری گٹکا

زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ان تینون کو چار حصے کرکے پارہ ایک حصہ اور بنگ یعنی رانگے کے کشتے کے دو حصے کرکے ان سب کے برابر چیتا اور سنج۔ تیزج۔ ناگ کیسر۔ جاپھل۔ مرچ پیپل۔ الائچی۔ زنجبیل۔ لونگ۔ جاوتری۔ ان سب کے دو حصے کرکے پھر سب کو باریک پیسکر

مصری اور شہد اور گھی مین پانچدرم کی گولیان بناوے ایک گولی ہر روز کھاوے اور اوپر سے دودھ پیئے تو بوڑھا بھی جوان ہو۔ اسکا نام مدن منجری گٹکا ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے یا افیون پارہ برابر لیکر دونون کو دھتورے کے بیجون کے تیل مین تین دن کھرل کرکے پھر مصری اور بھنگ برابر ملا کر ایک رتی کھاوے اور اوپر سے دودھ پیئے تو دیر سے انزال ہو اور ضعف باہ جاوے۔ یہ سارسنگرہ مین لکھا ہے۔ یا عاقرقرحا۔ جاپھل لونگ۔ زنجبیل۔ کیسر۔ پیپل۔ کستوری۔ کبیبنی کافور۔ ابرک۔ ان سب کے برابر افیون لے پھر ان سب کو باریک پیس کر مونگ کے برابر گولیان بناوے اور ایک یا دو گولی کھاوے تو دیر مین انزال ہو یہ دوا بہت امساک پیدا کرتی ہے۔

لنگارجن گٹکا

چھینا کافور۔ سہاگہ۔ پارہ یہ سب برابر لیکر اگست کے رس مین اور شہد مین ایک روز کھرل کر کر آلت پر لیپ کرکے پہر بھر رکھے۔ پھر دھو کر عورت سے جماع کرے تو دیر مین انزال ہو عضو تناسل پر ضماد کرنے کی دوائین] سفید کنیر کی جڑ کا پوست۔ عاقرقرحا اجمود۔ سیاہ دھتورے کے بیج۔ جاپھل۔ ان سب کو پانی سے باریک پیسکر کالی مرچ کے برابر گولیان بناوے اور ایک گولی آدمی کے پیشاب سے گھسکر آلت پر لیپ کرے تو باہ کی ضعیفی دور ہو اور دیر سے منزل ہو یا سور کی چربی اور شہد کو کھرل کرکے ایک مہینے تک آلت پر لیپ کرے تو آلت کی سب بیماریان دور ہون۔ یا سفید کنیر کے پوست کو دودھ مین جاکر گھی نکالکر اس گھی مین سنگی مہرہ۔ جاپھل۔ جالکوٹہ اندازے کے موافق ملا کر آلت کے اوپر سات روز لیپ کرے اور اوپر پان باندھکر جماع ترک کرے تو ضعف باہ دور ہو۔

ضعف باہ کا علاج

چوب چینی۔ زنجبیل۔ موچرس۔ دونون موصلی۔ فلفل سیاہ۔ باؤ بڑنگ۔ بادیان ہموزن لیکر باریک پیسکر ایک تولہ آدھ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھالے تو قوت زیادہ ہو۔ ایضاً چوب چینی پانچ تولہ۔ زنجبیل۔ موچرس۔ دونون موصلی۔ فلفل سیاہ۔ باؤ بڑنگ سونف ہموزن لیکر باریک پیسکر کپڑ چھان کر ایک سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھالے تو قوت باہ زیادہ ہو۔ ایضاً شہد

دو تولہ آدھ سیر گائے کے دودھ میں ملا کر پیئے تو طاقت زیادہ ہو ایضاً میدہ لکڑی پاؤ بھر کالی
بکری کے دودھ میں بھگووے بعدہ ایک سیر گائے کے دودھ میں بھگووے اور تین دن
تک خشک کرے بعدہ کوٹ چھان کے گوکھرو تین تولہ کھانڈ آدھ پاؤ ملاوے اور ایک تولہ آدھ سیر
گائے کے دودھ کے ساتھ کھاوے تو قوت باہ بہت زیادہ ہو اور سستی دفع ہو ایضاً سفید
کنیر کی جڑ دو تولہ لیکر باریک کتر کے پانچ سیر گائے کے دودھ میں اوٹاوے جب دودھ تین
سیر رہ جاوے تب اتار کر ٹھنڈا کر کے جڑ سمیت جماوے اور دوسرے دن مکھن نکال
لے بعدہ سات گرد ا شنگا کر جاپھل سات عدد۔ جاوتری ایک پیسہ بھر لے ساتوں گردوں
میں بھرے پیٹ سے لے سر اور پاؤں کاٹ ڈالے پھر پاؤ بھر گائے کے گھی میں کھرل کر کے
بھونے۔ اور اس میدہ کو کنیر کے گھی میں چار رتی کی گولی باندھے پھر عضو تناسل پر لیپ
کرے یا پندرہ دن کھائے تو نامرد بھی مرد ہو جائے۔ ایضاً مجیٹھ ایک آثار گوکھرو ایک
آثار لیبھڑے کے پھل ایک سیر لیکر گائے کے چار سیر دودھ میں جوش کرے جب ایک سیر
باقی رہے اتار کر سکھالے پھر تینوں دواؤں کو باریک پیس کر کپڑ چھان کرے جاپھل ایک
تولہ دونوں موصلی۔ پاؤ بھر ستاور پاؤ بھر پیپلا مول آدھ پاؤ۔ زنجبیل ۴ تولہ۔ بھانگرہ
پاؤ بھر۔ نرگنڈی پاؤ بھر کپڑ چھان کر کے آدھ سیر گھی میں ملا کر تین تین تولہ کی گولی باندھے
اور دونوں وقت ایک ایک گولی ۲۱ دن کھائے تو نامرد بھی مرد ہو جاوے ایضاً
بچھناگ ۲ تولہ جاگلوٹہ ۲ تولہ۔ گھونگچی سفید ۲ تولہ۔ کنیر سفید کی جڑ ۲ تولہ بیر بہوٹی دو تولہ
عاقرقرحا ۲ تولہ۔ مالکنگنی ایک سیر۔ چمگادڑ ایک عدد۔ کچلا ۲ تولہ۔ کیچوا ایک سیر سانڈہ
ایک عدد۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ سہاگہ دو تولہ۔ نیشل دو تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ جاپھل
دو تولہ۔ دارچینی دو تولہ۔ بیج مدار دو تولہ۔ بیج چمیلی دو تولہ۔ چمگادڑ۔ سوکرا اور سانڈے کا
جنتر میں تیل نکالے پھر اس کے بعد ان سب دواؤں کو کپڑ چھان کرکے بکری کے دودھ
میں تین روز کھرل کرے بعد پتال جنتر کے طریقے سے تیل نکال کر عضو تناسل پر سات
دن تک ہمراہ پان بنگلہ باندھے اور جماع سے پرہیز کرے تو ضعف باہ جاتا رہے۔
ایضاً بیج کنیر اور سینگیا ایک تولہ۔ چولائی کے بیج ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ

ناگرگندھی ایک پیسہ بھر یہ سب دوائین کپڑ چھان کرکے پانچ سیر گائے کے دودھ مین اوٹا دے اور ان کو جما کر مکھن نکالے - پھر سپاری کو بچا کرا لٹے بنگلہ پان پر یہ سب دوا لگا کر چودہ دن تک پٹی باندھے اور جماع سے پرہیز کرے تو نامرد بھی مرد ہوا ایضاً ہینگ - دھتورہ کے بیج عاقرقرحا - سمندر پھلین - دارچینی - یہ سب دوائین برابر لیکر کپڑ چھان کرکے اونٹ کٹیرہ کے رس مین چودہ دن عضو تناسل پر لیپ کرے تو ضعف باہ زائل ہو جائے ۔

کھانے کی دوائین] اسگندھ ناگوری - جاوتری - جائپھل - لونگ - دارچینی یہ سب دوائین برابر لیکر سیاہ تل پاؤ بھر - شہد پاؤ بھر مین گولی باندھے اور اکیس روز کھاوے تو ضعف باہ زائل ہو ایضاً عاقرقرحا ایک تولہ - افیون خالص چھ ماشہ - دونون موصلی ایک تولہ - کلیجن ایک تولہ - لونگ ایک تولہ بھوپھلی ایک تولہ - اسگندھ ۲ ماشہ - کھانڈ ۲ تولہ سب دواؤن کو کپڑ چھان کرکے کھانڈ کے ساتھ ایک تولہ کی گولی باندھے اور چودہ دن تک سوتے وقت کھائے تو ضعف باہ جاتا رہے -

پٹی] سہاگہ تیلیا ایک درم - کوٹ ایک درم - مینسل ایک درم چمیلی کے پتون کا رس چار درم تل کا تیل پاؤ بھر دواؤن کو کپڑ چھان کرکے تیل مین اوٹاوے جب خوب پک جاوے اتار کر - اس تیل کی پٹی سات دن تک باندھے نہایت مفید ہے ۔

حبوب مبہی ومغلظ] پوست آدھ سیر - مازو آدھ سیر - ایک من پانی مین اوٹاوے جب سیر بھر رہجاوے تب اتار کر بعدہ یہ دوائین کپڑ چھان کرکے ملاوے - جائپھل ۲ تولہ لونگ ۲ تولہ - بچ دو تولہ - بلاری تند آٹھ تولہ - تخم سنبھل آدھ سیر - ناگ کیسر دو تولہ - سونٹھ آدھ سیر - پرانا گڑ دو سیر - گائے کے دس سیر دودھ مین اوٹاوے جب اوٹتے اوٹتے تین سیر باقی رہے تب گڑ اور کھانڈ ڈال کر اوٹاوے جب گاڑھا ہو جاوے تب اتار کر آملہ کے برابر گولی بناوے اور سویرے ڈیڑھ تولہ اور شام کو ایک تولہ پانی کے ساتھ کھاوے تو چودہ دن مین ضعف باہ کو دور کرے -

اگر جلق سے یا کشتہ خام کھانے یا سردی گری یا بہت محنت سے جو شخص نامرد ہو گیا ہے اوس کے واسطے عمدہ عمدہ دوائین اور طلا وغیرہ لکھے جاتے ہین -

طلا برائے مجلوق وغیرہ

دارچینی۔ جاپھل۔ دھتورہ مع جڑ و پتے کے جاوتری۔ لونگ بیربہوٹی۔ مالکنگنی۔ جاگوٹہ سنکھیا تیلیا۔ چوہرنی لال۔ شنگرف۔ پارہ۔ لوبان۔ ادرک کا رس۔ چنبیلی کے پتے۔ مینسل ہرتال طبقی۔ کوٹ۔ سہاگہ۔ چوکیا۔ میٹھا تیل۔ چمگادڑ کی چربی۔ ہلدی۔ سفید کنیر کی جڑ۔ لال کنیر کی جڑ۔ کیچوہ خشک۔ ریگ ماہی۔ دس دس درم۔ شیر کی چربی چالیس درم۔ انڈے کا تیل پندرہ درم۔ مچھلی کا پتہ دس درم۔ مرغ کا پتہ دس درم۔ شراب تند ڈیڑھ درم۔ گدھے کا بھیجا اگر یہ نہ مل سکے تو گدھے کے فوطوں میں جونک لگا کر دس درم خون لے لیوے۔ سور کی چربی دس درم۔ ان دواؤں کو کپڑ چھان کرکے گولی باندھے پھر آسے آتشی شیشہ میں رکھکر شیشہ کے منہ پر سینکیں لگا دے پھر کپڑ مٹی کرکے بطریق پاتال جنتر تیل نکالے اگر تیل نہ نکل سکے تو گولی دو رتی زعفران کے ساتھ سوپاری چھوڑ کر لیپ کرے۔ اگر تیل نکل آوے تو سوپاری اور سیون چھوڑ کر لیپ کرے اور اوپر سے بنگلہ پان باندھ دے اور جماع سے پرہیز کرے اور کھٹی اور گرم اشیاء اور تیل اور گڑ سے پرہیز کرے نہایت مفید ہے۔

دوسرا طلا] کپڑا بافتہ پاؤ گز مدار کے دودھ میں بھگو کر سکھا دے پھر تھوہڑ کے دودھ میں بھگو دے اور پانچ تولہ گھی اس پر چپیٹے اور سنبل زرد پیسکر لیپ کر بتی بنا دے پھر لوہے کے گز پر لپیٹ کر اس کا تیل نکالے وہ تیل پان پر لگا کر سپاری اور سیون چھوڑ کر باندھے تو نامرد مرد ہو جاوے۔

تیسرا طلا] پارہ۔ سنکھیا۔ میٹھا تیلیا۔ بھنگٹیا۔ ہلدی کا زہر بچھا ناگ۔ سنبل الطیب ہرتال چرمٹی۔ سفید دھتورہ کے بیج۔ بیربہوٹی۔ مینسل شنگرف لوبان کیچوا مالکنگنی کو بیج سے بیج۔ کنیر کی جڑ۔ جاگوٹہ۔ ایک ایک تولہ لیکر سب کو پیس کر شیشی میں بھر کر پاتال جنتر کرکے تیل نکالے اور رتی بھر عضو تناسل پر گیارہ دن تک بطریق معروف ہمراہ پان بنگلہ استعمال کرے تو نامرد مرد ہو جائے۔

چوتھا طلا] جاپھل۔ سوہاگہ تیلیا۔ مینسل۔ ایک ایک تولہ۔ چنبیلی کے پتوں کا رس

تین سیر میٹھا تیل آدھ سیر ان سب کو ملاکر اوٹاوے جب رس جلجاوے اور تیل باقی رہجاوے تو تیل شیشی مین رکھکر گیارہ دن تک بطریق معروف عضو تناسل پر باندھکر بنگلہ پان باندھدوے تو وہ نامرد مرد ہوجاوے۔

رگین جوڑنے کی پوٹلی] کان کا میل ایک تولہ۔ بُرادہ دندان فیل چھ ماشہ۔ کلتھی چھ ماشہ۔ کیچوہ۔ بیر بہوٹی۔ عاقرقرحا۔ جائفل۔ جاوتری۔ کیسر چھ چھ ماشہ۔ جونک کی چربی چھ ماشہ۔ مچھلی کا بھیجا ایک ماشہ۔ نوشادر۔ شیر کی چربی۔ گاے کا گھی چھ چھ ماشہ ان سب کو لیکر تین ماشہ کی پوٹلی بناکر گیارہ دن تک عضو تناسل پر سینک کرے تو ٹوٹی ہوئی رگین جُڑکر مضبوط ہوجائین۔

طلا] اندرجو۔ جرمٹی۔ سفید کنیر کی چھال۔ مالکنگنی۔ دھتورہ کے بیج۔ تخم خراسانی۔ کٹائی کے بیج پیپل۔ ان سب کو ہموزن لیکر باریک پیسکر عضو تناسل پر لیپ کرے تو رگین جڑکر کجی دور ہو۔

دیگر] ارنڈی ایک تولہ۔ افیون خالص۔ عاقرقرحا۔ جائپھل۔ دارچینی۔ بیر بہوٹی۔ لونگ چھ چھ ماشہ ان سب کو کوٹ پیس کر سات دن تک عضو تناسل پر لگاکر اوپر سے بنگلہ پان باندھے تو نامرد مرد ہوجاوے۔ یا چنبیلی کے پتون کا رس نکال کر کوٹ۔ سہاگہ اور سنبل سب کو تلی کے تیل مین جوش دے۔ جب رنگ بدلجاے تب اُتار کر شیشی مین بھرے چالیس روز تک عضو تناسل پر مالش کرے تو رگین جڑکر کجی دور ہو۔۔ یا میٹھا تیل۔ مالکنگنی۔ چھوہارہ یہ سب ہموزن لیکر گرم کرکے لیپ کرے۔ یا گنگیرن۔ مدار۔ کنیر۔ پیپل۔ کوٹ۔ بیج اور مکھن ملاکر لیپ کرے تو رگین مضبوط ہوجاوین۔ یا عاقرقرحا دو درم۔ سفید کنیر کے پھول آدھا درم۔ جائپھل ایک درم۔ سفید گوند آدھا درم۔ باریک پیس کر مالش کرے یا بھینس کے دودھ مین ملاکر لیپ کرے تو رگین جڑ جاوین اور عضو تناسل مین سختی آجاوے۔

دوا مغلظ و ممسک وغیرہ] کونچ کے بیج اور جڑ کوٹ کر چار ماشہ ہمراہ شیر گاؤ اور مصری ہر روز کھاے تو قوت زیادہ ہو اور تولید منی بہت ہو۔ یا اَرد کا آٹا جو کا آٹا گوکھرو کے بیج۔ ستاور۔ ان سبکو ہموزن لیکر کوٹ چھانکر دودھ مین سانے اور بڑے بناکر گھی مین تلے اور ایک بڑا چھ ماہ تک روزانہ سوتے وقت کھاکر اوپر سے دودھ دو

مصری پیئے تو بڈھا بھی جوان ہوجاوے اور نہایت مغلظ ہے۔ یا ترپھلا دھونی کے پھول برابر لیکر پیسکر ایک رس کی بھاونا دے اور سات دن تک دھوپ مین سکھاوے پھر بوقت شام مصری اور شہد مین ملاکر پیلٹے اور اوپر سے دودھ پیئے چند روز استعمال کرنے سے اسقدر قوت ہوجاوے کہ سو عورتون سے جماع کر سکے اور بھوکھ بڑھے اور بینی گاڑھی ہوجاوے۔ یا کواونچ کی جڑ۔ تل۔ اسگندھ۔ بداری قند۔ سانٹھی کے چاول ان سب کو برابر لے کر باریک پیسکر ایک سیر دودھ مین پکاوے پھر صبح کے وقت پانچ درم کی مقدار کھاوے اور پرہیز کرے تو نہایت قوی ہوجاوے۔ اور لذت حاصل ہو۔ یا بداری قند اور گوکھرو پانچ درم لے پھر پیسکر مصری اور دودھ کے ساتھ پھانکے تو بوڑھا بھی جوان ہوجاوے اور نہایت قوت باہ حاصل ہو اور ہیجان دفع ہو۔ یا جائپھل۔ جاوتری۔ لونگ۔ کیسر۔ اسگندھ۔ تل سیاہ۔ افیون خالص دو دو ماشہ لیکر کھرل کرے اور دو دو ماشہ کی شہد مین گولی باندھے۔ صبح کے وقت سات دن تک کھاوے تو نامرد بھی مرد ہوجاوے۔ یا آرد جو تخم اسگندھ ۵ عدد۔ ستاور۔ تال مکھانہ۔ سیمل کی چھال یہ سب ہموزن لیکر اور پیسکر دودھ کے ساتھ کھاوے تو سو عورتون سے جماع کرنے کی قوت حاصل ہو۔ اور منی گاڑھی ہوجاوے۔ لیکن پرہیز شرط ہے۔ یا جو اور اُرد کا آٹا آٹھ تولہ لیکر حریرہ بناکر دودھ اور مصری کے ساتھ پیئے تو مغلظ منی ہو اور قوت باہ زیادہ ہو۔ یا چھ ماشہ آنولہ کو ایک رس کی بھاونا دیکر سایہ مین خشک کرے بعدہ مصری اور شہد چار روز کے ساتھ کھاوے تو مغلظ منی ہو اور قوت باہ زیادہ ہو۔ یا عاقرقرحا۔ تیج بل۔ جاوتری۔ ناگ کیسر۔ جائپھل۔ لونگ۔ الائچی۔ مسلی۔ موصلی سفید تین تین درم۔ شکر سفید چار درم۔ ناگر پان پچیس عدد لے کر کوٹ چھان کر بڑے بیر کے برابر گولی بناوے صبح ایک گولی کھاوے تو عنین بھی مرد ہوجاوے۔ بنگاسے کا گھی ایک تولہ۔ سپید کنیر کی جڑ کی چھال تیس درم۔ لونگ تین درم۔ مالکنگنی۔ کوٹ۔ اجوائن خراسانی۔ عاقرقرحا۔ سفید گھونگھچی۔ چلا۔ اسپند۔ کنکاتج

---

[1] جن جن مقامات مین اس کی ہدایت کی جاتی ہے کہ پرہیز کرے تو ان سے مقصود ہوتا ہے کہ اشیا ترش اور تیل۔ اور گڑ اور بادی چیزون سے پرہیز کرے۔ ۱۲ مصحح

پیپل۔ جائپھل۔ جاوتری۔ پانچ پانچ درم۔ افیون خالص تین درم۔ کنول کے بیج پندرہ درم موصلی کے بیج پانچدرم۔ گھی مین ملاکر کوٹ رکھے پھر سات دن شیشی مین بھر کر بطریق پاتال جنتر چوا دے اور بقدر چار رتی ہر روز کھائے تو خشک لنگ بھی درست ہوکر قوت مردمی بہت زیادہ ہو اور اشیا ترش سے پرہیز کرے۔

کجی کا علاج] مغز بنولہ اور بکرے کی چربی ملاکر لیپ کرے تو کجی دور ہو اور سختی پیدا ہو یا سہاگہ۔ کوٹ میتھل برابر لیکر کپڑ چھان کرکے دمڑی بھر چمیلی کے پتے کا رس میٹھے تیل مین پکا دے پھر کپڑ چھان کرکے تیل شیشی مین رکھے اور عضو تناسل پر لیپ کرے تو ایک مہینے مین کجی دفع ہو۔ یا سمندر پھل۔ وار ہلدی لیٹھی۔ شہد خالص۔ گدھے کے پیشاب مین پیسکر مالش کرے تو کجی دور ہو۔ اور سختی پیدا ہو۔

امساک کی دوا

جاوتری۔ سفید کنیر کی چھال۔ سمندر سوکھ۔ اجوائن خراسانی۔ افیون خالص جائپھل پیپل۔ چینی کھانڈ۔ یہ سب برابر لیکر کپڑ چھان کرکے گڑ مین گولی باندھے اور بقدر ایکدرم رات کو کھا دے تو ۱۲ گھڑی تک انزال نہ ہو۔ جب دودھ پیے تو انزال ہو۔ ایضاً سفید کنیر کی چھال دو درم۔ سفید کبوتر کی بیٹ دو درم لیکر شہد خالص مین دو درم کی گولی باندھے پھر پوست کے پانی سے گھس کر عضو تناسل پر لیپ کرے تو ۹ گھڑی تک انزال نہ ہو۔ یا تنا لکھا نا۔ موصلی۔ ستاور۔ خراسانی بیج یہ سب پانچ درم۔ بھنگ ۱۵ درم گھی ۴ درم کھانڈ چھتیس تولے اور بھنگ پیسکر بنگلہ پان کی تین پٹ دے بعدہ کھانڈ کی چاشنی مین گولی بقدر دو درم باندھے ایک گولی روزانہ سوتے وقت کھائے تو نہایت مفید ہے۔ ایضاً کیسر ایک درم۔ لونگ دو درم۔ جائپھل تین درم افیون چار درم۔ مشک دو رتی سے سر ہمراہ شہد بقدر ایک درم گولی بنائے اور بوقت شام ایک گولی کھائے تو قوت باہ بہت زیادہ ہو اور جسم کا رنگ روز بروز ترقی پا دے۔ بھوک زیادہ ہو اور قوت کبھی کم نہ ہو۔ ایضاً بھنگ چھ ماشہ۔ افیون خالص چھ ماشہ۔ پوست چھ ماشہ چھوہارہ ایک تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ بیخ موٹھ ایک تولہ۔ دھتورے کے بیج چھ ماشہ

ان سب کو کوٹ پیس کر معجون بنائے پھر ۳ ماشہ روزانہ کھائے امساک بہت ہو۔ یا افیون
ایک ماشہ۔ بھنگ۔ شہد۔ کھانڈ۔ دو دو ماشہ لیکر پیس کر تین ماشہ کی گولی بنا کر کھائے اوپر گھی
کا دودھ پیے تو امساک ہو ایضاً دونون موصلی ایک تولہ۔ تالمکھانہ۔ بیجبند۔ کنیر کی جڑ
کی چھال۔ گولر کی چھال۔ گوندنی کی چھال۔ ریشہ برگد۔ لسوڑہ۔ سیلکھڑی چھ چھ ماشہ لے کر
باریک پیسکر پرانے گڑ مین گولی باندھے اور ایک ماشہ ۲ گھڑی جماع سے پہلے کھائے تو
نہایت ممسک ہے۔ جب سیندھا نمک کھائے تو انزال ہو جائے۔ ایضاً جاپھل
۳ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ لونگ۔ تخم الائچی چھ چھ ماشہ۔ کوٹ چھانکر شہد مین بقدر بیر
گولی باندھے اور ایک گولی روزانہ کھائے تو امساک ہو ایضاً مدار اور دھتورہ کے
پھول چھ چھ ماشہ موصلی سیاہ ایک تولہ۔ اسگندھ دس ماشہ۔ جاپھل چھ ماشہ۔ ان سب کو باریک
پیسکر ہمراہ شہد خالص بقدر بیر۔ گولی باندھے اور ایک گھنٹہ پہلے کھا کر دودھ اور جلیبی
کھائے تو امساک بہت زیادہ ہو یا آونگن کے بیج ایک تولہ۔ مغز کونچ ایک تولہ۔ نشاستہ
ایک تولہ باریک پیسکر چھان کر بوقت شام ۳ ماشہ ہمراہ آب سرد پھانکے تو امساک پیدا ہو۔
ایضاً لونگ۔ افیون خالص۔ بھنگ۔ الائچی خرد۔ جاپھل۔ جاوتری۔ کنول گٹہ۔ ان سب کو
باریک پیس کر پان کے رس مین گولی باندھے بقدر ۲ ماشہ کھاوے تو امساک پیدا ہو اور
جب تک ترش چیز نہ کھاوے انزال نہ ہو۔ یا زمین قند اور تلسی کی جڑان دونون کو چھوٹی
لیکر باریک پیسکر پان کے رس مین گولی باندھے ہمراہ پان کے کھائے نہایت ممسک ہے
یا دارچینی اور کالے تل برابر لیکر باریک پیسکر شہد مین بقدر ۲ ماشہ گولی بنائے اور سوتے
وقت ایک گولی کھائے تو جماع کے بعد بھی ایک پہر تک قوت زائل نہ ہو۔ یا کونچ کی
جڑ ایک انگل بھر لیکر منھ مین رکھکر رس چوسے جب تک یہ منھ مین رہے انزال نہ ہو۔
ایضاً کنیر کی جڑ تین درم۔ افیون خالص ایک درم ادرک کے رس مین پیسکر عضو تناسل پر
لیپ کرے تب بھی امساک نہ ہو جب پان کھائے تو انزال ہو یا کھرنی کے بیج کی مینگی
اور مہوہ کے بیج کی مینگی دونون کو پانی مین پیس کر بتی سی بنا کر سپاری کے بیچ مین رکھے تو
پیشاب رک جاوے یا سفید کنیر کی جڑ اور چھال سائے مین۔ سکھا کر کوٹ چھانکر جاپھل

پانچ درم - تیلیا ڈھائی درم - افیون خالص ایک درم - بچھناگ ایک درم ان سب کو برگدکی جڑ کے رس میں حل کرے اور جھڑبیری کے بیر کے برابر گولی باندھ کر سایہ میں خشک کرے پھر گولی کو پوست کے پانی میں گھس کر عضو تناسل پر لیپ کرے تو اساک بہت ہو - ایضاً جاپھل - بھنگ - ناگ کیسر بموزن لیکر اور مصری ان تین دواؤں کی بارہ گنی لیکر کچلا - سمندر سوکھ کے بیج - اونٹ کٹالی - لونگ بموزن لیکر شہد سے گولی باندھے اور ایک گولی کھائے تو اساک حد درجہ کا ہووے - یا سونٹھی اورک ایک درم تیج جل ایک درم - پھٹکری ایک درم - گڑ تین درم سب ملا کر بقدر دو درم گولی بنائے اس گولی کو بوقت شام کھا کر چار تولہ دہی کا بڑا کھائے تو ۳ گھڑی تک اساک ہو ایضاً کونچ کے بیج - تینگا موڑھ - فلفل سیاہ یہ سب پانچ پانچ درم بکری کے دودھ کے ساتھ عضو تناسل پر لیپ کرے تو بہت اساک ہو - یا چنے آدھے کچے آدھے پکے اور چونہ دونوں کو لیموں کی پھانک میں رکھکر آگ پر رکھے اور دو گھنٹے کے بعد چوسے بعد ہ : کھانا کھائے تو بہت زیادہ اساک ہو اور جب تک کاغذی لیموں کا عرق نہ چوسے انزال نہ ہو - ایضاً بیل گری - سونف اور سفیدہ تینوں کو کوٹ پیس کپڑ چھان کر کھاوے تو اساک ہو - ناگیسر ایک درم - لونگ دو درم - جاپھل ایک درم کستوری ایک درم - ان سب کو باریک پیسکر گولی بنائے اور ایک گولی ۳ گھڑی پہلے جماع سے کھائے تو ۲ گھڑی تک انزال نہ ہو -

مترنکا مدن گٹکا

الائچی - کیسر - بیج قلمی - لونگ - جاپھل - جاوتری - مصطگی رومی - عاقرقرحا - ناگرموتھ - پیپل - افیون خالص - صندل - کستوری - کافور خالص ایک ایک درم لیکر باریک پیس کر شہد میں دو ماشہ کی گولی بنائے - اور شام کو ایک گولی کھائے اوپر سے دودھ پیے تو اساک ہو اور طاقت پیدا ہو اور قوت زائل نہ ہونے - ایضاً کافور خالص ایک ماشہ - افیون خالص - کونچ کے بیج - عاقرقرحا - لونگ گجراتی الائچی - آٹھ آٹھ ماشہ بچھناگ مصفی دو ماشہ - مالکنگنی آٹھ ماشہ شنگرف مصفی

تین تولہ ان سب دواؤن کی ایک سو پان کے رس مین تین تین رتی کی گولی بنا دے اور رات کو کھا کر اوپر سے دودھ پیئے۔ اگر گرمی کرے تو گھی کھائے اور دودھ زیادہ پئے تو امساک بہت ہو اگر انزال نہ ہوتا ہو تو لیمون کاغذی چوسے فوراً انزال ہو۔

بچھناگ کے مدبر کرنے کا طریقہ] بچھناگ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے گائے کے گوتی مین سات دن بھگو کرے مگر گوتی روزانہ نئی ہو۔ اور ساتوین دن گائے کے دودھ مین پکا کر نکال لے اور سایہ مین خشک کرے۔

شنگرف کے مدبر کرنے کا طریقہ] شنگرف کو بھیڑ کے دودھ مین ڈولا جنتر کرکے اوٹائے

نسخہ امساک

جائپھل۔ جاوتری۔ کنکنی بیج۔ ملیٹھی۔ پارہ۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ افیون خالص ہر ایک سوا پانچ پانچ درم۔ ان سب کو باریک کرکے شہد مین بقدر گنجہ گولی باندھے اور سوتے وقت کھائے تو ایک پہر تک انزال نہ ہو۔ جب عرق لیمون چوسے تو فراغت ہو یا لجالو کا بیج ایک تولہ دودھ مین پیسکر پاؤن کے تلوے مین لیپ کرے تو ضرور امساک ہووے جب دھووے تب چھوٹے۔ ایضاً سفید گھونگچی کا تیل نکال کر پیرون کے ناخن مین لگا لے تو خفیف امساک ہووے۔ اور لیمون چوسے یا نمک کھائے تو فراغت ہو۔ یا شنگرف سوا تین ماشہ۔ اجوائن خراسانی سوا تین ماشہ۔ افیون خالص۔ جاوتری تین تین ماشہ۔ عاقرقرحا ایک ماشہ سب کو باریک پیسکر پرانے پان کے رس مین مٹر کے برابر گولی باندھے اور رات کو سوتے وقت کھائے تو امساک ہو جب نمک کھائے تو انزال ہو جائے ایضاً سونٹھ۔ اسبندھ۔ جائپھل۔ جاوتری۔ افیون۔ بھنگ اور اجوائن دو گنی ان ساتون کی گولی مجرب امساک ہے۔ دیگر پیپل۔ کستوری۔ جائپھل۔ صندل۔ ناگربان قلفل سیاہ عاقرقرحا۔ افیون بحصّہ مساوی کی گولیان بنا کر ہر روز ایک گولی ایک سال تک کھانے سے بہت دیر تک امساک ہوتا ہے۔ دیگر کیسر ایک حصّہ۔ لونگ دو حصّہ۔ جائپھل تین حصّہ۔ افیون چار حصّہ۔ کستوری دو رتی۔ سب کو باریک پیس کر شہد مین سان کر دو رتی کی گولیان بنا کر شام کے وقت ایک گولی روز کھا کے جماع کرے

اور جب تک کھٹی چیز نہ کھاوے انزال نہ ہووے۔ دیگر افیون ۴ رتی۔ طبلہ ایک درم کے استعمال سے قوت باہ از حد ہوتی ہے۔ ایضاً ایک کنڈو مین دو درم پیپل بھر کے اور کپروٹی کر کے مدھم آنچ سے پکاوے۔ پک جانے پر دالچینی ہموزن ڈال کر پیسے اور باریک کپڑے مین چھانکر آدھا درم شہد شامل کر کے پھٹکری کے رس مین حل کرے اور آدھے درم وزن کی گولیان بناوے پھر پانی سے منھ دھو کر عضو تناسل پر لیپ کر کے عورت سے جماع کرے تو ہر دو کو از حد لذت حاصل ہوتی ہے۔

معجون مقوی و ممسک

کیسر۔ لونگ۔ جاوتری۔ عاقرقرحا۔ مصطگی رومی ایک ایک تولہ دونون موصلی چار تولہ۔ چھوٹی الائچی دو دو تولہ۔ دارچینی۔ پیپل۔ پتر۔ انیس۔ ایک ایک تولہ۔ ستاور۔ بیخ بدھی دو دو تولہ۔ مدن مرت چار تولہ۔ لال مرچ۔ اجوائن خراسانی۔ کباب چینی ایک ایک تولہ افیون خالص ۲ تولہ۔ پستہ۔ بادام۔ ثعلب مصری۔ ورق نقرہ چار چار تولہ۔ ان سب دواؤن کو کوٹ چھان کر برابر کی شکر کی چاشنی مین ملا کر معجون تیار کرے اور مرتبان مین بھر کر رکھے شام کے وقت چھ ماشہ کھا کر دودھ پیئے نہایت درجہ مقوی ہے و ممسک ہے۔

ایضاً دارچینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ گجراتی الائچی۔ کستوری۔ جنبیھی۔ ملیٹھی کیسر۔ ثعلب مصری۔ ایک ایک تولہ۔ تنکھر۔ گوکھرو آٹھ آٹھ تولہ۔ سنبلوچین۔ ستاور کوانچ ایک ایک تولہ۔ کافور بھیمسینی تین ماشہ۔ روغن بادام ایک تولہ۔ بھنگ کا کاڑھا آدھ سیر۔ گائے کا گھی آدھ سیر۔ دودھ ایک سیر ان سب دواؤن کو باریک پیسکر مصری کی چاشنی مین ملاوے اور تھالی مین معجون جما کر ڈلیان کاٹ لے اور شام کے وقت ایک ڈلی کھائے تو امساک بہت زیادہ ہو اور گرمی کم ہو ایضاً کستوری۔ جاوتری کبابچینی۔ کونچ کے بیج۔ سونٹھی۔ ناگر موتھ۔ بچھیند۔ گوکھرو۔ مرچ سرخ۔ کیسر۔ ناگ کیسر۔ الائچی۔ چوب چینی۔ گاجر کے بیج۔ مالکنگنی۔ مدن مرت۔ سمندر سوکھ۔ بیخ بنفشہ کھروا۔ لونگ جوز۔ دارچینی۔ تخم اٹنگن۔ مصطگی رومی۔ موچرس۔ موصلی سیاہ۔ پیپلا مول۔ اندر جو۔ ستاور۔ عاقرقرحا۔ ایک ایک تولہ۔ گرگٹ سہ سالہ آٹھ تولہ۔ ان سب دواؤن کو

کوٹ چھان کر جائپھل کے برابر گڑ میں گولی باندھے۔ اور سوتے وقت ایک گولی کھا کر دودھ پیے اگر دودھ نہ ملے تو شکر کے ساتھ گولی کھائے تو امساک زیادہ ہو۔ فائدہ۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ لڑکپن میں زیادہ مرچ اور کھٹائی کھانے یا دھوپ میں رہنے اور زیادہ محنت کرنے سے جریان کی شکایت ہوجاتی ہے ایسے اشخاص کو کسی قسم کا حظ نہیں ہو سکتا اور نہ اولاد قوی پیدا ہو سکتی ہے اسواسطے اس مرض کے ازالہ کی طرف خاص طور سے توجہ کی جائے اور ایسی دوائیں جو مغلظ ومنی ہوں اُن کا استعمال کرایا جائے۔

مدن مودک گٹکا

اسگندھ ناگوری۔ کوٹ۔ گیرو۔ چھڑیلہ۔ اجمود۔ ترپھلا۔ سونٹھ ملتانی۔ بداری قند۔ دھنیا۔ ناگر موتھا۔ موچرس۔ گج پیپل۔ موسلہ سینبھل۔ کچور۔ دونوں موصلی۔ پیپل۔ دونوں کٹائی پترج۔ سونٹھ گیہوں کا نشاستہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ جٹا ماسنی۔ بھانگی۔ کرنج کی مینگی۔ بلیٹھی۔ کنول گٹہ۔ سنگھاڑا۔ بکائن۔ کاکڑاسینگی۔ ناگ کیسر۔ پشکرمول۔ ستاور۔ طالیس۔ لونگ۔ جائپھل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ سپاری۔ اگر۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ چنپا کافور۔ بھانگرا۔ نرگندی۔ چوک۔ یہ سب دوائیں ہموزن لیکر کپڑچھان کرے پھر پانچ سیر گائے کا دودھ پکاوے جب دو سیر رہجاوے اُتار کر اوپر لکھی دوائیں ملاوے۔ پھر لونگ۔ چرونجی۔ مغز ناریل۔ چھوہارا۔ بادام۔ اسگندھ ناگوری۔ دونوں الائچی دراکھ ہموزن لیکر کھنگ آدھ سیر میں پوٹلی باندھ کر دودھ میں ڈالکر اوٹاوے۔ پھر سب دواؤں کو ملا کر دو دو تولہ کی گولی باندھے اور ایک گولی روزانہ علی الصباح کھائے تو نہایت فائدہ مند ہے بھوکھ بہت زیادہ بڑھے۔

پچلاد گٹکا

پچلا ایک تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ عاقرقرحا۔ جائپھل۔ لونگ۔ جاوتری مصطگی رومی ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ کوٹ چھان کر بنگلہ پان کے دوسیر رس میں چار پہر کھرل کرے۔ بعدہ تین تین ماشہ کی گولی بنائے اور ایک گولی پان کے ساتھ کھائے تو کمزوری دور ہو اور بھوکھ بڑھے ایضاً تخم سینبھل آدھ سیر۔ پانچ سیر دودھ میں اوٹاوے بعدہ

سکھا کر جاوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ دارچینی۔ دو دو تولہ۔ دونوں موصلی پاؤ بھر۔ نرگنڈی سنڈی۔ بھارنگی۔ بھانگرا۔ دو دو تولہ ان سب کو کوٹ چھان کر دو دو تولہ کی گولی بنائے ایک گولی سوتے وقت اور ایک گولی علی الصباح آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھائے تو نہایت مقوی ہے۔

معجون مغلظ و مبہی

جائپھل۔ جاوتری۔ لونگ۔ رومی مصطگی۔ چینیا کافور۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ بیج قلمی پترج۔ اگر تگر۔ بنسلوچن۔ صندل خس۔ کچور۔ اسگندھ ناگوری۔ پیپل۔ سونٹھ فلفل سیاہ تل۔ تخم کونچ۔ ثعلب مصری۔ الائچی۔ مغز بادام شیریں۔ اخروٹ۔ چھوہارا مغز بنولہ۔ تخم مولی۔ تالمکھانہ۔ بہمن۔ گوکھرو۔ دونوں موصلی۔ اندرجو لیٹی ناگ کیسر سگندھ بالا۔ موچرس۔ بداری قند۔ کلیجن۔ دونوں زیرے۔ بیج کانس کنول گٹہ کشنیز خشک۔ سلاجیت ایک ایک تولہ۔ روہو مچھلی کا تیل ایک تولہ۔ لوبان کا تیل ایک تولہ۔ مغز ناریل سات تولہ۔ گائے کا گھی ایک سیر۔ چینی کھانڈ دو سیر۔ سب دوائیں کوٹ چھان کر گھی میں بھونے پھر کھانڈ ملا کر آٹھ تولہ کے برابر گولی بنائے ایک گولی صبح ایک شام کو کھائے تو نہایت درجہ طاقت ہو۔ ایضاً اسگندھ ناگوری ۱۲ درم کوٹ چھان کر آٹھ درم گھی میں بھونے پھر نکال کر پانچ سیر دودھ میں اوٹاوے بعدہٗ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ تج۔ پترج۔ پیپل۔ الائچی۔ سنگھاڑا بیج کیلہ۔ سکاکڑا سینگی۔ دونوں صندل۔ پتنگ۔ سلاجیت۔ جائپھل۔ ناگ کیسر۔ ناگرموتھ۔ کچور۔ جاوتری۔ بنسلوچن۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ چینیا کافور۔ سگندھ بالا ابرک۔ مصطگی رومی۔ سار۔ کونچ کے بیج۔ تالمکھانہ۔ بہمن۔ کنول گٹہ۔ طباشیر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ نرگنڈی۔ بھانگرا۔ ایک ایک تولہ۔ کھانڈ سو سیر۔ ان دونوں کو کوٹ چھان کر اسی دودھ میں ملاوے۔ بعدہٗ کھانڈ کا قوام کرکے دو تولہ کی گولی بناوے اور صبح کے وقت ایک گولی کھائے تو جریان کو نہایت فائدہ ہو اور قوت بخشے۔ ایضاً چوب چینی ملتانی۔ سونٹھ۔ مرچ۔ موچرس۔ باسے بڑنگ۔ سونف۔

ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر ایک سیر گائے کے دودھ میں جوش دے جب آدھا رہجا دے
تو سب دوائیں اور آدھ سیر شہد ملاکر۔ دو تولہ کی گولی باندھے اور ایک گولی صبح کو کھائے
الیضًا اسگندھ ناگوری۔ بیربہوٹی۔ نرگنڈی ایک ایک تولہ کھانڈ پاؤ بھر لیکر بکری کے دودھ
کے ساتھ سات دن کھائے۔ یا مسلو چین سے کے سار کی گاد۔ کھانڈ یہ تینوں برابر لیکر کھائے
تو بہت مفید ہے۔ الیضًا موچرس۔ مرچ سیاہ۔ دونوں موصلی لیٹھی۔ دونوں زیرے۔ اسگندھ ناگوری
مصطگی رومی۔ تنکھا ہولی۔ الائچی۔ نرگنڈی۔ گلو۔ دال ماش پیپل بھارنگی لونگ ستاور سونٹھ
منڈی۔ بھانگرا۔ دارچینی۔ تج۔ چرونجی۔ داکھ۔ چھوہارا۔ تجبند۔ تالمکھانا۔ بداری قند۔ ترپھلا
ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر بعدہ ساڑھے پانچ سیر گائے کے دودھ کو جوش دیکر کھووا
کرے جب دو سیر رہ جائے تو دوائیں ملاکر پاؤ بھر گھی اور پاؤ بھر شہد ملا دے پھر آدھ تولہ
کے برابر گولی باندھے اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھائے تو قوت باہ بہت
زیادہ ہو اور بھوک بڑھے الیضًا آدھا سیر بداری قند میں تلسی کے رس کے تین پٹ دے
پھر سایہ میں خشک کرکے پانچ سیر گئو کے دودھ میں اوٹا وے جب دو سیر باقی رہے تب
اُتار کر بداری قند اور آدھ سیر کھانڈ ملاکر سات حصے کرکے سات دن کھائے تو بہت فائدہ
بخشے الیضًا کستوری۔ کیسر۔ جاوتری۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ لونگ۔ اسگندھ۔ تخم مولی۔ مصطگی رومی
فلفل سیاہ۔ بیج قلمی۔ تیرج۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ پیپل۔ ثعلب مصری۔ بیج بند۔ گوکھرو
اجمود۔ مال کنگنی۔ سمندر پھین۔ سمندر سوکھ۔ گلو۔ چیتے کی چھال۔ تخم اُٹنگن۔ تخم کونچ۔ اندر جو
اسبند۔ پیپلا مول۔ کنول گٹہ ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر ایک سیر کھانڈ ملاکر ایک ایک تولہ
پھر دونوں وقت کھائے تو جریان کو نہایت مفید ہے۔ یا چوب چینی موچرس ہاسے برگ
سونف۔ بیج پیپل۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم۔ بیج بل۔ اندر جو۔ ناگ کیسر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید
موسلی۔ سیمبل۔ تخم لہسوڑہ۔ ثعلب مصری۔ بیج اونٹ کٹارا۔ تالمکھانا۔ دارچینی۔ ستاور
گوکھرو خورد وکلاں۔ بھارنگی۔ بھانگرا۔ چرونجی۔ کنول گٹہ۔ تخم کونچ ایک ایک تولہ کوٹ چھانکر
پانچ سیر گائے کے دودھ کو جوش دے جب سیر بھر رہ جائے۔ یہ دوائیں ملا دے۔ پھر
سیر بھر کھانڈ ملاکر دو تولہ کی گولی بناکر کھائے تو جریان کو مفید ہے اور قوت بڑھے۔ یا

دونون گوکھرو۔ تخم کونچ۔ بہیدانہ۔ ستاور۔ بداری قند۔ تالمکھانہ۔ اسگندناگوری۔ بیخ اٹرو سہ۔
تخم اٹنگن۔ گلو۔ صندل سرخ۔ تج۔ تیرج۔ الائچی۔ پیپل۔ ترپھلا۔ ناگ کیسر۔ موصلی۔ سنبھل۔
بیخ اونٹ کٹارا۔ بیج گڑا۔ بیخ اودکھ ایک ایک تولہ کوٹ چھانکر رکھے۔ بعدہ پانچ سیر گائے
کے دودھ کو اوٹا وے۔ جب ایک سیر باقی رہے اس مین تین سیر کھانڈ اور سب دوائین ملاکر
دودو تولہ کی گولی بنا وے اور ایک ایک گولی صبح و شام کھائے نہایت مجرب ہے۔
ایضاً موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ رتن جوت۔ اجمود۔ سنبھل کا میدہ۔ ستاور۔ موچرس۔ سمندر سوکھ
تالمکھانہ۔ بہیدانہ۔ گل پستہ۔ دھنیا چھلا ہوا۔ دکھنی گوکھرو۔ مصطگی رومی۔ نیلوفر۔ ثعلب مصری
شقاقل ایک ایک تولہ۔ تخم اوٹنگن دو ماشہ۔ مغز چرچرہ۔ گل دھاوا ایک ایک تولہ
جاپھل۔ الائچی۔ دارچینی۔ اسپغول۔ چینی تین تین ماشہ۔ سیل کھری۔ چونیا گوند۔ ببول کا
گوند چھ چھ ماشہ۔ پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز ناریل۔ مغز بادام۔ مغز تربز۔ چرونجی ایک ایک تولہ
ان سب دواؤن کو کوٹ چھان کر شہد مین معجون بناکر تولہ تولہ بھر کی گولی باندھ کر
کھائے تو جریان اور ضعف باہ کو بہت مفید ہے۔ ایضاً تاکیشور دو ماشہ۔ بنگ تین ماشہ
دودھی سات ماشہ۔ تل۔ کوٹ۔ تخم پنواڑ۔ بیج بند۔ گوکھرو نو نو ماشہ۔ سونٹھ آٹھ ماشہ
فلفل سیاہ نو ماشہ۔ قند سیاہ پانچ تولہ سب دواؤن کو باریک پیس کر گڑ مین گولی
باندھے۔ اور ایک گولی روزانہ کھائے اور کھٹے میٹھے سے پرہیز کرے تو جریان کو
فائدہ بخشے۔ ایضاً اجوائن خراسانی۔ چینیا کافور۔ جاپھل۔ لونگ۔ بہیدانہ۔ عاقرقرحا۔
تنگرف۔ مازو پھل۔ پھٹکری۔ سہاگہ۔ ہموزن لے کر کوٹے لیکن کافور بعد مین
ڈالے پھر لیمون کے رس مین جھربیری کے بیر کے برابر گولی بنائے اور ایک گولی
صبح کو کھائے تو جریان کی شکایت دفع ہو اور گھی گیہون چنے اور کھائے کھٹائی
اور بادی چیزون سے پرہیز کرے۔ یا بادام۔ کیسر۔ مازو۔ جھوٹی۔ جاوتری۔ شہد میٹھے تیل
مین پیس اور پستہ کے پھول اور گڑ مین جھربیری کے برابر گولی باندھے۔ پھر ایک گولی
بوقت صبح کھائے اور گرم چیزون اور کھٹائی سے پرہیز کرے تو جریان جاتا رہے۔ ایضاً
ہندگوند۔ گلو۔ ہموزن باریک پیسکر گائے کے گھی اور دودھ کے ساتھ کھائے۔ گیہون

اور چنے کی روٹی بغیر نمک کھائے تو جریان دفع ہو۔ یا ببول کی پھلی۔ دودھی۔ جڑ بیری کی جڑ کی چھال۔ ہموزن لے کر اور چینی ملا کر سفوف تیار کرے اور دو تولہ ہمراہ دودھ خالص صبح روزانہ کھائے تو جریان جاتا رہے۔ یا تالمکھانہ۔ گوکھرو۔ سمندر سوکھ۔ سپاری کا پھول۔ افیون۔ پارہ۔ ببول کا گوند۔ سینبھل کی چھال۔ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ بیجبند۔ کنول گٹہ دو دو درم۔ آرد سنگھاڑہ ۲۱ تولہ۔ چینی ۲۶ تولہ ملا کر ایک تولہ روزانہ کھائے تو جریان دفع ہو۔ لیکن پرہیز شرط ہے۔ یا تالمکھانہ۔ گوکھرو۔ سلاجیت۔ ایک ایک تولہ۔ ان سب دواؤن کو باریک پیس کر تین تولہ چینی ملائے اور سات دن تک چھ چھ ماشہ ہر روز کھائے اور پرہیز کرے تو جریان جاتا رہے۔ یا تالمکھانہ بیج۔ چینی گوند۔ پانچ پانچ تولہ اور ان سب دواؤن سے دوچند شہد ملا کر دو تولہ ہر روز دودھ کے ساتھ نگل جائے اور ۲۵ روز تک استعمال کرے اور دودھ چھ تولہ سے شروع کرے اور ایک سیر تک روزانہ بڑھاتا جائے تو جریان دفع ہو۔

باب تئیسوان

قوت کی دواؤن کے بیان مین

بڑھاپے کے مفید کشتہ جات جیسے سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ پیتل۔ سیسہ۔ رانگا۔ لوہا وغیرہ کے کشتہ بنانے کی ترکیب درج ذیل ہین۔

مرگانک بنانے کی ترکیب

سونے کا پتلا ورق کرا کر گرم کر تیل اور کانجی اور مٹھے اور ترپھلے اور گائے کے پیشاب اور کلتھی کے کاڑھے مین دو دو بار بجھا دے پھر سونے سے دونا پارہ لیکر اور سونے کے اوراق کھٹائی کے ساتھ کھرل کرے پھر اس کا گولہ بنا کر ان دونون کے برابر آنولہ سار گندھک لے کر نیچے اوپر دے اور سکورے مین رکھکر ڈھکنے اوپر کپڑمٹی دے اور گج پٹ مین پھونک دے اور اسی طرح اُس مین تین پٹین دے تو عمدہ مرگانک ہو

یا سونے کا عمدہ ورق لے کر اس مین اسکا سولھوان حصہ سیسہ ڈال کر ان دونون کو کھٹائی سے کھرل کرے پھر اس کے نیچے اوپر گندھک مصفّا ان کے برابر دے اور سکورے مین رکھکر اس کو کپڑ مٹی کر کے گجپٹ مین پھونکدے اس طرح سات پٹین دے تو مرگانک عمدہ بنے۔ یا سونے کا ورق منگاکر اس کے برابر کھٹائی سے کھرل مین پارہ چڑھا دے پھر اس مین کچنار کے رس کی ایک پٹ دے پھر اس مین اگن چھال کے رس کی تین پٹین دے کر پھر کرہاری کی جڑ کے رس کی ایک پٹ دے کر اس مین سونے کے ورق سے چوتھا حصہ موتی ڈال کر کھرل کرے پھر اس مین سب کے برابر صاف کی ہوئی گندھک ڈال کر دو روز کھرل کرے اس کا گولہ بنا کر سکورے مین رکھکر کپڑ مٹی کر گجپٹ مین پھونک دے جب ٹھنڈا ہو تو عمدہ مرگانک ہو۔ یا رانگہ ایک تولہ سیسہ ایک تولہ لے کر ایک نئے سکورے مین چولھے پر چڑھا کر نیچے ببول کی لکڑی جلائے جب یہ دونون پگھل جائین تو کھپرے کی سوکھی جڑ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈالتا جائے اور کرچھی سے چلاتا جائے جب راکھ ہو جائے تو ٹھنڈا کر کے رکھ چھوڑے اور ایک رتی ہمراہ پان کھائے تو جریان کو بہت فائدہ بخشے۔

مرگانک کے کھانے کا طریقہ

ایک رتی مرگانک لے کر اس مین ڈھائی درم شہد اور ایک پیپل ملاکر کھائے تو کھانسی۔ دمہ ہچکی۔ تپ وغیرہ سب بیماریون کو دور کرے دو مہینے تک کھاوے تو بدن مین تازگی لاوے پرہیز سے رہے اور کھٹائی وغیرہ نہ کھاوے۔

روپ رس یعنی چاندی کے کشتے بنانے کا طریقہ

ورق نقرہ تین حصہ۔ ہرتال کا ورق ایک حصہ پھر دونون کو کھٹائی سے کھرل کرے پھر ان کا گولہ بنا کر اور سکورے کے سمپٹ مین رکھکر گجپٹ مین پھونک دے اسطرح چودہ پٹین دے تو روپ رس بہت عمدہ بنے اور ایک رتی ہر روز کھاوے تو بہت فائدہ کرے۔ یا چاندی کے ورقون کے نیچے اوپر رودبا لکھی برابر کر کے رکھے اور سردی کے سمپٹ مین پھونکدے تو روپ رس عمدہ ہو ایک رتی ایک ماہ تک کھاوے تو بہت

فائدہ کرے۔ یا چاندی دو تولہ اور جست چھ ماشہ نیلا تھوتھہ ایک پہر صاف کرکے اور ایک
پہر لیمون کے رس مین اور ایک پہر گائے کے مٹھے مین صاف کرے اور ایک پہر خرگوش کے
پیشاب مین پھر تانبے کے برتن مین رکھکر پھونکدے تو کشتہ عمدہ بنے اور ایک رتی آملے کے مربے
کے ساتھ کھائے تو بہت فائدہ بخشے یا کھجور کا رس دس سیر چونہ دو سیر ایک سنکھ ٹکا
کر تینون کو ملا کر چار پہر کپڑ چھان کرے بعدہٗ سنکھ کے اندر دو پیسہ بھر صاف کی ہوئی چاندی
رکھے پھر سنکھ پر تین کپڑ مٹی کرکے اُسے ایک مٹکے کے اندر چونہ ڈال کر بیچ مین لٹکا دے
اور مٹکے کے پیٹ مین چھید کرکے ایک نلی لگا دے پھر اُسکا مُنھ بند کرکے کپڑ مٹی کرے اور
نلی کے رستے سے مٹکے کے اندر کھجور کا رس ڈالے اور نلی کا مُنھ بند کرکے گڑھا کھود کر گھوڑے
کی لید مین آٹھ دن دفن کرے تو چاندی کا کشتہ عمدہ بن جاوے۔ اور بقدر ایک چاول
پان مین روزانہ صبح کھائے اور دودھ گھی کا زیادہ استعمال کرے تو بھوک زیادہ بڑھے اور
قوت جسمانی بڑھے۔ یا ایک گوہ مارکر اُس مین جسقدر رانگا سما وے بھر کر مُنھ اور دُم کا کھر
دونون طرف سی دے پھر سیتا پھل (کدو) منگا کر اور سات کپڑ مٹی کرکے سُکھا دے۔ جب
سوکھ جاوے تو اُس مین گوہ بھر دے اور اُس کے مُنھ پر تین کپڑ مٹی کرکے گجپٹ مین
کنڈے کی آنچ سے پھونکدے جب ٹھنڈا ہو تب نکالے تو کشتہ بن جائے۔ یہ ایک
رتی تولہ بھر رانگ کو بیدھے اور پچاس سال کی عمر مین کھائے تو بہت فائدہ کرے۔ یا
رانگ چھ تولہ لے کر ڈھاک کی لکڑی مین ٹانکی دے ایسا چھید کرے کہ جس مین ایک
سیر رانگ سما جائے پھر اُس مین نمک بچھا دے اور اُس پر نمک چھلکی بچھا کر رانگ رکھے
پھر نمک بچھا کر اور پھر موسا کرکے اُس لکڑی مین چارون طرف کنڈا بھر کر آگ دے
جب ٹھنڈا ہو تو نکالے عمدہ کشتہ تیار ہوگا اور یہ ایک رتی تولہ بھر رانگ کو بیدھے
اور نہایت طاقت بخشے۔ یا گندھک ایک تولہ۔ شورہ ایک تولہ گوبھی کا رس ۲۴ تولہ
بھر۔ پیالی لگا کر آٹھ آٹھ تولہ گوبھی کا رس ڈالے بعدہ شورہ اور گندھک لیکر گوبھی
کے رس مین دو پہر کھرل کرے اور پیالے مین ڈال کر چولھے پر چڑھا دے اور نیچے
سے چلا وے جب رس جلجا وے تو دوسرا اور تیسرا پیالہ چڑھا وے اور اوپر سے رس

ڈالتا جائے جب گچھل جائے تو کشتہ تیار ہو جائے۔ یہ ایک رتی تولہ بھر رانگے کو بیدھے اور بہت فائدہ کرے۔ یا پارہ اور چاندی کا تاؤ برابر لے پھر ان کو تیل مٹھی گھوتر کانجی اور کلتھی کے کاڑھے میں صاف کرکے ترپھلے کے کاڑھے سے صاف کرے پھر ان کو کھرل میں جب تک مانند نچنی کے نہ ہو جائے تب تک گھوٹے پھر گندھک اور ہڑتال برابر لیکر اُس میں ملائے اور لیمون کے رس سے گھوٹے بعدہ سکورے میں بھر کے کپڑ ونی کرکے آنچ دے تو کشتہ چاندی کا تیار ہو یہ نہایت فائدہ کرتا ہے۔

تامیشر یعنی تانبے کے کشتہ بنانے کی ترکیب

عمدہ تانبے کا کھرا ورق بنواکر تیل مٹھے اور ترپھلے کے رس میں سات مرتبہ صاف کرکے پھر ان پتروں کے برابر رو پا ماکھی باریک پیسکر اوپر اور نیچے کردے اور سر دے میں سمپٹ کر گجپٹ میں پھونک دے تو عمدہ تامیشر بنے اور ایک رتی ہر روز مہینے بھر تک کھاوے تو دمہ۔ کھانسی وغیرہ سب بیماریاں دور ہوں اور بہت فائدہ کرے۔ یا تانبا ۹ تولے اور پتر کراکر پہلے گائے کے پیشاب میں سات مرتبہ پھر مٹھے میں سات مرتبہ بجھاوے پھر املی کے پھول منگاکر ایک ہانڈی میں بھرے اور بیچ میں تانبے کا پتر رکھے اور پانی ڈال کر بارہ پہر کی آنچ دے پھر پتر مذکور کو ریت کر کڑھائی میں ڈال کر لیمون کے رس میں کھرل کرے پھر پانچ تولہ پارہ منگاکر کاغذی لیمون کے رس میں دو پہر کھرل کرکے تانبے میں چڑھاوے اور سات تولہ گندھک منگاکر لیمون کے رس میں کھرل کرکے گولی بناوے اور گولی کے اندر تانبا رکھ کر اُس کے اوپر لیمون کے رس سے سات مرتبہ بجھا کر خوب گھوٹے پھر ٹنکا منگاکر سات کپڑ ونی کرکے سکھالے۔ پھر اس میں آٹھ تولہ ابھرک سلیہ میں سکھار کھے اور پھر موند کرکے بھٹی پر چڑھاوے اور ۲۴ پہر آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جائے تب اُتارے اور ایک رتی کھائے تو ۵ سیر سے بہت زیادہ بھوک معلوم ہو اور سردی اور ہوا دور ہو کر نامرد مرد ہو جائے۔ دمہ۔ کھانسی۔ بادصفرا دور ہو۔ یا تانبہ پانچ تولہ لے کر پتر کرادے پھر اُن کو تپا کر سرسوں کے تیل چکنی کے رس میں ٹھیکوا رکھے رس اور آک یعنی مدار کے دودھ میں سات سات مرتبہ بجھاوے بعدہٗ املی کے پھولوں میں بارہ

پھرا و ! دے پھر کھٹائی کی ہانڈھی میں بند کر تین دن تک آنچ دے چوتھے دن پر توا کر اور
ڈیڑھ تولہ پارہ ملا کر کڑاہی میں ڈالکر لیموں کے رس میں کھرل کرکے پارہ چڑھا دے پھر
اُس میں سے ایک تولہ گندھک ڈالکر لیموں کے رس میں گولی بنا دے پھر کمہار سے
کٹورے کے مانند سمپٹ بنوا دے اور اُس میں چولائی کی جڑ پیسکر سمپٹ کے اندر
بچھا دے اور اس پر گداپورنیا کی جڑ پیس کر گولی سے اوپر لپیٹے پھر چولائی کی جڑ پیس کر
سمپٹ کے بھیتر بچھا دے اور اُسپر گندھک ڈال کر گولی کو اُسکے اندر رکھے اور سمپٹ کو
بند کرکے سات کپڑ مٹی کرے اور مٹی ہانڈی میں رکھکر ہانڈی پر سات کپڑ مٹی کرے اور پیندے
میں چھید کرکے پھر اُس میں بالو بھر کر اُس بالو کے اندر تانبے کے گولے کو رکھکر ہانڈی کے
مُنھ کو بند کرکے پھر مونہا کرے اور اُسپر بھی سات کپڑ مٹی کرے پھر بھٹی پر چڑھا کر چونسٹھ
تک کنڈی آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جائے تب اُتارے تو کشتہ تیار ہو جائے پھر عاقرقرحا۔
لونگ کتھی ملا کر بنگلا پان کے رس میں ایسی گولی باندھے جس میں ہر گولی پر دو رتی تانبا آوے
ایک گولی کھائے تو کھانسی۔ بلغم۔ دمہ اور جریان دور ہو کر قوت باہ زائد ہو اور آنکھوں کی
روشنی بڑھے اور فائدہ بخشے۔ یا ایک سیر تانبے کے پتر بنوا کر گائے کے پیشاب اور مٹھے اور
تیل میں تین مرتبہ بجھائے پھر پارہ پاؤ بھر گندھک پاؤ بھر ان دونوں کو گھیکوار کے رس میں
ایک روز کھرل کرکے تانبے کے پتروں پر لیپ کرے پھر سکھا کر دوسرے بار لیپ کرے
اور ہانڈی میں رکھے اور مٹی کی چپنی رکھکر منھ بند کرکے ہانڈی کو چولھے پر چڑھا کر آٹھ پہر
آنچ دے جب لال ہو جائے تب نکال لے تو کشتہ تیار ہوا اور ایک رتی ہمراہ پان روزانہ
کھائے تو سب عارضے دور ہوں اور فائدہ کرے یا تانبے کا پتر کرائے پھر پارہ اور
گندھک برابر (ہموزن لے کر) لیموں کے رس میں کھرل کرکے تانبے کے پتروں پر
لیپ کرے پھر سمپٹ میں رکھکر سات کپڑ مٹی کرکے بکرے کی مینگنی کی آنچ میں سات
مرتبہ گج پٹ دے جب ٹھنڈا ہو جائے نکال لے کشتہ تیار ہو جائیگا۔ ایک رتی
پان کے ساتھ کھائے تو سب عارضے دور ہوں یا تانبیسر تین رتی۔ سونٹھ۔ تیز پات۔ خراسانی زنجبیل
ناگ کیسر۔ لونگ۔ جائپھل۔ جاوتری ترکٹا۔ عاقرقرحا۔ مجیٹھ۔ یہ دوائیں چار چار ماشہ لے کر

گھیکوار کے رس یا شہد اور مصری میں گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھائے تو جریان
کو بہت مفید ہے اور دمہ۔ کھانسی۔ جریان اور بادی بھی۔ قبض۔ رکت پت۔ جلن
اور سب عارضوں کو بہت مفید ہے۔ یا تانبا ایک تولہ نیٹیا گندھک ایک تولہ لیکر
ڈبیا میں رکھکر کپڑ وٹی کر کے ارنے کنڈے کی آنچ دے۔ جب ٹھنڈا ہو جاوے تب
نکال کر پتھر سنگا اور مولی کا رس چھ چھ ماشہ ڈال کر کھرل کرے پھر آنچ دے تو کشتہ
تیار ہو اور یہ سب دوائیں بتنگ میں ڈال کر کھرل کر کے پھونک دے تو بنگ کشتہ تیار ہو
یا چار تولہ بھر تانبے کے کٹورے بنوا کر گرم کر کے ایک سو ایک مرتبہ لیموں کے رس میں بجھاوے
بعدہ دو سیر کالے دھتورہ کی پتیوں کی دو روٹی بنا دے اُن میں سے ایک ہانڈی کے
پیندے میں بچھا کر اور اُسپر چار پیسہ بھر گندھک آملہ سار پیسکر رکھے اُس پر دہ روٹی
اوندھا دے پھر دوسری روٹی کٹوری پر رکھکر دونوں کا منھ بند کر دے پھر ہانڈی
کا منھ بند کر کے بارہ پہر کی آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جاوے تب نکال لے تو کشتہ
تیار ہو اور سرسوں کے برابر پان میں اکیس روز کھاوے تو بخار رجاوے اور جسم میں رونق
آوے یا تانبا ایک تولہ۔ رانگ چھ ماشہ۔ نمک پھٹکری ۳ ماشہ۔ ان سب کو گھریا میں رکھکر
پھونک دے تو تانبا بھسم ہو جاوے۔ پھر اُس میں پسی ہوئی پتھر سنگا کی جڑ پھٹکری
اور پارہ۔ گندھک گھریا میں رکھکر پھونک دے تو کشتہ تیار ہو۔ یا پارہ اور گندھک
کو لیموں کے عرق میں کھرل کرے اور تانبے کے ورق پر لپیٹے۔ اور سکورے
میں رکھکر کپڑ وٹی کر کے تین مرتبہ آنچ دے تو کشتہ تیار ہو۔ یا چیلے دھوتر یا گزی
کی چادر لپیٹ کر چنے کے کھیت میں کئی روز تک سویرے پھیرے جب اُس میں
چنے کی لونی لگ جاوے تب اُس لونی کو جھاڑ کے بعدہٗ سات ٹھیکر یا منگا کر اُس
میں لونی بھر کر بیچ میں ایک ایک پیسہ رکھے پھر اُن کے منھ سکورہ سے بند کر کے
کپڑ وٹی کر کے سکھا دے اور گڑھا کھود کر اور کنڈے بھر کر وہ ٹھیکر یا یعنی گھریا رکھکر
پھونک دے جب آگ ٹھنڈی پڑ جاوے تو یہ ایک تولہ پھر رانگے کو بیدھے۔ یہ نسخہ
سدا شیو سے منقول ہے۔

ناگیسر یعنی سیسے کے کشتے کی ترکیب

سیسے کو گلا کر تیل میں مٹھے میں گائے کے پیشاب میں کانجی میں ترپھلے کے پانی میں آک کے دودھ میں سات سات بار بجھا دے پھر کڑاہی میں رکھ کر چولھے پر چڑھا کر نیچے آگ جلاوے پھر سیسے کے اوپر پیپل کی چھال کا اور املی کی چھال کا چورن سیسے سے چوتھائی لے اور اس سیسے کے اوپر تھوڑا تھوڑا ڈالتا جائے اور لوہے کی کرچھلی کے پیندے سے اُسے ایک دن برابر رگڑتا جاوے پھر اس طریق سے اُسے گجپٹ میں پھونکدے۔ اسی طرح جھیری کے رس کی دس پٹین دے پھر پان کے رس کی دس پٹین دے پھر سیسے کے برابر مینسل لے کر کانجی سے کھرل کرے پھر ٹکلی باندھکر سکورے میں رکھکر گجپٹ میں پھونکدے اور جب ٹھنڈا ہو جاوے تو نکالے اسی طرح سات پٹین دے تو ناگیسر عمدہ بنے اور بہت فائدہ کرے اور سب بیماریوں کو دور کرے اور ایک رتی یا دو رتی کھاوے۔

دوسری ترکیب] سیسے کو صاف کرکے کڑاہی میں چڑھاوے اور نیچے آگ جلاکر کیوڑے کے گھوٹے سے ایک روز برابر رگڑتا جاوے جب راکھ سُرخ ہو ایک رتی کھاوے اور اکیس روز تک استعمال کرے تو بہت فائدہ پہونچاوے۔ یا سیسہ پانچ پیسہ بھر مینسل ایک پیسہ بھر چھاچھیا گندھک ایک پیسہ بھر لے کر سیسہ پانچ پتر کرا لے بعدہٗ دو سکورے منگا کر دونوں دوائیں باریک پیس کر اُن میں بچھا دے اور پرت دے کر سیسے کے پتر رکھے اور اوپر سے اور دوا ڈالے پھر اس کو بند کرکے سات کپڑ مٹی کرے اور اُس کپڑ مٹی کو ایک انگیٹھی میں رکھ کر ارنے کنڈوں سے گجپٹ میں پھونکدے جب ٹھنڈا ہو نکالے کشتہ تیار ہو۔ ایک رتی کھائے تو بھوکھ زیادہ لگے اور دھات بہت بڑھے۔

بنگیشر یعنی رانگے کا کشتہ بنانے کی ترکیب

رانگے کو گلا کر تیل میں مٹھے میں گائے کے پیشاب میں کانجی میں ترپھلے کے پانی میں سات سات مرتبہ بجھا دے پھر آک کے دودھ میں سات مرتبہ بجھا دے پھر کڑاہی میں رکھکر

چولھے پر چڑھا کر رانگے سے چوتھائی پیپل کی چھال اور چوتھائی املی کی چھال باریک پیس کر رانگے کے اوپر ڈالتا جاوے اور کڑاہی کے پیندے سے دو پہر تک رگڑتا جاوے تب وہ رانگا راکھ ہو جاوے پھر رانگے کے برابر ہرتال اور کھٹائی سے کھرل کرے اور گجپٹ میں پھونکدے اسی طرح دس پٹین دے تب بنگیشر عمدہ ہو جاوے ایک رتی ہر روز کھاوے تو بہت فائدہ کرے بار انگا یعنی بنگ پاؤ تار اور اس کے برابر پارہ لیکر ان کو خوب مخلوط کر کے پتر بنا دے پھر ایک بڑا اوپلا لے کر اُس میں کسیلا کا چورن پاؤ آثار بچھا کر اُس کے اوپر رانگے کا ٹکڑا رکھے پھر اس کے اوپر کسیلے کا چورن رکھکر آس پاس اوپلے رکھے اور جہان ہوا نہ ہو وہاں پھونکدے تو اُس رانگے کی کھیلین ہو جاوین یہ بہت فائدہ کرتا ہے۔ یا آدھ سیر رانگے کو کڑھائی میں پگھلائے پھر تین سیر اجوائن اور پاؤ بھر ہلدی باریک پیس کر کڑھائی میں رانگے پر چھڑکتا جائے اور ڈھاک کی لکڑی سے چلاتا جائے تو کشتہ تیار ہو۔ تین تولہ یہ کشتہ اور لونگ۔ الائچی جائپھل۔ جاوتری سونٹھ فلفل سیاہ پیپل۔ تج۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ سب دوائین تین تین تولہ لیکر ایک درم کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز کھائے تو جریان کو فائدہ کرے اور دُبلے پن ہڑ پھوٹن۔ جلن اور بخار اور درد اعضا کو مفید ہے یا رانگا اور پارہ برابر لیکر آگ میں جلا دے تو رانگے کا کشتہ تیار ہو جاوے اور جو قاعدہ سونے کے کشتہ کا ہے وہی اس سے حاصل ہو۔ یا رانگ پانچ پیسہ بھر ہلدی پندرہ پیسہ بھر دونون اجوائن ۱۵ پیسہ بھر کوٹ چھان کر رانگے کو گرم کر کے سکورے میں سکھلا دے اور اوپر سے تھوڑی تھوڑی دوا ڈالتا جاوے جب دوا تیار ہو جائے تب سمیٹ کر نکال لے اور ایک سکورے میں رکھکر سخت آنچ دے جب ٹھنڈا ہو نکالے پھر لونگ۔ الائچی کے ہمراہ کھائے تو جلن جائے اور بھوکھ بڑھے اور اگر ہمراہ سونٹھ کے کھائے تو بھوکھ بڑھے اور ریاح کو تحلیل کرے یا رانگے کو لوہے کے کرچھے میں تپا کر گائے کا مٹھا آک کا تیل گائے کا پیشاب بھیڑے کی کھوتی میں ڈال کر اکیس اکیس مرتبہ بجھا دے۔ بعدہٗ گز بھر چوڑا اور گز بھر لانبا گڑھا کھود کر اُس میں ارنے کنڈے بھر کر اوپر سے پیپل کی چھال بچھا کر رانگا رکھ کر پھر پیپل کی چھال

رکھے اور کنڈا رکھ کر پھونک دے تو کشتہ تیار ہو یا ٹاٹ پر جھنگ بچھا کر رانگے کے
پتر رکھے اسی طرح کئی پرت دے کر گجپٹ میں پھونک دے تو کشتہ تیار ہو یا ہرتال
کو پیس کر مدار کے دودھ میں ملا کر رانگ کے پتر میں لپیٹ کر پھر پیپل کی خشک چھال
لپیٹ کر چھڑک کر سکورے میں رکھ کر کپروٹی کر کے گجپٹ کی سخت آنچ سے پھونک
دیوے اسی طرح سے پیپل کی خشک چھال سات مرتبہ چھڑک کر پھونک دے تو
رانگ کا کشتہ تیار ہو جاوے - یہ نہایت مفید ہے -

سار کی ترکیب

کچ بیل کے لوہے کا چورن کر کر اُسے تیل میں مٹھے میں گائے کے پیشاب اور کانجی
میں سات مرتبہ بجھا کر پھر چھیلر کے رس میں کھرل کرے اور گجپٹ میں پھونک دے
پھر گوار کے پٹھے کی تین پٹین دے پھر آگ کے دودھ کی سات پٹین دے اور تھوہر کے
دودھ کی سات پٹین دے اور ترپھلے کے رس کی سات پٹین دے اور دوڈا کے پتے
کے رس کی سات پٹین دے اسی طرح پٹین دے دے کر راکھ کر لے اور پتھر پے اوپر
پیسے جب تک وہ پانی اوپر نہ تیرے تب تک راکھ کرے تو بہت فائدہ کرے یا جنیل
کے چورن میں لیموں کے رس کی اور نوسادر کی اکیس پٹین دے اور گجپٹ میں پھونکا
جاوے اور پتا جاوے تو بہت عمدہ سار بنے اور بہت فائدہ کرے اور ایک رتی
روز کھاوے تو سب بیماریاں دور ہوں - یا کٹ سریا اور ناگ بیل کا ہموزن چورن
لیکر ان کا بارھواں حصہ اینگر ملا دے پھر اس میں گھی کوار کا رس ڈال کر دو پہر تک
گھوٹے بعدہ سکورے میں بھر کر کپڑ روٹی کرے اور گجپٹ کی سخت آنچ سے پھونک دیوے
اسی طرح سے کئی مرتبہ مذکورہ بالا ترکیب سے پھونکنے تو لوہا کی بھسم تیار ہو -
رس مارن کی ترکیب) لوہا اور چونہ پانچ پیسہ بھر تیل کیسے چھ چھ ماشہ یہ دونوں چیزیں
سوکھی پیسے اور دواؤں کو تین حصہ کرے ایک حصہ چکنا پانی ڈال کر ڈالے پھر
لوہے اور چونہ دونوں کو لوہے کے برتن میں ڈال کر لوہے کے گھوٹنے سے گھوٹے اور
دواؤں کا پانی ڈالتا جاوے اس طرح سات دن گھوٹے پھر سات آنچ دیوے

جب ٹھنڈا ہو جائے تو اُتارے اور کام میں لائے۔

طریقۂ استعمال) سونٹھ ایک تولہ بھصری ایک تولہ یہ دونوں دوائیں ملا کر پیس پڑیہ باندھے اور جریان والے کو کھلائے اور اوپر سے ایک سیر گائے کا دودھ پلائے نہایت فائدہ مند ہے یا سار دو پیسہ بھر لیکر مونگے کے رس میں سات مرتبہ بجھائے پھر مولی کے رس میں سات مرتبہ بجھائے پھر چھ ماشہ نوسادر لیکر سار میں کھرل کرے اور تھوڑا سا پانی ڈال کر ٹکیہ بنا کر تین دن رکھے تو سار تیار ہو جائے۔ سیسے کے کشتے کو ایک سیر دودھ کے ساتھ ایک رتی دے تو جریان کو نفع بخشے۔

دھات اوپدھات کے مارنے کا طریقہ

اوپدھات یہ ہیں سونا ماکھی اور روپا ماکھی ابرک سینگ ہرتال پارہ کھپریا شرمہ۔

سونا ماکھی کے سودھنے یعنے صاف کرنے کا طریقہ

سونا ماکھی تین حصہ۔ سیندھا نمک ایک حصہ۔ ان دونوں کو لوہے کی کڑچھی میں رکھ کر بجورے کے رس میں اور جمبیری کے رس میں جہاں تک لوہے کے پتر سرخ ہو جاویں تب تک پکاوے تو سونا ماکھی صاف ہو۔

سونا ماکھی کے مارنے کا طریقہ یہ ہے) سونا ماکھی کو کلتھی کے کاڑھے میں پیس کر سکورے کے سمپٹ میں رکھ کر گجپٹ میں پھونک دے یا تیل میں پیس کر گجپٹ دے یا مٹھے میں پیس کر گجپٹ دے یا بکری کے دودھ میں پیس کر گجپٹ دے تو سونا ماکھی کشتہ ہو اور بقدر ایک رتی کھاوے تو فائدہ بخشے۔

ابرک کے صاف کرنے اور مارنے کا طریقہ

کالے بھوڈل کو لے اور آگ میں تپا کر دودھ میں بجھاوے یا چولائی کے رس میں بجھاوے یا کھٹائی میں بجھاوے تب ابرک صاف ہو پھر ابرک کے علیٰحدہ علیٰحدہ پتر کر کے ان کو کوٹ چھان سکھا کر ان کو کمل میں رکھے اور اسمیں دھان ملا کر ابرک کو مع دھان کے بار بار مسل کر باریک کمبل سے پانی ملا کر علیٰحدہ علیٰحدہ برتنوں میں رس نکالے اس کا نام دھانیہ ابرک ہو جاوے پھر اس ابرک کو آگ کے دودھ میں کھرل

کرکے اس کی ٹکی باندھے پھر سکھا کر آگ کے پانی مین لپیٹ کر کپڑ مٹی دے اور بغیر پیالے کے گجپٹ مین پھونکدے اسی طرح سات پٹ دے اور اسی طرح تھوہڑ کے دودھ کی سات پٹین دیگر اسی طرح گوار کے پٹھے کی سات پٹین دے اور چولائی کے رس کی بھی سات پٹین دے یا ناگر موتھا کے کاڑھے کی یا کا نجی اور چترک کے کاڑھے کی یا جھیری کی یا تر پھلے کی یا گاے کے پیشاب کی سات پٹین دے تو ابرک عمدہ بنے اور یہ ابرک بلا ناغہ دو ماہ تک ایک رتی کھاوے تو جریان وغیرہ سب بیماریان دور ہوں بدن مین تازگی لاوے اور باہ کی ضعیفی دور ہو۔

ابرک کے کشتہ کی دوسری ترکیب) سفید بھوڈل کے برابر قند سیاہ لیکر اور اس گڑ کو پانی مین گھولے پھر بھوڈل کے پتون مین گہرا گہرا لیپ کرے اور اُن پترون پر شورہ چھڑکتا جاوے شورہ بھوڈل سے آدھا لے اور بھوڈل کی تہ کرتا جاوے اُس بھوڈل کی تہ کو اُپلون سے پھونکدے بھوڈل کھلجاوے جو بہت سپید نہ ہو تو بھی فائدہ کرے اور ایک رتی اس کی معتاد ہے یا ڈیڑھ تولہ ابرک لیکر ٹاٹ کی تھیلی مین باندھ کر خوب ملے جب وہ میدہ سی ہو جاوے تو اُس مین ڈیڑھ تولہ گڑ اور ڈیڑھ تولہ قلمی شورہ ملا کر کھرل کرے پھر اس کے چار حصے کرے اور چارون کو چار ٹرے بڑے کنڈون مین کھود کر رکھے اور اُنپر ایک ایک کنڈا اور رکھے پھر ایک ہاتھ گہرا گڑھا کھود کر اُس مین جتنے ارنے اُپلے آوین بھر کر اُن چارون اُپلون کو رکھے پھر آگ دے جب ٹھنڈا ہو تب نکال لے اسی طرح چار مرتبہ گڑ اور قلمی شورہ ملا کر پھونکے تو کشتہ تیار ہو۔ بقدر دو رتی مناسب دواؤن کے ساتھ کھائے تو ہر ایک بیماری کو دفع کرے یا کالے ابرک کو دودھ تل کا نجی اور کلتھی کے کاڑھے مین اکیس اکیس مرتبہ بجھائے پھر شورہ کو گرم پانی مین ایک سو ایک مرتبہ بجھائے پھر کھرل کرکے ٹکیا باندھ کر سکھائے بعدہ ٹکیا کے برابر پارہ دے اور گجپٹ کی آنچ دے تو کشتہ تیار ہو اگر کچا رہے تو پھر آنچ دے پھر اور دوا کے ساتھ کھائے تو سردی اور گرمی کے سب عارضون کو دور کرے۔ یا بھوڈر تھر دس درم قند سیاہ کہنہ آدھ پاؤ شورہ قلمی آدھ پاؤ لیکر پُرانے گڑ اور دونون دواؤن کو اوپر نیچے چڑھا کر دیں

کنڈوں میں پھونکدے جب ٹھنڈا ہو تو حفاظت سے نکال لے کشتہ تیار ہو۔

ہرتال صاف کرنے کی ترکیب

زرد ہرتال کے پتر بنوا کر اُس کی پوٹلی باندھ کر ہانڈی میں کانجی بھر کر دولاجنتر میں ایک پہر تک پکا دے پھر چونے کی کلی کے پانی میں پوٹلی کر کے دولاجنتر سے چار پہر پکا دے اسی طرح ہرتال کو پکا دے تو ہرتال صاف ہو۔

ہرتال کے مارنے کی ترکیب ہرتال مصفا کو کھرل میں باریک پیس کر دودھی کے رس میں دو روز کھرل کرے پھر کھریٹی کے رس میں دو دن تک کھرل کرے پھر اُس کا گولہ بنا کر سایہ میں سکھا دے پھر پیپلے کی راکھ کو ہانڈی میں دبا دبا کر بھرے اس کے بیچ میں اس ہرتال کے گولے کو رکھے پھر ہنڈیا کو چولھے پر چڑھا کر نیچے تین روز تک ترتیب سے اعلیٰ اوسط ادنی آگ جلا دے اور اُسکا دھواں نہ نکلنے پاوے اور جو دھواں نکلے تو اس دھوئیں کو پیپلے کی راکھ سے بند کرتا جاوے جب بالکل ٹھنڈا ہو جاوے تو اس ہرتال کو ہنڈیا سے نکالے تب یہ عمدہ ہرتال ہو ایک رتی کی اس کی مقدار ہے اس کے کھانے سے سب بیماریاں دور ہوں اور بھوکھ بہت بڑھتا ہے۔ دوسری ترکیب پہلے اسی طرح صاف کرے پھر اس ہرتال کو گھیکوار کے پٹھے کے رس میں تین دن کھرل کرے پھر چولھے پر چڑھا کر چار پہر تک آگ جلا دے جب بالکل ٹھنڈا ہو جاوے تو نکالے وہ ہرتال وزن میں پورا اُترے اور بغیر دھوئیں کے ہو اُس کو پان میں ایک رتی کھا دے تو یہ کوڑھ کو دور کرتا ہے اور جب اس کا استعمال کرے تو غذا میں موٹھ یا چنے کی روٹی بغیر نمک کی کھا وے تو کوڑھ دور ہو۔ یا ہرتال دو تولہ پارہ دو تولہ لیکر دو پہر کھرل کرے بعدہ مونگے کے رس میں آگ کے دودھ میں سہجنہ کے رس میں اور کمار سیتھوڑہ کے دودھ میں بارہ بارہ پہر کھرل کرے پھر مٹی کی گھریا میں بھر کر ایک سو ایک کپڑ مٹی کر کے خوب سکھائے اُس کے بعد قد آدم گڑھا کھود کر اُسمیں بہت سی لکڑی اور کنڈے بھر کر اُسکے بیچ میں اُسے رکھ کر پھونک دے جب ٹھنڈا ہو تو ترکیب سے نکال لے جنتر پھوٹنے نہ پائے جاڑے میں پان کے ساتھ کھائے تو بھوکھ بہت بڑھائے اور گرمی میں

مکھن کے ساتھ کھائے تو قوت باہ بہت زیادہ ہو۔ یا ہرتال ۵ تولہ لیکر گائے کے پیشاب مین رکھکر آٹھ پہر بھگوئے پھر گائے کا پیشاب سینہوڑہ کا دودھ سہدیٔ کا رس آگ کا دودھ رائی کا رس چرچرہ کا رس گوار کا رس بکری کا دودھ تک چلکنی کا رس لیمون کا رس برگد کا دودھ ان مین ترتیب سے تین تین دن کھرل کرے بعدہٗ چندیا باندہ سات دن سکھلائے پھر موٹی ہانڈی منگا کر سات کپڑ مٹی کرکے سکھائے اور اسمین پیپل کی لکڑی کی راکھ بھرکے اُس کے بیچ مین بھوڈل کے دو تہ منگا کر اُنکے بیچ مین اُس چندیا کو رکھکر اوپر سے پھر اُسی راکھ کو ہاتھ سے دبا کر بھرے پھر ہانڈی کے منھ پر سکورہ رکھ کر پھر مدرا کردے اُس کے بعد بڑے چولھے پر چڑھا کر تیس ۳۲ پہر کی آنچ دے پہلے دیپک کی سی آنچ دو پہر تک پھر مشعل کی سی آنچ چار پہر تک پھر کھچڑی کی سی آنچ چھ پہر تک پھر بیگن کی سی آنچ بارہ پہر تک پھر دیپک کی سی آنچ آٹھ پہر تک دے جب بالکل ٹھنڈا ہوجائے تو اُتارے دو چاول پھر پان کے ساتھ کھائے ہر قسم کے جذام کو مفید ہے یا ہرتال ایک تولہ لیکر پوٹلی باندھکر پانچ پہر کھائے کے دودھ مین چار پہر اوٹا دے پھر اُس مین سے نکال کر ہلدی اور زہر مین چار پہر کھرل کرے پھر چلکنی اور بھوگی اور پتھر چٹا اور بھانگرہ کے رس مین چار چار پہر کھرل کرے پھر پانچ سیر پیپل کی چھال منگا کر اُسکا میدہ کرکے گھریا بنا کر اور ہرتال بھر دو گھریون کے بیچ رکھ کر تین کپڑ مٹی کرے پھر انگیٹھی مین کنڈے بھر کر گجپٹ کی آنچ دے۔ جب بالکل ٹھنڈا ہو تو اُتارے اور ایک رتی پان کے ساتھ کھائے تو سب قسم کے کوڑھ دور ہون یا ہرتال اور پارہ چھ چھ ماشہ لیکر لیمون کے رس مین چار پہر کھرل کرے پھر چندیا باندھ کر پیپل کی راکھ منگا کر کیلے کے رس مین بھگو دے پھر ایک ہانڈی مین بھرے اور اُس کے بیچ مین ہرتال کی ٹکیہ دھرے پھر اوپر سے کھار کے آتون کی طرح بند کرے اور نیچے آگ جلا دے جب ٹھنڈا ہو تب نکالے اگر جستہ پھوٹنے نہ پاوے۔ تب ہرتال عمدہ ہو۔ اس کی ایک رتی تولہ بھر رانگے کو بیدھے۔ یا ہرتال ایک تولہ لیکر پرانے کنڈے کو کھول کر گھریا بنا کر اُس مین رکھے پھر اُس پر کیلے کے پتون کا رس نچوڑے اگر ہرے پتے نہ ملسکین تو سوکھے پتون کو بھگو کر نچوڑے پھر آگ دیوے اور اسی طرح آٹھ بار کرے جب سہاگہ

کی سی کھیل ہو جاوے تب بند کرے تو نہایت عمدہ کشتہ تیار ہو - اور ایک رتی تولہ بھر
رانگے کو بید ہے - یا ہڑتال دو تولہ اور پارہ دو تولہ لیکر دونون کو ایک پہر کھرل کرے بعدہ
مونگے کے رس مین سہجنہ کی جڑ کے رس مین آم کے دودھ مین اور کتنا سینہوڑہ کے دودھ
مین بارہ بارہ پہر کھرل کرے پھر چندیا بنا کر بارہ پہر سکھا وے پھر سکورون کے جنتر مین بھر کر
ایک سو ایک کپڑ وٹی کرے - اُس کے بعد خوب سکھا کر قد آدم گڑھا کھود کر اُس مین
لکڑیان اور کنڈے زیادہ بھرے اور اُس کے بیچ مین جنتر رکھ کر کھار کے آ نوین کے مثل
بنا کر آگ دے جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے تو ترکیب سے نکال لے جس مین جنتر نہ پھوٹے
اُس کو ایک رتی بھر کھائے تو بھوکھ بہت بڑھے - یا ہرتال چھ تولہ پھٹکری نو تولہ لیکر
دو پہر کھرل کرے بعدہ آک کے دودھ مین چار پہر کھرل کرے پھر چندیا بنا کر آٹھ پہر
سکھا وے پھر اُس چندیا کو دو سکورون مین رکھ کر تین کپڑ وٹی چڑھا کر سکھا وے اور
کمر برابر گڑھا کھود کر آدھے مین کنڈا بھرے پھر سکورہ رکھ کر کنڈا بھرے اور آگ
لگا وے اور اوپر سے خوب ڈھانک دے جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے تو نکال کر یہ
دوا مین کپڑ چھان کر کے ملائے - لونگ - جا پھل - دارچینی - عاقرقرحا - ککلی - جاوتری
اور ادرک کے رس مین دو رتی ہرتال اور پارہ ملا کر اس کی ایک ماشہ کی گولی باندھے
اور اُنچاس دن کھائے تو سب قسم کے جذام دفع کرے اور بدن کے ورم کو فائدہ کرے
جسم کے داغ اور جریان دفع کرے جب تک اس دوا کا استعمال رکھے صرف چنے کی
روٹی کھائے - یا ہڑتال دس درم باریک پیس کر بیس درم سیسہ کو کھپرا مین چڑھا کر اسکے
نیچے آگ جلا وے جب پگھل جائے تب ہڑتال کا سفوف ڈال کر کرچھے سے چلا وے جب
اُس مین آگ اُٹھے تب اوٹے ہوئے سر پھونکا کے پانی سے بجھا وے اور ایک رتی
اجوائن کے ساتھ کھائے تو نامرد مرد ہو جائے - یا ہڑتال دو تولہ گھیکوار کے رس مین
آٹھ پہر کھرل کرے پھر سہجنہ کی جڑ کے رس مین آٹھ پہر کھرل کر کے گولی باندھ کر خشک
کر کے کاغذی لیمون کے اندر رکھے اور اوپر سے سات کپڑ وٹی کر کے گولہ بنا وے بعدہ
پیپل کی لکڑی کی راکھ بنا کر ہانڈی بھرے اور اس کے بیچ مین گولہ دھرے اور

اوپر تک خوب بھرے پھر ہانڈی پر سات کپڑوٹی کرکے اُسکے منھ پر ڈھکنا رکھکے بجر بدرا
کرے اُسپر تین کپڑوٹی کرکے سکھا کر بھٹی پر چڑھا کر چوبیس پہر آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جائے
تو اُتار رے تو ہڑتال کا کشتہ ہو - اس کی ایک رتی پان کے ساتھ کھائے تو خون صاف ہو
اور چھٹے دن کھائے تو آیندہ کے احوال معلوم ہوں اور ساتوین دن کھائے تو تینوں لوک
دیکھے - آٹھوین دن کھائے تو مہادیو جی اُس سے خوش ہوں نوین دن کھائے تو خزانے
معلوم ہوں دسوین دن کھائے تو ہرن کی سی چوکڑی بھرے اور گیارھوین دن کھائے تو
سیدہ کامل ہو جائے - یا ہڑتال ایک تولہ پیس کر تانبہ کی ڈبیہ مین بھرے اور اُس مین چھ
تولہ ٹیرے گوکھرو کا رس ڈال کر بند کرکے کپڑوٹی کرکے پھر راکھ مین گاڑ کر اوپر سے آگ
جلا وے اور سویرے نکال لے پھر اُس مین لیموں کا رس اور آنولہ سار گندھک ڈالکر
آگ دے تو ہڑتال کا کشتہ ہو جائے یا ہڑتال طبقی لیکر لیموں کے رس مین تین دن رکھے
چوتھے روز نکال کر ٹکیہ بنا کر مٹکے کے اندر پیندے مین رکھے اور اوپر سے سکورا اوندھا کرکے
چاروں طرف پھٹکری بچھا وے اُس کے اوپر مٹکے کے منھ تک بالو بھر کر نیچے آگ جلائے
جب اوپر کی بالو گرم ہو جائے تب اُتار لے پھر چاہے جس کام مین لائے - یا ہڑتال طبقی
ایک تولہ لیکر گوار کے رس مین ایک پہر کھرل کرے پھر ہڑتال سے چوگنی پھٹکری لیکر ایک
ٹھیکریا مین نیچے دو تولہ پھٹکری رکھے اور اُسپر ہڑتال رکھکر اوپر سے پھر دو تولہ پھٹکری رکھے
اور اُسکا منھ بند کرکے کپڑوٹی کرکے سوا ہاتھ گہرا ڈیڑھ ہاتھ چوڑا گڑھا کھود کر اُس مین
ارنے کنڈے بھر کر بیچ مین ٹھیکریا رکھے اور اُس کے اوپر اور کنڈا رکھکے پھونک
دے جب ٹھنڈا ہو جائے اُس مین سے ایک رتی بتاشے مین کھائے تو فوراً تجاری
دور ہو - دو گھڑی بعد دودھ بھات کھائے اور جو سنیات والے کو دے تو چاول بھر
یا ڈیڑھ چاول بھر پان اور ایک لونگ مین کھلائے تو ہوش ہو جائے جو سنیات
مین بہت ہی مبتلا ہو تو پان اور لونگ کے رس مین چٹا وے تو ضرور رہی
سنپات دور ہو - فائدہ کشتہ ہڑتال کو جو شخص بقدر ایک چاول ہمیشہ کھاتا رہے
یعنی پان مین کھا کر دودھ چاول کا بھوجن کرے تو نہایت مقوی ہے

اور مغلظ منی ہے اور قوت اس درجہ تک ہوجائے کہ سادھی لگائے اور بے شمار نوا مر ہین محبت بیماریون کو دور کرے۔ یا ہڑتال دو حصّہ پارہ دو حصّہ پھٹکری پانچ حصّے کر رتی جو نام مصفی دوا کے رس مین گھول کر سکورے مین بند کرکے گجپٹ مین پھونکدے تو ہڑتال کا کشتہ تیار ہوجائے۔

چندرودے رس کے بنانے کی ترکیب

سونے کا عمدہ ورق دو تولہ اور پارہ مصفا سولہ تولہ اور شنگرف کا پارہ سولہ تولہ اور مصفا آٹھ تولہ سار گندھک تیس تولہ ان تینون کو کھرل مین ڈال کر نادن بن یعنی نرمے کے پھولون کے رس مین تین روز کھرل کرے پھر گوار کے پٹھے کے رس مین تین روز کھرل کرکے اس کو سکھا کر کانچ کے آتشی شیشے مین کپڑمٹی دے پھر اسکو سکھا کر اس شیشی مین یہ سب دوا مع سونے کے ورق کے بھرے پھر شیشی کا مُنھ بند کرے اور بالکا جنتر مین چوٹھے پر چڑھاوے اور نیچے آگ جلاوے اور ادنیٰ اوسط اور اعلیٰ آنچ دے اسی طرح تیس پہر آنچ دے پھر ٹھنڈا ہونے پر بالکا جنتر مین سے شیشی کو نکالے اور پھر اُس چندرودے کو نکال کر ڈبیا مین بھر رکھے اس کا رنگ مانند شنگرف کے سُرخ ہو پھر اُس مین سے بقدر ایک رتی کھاوے اور اُس مین جائپھل۔ بھیم سینی کافور۔ سمندر سوکھ۔ لونگ کستوری۔ یہ سب ۴ ماشہ ملا کر ہر روز کھائے تو بہت فائدہ کرے اور اوپر سے اوٹا کر مع مصری رغبت کے موافق رات کو دودھ پئے اور گوشت وغیرہ طاقت کی چیزین کھاوے اور کھٹائی نہ کھاوے تو بہت عورتون سے جماع کرے اور باہ کی ضعیفی دور کرکے امساک پیدا کرتا ہے۔

سونے کا کشتہ

صاف کیا ہوا سونا اور اُسکا دو چند سیماب مصفی لیمون کے رس مین گھونٹ کر گولی بنا کر اور اُسکی برابر گندھک پیس کر نیچے اوپر گولی کے رکھے پھر مٹی کے ایک سکورے مین رکھکر دوسرے کو اوپر رکھکر کپڑمٹی کرکے ہتوا کنڈے کی آنچ دے اسکو سراو سمپٹ کہتے ہین اسی طرح آگ سے نکال نکال کر سمپٹ کرکے چودہ مرتبہ آگ دے ایسی ہی ہر آنچ مین

گندھک دینے سے سونے کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ یا ماشہ بھر سونا گلا کر اُس میں ماشہ بھر سیسہ ڈالکر اُتار کر ٹھنڈا کر کے پیسے اور لیمون کے رس میں گولی باندھ کر نیچے اوپر گندھک رکھ کے سکورے میں سمپٹ کرے پھر گوڑا کی آنچ دے تو کشتہ تیار ہو یا کچنال کے رس میں پارہ اور گندھک برابر ملا کر کھرل کرے پھر سونے کے پتر پر لگا وے پھر کچنال کی چھال پیس کے اُس گولی پر لیپ کرے پھر دو ٹھیکریان مٹی کی لیکر اُس میں رکھکر کپڑ وٹی کرے اور اُسے سکھا کر خوب آنچ دے اسی طرح حسب ترکیب بالا تین مرتبہ آنچ دے جب جلانے سے نہ جلے تو سمجھے کہ عمدہ ہے پھر اُس کی راکھ جیسے کچنال کی ترکیب میں لکھی ہے کرے اور یہ کرہ یا رمی سے بھی مرتا ہے ایسی ہی جو الا مکھی یعنی ارنی سے بھی مرتا ہے یا سینبل سے سیندور سے پھر مدار کے دودھ میں ستاور کھوٹ کھوٹ کر سکھاوے اور دس ماشے سونا گلا دے جب وہ چکر کھانے لگے تو سینبل اور سیندور کا سفوف سونے میں چھوڑ کر ٹکی دیکر تیز آنچ دے اور جب تک وہ ٹکی نہ جل جاوے تب تک آنچ دیتا رہے اسی طرح ترکیب سے ٹکی دے دے کر تین مرتبہ آنچ دے تو سونا کشتہ تیار ہو یا کبوتر اور مرغ کی بیٹ دونون کو سونے کے پتر پر لپیٹے اور اُسی کے برابر گندھک چورن بھی دونون طرف لپیٹے پھر سمپٹ کرے اور تھوڑی سی زمین کھود کر پانچ کنڈے میں پھونکدے اسی طرح نو آنچ دے دسوین مرتبہ بڑی آنچ تیس کنڈے کی دے اسی طرح سونے کا کشتہ تیار ہو جاوے۔ یا کچنال کا رس چھان کر آگ پر چڑھا وے اور تین مرتبہ اُس میں سہاگے کا گلا ہوا سونا ڈالے پھر سونے کو نکالکر پتر بنا وے اور پتر کے برابر پارہ لے کر کھرل میں گھونٹ کر گولی بنا وے اور اُسکے برابر گندھک لیکر گولے کے نیچے اوپر رکھے اور سکورے میں رکھکر کپڑ وٹی کرے۔ بن کنڈون کی آنچ سے اور سکھا کر گجپٹ کی آگ میں پھونکدے تو کشتہ تیار ہو۔

رس سیندور کی ترکیب

اس کا نام ہرگوری رس بھی ہے پہلے پارے کو صاف کر کے کھرل میں زرد چوب اور

سلہ اوپر لکھی ہوئی ترکیب کرنے سے پہلے ہیں۔ تو چاہیے کہ سونے کو کانجی۔ گائے کا پیشاب۔ کلتھی کے کاڑھے میں تین تین مرتبہ بجھا کر دھات کو صاف کرے ۱۲

اینٹ کا دھوسہ اور لیموں کے رس میں تین روز کھرل کرے تب اُسکی ساتوں کانچلی دور ہوں
پھر تربھپلہ۔ کانجی۔ چترک۔ گوار کے پٹھے۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ان میں تین دن کھرل کرے
پھر لسن کے رس میں تین دن کھرل کرے اور جمیری کے رس میں تین دن کھرل کرے پھر
ہانڈی میں بھر کر دوسری ہانڈی کا منھ اُس میں ملاکر جوڑ دے پھر منھ بند کر چولھے پر
چڑھا دے اور اوپر کی ہانڈی کی پیندی پر گیلا کپڑا رکھکر نیچے آگ جلا دے تب وہ پارہ
اوپر کی ہانڈی کی پیندی میں جالگے تب پارہ کو نکال لے یا شنگرف کا پارہ ترکیب سے
نکالے پھر اس پارہ کو بانجھ ککوڑے کے رس میں کھرل کرے پھر ہانڈی میں بانجھ ککوڑے
کا رس ڈال کر اُس رس میں یہ چیزیں اور ڈالے سرپھونکا کی جڑ کا اور زمین قند کا رس
اور بھانگرے کا رس۔ سانبھر نمک۔ سیندھا نمک اور کانجی یہ سب چیزیں ہانڈی میں ڈال کر
پھر اُس میں دولک جنتر کر کپڑے میں پارہ باندھ کر چار پہر تک پکاوے تب وہ پارہ صاف
ہووے دوسری ترکیب یا ایک ہزار لیمو کے رس میں زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ رائی۔ سانبھر نمک
چترک۔ انگوزہ۔ یہ سب دوا ڈال کر اکیس [۲۱] روز تک پارے کو اس میں کھرل کرے تب وہ
پارہ صاف ہو جائے پھر پارہ مصفا دس تولہ اور صاف کی ہوئی آنولہ سار گندھک دس تولہ
نوسادر دو درم۔ پھٹکری دو درم۔ پھر ان سبکو تین دن تک کھرل کرے پھر آتشی شیشی میں
سات کپڑمٹی دے اور اس شیشی میں دوا بھرے پھر شیشی کا منھ بند کر دے اور بالکا جنتر
میں شیشی کو رکھ کر اُسکو بھٹی کے اوپر چڑھا دے اور نیچے ترتیب سے ادنی اوسط اور
تیز آگ جلاوے اسی طرح تیس پہر کی آنچ دے پھر ٹھنڈے ہونے پر بالکا جنتر
میں سے شیشی کو نکالے پھر شیشی میں سے اس رس سیندور کو نکال کر ایک رتی پان کے
ساتھ کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب بیماریوں کو جدا جدا بدرقوں سے یہ دور کرتا ہے
اور بھوکھ بڑھا کر بدن میں تازگی لاتا ہے اسکو ہرگوری رس کہتے ہیں یا شنگرف سے
نکالا ہوا پارہ یا یہی پارہ مصفا اور آنولہ سار گندھک ان دونوں کو برابر لے اور ان کو برگد کی جٹا
کے رس میں ایک دن کھرل کرے پھر آتشی شیشی کو کپڑمٹی دے اُسمیں یہ بھرے پھر شیشی
کو چکنی اینٹ کے ڈھکنے سے بند کرے اور بالکا جنتر میں شیشی کو رکھے پھر بالکا جنتر کو بھٹی

پر چڑھاکر ترتیب سے اکیس پہر ادنیٰ اوسط اور تیز آگ جلاوے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو آلہ میں سے نکال کر اس شیشی میں سے نکالے اُسکا رنگ مثل شنگرف ہوتا ہے اسکی مقدار پان میں ایک رتی کھاوے تو بہت فائدہ پہونچاوے اور سب بیماریوں کو دور کرے۔

پارہ مارنے کی ترکیب

پارہ کو کھرل میں ڈالکر گوارکے دودھ میں ایک پہر کھرل کرے پھر اس کی گولی باندھے پھر گوارکے دودھ میں عمدہ ہینگ گھسکر اس ہینگ کی دو موسی یعنی گھڑیا بناوے پھر پارے کی گولی کو موسی میں رکھ کر دوسری گھڑیا کا منھ جوڑ دے پھر سکھاکر ایک سیر اُپلے کی بھوبھل میں پکاوے جب وہ پارہ سفید نکل آوے تب اُس کی راکھ ہو یہ سب بیماریوں کو دور کرے یا اپامارگ یعنی لٹ زیرے کے بیجوں کو باریک پیس کر اُس کی دو گھریان بناکر پھر گوارکے دودھ میں پارہ کو کھرل کرے پھر پارہ کی گولی باندھ کر یہ گولی گھڑیا میں رکھے اور پارہ کی گولی کے نیچے اوپر دڑھل کے پھول یا سے ٹرنگ کتھ انکو چورن کرکے رکھے اسکا گولا بناکر اس گولے کو دھونکنی سے کوئیلوں میں دھونکاوے پھر اس کو کپڑمٹی دے اور گجپٹ میں پھونک دے تب اس کی راکھ پورے وزن کی اُترے یہ راکھ سب بیماریوں کو دور کرتی ہے۔ یا پارہ گندھک۔ سونا مکھی سات سات تولے لے کر لیموں کے رس میں کھرل کرے اور آتشی شیشی میں بھر کر اس شیشی کو بالو کے جنتر میں بھر کر آٹھ پہر آنچ دے پھر اُتار کر گندھک دو تولہ ڈالکر سات تولہ ڈالکر چار دن کھرل کرے پھر دوسری شیشی میں ڈالکر بالو کے جنتر میں چڑھاکر سات دن آنچ دے جب ٹھنڈا ہوجائے تب اُتار کر کام میں لائے۔ ایک چاول پان کے ساتھ کھائے تو بھوک بہت بڑھے۔ یا پارہ دو تولہ لیکر سیاہ دھتورہ کے رس میں تین پہر کھرل کرے پھر کلہاری کے رس میں تین پہر کھرل کرکے ایک شیشی میں بھرے اور منھ بند کرکے سات کپڑمٹی کرکے ارنے کنڈے کی آنچ سے گجپٹ میں پھونک دے جب ٹھنڈا ہوجائے تب نکالے اور اسی طرح ایک انگیٹھی میں تھوڑے کنڈے بھر کر تھوڑی آنچ دے تو کشتہ تیار ہو نہایت مفید ہے۔

بسنت مالتی رس کی ترکیب

ورق طلا ایک ماشہ موتی دو ماشہ۔ شنگرف تین ماشہ۔ مرچ سیاہ چار ماشہ۔ سورت کھاپڑہ آٹھ ماشہ کھاپرے کو گائے کے پیشاب مین سولہ پہر گولک جنتر مین پکا دے پھر ان سب کو کھرل مین ڈالکر مسکہ سے کھرل کرے جتنا مسکہ اس مین جذب ہو اتنا ڈالے پھر لیمون کے رس مین کھرل کرے اور اتنا کھرل کرے کہ اس کی چکنائی دور کرے پھر اُس کی گولیان بنا کر ایک رتی دو پیپل اور شہد سے ہر روز کھا وے تو بھم جوریعنی پُرانا بخار وغیرہ سب بیماریان دور کرتا ہے اور اسکو طاقت کی دوا سے کھاوے تو بدن مین تازگی ہو۔

شنگرف صاف کرنیکی ترکیب

لیمون کے رس کی سات پٹ دے اور بھیڑ کے دودھ کی سات پُٹ دے تو شنگرف صاف ہوجائے۔

شنگرف مارنے کی ترکیب) عمدہ شنگرف چار تولہ بھر کی ڈلی لیکر کھلی مین رکھکر اس ڈلی کے اوپر لیمو کا رس پاؤ ثنار سکھا وے پھر شنگرف کے اوپر پیاز کا رس پانچ سیر سکھا وے پھر اس ڈلی کو نکال کر کھلی مین رکھکر اس ڈلی کے اوپر نیچے پاؤ سیر پیاز کی لگدی دیکر پکا وے پھر اس ڈلی کو جُدا نکال کر پاؤ ثنار چلا پاؤ ثنار رائی پاؤ ثنار مال کنگنی ایک ثنار۔ پیاز ایک ثنار۔ گھی ایک ثنار شہد ان سب کو باریک پیسکر اور لگدا بنا کر کڑاہی مین رکھے اور لگدی کے بیچ مین شنگرف کی ڈلی رکھے اور اُس کے نیچے آٹھ پہر آگ جلا وے تب وہ شنگرف صاف ہوجائے اور وزن مین پورا اُترے اُس کا رنگ سرخ ہوجاتا آدھی رتی یا ایک رتی پان مین کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب بیماریون کو دور کرے اور اشتہا کی زیادتی کرے اور باہ کی ضعیفی کو دور کرے۔ یا شنگرف چار تولہ۔ پیپل ۲ تولہ دونون کو ملا کر ایک پہر کھرل کرے پھر کالے دھتورے کے رس مین اکیس پہر کھرل کرے پھر چند پان باندھ کر اُس پر ۲ ماشہ بچھناگ زہر پانی سے پیس کر لیپے پھر اس کو سکھا کر باریک کپڑے مین باندھے اور پانچ سیر گائے کا دودھ منگا کر ہانڈی مین بھر کر وہ چند پان ڈالے

اور سکورا مونڈکر ماش کے آٹے سے اُس کا منھ بند کرکے چولھے پر چڑھا دے چھ پہر تک وسط آنچ دے جب ٹھنڈا ہوجائے اُتار کر زمین مین گاڑ دے پھر اس مین سے شنگرف نکال لے اسکی معتاد ۲ رتی پان کے ساتھ کھائے تو طاقت بہت ہو چہرہ کا رنگ درست ہو بھوک بہت ہو۔ یا گائے کا پیشاب آٹھ سیر کڑاہی مین چڑھائے اور اُس مین زہر کا ڈھیلا ڈالکر نیچے سے چلاتا جائے جب پاؤ بھر رہے اُس مین ایک تولہ اینگر کھرل کرے اور گائے کا پیشاب ڈالتا جائے جب بالکل گاڑھا ہوجائے تب ٹکیہ بنائے اور سروا کی سمپٹ مین رکھکر چار کپڑ مٹی کرکے گجپٹ مین پھونکدے جب ٹھنڈا ہوجائے نکال کر ایک رتی پان کے ساتھ کھائے تو طاقت پیدا کرے اور کھانسی دور ہو۔ یا شنگرف کو تھوہر کی ہنگر یا مین رکھکر ایک سوا ایک مرتبہ رینڈی کی آنچ مین بجھا دے پھر آ تولہ سار گندھک ڈالکر کھڑا مین رکھکر آ نوبت مین رکھے شنگرف صاف ہو۔

سمّ الفار مارنے کی ترکیب

سم الفار۔ دو تولہ اور گدھے کا پیشاب دو سیر تھوہر کا دودھ دو سیر ان دونون کو ایک ہانڈی مین بھرکر دولا جنتر مین سم الفار لٹکا دے اور مدھم آنچ کرے جب دونون کا کھار ہوجاوے تب نکالے پھر ایک سو ایک اندرائن کے پھل منگا کر ایک پھل مین بھر کر دو کپڑ مٹی کرے اور تھوڑے سے کنڈون کی آنچ دے اسی طرح ہر ایک پھل مین رکھکر ایک سوا ایک مرتبہ آنچ دے تو سم الفار تیار ہو اور ایک رتی تولہ بھر رانگے کو بید ھے۔

پیتل کانسہ مارنے کی ترکیب

پارہ اور گندھک ہموزن لے کر چھیری کے رس مین گھوٹے پھر پیتل و کانسہ دونون کے پتر بنا کر اُسپر دونون طرف لپیٹے پھر سکورے مین رکھکر کپڑ مٹی کرکے تین مرتبہ آنچ دے تو دونون بھسم ہوکر کشتہ تیار ہو۔

کنک سندر رس] کالی مرچ۔ شنگرف مصفا۔ سہاگہ۔ گندھک۔ سینگیا۔ زہر مصفا صاف کیا ہوا پیتل۔ دھتورہ کے بیج۔ ان سبھون کو کھرل مین ڈالکر بھانگ کے رس مین دو پہر گھوٹے تو کنک سندر رس ہو۔ یہ سنگرہنی۔ اتیسار۔ مندا گنی کو دور کرتا ہے۔

پڑوانل رس] ہرتال ایک حصہ۔ پارہ ایک حصہ۔ سیسہ کا کشتہ ایک حصہ۔ گندھک مصفا دو حصہ۔ سیاہ مرچ سولہ حصہ۔ ان سبکو باریک پیسکر ایک رتی گھی کے ساتھ کھائے تو ہیضہ پورے جسم کے درد اور تلی اور جلد ردشکم اور گلم سنگرہنی۔ دمہ۔ کھانسی۔ کف۔ بلغم۔ منداگن وغیرہ بہت سے عارضوں کو دور کرتا ہے۔

بھن رس] جاوتری تین کرش۔ مرچ سیاہ ایک پل۔ گندھک آدھا کرش۔ پارہ آدھا کرش۔ لونگ آدھا کرش۔ ریش آدھا کرش ان سب دواؤن کو املی کے تیون نسخے رس مین پیسکر گولی بنا دے اور ایک ماشہ کی گولی کے استعمال سے جو کھہ بہت بڑھتی ہے اور درد وغیرہ سب بیماریون کو یہ بہن رس دور کرتا ہے۔

شنکھلی رس] پارہ ایک حصہ۔ گندھک ایک حصہ۔ سنکھ کی راکھ چار حصہ۔ کوڑی کی راکھ چھ حصہ۔ مرچ سیاہ بارہ حصہ۔ پارہ سے چوتھائی سہاگہ۔ ان سب کو پیسکر چار ماشہ گھی کے ساتھ کھائے تو چھئی روگ دور ہو۔

شنکھ دراؤرس] آک۔ سیہنڈ۔ تھوہڑ۔ املی۔ ڈھاک۔ کالے تل۔ اپا مارگ۔ گوکھرو۔ کوڑی۔ سنکھ۔ ان سبھون کی راکھ سے پیدا ہوا کھار اور پارہ۔ پانچون نمک۔ پانچ کھار یہ سب برابر لے کر اور سبھون سے تہائی گندھک اور رہوشی۔ شورہ کسیس۔ نوسادر یہ چارون چیزین سب دواؤن کے برابر لیکر پھر ان سب کی ٹکلی کرکے لیمون کے رس مین گھوٹے پھر نال کا جنتر مین چڑھا کر چار پہر کی آنچ دے اُس مین سے سوئی کا ٹکڑا ینوالا جو رس ٹپکے اُسکو لے لے اور اُس مین سے تین رتی یا چھ رتی ٹکا سے دے۔ تو گلم۔ بواسیر۔ تلی وغیرہ بیماریون کو دفع کرے۔ یہ سنکھ دراورس فوراً فائدہ بخشتا ہے۔ اس مین ذرا بھی شک نہین ہے۔

ہیرا صاف کرنے اور مارنے کا طریقہ

کلتھی اور کودون کے کاڑھے کو دولا جنتر مین بھر کر کٹکٹیا کی جڑ کی لگدی مین ہیرا رکھکر کپڑے مین باندھکر تین دن صاف کرے تب ہیرا صاف ہو۔ اور آگ مین تپا کر گدھے کے پیشاب مین اکیس مرتبہ بجھا دے اور چھتر کھنگل لے کر اور ہرتال پیسکر دونون کا گولا

بنا کر اُس میں ہیرا رکھ کر تیز آنچ دے اور موشا جنتر میں راکھ بھاتی میں پھونک دے پھر گؤ کے پیشاب میں اکیس مرتبہ بجھا کر ہرتال کو گولے میں رکھکر پھونکے۔ اسی طرح اکیس مرتبہ پھونکے تو کشتہ تیار ہو۔ اسکا سفوف سب جگہ کام دیتا ہے۔ یا ہینگ۔ سیندھا نمک تلچی کے کاڑھے میں ڈال کر اُس میں تپا کر اکیس مرتبہ بجھا دے تو ہیرے کا کشتہ ہو جاوے یا مینڈک کو کانسے کے برتن میں بند کرے اور اُسے ڈراوے جب وہ خوف سے پیشاب کر دے تو اُس پیشاب میں ہیرا تپا کر بہت بجھا دے تو کھلکر کشتہ ہو جاوے۔

سچے ہیرے کے صاف کرنے اور کشتہ بنانے کی ترکیب] کچا ہیرا کالا ہو یا لال ہو اُس کو چودہ مرتبہ بجھا کر لال کرکے ہیرے کی طرح صاف کرے اور اسے مینڈھا سنگی کے پنچانگ کے گولے میں رکھکر موشا جنتر میں بھر سمپٹ کر پھونک دے اسی طرح سات مرتبہ کرے تو کشتہ ہو جائے۔ اور اس کو ہیرے کی جگہ دے تو فائدہ کرے۔

سب جواہرات کے مارنے اور صاف کرنے کی ترکیب

اچھے موتی۔ مانک اور مونگا۔ ارنی کا رس دے کر ڈولا جنتر میں ایک پہر سیدھ کرے تو صاف ہوں اور گھیکوار اور چولائی یا عورت کا دودھ ان تینوں میں سات سات مرتبہ مانک وغیرہ کو تپا تپا کر بجھا وے۔ مونگا۔ موتی وغیرہ سب کا تھوڑی دیر میں رنگ پلٹ جاتا ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے اور موتی۔ مونگا۔ سونا کھی کے ترکیب سے بھی کشتہ ہوتے ہیں۔ اور سب جواہرات ہیرے کی طرح صاف کرے اور مارے۔

سلاجیت صاف کرنے کی ترکیب] گرمی کی تپش سے پہاڑ سے چوا ہوا سلاجیت لاکھ کا سے رنگ کے روو ہو۔ ترپھلے کے کاڑھے اور بھنگرہ کے رس میں بھر گھوٹ کر دن بھر دھوپ میں رکھے جب سوکھ جائے تب صاف ہو۔ یا اچھے سلاجیت کا پتھر لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے زیادہ گرم پانی میں بھر رکھے پھر اُسے اُتار لے اُسے چھارک کہتے ہیں۔ یہ سفید ہو جاتا ہے اور سب پانی نہ جلے تو کاڑھا برابر رہتا ہے یہ دو قسم کے سلاجیت لوگ دوا میں دیتے ہیں۔ گریا۔ پلاش۔ بکائن۔ بہیڑہ۔ املتاس۔ مدار۔ السی۔ سینٹھ۔ چرچرا۔ پاڑ کیلہ۔ جا لگوٹہ۔ سہجن۔ مولی یہ سب چہار برگش ہیں۔

توتیا صاف کرنے کی ترکیب] بلّی کی بیٹ اور توتیا کا دسوان حصہ سہاگہ دیکر گھول کر برابر آنچ دے پھر دہی کی پُٹ دیکر پھونکے پھر شہد کی پُٹ دیکر پھونکے تو صاف ہو جائے۔

سُرمہ صاف کرنے اور مارنے کی ترکیب] سُرمہ کو باریک پیسکر چھیری کے رس مین گھول کر ایک دن دھوپ مین رکھے بعدہٗ استعمال مین لائے اسی طرح سے گیرو سیپ سہاگہ۔ کوڑی۔ سنکھ۔ پھٹکری اور چوک یہ سب صاف ہوتے ہین۔

مینسل کے مارنے اور صاف کرنے کی ترکیب] بکری کے پیشاب مین ڈولا جنتر سے تین دن پکا کر بکری کے پتّے مین سات بھاونا دے تو مینسل صاف ہو جائے۔ یا اگست کے پتّے کے رس مین سات بھاونا دے تو مینسل قابل استعمال ہو جاتا ہے۔

کھپریا کے صاف کرنے کی ترکیب] کھپریا لیکر گاے کے پیشاب سے ڈولا جنتر مین صاف کرے تو قابل استعمال ہو۔

سب دھاتون کے ست نکالنے کی ترکیب] لاہی۔ لکھمینا۔ پھٹکری پے۔ سہاگہ۔ ہرن کے سینگ۔ پیلا سرسون۔ سہجن۔ لال گنجا۔ گڑ۔ سیندھا نمک۔ جو تو کڑ کا گھی۔ شہد۔ ان مین سے اگر بعض دوا نہ ملے تو کچھ مضائقہ نہین جس دھات مین چاہے اُس مین دے اور اندھ مکھ جنتر کرکے آنچ دے تو سب دھاتون کا ست نکلتا ہے۔

گندھک صاف کرنے کی ترکیب] لوہے کی کڑاہی مین گندھک اور گھی دونون کو خوب گرم کرے جب گندھک پگھل جاوے تو چار حصّہ دودھ مین گرم گرم چھوڑ کر بجھا دے تو گندھک صاف ہو۔ اس طرح کم سے کم تین بار کرے تو گندھک صاف ہو اور کام مین لائین۔

شنگرف سے پارہ نکالنے کی ترکیب] شنگرف کو لیمون کے رس نیم کے پتّون کے رس مین ایک پہر گھوٹے پھر اُسکو ڈمرو جنتر کرکے اُتار لے تو پارہ صاف ہو اور پارہ اُڑا لینے سے بھی صاف ہوتا ہے اور قابل استعمال ہو جاتا ہے۔

پارہ کے شُدھ کرنے کی ترکیب] کال کوٹ۔ بچھناگ۔ سنکھیا۔ پیوہپن۔ ہلاہل۔ بجھتیز۔ ہلدیا۔ سنکھنک۔ سوڑا۔ شرنک۔ یہ نو زہر کے نام ہین۔ اور مدار۔ دھتورہ۔ کرباری۔ سینڈھو۔

لال کنیر - گھونگچی - افیون - یہ سات اُپ وِشھ ہین - ان سب زہرون مین رگڑنے سے پارہ
کمزور ہوجاتا ہے اور سب دھاتون کو جذب کر سکتا ہے - یا ترکٹا - دونون کھار - رائی
پانچون نمک - لہسن - نوسادر - سہجنہ کے چھال یہ سب برابر لیکر چورن کرے اور پارہ کے برابر
جھیری کا رس یا لیمون کے رس یا کانجی مین گرم کرکے تین دن رات کھرل کرے تو پارہ سب
دھاتون کو کھالے اور تول نہ گھٹے اور پارہ کے منھ ہو - یا چیتہ یا بیر بہوٹی مین تین دن
گھونٹے پھر پانچون نمک اور لیمون کے رس مین گھونٹے تو پارہ کا منھ کھلے اور سب دھاتون کو کھالے

ستار رس] تانبا - سہاگہ - گندھک - بچھ - پارہ - ہرتال - بھنگ - توتیا - سب کو مصفا کرکے
ایک گھڑی پیسے بعدہ کریلے کے رس مین حل کرنے سے رس تیار ہوتا ہے اور مصری
زیرہ - سعد کے بدرقہ سے استعمال کرے تو سردی کا بخار - ایک روز کا بخار - دو روز کا بخار
چار روز کا بخار یعنی چوتھیا فوراً دفع ہوتا ہے -

پنچامرت پرپٹی رس] لوہا - ابرک - پارہ - دونون گندھک ان کے مصفا رس سے لے کر
لوہے کے برتن مین بھر دے پھر بیر کی لکڑی کی دھیمی آنچ مین پھونک کے یہ رس تیار کرے
بعدازان گئو کے گوبر سے زمین لیپ کر کیلہ کے پتے بچھا کر اس رس کو پتون پر ڈال کر کیلے
کے پتون سے ڈھک دیوے - اس طریقہ پر یہ رس تیار ہوتا ہے - اس کے استعمال سے
سنگرہنی - اتیسار - کہنہ بخار - گچھان - تلی بخار - پیلیا - امل پت - بخار مین کھٹی ڈکار کا آنا -
بواسیر دفع ہوتے ہین - اور بھوک بہت لگتی ہے - زیرہ - سیندھا نمک - انگوزہ کے ساتھ
استعمال کرنے سے سنگرہنی - اور صرف زیرہ کے بدرقہ سے پیلیا - اور شہد پیپل کے ساتھ
استعمال سے کہنہ بخار دفع ہوتے ہین - یہ رس جملہ بیماریون کو دور کرتا ہے -

بلاسنی ملیچھ رس] گندھک اور پارہ دو حصہ لیکر ان کے ہموزن دھتورے کے بیجون کا
تیل نکلوا کر اس تیل مین گندھک اور پارہ ہر دو کو حل کرنے سے یہ رس تیار ہوتا ہے
اس کو مصری اور شہد کے ساتھ بمقدار ۲ پل (ایک وزن کا نام ہے) استعمال سے
قوت باہ بہت زائد ہو کر منی مثل پتھر ہو جاتی ہے -

دوسرا جورانکش رس] ہرن کا سینگ پیکر اسکے برابر جیت کا رس لے - اور تی

کے برتن مین رکھکر منھ بند کرے اور ایک پہر کی آنچ دے کر اُتار لے پھر آٹھوان حصّہ ہرکتال دے کر پیس لے پھر چار رتی پان کے رس کے ساتھ دینے سے بادی صفرا دور ہو یہ جور انکش رس سب بخار دن کو فائدہ کرتا ہے۔

جور ارس] پارہ - کھپریا - ہرتال - توتیا - سہاگہ اور گندھک یہ سب برابر لیکر دشت دھو صاف کرے اور کریلے کے رس مین ایک دن گھونٹ کر تانبے کے برتن مین آدھے انگل موٹی کپڑوٹی کر کے بالو کے جنتر مین دھوکر جنتر کا منھ کھلا رکھکر آنچ دے جب اُس بالو مین دھان ڈالنے سے کھیل ہو جائے تب سمجھا جائے کہ رس سدھ ہوا۔ جب آہستہ آہستہ ٹھنڈا ہو جائے تب اُسکو برتن سے چھڑا لے پھر اس جور ارس کے برابر کالی مرچ ملا کر پیس لے اور ماشہ بھر پان مین رکھکر کھلائے تو بخار جاتا رہے اور تین دن کھانے سے ہر قسم کے بخار تجاری چوتھیہ وغیرہ کو بھی فائدہ کرتا ہے۔

شیتا جور ارس] ہرتال - توتیا - تانبے کا کشتہ - پارہ مصفّٰی - گندھک مصفّٰی - مینسل - یہ سب ایک ایک قرش لے اور تربھلے کے رس مین گھونٹ کر گولا باندھے پھر مٹی کی کپڑوٹی کر کے خوب پھونک کر دار کے دودھ مین جاگونہ کی جڑ کے کاڑھے اور نسوت کے کاڑھے مین سات بھاونا دے اور ایک ماشہ رس اور پچاس کالی مرچ - چھ ماشہ گڑ - دو تلسی کے پتے ملا کر اعتقاد سے تین دن کھلائے اس رس کا نام شیتا رہے اور مریض کو دودھ بھات دے تو جوڑی - جلن - بخار - تجاری - چوتھیا - اتر یا روز آنے والا اور بخار سے پیدا ہوئے عارضے سب دور ہوتے ہین۔

جور گھن گنگا] پارہ مصفّٰی ایک حصّہ - ایلوا - پیپل - زنگی ہڑ - عاقرقرحا - کڑوا تیل - گندھک مصفّٰی - اندرائن - یہ چار چار حصّے لیکر اندرائن کے رس مین ملا دے اور چھوٹی چھوٹی گولیان باندھے - ان گولیون کو گرچ کے رس کے ساتھ دین تو بخار دور ہو۔

لوک ناتھ رس] پارہ مصفّا - دھات مصفّا دو حصّے لے اور دونون کو کھرل کرکے کجلی کرے پارہ سے چوگنا پارہ کا کشتہ اور پارہ کے ہموزن سہاگہ دونون کو کاسے کے دودھ مین گھونٹے اور پارہ سے آٹھ گنا شنکھ کا کشتہ لے کر پیس ڈالے بعدہٗ دو پیالیون مین

رکھ کر کپڑ مٹی کر کے گجپٹ کی آنچ مین پھونک دے جب ٹھنڈا ہو تب کھرنج کر نکالے
اور کھرل کرے - یہ رس چھ رتی لے اور کالی مرچ کے ساتھ کھرل کر کے بادی امراض
مین گھی اور صفراوی امراض مین مکھن اور بلغمی امراض مین شہد کے ساتھ کھلائے
اپھار کمی اشتہا اور سنگرہنی لاغری اور سوہضم کھانسی باؤگولہ ان امراض مین شہد
کے ساتھ دے اسکے استعمال کے بعد پہلے تین لگتے گھی چانول کے کھاکے پھر ایک لحظہ
بھر بغیر تکیے کے کھڑی چارپائی پر چت لیٹے بعدہٗ جس طرح چاہے سوئے کھٹائی
سے پرہیز کرے میٹھے دہی اور گھی کے ساتھ کھانا کھائے - جنگلی ہرن اور چڑیون کا
گوشت گھی مین اچھی طرح بھون کر ضرور کھائے - شام کے وقت اوٹا دودھ اور
چاول کھائے مونگ کے لڈو جس مین گھی بہت پڑا ہو کھانے کے ساتھ کھائے -
تل اور آنولے پیس کر اوبٹن لگائے اور گھی کی مالش کر کے نہائے یا کڑتک بھپارہ لے
تیل سے پرہیز کرے بیل - کریلا - مچھلی - املی - ممنت اور جاج وغیرہ کو چھوڑ دے - شراب
اچار - ہینگ - سونٹھ - ماش - مسور - میٹھا - رائی - بیر - کھٹائی سے پرہیز کرے - بہت زہریلی
کانسے کے برتن مین نہ کھائے - آم کے پھل اور ساگ سے پرہیز کرے یہ لوک ناتھ رس
اچھی ساعت مین اور اُجالے پاکھ اور بلوان چندرمان دیکھ کر خیرات کر کے کنواری لڑکی
کو کھلا کر کھانا شروع کرے کھانے کے بعد بخار ہو جاتا ہے اسکے لئے مصری بست گلو بنسلوچن
ان سب کو ملا کر دے - کھجور - انار - منقیٰ - اودھکی گنڈیری کے استعمال سے بھی گرمی دور ہوتی
ہے - یا دھان کی بھوسی گھی مین بھونکر سفوف کرے اور مصری ملا کر کھلائے یا دھنیا اور گلو کا
کاڑھا پلا دے یا خس کا کاڑھا شہد اور مصری ملا کر دے - اس سے خون پت - بلغم - کھانسی
دمہ - آواز کا پڑجانا سب اچھے ہو جاتے ہین - بے خوابی مین بھنی ہوئی بھانگ کے ساتھ کھلاوے
اپھارا اور سنگرہنی اور سوہضم مین بھی یہ دیا جاتا ہے سوبچر نمک - بڑ پیپل کے ساتھ کھلائے اور
گرم پانی پلائے تو درد شکم اور بدہضمی دور ہو - پیپل اور شہد کے ساتھ دے تو تلی - بواسیر خونی
اور رطوبت دہن کو دور کرے - ناسا ستو - ارن - انار کے رس مین دن بھر سیم - موہنکھپی کی راکھ
مصری اور شہد سے کھائے تو منھ کی رطوبت اور ہچکی دفع ہو - یہ قسم قسم کے طریقے لوک ناتھ رس

کے استعمال کیے گئے۔ اس مین بھی اسی طرح دینا جیسے مرگانک ہیم گربھ اور سوتی کا کشتہ اور پنچ۔ تناو پوٹلی کا رس ان بھسون مین اگر ہضم ہو جائے تو نہایت مفید ہے۔

مرگانک پوٹلی رس] سونے کا ورق لیکر اور اُن کے برابر پارہ ملا کر کھرل کرے پھر کچنال کے رس اور ادرک کے رس یا کریاری کے رس مین گھوٹتے جب گولی بندھ جائے تب اُس کی چوتھائی سہاگہ اور سونے کا دونا سوتی کا چون دے یا ان سب کے برابر گندھک دے پھر سب کو کھرل کرکے گولا بنائے اور کپڑ وٹی کرکے سکھا کر سروا سمپٹ کرکے نمک سے بھرے ہوئے برتن مین رکھے پھر اسکو سکھا کر گجپٹ مین پھونک دے اور ٹھنڈا ہونے پر نکال کر سونے کے برابر پارہ اور گندھک لے پہلے کی طرح رس مین کھرل کرکے پھر اسی طرح سے گجپٹ مین پھونک دے۔ جب ٹھنڈا ہو تب نکال کر دو گھونگچی رس آٹھ مرچ سیاہ اور تین پیپل کے ساتھ دے یا موافق قوت مریض کے دے اور گھی اور شہد کے ساتھ موافق مرض کے دے اور خوراک جسل لوک ناتھ رس کے دے اور عقیدے کے ساتھ اس کا استعمال کرے تو زکام اور ہیضہ اور کھانسی اور دمہ اور دق اور نفرت ان سب بیماریون مین یہ دوا بہت مفید ہے اور کمزور کو طاقت اور دُبلے کو موٹا بناتی ہے۔

کپھکیچ پریم پوٹلی رس] پارہ اور پارہ کی چوتھائی سونا لے کر کھرل کرے جب ایک ذات ہو جائے تب دونون سے دونی گندھک لے کر کچنال کے رس مین گھونٹ کر گولا بنا دے پھر موشا جنتر مین بھر کر سمپٹ مین رکھ کر کپڑ وٹی کرکے بھودھر جنتر مین پھونک دے۔ بھودھر جنتر ایک ہاتھ لمبا اور ایک ہاتھ چوڑا گڑھا کھودے اس مین ایک اور چھوٹا سا گڑھا کھودے اس چھوٹے گڑھے مین وہ کپڑ وٹی والا سراوہ رکھ کے مٹی سے داب دے اُس پر بنوا کنڈے بھر کر تین دن تک آنچ دے۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تب نکال کر اُس کے برابر گندھک لے اور ہورک یا چیت کے رس مین گھونٹ کر بڑی سیپی کوڑی مین بھر کر دوا کا آٹھواں حصہ سہاگہ اور سہاگہ سے آدھا سنگیا دونون کو سیہنڈ کے دودھ مین پیس کر کوڑی کا منھ بند کرکے پھر مٹی کے برتن مین چونہ لگا کر کپڑ وٹی کرکے گجپٹ مین

آنچ دے جب خوب ٹھنڈا ہو جاوے تب نکال کر لونگ ناتھ کی ترکیب سے کھلاوے اور مرگانگ کے طریقہ سے تین دن تپھر دے نمک سے پرہیز کرے اور جو بھودی روگ ہو تو گرچ کا رس یا گوانتھ شہد کے ساتھ دے۔ بلغمی امراض میں گڑ اور ادرک کے رس کے ساتھ دمکا اتیسار میں بھونی ہوئی بھنگ دونوں کے ساتھ دے۔ کھانسی۔ دمہ۔ گرہنی چھینی اور نفرت میں دہی اور بھانگ کے ساتھ دیوے۔ یہ ہیم پوٹلی رس حرارت عزیزی کو بڑھاتا ہے اور بلغم کو چھانٹتا ہے۔

ہیم گربھ رس کھانسی پر] پارہ چار حصہ۔ سونا چار حصہ۔ ان دونوں کو ملا کر بارہ حصہ گندھک اور ان تینوں کو کھرل کرکے سولہ حصہ موتی۔ چوبیس حصہ شنکھ۔ ایک حصہ سہاگہ۔ یہ سب کچے لیموں کے رس میں گھوٹے۔ جب گولا ہو جاوے موشا پٹ میں دھر کر مُنہ اسپادہ سکھا کر ایک ہاتھ زمین کھود کر اُس میں دھرے اور کنڈے بھر کر پھونک دے جب خوب ٹھنڈا ہو جائے نکال لے۔ چار رتی رس اور اُنتیس کالی مرچ گائے کے گھی میں پیس کر چاندی یا مٹی یا کانچ کے برتن میں رکھ کر کھلا دے۔ لونگ ناتھ رس کے موافق غذا دے۔ اس ترکیب سے کھانسی۔ دمہ۔ تپ دق۔ بادی کف۔ گرہنی اور اتیسار والے کو دیوے تو سب مرض جاتے رہیں۔

دوسرا آنند بھیرو رس] شنگرف مصفا۔ سینگیا مصفا۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ اور پیپل ان سب کو ہموزن لے کر پیسے اور موافق طاقت مریض کے ایک جوار یا دو رتی آنند بھیرو رس۔ اندرائن۔ گڑا کی چھال۔ پانچ پانچ ماشہ پیس کر رس نکال کر شہد ملا کر چٹا دے تو تردوش اور اتیسار دور ہو۔ غذا میں گائے کا دہی مٹھا اور گھی بھات کے ساتھ دے۔ ٹھنڈا پانی اور بھانگ اچھی طرح سے دھو کر چھان کر رات کو دیوے۔

لگھو سوچیکا بھرن، سنپات پر] سینگیا ایک پل۔ پارہ چار ماشہ دونوں کو کھرل کرکے تنگدار کانچ کے سروے میں بھر کر کپڑ مٹی کرکے سکھا دے اور چولہے پر چڑھا کر ہلکی آنچ پر پکا دے جب ٹھنڈا ہو جائے تو اوپر کے سروے میں لگے ہوئے رس کو چھیل لے

پھر جس شیشے مین ہوا نہ جا سکے اُسمین رکھے پھر اس شیشی سے جتنا رس نکلے اُسے سنپات ہو رچیت کا سر منڈا کے پچھنے دے جو خون نکلے اُسی زخم پر اُس رس کو ملے جو خون اور رس مین ملجائے تو بیہوش کو ہوش آجائے اسی طریقے سے سانپ کا کاٹا ہوا بھی ہوشیار ہو جائے اسی طریقے سے اگر مریض کو بخار آجاوے تو گنڈیری۔ انار۔ بجھو ہارے اور منقے کھلائے۔

جل چندر رس۔ سنپات پر] پارے کے کشتہ کے برابر گندھک اور چوتھائی سینگیا۔ سونا کھی پیپل۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ یہ سب بموزن لیکر کھرل کرکے بجلی کے پتے مین سات بھاؤنا دے اسی طرح مورے کے پتے مین سات بھاؤنا دے کر سکھائے اور دو رتی سفید موصلی کے رس مین کھلائے اور پنچ کول۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ سونٹھ۔ چیتا۔ ان کے کاڑھے مین بھی دے یہ جل چندر رس سنپات کو دور کرتا ہے۔ ٹھنڈا پانی پئے اور ٹھنڈے پانی سے ہاتھ منھ دھوئے۔ سب کام ٹھنڈے پانی سے کرے تو نہایت مفید ہے اور سنپات کے دور کرنے مین بے نظیر ہے۔

پنچ وکتر رس۔ سنپات پر] پارہ مصفا۔ سینگیا۔ گندھک۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ۔ پیپل ان کو دھتورے کے رس مین ایک دن کھرل کرے اور دو رتی سنپات مین دے تو سنپات دور ہو یا مدار کی جڑ کے کواتھ مین سونٹھ۔ سیاہ مرچ اور پیپل کے ساتھ دیوے۔ غذا مین دہی اور بھات دے۔ اسکو شہد کے ساتھ کھائے تو بلغمی امراض دور ہوتے ہین اور ادرک یا شہد کے ساتھ دے تو حرارت غریزی بڑھے۔

اُنمت رس۔ سنپات پر] پارہ۔ گندھک برابر لے اور دھتورہ کے پھل کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر اسی کے برابر ترکٹا ڈال کر پیسے اس اُنمت رس کا ناس دینے سے سنپات دور ہوتا ہے۔

ناراچ رس۔ شول پر] پارہ مصفا۔ سہاگہ۔ بموزن لیکر اسی کے برابر مرچ سیاہ۔ گندھک مصفا۔ پیپل اور سونٹھ دو دو حصے لیکر کھرل کرے اور سب کے برابر جمالگوٹہ مصفا۔ ان سب کو کھرل کرکے دو ایک رتی دینے سے مسہل کا کام دے۔ اس ناراچ رس سے اپھارہ۔ قبض۔ گولا وغیرہ سب بیماریان دور ہوتی ہین۔

اچھا بھیدی رس۔ شول پر] شنگرف مصفا۔ سہاگہ۔ سونٹھ اور پیپل۔ ایک ایک قیرش لے کر جوش دے کر ایک پل جمالگوٹہ ایک پل۔ ان سب کو کھرل کرکے گائے کے دودھ مین تین رتی دے تو دست آوین اور اس اچھا بھیدی رس سے قبض اپھار دور ہو۔

راج مرگانک رس۔ چھئی پر] گشتہ پارہ تین حصہ۔ سونے کا گشتہ ایک حصہ۔ مینسل گندھک مصفا۔ ہرتال مصفا دو دو حصہ۔ ان سب کو گھونٹ کر اور کوڑی مین بھر کر بکری کے دودھ مین سہاگہ پیس کر اس سے کوڑی کا منھ بند کرے اور سکورے مین رکھکر کپڑ وٹی کرکے سکھائے اور گجپٹ کی آنچ دے۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو نکالکر کھرل کرے اس راج مرگانک رس کو ۴ رتی دے تو چھئی دور ہو۔ اسکا استعمال ۲۹ سیاہ مرچ کے ساتھ پیپل اور شہد کے ساتھ کرنا چاہیئے۔

کھر اگنی رس] پارہ مصفا سے دوچند گندھک مصفی کھرل کرے اور دونون کے برابر گشتہ فولاد لے اور ان سب کو گھیکوار کے رس مین دو پہر گھونٹ کر برتن مین رکھے اور ارنڈ کے پتے ڈھانپ کر پہر بھر دھوپ مین رکھے جب گرم ہو جائے تب نلج کے ڈھیر مین ایک دن ایک رات رکھکر نکال لے پھر کھرل کرکے کپڑے مین چھان لے تب پانی پر ڈالنے سے تیرے گی تو جانے کہ شدھ رس بنگیا تب کام مین لائے۔

سوریا ورت رس۔ دمے پر] پارہ کی آدھی گندھک دو پہر گھیکوار کے رس مین گھوٹے پھر دونون کے برابر تانبے کے پتر لے اور اسپر یہ کجلی لیپ کرے پھر ایک دن تھال جنتر مین پکا کے کھینچ لے یا تھا لکا جنتر مٹی کی ہانڈی مین لونبھر اسی مین تانبے کا پتر دھر کے اسکا منھ بند کرکے کپڑ وٹی کرکے پھونکدے یہ سوریا ورت رس دو رتی کھلائے تو دمہ کو دور کرے۔

سوبھگنی رس] ترکٹا۔ ترپھلا۔ الائچی۔ جاپھل اور لونگ یہ سب نو حصہ لے اور سب کو کھرل کرکے شہد کے ساتھ دو نسک کھائے۔ یہ رس تپ دق درد شکم کو دور کرتا ہے۔

دوسرا سوچھند بھیرو رس] پارہ مصفا۔ لوہے کا کشتہ۔ سونا مکھی۔ گندھک مصفا۔ ہرتال مصفا۔ بچھ۔ ارنی۔ میوڑی۔ ترکٹا۔ سہاگہ کی کھیل اور سینگیا مصفا۔ یہ سب برابر کھرل کر کے ایک دن بھنڈی کے رس مین گھونٹے۔ پھر دورتی کی مقدار گولی بنا وے۔ یہ ریحی امراض والے کو کھلائے۔ راسنا۔ گرچ۔ سویودار۔ سونٹھ۔ ارنڈ کی جڑ کا کاڑھا کر کے گوگل کے ساتھ گرم گرم پلائے۔ اس طریقے سے بہت آرام پہونچے۔

پتھری وکرم رس۔ (تھری پرا) کشتہ تانبا۔ بکری کا دودھ ہموزن لے اور کسی برتن مین رکھ کے آنچ دے کر دودھ اتار لے۔ تب تانبے کے موافق پارہ مصفا اور گندھک مصفا۔ ایک دن میوڑی کے رس مین گھونٹ کر گولی بنا کر موشا جنتر مین دھر کر بالکا جنتر مین آنچ دے۔ تیار ہو جانے پر دورتی کھلائے۔ بجوڑے کی جڑ کو سمیوا کا ڑھے مین یہ رس دے یہ ماشہ بھر استعمال کراوے تو پتھری جاوے۔

مہا ہرتالیشور] ہرتال۔ سونا مکھی۔ سنکھیا۔ پارہ مصفا۔ سیندھا نمک۔ سہاگہ یہ سب ہموزن کھرل کر کے پارہ سے دوگنی گندھک لے اور گندھک کے برابر تانبے کا کشتہ جھیری کے رس مین پانچ دن گھونٹے سراو سمپٹ مین دھر کپڑ مٹی کر کے بھو دھر جنتر مین پھونک دے اسی طرح چھ بار پھونکے پھر نکال کر بجے سار رس مین پانچ دن پہلے کی طرح گھونٹے تب چھ پل رس لے تانبے کا کشتہ ۲ پل۔ لوہے کا کشتہ ۴ پل۔ یہ تینون جھیری کے رس مین ایک دن گھونٹ کر دس کنڈے مین پھونک دے اس بھسم کا تیسوان حصہ سینگیا دے کر کھرل کرے اور ۲ ماشہ بھینس کے رس مین روزانہ کھائے اسکے بعد باپچی کا چورن ۲ ماشہ شہد یا گھی کے ساتھ کھائے تو سب قسم کے کوڑھ دور ہون۔

کشٹھ کٹھار رس] پارہ کا کشتہ۔ گندھک مصفا۔ لوہے کا کشتہ۔ تانبے کا کشتہ۔ گوگل۔ ترپھلا۔ بکائن۔ چیتا۔ شلاجیت مصفا۔ ان سبکو دو دو شان بھر لے اور کچے ریٹھے کے بیجون کا چورن جو سنٹھ شان بھر کشتہ ابرک ۲۴ شان ان سب اوشدون کو کھار کے برابر گھی مین سان کر گھی کے برتن مین بھر کر رکھ چھوڑے۔ پھر آدھ ماشہ کھلائے تو سب قسم کے کوڑھون کو دور کرے اس کشٹھ کٹھار رس سے نشٹ ہوا کوڑھ بھی اچھا ہو جاتا ہے۔

اودیادتیہ رس] پارہ مصفا سے دو دنی گندھک ساوتھ گوارکے رس مین ایکدن گھونٹے
پھر اُسکا گولا باندھ کر مٹی سے تین مین رکھکر اُسکے اوپر ایک کٹوری جو پارہ سے تگنے
تانبے کی گہری بنی ہو ڈھک دے اور ڈھکنے سے چارون طرف رات بھر چولھے پر چڑھاو
اور دو پہر تک آنچ دے اور اُس تانبے کی کٹوری پر گوبر ملا ہوا پانی چھوڑتا جائے بعدہٗ
تیز آنچ دے اور ٹھنڈا کرکے اُتار لے پھر کٹھ گولر چیتا۔ ترپھلا۔ املتاس۔ چترک۔ نگم باپچی
ان کا کواتھ کرکے اسکی بھاونا دیکر ۱۲ دن گھونٹے اور دو رتی بھر اس رس کو کھدسار کے کواتھ
اور گا سے کے دودھ یا ترپھلے کے کواتھ مین سان باپچی کا چورن ملا کر دے اس طرح کے
استعمال سے تین دن مین ہر قسم کا جذام اور سات دن مین سفید کوڑھ دور ہوتا ہے۔ لگانے
کی دوا۔ نیل کے پتے گھونگچی۔ کیس۔ دھتورہ۔ ہنس پد۔ سورج مکھی۔ چھوٹی دنیا۔ یہ سب
برابر لے کر جہان پھوٹا ہو وہان لیپ کردے تو سات دن مین گلتا ہوا کوڑھ اچھا ہو
اُس سفید کوڑھ کو بھی جو قابل علاج نہ ہو فائدہ کرتا ہے۔ اسی طریق پر رشیون نے اور بھی
لیپ بتلائے ہین۔ گھونگچی اور چیتا پانی مین پیسکر لیپ کرے تو سفید کوڑھ دور ہو۔ مینسل
اور چرچرے کی راکھ پیسکر لیپ کرنے سے بھی سفید کوڑھ دور ہوجاتا ہے۔

سروریشور رس۔ کوڑھ پر] پارہ مصفا ایک پل۔ گندھک مصفا چار پل۔ اور ایک پہر
کھرل کرے پھر تانبے کا کشتہ۔ ابرک کا کشتہ۔ لوہے کا کشتہ۔ سیندور مصفا ایک ایک پل
لے اور دو پل ہرتال کا ست لے۔ بھجیری۔ دھتورہ۔ کسا سینہر۔ مدار۔ بکائن۔ کلیلا کرنج پل
ان سب کے رس مین ایک ایک دن بھاونا دیکر گھونٹے اس طریقے سے سات دن کرے پھر
سکھا کر اور کپڑوٹی کرکے بالوجنتر مین تین دن تک نرم نرم آنچ دے اور اُسکو نکالکر چورن
کرکے ایک پل سونگیا۔ اور دو پل پیپل کا چورن ملا دے پھر دو رتی شہد کے ساتھ کھلاو
اور اوپر سے باپچی اور وائیبڑنگ کا چورن ترش بھر رینڈی کے تیل مین ملا کر چٹا دے تو سفید کوڑھ
دور ہو۔

میگھ ناد رس] پارہ مصفا۔ کشتہ خبث الحدید۔ سونا مکھی مصفا۔ مینسل کشتہ لوہا۔ شلاجیت
مصفا۔ ترکٹا۔ ترپھلا۔ جھربیری کی منگی۔ کیتھا اور ہلدی ان سب کو باریک کرکے بھانگرے

ـنے کے رس مین گھوٹنے جب سوکھ جائے تب چار ماشہ رس ملائے۔ اور کھائے تو میٹھ ناس ہو
بکائن کے چھ بیج دے اور پیسہ بھر چاول کا دھوون اور آٹھ ماشہ گھی ان سب کو ملا کر پئے
تو پرانا پرمیھ بھی دور ہو جاتا ہے۔

مینتھ رس جلودر پر) پارہ ۲ پل۔ گندھک ۲ پل۔ ہلدی۔ ترپھلا۔ بڑان سبھون کو دو دو
پل لے اور نسوت۔ سجے پال۔ چیتا ان سبھون کو تین تین پل لے اور ترکٹا۔ جال گوٹڑ کی
جڑ۔ سفید زیرہ۔ یہ آٹھ آٹھ پل لے پھر سب کو ملا کر کھرل کرے پھر جینتی رس سینھڑ کا دودھ
بھانگرے کا رس یا کاڑھا اور رینڈی کا تیل ان سبھون مین سے بعد دیگرے سات
بھاونا دے۔ اس مینتھ رس کو چار ماشہ گرم پانی سے اُتار جائے جب پاخانہ ہو جائے
تب شام کو بھوکھ لگنے پر مٹھا۔ چاول۔ کالا نمک کھلائے یا گرم پانی پئے تو پیٹ کے
سب روگ دور ہون اور موڑھ دات بھی جائے۔

بڈ یادھر رس) گندھک مصفا۔ ہرتال۔ سونا مکھی۔ گشتہ تانبہ۔ مینسل۔ پارہ مصفا ان سبکو
برابر لیکر کھرل کر پھر پیپل کے کواتھ مین دن بھر کھرل کرے ایک دن سینھڑ کے دودھ
مین گھوٹنے پھر دو ماشہ ہمراہ شہد کے چاٹے تو گلم (باؤ گولا) تلی دور ہون اس رس کو
چاٹنے کے بعد دودھ بھی پیئے۔

تری نیتر رس) سُہاگہ۔ ہرن کا سینگ۔ گشتہ سونا۔ گشتہ تانبہ۔ پارہ مصفا ان سب کو
ایک دن تک ادرک کے رس مین گھوٹنے پھر گجپٹ مین پھونکدے اس تری نیتر رس کو
ایک ماشہ گھی اور شہد مین چاٹے اس کے بعد سینڈھا نمک۔ زیرہ۔ ہینگ۔ گھی
اور شہد بھی چاٹے اسی طرح مہینہ بھر مزاولت کرے تو پسلی کے درد کو دور کرے۔

بجر کیسری رس) پارہ مصفا دو حصہ گندھک مصفا لے اور دونون کو خوب گھوٹے دونون کے
برابر گشتہ تانبہ لے اور ملا کر سمپٹ کرے پھر مٹی کے برتن مین نمک کے بیچ مین سمپٹ کو رکھکر
گجپٹ کی آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جائے نکال لے پھر کھرل کر کے پکے پان کے رس مین
کھلائے تو سعل (درد) دور ہو سکے اور پھٹکی ہینگ۔ سونٹھ۔ زیرہ۔ پیچ خراسانی مرچ سیاہ
ان سبکے چورن کو گرم پانی کے ساتھ پئے تو لا علاج درد دور ہو۔

ادھو شُنڈی رس] پارہ مصفا۔ بش مصفا۔ گندھک مصفا تینوں اجمود[1]۔ ترپھلا۔ سجی۔ جواکھار۔ چیتا۔ سیندھا نمک۔ زیرہ۔ نمک سیاہ۔ باوبڑنگ۔ گنگا نون۔ ترکٹا۔ ان سب کو برابر لیکر سب کے برابر کچلا مصفا لیکر بھیری کے رس میں چھوٹی مرچ سیاہ کے برابر گولی بناکر کھائے تو قبض جاتا ہے۔

اجیرن کنٹک رس] پارہ مصفا سینگیا مصفا۔ گندھک مصفا برابر لیکر کھرل کرے اور سب کے برابر مرچ سیاہ دے۔ بھٹکٹیا کے رس میں بھگو کر اکیس بار گھونٹے اور تین رتی کی گولی بناکر کھائے اس گولی سے قبض دور ہو۔ اور ہیضہ بھی دفع ہو۔

مانت پان بھیرو] کشتہ پارہ اور کشتہ تانبا۔ ہینگ۔ پشکر مول۔ سیندھا نمک۔ گندھک مصفا ہرتال مصفا۔ کٹکی۔ سب کو برابر لیکر کھرل کرے اور گدا پورنیا۔ بیدال۔ میوڑی۔ چولائی کی جڑ۔ ترلی۔ ان سبھوں کے رس میں یکے بعد دیگرے گھونٹے پھر ماشہ بھر شہد کے ساتھ کھائے اور اوپر سے نسپاوک کو اتھ پیئے تو تمام امراض دور ہوں۔

وات ناشک رس] پارہ مصفا۔ سونا مصفا۔ لوہا مصفا۔ ہیرا مصفا۔ سونا مکھی مصفا۔ ہرتال مصفا۔ سرمہ مصفا۔ توتیا مصفا۔ افیون خالص ہموزن سے کر اسی مقدار میں پانچوں نمک لے اور سب کو سیہنڈ کے دودھ میں کھرل کرکے سمپٹ میں رکھ کر بھودھر جنتر میں پکا دے پھر ماشہ بھر ادرک کے رس میں کھائے تو سب ریحی امراض دور ہوں۔ یا پیپلامول کے کواتھ میں پیپل ملا کر کھائے تو سب قسم کے واد دور ہوں۔

کنک سُندر رس] کشتہ سونا آٹھ حصہ۔ کشتہ پارہ بارہ حصہ۔ گندھک مصفا بارہ حصہ۔ کشتہ تانبا ۲ شان۔ کشتہ ابرک ۳ شان۔ کشتہ سونا مکھی ۲ شان۔ بھنگ کی بھسم ۲ شان۔ سرمہ کی بھسم ۳ شان۔ کشتہ لوہا ۵ شان۔ کشتہ بش ۴ شان۔ کریاری ایک پل۔ ان سب کو آنولے اور بھیری کے رس میں کھرل کرکے سمپٹ میں تھوڑی آنچ سے پھونکے پھر کھرل کرکے ماشہ بھر کھلائے تو سنپات دور ہو۔ اور ادرک دلسن کے رس میں کھلائے تو کوڑھ بسرپ بھگندر رنجار اور زہر خوردہ کو مفید ہے۔

[1] یعنی اجوائن یوسی و اجوائن خراسانی و اجمود ۱۲

بھیرو رس] پارہ تین ٹنک۔ گندھک تین ٹنک۔ ان دونوں کو گھونٹ کر کجلی کرکے تانبہ
چاندی۔ پیتل۔ بنگ۔ فولاد۔ ان کی قرش قرش بھر بھسم لیکر سہجنے کی جڑ کا رس۔ سونٹھ کا
کاڑھا۔ بیل کے پھل کا رس چولائی کے رس وغیرہ میں پہر پہر گھونٹ کر گولا باندھے۔ پھر
اس گولے کو نمک سے بھرے ہوئے دو کانچ کے پیالوں کے سمپٹ میں رکھکر کپڑ مٹی کرکے
پھر ایک مٹی کے برتن میں رکھکر بالکا جنتر کرکے دو پہر تک آنچ دے جب ٹھنڈا ہو
تب نکال کر اس میں ایک قرش مونگے کا چورن۔ بیش شان بھر کالے سرپ کے زہر
کے ساتھ ایک دن کھرل کرے پھر کانچ کے شیشے میں بھر کر دو پہر کی آنچ دیوے جب
ٹھنڈا ہو تب نکال کر چورن کرکے تگر۔ موصلی۔ جٹا مانسی چوک جگنا تھی۔ پیپل۔ نیل
نیم کی پتی۔ الائچی۔ چیتا۔ کٹ سرتا۔ سونف۔ بن توری۔ دھتورہ۔ اگست۔ سنٹھی
مہوہ۔ چنبیلی۔ سنبھل وغیرہ کے رس میں یا کاڑھے میں ایک ایک بار گھونٹ کر سکھا
رکھے پھر اس رس کو سنیات میں سیاہ مرچ دو رتی جھیری یا ادرک کے رس میں دے
یہ رس شارنگ دھر میں لکھا ہے۔

گرہنی کپاٹ رس] چاندی۔ موتی۔ سونا اور لوہا ان کا کشتہ ایک ایک حصہ۔ گندھک
مصفا دو حصہ۔ پارہ مصفا تین حصے لیکر کھرل کرکے پھر اس کو کیتھے کے رس میں کھرل
کرکے ہرن کے سینگ میں بھر کر تیس کنڈے کی آنچ دے جب ٹھنڈا ہو تب نکال کر
بریارہ کے رس میں سات بار کھرل کرے پھر چرچرے کے رس میں تین بار کھرل کرے
پھر پٹھانی لودھ۔ اتیس۔ موتھا۔ دھائے کے پھول۔ اندر جو اور گلو ان کے رس میں سلسلہ وار
تین تین بار گھونٹے اور ماشہ بھر شہد اور مرچ ملا کر چاٹے تو اتیسار اور سنگرہنی دور کرکے
حرارت غریزی بڑھا دے۔

بجر کپاٹ رس] پارہ اور ابرک کا کشتہ۔ گندھک مصفا۔ جوا کھار۔ سہاگہ۔ اریلی۔
بیج بول اور خراسانی بچ ان سب کو ہموزن لے اور جھیری اور بھانگرے کے رس میں
تین دن تک گھونٹ کر گولا بنا کر سکھائے اور لوہے کی کڑاہی میں دھر کر اوپر سے
مٹی کا برتن ڈھانپ دے اور چار گھڑی تک دھیمی دھیمی آنچ دے پھر اس کو اتار کر

اُس کے موافق اتیس۔ موتھا۔ رس ڈال کر کیتھ اور بھنگرے کے رس میں سات بار گھونٹے پھر دھائے کے پھول۔ اندرجو۔ موتھا۔ لودھ۔ پیپل اور گرچ۔ ان کے رس میں ایک ایک بار گھوٹ کر سکھالے پھر اس رس کو ماشان بھر شہد کے ساتھ کھاوے اوپر سے چیتا۔ سونٹھ۔ باگانک پیپل۔ سیندھانمک۔ ان سب کو برابر چورن کرکے گرم پانی کے ساتھ کھائے تو سنگرہنی دور ہو۔

مدن کامدیو رس] چاندی۔ ہیرا۔ سونا۔ تانبا۔ ان سب کا کشتہ۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ لوہا مصفا تینون سے کر ان ساتون کو سلسلہ سے بڑھا ہوا حصّہ لینا۔ دایک سے ایک دونا) و ر گھیکوار کے رس میں گھونٹ کر شیشی مین بھر کر کپڑ و ٹی کرے اور مٹی کے برتن مین تپ اور نمک بھر کر بیچ مین شیشی دھر کر سمپٹ بنائے اور چولھے پر دھر کر دھیمی دھیمی آنچ دن بھر جلاوے پھر نکال کر مدار کے دودھ مین کھرل کرے پھر اسگندھ کا کولی بنا بھی۔ اسگندھ۔ کوانچ۔ موصلی۔ تالمکھانہ اور ستاور ان کے رس مین تین تین بھاؤنا دے پھر کمل کی جڑ سے اور کسیرا اور کانس ان مین بھی تین بھاؤنا دے اور کستوری۔ ترکٹا۔ کپور۔ شیتل چینی۔ الائچی چھوٹی۔ لونگ۔ سب کو باریک پیس کر پھر پہلے تیار کیا ہوا چورن۔ اس کا آٹھوان حصّہ کستوری والا چورن ملاکر سب کے برابر شکر ملاوے اور پانچ ماشان بھر کھائے اور آدھ سیر بھر دودھ پیے اور میٹھی چیزیں کھائے اسکے کھانے سے دھات بڑھے اور قوت زیادہ ہو۔

کندرپ سُندر رس] پارہ مصفا۔ ہیرا مصفا۔ موتی۔ چاندی۔ سونا ابرک ان پانچون کا کشتہ ترش ترش بھر لے کر کھیرے کے کواتھ مین ایک دن گھونٹے پھر سونگے کا چورن۔ گندھک مصفا دو دو ترش ملاکر اسگندھ کے رس مین ایک دن گھونٹے۔ پھر ہرن کے سینگ مین بھر کر کپڑ و ٹی کرکے تھوڑی آنچ مین پھونک دے پھر دھائے کے پھول کے رس یا کواتھ مین بھاونا دے۔ پھر کاکولی بنا۔ آسن۔ ملیٹھی۔ جٹا بانسی بریار۔ گل سکری۔ گلگی۔ بھسینڈہ۔ سنگوٹ۔ منقی۔ پیپل کا بادی کٹ سریا۔ بن مونگ۔ گدھ پورنی۔ خالص کسیرو۔ مہوہ۔ کیوانچ کے بیج۔ ان سب کے رس مین ایک ایک بھاؤنا دے کر سکھائے

پھر کھرل کرے۔ بڑا الائچی چھوٹی۔ تج۔ پترج۔ بنسلوچن۔ لونگ۔ اگر۔ کیسر۔ موتھا۔ کستوری
پیپل۔ سگندھ بالا۔ اور کافور۔ ان سب کا چورن شان بھر لے اور شان بھر پہلا کندرپ
سندر رس اور کھانڈ۔ آنولہ۔ بدری تھند۔ ان سب کو ملا کر قرش بھر گھی رات میں جو شخص
کھائے اور دودھ پیئے تو کثرت کے ساتھ جماع کرنے سے بھی قوت زائل نہ ہووے۔

لوہ رسائن | پارہ اور گندھک شدھ ایک ایک حصہ لے گھونٹ کر کجلی کرے پھر تین حصہ
فولاد کا کشتہ لے اور کجلی کے ساتھ پھر پھر گھونٹے بعدہ گھیکوار کے رس میں تین روز
تک دھوپ میں گھونٹے جب دھواں اٹھتے اٹھتے سخت ہو جائے تب گولا باندھ کر
ارنڈ کا پتہ لپیٹ کر تانبے کے برتن میں رکھ کر دھوپ میں تین دن تک گاڑ دے پھر
نکال کر دھوپ میں رکھ کر سبزہ کے رس میں تین دن بھگووے جب سوکھ جائے تب
سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ تینوں کا تین کواتھ کر کے تین بھاونا دے پھر روسہ۔ گرچ۔ چیتا
ان کو ہر ایک کے رس میں تین تین بھاونا دے اور جل سے نکال کر لوہے کے برتن
میں رکھ کر ترپھلا میں گھونٹ کر میوڑی۔ انار کا چھلکا۔ بھسینڈ۔ بھنگرہ۔ کٹ سریا
پلاس۔ کیلے کا رس۔ سنبھالو کے رس کا کواتھ۔ نیل۔ منڈی کا رس۔ ببول کی
پھلی۔ فالسہ۔ ان سب کے رس یا کواتھ میں تین بھاونا دے۔ پھر پہ بارہ ستاور
گوکھرو۔ چھر بٹ۔ ان کے رس میں تین تین بھاونا دے۔ جب سب مل جائیں
پھر سویرے آٹھ ماشہ یہ لوہ رسائن رس گھی اور شہد میں کھلا دے اور اوپر سے
پل بھر ترپھلا کا کواتھ پیئے۔ یہ اس کا طریقہ استعمال ہے۔ اگر اس کا روزانہ تین
تین ماشہ استعمال کرے تو بال سفید نہ ہوں اور چہرے پر جھری نہ پڑے۔ بدہضمی
دمہ۔ کھانسی۔ پانڈ۔ کھت۔ ریگی امراض۔ ان سب کے لئے ترپھلے کے ساتھ
کھاوے اور پیپل اور شہد کے ساتھ کھائے تو طاقت خوبصورتی اور عمر کو
بڑھاوے۔ اسی طرح لوہ کھانے والا سفید کدو۔ تل کا تیل۔ ماش۔ رائی۔ شراب
کھٹائی ان چیزوں سے پرہیز کرے۔

باب چوبیسوان

یہ سب آسون کے بنانے اور شلاجیت کے صاف کرنے اور جواکھار وغیرہ بنانے کی ترکیب اور چنا کھار کے صاف کرنے اور تیل ملنے اور لیپنا لوانے اور عمل حقنہ وغیرہ کے دھوئین کی ترکیب اور خون کے پھڑانے کی ترکیب اور آسو بنانے کی ترکیب ور دسمول کی چیزین

دسمول آسو کی ترکیب] سال پرنی - پرشٹ پرنی - دونون کٹیلی - گوکھرو بیل - ارنی ارلو - کھار - پاڑھل - ان سب کی جڑ دس تولہ - چترک ۵ تولہ - پہکرمول ۵۰ تولہ - لودھ چالیس تولہ - گلو ۴۰ تولہ - آملہ ۳۲ تولہ - دھماسہ ۲۴ تولہ - کھیر سار ۲۴ تولہ - بیجہ سار ۲۴ تولہ - پوست ہلیلہ ۲۴ تولہ - کوٹ ۱۹۲ تولہ - مجیٹھ ۲۴ تولہ - دیودار ۲۴ تولہ - بابڑنگ ۴ تولہ - ملیٹھی چار تولہ - بھارنگی ۴ تولہ - کتھ چار تولہ - پوست بہیڑہ ۴ تولہ - ساٹھی کی جڑ ۴ تولہ - پدماکھ ۴ تولہ - ناگ کیسر ۴ تولہ - ناگر موتھہ ۴ تولہ - چب ۴ تولہ - بالچھڑ ۴ تولہ - پرینگو کے پھول ۴ تولہ - سفید سرسون ۴ تولہ - زیرہ سیاہ ۴ تولہ - نسوت ۴ تولہ - سمھالو ۴ تولہ - راسنا ۴ تولہ - پیپل ۴ تولہ - سپاری ۲ تولہ - کچور ۲ تولہ - زرد چوب ۴ تولہ - سونف ۴ تولہ - اندر جو ۴ تولہ - کاکڑا سینگی ۴ تولہ - کاکولی ۴ تولہ - کھیر کاکولی ۴ تولہ - ردھی ۴ تولہ - بردھی ۴ تولہ - منقیٰ ۱۲۸ تولہ - شہد ۳۲ تولہ - دھوئی کے پھول ۵ ثار - بیر جھاڑی ۵ ثار - بیل کا پوست ۵ اثار - ان سب کو آٹھ گنے پانی مین اوٹا کر اس کا چوتھا حصہ رکھے یا ان کو جو کوٹ کرکے بڑے مٹکے مین بھرے اور اس کے موافق پانی ڈالے اور باقی مین عمدہ ایک من پختہ قند سیاہ ملاوے اور گھورے کی زمین مین اس مٹکے کو گاڑ کر مٹکے کا منھ ڈھک دے اور ۱۰ دن کے بعد جب اس کا چاو اٹھے تب اس جاوے کو اور مٹکے مین بھرے اور شراب نکالنے کے جنتر سے دوسرے برتن مین اسکو نکال لے اور اس آلہ کے منھ پر ان خوشبودار چیزون کی پوٹلی اور دو اسے - خس - صندل کا چور - جاپھل - لونگ - دارچینی - الائچی - تیزپات - کیسر - پیپل - یہ سب چار چار تولہ اور کستوری ۴ ماشہ ان کو باریک پیسکر اس آلہ کے منھ پر پوٹلی

رکھے اور اسی طرح یہ آسو بناوے پھر اس کو پرانا کرکے چار تولہ بھر یا انداز کے موافق ملتے یعنی شراب پینے کے باب مین جو اُسکے پینے کی ترکیب لکھی ہے اُسی کے موافق سے پیوے چھی کی بیماری سنگرہنی نفرت سول دمہ کھانسی بھگندر بادکی سب بیماریان گولہ بواسیر جریان ضعف معدہ بیماری شکم پتھری موتر کرچھر جس مین سوزش سے پیشاب ہوا ان سبکو دور کرتا ہے اور بھوکھ زیادہ کرے اور باہ کی ضعیفی کو دور کرے بدن مین تازگی لاوے بدن مین منی بہت بڑھ جاوے یہ دشمول آسو کی ترکیب ہے۔ اسی طرح سب آسو داکھ اور انگور کا بناوے۔

موصلی پاک کے بنانے کی ترکیب] سفید موصلی پاؤ بھر۔ کونچ کے بیج ڈھائی درم۔ بدھارے تند ڈھائی درم۔ گوکھرو ڈھائی درم۔ چھتاور ڈھائی درم۔ کھریٹی کے بیج ایک درم۔ پوست کنگرون دو تولہ۔ زنجبیل چار تولہ۔ ان کو باریک پیسکر ان کے برابر گائے کے گھی مین ان کو مخلوط کرکے دس سیر دودھ مین پکاوے اور عمدہ کھلا ہوا ماوا بناوے پھر ایک سیر شکر لڈو کی سی چاشنی بناوے اور اس چاشنی مین یہ ماوا ڈالے۔ اور یہ دوا چاشنی مین ڈالے مرچ دو درم۔ پیپل دو درم۔ زنجبیل دو درم۔ دارچینی دو تولہ۔ تیرج پانچ تولہ۔ الائچی دو تولہ۔ ناگ کیسر ۲ تولہ۔ کستوری ۴ ماشہ۔ لونگ دو تولہ۔ جائپھل دو تولہ۔ جاوتری دو تولہ۔ بنسلوچن دو تولہ۔ یہ دوائین جُدا جُدا پیسکر اس چاشنی مین ڈالے اور سار بنگ۔ ابرک مرگانگ اور ہر گوری رس یہ بھی انداز کے موافق چاشنی مین ڈالے۔ پھر ان کو خوب مخلوط کرکے دو دو تولہ بھر کی گولیان بناوے اور ایک گولی صبح اور شام کھاوے تو بدن مین تازگی لاوے اور پرمیہ یعنی جریان وغیرہ کو دور کرے۔

سلاجیت کے صاف کرنے کا طریقہ] سلاجیت یعنی پہاڑ کے مد کو سے کرتا جس مین سے وہ نکلا ہو اُس پتھر کو لے کر پھر اس سلاجیت کو گائے کے دودھ مین یا ترپھلے کے کاڑھے مین یا بھانگرے کے رس مین بھگو دے ایک روز کے بعد برتن مین خوب بیا کر مسلے پھر اُسکو کپڑ چھان کرکے دھوپ مین رکھکر سکھاوے تو وہ صاف ہو یا شلاجیت کی کنکری لے کر گرم پانی مین دو پہر رکھکر مسلے اور مٹی کے برتن

مین کپڑے سے چھان کر اس برتن کو دھوپ مین رکھے اور اوپر کا پانی اسکا دوسرے برتن مین نتھارے اسی طرح بار بار دو مہینے عمل کرے تو وہ شلاجیت صاف ہو اگر آگ مین ڈالا جاوے تو دھوان نہ دے اور مانند اعضاء تناسل کھڑا ہو جاوے تو صاف جانئے یہ قوت باہ کو نہایت مفید ہے اور بدن مین تازگی لاتا ہے۔

جواکھار وغیرہ سب کھارون کے بنانے کی ترکیب] کچے جو کاٹ کر سکھالے اور ان کو جلا کر خوب راکھ کرکے اسکو برتن مین دو دن تک بھگووے پھر تپائی مین کپڑا باندھکر اس مین وہ راکھ مع سب چیزون کے پانی مین ڈالدے جب تک اس مین سے کھاری پانی نکلے تب تک اور پانی ڈالتا جاوے پھر اس پانی کو کڑاہی مین چڑھا کر وہ پانی خشک کر ڈالے جب اس کڑاہی مین مثل اوس نمک کے کھار جمے عمدہ جواکھار سمجھنا چاہیئے اسی طرح سب کھار بنا لینے چاہیئن۔

چنا کھار کے بنانے کی ترکیب] ماگھ کے مہینے مین چنے کے کھیت ہوتے ہین چنانچہ ایک کھیت پر ایک باریک کپڑا تین چار گھڑی تڑکے کوئی ہوشیار آدمی گھما لاوے اور وہی کپڑا ہر روز پندرہ دن تک گھماوے اور ہر روز سکھاتا جاوے تو اس مین کر خشکی ہو پھر اس کپڑے کو پانی مین کسی کڑاہی مین بھگووے اور کپڑے سے وہ پانی چھان کے پھر کڑاہی مین وہ نتھارا ہوا پانی ڈالکر مثل چاشنی کے گاڑھا کرکے کسی برتن مین بھر رکھے تو وہ چنا کھار بنجاوے یہ بہت ترش ہوتا ہے۔

سنیہ یعنی تیل ملنے کی ترکیب

سنیہ چار قسم کے ہین۔ گھی۔ تیل۔ بسا یعنی صاف گوشت کی چربی اور مجا یعنی ہڈیون کی مینگی یہ چارون سنیہ فربہی لاتے ہین۔ بید کو چاہیئے کہ ان چارون کو آفتاب کے نکلنے کے وقت آدمی کو پلاوے ان مین بھی دو قسم ہین استھاور جنگم۔ استھاور کے یعنی ہین کہ جہان پیدا ہو وہین قائم رہے اس قسم کے سنیہ بہت قسم کے ہین اور جنگم کے معنی ہین کہ متحرک ہو اس مین گھی اچھا ہے۔

سنیہ کے بھید] گھی اور تیل ملاوے اُسے یمک کہتے ہین اور گھی تیل اور چربی ملا کے

اسے ترودت کہتے ہیں اور گھی اور تیل اور چربی اور ہڈی کی چربی گودا ملا ہوا اسے مہان کہتے ہیں

اسنیہ پان] گرم ردگی کو گھی تین دن۔ تیل چار دن۔ چربی پانچ دن۔ ہڈی کا گودا چھ دن اور گھی وغیرہ سات دن پلاوے کیونکہ زیادہ دن کے استعمال سے مانند خوراک ہو کر فائدہ نہیں کرتا۔

اسنیہ کا وزن] بلغم وغیرہ کے فساد۔ موسم۔ وقت۔ جٹھراگن۔ عمر۔ کمزوری۔ زائد طاقت۔ اوسط طاقت کے خیال سے۔ ادنیٰ۔ اوسط۔ زائد وزن مریض کو گھی کی اور اسنیہ وغیرہ کی دینی چاہیئے۔ بیماری کی حالت اور طاقت بغیر سمجھے کم و بیش یا غیر وقت یا خلاف کھانا نہ کھانے اور بہار کرنے سے ورم۔ بواسیر۔ اونگھائی۔ نیند۔ اور بے صبری یہ بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ ہر دو وقت بغیر خواہش کم و زیادہ اور دریس اور وقت کے خلاف ہونے پر کھانے کو تھیا بار کہتے ہیں اور بے وقت محنت کرنا۔ بغیر موسم یعنی گرمی میں دھوپ سردی میں پانی کا زیادہ استعمال اور ننگا بدن۔ وغیرہ کو متھیا بہار کہتے ہیں۔

خوراک کی مقدار] تیز اگن والے کو گھی وغیرہ اسنیہ کی ماترا ایک پل۔ اوسط اگن والے کو تین قرش اور مند اگن والے کو دو قرش دینا مناسب ہے۔ رش لوگ گھی وغیرہ کو اوسط درجہ کی ماترا کہتے ہیں وہ تین طرح کی ہیں۔ اول محتی یعنی جو آٹھ پہر میں ہضم ہو۔ دوسری جو ایک دن میں ہضم ہو۔ تیسری الپ جو دو پہر میں ہضم ہو۔ ان تینوں ماتراؤں میں تیل کا اندازہ نہیں ہے چنانچہ اُستاد سے جتنا ہضم ہو۔ سب ماتراؤں میں سے الپ بتادے تو فائدہ بخشے ہے۔

بخاری خوراک کا فائدہ] الپ ماترا دو قرش کی ہے وہ اگن کو روشن کرتی ہے اور خواہش مباشرت پیدا کرتی اور بادی کو دفع کرتی ہے اور مدھم ماترا تین قرش کی ہے یہ بدن کو مضبوط کر کے قوت باہ کی ترقی دیتی اور غفلت کو دور کرتی ہے اور جیشٹھ ماترا پل بھر کی ہے۔ یہ بیس طرح کے کوڑھ باؤلاپن۔ بھوت پریت وغیرہ کی بادھا اور مرگی کو دور کرتی ہے۔

بیماری کے مطابق بدرقہ] صفرا کی ترقی میں صرف گھی اور ترقی بادمیں گھی ا۔

سینہ جانکہ۔ بلغم مین سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل اور سار پیس کر گھی مخلوط کرکے پلاوے اور خشکی چھاتی کے زخم اور زہر کی گرمی۔ باد۔ صفرا کی شکایت۔ کم عقلی۔ ہوش کا بگڑنا۔ ان سب بیماریون مین گھی ضرور پلانا چاہیئے۔ اور کرم بکار۔ ترقی باد۔ بلغم ترقی چربی مین تیل کا استعمال کرانا مناسب ہے۔ اور جو تیل خلاف مزاج ہو تو ترقی اگن کی بھی کرے گا جو آدمی زیادہ محنت کرنے سے دبلا۔ تکلیف زدہ کمی باہ خشک خون۔ بدن مین درد۔ سبسک۔ اچھیپک وغیرہ۔ باد۔ اور بلشتھ باؤ۔ ان مین چربی پلانا مناسب ہے۔ اور شکم کا بگاڑ مقصد باد بادکی ترقی تیز اگن والے مریض کو چربی پلانا مناسب ہے۔ ان سب ترکیبون سے تندرستی قائم رہتی ہے۔

اسنیہ کے پینے کا وقت] موسم سرما مین دن کو۔ موسم گرما مین رات کو اور باد اور صفرا کی ترقی مین رات کو ترقی باد اور بلغم مین بھی دن مین پلانا چاہیئے۔ گھی اور تیل وغیرہ کا استعمال زیادہ تر سونگھنے۔ مالش کرنے۔ کلی کرنے۔ ناف مین والنے کو۔ کان اور آنکھ مین ڈالنے کو اور گھی اور تیل کا استعمال موافق حالت مریض کو کرایا جائے۔

اسنیہ کے پینے کا بدرقہ] گھی گرم پانی کے ساتھ پیئے اور تیل شوربے کے ساتھ پیئے۔ اور چربی اور گودے کو چاول کی پیچ کے ساتھ پیئے۔ ان چیزون کے ساتھ پینے سے صحت ہو اور جسکو یہ بدرقے پسند نہون اُس کو اناج کے ساتھ دے اور لڑکون بڈھون کمزورون اور دُبلون کو گرمی کے دنون مین چاول کے ساتھ دیا جائے

اسنیہ یواگو (کھچڑی)] تل کو کوٹ کر اُس مین تھوڑا سا چاول کا آٹا ملا لیا جائے اور گھی اور پانی مین پتلا پکا لیا جائے اور نیم گرم کھائے تو قوت باہ زیادہ ہو اور جسم کو رونق بخشے۔

دھار کے گرم دودھ کی ترکیب] دہی مین پسی ہوئی مصری اور گرم گھی ڈالکر دودھ دوہا جائے اور یہی گرم دودھ فوراً پلایا جائے تو دھات بہت جلد پیدا ہو اور سینہ

پینے کے بعد محنت کرنے یا بلغمی چیزوں کے کھانے سے اگر اسینہ نہ ہضم ہوا ہو یا قبض کرتا ہو تو گرم پانی سے قے کرا دی جائے تو یہ تکلیف دور ہو۔ اور اگر اسینہ سے قبض کا احتمال ہو تو گرم پانی پلایا جائے جب صاف ڈکار آوے اور غذا کی خواہش ہو تو سمجھا جائے کہ غذا ہضم ہو گئی ہے۔ اور صفراوی مزاج والے کو اسینہ کے استعمال سے گرمی پیدا ہوتی ہے اور پیاس بہت لگتی ہے اُسے ٹھنڈا پانی پلایا جائے اور قے کرائی جائے تو پیاس اور گرمی دفع ہو۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو اسینہ نہ پلایا جائے اور تیز بخار والے دُبلے اور جس کو غذا کی خواہش نہ ہو اور بہت موٹے کو اور بیہوش کو جس کو نشہ دیا گیا ہو یا مسہل ہوا ہو اور جسکو قے ہوئی ہو اور جس نے بہت محنت کی ہو اور جس عورت کا حمل گر گیا ہو ان لوگوں کو اسینہ نہ پلایا جائے۔ مثل اسینہ کی اور دوائیں پلائے۔ اور جسکو پسینا نکلا ہو اور مسہل دیا ہو۔ اور نشہ پیا ہو اور جماع سے تھک گیا ہو اور لڑکا اور بڈھا اور بہت دُبلا اور جس میں خون کم ہو اور جس کی منی کی تولید کم ہو اور بلغمی مزاج والے کو اور مندھی والے کو گھی وغیرہ کا اسینہ پلانا مناسب ہے۔

اسینہ کے فوائد کی علامات] جس کو اسینہ کے پینے سے فائدہ ہوا ہو تو اُسکی علامت یہ ہے کہ بدن میں چستی آوے اور بھوک بڑھے۔ پاخانہ کھل کر ہو۔ بدن نرم ہو چہرہ پر رونق آوے۔ اور جسم ہلکا معلوم ہو اعضاے رئیسہ ٹھیک کام کریں۔ اگر اس کے خلاف ہو تو اسینہ نے کچھ فائدہ نہیں پہونچایا۔

اسینہ کے زیادہ استعمال کرنے کے نقصانات] اگر اسینہ زیادہ مقدار میں استعمال کیا جائے تو اس سے یہ نقصان ہوگا کہ غذا کی خواہش نہ ہو گی مُنھ سے رطوبت بہے گی اور مقعد میں جلن ہو گی اور پاخانہ بسلسل ہوتا رہے گا سُستی اور اسہال اور بدن کا رنگ زرد ہوگا۔

خشک و تر اسینہ کی ترکیب] جس کے مزاج میں خشکی ہو اُس کو وہ مٹھا جس کا مکھن نہ نکالا گیا ہو اور تل کا کاڑھا اور جو کا ستو کھلا کر تر کیا جائے اور جس کے مزاج میں

رطوبت زیادہ ہو اُس کو چاول چنا وغیرہ کھلا کر خشک کیا جائے تب اسینہ دیا جائے
اسینہ پینے کے فائدے] اسینہ کے پینے سے بھوک بڑھتی ہے اور معدہ صاف
ہو جاتا ہے اور منی منجمد پیدا ہوتی ہے اور اعضائے رئیسہ قوی ہوتے ہیں اور بڑھاپا
جلد نہیں آتا اور طاقت اور جسم کی رونق بڑھتی ہے اور اسینہ کے استعمال کے
وقت ان چیزوں سے پرہیز کرے۔ محنت نہ کرے ٹھنڈی چیزیں نہ کھائے۔ پاخانہ
پیشاب کو نہ روکے بہت نہ جاگے۔ دن میں نہ سووے اور بلغم پیدا کرنیوالی چیزیں
اور خشک اناج نہ کھاوے۔

سوید یعنی پسینا لوانے کی ترکیب

سوید چار قسم کا ہے۔ تاپ اُشن۔ اوپناہ۔ درو سوید تاپ اور اُشن سوید بلغم کی
بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ بالو ریت۔ نمک۔ کپڑے۔ گرم ہاتھ۔ کنگنی اور انگیٹھی۔ ان سے
سینک کرے اور پسینا لواوے اُس کو تاپ سوید بولتے ہیں لوہے کی پٹی اور اینٹ
وغیرہ کے تپانے سے پسینہ آوے اُس کو اُشن سوید بولتے ہیں۔ تاپ اور اُشن
دونوں کے ملنے سے جو پسینا آوے اُس کو اوپناہ سوید بولتے ہیں اور بدن کو کپڑے
سے ڈھکے اور بدن کے اوپر گرم کھٹائی کا پانی چھڑکے یا بادی دور کرنے والی دواؤں
کا گرم پانی بدن کے اوپر ڈالے اور پسینا بہت آوے اسکو درو سوید بولتے ہیں یہ
چاروں پسینا لانے کی ترکیب بادی کی بیماریوں کو دور کرتی ہیں۔
مہا سالون سوید کی ترکیب] کلتھی۔ ماش۔ گندم۔ السی۔ تل۔ سرسوں۔ سونف۔
دیودار۔ سنبھالو۔ زیرہ۔ ارنڈ بیج ارنڈ راسنا بیج سہجن ان سب کو مع نمک کے کانجی
سے یا کسی کھٹائی سے باریک پیس کر اس کو گرم کرکے بدن میں جہاں ہوا بھری ہو
وہاں سینکے تو سب بادی بیماریاں دور ہوں۔

بمن یعنی قے کی ترکیب

سرد بسنت اور ریڑھ کے مہینوں میں آدمی کو قے اور جلاب لینا چاہیئے جس کے بدن میں بلغم کی
بیماریاں ہوں اور درد سینہ ہو اور زہر کا فساد ہو اور پیلی پاؤں کو ڈھ پسرپ پرمیہ بسنی

اسرپ جریان بدہضمی بھرم خشک کھانسی دمہ چینبہ یعنی خناق مرگی آنماد رکت اتیسار ہو اور ناک کان لب اور تالو پک گئے ہوں یا دو زبانین ہو گئی ہوں اسہال اور صفرا اور بلغم کی بیماریان ہوں چربی بڑھ گئی ہو امراض سر ہوں اور پسلیوں مین درد اور بخار شروع ہو نفرت ہو ان سب بیماریوں مین قے کرنا چاہیے قے کرنے سے یہ بیماریان دور ہوتی ہین اور اتنی بیماریوں مین قے نہ کرانا چاہئے تمر روگ مین گولے کی بیماری مین پیٹ کی بیماری مین اور کمزور اور بوڑھے اور حاملہ عورت کو فربہ آدمی کو جسکو چوٹ لگی ہو اور چربیلے کو بھوکھے کو اور اودا ورتی کو بادکے مریض کو قے نہ کرانا چاہیئے۔

قے کرانے کی ترکیب یہ ہے] بھیدڑی[1] رپڑی پتلی خوب پیٹ بھرکر حلق تک کھلا دے بلکہ اُس مین دودھ مٹھا اور دہی بھی خوب ملا دے پھر سیندھا نمک شہد اور ریچ کھلا کر اوپر گرم پانی پلا کر گلے مین اُنگلی ڈال کر قے کرا دے یا کڑوی اور تیکھی چیزین یا پسا ہوا میٹر حل گرم پانی سے کھلا دے یا پھٹکری تمباکو وغیرہ گرم پانی سے کھلا دے تو قے ہو۔ یا نیم وغیرہ تلخ چیزون سے قے کرا دے تو مذکورہ بالا کل بیماریان دور ہون اور قے کرانے کے بعد زبان پر زیرہ یا بجورہ وغیرہ اچھی چیزین لگا دے اور عطر وغیرہ خوشبودار چیزین سونگھے اور عمدہ لطیف غذا کھلا دے۔

گنڈوش یعنی کلی کرانے کی ترکیب

کلی چار طرح کی ہے اسینہک۔ شمن۔ شودھن۔ روپن اسی طرح سے کودل دیعنی دوا کا منھ مین رکھنا بھی چار قسم کا ہے۔

اسینہ گنڈوش کا بیان] چکنی اور گرم چیزون کو اسینہ کہتے ہین یہ باؤ کی تیزی مین دینا چاہیئے اور ٹھنڈی چیزون کو شمن کہتے ہین یہ صفرا کی بیماری مین دینا چاہیئے

[1] جوار یا باجرے کے آٹے کو مٹھے مین گھول کر دھوپ مین رکھ دیا جاتا ہے جب خوب گرم ہو جاتا ہے تو اسکو آگ پر پکا کر شیرینی یا نمک ڈال کر کھایا جاتا ہے اس کو بھیدڑی کہتے ہین ۱۲ مصحح

اسی طرح کڑوی اور تیکھی اور گرم چیزون کو شودھن کہتے ہیں انھیں بلغم کے نکالنے میں استعمال کیا جاتا ہے اور کسیلی اور کڑوی اور میٹھی اور گرم کی ہوئی چیزون کو روپن کہتے ہین۔ انھین پھوڑے وغیرہ مین دینا چاہیئے۔ اسی طرح کول مین بھی جاننا چاہیئے۔

گنڈوش اور کول کا مقدار] گنڈوش مین جو کواتھ دیا جائے اس کی مقدار ایک کول (چھ ماشہ) کے برابر ہے اور کول کی مقدار قرش بھر ہے (یعنی ایک تولہ) ان کا استعمال پانچ برس کی عمر کے بعد ہونا چاہیئے۔ استعمال سے پہلے گال۔ گلے اور منھ کو کچھ سینک کر جب تک تین پانچ سات عارضے دفع نہ ہون تب تک گنڈوش کرے اور جب تک منھ مین کف نہ بھر آوے اور آنکھ ناک سے رطوبت نہ ٹپکنے لگے تب تک گنڈوش کرے۔

بات روگ اسنیہ گنڈوش] انسان کو باد کی زیادتی مین تل کلک پانی دودھ تل وغیرہ اسنیہ گنڈوش دینا چاہیئے۔

صفرا کے واسطے کلّی] تل۔ تیل۔ کنول۔ گھی۔ کھانڈ۔ دودھ اور شہد وغیرہ کی کلّی کرنے سے پت سے پیدا ہوئی گرمی دور ہو جاتی ہے۔

گھاؤ کی کلّی] شہد کی کلّی کرنے سے منھ کے زخم۔ زبان چٹکنا اور پیاس اور جلن وغیرہ دور ہو کر منھ صاف ہوتا ہے۔

زہر کے واسطے کلّی] گھی یا دودھ کی کلّی کرنے سے زہر سے پیدا ہوئی بیماریان یا چونے سے پھٹا ہوا یا آگ کا جلا ہوا منھ اچھا ہو جاتا ہے۔

دانتون کو مضبوط کرنے والی کلّی] جس انسان کے دانت ہلتے ہون وہ تل کے تیل مین سیندھا نمک ملا کر کلّی کرے تو دانت مضبوط ہون۔

خشکی دہن کے واسطے کلّی] جس شخص کا منھ سوکھتا ہو یا پھیکا رہتا ہو تو کانجی کی کلّی کرنے سے اچھا ہو جاتا ہے۔

لہ گنڈوش اور کول کا طریقہ گیلے کاڑھے وغیرہ کو منھ مین رکھکر گلگلایا جائے اسکو گنڈوش کہتے ہین اور گلگ کرکے منھ مین رکھ کر ادھر اُدھر پھیرنے کو کول کہتے ہین۔

بلغمی امراض کے واسطے کلی

پودینہ کے رس میں سیندھا نمک ترکٹا اور رائی وغیرہ پیس کر کلی کرنے سے بلغمی امراض دور ہوں۔

(بلغم خون صفرا کے واسطے کلی) ترپھلے کے چورن کو شہد میں ملا کر کلی کرے تو امراض مذکورہ دور ہوں۔

(منھ کی بیماری کے واسطے کلی) دارہلدی۔ گرج۔ ترپھلا۔ داکھ چنبیلی۔ اور جواسہ یہ برابر لے کر کواتھ کرے پھر اس میں اُسکے چھٹے حصہ کے برابر شہد ڈال کر کُلی کرے۔ تو تینوں قسم (بلغمی۔ خونی۔ صفراوی۔) کے منھ کی بیماری دور ہو۔ فائدہ جو دوا کلی کرنیوالی ہے اُس کو پرت سارن اور کول میں بھی دینا درست ہے۔

(کول کی ترکیب) کیسر بجورہ کی گودی۔ سیندھا نمک اور ترکٹا ان سب کا کول بنا کر منھ میں بلووے (گھماوے) تو منھ کی سختی اور بلغم اور بادسے غذا کی نفرت کو دور کرے۔

(پرت سارن کی ترکیب) پرت سارن میں دوا دینے کے تین قاعدے ہیں ایک کلک اولیہ یعنی (چٹنی) چورن جیسا منھ میں مرض دیکھے ویسی دوا لیکر انگلی سے منھ میں ملے

(پرت سارن چورن) کوٹ۔ دارہلدی۔ دھائی کے پھول پاڑھ کٹکی۔ ہلدی۔ تیج بل موتھا اور لودھ ان سب کا چورن جیبھ اور دانتوں کی جڑ میں بار بار ملکر رال گراوے تو دانتوں کا درد خون کا گرنا مسوڑھوں کا سوجنا اور جلن دور ہو۔

(کلی نہ کرنے سے جو خرابی منھ میں آتی ہے اُس کا بیان) کف کی کمی بیشی۔ ذائقہ اور اکتیان۔ غذا سے نفرت۔ منھ کا آنا۔ درد کا ہونا۔ منھ کا خشک ہونا اور کسل وغیرہ امراض پیدا ہوتے ہیں۔

(کلی کرنے کے فائدے) منھ کی بیماریاں دور ہونا۔ دل کا خوش رہنا چہرے پر تازگی ہونا ہر چیز کا ذائقہ معلوم ہونا۔

(جلاب کی ترکیب) پہلے مریض کو ترکیب سے قے کرا دے پھر اُس کو ہاضمہ کی

دوائیں دے کہ اوسکے بدن کی بلغم کی بیماریاں دفع ہوں اور سرد اور بسنت رت میں ضرور جلاب دے اور جلاب دینے سے ضرور بیماریاں دور ہوں تب چاہیے جس موسم میں جلاب دے اور اتنی بیماریوں کو ضرور ہی جلاب دینا چاہیے جس کو بدہضمی سے بخار ہو یا جسکے بدن میں سوا وجمع ہو اور باد - خون - بھگندر - بواسیر - پانڈروگ بیماری شکم بیاری گولہ اسینھ کی بیماریاں نفرت - فرج کی بیماریاں - گرمی کی بیماریاں - کان اور ناک کی بیماریاں - جریان - پھوڑا - ہیضہ - اور آنکھوں کی بیماریاں سنول - سر کی بیماریاں پیٹ کی بیماریاں - ورم - سوترا گھات اتنے مرضوں میں جلاب لے تو بیماریاں دور ہوں - اور ایسے آدمیوں کو جلاب لینا چاہیئے جیسے بوڑھا جس کا بدن بہت چکنا ہو یا ہتھیار کی ضرب سے کمزور ہوگیا ہو وحشت ناک دردمند پیاسا موٹا آدمی حاملہ عورت یا جس کو بخار شروع ہو یا جس عورت کے اولاد فوراً پیدا ہوئی ہو اور جس کا معدہ ضعیف ہو اور جس کا روکھا بدن ہو تو اتنے آدمی جلاب لیں - اور صفرا کے طبیعت والے کو ادنیٰ قسم کا جلاب دیں اور بادی مزاج والے کو سخت جلاب دیں اور بلغم کی بیماری والے کو اوسط درجہ کا جلاب دیں -

مرد و یعنی ادنیٰ قسم کے جلاب کی دوائیں) داکھ - دودھ - اور ہلیلہ وغیرہ -

اوسط درجہ کے جلاب کی دوائیں یہ ہیں) نسوت - کٹکی - اور املتاس وغیرہ

تیز جلاب کی دوائیں) تھوہر کا دودھ - چوکھ - بیخ املتاس - جمالگوٹہ اور اچھا بھید کی وغیرہ -

جلاب کی دیگر ترکیب) پہلے پانچ سات روز تو منضج پیئے بعدہ سونا مکھی ڈھائی درم - زیرہ سوا درم - سونف ڈھائی درم - منقے داکھ ڈھائی درم - گلاب کے پھول ڈھائی درم - پاڑھہ دس درم ان سب کو تین پاؤ پانی میں اوٹاکر پاؤ بھر رکھے اور پھر چھانکر مسلسل چار روز تک پیئے تو پیٹ کا سوا دہضم ہو اور تھوڑا تھوڑا ہوکر کے اجابت ہو اور ہر روز چاول کی کھچڑی مع روغن زرد کھا دے اور پانچویں روز سونا مکھی دس درم - نسوت دس درم - گلاب دس درم - زیرہ ڈھائی درم

سونف پانچ درم ۔ پاڑھ دس درم ان کو اوٹاکر بلاناغہ چار روز تک پیئے اور مع گھی کے کھچڑی کھاوے تو جلاب اچھا ہو اور سب بیماریاں دور ہوں ۔ اور کھٹی اور کھاری چیزیں نہ کھاوے جلاب میں تیس دست آویں تو اعلےٰ درجہ کا جلاب جانو اور بیس دست آویں تو اوسط اور دس دست آویں تو ادنےٰ جلاب ہے ۔

چھوں رتوں یعنی فصلوں کے علیحدہ علیحدہ جلاب

بسنت رُت میں تو سونا ماکھی ۔ نسوت ۔ گلاب کے پھول سونف زیرہ اور شکر کا جلاب دینا چاہیئے اور گریکھم رت میں نسوت مصری کو برابر لیکر جلاب لے تو سب طرح کی بیماریاں دفع ہو کر بدن صاف ہو ۔ برسات میں نسوت ۔ پیپل ۔ داکھ ۔ زنجبیل اور شہد کا جلاب لینا درست ہے اور سرد رُت میں نسوت ۔ دھماسہ ناگرموتھہ ۔ داکھ ۔ نیتربالا ۔ ملٹھی ۔ صندل ۔ سونا ماکھی اور مصری کا جلاب لیں اور ہم رت میں نسوت چترک ۔ پاڑھ ۔ چوکھی سونا ماکھی اور نیچ کا جلاب گرم پانی سے لیں اور ششر رت میں نسوت ۔ پیپل ۔ زنجبیل ۔ سیندھا نمک ۔ شہد ۔ اور سونا ماکھی کا جلاب لے ۔

ابھیا دِ مودک) پوست ہلیلہ ۔ فلفل سیاہ ۔ زنجبیل ۔ بائے بڑنگ ۔ آملہ ۔ پیپل پیپلا مول ۔ تج ۔ پترج ۔ ناگرموتھہ یہ سب برابر لیکر اور بیج جمالگوٹہ اس سے تگنی لے اور ان سے اٹھگنا نسوت لے اور ان سب سے چھ گنی مصری لے اور ان سبکو باریک پیس کر بقدر ڈھائی درم کے گولیاں بنا وے اور ایک گولی صبح کے وقت ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو جلاب اچھا ہو جبتک گرم پانی نہ پیئے تب تک جلاب ہوتا رہے اور اس میں بہت دست آویں تو آدمی کی سب بیماریاں دور ہوں اور پھر جو ضعف معدہ یرقان ۔ کھانسی ۔ بھگندر ۔ جریان ۔ راج ایکشما ۔ آنکھوں کی بیماریاں ۔ بواسیر ۔ کوڑھ ۔ کنٹھ مالا ۔ شکم کی بیماریاں ۔ بادی بیماریاں ۔ اپھارہ موترکرچھر پتھری جانگھ ۔ اور کمر کا درد ان سب بیماریوں کو یہ ابھیا دِ مودک دور کر کے جوان کر دیتا ہے ۔

جلاب لینے والے کو مذکورہ ذیل امور عمل مین لانے چاہئین

جلاب کے بعد ٹھنڈے پانی سے آنکھین دھووے عطر سونگھے پان کھاوے ہوا مین نرہے اور ٹھنڈے پانی سے نہ نہاوے اور گرم پانی بار بار پئے جب تک پورا جلاب لگے اور درمیان مین یہ نہ کرے تو ناف اور کوکھ مین سول چلے پھر اجابت نہ ہو اور ریاح بھی صادر نہ ہو اور قے وغیرہ سب بیماریان عاید ہون بدن بھاری رہے اور جلن ہو اور اپھارہ ہو چکر آوین قے ہو تو پھر اوس کو ہاضمے کی چیزین دے کر صاف کرے تو سب بیماریان دور ہون اور بھوکھ لگے اور بدن ہلکا رہے اور جلاب مین زیادہ دست آوین تو غشی ہو مقعد باہر نکل آئے اور سول چلے اور اسہال وغیرہ اور بھی بیماریان ہون تب اوس کو ٹھنڈے پانی سے نہلاوے اور چانول ۔ مصری ۔ شہد ۔ شکر دہی ۔ یہ سب کھلاوے اور بکری کا دودھ مصری ڈال کر پلاوے اور ساٹھی کے چانول مسور وغیرہ کھلاوے تو جلاب تھم جاوے اچھا جلاب ہو اوس کی علامتین) دل خوش رہے ریح صادر ہو اور سب حواس طاقت پکڑ جاوین عقل صاف ہو بھوکھ اچھی طرح لگے کل بدن مین طاقت ہو۔

چھون رت یعنی فصلون مین ہڑ کھانے کی ترکیب

گرکھم رت مین ایک ہلیلہ پیس کر اوس مین برابر کا قند سیاہ ملا کر ساٹھ روز تک کھاوے کوئی بیماری نہ ہو اور برکھا رت مین دو ہڑین پیس کر سیندھا نمک کے ساتھ کھاوے اور سرد رت مین مصری کے ساتھ تین ہڑون کا چورن کھاوے تو بیماری دفع ہو اور ہیمنت رت مین چار ہڑون کا چورن زنجبیل کے ساتھ اور ششر رت مین پانچ ہڑین پیس کر پیپل کے ساتھ کھاوے بسنت رت مین چھ ہڑون کا چورن شہد کے ساتھ کھاوے تو کوئی بیماری نہ ہو۔

بست کرم کی ترکیب

بست کرم یعنی پچکاری کی ترکیب یہ ہے جس بیمار کا پاخانہ اور پیشاب بادی بیماری کے سبب رک گیا ہو اوس کی پچکاری آلت مین دے اور وہ پچکاری جست کی

نلی لگا کر بکرے کے پھونکنے کی یا سونے وغیرہ کی دھاتون کی نلی لگا کر دم بنتی ہے سو اُس
مین دوا اُون کا پانی بھر کر آلت مین یا مقعد مین پہونچا وے تو بادی سب بیماریان
دور ہون سو بست کرم دو قسم کا ہے انوباسن ۔ نروہ ۔ تیل ۔ گھی وغیرہ کی پچکاری
کو انوباسن بست بولتے ہین اور نروہ بست کا ایک قسم اوترا ہی بست ہے
اور انوباسن کا قسم ماترا بست ہے اُس کا وزن چار تولہ بھر پانی کا ہے اتنے بیمارون کو
انوباسن بست نہ دینی چاہیئے جسمک سے بیمار کو یا جس کو صرف بادی بیماری ہو یا غش
غشی یا جس کو نفرت کھانسی دمہ چھینی ہو اور دہشت ناک کو انوباسن بست نہ دے
اور ان بیمارون کو انوباسن بست کرا دے ایک برس سے چھ برس والے کو چھ انگل
کی پچکاری دے اور جس کی بارہ سال کی عمر ہو اُس کو آٹھ انگل کی اور بارہ برس کے
بعد بارہ انگل کی پھر اپنی عقل کے موافق دینی چاہیئے اور پچکاری مین گھی لگا کر دینا چاہیئے
اس طرح عمل سے بدن مین قوت زیادہ ہو بیماریان دفع ہون اور صرد رت اور
بسنت رت مین روغن گل کا عمل دے اور گریکھم برکھا اور سرو رت مین رات کے
وقت انوباسن بست دے اور بہت مرغن چیزین نہ کھلا وے اور ہلکی غذا مین
دے اور روغن مین سونف کا پانی سینددھا نمک ڈال کر مقعد مین عمل دے گرم پانی
مین غذا کھلا وے اور پھرا دے اور پاخانہ اور پیشاب کرا دے اور بائین کروٹ
سوے اور بائین جانگھ اونچی کرکے مقعد مین روغن کی پچکاری دے اور بائین ہاتھ
سے پکڑے اور دوا اپنے ہاتھ سے دبا وے تب مقعد مین پچکاری کا پانی اور روغن
جا پڑے اور پچکاری دے تو وہ دینے والا اور لینے والا اتنی باتین نہ کرے جماہی
نہ لے اور نہ کھانسے نہ چھینک لے جبتک تیس تالیان بجا وے یا منھ سے سو تک
کی گنتی گنے جب تک پچکاری دے پھر سب بدن پھیلا کر سیدھا سلا وے پھر دونون
پیرون کی انگلیان اور انگوٹھون کو کسی ہوشیار آدمی سے کھنچا وے پھر پلنگ پر سیدھا
سووے تو یہ سب بادی بیماریون کو دور کرے اور وہ پچکاری مع مواد کے مقعد مین
سب میل کو اور بادی بیماریون کو دور کرتی ہے اور انوباسن بست اس ترکیب سے

چھ سات آٹھ اور نو مرتبہ ایک ایک دن فرق کے کرنے سے سب بیماریوں کو دور کرتی ہے انوباسن بست کے بعد نروہ بست کرنا چاہیئے اور جس کے مواد کی جگہ اور معدہ میں یعنے جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے وہاں انوباسن بست چلانے سے اوسی جگہ اس کا مع روغن کے پانی وغیرہ آجاوے اور مقعد میں سے نہ نکلے اور پیڑو کے سیلنے سے بھی نہ بہے تو نروہ بست اور کیجئے اس دوا کی بتی بناکر مقعد میں چلاوے تو ریح صادر ہو اور اس کے پیٹ کا مواد نکل جاوے اور طبیعت صاف ہو یا جلاب دے کے نکالے۔

انوباسن بست کے دینے کا روغن) گلو۔ بیخ ارنڈ۔ بیخ گنگچ۔ بھارنگی۔ اڑوسہ روہکھ۔ چھتاور۔ سہجنہ۔ کاکھری ان کو چار تولہ لیکر اور جو ماش۔ السی۔ بیج بیل اور کلتھ سیر سیر بھر یہ سب دوائیں لے کر چونسٹھ سیر پانی میں اوٹاکر ان کا چوتھا حصہ رکھ کر اوس میں میٹھا تیل چار سیر پکاوے جب رس خشک ہوجاوے اور تیل باقی رہ جاوے تب اوس کو چھان کر بقدر دو تولہ مقعد میں ڈالے تو بادی بیماریاں سب دور ہوں۔

نروہ بست کی ترکیب) نروہ بست کی بہت قسم ہے اور اس کے بہت سبب ہیں اور اس نروہ بست کا استھاپن بھی نام ہے اور نروہ بست کا دینے کا زیادہ اثر ہے اتنی بیماریوں میں نروہ بست دے جس کا بدن بہت چکنا ہو اور سینہ میں ضرب لگی ہو یا بدن کمزور اور اپھار۔ قے۔ ہچکی۔ بواسیر۔ دمہ۔ کھانسی۔ مقعد کا ورم۔ اسہال۔ بسوچکا۔ یعنی ہیضہ۔ اور اورت بات رکت۔ کھمجور جشی۔ تشنگی۔ پیٹ کی بیماری اپھار۔ موتر کرچھر۔ پتھری۔ اور پاؤں کی بیماری اور ضعف معدہ سول اور امل پت بیماری سینہ۔ ان سب بیماریوں میں سے جس کو کوئی بیماری ہو اس کو یہ نروہ بست دور کرتی ہے اور نروہ بست کے دینے کی ترکیب انوباسن بست میں لکھی ہے اور یہ نروہ بست بھی دو چار مرتبہ ایک ایک دن کے فرق سے جیسے کہ اوپر ذکر ہوچکا ہے اس ترکیب سے دینی چاہیئے اور جو صرف باد کا فساد ہو تو

کسیلی اور تلخ چیزون کا روغن بنا کر دے اور صفرا کا فساد ہو تو مع دودھ کے وہ بست اگر بلغم کا فساد ہو تو کسیلی اور تلخ اور پیشاب وغیرہ کو نروہ بست دے اور نازک آدمی اور لڑکے کو ادنیٰ درجہ کے دواؤن کی پچکاری دینا کافی ہے۔

اونکلیشن بست کی ترکیب) ارنڈولی - مہوا - پیپل - سیندھا نمک - بچ - جھاؤ کے درخت کا پوست اُبال کر پچکاری دے۔

دوکھہر بست کی ترکیب) سونف - بلیٹھی - اندرجو - بیل ان کو کانجی اور گائے کے پیشاب مین پیس کر دے تو سب فساد دور ہون۔

لیکھن بست) ترپھلے کا کاڑھا گائے کے پیشاب مین اور شہد اور جوا کھار مین دے۔

شودھن بست) ہلیلہ - املتاس - لیکران کا جلاب یا اسکی پچکاری دے۔

سمن بست) پرینگ کے پھول - بلیٹھی - ناگر موتھ - رسوت کو دودھ مین پیس کر پچکاری دین۔

برنگھن بست) قوت کی دواؤن وغیرہ کا کاڑھا بنا کر اسمین مصری وغیرہ شیرین چیزین ملا کر گھی اور گوشت وغیرہ کی پچکاری دین۔

پچھل بست) بیر کے پتے - چھتاور - لسوا - اور موچرس کو دودھ مین پکا کر شہد ڈال کر بست دے۔

نروہ بست کی دواؤن کا وزن اور اندازہ) پہلے تو کچھ سیندھا نمک ڈالے پھر اُس مین آدھ سیر شہد اور آدھ سیر گھی ڈالے اور تینون کو خوب مسل کر اس کی پچکاری پانچ سات مرتبہ ایک دن کے فرق سے دے۔

مدھو تیل بست) بیخ ارنڈ کا کاڑھا کر کے اس مین شہد اور میٹھا تیل بیس تولہ ڈالے اور سونف دو تولہ سیندھا نمک چھ ماشہ ان کو باریک پیس کر خوب مخلوط کر کے پچکاری دے تو میدہ گولا - پھیا - کیڑے - سوادکی بیماریان اور اودا ورت ان سب بیماریون کو یہ بست دور کرتی ہے۔

استھاپن بست) شہد۔ گھی۔ دودھ۔ تیل آٹھ تولہ ان مین جھاؤ کے پوست کا رس اور سیندھا نمک چھ ماشے ڈالے اور ان کو خوب مخلوط کر کے پچکاری دے۔

سدھ بست) پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ چترک۔ اور زنجبیل کے جوشاندہ مین تیل۔ شہد۔ سیندھا نمک۔ اصل السوس علیحدہ اوٹا کر ملا دے اور پچکاری دے۔

پھل بست) مقعد مین اور باہر گھی لگا کر اپنے انگوٹھے کے برابر موٹی ڈنڈی بارہ انگل کی آدھی مقعد مین ڈالے اور اُس کی ہوشیاری سے پچکاری دے اور نروہ بست کی قسم او تر بست ہے اور بست کرم کرانے والا گرم پانی سے نہاوے اور دن مین سو وے اور کچھ بھی بدپرہیزی نہ کرے۔

حقہ وغیرہ سے دھوئین پینے کی ترکیب یہ ہے

دھوان پینا چھ قسم کا ہے۔ شمن۔ برنگھن۔ کاس ہرتا۔ بمن کرتا۔ برن دھوپن۔ اور تیکھی دواؤن کے دھوئین پینے کو سودھن بولتے ہین اور ایسے بیمارون کو دھوان نہ پلاوے تکلیف مند۔ وحشت ناک۔ دانت کا بیمار۔ رات کا جگا ہوا۔ پیاسا جلن والا۔ تالو۔ شکم۔ اور سر کا درد والا اور جس کو تے اپھار اور زخم کی بیماریان جریان اور پانڈ روگ کا مریض اور حاملہ عورت اور کمزور آدمی لڑکا اور بوڑھا انکو دھوئین کا پینا منع ہے یہ باو اور بلغم کی سب بیماریون کو دور کرتا ہے اور سب حواسون کو اور دل کو خوش کرتا ہے بالون کو اور دانتون کو مضبوط کرتا ہے جو الائچی وغیرہ کا دھوان پیئے تو اس کو شمن بولتے ہین اور دال وغیرہ کے دھوئین کو برنگھن کہتے ہین اور تیکھی دواؤن کے دھوئین کو ریچن بولتے ہین اور مرچ وغیرہ کے دھوئین کا نام کاسگھن ہے اور کھال کے دھوئین کو بمن کرتا بولتے ہین نیم اور بچ وغیرہ کا دھوان زخم وغیرہ کو دیتے ہین اس کو برن دھوپن بولتے ہین۔

اپراجیت دھوپ) مور کے پنکھ۔ برگ نیم۔ کٹیلی کا پھول۔ مرچ۔ ہینگ۔ جٹا کپاس۔ بکرے کا بال۔ سانپ کی کینچلی بلی کی بیٹ۔ ہاتھی دانت ان کو باریک پیس کر گھی ملا کر دھونی دے تو بھوت پشاچ راچھس پریت۔ ڈاکن وغیرہ

آسیبوں کے سب فساد دور ہوں اور بخار کو دور کرے۔
ماہیشور دھوپ) انگوزہ۔ دیودار۔ بیل کے پتے۔ روغن مادہ گاؤ۔ مرغی کی ہڈی سرسوں۔ برگ نیم۔ سر کے بال سانپ کی کینچلی بلی کی بیٹ گائے کے سینگ بیٹر حس دونوں کیلی۔ کپاس۔ تکھو۔ بکرے کے روئیں۔ صندل۔ مور کا پنکھ اور بکرے کے پیشاب کو باریک پیس کر دھونی دے تو بھوت پشاچ راکھس۔ ڈاکنی پریت چڑیل وغیرہ کے سب فساد دور ہوں اور سب قسم کا فساد دور ہو۔
خون کے چھڑانے کی ترکیب) بید بیمار کے خون کے فساد کو بخوبی دیکھ کر اس کا خون ایک سیر یا آدھ سیر یا پڑ ثار یا آدھ پاؤ نکالے اور سرورت میں جو فساد ہو تو تھوڑا خون نکالے تو کبھی خون کا فساد نہ ہو۔
صاف خون کی شکل) خون کا میٹھا رس سرخ رنگ ہو اور ٹھنڈا اور گرم نہ ہو اور جو بھاری اور چکنا اور بدبو لئے ہو تو یہی جل کر گرمی کے فسادوں کو پیدا کرتا ہے اور بدن میں خون کو خراب کرتا ہے تب درد پیدا ہوتا ہے اور بدن پک جاتا ہے اور جلن ہوتی ہے اور بدن میں چکتے پڑ جاتے ہیں اور خارش ہو اور پھنسیاں وغیرہ سب فساد ہوں اور بدن میں خون بڑھ جاتا ہے اور آنکھیں سرخ ہوں اور نسیں بھاری رہیں اور بدن بھاری رہے نیند بہت آوے بدن میں جلن ہو بدن میں خون کم ہو جاوے اس سے مٹھائی کھٹائی کی خواہش رہے غشی ہو بدن روکھا رہے اور بدن کی نسیں کمزور ہو جاویں۔
بادسے خراب ہوئے خون کی علامتیں) رنگ سرخ ہو۔ جھاگ آویں اور سخت ہوں اور اس کے خون کی سرعت سے باریک دھار نکلے اور مثل سوئی کے بدن میں چبھیں اور سرخ ہوں۔
صفرا سے خراب ہوئے خون کی علامتیں) خون زرد۔ ہرا۔ نیلا۔ اور سیاہ ہو اور اس میں سے بڑی بدبو آوے اور نہ چلے اور گرم ہوا اور مکھی اور کیڑے اس کو نہ پئیں۔

بلغم سے خراب ہوے خون کی علامتین) خون ٹھنڈا اور بہت چکنا ہو اور اُس کا رنگ مثل گیروکے ہو یا گوشت کی پوٹلی کے مثال ہو اور آہستہ آہستہ چلے ۔

سنپات سے خراب ہوے خون کی علامتین) جس مین کل مذکورۂ بالا علامتین ملین اور اُس کا کانجی کے مانند رنگ ہو ۔

زہر سے خراب ہوے خون کی علامتین) جس کا خون سیاہ ہو اور ناک سے بہت گرے اور اُس مین بڑی بدبو آوے اور کانجی کا سا رنگ ہو اُس سے عارضہ جذام کا پیدا ہو اور سنادن کی چینٹی کے مانند رنگ ہو اور بدن مین ورم اور جلن ہو بدن پک جاوے تو جاننا چاہیئے کہ زہر سے خراب ہوا خون ہے ۔

اتنی بیماریون مین خون نکلوانا چاہیئے

ورم ۔ بدن مین جلن ہو بدن پھوڑے اور پھنسیون سے پک جاوے اور بدن کا رنگ سرخ ہو اور بات رکت کی بیماری اور بیادو غیرہ ہون اور پستان کی بیماری ہو بدن بھاری رہے آنکھین سُرخ ہو جاوین غنودگی معلوم ہو ناک اور منھ کی بیماری ہو اور پھیا ۔ گولا ۔ بسرپ اور بدردھ ہو اور چھالے وغیرہ کی بیماریان اور دردِ سر اور پدنش یعنی گرمی کی بیماری رکت پت ان سب بیماریون مین خون نکلوانا چاہیئے ان سب ہی بیماریون مین شاخین یا جونکین لگا دے یا تونبی لگا دے یا فصد کھلائے ۔

اتنی بیماریون مین فصد سے خون نہ نکلوانا چاہیئے

کمزور آدمی یا جو جماع بہت کرے محنت دوہشت ۔ ناک حاملہ عورت جس کے اولاد پیدا ہوئی ہو پانڈروگ کے بیمارون کو اور جلاب وغیرہ پانچ کام جس نے نہ کئے اور بواسیر اور بدن مین ورم ۔ کھانسی ۔ دمہ ۔ قے ۔ ان سب کے بیماریون اور سولہ برس کی عمر کے آدمی کو اور ستر برس یا اس سے زاید عمر والے کو فصد نہ کھلوانا چاہیئے اور ان بیماریون مین خون نکلوانے سے بیماریان دور ہون تو جونکین لگا کر خون نکالے اور زہر سے خون خراب ہوا ہو تو اُسکو فصد کھلوانی چاہیئے یا پچھنے دے اور باد صفرا اور بلغم سے خراب ہوئے خون کو شاخون اور

خون اور تونبیوں سے نکالنا چاہیئے جونک تو ہاتھ بھر کا خون چوستی ہے اور
سنگیاں تو بارہ انگل کے فاصلے سے خون کو کھینچتی ہیں اور پچھنا ایک انگوٹھے
کے فاصلے کا خون کھینچتا ہے اور فصد سے کل بدن کا خون نکل آتا ہے اور سردی
کی فصل کے دنوں میں اتنے بیماروں کو خون نہ نکلوانا چاہیئے بھوکے اور غشی
والے کو نیند اور شک والے کو یا جس کے پائخانہ اور پیشاب کا زور ہو اُسکے
زخم کے منہ کو کوٹ - زنجبیل - مرچ - پیپل - سیندھا نمک سے مسلے تو اچھی طرح
خون نکلے اور خون اچھے وقت میں نکلوا دے کہ اس وقت بہت سردی
اور بہت دھوپ نہ ہو اور غذا ہلکی کھا کے خون نکالنا چاہیئے -

جو خون بہت نکلے تو نیچے لکھی ہوئی دواؤں سے ٹھہرا دے

لودھ - رال - رسوت - جو اور گندم کا آٹا دھو کا پوست - گیرو - سانپ کی کینچل -
ریشمی کپڑے کی راکھ سانبھر کی بال ان کو زخم پر لگا دے تو خون تھم جاوے اور نیز
زخم کا علاج ٹھنڈا کرنا چاہیئے اور فصد چھڑانے کی نس کو داغ دے یا اس نس
پر کھار لگا دے یا نس پر کسیلی چیز کا لیپ کرے اور جو بائیں انڈے کے اوپر ورم
ہو تو داہنے ہاتھ کے نیچے کی نس کو جلا دے اور داہنے انڈے میں ورم ہو تو بائیں
ہاتھ کے انگوٹھے کے نیچے کی نس کو جلا دے - اگر بائیں انگوٹھے میں ہو تو داہنے ہاتھ
کی فصد کھلوا دے اور داہنے انڈے میں ورم ہو تو بائیں ہاتھ کی فصد چھڑا دے
تو یہ ورم اور بیضہ دور ہو -

فصد چھڑانے سے اگر زیادہ خون نکلے تو اتنی بیماریاں ہوں

اندھا ہو جاوے - آدھا بدن سن پڑ جاوے - پیاس کی بیماریاں ہوں - اندھیری
آوے - درد سر اور کھانسی اور دمہ ہو اور ہچکی آوے اور جلن اور پانڈو روگ ہو
اور خون حد سے زیادہ نکلے تو آدمی مر جاوے کیونکہ بدن میں اسی خون کی زندگی
ہے جو بدن کا خون ہی زائل ہو جاوے تو مر جاوے اس لئے خون کو جلد بند کرنا
چاہیئے اور خون چھوٹے اور ورم ہو تو تھوڑا سا گھی گرم کر کے سینکے تو اس کا درد

اور سوجن دور ہو اور اگر خون زیادہ نکلے تو ہرن یا بکرے کے گوشت کا شوربہ پلانا چاہیئے یا دودھ پلاوے یا سانٹھی کے چانولوں کی کھیر کھلاوے جب تک درد جاتا رہے بدن ہلکا ہوجاوے اور دل خوش رہے۔

جو خون نکلواوے وہ مذکورہ ذیل بدپرہیزی نہ کرے

جماع۔ غصہ۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔ باہر کی ہوا اور ایک ہی جگہ پر بیٹھنا۔ دن کو سونا۔ کھٹی اور تلخ اور نمکین چیزوں کا کھانا۔ فکر زیادہ۔ بات۔ بدہضمی میں کھانا اور جب تک بدن میں طاقت نہ ہو تب تک بدپرہیزی نہ کرے۔

باب پچیسوان

چٹنی بنانے کی ترکیب

دوائیوں کو کاڑھے کے مانند اوٹا کر زیادہ آنچ دیوے جب گاڑھا ہوجاوے تب اولیہہ۔ (چٹنی) کہلاتی ہے۔ اس کی خوراک چار تولہ ہے اس میں سفوف سے دو چند مصری لینا چاہیئے اور گڑ بھی دونا اور دوائیاں چوگنی۔ جب آنچ دینے سے تار بندھے اور پانی میں پاگ نہ ڈوبے نہ گھلے تب سمجھنا چاہیئے کہ چٹنی کا قوام درست ہوگیا پھر خوشبودار چیزیں یا اور دوائیاں ملا کر استعمال کرے۔ اس کا طریقہ استعمال یہ ہے کہ دودھ ست اوکھ سے تیخ مول کاڑھے سے دینا۔ یا جیسا جس بیماری کے متعلق بید کی رائے ہو اس کے موافق استعمال کرنا چاہیئے۔

بھٹکٹیا کی چٹنی ہچکی اور کھانسی دمہ کے لئے) بھٹکٹیا چار سیر لے اور دروں بھر پانی میں پکاوے جب چوتھائی رہ جائے تب اس میں یہ سفوف ملائے۔ گرچ۔ چیت۔ موتھا۔ چب۔ کاکڑا سینگی۔ ترکٹا۔ جواسا۔ بھارنگی۔ اور کچور یہ سب ایک ایک پل لیوے شکر بیس پل۔ گھی آٹھ پل۔ تیل آٹھ پل یہ سب کاڑھے میں اوٹائے پھر جب موافق ترکیب مندرجہ بالا چٹنی تیار ہوجائے تب آٹھ پل شہد۔ چار پل بنسلوچن چار پل چھوٹی پیپل کا چورن ملا کر اچھے برتن میں رکھ چھوڑے اس چٹنی

کے چاٹنے سے کھانسی دمہ ہچکی یہ سب امراض دور ہوتے ہیں -
چیون پراش اولیہ - تپ دق کے لئے) بیل کی چھال - ارنی کی چھال -
ٹینٹو - (سیوناک) کی چھال - گبھاری کی چھال - پاڑھل کی چھال - کھرٹی - سال پرنی
پرشٹھ پرنی - ماش پرنی - مُگ پرنی - پیپل - گوکھرو دونوں - کٹیلی - کاکڑا سینگی
بھوم آنولہ - منقیٰ - جیونتی - پہکر مول - اگر - ہڑ - گلو - ردّھی - جیوک - رکھبھک کچور
ناگر موتھا - پیتر نوا - میدا - چھوٹی الائچی - کنول گٹہ - صندل سرخ - بداری قند - اڑوسہ
کی جڑ - کاکولی اور کاک جنگھا یہ سب چار چار تولہ لیوے اور بڑے بڑے پانچسو آنولہ
لیکر کپڑے کی ڈھیلی پوٹلی میں باندھے پھر بڑے مٹی کے برتن میں ایک درون پانی
میں سب دوا میں ڈال کر اس میں آنولوں کی پوٹلی لٹکا کر خوب اوٹاوے جب
چوتھائی پانی باقی رہے تب اُتار لے اور آنولوں کو الگ نکال کر ان کی گٹھلی دور
کرکے چھ ٹکے بھر گھی اور چھ ٹکے بھر تیل میں آنولوں کو بھون کر خوب باریک پیس لیوے
اور پچاس ٹکے بھر مصری پہلے بنائے ہوئے کاڑھے میں ڈالکر پیسے ہوئے آنولے
ملا کر قوام (پاگ) تیار کرے جب درست ہو جائے تو بنسلوچن چار پل - پیپل چوپل
دو پل - دارچینی دو تولہ - تیج پات ایک تولہ - چھوٹی الائچی کے دانے ایک تولہ
ناگ کیسر ایک تولہ ان سب کا سفوف اس قوام میں ڈالے پھر کفچے سے خوب
ملا کر اُتار لیوے ٹھنڈا ہونے پر چھ پل شہد ڈال کر گھی کے چکنے برتن میں رکھ لیوے
اس کی خوراک دو تولہ بھر ہے اس کو بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کرے
اس کے استعمال سے راج کھشما - سُر بھنگ - کھانسی - دمہ - امراض سینہ -
بات رکت - پیاس - جریان وغیرہ امراض دور ہوتے ہیں یہ چٹنی زخموں کی سکھانے
والی ہے بڈھے اور بچوں کے اعضا رکو بڑھاتا اور مضبوط کرتا ہے یہ چٹنی عمر عقل
قوت حافظہ اور چہرہ کی رونق اسمرت عزیزی قوت جماع کو بڑھاتی ہے اس چٹنی
کے استعمال سے بڈھا بھی جوان ہو جاتا ہے چیون رشی نے اسی کے بدولت
جوانی پائی تھی - جہاں مصری یا چینی نہ ملے اور معمولی کھانڈ ہی ملے وہاں آنولے

بہت کم بھوسنے۔ اکثر نسخون مین چوتھائی پانی رہنے پر دوا ؤنکا رس رہجاتا ہے یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔

پیٹھا پاگ (خونی صفراوی امراض کے واسطے)) پیٹھے کو چھیل کر باریک باریک ٹکڑے کرے پھر اسے دوسنے پانی مین جوش دے جب آدھا رہجاوے تب اُتار کر اُن ٹکڑون کو کپڑے مین باندھ کر نچوڑے اور پانی کو رکھ چھوڑے بعدہٗ دھوپ مین خشک کرلے اور گود کر تانبے کی کڑھائی مین سات پل گھی دے کر بھوسنے اور وہ نچوڑا ہوا پانی بھی اُس مین ڈال دے پھر سو پل کھانڈ ڈال کر پکا دے۔ اور سونٹھ۔ پیپل۔ زیرہ۔ دو دو پل۔ دھنیا۔ پترج۔ الائچی مرچ سیاہ۔ جب آدھا آدھا پل لے اور ان سب کا چورن اور گھی سے آدھا شہد ڈال کر مریض کی طاقت کے موافق بخار۔ تپ دق۔ پیاس کھانسی۔ دمہ اور ستلی وغیرہ بیمارون کو دے تو بیماری دور ہو۔

ایضاً (بواسیر کے لئے) پیٹھا اور آمی کند کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے چٹنی بنا کر کھلاوے تو بواسیر کمی اشتہا بائی کا فساد یہ سب روگ اچھے ہون۔

اگست ہر تکی (چھپی روگ کے لئے)) بڑی ہڑ دس عدد اور جوا ڈھک بھر دسمول بیس پل۔ چیت ترپھلا۔ لجالو۔ پاڑھا۔ بیل۔ اندجو۔ بیج۔ بھلاون مصفا اتیس۔ باؤبڑنگ۔ سگند بالا ان سب دواؤن کو ایک ایک پل لیوے۔ گھی کڑو بھرلے اور ٹھنڈا ہونے پر کڑو بھر شہد ڈالے یہ چٹنی۔ سب قسم کی بواسیرون کو فائدہ دیتی ہے سخت اتیسار۔ نفرت۔ گرہنی۔ پانڈروگ۔ خونی۔ صفراوی امراض کا زور سوجن اور امراض معدہ وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ اس چٹنی کو بکری کے دودھ کے ساتھ دینا چاہیئے۔ مٹھا۔ دہی اور گھی اور آمی کا پانی اس وقت کھاوے جب غذا ہضم ہو جاوے۔

کُریا آسٹک (سب اتیسارون کے لئے)) کُریا کی چھال آدھا تلا دو دن بھر پانی مین پکا دے جب چوتھائی رہے تب یہ چورن ڈالے لجالو۔ دھلٹے کے پھول

پیپل - پاڑھا - موچرس - موتھا اور اتیس ان سب کو پل پل بھر لے کر اوٹاوے جب
پچھی مین لگے تب جانے کہ ٹھیک بن گیا پھر اسکو بکری کے دودھ یا پانی یا چاول
کی پیچ یا کیسر مین پیوے تو سخت اتیسار کا درد دور ہو اور سب قسم کی رکت باہ اور
بواسیر اور مروڑ دور ہو۔

چٹنی کھانسی - دمہ - بخار کے لئے) کھانسی اور دمہ کے ساتھ جو بلغمی بخار ہو
تو بیڑھا سنگی - پیپل - کا پھل اور کوٹ ان چارون کو کوٹ کر چورن کرے اسکو وزن
ماچک یا شہد کے ساتھ ملا کر چاٹے تو کھانسی اور دمہ کے ساتھ بلغمی بخار بھی جاوے
اس مین کوئی شک نہین ہے۔

چٹنی دمہ کے لئے) ایک سو پل بکری کا موت اور ایک سو تولہ بہیڑہ ان کو شہد
کے ساتھ پکاوے جب پک کر چاٹنے کے قابل گاڑھا ہوجاوے تب اُتار لیوے اور
سویرے چاٹے تو پُرانی کھانسی دمہ اور بلغمی روگ دور ہون۔

آسو بنانے کی ترکیب) اوکادچیزون مین دوائیون کو ملا کر کسی برتن مین گیلا
کرکے ایک مہینہ تک اُس برتن کا مُنھ بند کرکے رکھنے سے دوا کا پورا اثر آجاتا
ہے - اس کا نام آسو یا ارشٹ ہے۔

قاعدہ پانی کے میل سے جو دوا تیار کی جاتی ہے اُسے آسو کہتے ہین اور جو کسی دوا
کے کواتھ یا کاڑھے مین اُسی طریقے سے دوا بناوے اُسے ارشٹ کہتے ہین اس کی
خوراک چار تولہ ہے اس مین پانی وغیرہ دروان بھر گُڑ تگا بھر اور شہد آدھا ملادینا
مناسب ہے دوا کا چورن گُڑ جتنا ہو اس کا دسوان حصہ دے۔

شیدھو مدیہ کی قسمین

جو پیٹھے ایکھ کے رس وغیرہ کو میٹھے اشیا رس سے بناوے اُسے شیت شیدھو کہتے ہین
جو پکا کر رس مین بناوے اُسے پک رس شیدھو کہتے ہین سُرا - وہ ہے جسکو آنچ
کے مختلف حالت سے اُتار کر تیار کرے - سُرا کے پھین کو پرسنا کہتے ہین اور پرسنا
کے بعد جو چیز نیچے رہے اُسے کا ندبری یا دھن کہتے ہین - اور جو سُرا کے نیچے رہے

اُسے جنگل کہتے ہین ۔ اور جنگل کے پکنے حصّہ کو میدک کہتے ہین ۔ میدک پکانے سے
جو سار نکلے اُسے سُرابیج کہتے ہین ۔
تاڑ یا کھجور کا رس اگنی جنتر کے جوگ سے یا کچا لے کر مدیہ بنا وے اُسے بارونی کہتے
ہین ۔ کند مول پھل ۔ گھی تیل وغیرہ چکنے اور نمکین ان سب پدارتھون کو آگ یا
جنتر جوگ سے متھے ۔ اُسے سوکت کہتے ہین ۔ جو بنسٹ یعنی چلت رس لیکر خمیرہ مدیا
ترنت، مدُھر درو مین در بیہ چورن ڈال کر مہینے بھر بنایا ہو اُسے چکر کہتے ہین ۔ یا گڑ
پانی ۔ تیل ۔ کند مول اور پھل انھین پہلے طریقے سے مہینے بھر مین بنایا جائے اُسے گڑ
سوکت کہتے ہین ۔ اسی طرح اوکھ رس اور منقیٰ کا سوکت بھی ہوتا ہے ۔ جو کو پانی کے
ساتھ ایک دن تک بھگو دے تو اُسے تسا دا اور جو کی گھوگھری پانی مین پکا کر ایکدن کھٹا
بنا دے اسے سوبیر کہتے ہین کُرتھی یا چاول پانی مین بھگا دے اسے ماڑ کہتے ہین
اُس ماڑ مین سونٹھ ۔ رائی ۔ زیرہ ۔ ہینگ اور نمک ڈالکر تین چار دن تک ملا کر رکھے
اُسے کانجی کہتے ہین اور مولی کے اُبالے ہوئے پانی مین ہینگ ۔ سرسون ۔ رائی ۔ زیرہ
سیندھا نمک اور ادرک ڈال کر چار یا پنچ دن رکھے اُسے سنڈاکی اور آسو کہتے ہین
خون اور صفرا کے لیے خس کا آسو) خس سوگند بالا ۔ کنول کے پتے کھاری
نیل کنول ۔ پدماکھ ۔ مالکنگنی ۔ پچھانی لودھ ۔ مجیٹھ ۔ جواسہ ۔ پاڑھا ۔ چرائتہ ۔ کنگی
بٹ ۔ جو ۔ گولری ۔ کچور ۔ پت پاپرہ ۔ سفید کنول ۔ پرول ۔ کچنال ۔ جامن ۔ اور سیمر کا
گوند ان سب کو پل پل بھر لے پھر چورن کر کے منقیٰ بیس پل ۔ دھوکے پھول پندرہ پل
پانی دو دروں ۔ شکر تولہ بھر شہد تولہ بھر لیوے پھر جٹا ماسی اور مرچ سیاہ ان کا
دھوان برتن مین دے کر یہ سب دوا مین برتن مین بھر کر ایک مہینہ بھر رکھے اس کو
(سمبر دخس) آسو کہتے ہین لیکن یہ خونی اور صفراوی بیماریون کو دور کرتا پیلیا کو دھ
جریان ۔ بواسیر ۔ کیڑے اور سوجن کی خرابیون کو بھی دور کرتا ہے ۔
تپ دِق کے لیے پیپلی آسو) پیپل ۔ مرچ سیاہ ۔ چب ۔ ہلدی ۔ چیتا ۔ موتھا
باؤ برنگ ۔ سُپاری ۔ لودھ ۔ پاڑھا ۔ آنولہ ۔ چھڑیلا خس ۔ صندل سفید ۔ کوٹھ

لونگ۔ تگر۔ جٹاماسی۔ دارچینی۔ الائچی۔ تیزپات۔ پرینگو کے پھول۔ گوندنی۔ ناگ کیسر ان سب کو آدھا آدھا پل لے اور مہین پیسکر تین تولہ گڑ کے ساتھ دو دن بھر پانی میں ڈالے اور دس پل دھاۓ کے پھول ساٹھ پل منقے۔ ان سب کو مٹی کے برتن میں ایک مہینہ تک رکھے جب جانے کہ سب دوائیاں ایک ہوگئیں تب موافق طاقت مریض کے کھلایا جاوے اس آسو کے کھانے سے تپ دق۔ پیٹ کی بیماریاں کمزوری۔ گرہنی۔ پانڈو اور بواسیر ان سب بیماریوں کو یہ آسو دور کرتا ہے۔

پانڈو روگ پر لوہے کا آسو] لوہچون۔ ترکٹا۔ ترپھلا اجوائن۔ بڈنگ چیتا۔ موتھا۔ ان سب کو چار چار پل لے پھر سب کا چورن کرکے چونسٹھ پل شہد تولہ بھر گڑ اور دو دو دن پانی دیوے اور چکنے برتن میں ایک مہینہ بھر رکھے اس لوہا آسو کے پینے سے پانڈو۔ جسم کا پھولنا۔ گولہ۔ بواسیر۔ کوڑھ۔ تلی۔ خارش۔ کھانسی۔ دمہ۔ بھگندر۔ ارُچ۔ گرہنی اور دل کی بیماریاں سب جاتی رہتی ہیں۔

بخار پر گُریا ارشٹ] گُریا کی چھال اور منقے آدھا آدھا تُلا میوہ اور کھمباری کی چھال تین تین پل لے پھر اسے چار دو دن پانی میں پکاوے۔ جب دو دن بھر رہے تب اُتار کر اس میں بیس پل دھوی کے پھول اور تولہ بھر گڑ ڈال کر مٹی کے برتن میں ایک مہینہ تک رکھ چھوڑے۔ یہ گُریا ارشٹ سب بخاروں کو دور کرکے بھوک بڑھاتا ہے۔

ردھی روگ پر ڈبنگا رشٹ] باؤبڑنگ۔ پیپلا مول۔ راسنا۔ گُریا کی چھال۔ پاڑھا۔ ایلوا۔ آنولہ اور آنولہ یہ سب پانچ پانچ پل لے کر آٹھ دو دن پانی میں اوٹاوے جب ایک دو دن بھر پانی رہ جاوے تب اُتارے جب ٹھنڈا ہو جائے تو تین سو پل شہد۔ بیس پل دھاۓ کے پھول اور دیج۔ تیزج اور الائچی دو دو پل۔ گوندی۔ پچنال۔ لودھ پل پل بھر لے ترکٹا آٹھ پل پیس کر ڈالے پھر ان کو گھی کے برتن میں بھر کر ایک مہینہ تک رکھے پھر جیسی قوت مریض کی دیکھے اُسی کے موافق پلاوے تو پیٹ کا درد۔ جریان۔ رانوں کا بیج پتھری۔ پرمیہ۔ سٹھیلا۔ بھگندر۔ گنڈمالا۔ مہ ستبھ امراض وماغی اس ڈبنگا رشٹ سے دور ہوتے ہیں۔

جریان پر دیوادار رشٹ] دیودار آدھا تلا - اڑوسہ بیس پل - مجیٹھ - اندرجو - تگر - دایتولی - دونون ہلدی - راسنا - بڑنگ - موتھا - سرسبر - بیر - ارجن - یہ سب دس دس پل لے - اور جوائن - کرییا - چندن - گرچ - کٹکی - چیت آٹھ آٹھ پل لے اور ان سب کو آٹھ درون پانی مین پکاوے - جب درون بھر پانی رہجاوے تو اس مین یہ دوائیان ڈالے - دھاے کے پھول سولہ پل - شہد تین تولہ - ترکٹا دو پل - تج دو پل - تیرج الائچی چار چار پل - پرینگ چار پل - ناگ کیسر دو پل ان سب کا چورن کرکے گھی کے برتن مین ایک مہینہ بھر رکھے پھر اسے پئے تو بہت سخت جریان بھی دور ہو اور بات روگ - گرہنی - بواسیر - موترکرچھر - داد - اور کوڑھ کو بھی اچھا کرتا ہے -

کوڑھ پر کھدیر ارشٹ] کھیر آدھا تلا - دیودار آدھا تلا - بانجھ بارہ پل - ہلدی بیس پل - ترپھلا بیس پل - ان سب کو آٹھ درون پانی مین پکاوے جب درون بھر رہ جاوے تب ٹھنڈا کرکے یہ دوائیان ڈالے شہد دو تولہ کھانڈ ایک تولہ - دھاے کے پھول دو پل - سگول - ناگ کیسر - جاپھل - لونگ - الائچی - تج - تیرج - یہ سب ایک ایک پل اور پیپلی چار پل لے پھر اسکو گھی کے برتن مین ایک مہینہ تک رکھے اس ارشٹ کے استعمال سے کوڑھ ہردے روگ پانڈو روگ اربد گلم گرنتھ کھانسی - تلی - یہ سب روگ دفع ہون اور ہر قسم کے کوڑھ کو بہت جلد فائدہ دیتا ہے -

تپ دق پر ببولا رشٹ] ببول کی چھال دو تلا چار درون پانی مین پکاوے جب درون بھر رہے تب اُتار کر ٹھنڈا کرکے تلا بھر گڑ دے اور سولہ پل دھاے کے پھول دو پل - پیپل اور جاپھل - جاوتری - سیتل چینی - تج - تیرج - کیسر - لونگ - اور مرچ یہ سب پل پل بھر لے پھر ان کو پیسکر ایک مہینے تک مٹی کے برتن مین رکھے اس ببولا رشٹ سے تپ دق - کوڑھ - اتیسار - جریان - دمہ - کھانسی - یہ سب بیماریان دور ہوتی ہین -

اُرہ چھت پر ورا چھارشٹ] منقے آدھا تلا - دو درون پانی مین پکاوے جب چوتھائی رہے تب اُتار کر ٹھنڈا کرکے یہ دوائین ڈالے - گڑ دو تلا - تج - الائچی - تیرج - کیسر - پھول پرینگ پاگرا - مرچ سیاہ - پیپل - باؤبڑنگ - یہ سب ایک ایک پل لے اور مٹی کے برتن

مین رکھکر مُدرا کرکے ایک مہینے رکھ چھوڑے اور موافق طاقت مریض کو استعمال کرائے تو چھاتی کا درد تپ دق کھانسی اور گلے کے اندرونی بیماریان دور ہون اس سے طاقت بڑھکر بل شُدھ ہوتا ہے۔

بواسیر پر پروھتار شٹ] ہرڑ داری گُشا ایک تلا۔ چار درون پانی مین پکا دے جب چوتھائی رہجائے تب اُتار کر ٹھنڈا کرکے دو سو پل گُڑ۔ سولہ پل دھاے کے پھول سونٹھ چیل۔ پیپلا مول۔ نج۔ چیتا۔ پترج۔ الائچی۔ جج۔ ترپھلا۔ ان سب کو پل پل بھر پے پھر چورن کرکے سب دواؤن کو ایک مہینہ تک برتن مین رکھے پھر حسب طاقت مریض کو استعمال کرائے تو کانچ روگ۔ بگر ہنی۔ پانڈو ہردے روگ تلی۔ گلم کوڑھ اور نفرت وغیرہ بیماریان دور ہون۔

تپ دق جریان وغیرہ پر دشمولا رشٹ] دشمول پانچ پانچ پل لے۔ دو پوکر مول اور چیت پچیس پچیس پل لیوے۔ لودھ بیس پل۔ گُرچ بیس پل۔ آنولہ سولہ پل۔ جواسا بارہ پل۔ پاکھیر نیچے سار اور ہڑ آٹھ آٹھ پل۔ کوٹ۔ مجیٹھ۔ سونیوار۔ بڑنگ۔ بھارنگی۔ کیتھا۔ بہیڑا۔ نسوت۔ گاؤزبان چپ جٹاماسی کمراسون۔ کالازیرہ۔ میوڑی۔ کاکچی۔ راسنا۔ پیپل۔ سپاری۔ کچور۔ سونف ہلدی۔ پدماکھ۔ ناگکیسر۔ موتھا۔ اندرجو۔ سونٹھ دونون۔ کٹ سریا۔ میدا۔ مہامیدا۔ کاکولی۔ ردّھی اور برّدھی یہ سب دو دو پل لیکران سب دواؤن کو آٹھ گنے پانی مین اوٹا دے جب چوتھائی باقی رہے تب اُتار کر مٹی کے برتن مین دھر کر منقے آٹھ پل لیکر چوگنے پانی مین اوٹا دے۔ جب چوتھائی جلجائے اور تین حصے باقی رہے تب ٹھنڈا کرکے پہلے کاڑھے کے ساتھ ملادے۔ اور شہد ۳۲ پل گُڑ چار سو پل۔ دھوے کے پھول ۲۰ پل۔ سیتل چینی۔ خس۔ صندل۔ جائپھل۔ لونگ۔ تج۔ الائچی پترج کیسر اور پیپل ان سب کا سفوف دو دو پل کستوری ۲ ماشہ ان سبکو اکٹھا کرکے اس کاڑھے مین ملاکر ایک گڑھا کھودکر دفن کردے۔ ایک مہینہ یا دس روز بعد سکو پئے تو گرہنی۔ نفرت۔ دمہ۔ کھانسی بھگندر بائے کے روگ۔ تپ دق۔ مُنھ سے رطوبت بہنا۔ پانڈو روگ۔ گلم کوڑھ۔ بواسیر۔ جریان۔ من کی پیٹ کی بیماریان۔ پتھری۔ سوزاک۔ اور دھات کی بیماریان دور ہون کمزور آدمی طاقتور ہو بانجھ عورت کے بچہ پیدا ہو۔ یہ دشمول ارشٹ سب بیماریون کو دور کرتا ہے اور انسان کو تندرست بناتا ہے

باب چھبیسوان

دواؤن سے گھی اور تیل بنانے کی ترکیب

کلک سے چوگنا گھی یا تیل اور کواتھ کی چیزین بھی چوگنی لینی اسکی خوراک پل بھر ہے جس دوا کا
کواتھ لینا ہو اُسے چوگنے پانی مین اوٹا دے جب چوتھائی رہجائے تب اُسے اُتار کر چھان لے
پھر اُس مین گھی تیل وغیرہ جو چاہے بنائے نرم دواؤن مین چوگنا پانی اور خشک مین
اٹھ گنا اور نہایت سخت مین سولہ گنا پانی دیوے جو دوا بہت خشک نہ ہووے
اور نہ بالکل نرم اُس مین اٹھ گنا پانی دینا چاہیئے یا روپیہ بھر سے چار روپیہ تک سولہ گنا
پانی دیکر کواتھ بناوے پل سے کُڑو تک اٹھ گنا یا پرستھ سے کھاری تک چوگنا پانی دے اور جو
صرف کلک پانی گھی یا تیل مین سدھ کرے تو چوتھائی کلک دیوے جیسے سیر بھر تیل ہو تو پاؤ
بھر کلک اور جو کلک کاڑھے کے ساتھ گھی اور تیل پکاوے تو گھی اور تیل کا چھٹا حصہ کلک دینا چاہیئے جیسے
تین پاؤ مین آدھ پاؤ اور جب کلک کو رس کے ساتھ گھی یا تیل مین پکاوے تو گھی تیل کا آٹھوان حصہ کلک
دینا چاہیئے اور جیسے سیر بھر مین آدھ پاؤ گھی اور تیل کا وزن ہی ہونا چاہیئے دودھ دہی رس شہد مین آٹھوان حصہ کلک
دینا چاہیئے اور کلک کو اچھی طرح پکانے کیلئے چوگنا پانی دے اور جہان کلک گھی تیل کواتھ اور پھانٹ یہ پانچون ہون وہان
اسنیہ وغیرہ کے موافق دینا چاہیئے یا پانی چوگنا دیوے جب بہت سی چیزین گھی یا تیل مین پکانی ہون تو پانی مین دوائین
پیس کر گولی یا کلک بنا کر چوگنے پانی مین پکا دے اور جو صرف کاڑھے مین کہا ہو وہان اُسی
دواؤن کا کلک بنا کر معہ تیل یا گھی کے وہ کاڑھا اور چوگنا پانی دے کر پکاوے اور جہان
کلک کو چھوڑ کر بنانا لکھا وہان صرف دوائین دودھ اور پانی دیکر پکا لینا چاہیئے جب پھول کے
کلک مین اسنیہ سدھ کہین گے تب چوگنا پانی دینگے اور جب اسنیہ سے اسنیہ سدھ کہین گے
تب اسنیہ کا آٹھوان حصہ دوسرا اسنیہ لے معہ پھولون کا کاڑھا بنا لینا چاہیئے۔ پھر جب وہ
اسنیہ پاک انگلی مین لیکر ملنے سے بتی بنجا دے اور اسکو اگن پر ڈالے اور پانی سے چرچراہٹ
کی آواز نہ ہو تب جانے کہ تیار ہو گیا۔ تیل مین جب پھین اُٹھے جب جاننا چاہیئے کہ تیار ہو گیا
اور گھی جب پھین نہ اٹھے تو سمجھنا چاہیئے کہ تیار ہو گیا ہے یا جب گندھ آوے اور گھی یا تیل

صاف ہوجاوے اور رس پیدا کرے تب سمجھنا چاہیئے کہ تیار ہوگیا اسیقدر پاک تین قسم کا ہوتا ہے ایک مُرد (میٹھا) دوسرا مدہم تیسرا کھر جو کلک موم کی طرح رہے تو مُرد جانیئے اور نیرس ہو کچھ کومل رہے تو اُس کو مدہم جانیئے یا نیرس اور کٹھور ہوجائے وہ کھر ہے۔ جو اس سے زیادہ جلجائے تو سمجھنا چاہیئے کہ بگڑگیا اور اگر کچا رہے اُس کا استعمال کرے تو مندا گنی ہو اور جسم بھاری رہے ناس لینے کو نرم مفید ہے اور مدہم سب کاموں کے لئے اچھا ہے اور کھر ملنے کے لئے ہے جہاں جیسی ضرورت ہو ویسا بنا لے تیل گھی اور گڑ یہ ایکدن مین نہ بناوے دنون کا فاصلہ دے کر بناوے تو فائدہ کرے۔

کھار تلّی کے لئے] پیپل۔ پیپلا مول۔ چب۔ چیت۔ سونٹھ اور سیندھا نمک ان سب کو پل پل بھر اور دودھ چوگنا لے کر پتھ بھر گھی مین پکاوے جب تیار ہوجائے تو یہ گھی تلّی کو دفع کرتا ہے سوداوی بخار یعنی تجاری چو بقیہ مندا گنی اور نفرت کو دور کرتا ہے۔

سنگرہنی اور اتیسار پر جانگیری گھی] پیپل۔ پیپلا مول۔ چیت۔ گج پیپل۔ گوکھرو۔ زنجبیل دھنیا۔ پارہ۔ بیل۔ اجوائن۔ یہ سب پل پل بھر گھی چونسٹھ پل۔ اور جانگیری (چھوٹی لونیا) کا رس دو سو چھپن پل اور دہی دو سو چھپن پل لیکر نرم آنچ سے پکاوے جب تیار ہوجائے تب اسکے استعمال سے بات کف۔ سنگرہنی۔ بواسیر پیٹ کا پھولنا کانچ کا نکلنا سوزاک اور پیچش یہ سب قسم کی بیماریاں دور ہوتی ہین۔

اتیسار پر مسور گھی] سو پل مسور لے اور دو دون بھر پانی مین اُسکا کواتھ کرے جب چوتھائی رہے تب اُسی کاڑھے مین آٹھ پل بیل کی گودی اور پہ ستھر پہ گھی دیکر پکاوے اس سے سب قسم کے اتیسار گرہنی بتر اہل۔ گرنا اور پیا ہنگا وغیرہ سب دور ہون۔

رکت پت پر کام دیو گھرت] آسگندھ سو پل۔ گوکھرو پچاس پل۔ ستاور۔ بلائی کند بن اروی۔ برہارا۔ گرچ۔ بیل۔ کاری گسا۔ لال کنول گٹہ۔ گراپورنیا۔ کھاری کے پھول کالے اُرد ان سبکو دس پل لیکر دو دون بھر پانی مین پکاوے جب چوتھائی رہے تب آدھک بھر گھی مین پکاوے۔ پھر منقے۔ پدماکھ۔ پیپل۔ صندل سُرخ۔ تیرج۔ ناگ کیسر کوانچ کے بیج۔ ہرمزی تیل کنول کا پھول سرون پھرون۔ جیوگسا۔ یہ سب چیزین

قرش قرش بھر سے اگر پہلی دوائیں نہ ملیں تو صرف بر یارہ سے لے اور شنکر دوپل اور پونڈے کا رس آڑھک بھر یہ سب یکجا کرکے پکاوے جب صرف گھی رہجاوے تب چھان لے۔ یہ کام بھی سوزاک۔ بات رکت کنول۔ اور دسیتھر۔ رکت پت۔ ہیمک۔ ہچکی ان کو دفع کرے پسلی کے درد کو دور کرے اگر یہ گھی بانجھ عورت کو دیا جاوے تو بچہ پیدا ہو۔ اور بوڑھا آدمی فربہ ہو یہ گھی بہت ہی قوت دیتا ہے جسم کو خوبصورت بناکر دل کو قوی کرتا ہے چہرہ کی رونق کو بڑھاتا ہے اعضاء رئیسہ کو قوت پہونچاتا ہے۔

مرگی کے دورے پر کلیان گھرت] ترپھلا۔ دونوں ہلدی۔ مُرنیکا۔ سرون تیھون مکرا۔ پن اُرد۔ بن مونگ۔ دیودار۔ ایلوا[^1]۔ تگر۔ اندارن۔ تخم جالگوٹہ۔ انار۔ ناگ کیسر۔ نیل کنول۔ الائچی مجیٹھ۔ باؤبڑنگ۔ پدماکھ۔ کوٹ۔ التی یا جنبیلی کا پھول۔ صندل سفید۔ طالیسپر۔ سفید کھٹکیا۔ یہ سب قرش قرش بھر لے اور پانی میں پیسکر چوگنا پانی دے۔ اُس پانی میں پرستھ بھر گھی اور وہ کلک دے کر پکاوے پھر مریض کو دے تو مرگی۔ خفقان۔ بخار۔ ہچکی۔ بات رکت۔ کھانسی۔ مندا گنی: ناک ٹپکنا۔ درد کمر۔ تجاری چوتھیا۔ موتر کرچھر۔ بسرپکا۔ کھجلی پانڈروگ یہ سب اچھے ہوں۔ بانجھ عورت کے بچہ پیدا ہو۔ بھوت پریت دفع ہو۔ اس گھی کا نام پانی کلیان پرسدھ ہے۔

بات رکت پر امرتا دو گھرت] گرچ کا کلک اور گرچ کا کواتھ دودھ کے ساتھ گھی میں پکاوے اس سے بات رکت اور کوڑھ ضرور دور ہوتا ہے۔

بات کشٹ وغیرہ پر مہا تکتا دو گھرت] چھتونی۔ املتاس۔ اتیس۔ کٹکی۔ پاڑھ۔ موتھا خس۔ ترپھلا۔ پت پاپڑہ۔ پٹول۔ نیم۔ مجیٹھ۔ پیپل۔ پدماکھ۔ کچور۔ چندن۔ جواسا۔ اندارن۔ دونوں ہلدی گرچ۔ سرون۔ تیھون۔ مرّا۔ روسہ۔ ستاور۔ سفید کنیل۔ اندرجو۔ ملیٹھی۔ چرائتہ۔ ان سب کو قرش قرش بھر لے اور گھی چوگنا دے۔ اور گھی سے دو چند آنولہ کا رس دے اور اٹھ گنا پانی دے کر پکا دے اس سدھ گھی کو سب قسم کا بات رکت کی بیماریوں اٹھارہ دن کوڑھ اور رکت پت میں دیوے۔ یہ گھی خونی بواسیر۔ پانڈروگ ہر دروگ۔ گلم۔ بسرپ۔ پردر۔

[^1]: اگر ایلوا نہ ملے تو سگندھ بالا شامل کرے ۱۲

گنڈمالا۔ چھدر روگ اور بخار وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

کوڑھ داد اور کھجلی پر کسیسادگھرت] کسیس۔ دونون ہلدی۔ موتھا۔ ہرتال۔ مینسل۔ کمیلہ۔ گندھک۔ باؤبڑنگ۔ گوگل۔ موم۔ مرچ سیاہ۔ کوٹ۔ توتیا۔ پیلی سرسون۔ رسوت۔ سیندور۔ رال۔ صندل سُرخ۔ کھیر۔ نیم کے پتے۔ کرنج۔ سرون۔ بچ۔ مجیٹھ۔ چھال مہوا جٹاماسی۔ سرسن۔ لودھ۔ پدماکھ۔ گوز پورنیا۔ ہڑ۔ یہ سب ایک ایک قرش لے کر ان کا چورن کر کے تیس پل گھی میں سانے پھر اُسے تانبے کے برتن میں سات دن تک دھوپ میں رکھے اس گھی کے لگانے سے کوڑھ۔ داد۔ کھجلی۔ بچرچیکا۔ نقص منی۔ بسرپ۔ چیچک۔ بات پت سے پیدا ہوئے روگ۔ پیشانی کا زخم۔ آتشک۔ ناسور۔ سوجن۔ بھگندر۔ گنڈی وغیرہ وغیرہ سب بیماریان دور ہون اور زخم بھر جائے اور نشان بھی نہ رہے۔

گھاؤ پر جاتی گھرت] چنبیلی۔ نیم۔ پرول۔ ان سب کی پتی۔ دونون ہلدی۔ کٹکی۔ مجیٹھ۔ ملیٹھی۔ موم۔ کرنج۔ خس۔ سرون۔ توتیا۔ ان سب کو ہموزن لیکر انکی لیسدی گھی میں پکاوے اس گھی کے لگانے سے زخم۔ ناسور۔ اور نازک مقامون کے سخت زخم اور درد اچھے ہوتے ہین۔

پیٹ کی بیماریون پر بندو گھرت] چیت۔ سنکھاہولی۔ ہڑ۔ کمیلہ۔ دونون نسوت۔ بدھارا۔ املتاس۔ جمالگوٹہ۔ ترپھلا۔ کڑوی ترئی۔ دیودالی (بندال) نیل کی پتی۔ کوا ٹھٹی۔ سیہنڈ کی پھلی۔ پیپلامول۔ باؤبڑنگ۔ کٹکی۔ چوکرا سب دوائین قرش قرش بھر لے کر ان کا کلک کر کے ۲۰ سیر گھی میں پکاوے۔ پھر سیہنڈ کا دودھ چھ پل۔ مدار کا دودھ دو پل ڈالے یہ تیار شدہ گھی۔ گلم۔ کوڑھ۔ شول۔ اودا ورت۔ سوجن۔ پیٹ پھولنا۔ بھگندر۔ تھون پیٹ کی بیماریون کو دور کرتا ہے۔ آٹھ بوند پانی یا دودھ یا اونٹنی کے دودھ سے یا کلتھی کے کواتھ سے یا گرم پانی سے چند بوندین مطابق طاقت مریض پلاوے تو دست ہون۔ اس بندگھی کا ناف پر لیپ کرنے سے بھی دست آتے ہین۔

ایضًا] کمیلہ اور نسوت ان دونون کی برابر سیہنڈ کا دودھ اور آدھا ہی آنولہ کا رس اور سب کے برابر گھی کے برابر دودھ اور سیندھانمک ڈال کر دھیمی آنچ سے

پکا دے یہ جنڈ گھرت ایک قرش استعمال سے پیٹ کی تمام بیماریاں گلم اور کچھوی وغیرہ بھی دفع ہوتی ہیں۔

آنکھوں پر ترپھلادگھرت] ترپھلے کا رس ایک پرستھ۔ ردسے کا رس ایک پرستھ۔ بھانگرے کا رس ایک پرستھ۔ بکری کا دودھ ایک پرستھ۔ گھی قرش بھر اور ترپھلا پیپل منقے۔ صندل سرخ۔ سیندھا نمک۔ بریارا۔ دونوں کاکولی۔ میدا مہامیدا۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ کھانڈ۔ سفید کنول۔ سرخ کنول۔ گڈ پورنیا۔ دونوں ہلدی۔ ملیٹھی ان کا کلک گھی میں پکاوے کھانے کے اول میں یا بیچ میں یا آخر میں کھاوے تو رتوندھی۔ دھوندھی۔ خارش۔ نکلا ندہ۔ اور آنکھ کی ہر قسم کی بیماریاں دور ہوں اس ترپھلاد گھی کو کھاوے یا ناس لے لیکن عمدہ غذا کھاوے۔

گھاؤ پر گوریادگھرت] دونوں ہلدی۔ مرا۔ سروں۔ دونوں صندل۔ ملیٹھی۔ کنول کیسر۔ کنول۔ نیل کنول۔ خس۔ سیدا ترپھلا۔ آم۔ برگد۔ پیپل۔ پکریا۔ گولر۔ ان سب کی چھالیں قرش قرش بھر لیوے اور پرستھ بھر گھی میں پکاوے یہ گوریادگھی۔ بسرپکا۔ اگنیا سن پھپھک۔ زہریلے کیڑے کے ڈنک اور زخم ان سب کو فائدہ کرتا ہے۔

سر کی بیماریوں پر میورگھرت] بریارا۔ ملیٹھی۔ راسنا۔ دشموں اور ترپھلا یہ سب دو دو پل لے اور مور کا گوشت دروون بھر پانی میں پکاوے جب چوتھائی رہجاوے تب اتار لے پھر اس کے برابر دودھ ڈالے اور پرستھ بھر گھی میں جیونی گن کی دوائیں ملاکر کاڑھا بناوے جب یہ گھی تیار ہو جائے تو اسکے استعمال سے سر کی بیماریاں یعنی کان۔ ناک آنکھ۔ گلا وغیرہ کی سب بیماریاں دور ہوں۔ سونگھے۔ ملے۔ کان میں ڈالے مگر اس کا استعمال سرد موسم میں کرے نہایت مفید ہے۔

بانجھ عورت کے لئے پھل گھرت] ترپھلا۔ ملیٹھی۔ کوٹ۔ دونوں ہلدی۔ کٹکی۔ باؤ بڑنگ۔ پیپل۔ ناگر موتھا۔ کا پھل۔ میدا مہامیدا۔ دونوں کاکول۔ سرون۔ تیھون کیرا سونف۔ ہینگ۔ راسنا۔ دونوں صندل۔ چنبیل کے پھول۔ بنسلوچن۔ کنول۔ شکر۔ اجمود

ف[1] کاکولی۔ چھیر کاکولی نہ ملے تو اسگندھ اور اگر میدا مہامیدا نہ ملے تو ملیٹھی شامل کرلی جاوے ۱۲

اور بعضون سب دوائین فرش فرش بھر لیکر انکا کلک بناوے اور جس گاے کے بچھڑے کا رنگ بھی گاے کا سا ہو اسکا پرستھ بھر گھی اور چوگنا دودھ سے جنگلی کنڈے سے کے دھیمی دھیمی آنچ دیکر پکاوے پھر اچھے دن شبھ تتھ اور نچھتر مین مٹی یا تانبے کے برتن مین عورت اور مرد پیے تو مرد کو بہت قوت باہ حاصل ہو اور بانجھ عورت کے بچہ پیدا ہو اور جس عورت کے بچے مرجاتے ہین اُس کے بچے تندرست رہین اور اس گھی کے استعمال سے سو برس تک انسان جی سکتا ہے بید لوگ بھنا بوٹی ضرور شامل کرتے ہین یہ بھاردواج رشی نے کہا ہے۔

فرج کی بیماریون پر ترپھلاد گھرت] کٹ سریا۔ گرچ۔ گرا پورنیا۔ سرس۔ دونون ہلدی۔ راسنا۔ سیدا۔ ستاور۔ ان سب کا پرستھ بھر کلک چار پرستھ گھی مین پکاوے جب یہ تیار ہو جاے تب عورت اسکو پیئے تو فرج کی سب بیماریان دور ہون۔ بیت جلت۔ مشرت گیرت۔ پت۔ یون۔ کھنڈیون وغیرہ فرج کی بیماریان بھی دور ہون اور حمل بھی قائم ہو فرج کے امراض کے واسطے یہ گھی نہایت ہی مفید ہے

بش پنچ تکت گھرت] اروسہ۔ نیم۔ گرچ۔ بھٹ کٹیا۔ پٹول۔ ان کے کاڑھے اور کلک مین گھرت پکا کر کھاوے تو بشم جور۔ پانڈو روگ۔ کوڑھ۔ بسرپ۔ کیڑے اور بواسیر وغیرہ دفع ہوتے ہین۔

کوڑھ پر بھونمباد گھرت] چرائتہ۔ ترپھلا۔ خس۔ نیم کی چھال۔ موتھا۔ اروسہ۔ بانجھی۔ سردن۔ کٹکی اتہ منی۔ رسوت۔ گرچ۔ پیپل۔ پدماکھ۔ کچور۔ اندراین کے پھل۔ اندرجو۔ موربا۔ پتھون۔ انیس۔ ستاور۔ ہلدی یہ سب دوائین چھ چھ ماشے سے اور ان دوائیون کے دونے آملے کے پھل لے اور آٹھ گنے پانی مین کاڑھا کرے پھر کاڑھے اور گھی کو ملا کر آگ پر چڑھاوے جب کاڑھا جل جاے اور صرف گھی باقی رہے اتار لے اور ایک تولہ بھر نہار منھ پیئے تو کوڑھ۔ پاگل پن۔ بخار۔ پیٹ کے ٹنڈ۔ گلے کی سوجن گنڈمالا اور گلے کی بیماریان دفع ہو دور ہون۔

لاکھاد تیل] ایک آڑھک یعنی ۳ سیر اور چھ روپیہ بھر لاکھ لیکر چار آڑھک پانی

میں پکا ڈھا کرے جب چوتھائی رہے تو اتار کر اس میں پرستو بھر تیل دے اور دہی کا توڑ آدھ سیر دے کر پھر
سونف - اسگندھ - ہلدی - دیودار - کٹکی - میوڑی - مروڑ کے بیج - کوٹ - ملیٹھی - صندل - موتھا - راسنا - یہ سب
ترش ترش بھر لیکر چورن کر کے تیل میں دھیمی آنچ سے تیار کرے اس تیل کے لگانے سے کھم - جوڑ
بعد - موا - کھانسی - دمہ - ناک کا بہنا - درد بدن - پیٹھ کا جکڑنا - بات پت سے جو روگ ہو بھوت پریت وغیرہ پاگل پن
خارش - پیٹ کا درد - بد بو اور شیر پھوڑ یہ سب بیماریاں دور ہوں اور اگر حاملہ عورت ملے تو حمل محفوظ رہے۔
نارائن تیل بادی پر - اسگندھ - برہا تیل - پاڑھا - جھنگیا - دوغل - گوکھرو - نیم - سونن پتی - گورکھ پانا - گندھ پرسارنی
ارنی - یہ سب دوائیں دس دس پل لے پھر سب کو چار دورن ۳۲ سیر ایک چھٹانک پانی میں پکاوے جب
ایک دورن رہے تب ایک آڑھک تیل میں تیلی ستاور کا رس ایک آڑھک دیوے اور اگر ستاور سوکھی ہو
تو کاڑھا کر کے ڈالے تیل سے چوگنا گائے کا دودھ ڈالکر اس میں کلک کو آہستہ آہستہ پکاوے پھر کوٹ
الائچی - چندن - اسگندھ - بالا - جٹاماسی - چھڑیلا - برہا - اسگندھ - سیندھا نمک - راسنا - سونف - دیوداروشن
ارد جنگلی - مونگ جنگلی - تگر - یہ سب دوائیں دو دو پل لیکر کلک کرے اور تیل میں شامل کرے پھر اس تیل کو
جسم پر مالش کرے اور ناس لے یا پچکاری لگاوے تو اس سے کبڑا پن - ہاتھ - ٹھوڑی اور گلے کا جکڑنا
لنگڑا پن بہرا پن کمر کا جکڑنا - جسم کا سوکھنا - بخار زحیق - آنت کا اترنا - فوطہ بڑھنا - امراض دندان اور سر کی
بیماریاں درد پسلی جنگلا پن اور دماغی امراض بشمول بات اور سب جسم کے درد دور ہوں نامردی کو نفع کرے
بانجھ عورت کے بچہ پیدا ہو۔ یہ تیل مرد گھوڑے ہاتھی سب کے لئے مفید ہے جس طرح سے
نارائن جیسے روحوں اور شیاطین کو فنا کرتے ہیں اسی طرح یہ تیل ان امراض کو دور کرتا ہے۔
پرسارا تیل بات پر - پرسارنے کی جڑ کا کواتھ - کلتھی کا کواتھ - جو کا کواتھ - جھڑبیری کا کواتھ ان سب کو
آٹھ آٹھ سیر لے اور سیر بھر تیل لیکر یعنی ان کی دوائیں ستاور ادرک - ملیٹھ - کوٹ - چھڑیلا - تگر - اگر
سیندھا نمک - بچ - گورکھ پانا - جٹاماسی - سرون پنی - بھوں تیج پات - سونف - اسگندھ - ناگوری ان
سب کو ملا کر پکاوے - جب صرف تیل رہ جاوے تو اتار لیوے - یہ تیل حاملہ عورت - دھات کمی
کشتی آدمی اور پرسوتی عورت کو دیجئے تو سب بات کی بیماریاں دور ہوں۔
پرسارنی تیل - آٹھ سیر پرسارنی سو پل (سو پل کی پانچ سیری) اسے دس دورن بھر پانی میں پکاوے جب
چوتھائی رہے تب اتار کر اس میں کاڑھے کے برابر دہی اور تیل ڈالے اور تیل کے برابر کانجی اور تیل کا چوگنا دودھ

اور تیل کا آٹھواں حصہ یہ دوائیاں لے میتھی۔ پیلا پول۔ سیندھا نمک۔ جیت بیج۔ گندھ بیارنی۔ دیودار۔ راسنا۔ گج پیپل۔ بھلانوان مصفا۔ سونف۔ جٹا ماسی۔ ان سب کا کلک تیل میں پکائے یہ تیل بہت فائدہ مند ہے۔ باؤ کے پیدا ہونے روگوں کو دور کرتا ہے۔ کبڑے۔ اپاہج۔ لنگڑے وغیرہ کو یہ تیل بہت مفید ہے اور گردن کے اوپر کے سب مرضوں کے واسطے بھی مفید ہے

ماش تیل (بادی کے لیے)] ارد۔ جو۔ السی۔ بھٹکٹیا۔ کوارنج۔ کیریا۔ گوکھرو۔ سیونا کے ان ساتوں دواؤں کو پل پل بھرلے پھر چوگنے پانی میں پکاوے جب چوتھائی رہے تو نبولہ کی مینگی۔ بیر۔ سنی کے بیج۔ کلتھی۔ ان سب کو چودہ چودہ پل لے کر چوگنے پانی میں پکاوے جب یہ بھی چوتھائی رہ جائے تب اتار کر رکھ لے اور ایک پرستھ بھر لے کر بکری کا گوشت ۴۴ پل پانی میں پکا کر کے تیار کرے پھر پرستھ بھر تیل میں سب کو اور گوشت کی یخنی ڈال کر اور یہ کلک بھی اسی میں ڈال کر پکاوے اور گرپچ۔ سونٹھ۔ کدا پودینا۔ راسنا۔ ارنڈ۔ پیپل۔ بریارا۔ گندھ پرسارنی۔ جٹا ماسی۔ کٹکی۔ آدھا آدھا پل لیکر گھی میں بھون کر اس میں ملا کر پکاوے جب تیل صاف ہو جائے تب اتار کر چھان لے۔ اس تیل سے گردن کا جکڑ جانا ہاتھوں کا درد آدھے جسم کا سوکھنا۔ فالج۔ رانوں کا جکڑنا۔ اپتانک۔ انگ کمپ (رعشہ) ہاتھ پاؤں سن ہو جانا وغیرہ بادی کی بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

ستاور تیل] ستاور۔ سگندھ بالا۔ تیر بالا۔ دونوں پیٹنی۔ ارنڈ۔ اسگندھ۔ گوکھرو۔ بیل کا سن گریا۔ سب ڈیڑھ ڈیڑھ پل لیکر کلک کرکے چوگنے پانی میں پکادے جب چوتھائی رہے تب اتارے پھر پرستھ بھر تیل اور پرستھ بھر دودھ میں پکاوے اور ایک پرستھ ستاور کا رس ایک پرستھ پانی میں پکاوے پھر ستاور دیودار۔ جٹا ماسی۔ تگر۔ صندل۔ سونف۔ بریارا۔ کوٹ۔ الائچی۔ چھریلا۔ کنول۔ ردھی سدھی میدا جو دو بار لکھی ہے وہ دو گنا لینا۔ کاکولی۔ جیوک۔ یہ قرش قرش بھر لے کر ان کا کلک کرکے گوبر کی آنچ میں پکاوے اس تیل کو ماتھے پر لگانے سے مرد عورتوں میں مانند بیل کے رہے اور بچہ تندرست پیدا ہو اور عورتوں کی فرج کے کل امراض دور ہوں۔ جسم کا درد۔ سر کا درد۔ کنول باؤ۔ گردھسی تلی سب طرح کا جریان

ـلہ ردھی سدھی اور جیوک نہ ملے بریارا ہی کند لینا چاہیے ۱۲

ڈونڈا پتا نمک۔ باؤ جلن کی بات رکت۔ بات پت۔ لُنہ۔ کان کا خون۔ آدھمان۔ رکت پت وغیرہ امراض بھی دور ہوں یہ سنار دتیل کرشن جی سے اتریے جی نے کہا تھا۔

کسیس تیل (بواسیر کے لئے) کسیس۔ کمر ہاری۔ کوٹ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ سینددھا نمک۔ مینسل۔ کنیر۔ باؤ بڑنگ۔ چیت۔ اڑوسہ۔ جانگوڑ معصفا۔ بن تُرئی۔ بیج چوک۔ ہرتال یہ سب ایک ایک تولہ بھرے اور ان کا کلک کرکے ۴ سیر بھر تیل میں پکاوے اور دودھ تھوہڑ کا دودھ۔ دودھ مدار کا دودھ۔ اور تیل کا چوگنا گائے کا پیشاب ڈال کر خوب پکاوے یہ تیل کھار نادا چارج نے کہا ہے اس تیل کے لگانے سے بواسیر کے مسّے گر پڑتے ہیں اور اجابت میں آسانی ہوتی ہے۔

پینڈ تیل (بات رکت کے لئے) مجیٹھ۔ سردن۔ رال۔ ملیٹھی۔ موم یہ سب دوائیں پل پل بھر لے کر تیل میں پکاوے پھر اتار کر رکھ لے اس تیل کے لگانے سے بات رکت ضرور دور ہوتا ہے۔

مدار تیل (خارش کے لئے) گھیکوار رس اور ہلدی کا کلک سرسوں کے تیل میں پکا کر لگانے سے کھجلی داد۔ پھنسی وغیرہ جلدی امراض دور ہوتے ہیں۔

مرچ تیل (کوڑھ کے لئے) ہرتال۔ نسوت۔ سرخ صندل۔ موتھا۔ مینسل۔ چٹا مائی۔ دونوں ہلدی۔ دیوار۔ کنیر۔ کوٹ۔ مدار کا دودھ۔ اندرائن۔ گوبر کا رس۔ یہ سب تولہ تولہ بھر لے اور آدھا پل سنکھیا اور ۴ سیر بھر تیل گائے کا پیشاب دوگنا ان سب سے دو چند اور اتنا ہی پانی دے کر پکاوے اس مرچاد تیل سے کوڑھ کے زخم اچھے ہوں سفید اور کالے داغ اچھے ہوں۔ خسرہ۔ چھیپ۔ کنٹھیلا۔ اور ہر قسم کا داد اور تمام جلدی امراض دور ہوں۔

ترچپلا تیل (دھات کے لئے) نیم۔ چرائتہ۔ دونوں ہلدی۔ صندل سرخ۔ ان سب کا تیل بنا کر انسان لگاوے تو بہت فائدہ کرتا ہے۔

نیم تیل (پلتھ پیا) نیم کی مینگی کو بھنگرہ کے رس میں بھاؤ نا دے پھر اسنا کے رس میں بھاؤ نا دے پھر اس تیل کی ناس لے تو قبل از وقت سفید بال سیاہ ہو جائیں مقدار

مین دودھ اور چاول دے ملیٹھی اور بچے انولے کا کلپ چوگنا دودھ اور تیل دے کر پکا دے جب صرف تیل رہجا دے تب اُتار کر اس کا ناس لے تو بال لمبے اور گھنے ہون اور گنج دور ہو۔

گرنج تیل (گنج کے لیئے) کنجا۔ چیت۔ جنبیلی۔ اور کنیر تیل مین پکا کر لگائے تو گنج دفع ہو

تل کا تیل (ملیتھ پر) نیل کیٹلی۔ کالے بھانگرے کی جڑ۔ کٹ سرہٹا۔ ارجن کے پھول کالے تل۔ تگر۔ کنول کا پنچانگ۔ پنچپا نگ۔ لوہچون۔ الکنگنی۔ انار کی چھال۔ گرنج۔ ترپھلا۔ کنول کی جڑ کی مٹی سب کو قرش قرش بھر لے اور ترپھلے کے کواتھ کے ساتھ بھانگرے کا رس بھی ڈالے جب تیل تیار ہو جائے تو اُتار لے پھر اسے لگائے تو بالون کی جڑین مضبوط ہون اور قبل از وقت جو بال سفید ہو گئے ہون وہ سیاہ ہو جائین اور سر کے بالون کی سب بیماریان دفع ہون۔

بھنگرا دتیل (ملیت پر) لوہچون یا کیٹھ۔ ترپھلا۔ سرون ان کے کلک مین تیل پکا دے اس سے کھجلی بالون کا گرنا وغیرہ بیماریان شرطیہ دور ہوتی ہین۔

ارنڈادتیل (منھ اور دانتون کے لیئے) کھیر چھال اکیسواسی پل کوٹ کر ایک دون پانی مین پکا وے جب چوتھائی رہے تب اُتار کے آدھا آڑھک تیل لے پھر کیسر لونگ۔ گیرو۔ اگر۔ پدماکھ۔ مجیٹھ۔ لودھ۔ ملیٹھی۔ لاکھ۔ برگد کی جڑ۔ موتھا۔ تج۔ جاپھل۔ کپور۔ کنکول۔ کھدیار۔ چنگک دہاسے کے پھول۔ الائچی اور ناگ کیسر یہ سب دوائین ایک ایک قرش لیکر تیل کو پکا وے پھر استعمال کرے تو منھ کے سب عارضے دور ہون۔ منھ کا گوشت بڑھنے دانت ہلنا دانت کا درد منھ اور کان کی بیماریان۔ دانتون کا گرنا۔ دانت ٹھنڈے ہونا۔ دانتون مین کیڑے لگنا۔ دانت کا ٹوٹنا۔ دانتون کی بدبو۔ تالو کی بیماریان اور امراض لب دور ہوتے ہین۔

ہنگو تیل (کان کے درد پر) سرسون کا تیل ایک سیر۔ مہوے کا تیل ایک سیر۔ ارنڈ کا تیل ایک سیر۔ بھنگرہ کا رس آدھ سیر۔ گاے کا گھی آدھ سیر۔ سب کو تیل مین سان کر اوٹا دے جب تیل صاف ہو جائے تو سب دوائین گاے کے ایک سیر دہی مین سان کر پکا دے جب سدھ ہو جائے تو جسم پر ملے تو باؤ اور عورتون کی زچگی کی بیماریان جسم کی سب بیماریان

سب طرح کے بخار دور ہوں۔

پنچ اسلیشمی تیل (بات پر) سونٹھ۔پیپل۔مرچ سیاہ۔کوٹ۔ارنی کے پتون کا رس گنج کا پھل۔اجمود۔ترپھلا۔ہینگ۔خراسانی اجوائن۔سرسون بائوبڑنگ اجوائن۔موتھا رائی۔مجیٹھ۔سگندھ بالا۔جٹاماسی۔پیپرا کے بیج۔پان۔گج پیپل۔ستاور ہوسے دیودار دھنیا۔لہسن۔بش۔مینسل۔ترلی۔یہ سب دوائین پیسہ بھر لے تل کا تیل۔ایک سیر سرسون کا تیل ایک سیر رینڈی کا تیل آدھ سیر گائے کا گھی آدھ سیر مالکنگنی کا تیل آدھ سیر ان تیلون کو یکجا کر کے آگ پر چڑھا وے پھر دوائین کوٹ چھان کر ان تیلون مین ڈالے اور پکاوے جب تیار ہو جاوے تو جسم پر ملے تو زچگی کی بیماریان بدن کا درد ہاتھ پاؤن اور کمر کا درد جگہ جگہ بائی کا درد دفع ہون۔

اٹھ رنگا تیل (جھولا پر) سہجنے کی جڑ بکائن کی جڑ دھتورہ کی جڑ پوار نے ارنڈی کی جڑ آکھ کی جڑ مکسی کی جڑ کنیر کی جڑ کرہاری کی جڑ۔گھونگچی کی جڑ۔نیم کی جڑ۔چھوٹی کٹیری کٹیلی کی جڑ السی کی جڑ۔اسگندھ۔مہوہ۔بش۔یہ سب دوائین پیسہ پیسہ بھر لے کر ٹکیا بناوے۔پھر ایک سیر تل کے تیل مین ڈال کر آگ پر چڑھا دے جب پکتے پکتے ٹکیا تیل پر آ جائے تو ہینگ۔سیر۔سونٹھ انکو روغن تلخ مین پکا کر اتار لیوے تیل کان مین ڈالنے سے درد دور کرتا ہے

بیل کا تیل (بہرے پن کے لئے) کچے تیل کا گاے کے پیشاب مین کلک بنا کر تیل اور بکری کا دودھ معہ پانی کے پکاوے تیار ہونے پر کان مین ڈالے تو بہرا پن جاتا رہے

چھار تیل (کان بہنے پر) چھوٹی مولی کا کھار۔سجی۔جواکھار۔پانچون نمک۔ہینگ سہجن۔سونٹھ۔دیودار۔بچ۔کوٹ۔سونف۔رسوت۔پیپل۔مول۔موتھا۔یہ سب قرش قرش بھر لے اور ان کا کلک کر کے پرستھ بھر تیل مین کیلے اور بجورے کے رس کے ساتھ پکاوے اور چوگنا مدھ[1] سوکت دیوے اس تیل کے استعمال سے کان سے پیپ کا بہنا کانون

---

[1] مدھ سوکت بنانے کی ترکیب جمیری لیمون کا رس پرستھ بھر شہد کڑو بھر اور پیپل پل بھر ان سب کو کٹھا کر کے بچ کا کاڑھا ادرک کا رس گڑ ان سب کو ملا کر مٹی کے برتن مین بند کر کے دھانون کے اندر تین رات دن رکھکر نکال لے اسکو مدھ سوکت کہتے ہین ۱۲۔

یعنی آواز کا ہوتا درد بہراپن وغیرہ کان اور منھ کی بیماریاں دفع ہوتی ہیں۔

پاڑھادِ تیل (چھینک کے لئے)] پاڑھا دو وزن مدھوسے مڑا چیل جنی کے پتے اور واتھونی (بوٹی) ان کے تیل سے خراب چھینک بھی جاتا رہتا ہے۔

بھنگٹیا تیل (ناک کے مرضوں کے لئے)] بھٹکٹیا۔ واتھونی۔ نج۔ ہجن تلسی سونٹھ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ سینڈھا نمک ان کے تیل سے ناک سے پیپ کا بہنا ناک پھنسیا وغیرہ سب بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

کوٹ تیل (چھینک کے لئے)] کوٹ کی بیل۔ پیپل۔ سونٹھ۔ سنقے ان سب کا کاڑھا یا کلک تیل یا گھی میں بنا کر ناس لے تو چھینک کی بیماری دفع ہو۔

بربد دھوما دِ تیل] باورچیخانہ کا دھوان دیسل دیودار۔ جواکھار۔ کرنج۔ سینڈھا نمک۔ چھوڑا۔ نج ان کا تیل ناک کی بیماریوں کو بہت فائدہ کرتا ہے۔

تیل سب قسم کا کوڑھوں کے لئے] چھبیا سیہنڈ کا دودھ مدار کا دودھ دھتورے اور چیت کا رس اجبنیس کے گوبر کا رس ان سب کو تل کے تیل میں پکاوے جب صرف تیل رہجاوے تب اس میں چوگنا گائے کا پیشاب ملا کر پھر پکاوے جب تیل رہجاوے تب یہ سب پھر تیل میں گندھک۔ چیت۔ مینسل۔ ہرتال۔ بھلانوان۔ بابرنگ۔ دونوں ہلیں۔ کڑوی تُرئی۔ کوٹ۔ جٹا ماسی۔ نج۔ ترکٹا۔ دارہلدی۔ میتھی۔ سجی۔ زیرہ دیودار یہ سب قرش قرش بھرے کے تیل کو تیار کرے اس تیل کی مالش سے سب قسم کے کوڑھ جاتے رہتے ہیں۔

کنیر کا تیل (بال گرانے کے لئے)] کنیر کی جڑ۔ دنتی کی جڑ۔ نسوت۔ کڑوی ترئی کیلہ کا کھار اور کیلہ کا پانی ان میں تیل تیار کرکے لگائے تو بال گر جائیں۔

تیل صفراوی بخار کے لئے] ہلدی۔ لاکھ۔ مجیٹھ کا کلک بنا دے اور دہی کے پانی یا چھاچھ میں چوگنا تیل ڈال کر پکاوے اور اس کی مالش کرے تو بخار جاڑہ جاتا رہے۔

لاچھادِ تیل] سجی۔ سونٹھ۔ ایلوٹ۔ جودا۔ پلنی پیسہ پیسہ بھر پیپل کی لاکھ پیسہ بھر

ہلدی چھ پیسہ بھر۔ مجیٹھ چار پیسہ بھر ان سب دواؤن کو کپڑچھان کرکے اور دواؤن سے چوگن مٹھانے کر دہرہ کر سرسون کے تیل مین اوٹاوے جب تیار ہوجائے تب یہ دوائین ڈال کر سدھ کرے۔ یہ تیل بدن مین مالش کرنے سے جاڑہ بخار اور جو بخار صرف گرمی سے ہوجاتا رہتا ہے اور اگر اسقاط حمل کا خوف ہو تو اس تیل کو تمام جسم پر مالش کرائے حمل قائم رہے گا۔

نبجے نارائن تیل] سرسون۔ باؤبڑنگ۔ نیچ۔ مجیٹھ۔ چب۔ کچور۔ اجوو۔ پوکرمول دونون صندل۔ رائی۔ موتھا۔ کلونجی۔ کوٹ۔ جائپھل۔ چرائتہ۔ یہ سب دوائین پانچ پانچ ٹنک لے کر کپڑ چھان کرکے تلی کے تیل مین تیار کرے۔ جب بدن مین مالش کرے تو بھولا۔ بائی۔ گٹھیا اور تیرھون سنپات دور ہون۔

برحد مرچاد تیل] نسوت کی جڑ۔ دنتی کی جڑ۔ آک کا دودھ۔ اور اُس کے پتون کا رس۔ دیودار۔ ہلدی۔ جٹاماسی۔ صندل سُرخ۔ اندرائن کی جڑ۔ کنیر کی جڑ۔ ہرتال بینسل۔ تھوہر کا دودھ۔ گرچ۔ اڑو کی جڑ۔ چیت کی چھال۔ ملیٹھی۔ باؤبڑنگ پوانڈ کے بیج۔ لہسن۔ سرس کی چھال۔ سوہان۔ گلو۔ املتاس۔ کتھا۔ موتھا۔ کھیر۔ پیپل۔ نیچ۔ جائفری۔ سیب کی جڑ۔ یہ سب دوائین برابر لے اور دواؤن سے دوچند سرسون کا تیل۔ چوگنا گائے کا پیشاب۔ پہلے تیل مین گائے کا پیشاب پکاوے اُس کے بعد پانی مین یہ سب دوائین پیس کر اس تیل مین اوٹاوے۔ جب تیل تیار ہوجاوے تو استعمال کرے اس تیل کی مالش سے جیون قسم کے کوڑھ۔ کان کا درد اور جلدی امراض دور ہون۔

جریان کی دوا] گرچ کا رس شہد کے ساتھ کھانے سے سب قسم کی جریان دور ہوتے ہین۔ آنولہ کا رس۔ ہلدی کا چورن شہد کے ساتھ کھانے سے جریان شرطیہ دور ہوتا ہے۔

باب ستائیسوان

کاڑھے کی قسمین

کواتھ (کاڑھا) پانچ قسم کا ہوتا ہے ایک سُرس دوسری کلک تیسری کواتھ چوتھی ہم پانچوان پھانٹ یہ پانچون قسمین سلسلہ وار باعتبار فایدے کے کم ہوتی گئی ہین۔ یعنی باعتبار فائدے کے سُرس زیادہ ہے اس سے کم کلک اس سے کم کواتھ اس سے کم ہم۔ اس سے کم پھانٹ۔

کاڑھا بنانے کی ترکیب

کسی دوا کو اچھی جگہ سے اکھاڑ کر بلا پانی کے کوٹ کر کپڑ چھان کر رس نکالے اسکو سُرس یا انگ ہین کہتے ہین اور اگر کسی دوا کو سولہ تولہ کوٹ کر دو چند پانی مین رات دن بھگو کر چھان لین تو یہ بھی سُرس کہلاتا ہے اگر ہری دوا نہ ملے تو سوکھی دوا اٹھگنے پانی مین اوٹا دے جب چوتھائی رہے تب اُتار لیوے تو بھی سُرس کہلائے گا گیلی دوا کا رس بھاری ہوتا ہے اس سے وہ آدھا پل لینا چاہیئے سوکھی دوا رات کی بھگوئی ہوئی کا رس ہلکا ہے اس سے وہ پل بھر لینا چاہیئے سُرس یا کاڑھا یا خیسا کا نکالا رس ان مین شہد شکر گڑ کھانڈ زیرہ نمک گھی تیل اور چورن یہ سب آٹھ ماشے ملاکر استعمال کرے۔

اروسہ کا سُرس رکت پت وغیرہ کے لئے] اروسہ کا سُرس شہد ملا کر پینے سے بخار۔ کھانسی۔ ہچکی۔ کمل۔ رکت پت کف اور پت ان بیماریون کو دور کرتا ہے۔

ترپھلا و سرس (کا نور کے لئے)] ترپھلے کا رس اور شہد یا بڑی ہلدی کا رس شہد یا نیم کا رس اور شہد یا گُرچ کا رس اور شہد ملاکر پیئے تو کانور دور ہو۔

تلسی کا سرس تجاری وغیرہ کے لئے] تلسی کا رس۔ مرچ سیاہ کا چورن یا موتھا کا رس اور مرچ سیاہ کے ساتھ پیئے تو کھم جور دور ہون۔

جوادو سرس (خونی پیچش کے لئے)] جامن۔ آم۔ آنولہ۔ ان تینون کے پتی کا رس شہد

سلہ شہد اور گھی کا وزن برابر نہ ہوا سلئے کہ دونون کے ہم وزن ہونے سے دوا مین زہر پن پیدا ہو جاتا ہے ۱۲

لگی اور دودھ کے ساتھ پیئے تو پرانی خونی پیچش دور ہو۔

ببولا و رس (پیچش کے لئے) ببول کی چھال کا رس شہد کے ساتھ پلاوے تو سات طرح کی پیچش رفع ہو۔ یا کرے کا رس اور کیتھ کا رس شہد کے ساتھ پیئے تو بھی پیچش دور ہو۔

ادرک کا سُرس (دمہ کے لئے) ادرک کا رس اور شہد ملا کر پیئے تو بات سے اگر فوطوں میں پانی اتر آیا ہے جاتا رہے اور کھانسی۔ دمہ۔ نفرت۔ امراض دور ہوں۔

لیموں کا سُرس (پسلی کے درد کے لئے) بجورے کا رس شہد اور جواکھار کے ساتھ پیئے تو پسلی کا درد چھاتی کا درد پیڑو کا درد اور کوکھ کا بڑھنا دور ہو۔

ستاور رس (پت شول کے لئے) ستاور کا سرس شہد کے ساتھ پیئے تو پت شول دور ہو۔

گھیکوار کا رس (تلی کے لئے) گھیکوار کا رس ہلدی کے چورن کے ساتھ پیئے تو تلی اپھارا اور پیٹ کی بیماریاں دور ہوں۔

منڈی سُرس (گنٹھ مالا کے لئے) منڈی کے سُرس کو آٹھ تولہ پیئے تو کنٹھ مالا۔ اپچی۔ اور کانور یہ بیماریاں دور ہوں۔

منڈی سُرس (آدھاسیسی کے لئے) منڈی کا سُرس گرم کر کے مرچ سیاہ کے سفوف کے ساتھ سات دن پیئے تو آدھاسیسی کا درد جائے۔

برہمی سُرس (جنون کے لئے) برہمی۔ پیٹھا۔ کچور۔ وگھالا سرایک کا سُرس شہد کے ساتھ پیئے تو سب طرح کے جنون۔ بیہوشی اور امراض دماغی کے لئے مفید ہے اور پیٹھے کا رس پرانے گڑ کے ساتھ پینے سے اگر کودوں کے کھانے سے بیہوشی ہو گئی ہو تو وہ بھی دور ہو جاتی ہے۔

بریارے کا سُرس (زخم کے لئے) ہتھیار کے لگے ہوئے زخم میں فوراً بریارے کا رس دینے سے زخم اچھا ہو جاتا ہے۔

پٹ پاک سُرس کی ترکیب] گیلی دوا کو پیس کر گولی باندھے اور اُسے ارنڈ یا گمبھاری کا پتہ لپیٹے پھر کپڑ مٹی کر کے دو انگل مٹی لیپ کر آگ میں رکھے جب

لال ہوجائے تب نکال کر اُسکا عرق نچوڑ ے اُس کو پٹ پاک سورس کہتے ہین یہ چار تولہ رس ایک تولہ شہد کے ساتھ پیے اور جو کلک ۔ چورن ۔ پتلی دوا ملانا ہو تو پٹ پاک رس کے موافق دینا چاہیے ۔

کٹریا پٹ پاک (ہچکیون کے لئے)] چار تولہ کٹریا کی چھال چاول کے دھون مین پیس کر اور گولا بناکر جامن کے پتے مین لپیٹے پھر سوت سے باندھ کر گیہون کا آٹا لپیٹ کر مٹی لگادے اور اُس کو بنوا کنڈے مین پھونکدے جب سُرخ ہوجائے تب نکال کر رس نچوڑے اور اُس مین شہد ملاکر پیئے تو پرانی ہچکی دفع ہو

چاول دھونے کی ترکیب] چار تولہ عُمدہ چاول اٹھ گنے پانی مین بھگو دے ایک پہر بعد اُس پانی کو چھان کر کام مین لادے اور لودہ سوہن پٹ پاک بھوک کو بڑھاتا ہے اور شہد موچرس ملاکر دیوے تو اتیسار دور ہو ۔ یا برگد پیپل ۔ گولر ۔ پکریا ۔ جگناتھی پیپل اُن کی چھال پانی مین پیس کر سفید تیتر کا پیٹ چاک کر کے اُسکی انتڑیون مین بھرتے اور پٹ پاک کر کے نچوڑے پھر اُس رس کو شہد کے ساتھ دے تو سب قسم کی ہچکی دور ہو یا پکے انار کا پٹ پاک بنائے اور اُس کا رس شہد کے ساتھ دے تو ہچکی دفع ہو ۔

بجورا پٹ پاک (اُبکائی پر)] بجورا لیمو ۔ جامن کی پتی ۔ یا جڑ کے پٹ پاک کا رس شہد کے ساتھ دے تو سب طرح کی قے آنی دور ہو ۔

باسا پٹ پاک (رکت پت کھانسی بخار پر)] اروسے کا پٹ پاک رس شہد کے ساتھ پینے سے رکت پت ۔ کھانسی ۔ تپ بخار سب کو دور کرتا ہے ۔

بھٹکٹیا پٹ پاک (کھانسی دمہ پر)] بھٹکٹیا کے پنچانگ کا پٹ رس پیپل کا چورن ڈال کر دے تو کھانسی دمہ کف دور ہون ۔

بہیڑا پٹ پاک (کھانسی دمہ پر)] بہیڑے کے اوپر گھی چپڑ کر اُسکے اوپر آٹا لپیٹ کر انگارے پر پٹ پاک بنادے پھر اُسکا چھلکا منھ مین رکھنے سے کھانسی ۔ دمہ ۔ آواز بگڑنا وغیرہ دفع ہون ۔

سنٹھی پُٹ پاک (دائمی پیچش پیسا) سونٹھ کو چورن کرکے اُسکی گولی گھی کے ساتھ بنائے پھر اُسے ارنڈ کے پتے مین لپیٹ کر دھیمی آنچ مین پُٹ پاک کرکے پھر اُس چورن کو صبح سرت کے ساتھ کھائے تو دائمی اتیسار دور ہو یا سونٹھ کے چورن کو ارنڈ کی جڑ کے رس مین بانکر پُٹ پاک کرکے شہد کے ساتھ کھائے تو ریگی درد دور ہو۔

سورن پُٹ پاک (بواسیر کے لئے) زمین قند کا پُٹ پاک بناکر نمک اور تیل کے ساتھ کھائے تو بواسیر دور ہو۔

بارہ سنگھے کے سینگ کا پٹ پاک (چھاتی کے درد کے لئے) ہرن کے سینگ کو سکورے کے پُٹ پاک مین رکھکر جلاوے اور گائے کے گھی مین ڈال کر پیئے تو پسلی اور چھاتی کا درد فوراً دور ہو۔

کواتھ بنانے کی ترکیب چار روپیہ بھر دوا اور چونسٹھ روپیہ بھر پانی مٹی کے برتن مین رکھکر دھیمی آنچ سے اوٹاوے جب آٹھوان حصّہ رہ جائے تب اُتار لے اور نیم گرم پیئے۔ اس کواتھ کے چار نام ہین ایک سوت۔ دوسرا کواتھ تیسرا کشائے۔ چوتھا نریوہ دال کا پانی یا صابودانہ وغیرہ (تجربہ کار بیدکی ہدایت کے موافق) پیے کواتھ مین۔

کاڑھے مین شہد اور مصری کا وزن جو باد زیادہ ہو تو مصری تھوڑی ڈالی جاوے ورنہ آٹھوان حصّہ اور پت مین آٹھوان حصّہ اور بلغم مین سولھوان حصّہ۔

زیرہ وغیرہ کا وزن زیرہ۔ گوگل کھار۔ سیندھا نمک۔ چیب ہینگ۔ ترکٹا یہ دوائین کاڑھے مین چار ماشہ دیجاوین۔ کمی زیادتی۔ مریض کی حالت کے موافق اور بیدکی رائے پر منحصر ہے۔ گڑ۔ تیل۔ گھی۔ دودھ۔ گائے کا پیشاب۔ سورس وغیرہ اور چورن یہ سب بھی موسم اور قوت کا لحاظ کرکے دس ماشہ تک دے سکتے ہین۔

گرچادی کاڑھا (سب بخارون کے لئے) گریچ۔ دھنیا۔ نیم کی چھال۔ پدماکھ۔ سرخ چندن ان کے کاڑھے کے پینے سے سب قسم کے بخار جاتے رہتے ہین اور بھوک بڑھتی ہے گرمی۔ پیاس۔ رال کا بہنا۔ اُبکائی وغیرہ بھی جاتی رہتی ہے۔

گرچادی پاچن (بات جوریہ) گرچ۔ پیپلامول۔ سونٹھ انکا کاڑھا بات جور مین فائدہ مند ہے

کاڑھا دبات جور پر)] ماش پرنی۔ برہارا۔ راسنا۔ گرچ۔ سرون ان کا کاڑھا پیئے تو نہایت سخت سودائی بخار جاوے یا کھاری سرون منقے ترایان۔ گرچ انکا کاڑھا گڑ ڈال کر پیئے تو بھی بات جور دور ہو۔

کٹ پھلادکواتھ (صفراوی بخار کے لیئے)] کائپھل۔ اندرجو۔ پاڑھا کٹکی۔ ناگرموتھا ان سب کا کاڑھا صفراوی بخار مین دس دن پیئے تو بخار جاوے۔

پت پاپڑادِ کواتھ (صفراوی بخار پر)] پت پاپڑا۔ اڑوسہ۔ کٹکی۔ چرائتہ۔ جواسا۔ پرینگ دانہ جو سرسون کی طرح ہوتا ہے انکا کاڑھا شکر ڈالکر پیئے تو پیاس جلن اور بخار یہ سب دُور ہوں یا منقے۔ ہٹر۔ ناگرموتھا۔ کٹکی۔ املتاس۔ پت پاپڑا ان کا کواتھ کر کے دے تو صفراوی بخار پیاس۔ کاہلی۔ جلن۔ رکت پت وغیرہ سب مرض جاتے رہتے ہین۔

بجورا یا چک بلغمی بخار کے لیئے] بجورا کی جڑ۔ ہٹر۔ سونٹھ۔ پیپلامول۔ انکا کاڑھا جو اکھار ڈالکر بلغمی بخار کے بارھوین دن پیئے تو جلدی دور کرے۔ یا نیم چرائتہ۔ پیپل۔ کچور۔ ستاور۔ گرچ۔ بھٹکٹیا ان کا کاڑھا پیوے تو بھی فائدہ کرے۔ یا پٹول۔ ترپھلا۔ کٹکی۔ کچور۔ اڑوسہ۔ گرچ ان کے کاڑھے مین شہد ملاکر پیوے تو بلغمی بخار دور ہو۔

پت پاپڑاکواتھ (بات جور پر)] پت پاپڑا۔ موتھا۔ گرچ۔ سونٹھ۔ چرائتہ ان دواؤن کا کاڑھا گرم کے پیوے صفراوی سوداوی بخار کو دور کرتا ہے اس کاڑھے کا نام پنچ بھدر ہے۔

چھوٹی بھٹکٹیا کواتھ (بلغمی سوداوی بخار کے لیئے)] بھٹکٹیا۔ سونٹھ۔ پیپرامول۔ ان کا کاڑھا پیوے تو بلغمی سوداوی بخار دور ہو اور مرکب بخار اور کھانسی دمہ۔ نفرت۔ ان سب کو اور تپ باری کے درد کو دور کرتا ہے۔

ایضاً املتاس سادِ کواتھ (بلغمی سوداوی بخار پر)] املتاس۔ پیپلامول۔ موتھا۔ کٹکی۔ ان کا کاڑھا بخار کو دور کرتا ہے اور آم اور شول کو نافع ہے بھوکھ کو بڑھاتا ہے اور گرو ملنا کرتا ہے۔

امرتاشٹک کواتھ] گرچ۔ نیم۔ کٹکی۔ موتھا۔ اندرجو۔ سونٹھ۔ پٹول۔ سُرخ صندل ان کا کاڑھا اور پیپل کا چورن ڈالکر پینے سے بلغمی صفراوی بخار دُور ہوتا ہے آم بکائی نفرت

جلن پیاس کو بھی مفید ہے۔
بھٹکٹیا کا کواتھ سب بخارون کیلئے] دونون بھٹکٹیا۔ سونٹھ۔ دھنیا۔ دیودار اُن دوائون کا کاڑھا پاچن ہے اور سب بخارون کو دور کرتا ہے۔
دشمول کا ڑھا] بن اُردی۔ بن مونگ۔ دونون بھٹکٹیا۔ گوکھرو۔ بیل کی جڑ۔ اگن منتھ دایتونی سوہن پتا۔ کھاری۔ پاڑھا۔ ان دسون دوائون کا کاڑھا پیپل کے چورن کے ساتھ پیئے تو سوداوی بلغمی بخار دور ہو۔ اور سنپات بخار۔ زچہ کی بیماریان۔ مُنھ سوکھنا۔ بدن کا ٹھنڈا رہنا۔ غفلت۔ پسینا۔ دمہ۔ کھانسی۔ درد دل۔ درد پسلی۔ اور کاہلی وغیرہ دور ہون۔
ہرتیکی کواتھ مرکب بخار پر] ہڑ۔ موتھا۔ دھنیا۔ صندل سُرخ۔ پدماکھ۔ اڑوسہ۔ اندرجو۔ خس۔ گُرچ۔ املتاس۔ پاڑھے کی جڑ۔ کٹکی ان کا کاڑھا پیپل کے چورن کے ساتھ پیئے تو مرکب بخار (سنپات جور) پیاس۔ جلن۔ کھانسی دمہ۔ غفلت (غنودگی) کاہلی وغیرہ کو دور کرے۔ یہ کواتھ ہاضم ہے اور بھوکھ بڑھاتا ہے۔ اگر ریاح کی وجہ سے پیشاب پاخانہ رُک گیا ہو شل بائے یا گلے کی بیماریان وغیرہ امراض کو دور کرتا ہے۔
بھونمب وشمول کواتھ] چرائتہ۔ کٹکی۔ موتھا۔ دھنیا۔ اندرجو۔ سونٹھ۔ دشمول۔ دیودار۔ ان کا کاڑھا گج پیپل کے ساتھ پیئے تو پسلی کا درد بخار سنپات کھانسی۔ دمہ۔ قے۔ ہچکی۔ کاہلی اور ہردے کے روگ دور ہون۔
کائپھل کواتھ (کھانسی بخار کے لیئے)] کائپھل۔ موتھا۔ بھارنگی۔ دھنیا۔ خس۔ پت پاپڑا۔ ہڑ۔ کاکڑا سنگی۔ دیودار اور سونٹھ ان کا کاڑھا کھانسی بخار۔ دمہ۔ بلغم۔ گلے کی بیماریون کو دور کرتا ہے۔ اگرچ کا کاڑھا پیپل کے ساتھ پینے سے پُرانا بخار دور ہوتا ہے۔ پت پاپڑے کا کواتھ پیپل کے ساتھ پینے سے صفراوی بخار دور ہوتا ہے بھٹکٹیا مین پیپل ڈال کر پیئے تو کھانسی دمہ۔ پینس۔ نفرت۔ گلا بیٹھنا۔ درد۔ پُرانا بخار۔ بلغمی سوداوی بخار کے لیئے بہت ہی مفید ہے۔

بھٹکٹیا کواتھ (سردی کے بخاروں کو) بھٹکٹیا۔ دھنیا۔ سونٹھ۔ گرچ۔ موتھا۔ پدکھ صندل سُرخ۔ چرائتہ۔ پٹول۔ روسہ۔ موچرس۔ کٹکی۔ جو۔ نیم۔ بھارنگی۔ اور پت پاپڑہ ان کا کاڑھا سویرے پیوے تو سب طرح کی سردی سے آنے والے بخار دور ہوں۔

موتھا کواتھ (تجاری وغیرہ کے لیئے) موتھا۔ بھٹکٹیا۔ گرچ۔ سونٹھ۔ آنولہ اور شہد میں پیپل ملاکر پیئے تو تجاری وغیرہ جاویں۔

پٹول کواتھ (روزانہ بخار کے لیئے) پٹول۔ ترپھلا۔ نیم۔ منقے۔ املتاس اور روسہ ان کے کواتھ کو شہد اور کھانڈ سے پیئے تو روز آنے والا بخار دور ہو۔

گڈوچیادی کواتھ (تجاری کے لیئے) گرچ۔ دھنیا۔ موتھا۔ صندل سُرخ۔ خس سونٹھ۔ ان کا کاڑھا شکر اور شہد کے ساتھ پیئے تو تجاری پیاس جلن وغیرہ امراض دور ہوں۔

گڈوچیادی کواتھ (بخار اور ہیضہ کے لیئے) گرچ۔ دھنیا۔ خس۔ سونٹھ۔ سگندبالا پت پاپڑا۔ بیل۔ اتیس۔ پاڑھا۔ صندل سُرخ۔ کُڑیا۔ چرائتہ۔ موتھا اور اندرجو ان دواؤں کا کاڑھا ٹھنڈا کرکے شہد اور مصری کے ساتھ پیئے تو بخار اور ہیضہ جاوے۔ یا سونٹھ۔ کُڑیا۔ موتھا۔ گرچ۔ اتیس۔ ان کے کاڑھے کو پینے سے سب طرح کی ہیضہ بخار دور ہو۔

دیودار کواتھ (چھوتھیا کے لیئے) دیودار۔ بڑ۔ اڈوسہ۔ سال پرنی۔ سونٹھ۔ آنولہ۔ اندرجو ان کا کاڑھا مصری ملاکر پینے سے چوتھیا۔ دمہ کھانسی اور کم بھوک وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

دھانیہ پنچک کواتھ (آنون کے لیئے) دھنیا۔ سونٹھ۔ بیل۔ موتھا۔ خس۔ ان کے کاڑھے سے آنون اور درد دور ہو۔ یا شہد دھنیا اور سونٹھ کا کاڑھا بھی بھوک بڑھاتا اور ہاضم ہے اور جوارندی کی جڑ کے ساتھ پیئے تو آمبات دور ہو۔

کُڑیا کواتھ (معمولی ہیضہ کے لیئے) کُڑیا کی جڑ۔ اتیس۔ بیل۔ موتھا اور خس ان چیزوں کا کاڑھا پینے سے اتیسار ضرور جاوے۔

کٹ جاشٹک کواتھ کُڑیا کی جڑ۔ اتیس۔ پاڑھے کی جڑ۔ دھائے کے پھول۔

لودھ۔ موتھا۔ ہاؤ بیر۔ انار۔ ان کا کاڑھا شہد اور موچرس کے ساتھ پیے تو سب طرح کی پیچش جائے اور جلن خون سخت درد کو بھی دفع کرے۔

ہاؤ بیر کواتھ (اتیسار کے لئے)] ہاؤ بیر۔ دھوئی کے پھول۔ لودھ۔ نجالو۔ گڑتا۔ دھنیا۔ اتیس۔ موتھا۔ گرچ۔ بیل اور سونٹھ ان کا کاڑھا پینے سے پرانا اتیسار بھی دور ہوتا ہے۔

بچون کی سب اتیسار کے لئے کاڑھا] دھو ڈ کے پھول۔ لودھ۔ سگندھ بالا گج پیپل ان کا کاڑھا شہد کے ساتھ یا اسکی چٹنی بنا کر دینے سے بچون کے سب طرح کے دستون کو فائدہ ہوتا ہے۔

بن اُردی کواتھ (سنگرہنی کے لئے)] بن اُردی۔ بر بارا۔ بیل۔ دھنیا۔ سونٹھ انکا کاڑھا دینے سے پیٹ کا درد اور ناف کا درد اور بات پت سنگرہنی کو دفع کرے۔

چتر بھدر کواتھ] گرچ۔ اتیس۔ سونٹھ۔ موتھا۔ ان کا کواتھ پرانی سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔ بھوک بڑھے کھانا ہضم ہو۔

اندرجو کواتھ (سب پیچشون کے لئے)] اندرجو۔ دھنیا۔ پٹول انکا کاڑھا کھانڈ اور شہد کے ساتھ کھائے تو منھ مین پانی آنا اور آم کی گٹھلی اور بیل کا کاڑھا شہد اور مصری کے ساتھ پینے سے سب قسم کی پیچشین دور ہوتی ہین۔

ترپھلادکواتھ (کیڑون کے لئے)] ترپھلا۔ دیودار۔ موتھا۔ موسا پرنی۔ سہجن انکا کواتھ پیپل اور بائبڑنگ کے ساتھ پینے سے جو بیماری کہ پیٹ کے کیڑون کیوجہ سے ہو وہ جاتی رہتی ہے۔

ترپھلادکواتھ (کانور کے لئے)] ترپھلا۔ گرچ۔ کٹکی۔ نیم۔ چرائتہ۔ اڑوسہ۔ انکا کواتھ شہد کے ساتھ پینے سے کانور اور پانڈ روگ جاتے رہتے ہین۔

گدا پورنیا کواتھ (پانڈ روگ پر)] گدا پورنیا۔ ہڑ۔ نیم۔ دارہلدی۔ کٹکی۔ پٹول۔ گرچ۔ سونٹھ۔ ان کا کاڑھا پیے تو پانڈ روگ (پیلا پن)، کھانسی۔ پیٹ کی بیماریان پیٹ کا درد اور جسم کی سوجن یہ مرض جاتے رہتے ہین۔

روسہ کواتھ (رکت پت پر) روسہ۔ منقے۔ ہڑ۔ ان کا کاڑھا شہد یا مصری کے ساتھ پیئے تو رکت پت کی سخت درد۔ کھانسی اور دمہ یہ سب بیماریاں دفع ہوں۔ اروسہ کا کاڑھا شہد کے ساتھ پیئے تو رکت پت۔ کھانسی دمہ۔ تپ دق اور بلغم و صفرا کی بیماریاں دور ہوں۔

روسہ کواتھ (کھانسی بخار کے لئے) روسہ۔ بھٹکٹیا۔ گرچ۔ ان کو شہد کے ساتھ کھانے سے کھانسی بخار دور ہو۔ بھٹکٹیا کا کاڑھا۔ پیپل کے چورن کے ساتھ کھائے تو کھانسی جائے۔

بھٹکٹیا کواتھ بھٹکٹیا۔ کلتھی۔ روسہ۔ سونٹھ۔ پشکر مول ان کا کواتھ پینے سے کھانسی اور دمہ دور ہوتا ہے۔

میوڑی کواتھ (ہچکی کے لئے) میوڑی۔ کانجی۔ پیپل۔ بھنی ہینگ کے ساتھ پینے سے سب طرح کی ہچکی دور ہو۔

بلو ادی کواتھ (ابکائی کے لئے) بیل کی چھال یا گرچ کا کاڑھا شہد کے ساتھ پینے سے تینوں دوشوں سے پیدا ہوا منھ سے پانی آنے کا روگ دور ہو جاتا ہے اور جو بیت پاپڑا اور شہد کے ساتھ پیوے تو بیت اور منھ سے پانی آنا دور ہو۔

دشمول کواتھ (گردھسی بایو پر) ہینگ۔ پوہکر مول کا چورن دشمول کواتھ کے ساتھ پیئے تو گردھسی بایو دور ہو اور جو میوڑی کواتھ میں ہینگ اور ارنڈ کی جڑ کا چورن ملا کر پیئے تو بھی گردھسی بایو فوراً دور ہو۔

راسن پنچک کواتھ (بایو پر) راسنا۔ گرچ۔ دیودار۔ سونٹھ۔ ارنڈ کی جڑ۔ ان کا کاڑھا پینے سے ساتوں دھاتوں میں گئی ہوئی بات اور سب جسم کی بایو بھی دور ہو۔ راسنا۔ گوکھرو۔ ارنڈ۔ دیودار۔ پورنیا۔ گرچ۔ املتاس۔ انکا کاڑھا کر سونٹھ کے چورن کے ساتھ پینے سے ران۔ کمر۔ پسلی۔ اور چھاتی کا درد اور عام بایو دور ہو۔

مہاراسنادی کواتھ (سب بایو پر) دو حصہ راسنا۔ ایک حصہ میں جواسا۔ بیڑیا۔ ارنڈ۔ دیودار۔ کچور۔ بچ۔ روسہ۔ سونٹھ۔ ہڑ۔ چیب۔ موتھا۔ گدا پورنیا۔ گرب بدھارا۔ سونف

گوکھرو - اسگندھ - آتیس - املتاس - ستاور - پیپل - اندرجو - دھنیا اور دونوں بھٹکٹیا ان کا کاڑھا سونٹھ کا چورن ڈال کر یا اکیلا پیپل کا چورن یا جوگراج گوگل کے ساتھ اور اجمود کے چورن کے ساتھ یا رینڈی کے تیل کے ساتھ دیوے تو سب جسم کا کانپنا کوبڑ - فالج - بائیں پسلیوں ہر طرح کی بھیچ - فوطوں کا بڑھنا - پیٹ پھولنا - ران کا درد - دھات کی بیماریاں - بانجھ عورت کی (یونی کی) اندرونی بیماریوں کو دور کرتا ہے یہ مہا راسنادی کواتھ برہماجی نے کہا ہے اس میں بعض آدمی راسنا سب دواؤں سے دونا لیتے ہیں وہ بیجا ہے -

ارنڈ کواتھ (چھاتی کے درد کے لئے) ارنڈ - بجورا کی جڑ - گوکھرو دونوں بھٹکٹیا پاکھان بید - بیل کی لکڑی ان سب کی جڑوں کا کاڑھا - رینڈی کا تیل - ہینگ - جوکھار سیندھا نمک کے ساتھ پیئے تو عورتوں کی چھاتی کا درد کنٹھ اور ہردے کا درد دور ہو -

شنٹھی کواتھ (بات شول پر) سونٹھ - ارنڈ کی جڑ - اندرجو ان کا کاڑھا بھنی ہینگ اور کالے نمک کے ساتھ پینے سے بات شول دور ہوتا ہے -

ترپھلا کواتھ (پت شول پر) ترپھلا اور املتاس ان کے کاڑھے میں شکر یا شہد ملا کر پیئے تو رکت پت داہ پت اور شول یہ سب روگ جائیں -

ارنڈ مول کواتھ (کف شول پر) ارنڈ کی جڑ دو پل لے کر سولہ پل پانی میں پکاوے جب چوتھائی رہ جاوے جوکھار ڈال کر پیئے تو کف سے پیدا ہوا پسلی کا درد اور ہردے کا درد دور ہوتا ہے -

دشمول کواتھ (ہردے روگ پر) دشمول کا کاڑھا - جوکھار - سیندھا نمک کے ساتھ پینے سے ہردے روگ - بائے گولا - کھانسی اور دمہ وغیرہ امراض دور ہوں -

ہرتکی کواتھ (موتر کرچھر کے لئے) ہڑ - جواسا - املتاس - پاکھان بید - گوکھرو ان کا کاڑھا کر کے شہد کے ساتھ پیوے تو درد اور مروڑ کے ساتھ پاخانہ کا آنا اور رکاوٹ پیشاب دور ہو -

ارجن کواتھ (پیشاب کی بیماریوں کے لئے) آکاش بیل - کاش کی جڑ تینوں کٹ سرپا - دونوں کش - نرکل کی جڑ - گوندی - شیولنگی (دبھی) ارنی چورن

بالواری ۔ پاکھان بید یا گڑیل ۔ گوکھرو ۔ چرچرہ ۔ کنول کا پتہ ان سب کے کاڑھے کے پینے سے اگر پیشاب میں شکر آوے یا ریت آوے یا پتھری ہو جاوے یا ناک ہو یہ سب مرض دور ہوں ۔

ایلا کو اتھ (اندری روگ پر) الائچی ۔ ملیٹھی ۔ گوکھرو ۔ میوڑی کے بیج ۔ ارنڈ ۔ رودسے پیپل اور پاکھان بھید انکا کاڑھا سلاجیت کے ساتھ پیئے تو ریت آنا اور سوزاک وغیرہ امراض دور ہوں ۔

گوکھرو کو اتھ (موتر کرچھر کے لیئے) گوکھرو کے پنچانگ کا کاڑھا مصری اور شہد کے ساتھ پیوے تو موتر کرچھر اور اُشن بایو جاتا رہے ۔

ترپھلا کو اتھ (موتر کرچھر کے لیئے) ترپھلا ۔ دار ہلدی ۔ موتھا ۔ دیودار ان کا کاڑھا شہد کے ساتھ پیئے تو جریان جاتا رہے ۔ یا کرتا ۔ ترپھلا ۔ دار ہلدی ۔ موتھا ۔ کنگھی انکا کاڑھا شہد کے ساتھ پیئے تو جریان دور ہو ۔

ترپھلا کو اتھ (جریان کے لیئے) ترپھلا ۔ موتھا ۔ دار ہلدی ۔ اندرائن کی جڑ ان کا کاڑھا ہلدی کے چورن کے ساتھ پیئے تو بیسوں طرح کے جریان دور ہوں ۔

دار ہلدی کو اتھ (پردر عورتوں کے رطوبت آنے پر) دار ہلدی ۔ رسوت ۔ موتھا ۔ بیل ۔ رودسے ۔ چرائتہ ۔ اور ترپھلا ان سب کا کاڑھا ٹھنڈا کر کے شہد کے ساتھ پیئے تو عورتوں کو سب طرح کا پانی آنا اور درد اور رحم کی بیماریاں دور ہوں ۔

بٹادک کو اتھ (زخموں کے واسطے) بٹ پاکر ۔ تیس ۔ بیرکن ۔ جنگلی شہد ۔ چرونجی ۔ لودھ ۔ گولری ۔ پیپل ۔ ڈوب ۔ جگناتھی[1] پیپل ۔ ڈھاک ۔ دونوں تندک ۔ جامن ۔ آم ۔ ٹڈ ۔ کدمب ۔ ارجن ۔ بھلانواں مصفا اور کاپھل ان میں جو دوائیں مل سکیں انکا کاڑھا بناکر پینے سے ہر قسم کے زخم دور ہوتے ہیں ۔ یونیا کی بیماری ۔ جلن ۔ جریان اور پیشاب کی بیماریاں دور ہوتی ہیں ۔

بیل کو اتھ (میدروگ پر) بیل ارنی ۔ سوہن پات ۔ کھاری ۔ ان سب کا کاڑھا

[1] جگناتھی پیپل تیس کو کہتے ہیں ۱۲

شہد کے ساتھ پیئے تو میدہ دوش دور ہوں یا ترپھلے کا کاڑھا شہد کے ساتھ پیئے یا گرم پانی ٹھنڈا کر کے شہد کے ساتھ پیئے تو بھی میدہ روگ دور ہوں۔

چبب کواتھ (پیٹ کی بیماریوں پر) چب۔ چیت۔ سونٹھ۔ دیودار ان کا کاڑھا نسوت کے چورن اور گائے کے پیشاب کے ساتھ پیئے تو پیٹ کی بیماریاں دور ہوں۔

گدا پورنیا کواتھ (پیٹ پھولنے پر) گدا پورنیا۔ گرج۔ دیودار۔ سونٹھ ان کا کاڑھا گائے کے پیشاب اور گوگل کے ساتھ پیئے تو پیٹ کا ورم جاوے۔

ہر تیکی کواتھ (تلی پر) ہڑ۔ اگیا کھار ان کا کاڑھا جوا کھار اور پیپل کے ساتھ پینے سے تلی باؤ گولا جگر اچھا ہو۔

گدا پورنیا کواتھ (سوجن پر) گدا پورنیا۔ دار ہلدی۔ سونٹھ گرج۔ چیتا۔ بھارنگی۔ دیودار ان کے کواتھ سے ہاتھ پاؤں پیٹ و چھاتی اور منھ کی سوجن دور ہوتی ہے۔

ترپھلا کواتھ (فوطوں پر) ترپھلے کے کاڑھے میں گائے کا پیشاب ملا کر پینے سے بات کف سے پیدا ہوا ورم فوطوں کا دور ہو۔

راسن کواتھ (آنت اترنے پر) راسنا۔ گرج۔ بریارا۔ ملیٹھی۔ گوکھرو۔ ارنڈ ان کے کاڑھے میں رینڈی کا تیل ملا کر پینے سے آنت کا اترنا بند ہو۔

کچنال کواتھ (کنٹھ مالا پر) کچنال کی چھال کا کاڑھا سونٹھ کے ساتھ پیوے تو کنٹھ مالا ضرور جاتا رہے۔

سہوڑا کواتھ (فیل پاؤں پر) سہوڑے کا کاڑھا گائے کے پیشاب کے ساتھ پیوے تو فیلپا ؤں اور میدے کی بیماریاں دور ہوں۔

انتر بدردھی پر گدا پورنیا کواتھ گدا پورنیا۔ برنا دبون ان کا کواتھ پیئے تو بھیتر کا پھوڑا اور تلی دور ہو۔

برناد کواتھ برن کے پتے۔ مولسری۔ اجگری۔ اکاش بیل۔ چرچرا۔ چیت۔ دونوں ارنی۔ دونوں سہجن۔ دونوں کٹیا۔ تینوں کٹ سریا۔ آمرس۔ میکھ۔ سینگی۔ چرائتہ۔ بن کندرم کی جڑ یا سپٹ۔ کریخ۔ ستاور ان کا کاڑھا کرے اسے برناد کواتھ سے معدہ کی بیماریاں دور ہوں

اور گلم سر کا درد اندرونی پھوڑے اور سنیں یہ سب دور ہوں۔
کھدر اد گو اتھ (بھگندر پر) کھیر۔ ترپھلا کا کاڑھا بھینس کا گھی۔ باؤبڑنگ کے چورن کے ساتھ پیئے تو بھگندر ضرور دور ہو۔
پٹولادی کواتھ (آتشک پر) کھیر۔ ترپھلے کا کاڑھا۔ پٹول ترپھلا۔ نیم۔ چرائتہ۔ کاہی رانسا ان دواؤں کا کواتھ گوگل کے ساتھ پیئے تو سب طرح کی آتشک دور ہو۔
موتھادی پرمتھیا رکت پتّ (اتیسار پر) موتھا اور اندرجو کی پرمتھیا دو پل ٹھنڈا کرکے مصری کے ساتھ پیئے تو رکت اتیسار دور ہو۔
یواگو بدھان) سولہ تولہ دوا میں اُسکا سولہ گنا پانی لے پھر آگ پر رکھنے سے جب آدھا جلجاوے تب دوا چھان کر پھینکدے جو پانی رہجائے اُسے یواگو کہتے ہیں اس پانی سے بیمار کو غذا (پتھیہ) دیتے ہیں اس طریقہ سے جو پانی باقی رہے اُس میں غذا پکاوے جب رس کو جذب کرلے تب دیوے۔
یوشنک بدھ) سونٹھ کا کلک اوشدھ ایک پل میں پیپل پانچ ماشہ سیر ستھ بھر پانی میں پکا دے اُسمیں اناج خوب گلا کے دے تو اُسے یوشنک کہتے ہیں۔
سپت شُنک یوش (سنپات پر) کُرتھی۔ جو۔ بیر۔ مونگ۔ مولی کی پینڈی (جو پتوں کے پاس ہوتی ہے) ان سب سوکھی دواؤں کا یوش سونٹھ اور دھنیے کے ساتھ پیوے تو کف اور بات جاتا رہے اس سپت شُنک یوش سے سنپات کا بخار عام بات نشٹھ دل اور منھ کے مرض دور ہوں۔
پانادی کلپنا) پل بھر کُٹی ہوئی دوا چھ نسٹھ پل پانی میں اوٹا وے جب آدھا رہجائے اُس پانی کو بھکت کہتے ہیں اُسے کھانے کے وقت دے یا تھوڑا تھوڑا کرکے دے۔
اُشیار پان (بخار اور پیاس پر) خس۔ پت پاپڑہ۔ سگندھ بالا۔ موتھا۔ سونٹھ۔ صندل سُرخ ان سبکو پکا کر ٹھنڈا کرکے دے تو بخار اور پیاس کو فائدہ کرے۔
اُشنو دک (گرم پانی) رات کو گرم پانی پینے سے کف دمہ کھانسی بخار دور ہو اور قبض دور ہو۔

چھیر پاک (دودھ پکانے) کی ترکیب] دوا کا آٹھ گنا دودھ اور دودھ کا چوگنا پانی اوٹا وے جب پانی جلجاوے تب دودھ پیئے تو ہر قسم کا پیٹ کا درد (آم شول) دور ہو۔

اناج کا بیان

اناج کو یوا گو سے چھ گنا پانی دے کر پکاوے اُسے قرش اور دھنا کہتے ہین۔ چاول مونگ اُردا اور تل انکا یوا گو گرہنی کو قوت دیتا ہے اور بادو کا ناش کرتا ہے۔ یلی بھر اناج مین چوگنا پانی پکاوے اُسے بلیبی کہتے ہین یہ غذا بہت لذیذ ہوگی دل اس سے بہت خوش ہوگا اور پت اس سے دور ہوتا ہے۔

سپے] اناج کو چودہ گنے پانی مین سندھ کرے پتلا مٹھا نہ ہو جو پیا جائے اُسے سپے کہتے ہین۔ اُس سے کچھ ہی گاڑھے کو یوش کہتے ہین۔ یوش ہلکا ہے۔ گرہنی کو صاف کرتا ہے دھات کو گاڑھا کرتا ہے۔ طاقت بڑھاتا ہے۔ گلے کو صاف کرتا ہے اور کف کو دور کرتا ہے۔

بھات] چاول سے چودہ گنا پانی لے کر اُس مین چاول کو پکا دے اُسکی پیچ نکال لے وہ میٹھا اور ہلکا ہے اُسے بھکت منڈ کہتے ہین۔ اُسی مین سونٹھ اور سیندھا نمک ڈال کر پیئے تو بھوک بڑھاوے اور جلد ہضم ہو۔ اشٹ گن مانڈ۔ دھنیا۔ ترکٹا۔ سیندھا نمک میٹھا تیل کی بھنی ہینگ اور مٹھے کے مانڈ کا اشٹ گن نام ہے۔ یہ مانڈ زندگی کو قائم رکھتا ہے خون کو بڑھاتا ہے بخار کو دور کرتا ہے۔

یو منڈ] جو کو بھون اور کوٹ کر پکاوے اُسکو واتیہ منڈ (آشبو) کہتے ہین یہ کف پت کو دور کرتا ہے اور گلے کو صاف کرتا ہے اور رکت پت کو فنا کرتا ہے

لاجا منڈ] دھان کی کھیل کتی درجہ یا بھنے ہوے دھان کا بناوے اُس کو لاجا منڈ کہتے ہین یہ کف اور پت کو دور کرتا ہے اور پیاس بخار کو دفع کرتا ہے۔

بدہضمی سے پیدا ہوئے بخار کے لیئے کاڑھا] پیپل۔ پیپلا مول۔ سونٹھ۔ اجوائن۔ بائبڑنگ۔ دیودار اور دونون کٹیلی ان کا کاڑھا دینے سے بدہضمی کا بخار دور ہوتا ہے اور پیپل۔ پیپلا مول۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ چھوٹی ہڑ۔ لونگ۔ دھنیا۔ املتاس۔ دیودار۔ پان

دوائیون کا آٹھوان حصّہ بچا ہوا کاڑھا دیوے تو بخار جاوے۔ یا سونچر نمک اور بکاین کا کاڑھا دیوے تو بھی بخار جاوے یا پیپل۔ پیپلا مول۔ گلو۔ سونٹھ۔ ان کو برابر لے کے اوسکا کاڑھا کر کے دیوے تو بخار دور ہو اور پیپل۔ پیپلا مول۔ سونٹھ۔ اجوائن۔ بائبڑنگ دیودار۔ چیب۔ دونون کٹیلی ان سب کو برابر لے کر کواتھ کر کے دے تو بھی بخار دور ہوتا ہے۔

سنپات پر کاڑھا] بھارنگی۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ کوٹ۔ عاقر قرحا۔ اتیس۔ نیچ۔ کلونجی۔ اننت من۔ چرائتہ۔ اجمود۔ اجوائن۔ پیپلا مول۔ کاکڑا سینگی۔ دو اگومی۔ بائبڑنگ دونون کٹیلی۔ چیب۔ چترک۔ پاڑھا۔ سرون۔ تیھون۔ مدار کی جڑ۔ یہ سب دوائین ڈوڈو ٹنک لے پھر اسکے تین حصّے کرے اور یہ ایک حصّہ کا آٹھوان حصّہ جب رہ جائے تو پلائے تیرھون قسم کا سنپات اس سے دور ہوتا ہے۔

سنپات پر کاپھلادی کواتھ] کا پھل۔ ناگر موتھا۔ نیچ۔ پاڑھا۔ پھکرمول۔ پت پاپڑا دیودار۔ ہڑ کا کاڑھا۔ کاکڑا سنگی۔ پیپل۔ چترک۔ سونٹھ۔ بھارنگی۔ اندرجو۔ کٹکی۔ پکور دھنیا۔ روہش۔ بیل۔ کھماری۔ بہیڑہ۔ دونون کٹیلی۔ گوکھرو۔ سرون۔ تیھون۔ یہ سب دوائیان دودو ٹنک لیکر تین حصّے کرے۔ ایک حصّہ کا آٹھوان حصّہ جب کاڑھا رہجاوے تو سنپات۔ کرنمول۔ ہچکی اور پت یہ سب دور ہون۔

گرچادی کواتھ بات رکت پر] گُرچ۔ ارنڈ کی جڑ۔ ردسہ۔ اُنکا کاڑھا ارنڈ کے تیل کے ساتھ پیئے تو سارے جسم کا بات رکت ضرور دور ہو۔ یا پرول۔ ترپھلا۔ کٹکی۔ گُرچ۔ ستاور ان کا کاڑھا پیئے تو جلن والے بات رکت کو نفع دے۔

سفید داغ کے واسطے کاڑھا] آنولہ اور کھیرسار ان دونون کا کاڑھا بکچی کے چورن کے ساتھ پرہیز کر کے کچھ دن تک پیئے تو نیا کوڑھ جلد دفع ہو۔

کھونحشٹادی کواتھ] جیٹھ۔ ترپھلا۔ کٹکی۔ نیچ۔ دار ہلدی۔ گرچ اور نیم ان کا کاڑھا کر کے پیئے تو بات رکت۔ خارش۔ سڑا ہوا کوڑھ اور لال چکتے دور ہون۔ اسکو بھی برابر پیتا رہے۔

مجیٹھادی کواتھ] سب کو ڑھون پیسا مجیٹھ - موتھا - گرنیا - گریچ - ان سب کو کوٹ کر سونٹھ - بھارنگی - بھٹکٹیا - میٹھی نیچ - نیم - دونون ہلدی - ترپھلا - پرول - کٹکی - مووربا - باؤبڑنگ - راسنا - چیت - ستاور - پیپل - نسوت - اندرجو - اروسہ - بھنگرا - دیودارو - پاڑھر کھیرسار - صندل سُرخ - برنا - ترائیمان - چرائتہ - باپچی - املتاس - سہورا - بکائن - کرنج اتیس - خس - اندرائن - جواسا - ساروا اور پت پاپڑا یہ سب دوائین ہموزن لے کر کاڑھا کرکے پیپل اور گوگل ملاکر پیئے تو اٹھارھون کوڑھ اور بات رکت کا درد - آتشک پیلیاؤن - شوتیہ بایو - فالج - معدہ اور آنکھ کی بیماریون کو یہ کاڑھا بڑا ہی مفید ہے -

ہریتیکی کواتھ سر کے درد اور امراض چشم کے لئے] ہڑ - بہیڑہ آملہ - چرائتہ - ہلدی - نیم - آنبہ ہلدی - گریچ - ان کے کاڑھے میں گڑ ملاکر پیئے تو سر کا درد - بھوؤن کان - آدھاسیسی - (سوریاورت) لیواڑی دانتون کا گرنا - رتوندھی - گوہانجنی - پھلی اور ہر قسم کی آنکھون کی بیماری کے لئے بہت ہی مفید ہے -

اروساوی کواتھ (آنکھ کی بیماریون کے لئے)] اروسہ - سونٹھ - گریچ - ہلدی - صندل سُرخ - چیت - چرائتہ - نیم - کٹکی - پرول - ترپھلا - ناگرموتھا - جو - گرنیا - اور اندرجو - ان کے کاڑھے سے آنکھ کی تمام بیماریان دور ہوتی ہین اور آتشک وغیرہ کی وجہ سے اگر گلا بیٹھ گیا ہو تو وہ بھی کھلجاتا ہے - پینس - دمہ - کلیجہ کا گھاؤ بھی جاتا رہتا ہے - یا گریچ - ترپھلے کا کاڑھا شہد اور پیپل کے ساتھ پیئے تو بھی آنکھون کی سب بیماریان دور ہوجاتی ہین -

پپلیادی کواتھ] پیپل - گولر - پکھریا - بیر - تبلیس - (بیت) ان کا کاڑھا کرکے زخم دھووے تو آتشک کے زخم اور سوجن سب اچھے ہوں اور انھین دواؤن کی گولی بنا کر آٹھ گنے پانی مین ڈالکر کاڑھا کرے جب چوتھائی پانی رہے تو پیوے خوراک دو پل ہے اگر بہت درد ہوتا ہو تو رسوت کو بھگو کر چھان کر اُسکے پانی سے دھویا جاوے تو فوراً درد کم ہوجاتا ہے اور سکون ملتا ہے -

سنپات پر کاڑھا] بھارنگی - سونٹھ - مرچ - اجمود - اجوائن - ہینگ - پیپلا مول -

[...]اسنگی-دوب-مونگا-باؤبڑنگ- دونون کٹیلی-چب-چیت کی چھال-پاڑھا-
[...]مرون-تیجون-مدار کی جڑ-یہ سب دوائین ہموزن لیکر تین حصّے کرکے ایک جب
آٹھوان حصّہ رہجاوے تب اُس کاڑھے کو پیئے تو سنپات دور ہو-

پتر کا دوکواتھ-سنپات پر] چترمول-پیپلامول-پیپل-نیج-چب-سونٹھ-اتیس-زیرہ-
پاڑہہ-مرجون-مرچ سیاہ-کاپھل-پہکرمول-باؤبڑنگ-دونون کٹیلی-جواسا-اجوائن-
اجمود-گج پیپل-مدار کی جڑ-بکائن کی جڑ-ہینگ-یہ سب دوائین ڈھائی ڈھائی
ٹنک لے کر تین حصّے کرے-ایک کا آٹھوان حصّہ رہجاوے-تو بیمار کو پلا دیوے-
تب لرزہ اور تیرھون قسم کے سنپات دور ہون-

[اتیسار پر کاڑھا] دھنیا-سونٹھ-ناگرموتھا-بیلگری-سوٹج کی جڑ-یہ سب پیسہ پیسہ
بھر لیکر تین حصّے کرے اور ایک حصّہ کو آٹھ گنے پانی مین جوش دے جب آٹھوان
حصّہ رہجائے تو بیمار کو پلا دیوے تو اتیسار فوراً جاتی رہے یا سونٹھ-اجوائن-اتیس-
ہینگ-ناگرموتھا-بیلگری-گرچ-یہ سب برابر لے کر کواتھ کرکے دے تو
بھی اتیسار جاوے-

[پرسوت زچہ کے لئے کاڑھا] پیپل-دیودار-ناگرموتھا-اگر-پیپلامول-کلونجی-باؤبڑنگ
یہ سب دوائین دو دو ٹنک لے کر کاڑھا بناوے اور مریضہ کو پلا دیوے تو پرسوت
روگ اچھا ہو-یا دیودار-نیج-کوٹ-لونگ-پیپل-سونٹھ-کاپھل-موتھا-چیت کی
چھال-سوٹج کی جڑ-کٹکی-دھنیا-ہڑ-گج پیپل-جواسا-اتیس-کلونجی-گوکھرو-
یہ سب دوائین پیسہ پیسہ بھر لے کر تین حصّے کرے اور ایک حصّہ کا کاڑھا
بنا کر دورتی ہینگ اور دورتی سیندھا نمک ڈال کر مریضہ کو دے تو بھی
پرسوت روگ دور ہو-

سفید کوڑھ پر کاڑھا] آم کی جڑ-کوئنچ کی جڑ-بیر کی چھال-مجیٹھ-سب دوائین
ایکیش ایکیش پیسہ بھر لے کر اُن مین سے ایک پیسہ بھر لے کر کاڑھا بناوے اور
۲۱ روز تک پیوے اور بدن مین ہوا نہ لگنے پاوے تو سفید کوڑھ دور ہو

بخار پر کاڑھا] پہلے دن کے بخار میں سات دن تک غذا نہ دے بلکہ دیودار۔ دھنیا چھوٹی بڑی بھٹکٹیا اور سونٹھ یہ سب دو دو تولہ لے اور سولہ گنے پانی میں کاڑھا کرے جب چوتھائی رہ جائے تو مریض کو پلاوے۔ تین دن یا پانچ دن میں بخار بالکل جاتا رہے۔

بات پت کف کے بخار کے لئے کاڑھا] بات کے بخار میں گلو۔ سونٹھ۔ موتھا اور دھاسہ۔ ان چاروں کا کاڑھا پیوے اگر صفراوی بخار ہو تو چرائتہ کٹکی۔ موتھا۔ پت پاپڑہ اور جواسا ان پانچوں کا کاڑھا مفید ہے اور بلغمی بخار میں سونٹھ۔ اروسہ۔ موتھا۔ جواسا۔ ان چاروں کا کاڑھا پیوے تو بخار دور ہو اور اسی طرح گلو۔ سونٹھ۔ پیپلا مول کا کاڑھا بھی بات کے بخار کو فنا کرتا ہے۔ گلو۔ پت پاپڑا۔ موتھا اور چرائتہ۔ ان کا کاڑھا بھی پینے سے بات پت کا بخار دفع ہوتا ہے۔

ایضاً] نسخے۔ پت پاپڑہ۔ املتاس۔ کٹکی۔ موتھا۔ ہڑ ان کا کاڑھا۔ کالی۔ تپ دق پسینا۔ پیاس۔ گھبراہٹ۔ خفقان وغیرہ بیماریوں کو دور کرے۔ جواسا۔ کٹکی۔ چرائتہ۔ کٹکی۔ اروسہ۔ پت پاپڑہ۔ ان چھوؤں کا کاڑھا پیاس۔ جسم کی جلن۔ آنسو پت کی بیماری کو دور کرتا ہے۔ یا گلو۔ آنولہ۔ پت پاپڑہ انکا کاڑھا پینے سے بھی صفراوی بخار دور ہوتا ہے۔

ایضاً] صندل سرخ۔ پدماک کی چھال۔ دھنیا۔ گلو۔ نیم۔ ان کا کاڑھا پینے سے پت کف سے پیدا ہوئے بخار۔ پیاس۔ قے اور مندآگنی دفع ہوں۔

ایضاً] جلن کے ساتھ بخار میں پیاس ہو تو سگندھ بالا۔ خس۔ موتھا۔ پت پاپڑہ۔ سونٹھ اور صندل سرخ کا کاڑھا کرکے جب ٹھنڈا ہو جائے تب پلائے تو بخار سے پیدا ہوئی پیاس دور ہو۔

بخار سے منہ کڑوا ہو جائے تو اُسکے دفعیہ کی ترکیب] جس کو بخار آتا ہو اور منہ کڑوا رہے اُسے کٹکی کا کاڑھا کرکے دے تو منہ کی کڑواہٹ دور ہو۔ جو پت جور سے پیدا ہوئی ہو۔

الکہ روگ اور کھانسی پر کاڑھا] کا پھل کا ترن (رام کپور) موتھا۔ دھنیا۔ کاکڑاسنگی

بیج اور ہڑ جس میں پانچ لکیریں ہوں - بھارنگی - پت پاپڑہ - سونٹھ - دیودار - ان سب کا کاڑھا کر کے چھان لے اور اس میں چار ماشہ ہینگ بھون کر شامل کرے اور دو تولہ شہد ڈال کر پیوے تو کھانسی دمہ - منھ کی بیماریاں اور بخار کی تیزی اور بلغم کی زیادتی اور گلے کا درد یہ سب بیماریاں دور ہوں -

سنپات پر کواتھ] پیپلا مول - اندرجو - دیودار - گوگل - باؤبڑنگ - بھارنگی - دارچینی - سونٹھ مرچ سیاہ - پیپل - چیت - کائپھل - پوہکر مول - راسنا - جیت کے بیج - ہڑ - دونوں کٹیلی - اجوائن - جٹاماسنی - چرائتہ - گھڑ بیج - چب اور پاڑھا ان دواؤں کا کاڑھا پینے سے سب سنپات - فتور عقل - پسینا - سردی - سرسام - درد - ریڑھ درد - چھاتی کا پھوڑا اور زچگی کے سب مرض دور ہوں -

زچہ کے لئے کاڑھا] ارک مول - جواسا - چرائتہ - دیودار - راسنا - جیت کے بیج - سمھالو بیج - ارنی - سہجن - پیپلا مول - پیپل - چیت - سونٹھ - اتیس - بھنگرہ - گھڑ بیج - ان دواؤں کا کواتھ سخت سنپات کے بخار کو - دھنش باؤ - دستنجی بخار جبڑوں کے کس جانے بہت سردی سے جسم کے کانپنے - کھانسی دمہ اور زچگی کی باد کی بیماریوں کو دور کرتا ہے -

سب سنپاتوں کے لئے کواتھ] کٹکی - چرائتہ - پت پاپڑہ - گلو - کچور - راسنا - جیت کے بیج پیپل - پوہکر مول - ترائمان - ہبولا - بھٹکٹیا - دیودار - سونٹھ - ہڑ - جواسہ - بھارنگی ان دواؤں کے کواتھ کے پینے سے تیرہوں سنپات - دن کی نیند - رات کا جاگنا - پیاس منھ کا سوکھنا - جسم کی جلن کھانسی اور سب قسم کی سانس کے روگ دور ہوتے ہیں -

ہچکی پیاس قے اور جلن کے لئے کواتھ] صندل سرخ - دونوں خس - گنج کی چھال - پاڑھا - کمل - دھنیا - گرچ - چرائتہ - موتھا - سوگندھ بالا - بیلگری - اتیس اور سونٹھ اکا کاڑھا پینے سے ہچکی - پیاس قے جلن نفرت اور سب قسم کی اتیسار دور ہوتی ہے -

تھیولاد کواتھ] گھوکھی بیج مولی - پاڑھا - موتھا - برسیارا - اندرجو - گنج کی چھال - خس - گلو - سونٹھ - بیلگری - اور کٹکی - ان دواؤں کا کاڑھا قے کھانسی ہانس اور درد کے ساتھ بخار سے

آئے ہوئے اتیسار کو دور کرتا ہے۔

شوکا تیسار کے لئے کواتھ] دیودار۔ اتیس۔ پاڑہ۔ باؤ بڑنگ۔ موتھا۔ مرچ سیاہ سرکنج کی چھال۔ ان کا کاڑھا پینے سے فکر سے پیدا ہوئی اتیسار دور ہوتی ہے۔ یا سوگند بالا بیلگری۔ موتھا۔ دھنیا اور سونٹھ ان پانچوں کا کاڑھا بھی اتیسار کو دور کرتا ہے۔ یا دھنیا سوگند بالا بیلگری اور موتھا ان کا کاڑھا ٹھنڈا کرکے پیوے تو بھی اتیسار دور ہو۔

دمہ کے لئے کواتھ] اردسہ ہلدی۔ سونٹھ۔ پیپل۔ گلو۔ بھارنگی۔ رودنرجٹا کٹیلی کی جڑ۔ ان آٹھوں کا کاڑھا کرے اور اس میں پسی ہوئی مرچ ڈال کر پیوے تو سانس کا مرض جاوے صرف سونٹھ کا کاڑھا پینے سے بھی دمہ دب جاتا ہے۔

کھانسی کے لئے کاڑھا] کٹیلی کی جڑ کے بکل کا کاڑھا تیار کرے اور اس میں پیپلی کا چورن ملاکر پیئے تو کھانسی فوراً جاتی رہے۔ یا سونٹھ اور بھارنگی کا کاڑھا پیئے تو کھانسی اور دمہ دونوں دور ہوں۔

بچوں کی اتیسار کے لئے کواتھ] دھوئی کے پھول۔ لودھ۔ بیلگری۔ موتھا۔ مجیٹھ اور سوگند بالا۔ انکا کواتھ پلانے یا چٹنی چٹانے سے بچوں کا اتیسار جاتا رہتا ہے۔

پھانٹ کی ترکیب

کٹی ہوئی دوا ایک بھر ایک کوڑد بھر پانی سے کر مٹی کے برتن میں اچھی طرح گرم کرکے اتار لے پھر اس دوا کو گرم پانی میں ڈال کر ڈھک دے جب ٹھنڈا ہو جائے تب چھان لے اسے پھانٹ کہتے ہیں۔ اس پھانٹ کی خوراک آٹھ روپیہ بھر ہے۔ مصری شہد اور گڑ اسمیں اسی طرح پڑتا ہے جس طرح کاڑھے میں ڈالا جاتا ہے۔

مذکور پھانٹ (صفراوی بخار کے لئے)] مہوہ۔ میٹھی۔ فالسہ۔ صندل۔ نیل کنول لودھ۔ ناگ کیسر۔ ترپھلا۔ سروں۔ منقے۔ کھیل۔ یہ سب گرم پانی میں ڈال کر مصری اور شہد کے ساتھ پلاوے اس پھانٹ یا ہم سے بات پت۔ بخار۔ جلن۔ پیاس۔ کاہلی خفقان رکت پت بھرم۔ یہ سب عارضے دور ہوں۔

مذکور پھانٹ (پت کی پیاس پر)] مہوہ۔ صندل۔ سرخ۔ کھاری خس۔ دھنیا

جنگلی بیر بالا۔ منقے۔ ان کا پھانٹ شکر ملا کر پیے تو پیاس جلن۔ کالی اور دھم یہ سب دور ہون
آم کا پھانٹ پیاس کے لئے] آم اور جامن کی کوپل۔ بر گد۔ ڈنگسا جٹا۔ خس۔ ان کا پھانٹ کر کے پیے تو بخار پیاس منھ مین پانی آنا۔ اتیسار۔ کالی یہ سب بیماریان ضرور دور ہون۔
منتھ پھانٹ کا تفرقہ] دواؤن کا چوگنا پانی مٹی کے برتن مین ڈال کر متھے اور اس پانی کو چھان کر دو پل پیے۔ کھجور۔ انار۔ املی۔ منقے۔ آنولہ اور فالسے ان کا منتھ سب تشنون کو دور کرتا ہے۔
مسور آد منتھ (ابکائی پر)] مسور کا۔ ستو ش۔ شہد اور دانہ کا رس ان کا منتھ ملا کے توسفیات سے پیدا ہوئی ابکائی وغیرہ دور ہوتی ہے۔
جو منتھ (پیاس کے لئے)] جو کا ستو ٹھنڈے پانی مین متھ کر پیے تو پیاس جلن اور رکت پت ان سب کو دور کرتا ہے مگر گاڑھا نہ ہو۔

ہم کی ترکیب

پل بھر کٹی ہوئی دوا چھ پل پانی مین شام کو بھگو دے پھر صبح کو نچوڑ کر چھان لے اسکو ہم اور شیت کشائے بھی کہتے ہین۔ اس کی خوراک پھانٹ کی طرح دو پل ہے۔
آم کا ہم (رکت پت پر)] آم۔ جامن۔ ارجن کی چھال۔ ان کو کوٹ کر پانی مین بھگو دے اور سویرے شہد ملا کر پیئے تو رکت پت دور ہو۔
مرچیادہم (پیاس کے لئے)] سیاہ مرچ۔ ملیٹھی۔ کٹھ گولر کی کوپل۔ نیل کنول ان کا ہم پینے سے پیاس ابکائی وغیرہ دور ہوتے ہین۔
صفرا پر نیل کملا دہم] نیل۔ کنول۔ بر بارا۔ منقے۔ مہوہ۔ ملیٹھی۔ خس۔ بدا کھ۔ کمبھاری پھل۔ فالسہ۔ ان کا شیت کشائے پینے سے ہم بات۔ پت۔ بخار مین بکنا۔ دھم۔ ابکائی سورچھا۔ اینڈائی یہ سب بیماریان دور ہوتی ہین۔
گڑوچیادہم (پرانے بخار کے لیے)] اگر گڑوچ کا ہم پینے سے پرانا بخار جاتا رہتا ہے اور اروسہ کا ہم پینے سے صفراوی بخار دور ہوتا ہے اور نتھی کھانسی کو فائدہ کرتا ہے

دھنیا کا ہم شکر ملا کر پینے سے اندرونی جلن۔ پیاس۔ پیشاب کا بند ہونا۔ یہ بیماریان دور ہوتی ہین
دھنیا ہم (رکت پت پر) دھنیا۔ آملہ۔ روسہ۔ منقے۔ پت پاپڑہ۔ ان کے ہم سے خونی
وصفراوی بخار۔ پیاس۔ جلن۔ گلے کا سوکھنا یہ دور ہوتا ہے۔

کلک کی ترکیب

سوکھی دوا کو پانی مین پیسے کیلی پتلی نہ ہو بلکہ شکل لبدی کے ہو اسکو کلک اور چیپ کہتے ہین اسکی خوراک دس ماشہ کی ہے۔ کلک بت شہد گھی اور تیل دونا دیوے مصری اور گڑ برابر کیلی دوا چوگنی دینا چاہیے
بردھمان پیپلی (پانڈ روگ پر) پیپلی تین عدد یا پانچ عدد یا سات بڑھاوے جتنی پہلے سے شروع کرے اتنی ہی ہر روز دس دن تک بڑھاوے پھر اتنی ہی روزانہ گھٹاوے اسی طرح بیس دن تک پہلے دن کے موافق ہو جاوے۔ اس بردھمان پیپل کے استعمال سے پیلا پن۔ کھانسی۔ دمہ۔ نفرت۔ پیٹ کی بیماریان۔ تپ دق۔ کف۔ بات اور چھاتی جکڑنا یہ سب دور ہوتی اور جو ہمراہ پانی یا دودھ پیا جاوے تو تین دن تک دو یا تین تولہ دودھ دے پھر اسکے بعد کلک سے چوگنا دودھ استعمال کرے۔
نیم کلک (زخم پر) نیم کی پتی کی لبدی زخم پر لگاوے تو زخم صاف ہو کر چھوٹ جاتا ہے جہان پر لبدی نہ لگ سکے اسکو گھاو نہین کہتے بلکہ ناسور کہتے ہین۔ اسکی ترکیب دوسری ہے اور کھانے سے منہ مین پانی آنا سب طرح کے کوڑھ پت وغیرہ اگر برابر استعمال کیا جاوے تو دور ہوتے ہین۔
بکائن کلک (گردھسی پر) بکائن کی جڑ کی چھال کا کلک گردھسی باؤ کو دور کرتا ہے اور ایک لہسن کی پوتھی پیسکر اس مین تل کا تیل ملا کر کھاوے تو سخت سوولا اور تجاری چوتھیا وغیرہ کو فائدہ دے۔
بات روگ پر دوسرا کلک] کچے لہسن کو چھیل کر درمیانی انکر نکال کر مٹھے مین ڈال کر ایک رات رکھ چھوڑے تو اسکی بدبو دور ہو پھر مٹھے سے نکال کر پیس کر اس چورن کا پانچوان حصہ آگے لکھی ہوئی دوائیان ڈالے۔ کالا نمک۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ ہینگ۔ سیندھا نمک۔ ترکٹا اور زیرہ ان سب کو ہموزن لیکر کوٹ لے۔ یہ چورن اور لہسن کی لبدی برابر

کھائے تو بھوکھ بڑھے۔ بیمار کی طاقت اور موسم کو دیکھکر اس کا استعمال کرا دے استعمال کی ترکیب ارنڈ کی جڑ کی چھال کا کاڑھا دینا۔ سارے جسم کا بات۔ ایک عضو کی بات۔ مرگی۔ پاگل پن۔ گٹھیا۔ گردھرسی۔ چھاتی۔ پیٹھ۔ پسلی۔ کمر کوکھ کا درد دفع ہو اور پیٹ کے کیڑے دور ہوں۔ بیمار کو مناسب ہے کہ ہلکی غذا کھائے۔ دھوپ میں نہ چلے غصہ نہ کرے اور پانی تھوڑا پیئے۔ دودھ اور گڑ نہ کھائے۔ آنو۔ پان شراب۔ مانس اور کھٹائی کھاوے۔

پیپلی کلک (استھیر دانتوں کے رہجانے پر) پیپل۔ پیپلا مول۔ اور بھلاوان مصفا کی لیدی شہد کے ساتھ کھائے تو گٹھیا ضرور دور ہو۔

بستن کا نتا کلک (پرنام شول پیٹ کے درد کے لئے) بستن کا نتا کی جڑ کا کلک مصری شہد اور گھی کے ساتھ سات دن پیئے تو پرنام شول پیٹ کا ضرور جاوے۔ یا سونٹھ۔ گڑ۔ تل۔ دودھ میں پیس کر استعمال کرے تو بھی پرنام شول دفع ہو اور آم بات دور ہو۔

چرچرا دو کلک (خونی بواسیر کے لئے) چرچرے کا چاول۔ دھان کے چاول کے دھوون میں پیکر پینے سے خونی بواسیر دور ہوتی ہے۔

بیر کلک (خونی اتیسار پر) بیر۔ مول کی چھال اور تل کا کلک شہد یا دودھ میں پینے سے خونی اتیسار دور ہوتا ہے۔

لاہی کلک (رکت چھپی پر) ایک قرش لاہی میٹھے کے رس میں پیس کر پلاوے تو رکت چھپی چھاتی کے زخم اور تپ دق کو فائدہ کرے۔

چولائی کلک (رکت پردر پر) چولائی کی جڑ کے چاول کے دھوون میں پیسکر شہد اور رسوت کے ساتھ دیوے تو عورتوں کے لال جریان کو فائدہ کرے۔

انکول کلک (اتیسار پر) انکول کی جڑ کی چھال کو چاول کے دھوون میں پیسکر شہد ڈال کر پیئے تو اتیسار اور بش کو فائدہ کرتا ہے۔

کھکسا کلک (زہر کے لئے) کھکسا یا سرسے کی جڑ یا بیر کی جڑ کا کلک گھی کے ساتھ کھاوے تو زہر کو فائدہ کرے۔

ہڑ تیکی کلک (بھوکھ اور ہاضمہ کے لئے)] ہڑ۔ سونٹھ۔ سیندھا نمک اور پیپل کا کلک تینوں (یعنی صفراوی اور بلغمی سوداوی) بیماریوں کو ضرور فائدہ کرتا ہے یا ہڑ۔ سونٹھ۔ سیندھا نمک۔ پیپل کا کلک گھی کے ساتھ دے تو بھوکھ بڑھاوے اور ہاضمہ کو قوت دے۔

نسوت کلک (کیڑوں پر)] نسوت۔ پلاس۔ (ڈھاک) پانڈا۔ اجوائن خراسانی کبیلا۔ باؤبڑنگ۔ ان سب کو برابر لیکر مٹھے کے ساتھ کھائے تو پیٹ کے کیڑے (کدو دانے وغیرہ) مر جاتے ہیں اور مکھن۔ مصری۔ ناگ کیسر کے کلک سے خونی بواسیر دور ہوتی ہے یا مسور کا یوش اور جیلی پھل کا کلک یوش کے ساتھ پینے سے سنگرہنی ناش ہو اور بھٹکٹیا کے پھل کا کلک مٹھے کے ساتھ پیوے تو بھی سنگرہنی دور ہو۔

باب اٹھائیسواں

نووڑ کا چورن) انار دانہ پاؤ بھر۔ زیرہ سیاہ پندرہ ماشہ۔ زیرہ سفید تیس ماشہ۔ سونٹھ پندرہ ماشہ۔ تنتریک پندرہ ماشہ۔ ہڑ کا بکل پندرہ ماشہ۔ چھوٹی ہڑ پندرہ ماشہ۔ نسوت پندرہ ماشہ۔ لاہوری نمک تین ماشہ۔ ان سب دواؤں کو کوٹ پیس کر چورن بنا دے پھر روزانہ کھانے کے بعد تین ماشہ کھائے تو بھوکھ بڑھے اور قبض دور ہو۔

ایضاً] پوست ہڑ۔ سونف۔ سونٹھ ان سب کو برابر لے پھر سونف اور ہڑ کو گھی میں بھون لے اور ان دونوں دواؤں کو بھی ملا کر دو چھٹانک پیسہ بھر مصری ملا دے پھر روزانہ دو پیسہ بھر ٹھنڈے پانی سے پانچ روز کھاوے تو آنوں خون مروڑا سب دور ہوں۔

ایضاً] ہڑ۔ آنولہ۔ چیت۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ ان پانچوں دواؤں کو ہموزن کوٹ پیس چھان کر چورن بنا دے اور گرم پانی سے پھانکے تو سب پیٹ کی بیماریوں کو دور کرے اور ہضم ہو کر بھوکھ بڑھاوے۔

پانی کے لئے چورن] سونٹھ۔ پیپل۔ سنا۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ چیت۔ سیندھا نمک

سانبھر نمک۔ کھاری نمک۔ کالی مرچ۔ نسوت۔ پودینہ۔ سونف۔ اناردانہ۔ اجوائن۔ انجود۔ پھٹکی۔ تیلیا سہاگہ۔ سب دوائیں چھ چھ ماشہ اور ہینگ ایک ماشہ لے پھر سب کو کوٹ پیس کر لیموں اور ادرک کے رس میں گولیاں بناوے ایک یا دو گولی روزانہ کھاوے تو باؤ کی سب بیماریاں دور ہوں۔

ایضاً] سونٹھ۔ تیلیا سہاگہ۔ پیپل۔ کالی مرچ دو دو ماشہ۔ ہڑ چھ ماشہ۔ پانچوں نمک پانچ تولہ اجوائن چھ ماشہ۔ ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سہجنے کے رس میں گولیاں بناوے ایک یا دو گولیاں روزانہ کھائے تو چونسٹھ قسم کی باؤ دور ہو۔

چورن بھوکھ بڑھانے والا] پارہ مصفا ایک ٹنک۔ سہاگہ دو ٹنک۔ گندھک مصفا ایک ٹنک۔ میٹھا تیلا تین ٹنک۔ سنکھ چار ٹنک۔ کوڑی زرد جلی ہوئی پانچ ٹنک۔ سونٹھ ایک ٹنک۔ کالی مرچ ایک ٹنک۔ ان سب کو لیموں کے رس میں سات پٹ دے کر مونگ کے برابر گولیاں باندھے پھر روزانہ ایک گولی کھاوے تو بدہضمی اور بھوکھ نہ لگنے کو دور کرکے بھوکھ کو بڑھاوے آدھے جسم کے درد اور ہیضہ کو دور کرے۔

ناگرادی چورن] سونٹھ۔ موتھا۔ اجوائن۔ جاوتری۔ تج۔ پترج۔ سفید زیرہ۔ کالا زیرہ پیپل۔ کالی مرچ۔ جاپھل۔ آنولہ۔ چیت۔ لونگ ان سب دواؤں کو برابر لیکر چورن بناوے روزانہ کھاوے تو پیٹ کی بیماریاں دور ہوں۔

امرت چورن] ہڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ لونگ۔ جاوتری۔ باؤ بڑنگ۔ جاپھل۔ زیرہ سفید۔ دھنیا۔ اجوائن۔ اناردانہ۔ پانچوں نمک ہموزن لیکر چورن تیار کرے اور روزانہ کھائے تو پیٹ کی سب بیماریاں دور ہوں۔

بخار کے لئے چورن] آنولہ۔ چیت۔ ہڑ۔ پیپل۔ سیندھا نمک ہموزن لیکر چورن تیار کرے اور گرم پانی سے پھانکے تو سب بخار دور ہوں۔

آم بات اور سول پر چورن] سونٹھ۔ ہڑ۔ باؤ بڑنگ۔ سیندھا نمک۔ پیپل۔ ان سب کو ہموزن لے کر چورن تیار کرے اور ایک ٹنک روزانہ کھائے تو تین روز میں آم بات جائے۔

ہنگواشٹک چورن] ہینگ ایک تولہ۔ اجمود تین تولہ۔ زیرہ تین تولہ۔ سونٹھ تین تولہ۔ کالی مرچ تین تولہ۔ پیپل تین تولہ۔ سیندھا نمک ایک تولہ۔ سانبھر نمک ایک تولہ۔ ان سب دواؤں کا چورن تیار کرے۔ اور کھانے کے نوالہ میں گھی اور چاول کے ساتھ کھاوے تو درد اور قولنج کے لئے یہ چورن نہایت مفید ہے۔ بدہضمی کو دور کر کے بھوکھ بڑھاوے۔

باؤ کے لئے چورن] سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ہڑ۔ سہجنے کے بیج۔ نونک۔ ان سب دواؤں کو ہموزن لے کر سہجنے کے رس میں گولی بناوے اور روزانہ کھائے تو ۶۴ باؤ اور ۲۰ سولوں کو فائدہ کرے۔

ایضاً] پیپل۔ سونف۔ لونگ۔ لوئن بیج۔ سونٹھ۔ سیندھا نمک۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر کوٹ پیس کر چورن بناوے اور روزانہ کھاوے تو باؤ کو فائدہ کرے۔

ایضاً] لونگ۔ الائچی۔ تج۔ تیرج۔ نگر۔ کنکول۔ کالا اگر۔ ناگ کیسر۔ جائپھل۔ سونٹھ۔ جاوتری۔ زیرہ سفید۔ سیاہ زیرہ۔ سونف۔ پیپل۔ مرچ۔ پشکر مول۔ نرکچور۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ انولہ۔ چیت۔ طالیس۔ دیودار۔ دھنیا۔ اجوائن۔ میتھی۔ بنسلوچن۔ اجمود۔ کاکڑا سینگی۔ پیپلا مول۔ بھنی ہینگ۔ موتھا۔ انیس۔ ستاور۔ سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے اور دواؤں کے برابر مصری ڈال کر صبح روزانہ کھائے تو باؤ کو دور کر کے اور بھی فائدہ بخشے۔

سدرشن چورن] ہڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ ہلدی۔ دار ہلدی۔ نگو۔ کوٹ۔ موتھا۔ جواسہ۔ کاکڑا سینگی۔ کٹھلی کی جڑ۔ پیپلا مول۔ کچور۔ بیج۔ پوکر مول۔ ملیٹھی۔ سہجنا کی چھال۔ سونف۔ کنول گٹہ۔ اندرجو۔ دیودار۔ مجیٹھ۔ پدماکھ۔ خس۔ بیج۔ گوکھرو۔ تعلب مصری۔ اجوائن۔ انیس۔ بنگیری۔ تیرج۔ چیت۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے پھر گرم پانی کے ساتھ پھانکے تو سب بخاروں کو دور کرے اور سنپات۔ بدہضمی۔ ہیضہ کا بھی بخار دور ہو۔

لونگادی چورن] لونگ۔ اگر۔ کپور۔ کنول گٹہ۔ صندل سفید۔ سیاہ زیرہ۔ سفید زیرہ۔ خس۔

الائچی۔ موتھا۔ جٹاماسی۔ تگر۔ نسلوچن۔ پیپل۔ کنکول۔ کالی مرچ۔ جاپھل۔ تج۔ ناگ کیسر ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے اور چورن سے آدھی مصری ملاوے پھر تین ماشہ روزانہ پھانکے تو کمی اشتہا۔ تپ موسمی باؤ۔ پت۔ کف۔ گلے کی بیماریان۔ کھانسی۔ دمہ۔ اتیسار۔ گلم۔ جریان۔ سنگرہنی وغیرہ کو دور کرے۔

بھاسکر چورن] پیپل۔ پیپلا مول۔ سانبھر نمک۔ سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ کچ نمک۔ نیاری نمک۔ سفید زیرہ۔ سیاہ زیرہ۔ باؤبڑنگ۔ بترج۔ طالیس۔ چب۔ کالی مرچ۔ سونف۔ تج۔ الائچی۔ انار دانہ۔ ان سب دواؤں کو تھوڑا سا لے کر چورن تیار کرے اور روزانہ کھائے تو سب قسم کے پیٹ کی بیماریان دور ہون اگر گرم پانی سے پھانکے تو جریان اور سنپات دور ہو۔

چندنا دچورن] صندل سرخ۔ لونگ۔ کپور۔ اگر۔ کنول گٹہ۔ زیرہ سیاہ و سفید۔ انار دانہ۔ کالا نمک۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لے کر چورن تیار کرے اور روزانہ کھائے تو پیٹ کی سب بیماریان دور ہون۔

گنگا دھر چورن] موتھا۔ سونٹھ۔ اندرجو۔ دھوئی کے پھول۔ لودھ۔ موچرس۔ بیٹھے کے بیج۔ رال۔ لجالو کی جڑ۔ انیس۔ پوست۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے پھر چاول کے دھوون کے ساتھ پھانکے تو پیٹ کی بیماریان۔ اتیسار۔ سنگرہنی وغیرہ سب دور ہون۔

ناگ کیسرادچورن] ناگ کیسر۔ صندل سرخ۔ دودھ۔ خس۔ بیلگری۔ موتھا۔ اندرجو۔ سونٹھ۔ انیس۔ دھوئی کے پھول۔ سونف۔ تین برس کی آم کی پرانی گٹھلی۔ جامن کی گٹھلی۔ سونچر نمک۔ کنول گٹہ۔ مجیٹھ۔ چھوٹی الائچی۔ انار دانہ۔ تج۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرکے مصری ملاوے۔ پھر چاولوں کے دھوون سے پھانکے تو سنگرہنی۔ بواسیر اور اتیسار یہ سب بیماریان دور ہون۔

ایضاً] چیت۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ باؤبڑنگ۔ پولا دسار۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن کرے۔ پھر تین ماشہ شہد میں تین ماشہ چورن ملاکر کھاوے تو تپ تلی دور ہو

کمی اشتہا، نفرت۔ اور ہر قسم کی بیماریون کو دور کرے۔
پورس چورن] عاقرقرحا۔ سونٹھ۔ کنول۔ کیسر۔ پیپل۔ جاپھل۔ لونگ۔ صندل سرخ
یہ سب دوائین ایک ایک تولہ اور افیون ماشہ بھر یا چھ رتی ملاکر چورن تیار کرے
اور شہد کے ہمراہ شام کو کھائے اور رات کو صحبت کرے تو نہایت لذت پاوے
اور قوت باہ مضبوط ہو۔
کپورادچورن] کپور۔ تج۔ کنکول۔ جاوتری۔ لونگ۔ ناگ کیسر۔ سونٹھ۔ کالی مرچ
پیپل۔ ان سب دواؤن کو تولہ تولہ بھر لے کر چورن تیار کرے اور ان کے برابر مصری
ملا دے پھر تولہ بھر روزانہ کھائے تو دمہ۔ کھانسی۔ گلم۔ منھ مین پانی آنا ان سب
روگون کو ناش کرے۔
طالیسادچورن] طالیس۔ سونٹھ۔ پیپل۔ کالی مرچ۔ بنسلوچن۔ چھوٹی الائچی۔ تج۔ خس
ان سب دواؤن کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے اور برابر مصری ڈالے پھر پانی کے
ساتھ پھانکے تو کھانسی دمہ۔ تپ۔ سنگرہنی اور اتیسار وغیرہ بیماریان دور ہون۔
اجوائنادچورن] اجوائن۔ تنتریک۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ امل بید۔ انار دانہ۔ سونچر
نون۔ زیرہ۔ باؤبڑنگ۔ ان سب دواؤن کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن بنا دے پھر روزانہ
تین ماشہ کھائے تو جیبھ کی بیماریان۔ ہردے گر اور پسلی کی بیماریان۔ کوڑھ۔ کھانسی۔
دمہ۔ سنگرہنی۔ خرابی خون وغیرہ امراض دور ہون۔
بائی کھانڈو چورن] دھماسہ۔ جواکھار۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ چیتے کے بیج۔ ہڑ۔
بہیڑہ۔ آملہ۔ لودھ۔ ان سب کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے اور شہد کے ساتھ
کھائے تو گلے کی سب بیماریان دور ہون۔
ایلادچورن] الائچی۔ لونگ۔ ناگ کیسر۔ جھربیری کی مینگی۔ دھان کی کھیل۔ تج۔ ناگرموتھا
صندل سرخ۔ پیپل۔ بھنی ہینگ۔ گیرو۔ ہڑ۔ ناریل کی جٹا کی راکھ۔ تلسی کے پتے۔ ان سب
دواؤن کو ایک ایک تولہ لیکر چورن تیار کرے اور شہد کے ساتھ چاٹے تو تینون
دوشون سے منھ کا پانی آنا بند ہو۔

سرستی چورن] کوٹ - اجمود - اسگندھ - سفید زیرہ - سیاہ زیرہ - سونٹھ - پیپل - کالی مرچ - ہلدی - ان سب دواؤن کو ایک ایک تولہ لیکر چورن بناوے پھر شہد کے ساتھ چاٹے تو عقل صاف ہو اور علم حاصل ہو -

سدھارتھ چورن] سفید سرسون - بیج بھنی ہینگ - کرنج کے بیج - دلیودار - مجیٹھ - ہڑ - بہیڑہ - آملہ - سفید چیلی کی چھال - ہلدی - الکنگنی - بیج - سونٹھ - کالی مرچ - پیپل - سرس کی چھال - دار ہلدی - ان سب دواؤن کو ایک ایک تولہ لے کر چورن بناوے پھر گاے کے پیشاب کے ساتھ کھائے تو سنپات اور آٹھون طرح کے بخار دور ہون -

پیٹ کی بیماریون کا چورن] پٹول - ہلدی - باؤ بڑنگ - ہڑ - بہیڑہ - آنولہ - کنول گٹہ - نیل کی جڑ - نسوت - ان سب کو ایک ایک تولہ لے کر چورن کرکے دودھ کے ساتھ پھانکے تو پیٹ کی بیماریان دور ہون -

نیمباوک چورن] نیم کی کونپل - نیم کی چھال - نیم کے پھول - نیم کی جڑ - نیم کا نم کا ڈھا - ہڑ - بہیڑہ - آملہ - سونٹھ - کالی مرچ - پیپل - بھارنگی - گوکھرو - پشکر مول - چیت - باؤ بڑنگ - بداری کند - سار گشت - ست گلو - ہلدی - دار ہلدی - بابچی - کوٹ - اندر جو - ان کو ایک ایک تولہ لے کر ایک ذات کرکے نیچے سار کی سات پٹ دے - پھر بھنگرے کے رس کی سات پٹ دے کر کھائے تو رکت پت - رکت بائی - بھگندر - رگون کے زخم - منھ کی بیماریون کو دفع کرے -

شرنگادی چورن] کاکڑا سینگی - گندھ ایک ایک تولہ - ترپھلا تین تولے - بھرنگی کی جڑ ایک تولہ بھارنگی ایک تولہ - پشکر مول ایک تولہ - نمک پانچ تولہ - ان سب کو کوٹ چھان کر چورن بناوے اور گرم پانی کے ساتھ پھانکے تو تمام جسم کا درد - بیس نزلہ - بائی اور جسم کے مرضون کو دور کرے -

پتھری اور جینگ کے لئے چورن] ہرگد کی جٹا - پیپل کی جٹا - خس - چیت - پرانے آم کی گٹھلی - جامن کی گٹھلی - چرونجی - آلو بخارا - دھولی کا گوند - مہوہ - ملیٹھی - لودھ -

برنے کی چھال نیم کی کونپل۔ پنواڑ کی جڑ۔ ہڑ۔ اندرجو۔ بھلانوان مصفا۔ انکو ہموزن لیکر چورن تیار کرے اور شہد کے ساتھ چاٹے تو پھنسی اور موتر کر چھر یعنی چینک دور ہو۔

اگن مکھ چورن] چیت۔ پاڑھ۔ لونگ سجی۔ جوا کھار۔ کرنج کے بیج۔ سمندر پھین۔ الائچی۔ بڑی ہاکو۔ بھارنگی۔ باؤبڑنگ۔ پشکرمول۔ نرکچور۔ دارہلدی۔ نسوت۔ موتھا۔ بیج۔ اندرجو۔ ہاؤبیر۔ اناردانہ۔ ترکٹا۔ بھلانوان مصفا۔ اجمود۔ اجوائن۔ دیودار۔ اتیس۔ ہڑ۔ تل کا کھار۔ سہجنے کا کھار۔ بانجی کا کھار۔ ڈھاک کا کھار۔ کیتکی کشتہ۔ ان سب دواؤں کو ایک ایک تولہ لیکر ایک ذات کرکے ادرک کے رس میں ۲۱ بہر کھرل کرے پھر دودھ کے ساتھ پھانکے تو پاخانہ کے مقام کی سب بیماریاں دور ہوں۔ غذا میں دودھ چاول کھاوے۔

بھگندر نجے چورن] ترکٹا۔ بیج۔ ہینگ پاڑھ۔ جواکھار۔ سجی۔ ہلدی۔ ہڑ۔ چیر اُنتہ۔ اندرجو۔ چیت۔ گج پیپل۔ نمک۔ پیپلامول۔ باؤبڑنگ۔ اجمود۔ ترپھلا۔ سفید زیرہ سیاہ زیرہ۔ ان سب دواؤں کو ایک ایک تولہ لیکر کوٹ چھان کر چورن تیار کرے۔ پھر گرم پانی کے ساتھ کھائے تو باؤ سوجن۔ بواسیر۔ بھگندر۔ چھاتی کا درد۔ پسلی کا درد۔ نفرت۔ تلی۔ جریان۔ کانور۔ پانڈروگ۔ آمبات اور سنگرہنی۔ زچگی کی بیماریوں کو فائدہ کرے۔

اتیسار کا چورن] سمندر سوکھ۔ مائیں۔ رال۔ مازو۔ پترج۔ جاپھل۔ چھوٹی الائچی۔ سیلکھڑی۔ بیل گری۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھر لیکر چورن تیار کرے پھر پانی کے ساتھ پھانکے تو اتیسار دور ہو۔

سنگرہنی اور اتیسار کا چورن] کالی مرچ۔ پیپل۔ تمباکو کے پتے۔ پیپلامول۔ الائچی۔ دارچینی۔ جاپھل۔ تیتر بالا۔ بنسلوچن۔ صندل سرخ۔ ان سب دواؤں کو تولہ تولہ بھرلے کر چورن تیار کرے اور ۲ ماشہ کی پھنکی روزانہ پھانکے تو سنگرہنی پرانا بخار اور اتیسار دور ہو۔

بائی کے درد کا چورن] بڑی ہڑ کا بکل۔ سونٹھ۔ سناہی۔ گجراتی الائچی۔ نسوت۔ پرانی سونف۔ سیاہ نمک۔ ان سب دواؤں کو پیسہ پیسہ بھر لیکر چورن تیار کرے اور گرم

پانی کے ساتھ پھانکے تو فوراً بادِ گولہ جائے اور غذا میں مونگ کی دال روٹی یا کھچڑی کھائے اور ضروری پرہیز کرے۔

کال چورن کی ترکیب] سونٹھ۔ پیپل۔ کالی مرچ۔ سفید زیرہ۔ سیاہ زیرہ۔ ہینگ۔ سیندھا نمک۔ سانبھر نمک۔ بچ نمک۔ سوا سوا تولہ۔ امچور سیر بھر۔ چوک پاؤ بھر۔ سب کو ایکذات کرکے چورن بنا دے اس کے کھانے سے بھوک بڑھتی ہے۔

جاڑہ بخار کا چورن] پیپل۔ سونٹھ۔ گلو۔ پیپلا مول کا چورن بنا دے اور پانی سے پھانکے تو جاڑہ بخار دور ہو۔

طالیساد چورن] طالیس۔ بچ۔ تیرج۔ الائچی۔ ناگ کیسر۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ ساروا کے بیج۔ جاپھل۔ ترپھلا۔ جاوتری۔ پشکر مول۔ چیت کی چھال۔ دونوں اجوائن۔ اسگندھ ناگوری۔ ناگر موتھا۔ بنسلوچن۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ کلونجی۔ دھنیا۔ کاکڑا سینگی۔ سارنگ دو دو ٹنک لے کر تیار کرے تین پاؤ چینی کھانڈ۔ ملا کر کسی برتن میں رکھ چھوڑے پھر ٹکا بھر روزانہ کھائے تو بخار جائے۔ پت تیج جائے۔ بھوک بڑھے۔ کھانسی جائے اور قوت بڑھے اور جسم مضبوط ہو۔

تمبروادیا د چورن] تمبرو۔ سونچر نمک۔ ساروا۔ اجمود۔ جواکھار۔ پیپل۔ مرچ۔ بچ تین تین ٹنک لیکر چورن بنا دے پھر دھیلا بھر گرم پانی کے ساتھ کھائے تو سات قسم کا بخار دور ہو۔

گرچیاد چورن] گلو۔ تیج بل۔ اتیس۔ موتھا۔ پیپل۔ کاکڑا سینگی ہموزن لیکر چورن تیار کرے اور میٹھے کے ساتھ کھائے تو بخار کھانسی اور اتیسار کو فائدہ بخشے۔

طالیساد چورن] طالیس برھم ڈنڈی۔ موچرس۔ سونٹھ۔ بنسلوچن۔ گج پیپل۔ الائچی۔ تج سب دوائیں ٹکے ٹکے بھر لیکر چورن تیار کرے اور ۲۲ ٹکے بھر کھانڈ ملا کر دھیلا بھر روزانہ کھائے تو بخار کھانسی۔ دردسر۔ بدہضمی سب بیماریاں دفع ہوں۔

اتیسار کے لئے چورن] اتیس۔ بچ۔ پیپل۔ کڑا کی چھال۔ جاپھل۔ الائچی۔ موچرس۔ بیلگری۔ دھوئی کے پھول۔ ناگر موتھا۔ کاکڑا سینگی۔ سگندھ بالا دو دو ٹنک لے کر چورن بنا دے اور ٹیبہ بھر شہد کے ساتھ کھائے تو اتیسار اور مروڑ کو نفع دے۔ خون بند ہو۔

سدھارتھ چورن تیرھوں سنپات پر] سرسوں۔ بیج۔ کوٹ۔ پیپل۔ مرچ۔ سونٹھ۔ کنگنی۔ کائپھل۔ چیت کی چھال۔ باوبڑنگ۔ مجیٹھ۔ زیرہ۔ کلونجی۔ اجوائن۔ اجمود۔ بھارنگی۔ پاڑھہ۔ ہینگ۔ جاپھل۔ پیپلا مول۔ یہ سب دوائیں پانچ پانچ ٹنک لیکر چورن بناوے اور گائے کے پیشاب میں گھوٹ کر استعمال کرے تو تیرھوں سنپات جاڑہ۔ چوکنا بادی۔ اور پسینے وغیرہ کو فائدہ کرے۔

اتیسار کے لئے چورن] سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ ہینگ۔ بیج۔ ہڑ۔ اتیس ہموزن لیکر چورن تیار کرے اور ادھیلا بھر گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو اتیسار جاتا رہے۔

ایضاً] ناگ کیسر۔ طباشیر۔ صندل سرخ ہموزن لے کر چورن بناوے اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھائے تو اتیسار جاتا رہے۔

ہینگواشٹک چورن] ہینگ۔ زیرۂ سیاہ و سفید۔ کالی مرچ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ گج پیپل۔ اجمود ہموزن لیکر ادرک کے رس میں گولی بناوے یا ادرک کے رس کے ساتھ کھاوے تو سب بیماریاں دور ہوں۔

ایضاً] ہینگ۔ سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ ترپھلا۔ اجوائن دیسی و خراسانی۔ اجمود۔ کائپھل۔ بیج۔ چیت کی چھال۔ باوبڑنگ۔ رینڈ کا پتا۔ تیرج۔ پیپلا مول۔ گج پیپل۔ سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ سانبھر نمک۔ سجی۔ جواکھار۔ عاقر قرحا۔ سہاگہ بھنا ہوا پیسہ پیسہ بھر لیکر چورن کرے اور چوک کی تین پٹ دیکر مٹی کے کورے برتن میں بھر دے پھر تین ٹنک کھائے تو سات قسم کے درد جاویں۔ اور باؤ گولا۔ ہچکی۔ پیٹ کا بھاری۔ کھانسی۔ کف۔ یہ سب بیماریاں دفع ہوں۔

طالیسادی چورن سب بیماریوں کے لئے] طالیسپتر۔ لونگ۔ تیرج۔ پیپل۔ پشکر مول۔ باوبڑنگ۔ جاپھل۔ جاوتری۔ کھیر سار۔ بھارنگی۔ بیج۔ دونوں زیرے۔ کائپھل۔ گج پیپل۔ کلونجی۔ اسگندھ۔ مرچ سیاہ۔ عاقر قرحا۔ اجوائن دیسی و خراسانی۔ اجمود۔ پھٹکری۔ سونٹھ۔ چرائتہ۔ ہینگ۔ کوٹ۔ ترپھلا۔ کنگنی۔ کاکڑا سینگی۔ چھوٹی بڑی ہڑ۔ ہنگ۔ مصفا۔ ابرک مصفا۔ سار۔ سیندھا نمک۔ یہ سب دوائیں پیسہ پیسہ بھر لیکر چورن تیار کرے

پھر چار سیر دودھ اوٹاوے جب دودھ ایک سیر رہجاوے تو دودھ میں سب دوائین ملاکر دودھ
پیسہ بھر کی گولیان باندھے ایک گولی روزانہ صبح کو کھائے تو قوت بڑھے - مرد کے لئے زیادہ
مفید ہے - کھٹائی کا پرہیز کرے -

مرچادی چورن سب پرمیہون کے لئے] مرچ - کنکول - لونگ - خس - صندل سُرخ
کنول گٹہ - کلونجی - اگر - ناگ کیسر - پیپل - سونٹھ - سونچر - سوگندھ بالا - چنیا کپور - جائپھل - مسلی - چنیا
چھونکر کی چھال - تج - پترج - کیلے کی جڑ - کونچ کے بیج - اسگندھ ناگوری - موچرس - ناگرموتھا
سنگھاڑا - اُودکی دُھلی دال - گنگیرن - انجیر - دونون سینبھل کا موسلہ - ستاور - دونون چھلی
منڈی - نرگنڈی - بھنگرہ - یہ سب دوائیاں دو دو ٹنک لیکر ابرک مصفا - ۱ ٹنک - سار مصفا
۱ ٹنک - بنگ مصفا - ۱ ٹنک - ان سب کو کپڑ چھان کرکے کچی شکر ایک سیر ملاکے
رکھ چھوڑے - پھر پانچ ٹنک صبح و شام کھائے تو سب قسم کے جریان دور ہون - پرمیہہ کو
فائدہ دے جلن دور ہو پیشاب کم ہو - طاقت بڑھے - کھانسی درد - دمہ اور بات دور
ہو - عورت کھائے تو اندرونی امراض سے نجات پائے -

پشٹ کرن چورن] ملیٹھی - بداری کند - تج - لونگ - گوکھرو - گلو - سفید موصلی - ان سب دوائون
کو برابر لیکر چورن بناوے پھر دھیلہ بھر صبح ہوتے کھاوے اور آدھ سیر دودھ پیئے
تو طاقت بڑھے -

ملیٹھی کے چورن کی ترکیب] ملیٹھی - گلو - ترپھلا - بداری کند دونون موصلی - ناگ کیسر
ستاور - یہ سب دوائین ہموزن لے کر چورن تیار کرے پھر گھی اور شہد ملاکے ۲ ماشہ روزانہ
۱۵ دن تک کھاوے تو بوڑھا مرد بھی عورت سے مجامعت کرسکے -

پرمیہہ ناشن چورن] شنکھاہولی - الائچی - سلاجیت یہ تینون برابر لے - دو رطبا شیر اور
کچی کھانڈ یہ دونون دونی لے پھر سب کو کوٹ چھان کر چورن بناوے اور صبح کے وقت
ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھیلا بھر کھاوے تو جریان دور ہو -

کھنڈادی چورن] کھانڈ آدھ سیر - مرچ سیاہ - لونگ - منقے - بادام - چرونجی - تج - پترج
الائچی سُرخ - صندل - پیپل - زیرہ سفید - زیرہ سیاہ - سونٹھ - دھنیا - پیپلا مول - کونچ کے بیج -

سوتھا۔ بنسلوچن۔ کنول گٹہ۔ طباشیر۔ دونون موصلی۔ ستاور۔ پیسہ پیسہ بھر لے کر چورن تیار
کرے اور ۲۵ دن تک روزانہ کھائے تو ہر قسم کا جریان دور ہو۔ منی بڑھے۔ قوت زیادہ ہو۔

اسگندھاد چورن] اسگندھ۔ بدھارا۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ تالمکھانہ۔ بداری کند۔
بیج بند۔ سیمر کا موسلہ۔ جڑ اگوکھرو۔ یہ سب دوائین ٹکے ٹکے بھر لیکر چورن تیار کرے پھر
اس مین بنگ مصفا دس ٹنک۔ ابرک دس ٹنک۔ سار دس ٹنک۔ کھانڈ تین سیر۔ شہد ایک سیر۔ گائے
کا گھی ایک سیر۔ گائے کا دودھ پانچ سیر لیکر دواؤن کا چورن کرکے دودھ مین کھویا کرے
جب دو سیر رہے اُتار کر سب دوائین شامل کرکے دو پیسہ بھر کی گولی باندھے ایک
گولی روزانہ کھائے تو منی گاڑھی ہو جسم مین قوت آوے اور بات روگ دور ہو۔

پرسوتکا چورن] دیودار۔ اجمود۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ چترک۔ سیندھا نمک۔ کالا نمک۔
سونف۔ ہلدی۔ یہ سب دوائین پیسہ پیسہ بھر لیکر ۲ پیسے بھر پرانے گڑ مین دھیلا بھر
کی گولی باندھے ایک گولی صبح شام کھائے تو زچگی کے مرض دور ہوون۔

سفید کوڑھ کے لئے چورن] کھٹومرا اور کٹھ انجیر کا بکّل پاؤ بھر۔ ان تینون دواؤن کو
ایک ذات کرکے چورن بنا دے پھر پیسہ پیسہ بھر دونون وقت پانی کے ساتھ کھائے
تو سفید کوڑھ کے داغ مٹ جائین۔

لاہی چورن] تج۔ تیرج۔ الائچی۔ سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ ترپھلا۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا
اجمود۔ سونف۔ باؤبڑنگ۔ ہلدی۔ بیلگری۔ چیت کی چھال۔ زیرہ۔ لونگ۔ دھنیا۔ گج پیپل
ملیٹھی۔ پانچون نمک (یعنی کالا۔ بڑ۔ سیندھا۔ سانبر۔ گڑ) سوچیار۔ سجی۔ جوکھار۔ اور سب
دواؤن کو کوٹ کر چورن بنا دے اور مریض کو میٹھے کے ساتھ دے سنگرہنی جلد دور ہو
یہ سب بیماریان کو دور کرنے والا بھوک اور چہرے کی رونق بڑھاتا ہے۔ یہ نسخہ بہت ہی
مجرب ہے اسکو لاہی کے نام سے کسی دھائی نے بنایا ہے۔

برہد نمباد چورن] ہینگو اچھار۔ سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ گنج کی گودی۔ پیپرامول۔
چیب۔ چیتا۔ بیج۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ۔ سگندھ بالا۔ سونٹھ۔ اجمود۔ ہڑ۔ پیپلی۔ پکھور۔ بھیکرمول
دھنیا۔ امل بیس۔ بائی بڑنگ۔ ان کا برابر حصے مین چورن بنا کر استعمال کرنے سے

اتری - بواسیر - تلی - آنون پیچش - پانڈ روگ - گلم - بروسے روگ - منھ کا پھیکا پن - اگن مند کھانسی - دمہ - ہچکی دور ہوتے ہین -

ترکٹا دچورن] ترکٹا - ترپھلا - ہینگ اجمود دونون زیرے سیندھا نمک - کالا نمک ان سب کا چورن کرکے کھاوے تو پیٹ کی بیماریان دور ہون -

[?]رجکیادچورن] سونچر نمک - سیندھا نمک - چیت - ترکٹا - بھارنگی - الائچی - آنولہ دونون زیرہ - باؤبڑنگ - اجوائن - اجمود - انکے چورن کو بجورا لیموا اور املی کے رس مین گولی بناکر کھلانے سے اگن مند اور تمام بدن کے درد دفع ہون اور ہاضم ہوکر بھوکھ بڑھاتا ہے -

سنٹھیادچورن] دونون سونٹھ تین حصہ - پیپل چار حصہ - اجمود - اجوائن - سیندھا نمک دو دو حصہ - ان کے چورن کے ہموزن آنولے کے چورن کو ڈال کر کھانے سے - ل - تاپ - بکنا - پیٹ کا درد شول - بات کا درد - تمام بات کی بیماریان دفع ہون - ہرطرح کھانے کے عیب دور ہون اور کھانا اچھا لگے -

برہدبڑوانل چورن] سونٹھ - پیپل - چیت - سفید - باؤبڑنگ - ہڑ کنج کی گودی سب کو برابر لے کر چورن تیار کرے اور اتنی ہی شکر ملاکر پھانکے تو بھوکھ بڑھے - بات - گلم - پیٹ کا درد وغیرہ دور ہو -

امل بیت لون بھاسکر چورن] سونچر نمک - سمندر نمک - سانبھر نمک - سیندھا نمک پیسہ پیسہ بھر - پیپل - پیپلا مول دو دو پیسہ بھر - سیاہ زیرہ ایک دو پیسہ بھر - ناگ کیسر دو پیسہ بھر - طالیس پتر دو پیسہ بھر - کالی مرچ ایک پیسہ بھر - زیرہ سفید دو پیسہ بھر - سونٹھ ایک پیسہ بھر - انار دانہ ایک پیسہ بھر - الائچی دو پیسہ بھر - لونگ ایک پیسہ بھر - دارچینی آٹھ ماشہ - جواکھار دو پیسہ بھر - اجوائن خراسانی دو پیسہ بھر - کلونجی دو پیسہ بھر - ترپھلا تین پیسہ بھر - مولی کے بیج ایک پیسہ بھر - املی کی گری کو نکال کر پھر اس مین اور سب دوائیون کو کوٹ پیسکر بھرے اسکو خالی نہ رکھے جب خالی ہو - اُس مین نچوڑتا جاوے - اور سویرے دھوپ اور رات کو سایہ مین سکھاوے پھر تین ماشہ روزانہ کھاوے تو سب پیٹ کی بیماریان دور ہون بھوکھ بہت لگے غذا ہضم ہو -

سنچل کریا] سونچر نمک مار - سیندھا نمک مار - جنگرو نمک ایک سیر - سانبھر نمک مار -

آ تولہ ایک سیران کو پیسکر پان اور گئو متر کے ساتھ ہانڈی مین بھر کر چولھے پر چڑھاوے اور آنچ دے جب تیار ہو جائے تو ہانڈی کو اُتار کر جو نمک اوپر چڑھ گیا اس مین سے کھائے تو تلی اور پیٹ کی بیماریان دور ہون ۔

بائی شول کا چورن] ترپھلا ۔ اجمود ۔ سیندھا نمک ۔ سیاہ زیرہ ۔ سفید زیرہ ۔ بھونی ہینگ ان سب کو کوٹ چھان کر چورن تیار کرے پھر چار ماشہ پہلے لقمہ کے ساتھ دونون وقت کھائے اور گھی کھائے تو باؤ شول جاوے ۔

سمدر چورن] سیندھا نمک ۔ سونچر نمک ۔ سمدر نمک ۔ کھاری نمک ۔ اجمود ۔ جواکھار ۔ باؤبڑنگ ۔ ٹرٹیشکر مول ۔ پیپل ۔ سونٹھ ۔ اجوائن ۔ نسوت ۔ ان سب دواؤن کو برابر لیکر چورن تیار کرے پھر ایک ٹنک گرم پانی کے ساتھ کھائے تو گلم چھٹی کی آ منی یون بدھوائی ان سب کو دور کرکے بھوکھ بڑھاوے ۔

پاچک چورن] ترپھلا ۔ ترکٹا ۔ باؤبڑنگ ۔ لونگ ۔ پیپل ۔ تج ۔ سہاگہ ۔ شوبھر ۔ بھولا اسنے نمک ۔ تینون شورہ ۔ چترک ۔ ان کو ہموزن لیکر چورن تیار کرے پھر دو ماشہ روزانہ کھائے تو غذا ہضم کرے ۔ اور بھوکھ بڑھائے ۔

چترادچورن] خراسانی اجوائن ۔ ہڑ ہماری ۔ ستوا سونٹھ ۔ لونگ ۔ پیپل ۔ مدھو ۔ لیسڑہ ۔ آ تولہ ۔ مرچ ۔ سونچر ۔ سیندھا ۔ جواکھار ۔ ان سب کو لیمون کے رس مین تین پٹ دے پھر سائے مین سکھا کر بیر کے برابر گولی باندھے اور روزانہ کھائے تو بہت فائدہ بخشے

کنٹھک چورن (گلا صاف کرنے کے لئے)] مرچ سیاہ ۔ خولنجان ۔ دونون کو برابر لیکر گولی باندھے اور منھ مین ڈال کر اُس کا لعاب ایک برس تک چوسے تو اُس کا گلا کوئل کے موافق صاف اور سُریلا ہو جائے ۔ مگر ترشی اور مٹھائی سے پرہیز کرے

خارش کی دوا] باوچی ۔ گلوئی ۔ ہلدی ۔ آ تولہ ۔ یہ چارون چیزین ۲ ٹنک ۔ گئو متر کے ساتھ پینے سے خارش دور ہوتی ہے ۔

ص منداگنی ناشک چورن ۔ سیندھا نمک ۔ بڑنگ ۔ ترپھلا ۔ ترکٹا ۔ تروڑ ۔ لونگ ۔ چیت ۔ ہینگ ۔ ہوا ئن ۔ دونون زیرہ ۔ امردانہ سبکا چورن کرکے تین لیمون کے پٹ مین رکھکر دو ٹنک روزانہ صبح کھانے سے منداگنی دور ہو جاتی ہے

تلی کے لئے چورن] سیندھا۔ سونچر۔ جواکھار۔ ہینگ۔ ہڑ۔ پیپل۔ اجمود۔ باوبڑنگ۔ نگی۔ ان سب کو ایک ایک ٹنک لے کر چورن بناوے پھر سات ماشہ چورن پانچ پیسہ بھر گئوموتر کے ساتھ کھائے تو تلی دور ہو۔

اگن کر چورن] میٹھا چوک چار پیسہ بھر۔ مصری پاؤ بھر۔ لونگ چار پیسہ بھر۔ پیپل ایک پیسہ بھر۔ کالی مرچ ایک پیسہ بھر۔ بڑی الائچی ایک پیسہ بھر۔ ان سب کو پیسکر چوک میں ملاوے پھر اُسے ہانڈی میں بھر کر رکھ دے اور چھ ماشہ روزانہ کھائے تو گرگیا چینگ۔ بخار۔ کانور کو نفع دے اور بھوکھ بڑھاوے۔

اپھار کے لئے چورن] سونٹھ کا ست ایک پیسہ بھر۔ پیپل ایک پیسہ بھر۔ اجمود تین ٹنک۔ اجوائن ایک ٹنک۔ سیندھا دو ٹنک۔ ہڑ ۱۴ عدد سب کو علیحدہ پیسے پھر روزانہ تازہ پانی سے اول ہڑ اور سیندھا نمک ملاکر پھانکے پھر بقیہ دوا میں پھانک لے اگر فائدہ کرے تو وزن دوا کا اور بڑھاوے غذا میں شام کو کھچڑی کھاوے تو اپھار دور ہو۔

ہڑ کی ترکیب] ہینگ دو ٹنک۔ سونچر بیس ٹنک۔ سیندھا سولہ ٹنک۔ مانجھر ۱۲ ٹنک۔ یہ چاروں پانی میں ملاکر پہلے تیار کرے پھر ترکٹا ملاکر پانی میں ڈال کر چار دن تک دھوپ میں رکھکر پھر پاؤ بھر آنولہ ڈالے۔ تیسرے دن چوک ڈالے اگر چوک نہ ملے تو لیموں کا رس ڈالے پھر سب کو ہڑوں سمیت گولا بنائے پھر ہڑوں کو جتنے پانی میں ڈوب جائے چھوڑ دے تو ہڑیں تیار ہوں۔

اپورب چورن] ترپھلا۔ ترکٹا۔ ہینگ۔ سہاگہ۔ سیندھا۔ سونچر۔ لونگ۔ چیت سبکو برابر لے۔ ہینگ اور سہاگہ کو بھون لے پھر سبکو ایک ذات کرکے سہجنے کے عرق میں چنے برابر گولی باندھے اور روزانہ کھائے تو بھوکھ بڑھے اور غذا ہضم ہو۔

پیپل چورن بخار کے لئے] پیپل کو کوٹ پیسکر شہد کے ساتھ چاٹے تو بخار کھانسی۔ دمہ۔ ہچکی گلے کی بیماریاں تلی وغیرہ دور ہوں۔

پہ میہر کے لئے ترپھلاد چورن] ہڑ ایک حصّہ۔ بہیڑہ دو حصّہ۔ آنولہ چار حصّہ ان سب کا چورن جریان۔ سوجن اور تجاری۔ چوتھیا وغیرہ بخار کو دور کرتا ہے۔

ترکٹا چورن] سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل ان کو روشن اور ترکٹا بھی کہتے ہین۔ اس کا چورن کف۔ پینس۔ کوڑھ۔ آم۔ نفرت۔ جریان۔ گلم اور گلے کی بیماریون کو دور کرتا ہے۔

پنچ کول چورن (بلغم کے لئے)] پیپل۔ چب۔ سونٹھ۔ پیپلا مول۔ چیت۔ ان کو پنچ کول کہتے ہین۔ اس کا چورن کھانے سے غذا خوب ہضم ہوتی ہے۔ تلی۔ گلم۔ سول کف اور پیٹ کی بیماریان دور ہوتی ہین۔

ترگندھ چورن] پترج۔ تج۔ الائچی۔ ان کو ترگندھ کہتے ہین۔ اس کا چورن روکھا اور گرم ہے۔ یہ چورن کچھ پت کارک ہے خوبصورتی اور بھوکھ بڑھاکر زہر اور کف کو ناش کرتا ہے۔

جیونی گن چورن] کاکولی۔ چھیر کاکولی۔ جیوک۔ رکھبھک۔ میدا۔ مہا میدا۔ جیونتی۔ دودھیا کی پھیپی۔ (جسکی ترکاری ہوتی ہے) ملیٹھی۔ مونگ پھلی۔ اُڑد پھلی۔ ان کا چورن ٹکتے والا دودھ کا بڑھانے والا۔ منی کو صاف کرکے گاڑھا کرنے والا ہے۔ اسگندھ۔ ٹھنڈی پیاس۔ رکت پت۔ چھپی۔ خشکی۔ جلن۔ با دو غیرہ کو دور کرتا ہے۔

پدموتر پرلون پنچک چورن] سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ بڑ نمک۔ گڑ۔ تیل۔ کھاری نمک۔ سانبھر نمک۔ یہ پانچون نمک سلسلہ سے جانو اوران مین سیندھا نمک سب سے بہتر ہے۔ جہان کسی نمک کا نام نہ ہو وہان سیندھا نمک لیا جائے۔ ان کے چورن کا پاک مدھر ہے۔ پیشاب پاخانہ کو طبعی حالت پیدا کرتا ہے چکنا طاقت کو گھٹانے والا۔ دھات کو گرم کرتا اور تیز ہے۔ پت کو بڑھاتا اور گلا دو کھار ہین (سجی اور جوکھار) یہ دونون مانند آگ کے روشن ہین۔

پر دو ھر سُدر سن چورن] ترپھلا۔ ہلدی۔ دونون بھٹکٹیا۔ کچور۔ ترکٹا۔ پیپلا مول۔ مرا۔ گرچ۔ جواسہ۔ کٹکی۔ پت پاپڑہ۔ موتھا۔ ترائمان۔ نیتر بالا۔ نیم کی چھال۔ پوکرمول۔ ملیٹھی۔ کرپا۔ اجوائن۔ اندر جو۔ بھارنگی۔ سہجنے کا بیج۔ پھٹکری۔ بچ۔ تج۔ پدماکھ۔ خس۔ صندل سفید۔ اتیس۔ بریارا۔ بن اروی۔ بن مونگ۔ باؤ برنگ۔ تگر۔ چیتا۔ دیودار۔ چب۔ پٹول۔ جیونتی۔ رکھبھک۔ لونگ۔ بنسلوچن۔ کنول کے پتے۔ کاکولی۔ تیج پات۔ جاوتری۔ طالیس پتر۔ ان سب کو ہموزن لیکر چورن تیار کرے پھر اس مین سب چورن کا آدھا چرائتہ ڈالے

تب استعمال کرے اس بردھ سدرسن چورن کے کھانے سے تینون قسم کے بخار دور ہوتے ہین اور باری سے آنے والے بخار اور دوندوج تینون دوش سے اور من سے پیدا ہوئے سنت بخارون کے دوش بھی دور ہوتے ہین اور سردی کا بخار۔ جوڑی سورچھیا۔ کاملی خفقان۔ پیاس۔ کھانسی۔ کانور۔ دردگردہ وسیلی۔ ان سب اعضاء کے درد کو دور کرتا ہے جیسے سدرشن چکر راکششون کا ناش کرتا ہے۔ اسی طرح یہ بردھ سدرشن چورن بھی سب بخارون کو فنا کرتا ہے۔

ترپھلادچورن (کھانسی۔ دمہ۔ بخار کے لئے) ترپھلا اور پیپل دونون کو کوٹ پیسکر چورن بناکر شہد کے ساتھ چاٹے تو کھانسی دمہ بخار جاوے اور بھوکھ بڑھے۔

کاپھلادچورن (بلغمی بخار کے لئے) کاپھل۔ موتھا۔ کٹکی۔ پچور۔ کاکڑاسینگی پوہکر مول۔ اندرائن۔ ان سب کا چورن تیار کرکے شہد اور ادرک کے رس کے ساتھ چاٹے تو گلا صاف ہو۔ بخار۔ کھانسی۔ دمہ۔ نفرت۔ جلن۔ درد۔ تپ دق۔ سب امراض کو دور کرتا ہے۔

کاکڑاسینگی کا چورن بچون کی کھانسی و بخار کے لئے] کاکڑاسینگی۔ اتیس پیپل۔ ان سبھون کو کوٹ پیس چھان کر شہد کے ساتھ چٹاوے تو بچون کی کھانسی تئے اور بخار دور ہو۔

سنٹھیادچورن (آماتیسار کے لئے) سونٹھ۔ اتیس۔ ہینگ۔ موتھا۔ کریا۔ اور چیت ان سب دواؤن کو لے کر چورن تیار کرے اور گرم پانی کے ساتھ پھانکے تو آماتیسار دور ہو۔

آم بات پر ستیکیا دچورن] ہڑ۔ سینددھانمک۔ کالانمک۔ نیج۔ ہینگ۔ ان سب دواؤن کا چورن تیار کرکے ٹھنڈے پانی کے ساتھ پھانکے تو آم بات اتیسار دور ہو۔ یہ بھوکھ بڑھاتا ہے۔

لگھو گنگادھر چورن (سب اتیسارون کے لئے)] موتھا۔ اندرجو۔ بیل۔ لودھ موچرس۔ دھولی کے پھول۔ ان سب کا چورن تیار کرے اور مٹھے مین گڑ ملاکر چورن کھاوے تو ہر قسم کی اتیسارون کو نفع دے۔

برھد گنگا دھر چورن (سب اتیساروں کے لیے)] موتھا۔ سونٹھ۔ کریا۔ دھوئی کے پھول۔ سگندھ بالا۔ بیل۔ موچرس۔ پاڑھ۔ اندرجو۔ مدھو کشٹیا۔ آم کی گٹھلی۔ تیس یکجالی ان سب دواؤں کا چورن بنا کر شہد اور چاول کے دھوون کے ساتھ کھائے تو سیلج کی اتیسار اور سنگرہنی دور ہو کر بہت جلد صحت ہو دے یہ چورن مانند ندی کے چلتے پانی کو بھی روک سکتا ہے۔ مرچ۔ چیت۔ کالا نمک کا چورن مٹھے کے ساتھ کھانے سے سنگرہنی دور ہوتی ہے۔ پانڈو۔ من داگنی۔ گلم۔ بواسیر ان سب روگوں کو اچھا کرتا ہے۔

کیتھا شٹک چورن (سنگرہنی کے لیے)] پکا کیتھا آٹھ حصّے۔ کھانڈ چھ حصّے۔ انار دانہ۔ املی۔ بیل۔ دھوئی کے پھول۔ اجمود۔ پیپل۔ ان سب دواؤں کے تین تین حصّے لے اور مرچ سیاہ زیرہ سفید۔ دھنیا۔ پیپلا مول۔ سگندھ بالا۔ اجوائن۔ تج۔ پترج۔ الائچی۔ ناگ کیسر۔ چیت سونٹھ۔ ان سبھوں کو ایک ایک حصّہ لے پھر سب کو کوٹ چھان کر مہین چورن بناوے اس چورن کے کھانے سے گلے کے روگ۔ اتیسار۔ تپ دق۔ گلم۔ سنگرہنی اور سب بیماریاں اچھی ہو جائیں۔

داڑماشٹک چورن (سنگرہنی کے لیے)] انار آٹھ روپیہ بھر۔ شکر تیس روپیہ بھر اور تج۔ پترج۔ الائچی یہ تینوں ملا کر چار روپیہ بھر۔ ترکٹا بارہ روپیہ بھر۔ ان سب دواؤں کا چورن بناوے۔ اس کے کھانے سے کھانے کی خواہش بڑھتی ہے۔ غذا ہضم ہوتی ہے۔ گلا صاف ہوتا ہے۔ بخار کو دفع کرتا ہے۔

برھد داڑماشٹک چورن (اتیسار کے لیے)] انار آٹھ پل۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ اجوائن۔ دھنیا۔ سفید زیرہ۔ سونٹھ۔ یہ سب پل پل بھر لے۔ بنسلوچن دس ماشہ۔ پترج۔ الائچی۔ ناگ کیسر پانچ پانچ ماشہ۔ ان سب دواؤں کا چورن تیار کر کے کھائے تو اتیسار۔ گلم۔ سنگرہنی۔ جلندھر۔ من داگنی اور پینس جاتے رہیں۔

سُکھ ماریو نگادی چورن] لونگ۔ شدھ کپور۔ الائچی۔ ناگ کیسر۔ جاپھل۔ خس۔ سونٹھ۔ سیاہ زیرہ۔ سیاہ اگر۔ بنسلوچن۔ جٹاماسی۔ نیل کمل۔ پیپل۔ چندن۔ تگر۔ سگندھ بالا۔ کنکول۔ ان سب دواؤں کا چورن تیار کرے اور اس کی آدھی مصری ملا کر رکھ چھوڑے اسکے

کھانے سے بھوکھ کی رغبت ہو۔ منی کو غلیظ کرے۔ تینون دوشون۔ گلا۔ زخم چھاتی۔ کھانسی ہچکی۔ پینس۔ چھینی۔ بلہیک۔ دمہ۔ اتیسار۔ جریان۔ نفرت۔ گلم۔ سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔

مہا کھانڈو چورن] مرچ۔ ناگیسر۔ طالیسپتر۔ پانچون نمک۔ ہموزن لیکر۔ گرنتھہ۔ چترک۔ تج۔ پیپل۔ املی اور زیرہ سب دو دو حصہ۔ دھنیا۔ امل بید۔ سونٹھہ۔ بڑی الائچی۔ بیر۔ اجموتھا۔ ان کو تین تین حصہ لے اور ان سب دواؤن کی چوتھائی انار لے اور آدھی شکر ملا کر کھائے تو بھوکھ کی خواہش بڑھے۔ دل کو قوی کرے۔ اتیسار۔ درد شکم۔ گلے کی جلن۔ منھہ کی بیماریان۔ شیت رس۔ پیٹ کا پھولنا۔ بواسیر۔ گلم۔ پیٹ کے کیڑے اور پانچون قسم کی قے اور سب کھانسی دوسہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

نارائن چورن (پیٹ کی بیماریون کے لئے)] چیت۔ ترپھلا۔ سونٹھہ۔ پیپل۔ مرچ۔ زیرہ۔ بڑ۔ بیر۔ تج۔ اجوائن۔ گرنتھہ۔ سونف۔ اسگندھ۔ اجمود۔ کور۔ دھنیا۔ بائبڑنگ۔ کالا زیرہ۔ چوب۔ پشکر مول۔ دونون کھار۔ پانچون نمک۔ ان سب کو ہموزن لیکر اور اندرائن دو حصہ۔ نسوت تین حصہ۔ جالگوٹہ تین حصے۔ پیت لشپ اور سیہنڈ کی جڑ چار حصہ لیکر چورن تیار کرے کوڑھی کو ہاضم اور سویدن دوائیان دیکر کھلائے تو کوڑھ اور پیٹ کی سب بیماریان دور ہون۔ اس کے کھانے کی ترکیب یہ ہے اگر پیٹ پھولے تو مٹھے سے گلم مین بیر کے کاڑھا سے۔ پاخانہ خشک ہوگیا ہو تو دہی یا پانی سے اور اگر قبض ہو تو گرم پانی سے اور پیٹ کے دوسرے امراض مین املہ سے گلے اور پیٹ کی سخت بیماریون مین اونٹنی کے دودھ یا گائے کے مٹھے سے بات روگ مین شراب سے بواسیر مین انار کے رس سے زہر مین گھی کے ساتھ دے یہ نارائن چورن شیطانون کی طرح بیماریون کو دور کرتا ہے۔

ہبشاد چورن (قبض کے لئے)] ہاؤبیر۔ ترپھلا۔ ترائمان۔ پیپل۔ چوک۔ نسوت۔ پیت۔ پشپ۔ سیہنڈ کی جڑ۔ کٹکی۔ تج۔ نیل کی پتی۔ سیون۔ کالا نمک۔ ان سب دواؤن کو لیکر چورن تیار کرے۔ پھر گرم پانی۔ گائے کے پیشاب۔ انار کا رس۔ ترپھلا کا رس۔ یخنی وغیرہ کسی کے ساتھ بیماری کے مطابق دے تو قبض۔ تلی۔ گلم۔ سوجن۔ بواسیر۔

بلیک - بھم - اگن کمل پانڈ گوڑھ پیٹ کا پھولنا اور پیٹ کی سب بیماریاں دور ہوں۔
پنج سم چورن (سول پر)] سونٹھ - ہڑ - پیپل - نسوت - کالا نمک - ان سب کو ہموزن لے کر چورن تیار کر کے کھائے تو پیٹ کا درد - پیٹ پھولنا اور پیٹ کے متعلق بیماریاں سب دور ہوں۔

تاراچ چورن] پیپل - ۱ ماشہ - نسوت ۴ تولہ - کھانڈ ایک پل لیکر چورن تیار کرے اور قرش بھر شہد کے ساتھ کھائے تو پیٹ پھولنا قبض - بلغم - پت - درد - سب دفع ہوں

لون ترتیا (دتلی کے لئے)] تینوں نمک - دونوں کھار - سونف - سووے کے بیج - اجمود - مری - باؤ بیر - دونوں زیرہ - مرچ - پیپلا مول - پیپل - ہڑ بہیڑا - کچور - کمرپل (کلونجی) سونٹھ - چیتا - چب - باؤبڑنگ - امل بید - انار - املی کی چھال - نسوت - جا نگوڑ مصفا - ستاور - اندورن - بھارنگی - دیودار - اجوائن - دھنیا - تمبرو - پشکر مول - بیرا در ہڑ یہ سب ہموزن لے کر کوٹ چھان کر چورن بنا دے پھر ادرک اور بجورے کے رس میں بھاؤنا دے - پھر اسکو گھی یا پرانی شراب یا گرم پانی یا بیر کے کاڑھے یا مٹھا یا اونٹنی کے دودھ یا دہی کے توڑ کے ساتھ کھاوے تو درد گردہ - تلی - کمر کا درد - مقعد کا درد کوکھ اور دل کی بیماریاں - بواسیر - من داگنی - پاخانہ کا رکنا - گلم - پیٹ کی بیماریاں - ہچکی دمہ - کھانسی وغیرہ کو دور کرتا ہے - یا بید انکا گھی بنا کر دے تو بھی ان سب بیماریوں کو فائدہ کرے گا۔

تمبرو چورن (سول کے لئے)] تمبرو - تینوں لون - اجوائن - پشکر مول - جوا کھار - ہڑ ہینگ بھنی ہوئی - باؤبڑنگ ہموزن لے کر نسوت ۳ حصہ ڈال کر کوٹ چھان کر چورن تیار کرے گرم پانی یا جو کے کاڑھے کے ساتھ پیے تو سب قسم کا شول - گلم اور پیٹ پھولنا یہ سب عارضے دور ہوں۔

چترکادی چورن (من داگن کے لئے)] چیتا - سونٹھ - ہینگ - پیپل - پیپلا مول - چب اجمود - سیاہ مرچ سب دوائیں قرش قرش بھر لے اور دونوں کھار - سیندھا نمک - کالا نمک پانگا - کٹیلا - سانبھر - ان کو تول تول بھر لے - پھر سب کا چورن کر کے بجورے کے رس میں گولی

باندھ کر دھوپ مین سکھالے - یہ چورن گلم - سنگرہنی اور آم روگون کو دفع کرتا ہے - بھوکھ بڑھاتا ہے اور بلغم کو فنا کرتا ہے -

اگن دیپن چورن متد اگنی کے لئے] سیندھا نمک - پیپلا مول - پیپل - چب - چیت - سونٹھ - ہڑ - یہ سب ایک ایک حصہ زائد لے کر چورن بنا وے - اسکے کھانے سے اشتہائے کاذب فنا ہو جاتی ہے -

اجموو چورن (باتا دیپر)] اجموو - باوبڑنگ - سیندھا نمک - دیودار - چیت - پیپلا مول - سونف - پیپل - مرچ سیاہ - سونٹھ - یہ دوائین قرش قرش بھر لے - پھر ہڑ پانچ قرش - بدھارا دس قرش لیکر بطریق معروف چورن بنا وے - پھر گڑ ملا کر گرم پانی سے کھائے تو پیٹ کی سوجن دور ہو - ریحی اور بلغمی امراض کو دفع کرتا ہے -

ہنگوادی چورن (سول پیرا)] ہینگ - پاڑھا - ہڑ - دھنیا - انار - چیت - کچور - اجموو - ترکٹا - باؤبیر - امل بید - مرچ - املی کی چھال - زیرہ - پوہکر مول - چج - چب - دونون کھار - پانچون نمک - ان سب دواؤن کو لے کر کوٹ چھان کر چورن بنا وے - پھر کھانے کے ساتھ یا پرانی بھنگ مین کھائے تو بات - کف کا گلم - اپھار - اسٹھیلکا - چھاتی - پیٹرو پسلی - مقعد - شرمگاہ عورت وغیرہ کے سب دردون کو اور سوزاک - اپھار - پانڈ روگ - نفرت - ہچکی - درد جگر - تلی - دمہ - کھانسی - گل گنڈ - گرہنی اور بواسیر ان سب امراض کو دور کرے - بجورے کے رس کی سات بھاؤنا دے کر گولی باندھے تو کف بات کے روگ دور ہون -

جوانی کھانڈ چورن (نفرت پیرا)] اجوائن - انار - سونٹھ - امل کی چھال - امل بید - ان سبکو چار چار شان[1] بھر لے - مرچ ڈھائی شان - پیپل دس شان - تج - کالا نمک - دھنیا - زیرہ یہ سب دو دو شان بھر - شکر چونسٹھ شان لے ان سب کا بطریق معروف چورن بنا وے اس چورن کے کھانے سے پانڈ روگ - ہردے روگ - گرہنی - منھ مین پانی آنا - اتیسار - سوجن - تلی - پیٹ پھولنا - نفرت - شول - من داگن - بواسیر - زبان اور گلے کے امراض

[1] شان کا وزن ۴ ماشہ کا ہوتا ہے ۱۲

دور ہوتے ہیں۔

طالیسادچورن (نفرت پر) طالیسپتر ایک قرش۔ مرچ سیاہ دو قرش۔ سونٹھ تین قرش۔ پیپل چار قرش۔ بنسلوچن پانچ قرش سے اور الائچی اور تج آدھا آدھا قرش لے کھانڈ تیس قرش لیکر چورن تیار کرکے کھائے تو کھانا خوب ہضم ہو اور کھانسی دمہ بخار منھ میں پانی آنا۔ سردی۔ اتیسار۔ سوجن۔ گرہنی۔ پانڈو روگ وغیرہ امراض دور ہوتے ہیں۔

شتو پلادچورن (کھانسی چھئی پت وغیرہ پر) مصری سولہ قرش۔ بنسلوچن آٹھ قرش۔ پیپل چار قرش۔ چھوٹی الائچی دو قرش۔ تج ایک قرش۔ ان کا چورن کرکے شہد اور گھی کے ساتھ چاٹے تو دمہ۔ کھانسی۔ چھئی۔ تپ دق۔ ہاتھ اور پاؤں کا جلنا۔ مندا گنی۔ زبان کا خشک ہونا۔ دردپسلی۔ نفرت۔ بخار۔ رکت پت وغیرہ امراض دور ہوتے ہیں گھی اور شہد کم و بیش وزن میں لینا چاہیئے۔

لون بھاسکر چورن پانگا نمک ۸ تولہ۔ کالا نمک ۵ تولہ۔ بڑ نمک۔ سیندھا۔ دھنیا۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ کالا زیرہ۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ طالیسپتر۔ امل بید۔ ان سب کو دو دو قرش اور سیاہ مرچ زیرہ۔ سونٹھ۔ قرش قرش بھر۔ انار چار قرش۔ الائچی اور تج پانچ پانچ ماشہ۔ ان سب کا چورن بنا دے اور ۴ ماشہ شراب۔ مٹھے یا دہی کے توڑ کے ساتھ دے تو بات۔ کف۔ گلم۔ تلی۔ پیٹ روگ۔ منھ میں پانی آنا۔ بواسیر۔ گرہنی۔ کوڑھ۔ قبض۔ بھگندر۔ سوجن۔ شول۔ سانس۔ کھانسی۔ آم دوش۔ ہردے روگ۔ مندا گنی وغیرہ سب بیماریاں دور ہو کے غذا کو خوب ہضم کرتا ہے اس چورن کو سری بھاسکر نے سب لوگوں کے لئے مفید کہا ہے۔

ایلادچورن (منھ سے رطوبت آنے کے لئے) الائچی۔ بائبڑنگ۔ موتھا۔ بیر کی مینگی۔ پیپل۔ سفید صندل۔ لاوا۔ لونگ۔ ناگ کیسر۔ ان سب کا چورن تیار کرے پھر شہد اور مصری ملا کر چاٹے تو بات۔ کف۔ پت سے پیدا ہوئی رطوبت کو دفع کرے۔

نیب چورن (کوڑھ کے لئے) معین نیپے ہوئے نیم کے پنچانگ کا چورن پندرہ پل۔ اور کشتہ لوہا۔ ہڑ۔ چیب۔ بڑ نیب۔ چیتہ۔ بھلانوان مصفا۔ بائبڑنگ۔ کھانڈ۔

آنولہ۔ ہلدی۔ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ ایلچی۔ املتاس۔ گوکھرو۔ ان سب دواؤن کو پل پل بھر لیکر چورن تیار کرکے بھنگرے کے رس کی بھاؤنا دے۔ پھر کھیر اور اسن سیر بھر پانی مین کاڑھا کرے۔ جب آٹھوان حصہ رہجائے تو اُتار کر اس کی بھاؤنا دیکر سکھا لے اور ایک ترش کھیر اسن کے کواتھ دودھ یا گھی کے ساتھ ایک مہینہ کھائے تو سب کوڑھ جاتے رہین۔ یہ چورن رسائن ہے اور سب روگون کو دفع کرتا ہے۔

ستاور چورن (طاقت کے لئے) ستاور۔ گوکھرو۔ کیونچ کے بیج۔ گل سکری۔ برہارا اور تالمکھانہ ان سب دواؤن کو ہموزن لے کر کوٹ چھان کر چورن تیار کرے پھر گائے کے دودھ کے ساتھ روزانہ کھائے تو قوت مباشرت بہت بڑھ جائے اور اگر ترک جماع کرے تو جسمانی طاقت ازحد ہووے۔

اسگندھاد چورن (طاقت کے لئے) اسگندھ ناگوری چالیس تولہ۔ بدھارا چالیس تولہ لے کر چورن بنا گھی کے برتن مین رکھے۔ دس ماشہ چورن دودھ کے ساتھ پئے تو عورتون سے سیری نہ ہو۔

نواباد چورن (دھات بردھ پر) چیت۔ ترپھلا۔ موتھا۔ باؤبڑنگ۔ ترکٹا ان سبھون کو برابر لے گشتہ فولاد ایک ٹکا بھر لے کر چورن تیار کرکے شہد اور گھی کے ساتھ چاٹے یا گائے کے پیشاب اور مٹھے کے ساتھ پئے تو پانڈ روگ۔ ہردے روگ۔ بھگندر۔ سوجن۔ کوڑھ۔ پیٹ کی بیماریان۔ بواسیر۔ منداگنی۔ اُرچ۔ اور پیٹ کے کیڑے دور ہون۔

عاقرقرحاد چورن (امساک کے لئے) عاقرقرحا۔ سونٹھ۔ کنکول۔ مرچ سیاہ۔ کیسر۔ پیپل۔ جائپھل۔ لونگ۔ سفید صندل ان کو ترش ترش بھر لے کر چورن تیار کرے اور پل بھر افیون ڈال کر کپڑچھان کر لے اور سب کے برابر کھانڈ ملا کر ماشہ بھر شہد کے ساتھ رات کو چاٹے تو منی منجمد ہوجائے اور عورت خوش رہے۔

چندر کلا بھیدھ چورن) چراتہ۔ کٹکی۔ موتھا۔ اندرجو۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل ان سب کو ہموزن لے اور اندرجو کے درخت کی چھال کا سولھوان حصہ۔ چیت کی چھال

کے دو سیّتے لے پھر کوٹ پیس چھان کر چورن بناوے۔ اس چورن سے دو چند پرانا گڑ پانی میں ملا کر پھنکی کرے تو پانڈو روگ۔ بخار۔ اتیسار۔ اُرچ۔ کانور۔ سنگرہنی۔ باؤ گولا اور جریان کو دفع کر کے مریض کو صحت بخشتا ہے۔

دیگر چورن] سجی۔ جوا کھار۔ کھاری نمک۔ کالا نمک۔ سیندھا نمک۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ چب۔ اجمود۔ چیت۔ پیپلا مول۔ ہینگ۔ سونف زیرہ ان سب کو برابر لیکر چورن بنا دے اور گرم پانی کے ساتھ یا جھڑ بیری کے بیرون کے کاڑھے کے ساتھ یا مٹھے کے ساتھ پیئے تو ہر دے روگ۔ بھوکھ کا کم ہونا۔ باؤ گولہ۔ بواسیر۔ سنگرہنی وغیرہ بیماریاں دور ہوں

ایضاً] سجی۔ جوا کھار۔ پیپلا مول۔ پیپل۔ چب۔ چیت۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ سیندھا نمک۔ سانبھر نمک۔ کھاری نمک۔ سمندر نمک۔ ہینگ۔ اجوائن۔ ان سب کو ہموزن لیکر چورن تیار کرے اس بید۔ بجورا کا پانی آملہ ان تینوں میں سے کسی کے رس کی بھاونا دے پھر کھائے یہ چورن نہایت ہاضم ہے۔ کف۔ بادی۔ سنگرہنی بواسیر وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

ایضاً] چیت۔ نیج۔ بیلگری۔ سونٹھ ان کو کوٹ چھان کر چورن تیار کرے اور اسکو مٹھے کے ساتھ کھائے تو نہایت سخت سنگرہنی دور ہو۔

ایضاً] کالا نمک۔ چیت اور مرچ سیاہ ان کے چورن کو مٹھے کے ساتھ پینے سے سنگرہنی اور امراض شکم بائگولا کے بواسیر بھوکھ کا کم ہونا اور تلی یہ سب امراض دور ہوتے ہیں۔

چنتامن چورن (دمہ کے لئے)] جیت کے بیج۔ بریارے کی جڑ۔ پد ماکھ۔ کاہو دیودار۔ ترپھلا۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ باؤ بڑنگ۔ ان سب کو برابر لے اور کوٹ چھان کر چورن تیار کرے اس چورن کو کم و بیش وزن شہد گھی کے ساتھ کھایا کرے تو کھانسی دمہ کو دور کرے۔

کھانسی کی دوا] پیپل۔ پیپلا مول۔ بہیڑے کا بکل۔ سونٹھ۔ ان کے چورن کو شہد کے ساتھ چاٹنے سے کھانسی جاتی رہتی ہے۔

دمہ کی دوا] سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ انھیں برابر لیکر چورن بناوے اور اسکے برابر گڑ اور کنگھی ملا کر چاٹنے سے دمہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔

کھانسی کی دوا] ترپھلا۔ گلو۔ چیت۔ راسن۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ان سب کو ہموزن لے کر چورن بناوے اور جتنا چورن ہو اتنی ہی شکر ملا کر استعمال کرے تو کھانسی بہت جلد جاوے۔

لولمب راج چورن] سونٹھ پانچ حصّہ۔ پیپل چار حصہ۔ اجمود تین حصہ۔ اجوائن دو حصّہ۔ نمک ایک حصّہ۔ ان پندرہ حصّوں کے برابر بڑے اور کوٹ چھان کر چورن بنا کر کھائے تو پیٹ کا درد۔ گڑگڑاہٹ۔ شول۔ آم روگ۔ بائی گولہ اور پاخانہ کی بیماریاں دفع ہوتی ہیں۔

امل بید چورن] سمندر نمک۔ کالا نمک۔ سیندھا نمک۔ سانبھر نمک۔ یہ سب پیسے پیسے بھر۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ سیاہ زیرا۔ بترج۔ ناگ کیسر۔ تل۔ یہ سب دوائیں دو دو پیسہ بھر۔ مرچ سیاہ۔ ایک پیسہ بھر۔ زیرہ سفید دو پیسہ بھر۔ سونٹھ ایک پیسہ بھر۔ اناردانہ ایک پیسہ بھر۔ الائچی دو پیسہ بھر۔ لونگ ایک پیسہ بھر۔ دارچینی دو پیسہ بھر۔ جواکھار دو پیسہ بھر۔ اجوائن خراسانی دو پیسہ بھر۔ کلونجی دو پیسہ بھر ترپھلا تین پیسہ بھر۔ مولی کے بیج ایک پیسہ بھر۔ پھر امل بید کی گری نکال کر ان سب دواؤں کو کوٹ پیس کر گری میں بھر دے جتنا خالی ہوتا جائے اُس میں لیموں نچوڑتا جائے کبھی خالی نہ ہونے دیوے اور صبح دھوپ میں اور رات کو سایہ میں سکھاوے اور تین ماشہ کھائے تو پیٹ کی سب بیماریاں دور ہوں غذا ہضم ہو اور بھوک بڑھے۔

سنچل کی ترکیب

سنچل پاؤ بھر۔ سیندھا پاؤ بھر۔ جنگلی نمک ایک سیر۔ سانبھر پاؤ بھر۔ آملہ ایک سیر۔ ان سب کو کوٹ پیس چھان لے پھر گلو موتر ہانڈی میں بھر کر چڑھاوے اور آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جائے تو اتار کر اس چورن کا استعمال کرے تو پیٹ کی سب بیماریاں دور ہوں۔

باب اُنتیسوان

گولی بنانے کی ترکیب

گولی ریٹی ٹکی ناموں سے مشہور ہے جیسے گولی ٹکیا۔ گٹکا۔ بٹی۔ مودک۔ پنڈی اور گُنڈی وغیرہ گولی بلا آگ کے گوگل اور شہد سے بندھ جاتی ہے۔ گولیون مین مصری چوگنی گڑ دو چند اور چورن لکھے موافق دے تسکے بعد گوگل اور شہد برابر دیا جاوے۔ گیلی دوائین دونی ڈالی جائین اسی ترکیب سے ہوشیار طبیب و بید گولیون کو تیار کرتے ہین انکے کھانے کی خوراک قرش بھر ہے یا موافق حالت مریض جیسا طبیب بتلادے۔

اندار کی گٹکا (گولی) بواسیر کے لئے] اندارو۔ موتھا۔ جالگوٹہ کی جڑ کی چھال۔ ہڑ۔ نسوت۔ کچور۔ باؤبڑنگ۔ گوکھرو۔ چیت۔ ان سب کو دو دو قرش لے اور زمین قند آٹھ پل اور دھماسہ چار پل اور بھلاوان مصفا چار پل لے کر دو دن بھر پانی مین اوٹاوے جب چوتھائی رہجاوے تو اُتار کر تگنا گڑ دیکر پکاوے جب وہ پک کر صاف ہوجاوے تب یہ چورن ڈالے۔ چیت۔ نسوت۔ جمال گوٹہ کی جڑ اور نج یہ سب پل پل بھر۔ ترکٹا۔ الائچی۔ تیز پات۔ یہ تین تین پل لے اور پیس چھان کر پتھر بھر شہد مین اوپر کا لکھا ہوا چورن گولی بندھنے کے موافق ملادے تب یہ باہو شال گٹکا تیار ہو۔ یہ سب گولیان بواسیر۔ ان گلم شکم کا باد۔ آٹھون باد۔ ناک کا بہنا۔ تپ دق پیچش۔ ہلیک۔ پانڈ روگ اور جریان وغیرہ کو دور کرتی ہے۔

مرچادی گٹکا (کھانسی کے لئے)] مرچ سیاہ۔ پیپل۔ قرش قرش بھر۔ جوا کھار پانچ ماشہ انار دانہ آٹھ قرش ان کی آٹھ قرش گڑ مین چار چار ماشہ کی گولی باندھے۔ اس گولی کو منھ مین رکھکر رس چوسے تو کھانسی ضرور دور ہو۔

گُڑادی گٹکا (دمہ کے لئے)] گڑ۔ سونٹھ۔ ہڑ۔ موتھا۔ ان سب کی گولیان جتنے گڑ مین بندھ سکین ایک ایک ماشہ کی باندھے پھر کھانسی آنے پر ان گولیون کو

منھ مین رکھکر چوسے تو کھانسی اور دمہ دور ہو اور منھ مین صرف بہیڑہ رکھنے سے بھی کھانسی دور ہوتی ہے۔

آنولادی بٹی (پیاس کے لئے)] آنولہ۔ کنول۔ کوٹلا۔ بٹ جٹا (برگد کی جٹا) ان سب کو پیس کر شہد مین گولی بناوے اور منھ مین رکھکر چوسے تو سخت پیاس کو تسکین دے اور منھ کا سوکھنا بند ہو۔

سنجیونی گٹیکا (سنپات کے لئے)] باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ہڑ۔ آنولہ۔ بہیڑہ۔ بچ۔ گلو۔ کھرد۔ بھلانوان مصفا۔ سینگیا مصفا۔ ان سب کو برابر برابر لیکر گائے کے پیشاب مین کھرل کرے پھر گھونگھچی کے برابر گولی باندھکر ادرک کے رس مین کھلائے۔ اجیرن مین ایک گولی ہیضہ مین دو گولی سانپ کے کاٹے اور سنپات مین چار گولی اسی طرح بید اپنی مرضی کے موافق ہر مرض مین دے اس گولی کا نام سنجیونی ہے۔ یعنی انسان کو حیات جدید عطا کرتی ہے۔

ترکٹاوٹی (بینس وغیرہ کے لئے)] ترکٹا۔ امل بید۔ بچ۔ طالیسپتر۔ چیت۔ زیرہ۔ املی کی چھال ان سب کو قرش قرش بھر اور تج۔ پترج۔ الائچی چار چار ماشہ اور گڑ قرش بھر لے یہ گٹکا پینس دمہ۔ کھانسی کو دور کرکے بھوکھ کو بڑھا کر گلے کو صاف کرے ناک کے بہنے کو بند کرے۔ اس گٹکے کا نام بیوشادی گٹکا بھی ہے۔ اگر آم کی بیماری ہو تو سونٹھ اور گڑ کی گولی دیجاوے۔ قبض مین ہڑ اور پیپل کے ساتھ۔ موترکرچھ مین گڑ اور زیرہ کے ساتھ بواسیر مین ہڑ اور گڑ کے ساتھ دیا جائے۔

بردھداڑ مودک (بواسیر کے لئے)] بدھارا۔ بھلانوان مصفا۔ اور سونٹھ ملاکر گڑ مین گولی باندھکر دے تو چھیون طرح کی بواسیر دور ہوتی ہے۔

سورن بٹکا (بواسیر کے لئے)] سوکھا سورن زمین قند کا چورن بتیس حصہ چیت ۱۶ حصہ۔ سونٹھ ۸ حصہ۔ مرچ سیاہ دو حصہ ان سب کا چورن کرکے گڑ مین گولی باندھکر کھلا دے تو سب قسم کی بواسیر دور ہون یا سورن اور بدھارا سولہ سولہ حصہ۔ موصلی آٹھ حصہ۔ چیتہ آٹھ حصہ یا ترپھلا۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ بھلانوان مصفا

پیپلا مول۔ طالیسپتر یہ سب چار چار حصہ تج الائچی اور مرچ سیاہ یہ دو دو حصہ لے ان سب کا چورن کرکے دونے گڑ مین گولی باندھکر کھاوے تو بھوکھ بڑھے یہ رسائن ہو بیسر بات کف سے پیدا ہوئی گرہنی۔ دمہ۔ کھانسی۔ تپ دق۔ تلی۔ پیلیا۔ شوتھ۔ جبریان بھگندر۔ اور بالون کا جلدی سفید ہوجانا وغیرہ بیماریون کو دور کرے۔ عقل کو بڑھاتی ہے۔ منی کو منجمد کرتی ہے۔

منڈور بٹی (کا ملاوے کے لئے) ترپھلا۔ ترکٹا۔ چب۔ پیپلا مول۔ چیت۔ دیودار سونا مکھی۔ ہلدی۔ موتھا۔ مجیٹھ ان سب کو ترش ترش بھر لے اور منڈور کو صاف کرکے سب سے دونا لے۔ اور اٹھ گنے گئوموتر مین پکا کر گولی باندھے اور مٹھے کے ساتھ کھائے تو کاملا روگ پانڈروگ بواسیر سوجن جریان کوڑھ کف ردگ امراض گٹھیا قبض اور تلی وغیرہ دور ہون۔

چندر پربھا گٹکا] کافور۔ بچ۔ موتھا۔ چرائتہ۔ گلو۔ دیودار۔ ہلدی۔ اتیس۔ دار ہلدی۔ پیپلا مول۔ چیت۔ دھنیا۔ ترپھلا۔ بچ۔ باؤبڑنگ۔ گج پیپل۔ ترکٹا۔ سونا مکھی کاگت۔ سجی کھار۔ جوکھار۔ سیندھا نمک۔ کالا نمک اور پانگا نمک۔ یہ چیزین چار چار ماشہ۔ نسوت۔ دانتونی۔ پترج۔ تج۔ الائچی۔ نبسلوچن۔ یہ سب چیزین ترش ترش بھر اور لوہے کا کشتہ دو ترش لیکر ان سب کا چورن کرکے مصری چار ترش سلاجیت مصفا آٹھ ترش ان سب کو کوٹ کر گولی بنا دے یہ چندر پربھا گٹکا کھانسی جریان سوزاک۔ پتھری پاخانہ کا رکنا پیٹ پھولنا بسول۔ عضو تناسل کا پھول جانا۔ گلم۔ اربد۔ فوطون کا بڑھ جانا۔ کمر کا درد۔ کھانسی۔ دمہ۔ کوڑھ۔ اور آنتون کا بڑھنا۔ پیلیا۔ کانور۔ کھجلی۔ تلی۔ پیٹ کی بیماریان بھگندر۔ دانتون اور آنکھون کی بیماریان۔ عورتون کے ماہوار کی بیماریان دمیون کے منی کی بیماریون کو دور کرکے۔ مندا گنی۔ اروچ۔ بات پت۔ کف اور جملہ بواسیرون کو دفع کرکے طاقت بڑھا کر دھات کو بڑھاتی ہے۔ یہ رسائن ہے اسکو دس ماشہ یا سولہ ماشہ موافق طاقت مریض بید کو دینا چاہیئے۔

کانکائن گٹکا (گلم پر) اجوائن۔ دھنیا۔ زیرہ سیاہ مرچ۔ کرشن کا نتا۔ امجود منگر ملا یہ سب چار

چار شان بھر لے بھونی ہینگ۔ چھ شان اور دونون کھار پانچون نمک۔ نسوت یہ سب آٹھ آٹھ شان بھر لیکر۔ دانتونی۔ پچور۔ پوکھر مول۔ بادبڑنگ۔ انار دانہ۔ ہڑ۔ چیت۔ بیل بید۔ سونٹھ۔ یہ سب سولہ سولہ شان لیوے۔ پھر ان کا چورن کر کے بجورے کے رس مین گولی باندھے اس بٹی کو گھی دودھ شراب لیمون کا رس اور گرم پانی وغیرہ کے ساتھ کانکان بناکر پلاوے تو گلم کو ناش کرے۔ بات گلم مین مدیہ (شراب) سے۔ پت گلم مین گائے کے دودھ کے ساتھ کف گلم مین گئو موتر سے۔ تردوش گلم مین دسمول کو اتھ کے ساتھ دیوے۔ استری کے رکت گلم مین اونٹنی کے دودھ کے ساتھ دیوے تو فائدہ دے گا۔

کیشور گوگل (دبائی کے لیئے) ترپھلا تین پستھ بھر گرچ ایک پستھ کوٹ کر ڈیڑھ درون پانی مین اوٹاوے جب آدھا پانی رہجائے تب چھانکر گوگل مصفا ۴ پستھ ڈالکر لوہے کے برتن مین لوہے کی کرچھی سے گھونٹ کر گڑ کی پاک کی طرح گاڑھا کر کے دوائیان ڈالے۔ آنولہ بہیڑہ آدھا آدھا پل۔ گرچ ایک پل ترکٹا چھ قرش بادبڑنگ آدھا پل۔ دانتونی ایک قرش نسوت ایک قرش ان سب کو گڑ پاک مین سان کر گولی باندھکر گھی کے برتن مین رکھ چھوڑے اور اس گولی کو ایک شان بھر موافق طاقت مریض دے۔ اس کے کھانے کا طریقہ یہ ہے کہ گرم پانی دودھ مجیٹھ کو اتھ یا جو مناسب سمجھے اسکے ساتھ دیوے تو سب کوڑھ دنج ہون تینون دوشون سے پیدا ہوا بات رکت جائے۔ سب طرح کے پھوڑے۔ گلم۔ جریان۔ پیٹ کا جریان پیٹ کی بیماریان بھوکھ نہ لگنا۔ کھانسی۔ سوجن۔ پانڈروگ۔ آم روگ وغیرہ یہ سب روگ اسکے کھانے سے بالکل دور ہون۔ یہ بھی ایک رسائن ہے اس کو اتھ کو کیسود رشی نے کہا ہے اس سے اس کا نام کیشور گوگل ہے۔ اس گوگل سے خوبصورتی بڑھتی اور روساو کو اتھ کے ساتھ کھانے سے آنکھون کی بیماریان پٹا دکواتھ کے ساتھ گلم کھدراو کو اتھ کے ساتھ پھوڑے اور کوڑھ دور کرتی ہے۔ مریض کھٹی تیکھی چیزین نہ کھاوے عورت سے صحبت نہ کرے زیادہ محنت نہ کرے دھوپ مین نہ چلے

زیادہ غصہ نہ کرے اور صفائی سے رہے۔

ترپھلادگوگل (بھگندر کے لئے)] ترپھلا چورن تین پل۔ پیپل کا چورن پل بھر گوگل مصفا پانچ پل ان سب کی ایک جگہ گولی باندھکر مریض کی طاقت کے موافق دے تو بھگندر گلم۔ سوجن اور چھون بواسیر دور ہوتی ہیں۔

گوکھرو گوگل (پتھریان کے لئے)] اٹھائیس پل گوکھرو کا چھ گنے پانی میں کاڑھا کرے جب آدھا رہجائے تب سات پل گوگل ڈال کر پکاوے جب قوام پر آجاوے تب یہ دوائیں ڈالے۔ ترپھلا۔ ترگٹا۔ موتھا۔ یہ ساتوں چیزیں پل پل بھر ملا کر گولی باندھے پھر جریان۔ سوزاک۔ امراض نسائی۔ بات رکت۔ بات روگ دھات کی بیماریوں کو دور کرکے پتھری کو توڑ بہاتا ہے۔

ترپھلا مودک (کوڑھ کے لئے)] ترپھلا آٹھ پل۔ بھلانواں مصفا چار پل۔ بابچی پانچ پل۔ بائوبڑنگ چار پل۔ لوہے کا کشتہ۔ نسوت۔ شلاجیت۔ گوگل ایک ایک پل پوہکر مول آدھا پل۔ چیتا آدھ پل۔ مرچ سیاہ دوشان۔ اور سونٹھ۔ پیپل۔ موتھا۔ الائچی۔ تیزج۔ کیسر۔ ان سب کو شان شان بھر لیکر چورن کرے اور سب کے برابر کھانڈ لے اور پاک بنا کر یہ چورن ڈال کر پل پل بھر کی گولی بنا دے پھر موافق طاقت مریض کھلائے تو سب کوڑھوں کو دور کرے اور تردوش۔ سب آم کی بیماریاں۔ بھگندر۔ تلی گلم جیبھ کی بیماریاں۔ گلے کی بیماریاں۔ گردن اور پیٹھ کی بیماریاں یہ سب دور ہوں جسم کے نیچے کے حصہ کی بیماریوں میں کھانا کھانے کے بعد دوائیاں دیں۔ کمی اشتہا میں کھانے کے بیچ میں دیں اور شیو بندھی بیماریوں میں بھی کھانا کھانے کے بعد دینا چاہیئے۔

کچنال گوگل (گنڈمالا کے لئے)] کچنال کی چھال دس پل۔ ترپھلا چھ پل۔ ترگٹا تین پل۔ بیرون ایک پل۔ الائچی اور تیزج قرش قرش بھران سب کا چورن بنا دے اور یہ چورن کے برابر گوگل پیسکر ملا کر چار ماشہ کی گولی بنا دے اور موافق طاقت مریض کو سویرے ایک گولی دے تو گنڈمالا۔ اچی۔ بتوڑی۔ زخم۔ گانٹھ۔ کوڑھ اور

بھگندر وغیرہ دور ہوں اس کا طریقہ استعمال یہ ہے کہ منڈی کے رس ہڑ کے کواتھ یا گرم پانی کے ساتھ کھائے۔

ماشا و مودک (منی کی مضبوطی کے لئے)] دھلی ہوئی اُردکی دال کا آٹا گیہوں کا آٹا۔ جو کا آٹا۔ ساٹھی چاول کا آٹا۔ پیپل کا چورن یہ سب پل پل بھر لے پھر سب چورن سے آدھا گھی لے کر بھونے بعدہ چورن کے برابر شکر ڈال کر دونے پانی میں دھیمی آنچ پر پکاوے جب گھنکر ایک ذات ہو جاوے تب ایک ایک پل کے لڈو باندھے اور سوتے وقت کھا کر چار پل دودھ پئے۔ کھٹائی اور نمک وغیرہ اور بادی چیزوں سے پرہیز کرے اور جماع کرے تو دھات نہ گرے اور جسم مضبوط ہو۔

سورن ٹیکا] سوکھا زمین قند آٹھ حصہ۔ چیت کی چھال چار حصہ۔ ہڑ پانچ حصہ۔ سونٹھ پانچ حصے۔ مرچ سیاہ اور پیپل دو حصے گڑ چودہ حصہ لے کر سب کی گولیاں بنا لے یہ گولی بھوک کو بڑھاتی ہے اور بواسیر قبض اور پیٹ کی بیماریوں کو دور کرتی ہے اسی طرح پیلو کے تازہ پھلوں کے کھانے سے بواسیر۔ پیٹ کے کیڑے سنگرہنی اور گلم وغیرہ بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

ادتیہ بٹی] بچ۔ سونٹھ۔ ہینگ۔ سینگیا مصفا۔ زیرہ۔ مرچ سیاہ۔ چیت۔ تج سب دوائیاں بموزن لیکر بھنگرا کے رس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کرے اسکے کھانے سے بادی کی بیماریاں درد گردہ اور آٹھ قسم کے شکم درد بواسیر گلم دور ہوتے ہیں یہ ادتیہ بٹی اگن کو روشن کر کے بھوک کو بڑھاتی

کھانسی کی گولی] موتھا۔ سونٹھ۔ ہڑ۔ تینوں کو پیس کر گولی باندھے اور اس گولی کو تین روز تک منہ میں رکھکر چوسے اور اسی سے دھوراکرے تو کھانسی دمہ دور ہو۔

لونگادی گٹکا] لونگ۔ مرچ سیاہ۔ بہیڑے کا بکل ان تینوں کو برابر لے کر چورن تیار کرے اور تینوں کے برابر کھیر سار بھی ملائے پھر ببول کی چھال کو اوٹا کر اس میں یہ دوائیں ڈال کر گولی باندھے اسکے چوسنے سے آٹھ گھڑی بعد سب قسم کی کھانسی کو فائدہ معلوم ہوا اور سب مرض جاتا رہتا ہے۔

سنپات پر گولی] لونگ۔ جاپھل۔ جاوتری۔ بیج دیترج۔ جاگوڑ مصفا۔ بھنا سہاگہ ہڑ
کا چھلکا۔ ٹھی کی بھنی ہینگ ان سب دواؤن کو دھیلہ دھیلہ بھر لیکر کپڑ چھان کرکے سہجنے
کے رس مین گولی باندھے اور ایک گولی گرم پانی سے کھائے تو دست آوے اور پیٹ
کا بھاری پن جاوے جاڑا بخار دفع ہو اس گولی کو لگاتار دس برس تک استعمال
کرنے سے کوڑھ بھی جاتا رہتا ہے۔

الیضاً] مرچ سیاہ پانچ ٹنک۔ سینگیا مصفا دو ٹنک۔ بیج دھیلہ بھر۔ موتھا دھیلہ بھر
ان کو کپڑ چھان کرکے ادرک کے رس مین دو پہر کھرل کرکے ایک رتی کی گولی بنا دے
اور ایک گولی دے تو سنپات دور ہو۔

دیگر] عاقرقرحا ایک ٹنک۔ سرس چھال ایک ٹنک۔ سینگیا مصفا ایک ٹنک۔ مرچ
سیاہ تین ٹنک بیج اور باؤ بڑنگ سات سات ٹنک۔ سب دواؤن کو کپڑ چھان کر
کے آدھ سیر ہیڑے کی چھال کے رس مین ایک رتی کی گولیان بنائے اور ایک
گولی دے تو سنپات دور ہو بات کھانسی گلے اور ماتھے کا درد سر پھوٹن جاتا رہے

جلن کے ساتھ اتیسار کے لئے گولی] جاوتری۔ جاپھل۔ ناگ کیسر۔ لونگ
افیون ان سب دواؤن کو ایک ایک ٹنک لے کر مہین پیس کر چورن بنا دے
اور پانی کے ساتھ ایک رتی کی گولی باندھے زیرہ اور سونٹھ کے ساتھ استعمال
کرے تو پیچش اور شول جلن جاتی ہے۔

لیلا وتی گولی (اتیسار کے لئے)] بیج۔ مصطگی رومی۔ انار کی کلی۔ نیلوچن۔ آم
کی گٹھلی۔ لودھ۔ منجھی۔ دھونی کے پھول۔ موچرس۔ کڑے کی چھال۔ جاپھل
ببول کی کلی اور مائین یہ سب دوائیان دھیلہ دھیلہ بھر لے اور ان سب سے دونا لیوے
اور کھیر سے دو چند کھٹرے کے بیج لیکر چورن تیار کرے اور پوست کے پانی سے چار
ماشہ کی گولیان بنا دے اور ایک گولی چاول کے دھوون کے ساتھ دیوے تو
سات طرح کے اتیسار دور ہون غذا مین دہی اور چاول کھلائے۔

اجمود ادکنگا] اجمود۔ باؤبھر۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔ لفنان۔ بداری قند۔ دھنیا۔ موتھا

موچرس۔ گج پیپل۔ لونگ۔ جائپھل۔ پیپل۔ چیت کی چھال انار دانہ بھارنگی۔ کنول گٹہ۔ مرچ سیاہ۔ دونوں زیرے۔ بھنگی۔ اجوائن۔ پیپلا مول۔ رینکا۔ بائبڑنگ بیج۔ کاکھل۔ پت پاپڑہ۔ اندھاہولی۔ دتو تیا کروانہ۔ سار۔ یہ سب دوائیں کپڑچھان کر کے پھر بیس برس کا پرانا گڑ ایک سیر پاک کرے اور قوام تیار ہونے پر سب دوائیں ملاکر دو دو پیسہ بھر کی گولیاں بناوے اور ایک گولی آب گرم کے ساتھ سویرے کھائے تو بچھوے اور پیٹ کی سب بیماریاں دور ہو جائیں۔

ایضاً (قوت باہ کے لئے) اجمود۔ ہڑ۔ بہیڑہ۔ آنولہ۔ بدارتی قند۔ سونٹھ۔ دھنیا۔ موچرس۔ موتھا۔ گج پیپل۔ لونگ۔ جائپھل۔ پیپل ملتانی۔ بھنگ۔ انار دانہ۔ دونوں زیرے۔ چترک۔ بھارنگی۔ کنولگٹہ۔ کونچ کے بیج۔ ملیٹھی۔ سلاجیت۔ کاکڑا سینگی۔ کیسر۔ ناگ کیسر۔ پوکر مول۔ ستاور۔ یہ سب دوائیاں پیسہ پیسہ بھر لے کر کپڑچھان کر کے پانچ سیر گئو کے دودھ کو اوٹا دے جب ایک سیر باقی رہے تب ایک سیر کھانڈ ملاکر دو دو پیسہ بھر کی گولیاں باندھے اور ایک ایک گولی روزانہ کھائے تو قوت بہت زیادہ ہو۔

جمالگوٹہ کی گولی (آم بات پر) جمالگوٹہ مصفا دھیلہ بھر۔ سجی۔ سانبھر نمک۔ سونچر نمک۔ سینڈھا نمک دھیلہ دھیلہ بھر لے سونٹھ پانچ ٹنک گائے کا دہی دو سیر لیکر ان سب دواؤں کے چورن کو دہی میں ملاکر آنولہ کے برابر گولی بناوے اور ایک گولی سویرے روزانہ کھائے تو آم بات۔ پیٹ کا بھاری پن۔ جسم کی سوجن وغیرہ دور ہو اور دونوں وقت کھانے سے پیٹ کے کیڑے بھی مر جائیں۔

بھوک بڑھانے والی گولی) سینڈھا نمک۔ ہڑ۔ سجی۔ جواکھار۔ سونچر نمک۔ سانبھر نمک۔ کھاری نمک۔ سونٹھ۔ زیرہ۔ موتھا۔ اجوائن۔ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ چیت کی چھال۔ اجمود۔ بائبڑنگ۔ دھنیا۔ تترکیا۔ یہ سب دوائیں پیسہ پیسہ بھر لیکر کپڑچھان کر کے چوک اور ادرک کے رس میں دھیلے دھیلے بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی روزانہ کھائے تو کھانا خوب ہضم ہو اور بادو نج ہو کر بھوک بہت بڑھے۔

چترکادی گولی (کف اور بھوک پر) چیت کی چھال۔ پیپلا مول۔ اجوائن۔ بھنا سہاگہ

پانچون نمک۔ سونٹھ۔ پیپل۔ مرچ۔ ہینگ۔ اجود۔ یہ سب دوائین برابر لے اور کپڑچھان کرکے بجورے کے رس مین دھیلے دھیلے بھر کی گولی باندھے ایک گولی کھاوے تو کف دور ہو کر بھوکھ بڑھے اور غذا خوب ہضم ہو۔

کھیر سار گولی (مکھ پاک کے لئے) جاپتھل۔ کستوری۔ بھیم سینی کافور۔ اور سپاری۔ ان سب کے برابر کھیر سار لے اور مہین پیس کر گولی بنا کر منھ مین رکھے تو منھ کی سب بیماریان دور ہون۔ یا کھیر سار۔ جاپتھل۔ بھیم سینی کافور۔ دکھنی سپاری۔ تج۔ تیز ناگ کیسر۔ الائچی۔ کستوری یہ سب برابر لے اور مہین پیسکر کھیر سار کے کاڑھے مین چنے کے برابر گولی بنا وے ایک گولی منھ مین رکھنے سے بھی زبان۔ ہونٹ۔ دانت منھ گلے اور تالو ان سب کے امراض دور ہون۔

پاچک کی گولی] پاؤ بھر آک کی منھ منڈی کلی۔ پاؤ بھر مرچ سیاہ۔ سیندھا نمک دو پیسہ بھر ان سب کو ملا کر کوٹ پیسکر جھڑبیری کے برابر گولی بنا وے اور ایک گولی پانی کے ساتھ کھائے تو بدہضمی۔ اپھار۔ اور پیٹ کی بیماریون کو دور کرکے بھوکھ بہت بڑھا وے۔

سنکھ بٹی] سنکھ کو سات بار تپا تپا کر مٹھے مین بجھا وے تو سنکھ کی بھسم ہو پھر باقی بھسم چھٹانک بھر۔ سونٹھ آدھ پاؤ۔ زیرہ سفید دو ٹکے بھر۔ چوکیا سہاگہ دو ٹکے بھر۔ پودینہ دو ٹکے بھر۔ امل بید دو ٹکے بھر۔ جواکھار ایک ٹکے بھر۔ زرشک دو ٹکے بھر۔ بھنی ہینگ ایک پیسہ بھر۔ سیندھا نمک دو ٹکے بھر۔ بج لون دو ٹکے بھر۔ کالا نمک دو ٹکے بھر۔ ان سب کو مہین پیسکر کپڑ چھان کرکے آدھ سیر سہجنے کے رس مین گھوٹے پھر آدھ سیر لیمو کے رس مین گھوٹ کر جھڑبیری کے بیر کے برابر گولی بنا وے ایک گولی صبح یا شام کھائے تو اپھار پیٹ کی بیماریان سب دور ہون غذا خوب ہضم ہو بھوکھ بہت بڑھے۔

گندھک بٹی] گندھک مصفا ڈھائی ٹنک۔ چترک دو ٹنک۔ کالی مرچ دو ٹنک۔ پیپل دو ٹنک۔ جواکھار دو ٹنک۔ سیندھا نمک دو ٹنک۔ کالا نمک ایک ٹنک۔ بیاؤ بھنک

ایک ٹنک ان سب کو پیسکر لیموں کے رس میں سات دن کھرل کرے۔ بعدہٗ ایک ٹنک کی مقدار سے گولی بنا دے ایک گولی پانی کے ساتھ کھائے تو قبض۔ شول۔ آم کا دوس بائگولہ اپھارہ یہ سب بیماریاں شرطیہ دور ہوں۔

تیسوان باب

لیپ کی ترکیب

لیپ کے تین نام ہیں لیت لیپ اور لیپن اور یہ تینوں سکھ لیپ شگھن (دوشوں کو دور کرنے والا) بشگھن (زہروں کا دفع کرنے والا) برن پرد (خوبصورت بنانیوالا) یہ تین قسم کے ہیں۔ جو لیپ انگل بھر موٹا ہو وہ دوشگھن کہلاتا ہے اور پون انگل موٹے لیپ کو بشگھن کہتے ہیں اور آدھ انگل کو برن پرد کہتے ہیں سب لیپ بیماری کو دور کرتے ہیں۔

دوشگھن لیپ] گدا پورنیا۔ دیودار۔ سونٹھ۔ سرس۔ سہجن کی چھال ان پانچوں کو ہموزن لے اور کانجی میں پیسکر سوجن پر لیپ کرے تو سوجن دور ہو۔ بہیڑے کی مینگی کے لیپ سے بھی جلن اور درد دور ہوتا ہے۔

وشاگنگ لیپ] سرسوں۔ میتھی۔ تگر۔ صندل سرخ۔ الائچی۔ جٹاماسی۔ ہلدی۔ دارہلدی کوٹ۔ نسترتالا۔ ان دسوں کو ہموزن لے اور چورن کرکے پانچواں حصہ گھی ملا کر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو بسرپ۔ بش روش۔ بش پھوڑنگ۔ سوجن اور خراب پھوڑا یہ سب دفع ہوں۔

بشگھن لیپ] کالے تل کو بکری کے دودھ میں پیس کر مکھن ملاکر لیپ کرے یا کالی مٹی اور تل کا لیپ کرے تو زہریلی ہوئی سوجن اور بھلانواں سوجن دور ہوتی۔

ایضاً۔ کر یاری۔ آنیس۔ دودھیا۔ کڑوی ترئی۔ مولی تینوں کے بیج پانچوں کو ہموزن

۱؎ اگر کوئی لیپ زینت وخوبصورتی کے واسطے کیا جائے تو اسکو گیلا ہی چھوڑ دیا جاوے ورنہ خشک ہونے پر اس جگہ کی خوبصورتی جاتی رہےگی ۱۲

کانجی مین پیس کر کیڑے کے کاٹے ہوئے اور بیس پھوڑے پر لگاوے تو انکا دوش مٹے۔

کانت کارک لیپ] مجیٹھ۔ کوٹ۔ مالکنگنی۔ برگد کی جٹا۔ صندل سُرخ۔ مسورلن سبکو برابر لے کر پانی مین پیسکر لیپ کرے تو خوبصورتی بڑھے۔ یا بجورے کی جڑ گھی۔ مینسل۔ مصفا گرو کے گوبر کا رس ملاکر لیپ کرے تو خوبصورتی بڑھے اور جھائیان اور مُہاسے دور ہون۔

مُہاسون کی دوا] سنبھل کے کانٹون کو دودھ مین پیسکر لیپ کرنے سے منھ کے سخت مہاسے دور ہوجاتے ہین اور خوبصورتی بڑھتی ہے۔

ترن پیٹکا (مُنھ کی پھُنسیان) کے لئے لیپ] جوانی مین مُنھ کے اوپر جو چھوٹی چھوٹی پھُنسیان ہوجاتی ہین اُن کو ترن پیٹکا یا مُہاسے کہتے ہین۔ لودھ اور دھنیے کو پیس کر لیپ کرے یا گورٹر چین اور سیاہ مرچ پانی مین پیس کر لیپ کرے یا سرسون۔ بچ۔ سینڈھا نمک لودھ ہموزن لیکر پانی مین پیس کر مُنھ پر لیپ کرے تو مُہاسے دور ہون۔

ایضاً۔ برگد کی کوپل۔ چیلی۔ صندل سُرخ۔ کوٹ۔ دارہلدی۔ اور لودھ ان سب کو پیسکر لیپ کرے تو ترن پیٹکا اور بینگ اور جھائین دور ہوتی ہے۔

بینگ روگ کے لئے لیپ] ارجن کی چھال یا مجیٹھ اور سفید گھوڑے کے سُم کی راکھ ان مین سے کسی کو شہد کے ساتھ لیپ کرنے سے بینگ روگ دور ہوتا ہے۔

جھائین کے لئے لیپ] مدار کے دودھ مین ہلدی کو گھس کر لگانے سے بہت دنون کی جھائیان دور ہوجاتی ہین۔

روکھی کے لئے لیپ] پُرانے تل یا آسکی لکڑی اور مرغ کی بیٹ دونون گوموتر مین پیسکر لیپ کرے تو روکھی (خشکی) دور ہو یا کھیر نیم جامن ان تینون کی چھال گئو کے پیشاب مین پیسکر لیپ کرے تو روکھی دور ہو۔

وارن روگ کے لئے لیپ] چرونجی۔ ملیٹھی۔ کوٹ۔ آرو۔ سینڈھا نمک ان سب کو ہموزن لیکر پیسکر شہد ملاکر لیپ کرے تو وارن روگ دور ہو۔ یا خشخاش دودھ[1]

[1] جہان مُنھ کے لیپ وغیرہ مین دودھ کا استعمال لکھا ہے وہان کالی بکری کا دودھ مراد ہے۔ ۱۲

مین پیس کر لیپ کرے یا آم کی گجلی اور چھوٹی ہڑ دودھ مین پیس کر لیپ کرے تو دارت روگ دور ہو۔

اندر لپت (گنجا) پر لیپ] کڑوے پرول کی پتی کے رس کو تین دن لیپ کرے تو بال خورہ دور ہو۔ یا بھنگریا اور شہد کا لیپ کرے یا گھونگچی کے پتے یا پھل کا رس شہد کے ساتھ لیپ کرے۔ یا بھلاوان کا رس اور شہد کو لیپ کرے تو بال خورہ دور ہو۔

بالون کا بڑھانیوالا لیپ] گوکھرو اور تل کے پھول دونون کو برابر لے اور سفوف کرکے اسکے برابر گھی اور شہد ملا کر لیپ کرے تو بال بہت بڑھین۔

بالون کے اُگنے کے لئے لیپ] ہاتھی دانت کو جلا کر رسوت اور بکری کے دودھ مین پیسکر لیپ کرے تو جہان بال نہ ہون وہان بھی اُگ آوین۔

گنجے کے لئے دوسرا لیپ] ملیٹھی۔ کنول۔ منقے۔ تینون کو گھی یا تل کے تیل اور گائے کے دودھ مین لیپ کرے تو بالخورہ دور ہو۔ یا چوپایہ کا چمڑا اور روئین۔ ناخون سینگ اور ہڈی۔ ان کی راکھ کا تل کے تیل کے ساتھ لیپ کرے تو گرے ہوئے بال بھی پیدا ہون۔

خضاب] اندرائن کے بیج کا تیل پاتال جنتر سے نکال کر سفید بالون پر لگا وے تو کالے ہوجاوین یا لوہچون۔ بھنگرہ۔ ترپھلا۔ کالی مٹی ان سب کو سفوف کرکے گرم رس مین سان کر ایک مہینہ تک رکھکر کچھ دن لیپ کرے تو بے وقت پکے ہوے بال بھی سیاہ ہون۔ یا آنولہ تین عدد۔ ہڑ دو عدد۔ بہیڑہ ایک عدد۔ آم کی گجلی پانچ عدد۔ لوہچون ایک تولہ بھرلے کر سبکو کڑھائی مین خوب گھوٹے اور ایک دن رات اُسی مین رکھا رہنے دے پھر لیپ کرے تو سفید بال سیاہ ہوجائین۔ یا ترپھلا۔ تل کے پتے۔ لوہچون اور بھنگرہ سب کو برابر لے کر بکرے کے پیشاب مین پیس کر لیپ کرے تو بھی بال سیاہ ہوجائین۔ یا ترپھلا لوہچون انار کی چھال۔ کنول کی نال۔ ان کو پانچ پانچ پل لیکر اُس مین بھانگرے کا رس چھ پرستھ نچوڑے اور لوہے کی کڑھائی مین خوب گھوٹے اور ایک مہینہ تک لوہے کے برتن مین رکھے پھر بکری کے دودھ مین پیسکر سفید بالون

پر خضاب کرے اور ارنڈ کے پتے باندھکر رات میں سو رہے اسی طرح تین دن متواتر لیپ کرے تو سفید بال سیاہ ہو جائیں۔

بالوں کے گرانے کا لیپ] سنکھ کا چورن دو حصہ۔ ہرتال ایک حصہ۔ مینسل آدھا حصہ ان سب دواؤں کو پانی میں پیسکر جہاں کے بال گرانے ہوں وہاں لیپ کر دے اور باقی بالوں کو کپڑے سے ڈھک دے پھر لیپ کے پہلے بال دور کرکے اس جگہ میں یہ لیپ سات مرتبہ کرے یا ہڑتال۔ سنکھ کا چورن ڈھاک کا کھار یہ دو دو شان لیکر مدار کے پتے کے رس میں پیسکر لیپ کرے تو بال ضرور گرینگے۔

سفید کوڑھ کے لئے لیپ] پیلی چمیلی۔ گج پیپل کسیس۔ باوبڑنگ مینسل۔ گوروچن سیندھا نمک ان سب کو ہموزن لے کر گائے کے پیشاب میں پیسکر لیپ کرے تو سفید کوڑھ دور ہو یا کاگ تونڈی۔ کوٹ۔ پیپل۔ ان سب کو برابر لے اور خشک کرکے گائے کے پیشاب میں پیسکر لیپ کرے تو کوڑھ دور ہو۔ یا باکچی۔ املبید۔ سلاس کتھ۔ گولر۔ پیپل۔ رسوت اور چونا کالے تل آٹھوں کو ہموزن لے کر گوپت میں پیسکر لیپ کرے تو سفید کوڑھ دور ہو۔

چھیپ (سیہوان) پر لیپ] آتولہ۔ رال۔ جواکھار۔ ان سب کو سو بیر یا کانجی میں پیسکر لیپ کرے تو چھیپ دور ہو یا دار ہلدی۔ مولی کے بیج۔ ہرتال۔ دیودار اور پان یہ سب قرش قرش بھر لے اور سنکھ کا چورن شان بھر لے کر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو سیہوان (چھیپ) دور ہو۔

آنکھ پر لیپ] ہڑ۔ سیندھا نمک۔ گیرو۔ رسوت۔ ہموزن لے کر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو آنکھ کے سب قسم کے امراض دور ہوں یا رسوت۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ پیپل۔ ان چاروں کو ہموزن لے کر پانی میں پیسکر گولی بنا کر پلک پر لیپ کرے تو آنکھ کی کھجلی گہانجنی اور چھوٹے چھوٹے دانے دفع ہوں۔

کھجلی کے لئے لیپ] چکوڑ کے بیج۔ باکچی۔ سرسوں۔ تل۔ کوٹ۔ ہلدی۔ دارہلدی۔ اور موتھا ہموزن لے کر مٹھے میں پیسکر لیپ کرے تو کھجلی داد۔ دانے۔ پاؤں پھوٹنا

ہر قسم کی جلدی بیماریاں دور ہوں -

خشک کھجلی کے لئے لیپ] چاک - باؤبڑنگ - شنگرف - گندھک - چکوڑ کے بیج - کوٹ - سیندور ہموزن لیکر نیم کے پتے دھتورے کے پتے پان ان تینوں کا الگ الگ رس نکال کر اس میں دوائیں پیسکر لیپ کرے تو سوکھی خارش - داد - پھنسیاں - پیروں کا پھوٹنا - کھاج - سرخ کوڑھ یہ سب دور ہوں - بادوب - چھوٹی ہڑ - سیندھا نمک - چکوڑ کے بیج اور کشریاں ان پانچوں کو مٹی میں پیس کر لیپ کرے تو کھجلی[1] داد وغیرہ دور ہوں -

رکت پت پر لیپ] سرخ صندل - خس - ملیٹھی - بریارا - شیر کے بال اور کنول سب چیزیں ہموزن لیکر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو خون کے سبب سر کے روگ جاویں -

پیٹ کی بیماریوں کے لئے لیپ] سرسوں - ہلدی - کوٹ - چکوڑ کے بیج اور تل یہ سب ہموزن لے کر ان کو کڑوے تیل میں پیسکر لیپ کرے تو سردی گرمی کے امراض دور ہوں -

بات بسرپ لیپ] راسنا - نیلا کنول - دیودار - صندل سرخ - ملیٹھی - بریارا - ان سب کو ہموزن لے کر دودھ میں پیس کر گھی ملا کر لیپ کرے تو بات بسرپ دور ہوتا ہے -

پت بسرپ لیپ] کمل کی نال - سرخ صندل - پٹھانی لودھ - خس - کنول کو کا پھول (گل نیلوفر) - سروں - آنولہ - زنگی ہڑ - یہ سب ہموزن لے کر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو پت بسرپ شرطیہ دور ہو -

---

[1] اور کھجلی کے واسطے باچی چھ ماشہ - مینسل ایک تولہ - گندھک ایک تولہ - تیل میٹھا ایک بھر - ہلکی آنچ میں پکاوے جب ایک ذات ہو جاوے تو لگن یا کونڈے میں پانی بھر کر یہ دوا اس پانی میں ڈالدے جب جم جاوے تو پانی سے نکال کر چینی کے برتن میں کڑوا تیل ڈال کر اس دوا کو ملاوے اور جو پانی کونڈہ یا لگن میں ہو اس سے کھجلی کے داغوں کو دھوکر یہ دوا لگاوے روزانہ تین چار مرتبہ کے استعمال سے تین روز میں تر کھجلی جاتی رہے گی مجرب ہے ۱۲ مصحح

کف بسرپ پر لیپ] ترپھلا۔ پدماکھ۔ خس۔ دھوے کے پھول۔ کنیر کی جڑ۔ جواسا ہموزن لے کر پیس کر لیپ کرے تو کف بسرپ دور ہو۔

پت بات رکت پر لیپ] سورپھلی۔ نیلا کنول۔ پدماکھ۔ سرسون کے پھول۔ ان کا چورن سو بار دھوئے ہوئے گھی مین ملائے اور خوب پھینٹ کر لیپ کرے تو بات رکت جائے۔

نکسیر کا لیپ] آنولے کو گھی مین بھون کر کانجی کے پانی مین لیپ کرے تو نکسیر بند ہو۔

پانچ سرپیڑا پر لیپ] کوٹ یا مچکند کے پھول کو کانجی کے پانی مین پیس کر ارنڈ کا تیل ملا کر ماتھے پر لیپ کرے تو بات کا پیدا ہوا سر کا درد مٹے۔ یا دیودار۔ تگر۔ کوٹ۔ سگندھ بالا اور سونٹھ ان پانچون کو ہموزن لے کر کانجی مین پیس کر ارنڈ کا تیل ملا کر ماتھے پر لیپ کرے تو بات اور رکت پت سے پیدا ہوا سر کا درد دور ہو۔

پت سے پیدا ہوئے دردسر کی دوا] آنولہ۔ کسیرو۔ سگندھ بالا۔ کنول۔ پدماکھ۔ صندل سُرخ۔ دوب کی جڑ۔ خس۔ نرکٹ کی جڑ سبکو ہموزن لے کر پانی مین پیسکر ماتھے پر لیپ کرے تو پت اور رکت پت سے پیدا ہوا دردسر دور ہوتا ہے۔

کف سے پیدا ہوے دردسر کے لئے لیپ] میوڑی کے بیج۔ تگر۔ بالچھڑ۔ موتھا۔ الائچی۔ اگر۔ دیودار۔ جٹاماسی۔ راسنا۔ ارنڈ کی جڑ۔ یہ سب پانی مین پیس گرم کر کے ماتھے پر لیپ کرے تو بلغمی دردسر دور ہو۔

سوریا ورت (آدھاسیسی) پر لیپ] سرسون۔ کوٹ۔ ملیٹھی۔ پیپل۔ نیلا کنول۔ ان سب کو کانجی مین پیس ارنڈ کا تیل ملا کر لیپ کرے تو آدھا سیسی کا درد دور ہو۔

اننت بات (شنکھک) اور سب سر کی بیماریون پر لیپ] چھتاری۔ نیلا کنول۔ دوب۔ کالے تل۔ گدا پورنیا ان پانچون کو ہموزن لے کر پانی مین پیسکر لیپ کرے تو ادھر کی بیماریان دور ہون۔

پت کے سوجن پر لیپ] ملیٹھی۔ صندل سُرخ۔ موربا۔ نرکٹ کی جڑ۔ پدماکھ۔ خس۔ نیترابالا۔ کنول یہ سب ہموزن لیکر پانی مین پیسکر لیپ کرے تو پت کی سوجن دور ہو۔

گھٹ کی سوجن] پیپل۔ بینا۔ سینجنے کی چھال۔ باؤ یا کھا۔ ان کو گئو موتر میں پیسکر گرم لیپ کرے تو گھٹ کی سوجن دور ہو۔

آتشک اور خون سے پیدا ہوئے سوجن پر لیپ] ہلدی۔ دار ہلدی۔ صندل سفید اور سرخ۔ بڑ۔ دوب۔ گدا پورینا۔ خس۔ پدماکھ۔ لودھ۔ گیرو۔ رسوت۔ زیرہ۔ یہ سب ہموزن لے کر پانی میں پیس کر لیپ کرے تو خونی سوجن دور ہو۔

پھوڑا پکانے کے لئے لیپ] سن کی جڑ۔ مولی۔ سینجنے کے بیج۔ تل۔ سرسون۔ جو۔ گیہوں کی کیٹ۔ السی۔ یہ سب چیزیں ہموزن لیکر پانی میں پیسکر لیپ کرے تو پھوڑا پک جائے۔

پھوڑے کے پھوڑنے کے واسطے لیپ] لٹ زیرہ کی جڑ۔ جیت کی جڑ یا چھال۔ سینہڈا۔ مدار کا دودھ۔ گڑ۔ بھلاتوان۔ کسیس۔ سینڈھا نمک یہ دوائیں دودھ میں پیسکر زخم پر لیپ کرے تو پھوٹ جائے یا کرنج کی مینگی۔ بھلاتوان۔ دانتی کی جڑ کی چھال۔ جیت۔ کنیر یہ پانچوں دوائیں کبوتر یا کنج و گدھ کی بیٹ میں پیسکر لیپ کرے تو پھوڑا پھوٹے۔ یا سجی اور جو کھار دونوں کا لیپ کرے یا چوک کی جڑ کا لیپ کرے تو بھی پھوڑا پھوٹے۔

پھوڑا صاف کرنے کے لئے لیپ] تل۔ سینڈھا۔ ملیٹھی۔ نیم کے پتے۔ ہلدی۔ رسوت۔ یہ سب برابر لے کر سفوف بنا کر گھی میں گھیپے اور پھوٹے ہوئے پھوڑے پر لگائے یا ان کی ٹکیا بنا کر گھی میں پکاوے جب ٹکیا جل جائے تب ٹکیا پھینک کر گھی کا لیپ کرے تو پھوڑا صاف ہو۔

ایضاً] نیم کے پتے۔ گھی۔ شہد۔ دار ہلدی۔ ملیٹھی۔ تل۔ ان سب کو پیسکر لیپ کرے تو پھوڑا صاف ہو کر بھر آوے۔

کیڑوں کا مارنے والا لیپ] کرنج۔ نیم۔ بکائن۔ تینوں کو گھس کر کیڑوں کی جگہ میں بھرے تو کیڑے مر جائیں۔ یا لہسن یا ہینگ یا ہینگ و نیم کے پتے بھرے تو کیڑے مر جاویں۔

پھوڑے کے صاف کرنے اور بھرنے کا لیپ] نیم کے پتے۔ تل۔ دانتونی کی جڑ۔ سینڈھا نمک ہموزن لیکر شہد ملا کر لیپ کرے تو پھوڑا صاف ہو کر بھر آوے

پیٹ کے درد کے لئے لیپ] مین پھل-کٹکی-کانجی مین پیسکر کچھ گرم کرکے ناف پر لیپ کرے تو پیٹ کا درد دور ہو-

پھوڑون پر لیپ] سہجنے کی چھال-بکائن کے پتے ارنڈ کی جڑ-جو-گیہون-سونٹھ یہ سب برابر لے کر پیس کر لیپ کرین تو پھنسیان بیٹھ جائین-

پیت کے پھوڑے پر لیپ] لاوا اور ملیٹھی کا شکر یا گھی مین لیپ کرے یا اسگندھ خس-صندل سرخ دودھ مین پیسکر لیپ کرے تو پیٹ کا پھوڑا دور ہو-

کف کے پھوڑے پر لیپ] اینٹ-بالو-لوہے کی کیٹ-گوبر کو گؤ موتر مین پیسکر لیپ کرے تو کف کا پھوڑا دور ہو-

پھوڑے پر لیپ] صندل سرخ-مجیٹھ-ہلدی-ملیٹھی دودھ مین پیسکر چوٹ یا خون کے فساد پر لیپ کرے تو اچھا ہو-

بات سے پیدا ہوئے کنٹھ مالے پر لیپ] بیت اور سہجنے کے بیج ہموزن لے کر پانی مین پیس کر پرویہ نامی لیپ کرے تو یہ درد دور ہو اسی طرح دیمول کا لیپ کرے-

کنٹھ مالے کا لیپ] دیودار-اندرائن-دونون کو برابر لے اور لیپ کرے تو کنٹھ مالا دور ہو-

لنبچی پر لیپ] سرسون-نیم کے پتے اور بھلانوان تینون کو ہموزن لیکر مینڈھے کے پیشاب مین پیسکر لیپ کرین تو لنبچی جاوے-

کنٹھ مالے اور اربد پر لیپ] سرسون-سہجنے اور سنئی کے بیج-السی-جو-اور مولی کے بیج-یہ دوائین ہموزن لے کر مٹھے مین پیسکر لیپ کرے تو کنٹھ مالا اربد کو نفع دے-

پیلیا پر لیپ] دھتورہ-ارنڈ-میورے تینون کی پتی-گدا پورنیا-سہجنے کی چھال-سرسون ان سب کو پیسکر پرانے پیلیا پر بھی لیپ کرے تو بھی اچھا ہو جائے گا-

سلہ آم کے چیپ کا پھاہا بنا کر کنٹھ مالے پر لگایا جاوے تو پرانا کنٹھ مالا بھی اچھا ہو جاوے ۱۲ مصحح

آتشک پر لیپ] کنیر کی جڑ پانی مین پیس کر دانون پر لیپ کرے تو آتشک کی سوزش دور ہو۔

آتشک کے زخمون پر لیپ] کالا زیرہ۔ باؤ بیر۔ کوٹ۔ ارنڈ کی جڑ۔ بیر کی چھال برابر وزن لے کر پانی مین پیس کر لیپ کرے تو اگر فوطون تک بھی آتشک کا زخم پہونچ گیا ہو تب بھی نفع دے۔ یا ترپھلا کڑھائی مین جلا کر راکھ شہد مین پھینٹ کر لیپ کرے تو بھی آتشک کے زخم بھر جاوین۔ یا رسوت۔ سرسون دونون کو برابر پیس کر شہد مین گھیپ کر لیپ کرے تو بہتی ہوئی پیپ بھی اچھی ہو۔

جلے ہوسے پر لیپ] بنسلوچن۔ پاکر۔ صندل سُرخ۔ گیرو۔ گرج۔ ان سب کو پیسکر گھی مین ملا کر جلے ہوسے پر لگا وے یا گھی کو چولائی کے کواتھ مین ملا کر لیپ کرے یا جو کی راکھ کا تل کے تیل کے ساتھ لیپ کرے تو جلے ہوئے کے زخم اچھے ہون۔

تنگی فرج کے لئے] ڈھاک کے پھل۔ گولر کے پھل۔ تل کے تیل مین پیس کر شہد ملا کر شرمگاہ مین لیپ کرے تو تنگ ہو جائے۔ یا مازو۔ کپور۔ پیس کر شہد مین ملا کر لیپ کرے تو بہت ہی تنگی آجائے۔

سختی عضو تناسل کے لئے] مرچ سیاہ۔ سیندھا۔ پیپل۔ تگر۔ بھٹکٹیا کے پھل۔ لٹ زیرہ کا بیج۔ کالے تل۔ جو۔ اُڑد۔ اسگندھ۔ برابر وزن لے کر پیس کر شہد مین ملا کر ملاکرے تو سختی آسئے۔ اور حجم بڑھے۔ اور یہی لیپ عورت کے پستان پر کرے تو سخت ہو جائین۔ اسی طرح مرد کے بازو اور کانون پر ملنے سے نفع دیتا ہے۔ یا سفید پھول کا اسگندھ اور سیندھا نمک دونون کو پیس کر چوگنا گھی اور گھی سے چوگنا بھیڑ کا دودھ سب کو یکجا کرکے دھیمی آنچ پر پکا وے جب دودھ جلجائے چھان کر لیپ کرے تو سخت ہو اور فربہی لاوے۔

بند چیچ پر لیپ] اندرن کے پتون کا رس لے کر پارہ ملا کر لال کنیر کے سونٹے سے

نگوٹھے جب ایک ذات ہو جائے تب عضو تناسل پر لیپ کرکے ہم صحبت ہو تو عورت منزل ہو اور مرد کو سیری نہ ہو۔

جسم کی بدبو دفع کرنے کے لئے لیپ] پانون کو بڑا اور پانی مین پیسکر لیپ کرے تو جسم کی بو جائے۔ یا بجھی ہوئی کلنجی۔ کوٹ۔ جٹا ماسی۔ سفید صندل کا بُرادہ۔ بھنے ہوے چنے ان کو پیس چھان کر خشک ملے تو بھی جسم کی بدبو دور ہو۔

لبسی کرن (سندر) لیپ] بچ۔ کالا نمک۔ کوٹ۔ ہلدی۔ دارہلدی۔ مرچ سیاہ ہموزن لے کر پانی مین پیس کر جسم مین لگائے تو اچھا ہے۔

باب اکتیسوان

رت یعنی فصل دن چرجا۔ مرات ساربرک کے بیان مین

چھوٹوں رتون کا بیان

ہم رت۔ ششر رت۔ بسنت رت۔ گرکھیم رت۔ برکھا رت۔ سرد رت۔ یہ فصلین دو دو مہینے کی ہین۔ اگھن پوس تو ہم رت۔ ماگھ پھاگن ششر رت۔ چیت بیساکھ بسنت رت۔ جیٹھ اساڑھ گرکھیم رت۔ ساون بھادون برکھا رت۔ کنوار کاتک سرد رت۔

اور طریقہ

میکھ اور برکھ کے شنکرات یہ دونون گرکھیم رت ہین اور متھن اور کرک شنکرات کو پراوٹ رت کہتے ہین۔ اس فصل مین بادلون سے آسمان گھرا رہتا ہے اور تھوڑا پانی تھوڑے تھوڑے کے لئے برسے یہ برکھا رت کی قسم ہے اور سنگھ اور کنیا کی شنکرات کو برکھا رت کہتے ہین۔ کمبھ اور مین کی شنکرات کو بسنت رت بولتے ہین۔

ان چھئوں فصلوں میں خلطوں کے زور یا کمزوری کا حال

گریکھم رت میں باد کا جماؤ اور برسات میں باد فاسد ہوتی ہے اور سرد میں وہ کم ہو جاتی ہے۔ اور برکھا میں صفرا کا جماؤ ہوتا ہے اور برکھا رت میں صفرا فاسد اور ہیم رت میں صفرا کم ہوتا ہے۔ششر رت میں بلغم کا جماؤ۔ بسنت رت میں بلغم فاسد ہوتا ہے۔گریکھم رت میں بلغم دور ہوتا ہے۔ وقت وقت پر باد صفرا اور بلغم کی زیادتی اور کمی غذا اور آسائش کے تفرقہ سے ہوتی ہے اور وقت پر آپ ہی دور ہوتے ہیں۔

باد کے فساد کی غذا اور آسایش کے تفرقے کی کیفیت ہے

بغیر وقت کے ہلکی روکھی چیز یا تھوڑی چیز اور بہت سرد چیز۔ بہت ریاضت سے شام کے وقت جماع کرنے اور فکر سے۔ اور رات کے جاگنے ضرب لگنے سے غذا کی بدہضمی سے۔ منی کے زائل ہونے سے اور باعثوں سے باد فاسد ہوتی ہے جو باد کے دور کرنے کا علاج ہو تو باد دور ہو۔

صفرا کے فساد پیدا کرنے والی غذا اور آسایش کے تفرقہ کی صورت

کڑوی اور ترش اور گرم اور تیکھی چیزیں بہت کھاوے اور غصّہ سے دھوپ وغیرہ کی گرمی سے دوپہر کے وقت بھوکھ اور پیاس کے روکنے سے بدہضمی کے ہونے سے صفرا فاسد ہو اور صفرا کے علاج کرنے سے صفرا دور ہوتا ہے۔

بلغم کے فساد کی پیدا کرنے والی غذا اور آسایش

شیریں اور مرغن چیزوں کے کھانے اور ٹھنڈی غذاؤں کے کھانے اور دن کے سونے سے قوت ہاضمہ سُست ہو جاوے اور صبح کے وقت غذا کھانے کے بعد محنت سے اور باعثوں سے فاسد ہوتا ہے اور بلغم کے فساد کے دور

کرنے کے باعثون سے یہ فساد زائل ہو۔
ہم رت مین آسایش اور غذا کا استعمال] نئی بھینس اور گاسے کا دودھ اور قند سیاہ ۔ دہی ۔ نمک ۔ تیل کی مالش ۔ تل ۔ گندم ۔ ماش اور مصری وغیرہ میٹھی چیزین اور زنجبیل مع ہلیلہ کے استعمال اور آگ اور جہان ہوا نہ ہو وہ جگہ اور نیا کپڑا اور نئی عورت وغیرہ مفید ہین۔
ششر رت کی آسائش اور غذا کا استعمال] مع پیپل کے ہلیلہ ۔ مرچ ۔ ادرک ۔ نیا گھی ۔ سیندھا نمک ۔ قند سیاہ ۔ دہی اور جو ہم رت مین بیان کئے ہین وہ سب استعمال کرے ۔
بسنت رت کی آسائش اور غذا کا استعمال] بسنت رت مین جو بلغم فاسد ہو وہ بلغم کی بیماریون کو پیدا کرے اور قوت ہاضمہ زائل ہووے اس لئے مع شہد کے ہڑون کا استعمال کرے تو بلغم دور ہو اور بدن مین طاقت ہو اور بسنت رت مین تریوکھہ اور چترک کا کھانا بہت فائدہ بخشتا ہے اور بلغم کی زائل کرنیوالی چیزین بھی مفید ہین ۔
گر یکھم رت کی آسائش اور غذا کا استعمال] گر یکھم رت مین آفتاب سب جاندارون کی طاقت زائل کرتا ہے ۔ اس لئے درختون کے سایئے کا استعمال کرنا چاہیئے ۔ اور قند سیاہ کے ساتھ ہلیلہ ۔ ٹھنڈا پانی اور شیرین چیزین اور ہلکی غذا ۔ داکھ اور چکنی چیزین ۔ شکھرن ۔ ستو ۔ مصری کا شربت ٹھنڈے پانی مین پیرنا ۔ خس خانہ اور پھوہارے وغیرہ کا چھڑانا اور کافور اور چندن ملنا اور رون کا سونا ۔ خس کا پنکھا اور کھیر کھانا اور اور بھی عمدہ لطیف غذاؤن کا کھانا اس فصل مین مفید ہے اور کڑوی اور تیکھی چیزین نمک اور کھٹائی اور جلن پیدا کرنے والی چیزین محنت شراب اور دھوپ کا استعمال نہ کرنا چاہیئے ۔
برکھا رت کی آسائش اور غذا کا استعمال] سیندھا نمک مع ہلیلہ کے

روغن چیزین - نمک - کھٹائی - ثعلب مصری - زنجبیل - پیپل - سیاہ مرچ - پیپلا مول - چترک اور سیندھا نمک - دہی کا مٹھا - گرم پانی اور کنوین کا پانی - سپید کپڑے بطور سیر کے مین کر گھومنا ہلکی غذا کا کھانا اور جلاب یہ سب مفید ہین -

مذکورہ ذیل باتون کا استعمال کرنا منع ہے] دن کا سونا - محنت - دھوپ مین رہنا - تالاب کا پانی - دہی - دھنیا - اور جنگل کا رہنا اور جماع کرنا یہ برکھارت مین نہ چاہئیین -

سرورت کی آسائش اور غذا کا استعمال] برکھارت مین جو صفرا پیدا ہوتا ہے وہ سرورت مین فاسد ہوتا ہے اس لئے اس کے دفع کرنے کے لئے مصری سمیت ہڑ کا استعمال اور شیرین چیزین اور سانٹھی کے چانول مونگ اور چشمون کا پانی - اوٹا ہوا دودھ مفید ہین - اور تیکھی چیزین - نمک - کھٹائی - شراب - دودھ اور دن کا سونا - منسر کی ہوا منع ہے - اور فصل اترنے مین سات دن تک فصل کا طریقہ اختیار کرے اور آٹھوین دن سے فصل مین تبلائے ہوے کام کرے -

دن چریا یعنی جو دن مین کرنا لازم ہے اُس کا بیان

مرد چار گھڑی کے تڑکے اُٹھ کر اپنے معبود کو یاد کرکے یہ فکر کرے کہ آج کے دن ہم کو یہ کام کرنا ہے اور یہ نہین کرنا ہے - پھر پلنگ پر سے اُٹھ کر ضروریات سے فارغ ہو اور پاخانہ کا زور نہ روکے اور جانب جنوب منھ کرکے دن کو حاجت سے فراغت کرے اور رات کو شمال کی طرف مُنھ کرے اور اُسوقت مُنھ سے نہ بولے بعد ازان کسی سیدھے درخت مولسری وغیرہ کی مثل اپنی انگشت خنصر کے پتلی اور سیدھی بارہ اُنگل کی داتون کرے پھر اُس کو پھاڑ کر زبان کو صاف کرے پھر ٹھنڈے پانی سے بارہ کلی کرے اور ٹھنڈے ہی پانی سے مُنھ دھووے تو مُنھ کی سب بیماریان دور ہون اور دانتون مین سیندھا نمک اور زنجبیل پھنا ہوا زیرہ ملا کر ہر روز منجن کرے تو دانتون کی

بیماریاں دور ہوں اور بدن میں تارائن تیل وغیرہ کی مالش کرے پھر اس کی چکنائی کے دور کرنے کے لئے چنے کا آٹا وغیرہ کا اُبٹن کرے اور اپنی قوت کے موافق ورزش کرے پھر پسینہ دور کر کے گرم پانی سے نہاوے تو کوئی آزار نہ ہو۔

نہانے کے فائدے

نہانا فکر اور گرمی کی بیماریاں اور سینہ کی جلن اور فساد خون اور بدن کی بدبو کو دور کرتا ہے اور رنگ اور نور کو بڑھاتا ہے اور گناہ اور دل کی نفرت کو دور کرتا ہے اور بھوکھ اور رغبت اور عقل اور مذہب اور آسائش کی بھی ترقی کرتا ہے اور بدن کو بہت آرام پہونچاتا ہے اور بدن کا دُبلاپن اور راہ کی تکان اور کمزوری کو دور کرتا ہے اور مذکورہ ذیل مرضوں کا بیمار نہ نہاوے نیند کے بعد یا نیند نہ آتی ہو اور بخار اور ہچکی کا بیمار اور دُبلا آدمی بعد غذا کھانے کے بھی نہ نہاوے اور بلغم باد اور دستے کا مریض بھی نہ نہاوے پھر اپنے معبود دیوتا گائے برہمن مرشد مہمان وغیرہ کی پرستش اور خاطر تواضع کر کے اپنی طاقت کے موافق خیرات دے پھر دوپہر معہ اپنے سب عیال و اطفال کے کھانا کھاوے پہلے شیریں اور مرغن اور فائدہ مند کھانا۔ چانول۔ مونگ۔ اور گیہوں وغیرہ کی نان مع روغن زرد کسی ترکاری کے ساتھ کھاوے اور آہستہ آہستہ کھانا کھاوے جلدی نہ کرے اور کھانا کھانے کے بعد مصری ملا کر شیر پیئے اور کھانا کھانے کے بعد دہی نہ کھاوے اور کھانا زیادہ و کم نہ کھاوے اپنی رغبت کے موافق کھاوے اور کھانا کھاتے وقت والدین۔ دوست۔ بید اور نانبائی۔ مور۔ چکور۔ مرغ۔ کتا۔ بندر ان کو بٹھالے کیوں کہ ان کی نظر اچھی ہے۔ اور اگست۔ کمبھ کرن۔ سنیچر۔ بڑوانل۔ بھیم سین ان پانچوں کو یاد کرلے تو غذا بخوبی تمام ہضم ہو جائے اور کھانا کھانے کے بعد خوشبودار پھولوں کی مالا اور عطر اور اچھے کپڑے پہنے اور پھر خس کے پنکھے وغیرہ کی ہوا لے اور

ٹھنڈے سایے مین رہے اور کھانا کھانے کے بعد ٹھنڈا اور شیرین تھوڑا تھوڑا پانی پیئے اور بہت نہ پیئے اور اگر بہت پیئے تو بیماریان ہون اور کھانا کھانے کے شروع مین پانی پیئے تو قوت ہاضمہ باطل ہو جائے اور کھانا کھانے کے بعد پیئے تو زہر کی تاثیر رکھتا ہے اور بدہضمی مین پانی پیئے تو ہاضمہ ہوا ور ہضم ہونے کے بعد پانی پیئے تو بدن مین طاقت ہوا ور شب کے آخر مین پانی پیئے تو سب بیماریان دور ہون۔ اور کھانا کھا کر بیٹھ جاوے تو بھاری پن ہوا ور کھانا کھانے کے بعد سیدھا ہو جاوے تو قوت ہوا ور بائین کروٹ سووے تو عمر درازی ہوا ور کھانے کے بعد دوڑے تو گویا اُس کے ساتھ موت دوڑتی ہے۔ کھانا کھانے کے بعد بائین کروٹ سے دو گھڑی تک سووے مگر نیند سے کھانا کھانے کے بعد سو قدم چلے لکھا تیکے بعد گاے کی چھاچھ پیئے تو فائدہ بخش ہے اور اچھے رات کے جمے ہوے بھینس یا گاے کے دہی کو کپڑے مین مسلکر چھان کر اور اس مین مصری کا بورہ اور مرچ اور الائچی بھیم سینی کا فور وغیرہ انداز کے موافق ملاکر اس شکھرن کو پیئے تو منی اور قوت کی ترقی ہوا ور رغبت پیدا کرے اور باد صفرا کی بیماریون کو دور کرے اور بھینس کے دہی کو چھان کر اُس مین زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ رائی اور سیندھا نمک ملاکر انداز کے موافق کھاوے تو بلغم بادکو دور کرے اور یہ طاقت کو پیدا کرتا ہے اور سردی مین دہی نہ کھاوے اور شام کے وقت اتنی باتین نہ کرے۔ غذا۔ جماع۔ نیند۔ پڑھنا۔ شام کے وقت کھانا کھاوے تو بیماریان ہون اور جو شام کے وقت مباشرت کرے تو خوفناک اور خراب اولاد ہو۔ نیند آوے تو مصائب دریپش آوین اور پڑھنے سے عمر کم ہو جاوے۔

راترچریا یعنی شب کے آرام و آسایش کا بیان

شب کو ماہتاب کی چاندنی مین سونے سے باہ کی زیادتی ہوا ور وہ چاندنی بدن کی جلن کو دور کرے اور اندھیری رات آرام کو کم کر دیتی ہے۔ رات کے پہلے پہر کھانا

وغیرہ سے فارغ ہو پھر عمدہ جگہ مین سو جاوے اور خوبصورت جوان عورت سے اپنی طاقت کے موافق جماع کرے اور جو قوت نہ ہو تو خوبصورت عورت بھی نہ کرے اور اس کے شروع مین بھینس یا گائے کا دودھ اوٹاکر مصری ملاکر پیئے اور فراغت کے بعد رغبت کے موافق پیئے تو اس سے کمزوری بھی دور ہوتی ہے اور بڑھاپا کبھی نہین ہوتا۔

مذکورۂ ذیل چھ چیزین جان کو تلف کر ڈالتی ہین

سڑے ہوئے گوشت کا کھانا۔ بوڑھی عورت سے جماع کرنا۔ دھوپ کا سونا۔ اسی وقت کا جا ہوا دہی۔ صبح کے وقت کا جماع اور صبح کے وقت کی نیند۔

نیچے لکھی ہوئی چھ چیزین آدمی کو جلدی فائدہ پہونچاتی ہین

نیا غلہ۔ نیا گوشت۔ کم سن عورت۔ کھیر کھانا۔ نیا گھی۔ گرم پانی سے نہانا۔

چھون رُت یعنی فصلون مین اس طرح جماع کرنا چاہیئے

ہیم رت اور ششر رت مین تو اپنی طاقت کے موافق عورت سے بار بار قربت کرے تو کوئی بیماری نہ ہو اور بدن مین آرام رہے اور بسنت اور سرد رت مین تیسرے اور چوتھے دن جماع کرنا چاہیئے اور برکھا رت مین پانچوین اور گرمی مین چھٹے یا پندرھوین دن قربت اختیار کرے اور سرد رت مین رات کو اور گرمی اور برکھا رت مین دن اور رات کو جب بادل گرجے اور برسے قربت اختیار کرے اور سرد رت مین جب طبیعت چاہے تو کرے۔

اتنی عورتون سے قربت نہ اختیار کرے) حائضہ۔ بیمار عورت۔ بوڑھی۔ اور جس عورت کو شہوت نہ ہو۔ میلی عورت سے۔ سات مہینے کی حاملہ سے اور جس عورت کی فرج مین گرمی کا آزار ہو۔

اور طرح بھی جماع منع ہے] خوفناک مرد۔ پریشان حالت۔ پیاسا۔ بیمار لڑکا۔ بوڑھا جنکو پاخانہ اور پیشاب کا زور ہو۔ اتنے مرد جماع نہ کریں۔

زیادہ قربت اختیار کرنے سے اتنی بیماریاں ہوتی ہیں] سول چلے۔ کھانسی آوے۔ بخم جور ہو۔ کمزور ہو جاوے اور باد کی پکشا۔ گھات وغیرہ بیماریاں ہوتی ہیں۔ اور جماع کے بعد نہاوے اور مصری ملا کر گرم دودھ پیئے اور گوشت وغیرہ میٹھا رس کھاوے اور خس کے پنکھے سے ہوا کراوے اور سو جاوے بہت نہ جاگے اور دن کو بہت نہ سووے اور رات کے آخر میں پانچ گھڑی تڑکے اٹھ کر آٹھ چلو پانی پیئے پھر چار گھڑی کے تڑکے اُٹھے اسی طرح ہمیشہ عمل کرے تو اس آدمی کو کبھی بیماری نہ ہو یہ سب طریقے سارنگ دھر اور بھاؤ پرکاش میں لکھے ہیں۔

آدمیوں کے بدن میں جو کچھ باد صفرا بلغم خلطیں اور سب دھاتو اوپ دھاتو اور بدن کی پیدائش اور موت وغیرہ سب کی صورتیں اپنی عقل کے مطابق لکھتے ہیں۔ آدمی کے بدن میں اتنی چیزیں ہیں۔ سات کلا۔ سات آشیہ۔ سات دھاتو۔ سات اوپ دھاتو۔ ساتوں دھاتوں کے میل۔ سات تو چا۔ سات دوکھ۔ اس جسم میں گوشت استخوان اور چربی۔ ان سب کے باندھنے کی نسیں ۹۰۰ ہیں اور ۲۱۰ اس میں ہڈیاں۔ اور کئی بیدوں کی رائے سے ۳۰۰ ہڈیاں ہیں۔ اور ایک سو سات مرم استھان ہیں اس میں ۷۰۰ نسیں ہیں۔ رس کی بہنے والی۔ دھمنی ناڑی ۲۴ ہیں گوشت کی پنڈی پانچسو ہیں۔ عورتوں کی گوشت کی پنڈی پانچسو بیس ہیں۔ سب سے بڑی ناڑیاں جو کل بدن میں پھیلی ہوئی ہیں سولہ ہیں جن کو کنڈرا بولتے ہیں اس آدمی کے بدن میں دس سوراخ ہیں۔ عورت کے بدن میں تیرہ سوراخ ہیں۔ عورت کے بدن میں اس علم اور اپنی عقل کے مطابق جو کچھ ہے وہ ذیل میں بیان کیا جاتا ہے

کلا کا سروپ

دھاتو اور اوپ دھاتو کے بیچ میں جو جھلی ہے جس میں نیچے رہتے ہیں اس کو کلا بولتے ہیں وہ کلا سات قسم کی ہے اور گوشت خون چربی ان تینوں کے بیچ میں ایک جھلی

ہے۔ اُن کے اور پھیپا کے بیچ مین ایک جھلی ہے۔ آنتون کے بیچ مین ایک جھلی ہے ایک جھلی شکم کی آگ کو اپنے اوپر اختیار کئے ہے اور ایک جھلی منی کو لئے ہے ان کو سات کلا بولتے ہین۔

سات آشیہ

سینہ مین آشیہ نام مقام کف کی جگہ ہے اور سینہ کے نیچے آنون کی جگہ ناف کے اوپر بائین طرف آگ کی جگہ۔ آگ کے اوپر تل ہے۔ ناف کے نیچے ہوا کی جگہ ہوا کی جگہ کے نیچے پیڑو مین فضلہ کی جگہ۔ پیڑو کے ساتھ ہی کچھ نیچے پیشاب کی جگہ اسکو سبت بولتے ہین۔ سینہ سے کچھ اوپر جان اور خون کی جگہ۔ یہ سب عورت اور مردون کی جگہ ہین۔ اور عورت کے تین جگہ زیادہ ہین ایک تو رحم اور دو دودھ کی جگہ یعنی پستان

سات دھاتو

رس۔ خون۔ گوشت۔ چربی۔ ہڈی۔ شحم۔ منی۔ یہ ساتون دھاتو صفرا کی تیزی سے پکی ہوئی ایک مہینے مین منی کو پیدا کرتی ہین اور چھ چھ دن ایک ایک دھاتو پیدا ہوتی ہین اور جو غذا کھاوے وہ صفرا کی تیزی سے پکے پہلے رس پیدا ہو پھر وہ صفرا کی تیزی سے پک کر وہی رس خون ہوتا ہے۔ اسی طرح ساتون دھاتون کو جان لینا۔

ساتون اوپدھاتو

زبان کا۔ آنکھون کا۔ رخسارے کا میل یہ تینون رس دھاتو ہین۔ باد بلغم صفرا خون کی اوپدھاتو مین کان کے میل کو گوشت کی اوپدھاتو جانو۔ زبان اور دانتون کے میل کو اوپدھاتو جانو۔ بیسون ناخنون کو استخوان کی اوپدھاتو کہتے ہین آنکھون مین سے کیچڑ آوے اسکو اوپدھاتو جانو۔ منھ کے اوپر چکناپن اور سیاہ پن یہ نطفہ کی اوپدھاتو ہین۔ اور عورت کے دو دھاتو اور ہین ایک تو عورت کا دودھ اور دوسرے حیض کا خون یہ دونون وقت پر ہوتے ہین۔ اور وقت ہی مین جاتے رہتے ہین۔ اور یہی ساتون دھاتون سے پیدا ہوتے ہین۔ صاف گوشت سے

جو کچھ پیدا ہوا اُسے بسا ہوتے ہین۔ پسینا۔ دانت۔ بال یہ سب بدن مین رہتے ہین سو چکنے اور ٹھنڈے ہین۔ بدن مین طاقت اور تازگی لانے والے ہین۔ یہ بھی ساتون دھاتون سے پیدا ہوتے ہین

ذکر ساتون توچا یعنی جلد کا

اوپر کی توچا اوبھاسنی نامے چکنی ہے اور بھبوت کی جگہ ہے اور دوسری سُرخ ہے جس مین تل پیدا ہوتے ہین۔ تیسری توچا سفید ہے اور اس مین چرم دل نامے بیماری پیدا ہوتی ہے۔ چوتھی توچا شکل تانبے کے رنگ کے ہے اُس مین سفید کوڑھ پیدا ہوتا ہے۔ پانچوین توچا کا بیدنی نام ہے اُس مین سب قسم کے جذام ہوتے ہین۔ چھٹی توچا رودہنی ہے ان مین گومڑے۔ کنٹھ مالا وغیرہ پیدا ہوتے ہین۔ ساتوین توچا استھول نامی ہے اُس مین بدودھ رہتا ہے۔ یہ ساتون توچا دو جو کے برابر موٹی ہین۔

تینون دوکھون یعنی خلطون کی شکل

بایو یعنی باد۔ پت یعنی صفرا لف یعنی بلغم اور ان کو دوش اور مل بھی کہتے ہین۔ سو ایک ایک پانچ قسم کے ہین اور یہ پانچون علٰحدہ علٰحدہ جگہون مین رہتے ہین۔ ان تینون مین باد طاقتور ہے جو بدن مین سب چیزون کے حصّے کرکے سب بدن مین نسون کے ذریعہ سے سب طرف پہونچا دیتا ہے۔ صفرا اور بلغم لنگڑے ہین۔ یہ باد ہی اس بدن مین طاقتور ہے اور سب رسون کو بدن مین پہونچا دیتا ہے۔ یہ باد رجوگن سمیت باریک ٹھنڈا اور روکھا اور ہلکا ہے۔ یہ باد مواد کی جگہ مین کوٹھے مین ہاضمہ کی آگ کی جگہ مین سینہ اور حلق ہے۔ یہ اس کی خاص جگہ ہین اور یہ سب بدن مین رہتا ہے۔ مقعد مین تو اسکا اپان نام ہے اور ناف مین اس کا سمان۔ سینہ مین پران نام ہے۔ حلق مین اودان نام ہے اور جو سب بدن مین رہے اُسکو بیان بولتے ہین۔

پت یعنی صفرا کی شکل

پت یعنی صفرا گرم رقیق ستوگن لیے اور تلخ ہے۔ یہ جلکر ترش ہوتا ہے۔ تنچے یکجھی پانچ ہی جگہون مین رہتا ہے۔ آگ کی جگہ مین تل کے برابر ہوکر رہتا ہے۔ جلد مین

یہ نور کا پیدا کرنے والا ہے۔ آنکھوں میں رہکر سب کو دیکھنے والا ہے۔ یکرت یعنی معدہ میں رہکر سب چیزوں کو پچا دیتا ہے۔ اور کھائے ہوئے رس کو خون کر دیتا ہے اور جو سینہ میں صفرا رہتا ہے وہ عقل وغیرہ کو تیز کرتا ہے اور یہ صفرا کے نام ہیں۔ پاچک بھراجک۔ رنجک۔ الوچک۔ سادہک۔

بلغم کی صورت

بلغم چکنا۔ چپچپا۔ درتوگن لیے ہے یعنی اس میں حرارت غریزی زیادہ ہے۔ اور یہ جلا ہوا کھاری ہوتا ہے۔ آؤن کی جگہ۔ سر۔ گلا۔ سینہ۔ جوڑ۔ یہ اس کی خاص جگہ ہیں اور معدہ میں رہتا ہوا بدن کے قیام اور بدن کے اعضا کو نرم کرتا ہے۔ اسکے کلیدک سنہیں۔ رسن۔ اولنبک۔ بودھک پانچ نام ہیں۔

سنایو یعنی نسون کی شکل

لوگوں کے جسم میں گوشت۔ ہڈی اور چربی کے باندھنے میں سنایو نام نسین کہی ہیں۔

ہڈیوں کی شکل] بدن میں یہ قیام یعنی کھڑے ہونے کے سبب ہیں ان کے بغیر بدن کھڑا نہیں رہ سکتا اور بدن میں خلاصہ اصل جوہر یہی ہیں۔

مرم استھان کی شکل] جان کا قائم کرنے والا مرم استھان ہی ہے۔

نسون کی شکل] ہر ایک اعضا ان سے بندھا ہوا ہے اور باد صفرا اور بلغم اور سات دھاتوں کو بھی یہی نسین لے جاتی ہیں۔

دھمنی ناڑی کی شکل] دھمنی ناڑی رس اور ہوا کو بہاتی ہے۔

گوشت کی پنڈی کی شکل] گوشت کی پنڈی بدن میں قوت پیدا کرتی ہے اور بدن کو اختیار کرتی ہے۔

کنڈرا کی شکل] سب سے بڑی نسون کو کنڈرا بولتے ہیں وہ سولہ ہیں وہ سب اعضا کو پھیلاتی اور سکوڑتی ہیں۔

رس رندھر یعنی نسون کے سوراخوں کی شکل] ناک میں دو۔ آنکھوں میں دو اور کانوں میں بھی دو ہی ہیں اور آلت مقعد اور منھ میں ایک ایک سوراخ ہے۔

دسوان سر مین یہ مردون کے سوراخ ہین اور عورتون کے تین زیادہ ہین دو پستان مین ایک رحم کا اور اس بدن کے ہر ایک روئین مین بہت ہی باریک لاتعداد سوراخ ہین ناف کے پاس بائین طرف پھیپھڑا ہے جو اُدان باد کو اختیار کر رہا ہے اُسکو پھپھس بولتے ہین۔ ناف کے پاس دہنی طرف خون کے بہنے والی نسون کی جڑ کو پلیہہ اور رنجک نام پت کی جگہ مین خون کی جگہ کو کیترت بولتے ہین۔ ناف کے بائین حصہ مین آماشی کے اوپر جو تل ہے سو پانی کے جو بہنے والی نسین ہین اُنکی جڑ ہے اور وہ تل اُسکو ڈھک دیتا ہے اور کوکھ مین جو دو گولے ہین اُن کو برک کہتے ہین وہ جٹھر یعنی معدہ کو مضبوط کرتے ہین اور فوطہ منی کی لیجانے والی نسون کی بسانے والے ہین۔ اور یہ منی کو لے چلنے والے ہین۔ اور لنگ یعنی آلت حمل کا دینے والا ہے۔ اور نطفہ اور پیشاب کا گھر ہے۔ اور سینہ دل۔ عقل، غرور ان کی جگہ ہے اور ناف دھمنی وغیرہ نسون کا گھر ہے۔ اور سب بدن مین نسین ناف سے ہی پھیلی ہوئی ہین اور ناف سے اور یہان کی باد سے اور سب دھاتون کی ہوا ملنے سے ناف کی ہوا سب بدن کو تازہ کرتی ہے اور ناف کی ہوا دل مین جاکر اور پھوکر گلے کے باہر جاکر بشن پد کا جو امرت ہے اُسکے پینے کے لیے ناف کے ذریعہ سے جاتا ہے پھر وہ ہوا آسمان کا امرت پی کر پھر منھ ناک وغیرہ کے ذریعہ سے زور سے پیٹ مین پہونچتی ہے۔ اور پھر بدن کو اور جان کو اور جٹھر اگنی یعنی آتش قوت ہاضمہ کو طاقت اور دل اور بدن کی پران باد ملنے کو عمر کہتے ہین جو کسی وقت ناکامیل دور ہوا اُسی کو موت بتلاتے ہین۔ اس دنیا مین کوئی جاندار ہمیشہ زندہ نہین رہتا ہے مر ہی جاتا ہے اور وہ موت کوئی ہٹا نہین سکتا۔ جو بید ہے وہ بیماری کو دور کر سکتا ہے جس شخص کا مرض باعلاج ہے اور وہ شخص پرہیز نہ کرے تو اُس شخص کی وہ بیماری جاپیہ ہو جاتی ہے اور بدپرہیزی کیا کرے تو جاپیہ[1] روگ بھی لاعلاج ہو جاتا ہے اور وہ لادوا بیماری بدپرہیز بیمار کو ضرور مار ڈالتی ہے اس لیے عقلمند لوگ بیماریون سے بدن کی حفاظت کرین کرم بپاک کے جاننے والے کو دھرم ارتھ کام موکش ان چارون کا پھل کرنا چاہیے

---

[1] جاپیہ اس بیماری کا نام ہے کہ دو قطعون سے اور مشکل سے دور ہو یا ایسی بیماری کہ بیمار رد کیا گیا اور بیماری دبی رہے جیسے بواسیر وغیرہ ۱۲

وہ مجسم آدمیت ہی ہے جو اس آدمی کے بدن کو مارے وہ سب کو مارے اور جو اس بدن کی حفاظت کرے وہ سب کی حفاظت کرے ساتون دھاتون اور ساتون دھاتون کے میل اور باد صفرا بلغم یہ سب برابر بدن مین رہنے سے بدن کو فربہ کریں اور سب گھٹین بڑھین تو فاسد ہو کر جان کو تلف کر ڈالین ۔

اس دنیا کے پیدا ہونے کا بیان

اس کل دنیا کا سبب بیچون و بیچرا خداوند تعالی ہے اُس کی پرکرت کا مایا نام ہے اور اُسکی مایا ابدی ہے جیسے آفتاب کی روشنی سو اُس خداوند تعالی کی مایا ہے تو جڑ مگر چیتن کے ملنے سے اس فنا ہونے والی دنیا کو نٹوے کی طرح مایا نے بنایا ہے اُس نے عقل پیدا کی جو اچھا مسی اُس کا ست تو روپ ہے اور مہت تتو سے اہنکار پیدا ہووے سو وہ اہنکار قلب ۔ رجوگن ۔ تموگن ۔ ستوگن ۔ تین قسم کا ہوا پھر ستوگن رجوگن سے ملکر دش حواسون کو پیدا کیا اور قلب بھی ان دونون سے پیدا ہوتا ہے ۔

دس حواسون کی شکل] کان ۔ جلد ۔ آنکھین ۔ زبان ۔ ناک ۔ یہ تو پانچ گیان اندریان ۔ اور آواز ۔ ہاتھ ۔ پاؤن ۔ آلت ۔ مقعد ۔ یہ پانچ کرم اندری ہین ۔ اور تموگن ۔ ستوگن سے مل کر اہنکار سے پانچ تن ماترا کو پیدا کرتا ہے ۔

پانچون تن ماترا کی شکل] شبد یعنی آواز ۔ اسپرش یعنی چھونا ۔ روپ یعنی صورت ۔ رس ۔ گندھ ۔ یعنی خوشبو ان کو تنماترا بولتے ہین ۔ پھر پنج تن ماترا سے پانچ مہا بھوت پیدا ہوتے ہین ۔ شبد تن ماترا سے تو آسمان ۔ اسپرش تنماترا سے ۔ باد روپ ۔ تنماترا سے اگن رس تنماترا سے پانی ۔ گندھ تنماترا سے زمین پیدا ہوئی ہے ۔

گیان اندریون کے نام] کان کا کام آواز سننا ۔ توچا یعنی جلد کا کام چھونا ۔ آنکھ کا کام دیکھنا ۔ زبان کا کام لذت ذوق ۔ ناک کا کام خوشبو اور بدبو کا سونگھنا ۔

کرم اندریون کے کام] آواز کا کام بولنا ۔ ہاتھ کا کام کسی چیز کا لینا ۔ پاؤن کا کام چلنا ۔ آلت کا کام جماع کرنا اور مقعد کا کام پاخانہ کرنا ۔

پرکرت یعنی طبیعت ابدی الظہور] مہت تتو یعنی مہا اہنکار ۔ پنچ تنماترا ۔ پرکرتی

اندری یعنی حواس عشرہ من مہابھوت یعنی عناصر خمسہ یہ سولہ بکار ہین جب یہ سب ملین تو ہم
تو ہوتے ہین پھر پانچ عناصر کا یہ بدن مانند گھر بنا ہے تب اس گھر مین جیو یعنی روح بُرے
کرمون کے اختیار سے دل کے قالب مین ہوکر مسکن گزین ہوتا ہے پھر یہ روح کے اس بدن کو
عقلمند لوگ دیہی یعنی جسم کہتے ہین سو یہ جسم پاپ پُن سُکھ دُکھ سے ملا ہوا اور یہی دل سے بندھا ہوا
اپنے کیے ہوئے افعالون سے بندھا ہے اور کام یعنی شہوت - کرودھ یعنی غصہ - لوبھ یعنی طمع - موہ
یعنی محبت - اہنکار یعنی غرور دس اندری یعنی حواس عشرہ بُدھ یعنی عقل یہ سب اس روح کو باندھتے
ہین جو اس روح کو آتم گیان ہو تو مکت ہو یعنی تناسخ سے چھوٹے اور جس مین دُکھ ہو اسکو بیادھ
بولتے ہین اور جسمین سُکھ پیدا ہو اُسکو اروگ بولتے ہین -

غذا اور اُس کی پختگی اور حمل کی پیدائش اور لڑکے کی پرورش کی علامتین

جو غذا وغیرہ کھاوے وہ سینے کی پران نامے ہوا سے تحریک ہوکر آتشی کی جگہ مین پہونچے
تب وہی چھیون رسون کی غذا شیرین اور چکنا ہوجاوے پھر وہی غذا ہضم ہوکر کچھ ترشی
کو پہونچے پھر وہی غذا ناف کی سمان نامی ہوا سے متحرک ہوکر چھٹی گرہنی کلا مین پہونچے
تب وہ غذا معدہ کی آتش سے گرہنی کلا مین پہونچ کر کڑوی ہوجاے پھر وہی غذا معدہ کی
آتش سے ہضم ہوکر رس ہوجاوے اور اگر وہ بخوبی تمام پختہ نہ ہوا اور کچی رہے تو اسی غذا
کا آون ہوجاتا ہے اور جو معدہ کی آگ طاقتور ہو تو کھاتے ہی رس میٹھا ہوجاتا ہے پھر
چکنا ہوجاتا ہے پھر وہی رس خوب پکا ہوا کل بدن کی دھاتون کو یعنی اجزائے جسمانی کو
طاقتور کرے سو یہ رس مثل آب حیات کے ہوجاتا ہے اور جو یہ غذا سست آتش سے پکے
تو شکم مین تلخ رس ہوجاوے یا ترش ہو یا یہی رس مثل سم ہوجاوے یا یہ رس بیماریون
کے مجموعہ کو بدن مین عیان کردے اور بدن مین ورم پیدا کردے اور غذا کا رس بدن
مین منبع قوت ہے اور جو منبع قوت کے بغیر ہو تو فضلہ رقیق ہو وہ اچھا نہین اور پئے ہوئے
پانی کے جوہر کو نسون کے ذریعہ سے ہوا بدن مین پہونچاوے اور اس فضلہ رقیق کو
پیڑو مین پہونچا کر پیشاب کراوے اور وہ پیشاب آلت کے ذریعہ سے باہر نکلے اور غذا
کا رس ناف کی سمان نامے ہوا سے تحریک ہوکر سینہ مین جا پہونچے اور پھر وہ رس

بسبب صفرا کے ہضم ہو تو اُس کا رنگ سُرخ ہو اور پھر وہ رس خون ہو جاتا ہے سو وہ خون کل بدن مین رہتا ہے اور وہی جاندار کا سدرمق ہے اور وہ خوب چکنا اور بھاری ہے اور طاقت دہ اور شیرین ہے اور یہی جلا ہوا صفرا کی صورت ہو جاتا ہے ایک ایک دھاتو سوا چار چار روز مین پیدا ہوتی ہے آدمی کی ایک مہینے مین غذا کھائی ہوئی نطفہ ہو جاتی ہے اور عورتون کے بھی ایک مہینے مین حیض کا خون ہو جاتی ہے پھر مرد اور عورت مل کر دونون جماع کرین تب عورت کی فرج کا صاف خون اور مرد کا صاف نطفہ دونون فوراً مل کر عورت کے رحم مین حمل ہو جاتا ہے۔ پھر وہ فرج کے ذریعے سے نو مہینے بعد باہر نکلے تو اُس کو اولاد بولتے ہین اور اُس وقت عورت کا خون زیادہ ہو تو لڑکی ہو اور اگر مرد کا نطفہ زیادہ ہو تو لڑکا ہو اور جو عورت اور مرد کا نطفہ برابر ہو تو مخنث پیدا ہوا گے جو خداوند تعالیٰ کی مرضی ہو وہ ہو۔

لڑکے کے دوا دینے کا وزن

ایک مہینے کا لڑکا ہو تو دودھ مصری گھی اور شہد کے ساتھ ایک رتّی دوا دے جیسے جیسے لڑکا بڑھتا جاوے ویسے ہی دوا کا وزن ایک برس تک بڑھاتا جاوے اور ماشہ دوا سولہ برس تک دیوے اور بیچ وزن دوا کا ستر برس رکھنا چاہیئے پھر لڑکے کی طرح دوا کا وزن کم کرنا چاہیئے۔ یہ تو پھنکی وغیرہ کا وزن ہے اور کاڑھا اس سے چوگنا لے اور لڑکے کو کاجل اُبٹنا اور نہلانا چاہیئے اور مہینے کے مہینے لڑکے کو قے کرانا چاہیئے اور ملیٹھی گھس کر اُس کی گھٹی ہمیشہ دیوے اور کوُل لینی دوا کی گولی پانچوین سال دے اور جلاب سولہ برس کے بعد دے اور بیس برس کے بعد جماع اگر اس طریق پر عمل کرے تو اُسکو کبھی بیماری نہ ہو اور اُس کو کبھی بڑھاپا بھی نہ ہو۔ تیس برس تک بدن کی فربہی رہتی ہے اور چالیس برس تک عقل کی تیزی رہتی ہے اور پچاس برس تک جلد کی گہرائی رہتی ہے اور ساٹھ برس تک آنکھ کی روشنی درست رہتی ہے اور ستر برس تک بدن مین منی کی زیادتی رہتی ہے اور اسّی برس تک بدن مین قوت باہ رہتی ہے اور نوے سال تک اچھی طرح ہوش رہتا ہے سو برس

تک پہونچنے کا اور ہاتھ پاؤں میں طاقت اور پاخانہ اور پیشاب کرنے کا ہوش رہتا ہے اور ایک سو دس برس تک صرف یادداشت رہتی ہے اور ایک سو بیس برس تک صرف جان قالب میں رہتی ہے - جو یہ آدمی بغیر بیماری کے رہے تو عمر کا ایک سو بیس برس کا اندازہ ہے -

بادی مزاج کی علامتیں

بال چھوٹے اور بدن دبلا اور روکھا اور دل اُس کا متحرک اور آسمان میں رہنے والوں کے خواب ہوں -

صفرادی مزاج کی علامتیں

جوانی میں سفید بال ہوں عقلمند ہو - اور پسینا بہت آوے غصہ ور ہو خواب میں نور دیکھے -

بلغم کے مزاج کی علامتیں

جس کی عقل نہایت تیز ہو اور اُس کا بدن فربہ ہو اور چکنے بال ہوں طاقتور ہو خواب میں پانی کی جگہ یعنی چشمہ وغیرہ دیکھے -

دوسرا طریق مزاج کی علامتوں کی پہچان

بلغم اور تموگن زیادہ ہو تو غشی ہو اور باد صفرا اور رجوگن زیادہ ہو تو چکر اور بھول زیادہ ہو اور بلغم اور تموگن زیادہ ہو تو چکر آوین بھول بھی ہو بلغم باد اور تموگن زیادہ ہو تو غنودگی ہو اور طاقت زائل ہو نفرت ہو تکلیف اور بدہضمی ہو اور محنت سے بھی نفرت ہو اور تھکان ہو اور طاقت جاتی رہے دلیری نہ ہو اسکو سستی بولتے ہیں اسی طرح عقلمند آدمی اور بھی سمجھ لے -

خاتمۃ الطبع

ہزاران ہزار شکر اُس حکیم شافی مطلق کی درگاہ مین زیبا ہے جس نے صحت اور بیماری کو بنایا اور اعادت صحت کے لیے اور ازالۂ بیماری کے واسطے ادویات از قسم نباتات وحیوانات ومعدنیات پیدا کین اور طرح طرح کی اُن مین تاثیرین بخشین اور اپنی قدرت نمائی سے اُن ادویات کے منافع اور مضار پر انسان کو آگاہ کیا تاکہ جلب منفعت اور دفع مضرت کی استعداد حاصل کرے بس جاننا علم بیدک وطب کا کہ منجملہ نعماے خداے حکیم علی الاطلاق سے ہے۔ ہر فرد بشر کو لابد اور ضرور ہے لہذا ارباب حکمت کی خدمت مین تازہ بشارت ہے کہ ان دنون مین علم بیدک کی نادر کتاب جہان پسند عام مفید جس کا نام امرت ساگر ہے مین نے تالاب عمیق ان دواؤن مفرد ومرکب کا جن کی خاصیت ہم تاثیر آب حیات ہے یہ وہ کتاب ہے جو کسی زمانہ مین حسب الحکم مہاراجہ سوائی پرتاپ سنگھ بیکنٹھ باشی والی راج جے پور کے باتفاق راے بڑے بڑے بیدون کی عمدہ عمدہ پوتھیون بیدک سے آزمودہ دواؤن کے نادید نادر نسخون کا ترجمہ بھاکھا زبان مارواڑی مین ہوا تھا من بعد چونکہ وہ زبان بھاکھا خاص ایک دیس کی زبان تھی لہذا اس پوتھی کثیر المنافع کو منجانب مطبع بصرف زر بیدریغ پنڈت کالی چرن صاحب نے زبان سلیس بھاکھا مروجۂ ہر دیار وامصار مین صاف صاف ترجمہ فرمایا اور یہ پوتھی بحفظ حق تالیف اس مطبع مین اُس زبان بھاکھا سے چار مرتبہ چھپی جس نے دیکھا اُس نے پسند کیا۔ از بسکہ اس کی دواؤن کا شہرہ چاردانگ جہان مین پھیلا سب طرف سے خریدارون کی خواہش ہوئی تا اینکہ یہ کتاب چند مرتبہ مین ہزارہا چھپ کر دست بدست فروخت ہوگئی جس نے ایک نسخہ اس کا آزمایا سریع التاثیر پایا۔ دوا نے کام کیا بید کا نام ہوا پھر اس کتاب

مذکور مین بڑے بڑے بیدون کے مشورے اور صلاح سے عمدہ عمدہ نسخے بقدر ایک ثلث کتاب کے اور اور مستند بیدک کی کتابون سے مثل برہد تری - مدّھیہ تری لگھو تری کے بڑھائے گئے اور وہ بخط ناگری ٹیپ مین چھپی تھی خواہش سے خریدارون سنے مول لی فی الحال عموماً سب شائقین اس امر کے مصر ہوے کہ ایسی نادر کتاب کمیاب مع اضافہ جیسا کہ ناگری خط مین چھپی ہے اس کا ترجمہ اسی حیثیت سے اُردو زبان مین موافق روزمرہ عام فہم ہوکر طبع ہو چنانچہ بموجب خواہش شائقین کے منجانب مطبع بصارت کثیر ماہر زبان سنسکرت و بھاکھا و فارسی و اُردو پنڈت پیارے لال صاحب کاشمیری عرف رگو۔ مترجم زبان بھاکھا و سنسکرت و اُردو مطبع ہذا نے بہت خوبی سے ترجمہ کیا اور علامات تشخیص و امراض کو بکمال تشریح اور تصریح سے رقم کیا - الحاصل وہی ترجمہ اُردو امرت ساگر مذکور مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بسرپرستی عالیجناب معلی القاب جناب منشی رام کمار و منشی تیج کمار صاحبان مالکان مطبع مذکور بماہ نومبر ۱۹۳۹ء چودھوین بار باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ زیور طبع سے آراستہ ہوا

التماس مترجم

اکثر شائقین علم بیدک کی اس کتاب امرت ساگر اُردو کی نسبت یہ شکایت تھی کہ سنسکرت اور بھیو پورے زبان کی ادویات اور اصطلاحات جو کم مشہور ہین ان کی اُردو یا خاص بول چال کی زبان مین ترجمہ اور تشریح ہو جاوے تو پھر کوئی اس نادر کتاب کے سمجھنے اور علاج مین دقیقہ باقی نہ رہے لہٰذا مترجم کتاب ہذا نے نہایت مشقت اور جانفشانی سے اکثر کتب سنسکرت مثل نگھنٹ یا نگھنٹ چرک سشرت رام نیو بھاؤ پرکاش وغیرہ کی اعانت سے جن سے مجموعہ ہذا تیار ہوا ہے ایک حل مشکل الفاظ کا فرہنگ تیار کیا جو شامل کتاب ہذا ہے اور منتر جنتر کہ اُردو پڑھنے مین دقت واقع ہوتی تھی کل کتاب کے ناگری حرفون مین علیحدہ لکھے تاکہ عمل کے وقت صحیح طور پر زبان سے نکلین اور اس فرہنگ مین اکثر ماہرین علم بیدک کی بھی مدد لی گئی اور کئی دوائین کہ معدوم ہو گئی ہین اور ان کے عوض مین اور مشہور دوائین استعمال کی جاتی ہین ان کی تشریح بھی بشرح بسیط

فرہنگ ہذا مین درج کی گئی کہ یہ نادر کتاب عموماً فائدہ پہونچاوے اور کوئی دقیقہ تفہیم افہام کا باقی نہ رہے اور بہت محنت سے علم بیدک کے محاورات بھی حل کرکے لکھے البتہ چند ادویات جو خاص زبان پر منحصر ہین اُن کی تشریح سے مترجم کتاب ہذا معذور رہکر درج ذیل کرتا ہے اور اُمید رکھتا ہے کہ جو ارباب شائق کتاب ہذا ان دواؤن کی شناخت سے ہون یا موافق عام زبان ہندوستان کے ان کی تشریح سے واقف ہون کارخانے کو مطلع فرماوین کہ مکرر طبع مین اُنکا لحاظ رکھکر درج فرہنگ کی جاوین۔ ملیٹھی کی راکھ۔ نمی کرائی چھال اگن چھال۔ کسورہ۔ مان پات۔

المشتہر

پنڈت پیارے لال رگو مترجم کتاب ہذا

فرہنگ ادویات امرت ساگر اردو

نام دوا	معنی باشتریح	نام دوا	معنی باشتریح
الف			بھی مشہور ہے
اساپای کی چھال	پوست درخت انار	اسالو	آڑدو تلخ
آندھی جھاڑھ	لٹ زیرہ	اسگندھ	سفید کٹری عوام مین
اپامارگ	ایضاً		ناگوری اسگندھ بولتے
اتیس	لکھڑی		ہین
اجمود	تخم کرفس	اگر	عود غرقی
اچھیا بھیدی	جلاب کی مرکب دوا	اگست	درخت ہے
ارجن	نام درخت	اگن چھال	چیتے کی چھال
ارلو	سیونا درخت	اندرانی کی جڑ	بیخ حنظل
ارنی	انگیتی بوٹی	اندرائن کی جڑ	ایضاً
ارنڈولی	ارنڈ کا پھل	انگوٹ	ہنگوٹ
اڑوسہ	اپوخلسا۔ اس نام سے	ایلوا	صبر سقوطری

باب بائے موحدہ

نام دوا	معنی بالتشریح
بالچھڑ	سنبل الطیب
بانسے بڑنگ	بڑنگ کابلی
باراہی قند	بلائی کند
بانجھ ککوڑیکا رس	ندھیاکر کوٹکی کا رس ککسہ دیسی جو شل پرور کے ہوتا ہے۔
باوچی	باچی
بجورہ	اترج
بجے سار	لکڑی موافق کتھے کے ہوتی ہے۔
بچ	لکڑی
بدھارا	گرہ دار لکڑی
بداری قند	بلائی کند
براہمی	زرنب
بروہ	یہ پہاڑی دوا بہت کم ملتی ہے اسکے عوض میں اسگندھ ناگوری استعمال کرتے ہیں۔
بڑا گوکھرو	بڑا گوکھرو۔
برنا	ایک قسم کا بڑا درخت مثل برگد کے درخت کے

نام دوا	معنی بالتشریح
بڑنون	کھاری نمک
بسکھپرہ	گھاس ہے۔
بشن کانتا	سیاہ پھول ہوتا ہے بعض لوگ اس کو کوا گوڑی کہتے ہیں۔
بکھ کھپرہ	گھاس ہے
بکل	چھال پوست
بکائن	آزاد درخت
بندال	کڑوی تُرئی
بنولے کی مینگی	مغز بنولہ
بنولہ درخت کا پوست	کپاس کے درخت کی چھال
بور جھڑی	جھڑبیری
بول سر	مولسری
بھارنگی	ایک قسم کی بیل ہے سبز کر استعمال کی جاتی ہے۔
بھانگرہ	گھاس جنگلی
بھدارہ	باندھ بعض بید بدھارا کے نام سے استعمال کرتے ہیں
بھوپلی	ایک قسم کی مشہور پھلی
بھلانوہ	بلادر
بھوڈل	ابرک۔ طلق
بیجا بیل۔ بیجا بول	لکڑی مشہور

نام دوا	معنی باتشریح
بیخ روہت	جڑ انکس گھاس
بیخ ڈابھ	گھاس
بیخ کانس	ایضاً
بیخ سالر	سلکی کی جڑ سلا بھی کہتے ہیں
بائے فارسی	
پاڑھ	پاڑھی
پاکھان بید۔ پکھان بید	جنطیانا
پاڑل۔ پاڑھل	کٹھ پاڑھی
پت پاپڑہ	اکثر جگہ شاہترہ لکھا ہے۔
پترج	ساذج ہندی
پتنگ	لکڑی پتنگ کی
پتھر پھوڑہ	پاکھان بید
پٹول	مشہور ہے
پدماک	ایضاً
پرپتی	پتھر چٹا
پرنشٹھ پرنی	پٹھون اکثر جنگل یا پہاڑوں میں ہوتی ہے مگر کم ملتی ہے
پرینگ کے پھول	کاکن کے پھول
پلاس پاپڑہ	پت پاپڑہ
پلاس	ڈھاک
پلچھ کی چھال	پاکر درخت کا پوست
پوئی کی جڑ	پویا اور پوئی بھی بولتے ہیں

نام دوا	معنی باتشریح
پوہکر مول	مشہور گھاس ہے
تائے فوقانی	
تالیس پتر	زرنب
تال درخت	تاڑ کا درخت
تخم تورسی	مشہور بیج ہے
تخم لیسا	لاہی کے بیج
ترایان	چھوٹی سوئی کو کہتے ہیں
ترپھلا	ہڑ بہیڑہ آملہ
ٹیکھر	دھان یا گیہوں کی بھوسی
تگر	اسارون
تمبر	کبابہ
تور	توری
تھوہر	ایک زہریلا درخت
تیج بل	تیز پات
تیندو	ایک جنگلی پھل ہوتا ہے
تل کا کرڑا	تل کی پھلی
ٹنڈسہ	ٹینڈسہ
جیم عربی	
جٹاماسی	بالچھڑ۔ سنبل الطیب
جواسہ	گھاس ہے
جل بھانگرہ	شترخار
جیونتی کی جڑ	اسی نام سے مشہور ہے

نام دوا	معنی باتشریح	نام دوا	معنی باتشریح
جیوک	مگر کم دستیاب ہوتی ہے یہ پہاڑی دوا کم ملتی ہے اس کے عوض میں ابہیہ بلالی کندا استعمال کرتے ہیں	چیڑ	لکڑی
جل کمبھی	ایک قسم کی گھاس تالاب وغیرہ میں ہوتی ہے سطر الطحلب	چھیلہ	ڈھاک۔ پلاس
جاتری	جا وتری	چھڑ	بالچھڑ۔ سنبل الطیب
جیاپوتا کی منگی	پت جیا جیکے بیجوں کا مالا بنایا جاتا ہے۔	چھار چھبیلہ	چھیل چھبیلہ
جھاؤ	درخت گز	چھڑیلہ	اشنہ ہندی
جوالا مکھی جڑی	گل دوپہریا کی جڑ	**دال مہملہ**	
جیم فارسی		داکھ منگھ یا داکھ	مونیز منقے
چاب یا چب	مشہور بیج ہے	دار ہلدی	ایک قسم کی زرد لکڑی
چاروِلی	چرونجی	داتیونی	جمال گوٹے کی جڑ
چیترک	چیتہ شیطرج ہندی	دانے کے بیج	خشخاش
چرپوٹن	عنب الثعلب۔ مکو	ڈڈکھل	گوماتی
چرچرا	لٹ جیرہ	دوربا	دوب
چرسٹی	گھونگھچی	دودھیا	ایک قسم کی گھاس
چوکھ	اس کی لکڑی میں مثل مرچ کے تیزی ہوتی ہے	دھوئی کے پھول	گل دھاوا
چھتاور	ستاور	دھوکا درخت	درخت دھاوا
چھیلا	ڈھانک	دھماسہ	پیا بانسہ اور دھمایہ بھی بولتے ہیں۔
		دوب	گھاس
		دھواسہ	جواسہ
		دھوکا پوست	دھاوہ درخت کی چھال۔
		دیودار	لکڑی مشہور ہے کسی قدر خوشبو رکھتی ہے۔

نام دوا	معنی بالتشریح
ڈانسرہ	تنزیک ایک قسم کے ترش بیج ہیں
ڈاڈو	گھاس
راے مہملہ	
راسنا	راسن
راسنا جال	بندال توری
رتن جوت	سرخ گھاس
ردّھو	یہ پہاڑی دوا کم دستیاب ہوتی ہے اس کے عوض اسگندھ ناگوری کو استعمال کرتے ہیں۔
رکھبھک	کم دستیاب ہوتی ہو اسکے عوض میں بلائی کند استعمال کرتے ہیں۔
رود پا ماکھی	مردار سنگ کے مانند ایک پتھر ہوتا ہے۔
ردکھ	جڑ انکس گھاس
رودوراچھ	دوا جس کا مالا بنایا جاتا ہے
رذتی	رودر ونتی
سین مہملہ	
سال پرنی	سروان
سالر	سلکی بھی بولتے ہیں
سار	لوہے کا کشتہ

نام دوا	معنی بالتشریح
سالو	اسالو جسکو اردو تلخ کہتے ہیں
سال کا درخت	ساکھو
ساکھوٹک	سہورا
ستونیا سقیون بید	ستونا سات پتی کی صورت کی دوا۔
سانٹھا	ساٹھی
ساٹھی کی جڑ	ساٹھی چاولوں کی جڑ۔
سانٹی	گرا پورنیا
سرس کے بیج	مشہور بیج ہیں
سلاجیت	پتھر کا مد
سگندھ بالا	خوشبودار لکڑی
سمندر پھل	بیج ہیں۔
سمالو یا سمھالو	فنجنکشت
سمندر پھین	کف دریا
سمندر سوکھ	بیج مشہور ہیں
شنکھا ہولی	کوڑیالا
سنگ راس	سنگ راسن
سنگی مہرہ	سینگیا زہر
سوناکھی	مرقشیشا
سونچر نمک یا سنچر نون	نمک سیاہ
سہدئی	ایک مشہور پتی ہے۔

نام دوا	معنی بالتشریح
شین معجمہ	
شالی	ایک قسم کا چاول
شیولنگی	ایک پودے کی جڑ ہے جسکا پھل مثل بھٹکٹیا کے ہوتا ہے اور پختہ ہوجانے پر سرخ ہوجاتا ہے اس کے بیج مین شیو کے لنگ کا نشان مع جلہری ہوتا ہے۔
کاف عربی	
کاس	ایک قسم کی گھاس ہے مثل سینگ بکری کے سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔
کاکلہری	کرالوٹی۔
کانتی لوہ یا مجیل کا لوہ	پولاد
کاکولی	یہ پہاڑی دوا بہت کم میسر آتی ہے اسکے عوض مین لائق بیدستاور چھوڑتے ہین
کاکنگنی کی جڑ	بیج کاکن
کٹ سیلا	بیابانسہ
کٹیلی کٹیری	بھٹ کٹیا
کٹ یا کوٹ	قسط ہندی
کٹھومبر	ایک قسم کی جنگلی انجیر

نام دوا	معنی بالتشریح
کچور	زرنباد
کچلا	قاتل الکلب
کچ لون	بورق
کرمالا	املتاس۔خیار شنبر
کرباری	گھاس۔خانق الکلب
کرڑا کی چھال	پوست تیواج کیا کی چھال
کسورہ	کسیرو
کسوندھی	گھاس ہے
کسیلا	کھیلا کھیلی
کسیر	کسیرو
کلوٹرہ	کٹول
کلانجن	خولنجان۔کلیجن
کلمنی	کوکا بیلی۔گل نیلوفر
کبھیر یا کبھیر	کمھاری
کنکول مرچ	دکھنی مرچ
کنگنج	کنیر
کنگ نیکھی	کنگھی
کوکر بھانگرہ	کوکرمتہ
کھیسار	لکڑی
کھرٹی	کنگھائی بزرگ
کھیل	کھیپ گندھ پرسارنی
کتھ	کیتھا

نام دوا	معنی باتشریح
کھاپری کھاپرو یا کھاپریا۔	سنگ بصری
کھیر کاکولی	یہ پہاڑی دوا بہت کم دستیاب ہوتی ہے بید لوگ اس کے عوض میں ستاور کا استعمال کرتے ہیں۔
کھیپ کا پنچانگ	گندپرسارنی کی پانچوں چیزیں یعنی پھول، پتی، جڑ، چھال بیج
کھیر کا گودا	جمایا ہوا کتھ
کیسولا	ٹیسو کے پھول
کوٹلی کا بیج	تال مکھانہ
کاف فارسی	
گج پیپل	بڑی پیپل
گرکٹڑوا	اندرپھل
گوٹھی بیلی	بیلی
گنگیرن کی چھال	کنگھی
گنجا کے پھول	گھونگچی کے پھول
گوپال ککڑی	ارنڈ ککڑی
گورکھ منڈی	منڈی جو بجنی رنگ کی کھیتوں میں پیدا ہوتی ہے

نام دوا	معنی باتشریح
گورکھ گوکھرو	بڑا گوکھرو
باب لام	
لجالو	چھوئی موئی بوٹی
لودھ	لکڑی مشہور ہے
لوناکھیہ	لُنیا ساگ
لوہ چورن	لوہ چون
لسوڑہ	لسوڑہ
باب میم	
ماکھ پرنی	مسون جنگلی بوٹی
مانڈور	لوہے کا کشتہ
مال کنگنی	ایک نبات کا بیج
مچکند	پھول ہے
مدک پرنی	بھنگون بوٹی
مدھو پرنی	دودھیا
مدن بان	مینپھل
مردہ	[illegible]
ملیاگر چندن	صندل سفید
منکا داکھ	مویز منقے
منجیٹھ	مجیٹھ کی لکڑی۔ فوہ
موچرس	سیمبل کا گوند
موئی جڑی	پھوسی کے نام سے بھی مشہور ہے۔

نام دوا	معنی یا تشریح	نام دوا	معنی یا تشریح
مورشکھا	راون شکھا مورچونی اشلان	ناگ دون	پودہ جس کو مروہ بولتے ہین۔
موتھ	سعد کوفی	ناگرموتھ	سعد کوفی
موروبا	مررہری	ناگ کیسر	مشہور دانہ ہے
مروا	منڈوا	ناگربیل	برگ تنبول پان
میڑھل	درخت	نبولہ۔ نبولی۔	نیب کا پھل نکوری
میڑھا سنگی میڑھا سنگی	کاکڑا سینگی	ندی گرڑا	کرپا
میدالکڑی	مناث	نسوت	تربد سفید
میفسل	من پھلا	نرگنڈی	سمبھالو
میتھی دان	میتھی دانہ	نکھ	مشہور ہے۔
میدا رمیا سیدا	یہ دونون پہاڑی دوا بہت کم میسر آتی ہین اسکے عوض مین گیتی نامی بوٹی کا استعمال ہوتا ہے	نیلکنٹھ	نیلکنٹھی
		نیلے پھول کالت سیلا	نیلے پھول کا پیا بانسہ
		نیلے پھول کی جڑ	پیا بانسہ کی جڑ
باب نون		نیتر بالا	لکڑی

فرہنگ اصطلاحات امرت ساگر اردو

اصطلاح	تشریح	اصطلاح	تشریح
انجبرک	کشتہ طلق		سے کم کرے کہ پھر مین پیپل تک پہونچے۔
استھاوریک	غیر ذی روح اشیا کا زہر	انوپان	بدرقہ
اروہان یا اودھمان پیپلی	اسکی ترکیب یہ ہے کہ تین پیپل سے ایک ایک کمیں ورنہ ایک جبر ھاکر کھاوے اور ایک ہی ایک اسی کیب	انوپ دیسی	جہان پانی بہت بہتا ہو اور اس ملک مین رطوبت زیادہ ہو
		اولیہ	چٹنی۔ لعوق۔

اصطلاح	تشریح
اشٹادشیش جل	اوٹانے پر آٹھواں حصہ باقی رہے
اودھاشیش جل	اوٹانے پر آدھا باقی رہے۔
اتیسار	دست اسہال
آسو یا اسب	عرق شراب
آشچوتن کرم	آنکھوں میں دواؤں کے رس ڈالنے کی ترکیب
اسینہ	تیل۔ گھی گوشت کا گھی یا ہڈیوں کی مینگی کی بدن میں ملنے کی ترکیب
بٹی	گولی
بست کرم	دواؤں کی پچکاری لینا۔ عمل دینا۔
برن	گھاؤ زخم
برکھا رت	ساون بھادوں کی فصل
بالکا جنتر	ایک قسم کا آلہ۔
بنگ اور بنگ سار	کشتہ قلعی
بریچن	جلاب کی دوا مرکب
پاچن	ہضم کرنے والی مرکب دوا
پٹ دینا	اسکی ترکیب یہ ہے کہ کسی دوا کے کاڑھے سے کسی خشک دوا کو بھگو کر سکھلا کر کام میں لاتے ہیں یا کسی چیز کے رس یا

اصطلاح	تشریح
	کاڑھے سے طرل کرتے ہیں
پٹ پاک	بھرتہ
پکھ نچھتر	آٹھواں نچھتر
پاک	معجون
پنڈی بندھن	کپڑے میں دواؤں کی گولی رکھ کر آنکھ میں باندھنا۔
پڑی یا پیڑی	قرص ٹکیا
پترکا	پھنسیاں
پنچول	دسمول کا نصف آخری حصہ
پچن جٹھراگن	ہاضمہ کی تیز قوت
تامیشر	تانبے کا کشتہ
تردوکھ۔	وہ بیماری ہے جو تینوں خلطوں سے پیدا ہو۔
ترکٹا	پیپل سکانی مرچ، سونٹھ
ٹیکلی جنتر	آلہ
جمبھری لیموں	کاغذی لیموں
جنگم بکھ	زہریلے جانداروں کا زہر جیسے سانپ بچھو
چتر نچھتر	چودھواں نچھتر
چورن	پھنکی
چندرودے رس	فلزات کے کشتہ کی مرکب دوا
دسمول	سال پرنی پرشٹ پرنی دونوں

اصطلاح	تشریح	اصطلاح	تشریح
	کیتلی گو کھرو بیل اسنی ارلو	گٹیکا	گولی
ڈولکا جنتر ڈولک جنتر ڈولا جنتر	گمبھیر پارہ۔ ہانڈی کے اوپر لکڑی رکھے اس لکڑی میں دوا کپڑے اور ڈوبے میں باندھکر اور لٹکا کر تیار کی جاوے	گج پٹ کی آگ یا آنچ	ترکیب یہ ہے کہ ایک ہاتھ بھر کا گہرا اور اتنا ہی لمبا چوڑا گڑھا کھود کر نصف کو ارنے اپلوں سے بھرتے ہیں درمیان میں دوا رکھکر باقی نصف گڑھے کو بھی اپلوں سے پر کرکے آنچ لگا کر دوا تیار کرتے ہیں
دھمنی ناڑی	بطی نبض کا دھیما چلنا۔		
دھوسہ	ٹھکر کا دھوان		
ڈمرو جنتر	آلہ		
رس	کسی چیز کا شیرہ یا کشتہ یا مرکب دوا	گریکھم رت	جیٹھ بیساکھ کی فصل
روپ رس	چاندی کا کشتہ	لنگھن	فاقہ دینا
ریچن	جلاب یا اسہال لانیوالی دوا	مرم استھان	جسم میں گداز خسارہ بدن کی جڑ یا اتصال مقعد کی جگہ اور پیٹھ کا نام ہے۔
سنپات	جو بیماری تینوں خلطوں یعنی باد صفرا اور بلغم سے ہو عوام میں اسکا نام سرسام بھی ہے۔	مرگانک	سونے کی راکھ
شرت	کنوار کاتک کی فصل	ناس	کسی چیز کی باریک پھنکی بنا کر ناک میں سونگھنے کی دوا۔
سستر کرم	جراحی کا کام		
سنیہ	تیل یا گھی کی مالش		
سندھ	اعضا	چھینی کی بیماری	سوہگے کا عارضہ
سویدھ	پسینا لانے کی ترکیب	ناگیسر	شیشے کا کشتہ
ششرت	ماگھ پھاگن کی فصل	ہرگوری رس	پارے کا کشتہ
کاڑھا کواتھ	جوشاندہ		
کلک	ایضاً		

تمام شد

بھوت کے جھاڑنے کا منتر
صفحہ ۳۰ سطر ۱۴

ॐ नमो ॐ ह्रां ह्रीं ह्रूं नमो भूतनायक समस्तभुवन भूतानि साधय २ हुं फट् स्वाहा ॥

دوسرا منتر
صفحہ ۳۰ سطر ۱۵

ॐ नमो नारसिंहाय हिरण्यकशिपुवक्षःस्थलविदारणाय त्रिभुवनव्यापकाय भूत प्रेत पिशाच शाकिनी कीलोन्मूलनाय स्तम्भोद्भव समस्त दोषान् हन २ सर २ चल २ कम्प २ मथ २ हुं फट् ठह २ महारुद्रो जयति स्वाहा ॥

بھوت وغیرہ کے بھگانے کا منتر
صفحہ ۳۰ سطر ۲۳

ॐ नमो भगवते भूतेश्वराय किल २ तस्वाय रौद्रदंष्ट्राकरालवक्त्राय त्रिनयनभूषिताय धग धगित पिशङ्ग ललाटनेत्राय तीव्रकोपानलायामिततेजसे पाशशूल खट्वांगडमरुक धनुर्बाण मुद्गर भूपदण्ड त्रासमुद्राव्यग्र दश दोर्दण्डम ण्डिताय कपिल जटाजूटकूटार्द्ध चन्द्रधारिणे भस्मरागरंजित विग्रहाय उग्रफणिपति घटाटोपमण्डित-कण्ठदेशाय जय २ भूतडामरसात्मरूपं दर्शय २ नृत्य २ सर २ चल २ पाशेन बन्ध २ हुंकारेण त्रासय २ वज्र-दण्डेन हन २ निशितखड्गेन छिन्धि २ शूलाग्रेण भिन्धि २

मुद्गरेण चूर्णय २ सर्वग्रहाणां आवेशय आवेशय ॥

منتر ۸۵

ॐ अमृतं भक्षामि स्वाहा ।

بھوت اور آسیب کے اونکار کے منتر اور منتر
سب شاستر کے موافق لکھے ہیں صفحہ ۱۱۱ سطر ۱۲

ॐ नमो भगवते नारसिंहाय अतुलवीर पराक्रमाय घोर-रौद्रमहिषासुररूपाय त्रैलोक्यडम्बरायरौद्रक्षेत्रपालाय ह्रौं ह्रौं क्रीं क्रीं क्रमितताडय २ मोहय २ द्रंभि २ क्षोभय २ आभि २ साधय २ ह्रीं हृदये आशकय प्रीतिं ललाटे बन्धय ह्रीं हृदये स्तम्भय २ किलि २ ई ह्रीं डाकिनीं प्रच्छादय २ शाकिनीं प्रच्छादय २ भूतं प्रच्छादय २ अभूति अदृति स्वाहा राक्षसं प्रच्छादय २ ब्रह्मराक्षसं प्रच्छादय २ आकाशं प्रच्छादय २ सिंहिनीपुत्रं प्रच्छादय २ एते डाकिनीगृहं साधय २ शाकिनीगृहं साधय २ अनेन मंत्रेण डाकिनीशाकिनी भूत-प्रेतपिशाचादि एकाहिक द्व्याहिक त्र्याहिक चातुर्थिक पांचमिक वातिक पैत्तिक श्लेष्मिक सन्निपात केसरी डाकिनीग्रहादि मुंच २ स्वाहा गुरु की शक्ति मेरी भक्ति फुरो मंत्र ईश्वरोवाच ॥

ڈاکنی ساکنی کے بھگانیکا منتر
صفحہ ۱۱۲ سطر ۳

ॐ नमो आदेश गुरु को ॐ नमो जय २ नृसिंह तीन लोक चौदह भुवन में हाथ चाब ओठ चाब नयन लाल २

सर्व वैरी पछाड़ मार भक्षन की प्राण राख आदेश २ पुरुष को ॥

ڈاکنی کے بکانے کا منتر صفحہ ۱۱۲ سطر

ॐ नमो चढ़ो २ शूरवीर धरती चढ़ पाताल चढ़ि पग पाली चढ़ा कौन २ वीर चढ़ा हनुमन्त वीर चढ़ा धरती चढ़ी पग पाणा चढ़ी ऐंड़ी चढ़ी ऐंडी चढ़ी मुखे चढ़ी मुखे चढ़ी पिंडुरी चढ़ी पिंडुरी चढ़ी गोड़ा चढ़ी गोड़ा चढ़ी जाँघ चढ़ी २ कटि चढ़ी २ पेट चढ़ी २ पेट से धरणि चढ़ी धरणि से पांसल्या चढ़ी पांसल्या से हिये चढ़ी हिये से छाती चढ़ी छाती से खवा चढ़ी खवा से कण्ठ चढ़ी कण्ठ से मुख चढ़ी मुख से जिह्वा चढ़ी जिह्वा से कानों चढ़ी कानों से आँखों चढ़ी आँखों से ललाट चढ़ी ललाट से शीश चढ़ी शीश से कपाल चढ़ी कपाल से चोटी चढ़ी हनुमान नारसिंह कर नारात्मा चल्यों वीर समदवीर दीठवीर अगिया वीर सोसन्ता वीर ये वीर चढ्या—इस मंत्र से बकरावे तो उस पुरुष में वह निश्चय आय बोले ॥

ڈاکنی کے چوٹ لگنے کا منتر صفحہ ۱۱۲ سطر

ॐ नमो महाकाया योगिनी योगिनी पारशाकिनी कल्पवृक्षीय हष्टियोगिनी सिद्धरुद्राय कालदण्डेन साधय २ मारय २ चूरय २ अपहर २ शाकिनी सपरिवारं नमः ॐ ह्रिं ६ ॐ ह्रींट ह्रों ह्रोंट फट् स्वाहा ॥

ڈاکنی کے دور ہونیکا جھاڑہ ۔ صفحہ ۱۱۳ سطر ا

मोर के पंख से अथवा लोहे की छुरी से झाड़ दीजिये—

ॐ नमो आदेश गुरू का डाकिनी सिहारी किसने मारी यती हनुमन्त ने मारी कहाँ जाय दबकी किन देखी यती हनुमन्त ने देखी सातवें पाताल गई सातवें पाताल से कौन पकड़ लाया यती हनुमन्त पकड़ लाया एक ताल दे एक कोठा तोड़ा दो ताल दे दो कोठे तोड़े तीन ताल दे तीन कोठे तोड़े चार ताल दे चार कोठे तोड़े पाँच ताल दे पाँच कोठे तोड़े छः ताल दे छः कोठे तोड़े सातवाँ कोठा तोड़ा देखें तो कोने में खड़ी है डाकिनी सिहारी भूत प्रेत चला यती हनुमन्त तेरे झाड़े से चला—ॐ नमो आदेश गुरू का गुरू की शक्ति मेरी भक्ति फुरो मंत्र ईश्वरोवाच ॥

ڈاکنی کے دور ہونے کے جنتر

صفحہ ۱۱۳۔ سطر ۱۰

७	०	६	८
३	५	४	६
४	॥।	३	१९
७।	५	१॥	॥

इस यंत्र को अच्छे पानी में घोल पिलावे तो डाकिनी दूर होय ॥

९।ऽ	६६	९	५
७	४	७	६९
ऽ	=	०।	०।०
६	२	ऽ	५०

इस यंत्र को बालक के गले में बाँधे।

حاضرات کا منتر

صفحہ ۱۱۳۔ سطر ۵

ॐ नमः कामाख्यायै सर्वसिद्धिदायै अमुक कर्म कुरु २ स्वाहा— अस्य मंत्रस्य वह्निक ऋषिः जगती छन्दः कामाख्या देवता प्रणवः शक्तिः अव्यक्तः कीलकं अमुककर्मणि जपे विनियोगः। ॐ अंगुष्ठाभ्यां नमः कामाख्यायै तर्जनीभ्यां नमः स्वाहा. सर्वसिद्धिदायै मध्यमाभ्यां वषट् अमुक कर्म अनामिकाभ्यां हुं कुरु २ कनिष्ठिकाभ्यां वौषट् स्वाहा करतलकरपृष्ठाभ्यां अस्त्राय फट्। ॐ नमो हृदयाय कामाख्यायै शिरसे स्वाहा सर्व सिद्धिदायै शिखायै वषट् अमुक कर्म कवचाय हुं कुरु २ नेत्रत्रयाय वौषट् स्वाहा अस्त्राय फट् ॥

अथ ध्यानम्।

योनिमात्रशरीराय कुंजवासिनि कामदा। रजस्वलामहा तेजा कामाक्षी ध्यायतां सदा॥ अस्य मंत्रस्य सहस्रं जपः॥

حاضرات کا جنتر صفحہ ۱۱۴۔ سطر ۸

१	८	३	७	त
५	६	३	६	र
७	२	६	क	रा २
८	४	५	४	ली

سرستی کا منتر
صفحہ ۱۲۰۔ سطر ۲۰

ॐ ह्रीं ऐं ह्रीं ॐ सरस्वत्यै नमः॥

بچھو کے زہر کے دور ہونے کا منتر
صفحہ ۳۳۷ - سطر ۲۲

ॐ आदित्यरथवेगेन विष्णुबाहुबलेन च । सुपर्णपक्ष पातेन भूम्यां गच्छ महाविष ॥ भो पक्ष योगपदाज्ञा श्रीशिवोत्तम प्रभु पदाज्ञा भूम्यां गच्छ महाविष ॥

باؤلے کتے کے زہر جھاڑنیکا منتر
صفحہ ۳۳۹ - سطر ۱۱

अलर्काधिपते यक्ष सारमेय गणाधिप । अलर्कजुष्ट मे नन्मे निर्विषं कुरु माचिरात् स्वाहा इति मंत्रः ॥

آرام سے وضع حمل ہونیکا منتر جنتر لکھا ہے
صفحہ ۳۴۹ - سطر ۶

मुक्ताः पाशा विमुक्ताश्च मुक्ताः सूर्येण रश्मयः । मुक्तः सर्वभयाद्गर्भ एहि माचिर माचिर स्वाहा ॥ इस मंत्र से सात बार मंत्रित करि स्त्री को पिलावे तो तत्काल प्रसूति होय ॥

اگر اس جنتر کو عورت دیکھے تو جلد خلاص پاوے

१६	६	८
२	१०	१८
१२	१४	४

اشنان کرنیکا منتر صفحہ ۳۵۸ - سطر ۲۳

अलंकृता कामरता सुभगा कामरूपिणी गोष्ठमध्या। त्वपरता पातु त्वां मुखकण्डिका ॥

آثارے کا منتر صفحہ ۳۵۹-سطر ۸

अजाननश्चलाक्षिभ्रूः कामरूपी महायशाः। बालं पालयभो देव नैगमेयोऽसि रक्षतु ॥

آثارے کا منتر صفحہ ۳۵۹-سطر ۱۹

ॐ नमो भगवते रावणाय हन २ मुंच स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۵۹-سطر ۱۹

ॐ नमो रावणाय हन २ मुंच २ हुं फट् स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۰-سطر ۱۳

ॐ नमो रावणाय नमः हन २ मुंच २ आसय २ स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۰-سطر ۲۳

ॐ नमो रावणाय हन २ मथ २ स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۱-سطر ۸

ॐ नमो रावणाय नमः चूर्णय २ स्वाहा

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۱-سطر ۱۵

ॐ नमो रावणाय चूर्णय २ हन २ स्वाहा

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۱-سطر ۲۳

ॐ नमो रावणाय चूलितवक्षाय मुंच २ स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۳-سطر ۵

ॐ नमो रावणाय मुंच २ हन २ स्वाहा ॥

ایضاً۔ صفحہ ۳۶۳-سطر ۱۲

ॐ नमो रावणाय मुंच २ हन २ स्वाहा

تمام شد

ترجمہ قانون شیخ الرئیس - اس کتاب کی عظمت واہمیت واضح ہے چونکہ اصل کتاب عربی مین تھی جس سے اردو دان حضرات مستفید نہو سکتے تھے اس لیے اس کا بامحاورہ ترجمہ اردو مین منجانب مطبع نہایت آب وتاب سے طبع ہوا ہے جلد اول امور کلیہ طب -

ترجمہ قانون جلد دوم ادویہ مفردہ کا بیان

- جلد سوم امراض جزوی دو حصہ کامل
- جلد چہارم عام امراض کا بیان
- جلد پنجم معالجات ادویہ مرکبہ -

دستور النجات من مصائب الحیات پتھون کے اقسام اور شناخت اور مفصل بحث معالجہ -

ترجمہ جواہر النفیس شرح ارجوزہ شیخ الرئیس مترجمہ مولوی امیرالدین صاحب

ترجمہ کامل الصناعہ - اس کتاب کو عربی سے اردو مین مولوی حکیم غلام حسنین کنتوری نے کیا ہے جلد اول قیمہ ترجمہ کامل الصناعہ جلد دوم -

ترجمہ نفیسی - اصل کتاب عربی مین تھی جس کا سلیس ترجمہ اردو مین کرایا گیا ہے

ترجمہ قانونچہ - مع رسالہ قبریہ - اس کتاب کا ترجمہ بھی حکیم غلام حسنین کنتوری نے کیا ہو جو نہایت مقبول ہے -

اکسیر القلوب ترجمہ مفرح القلوب - مفرح القلوب ایک مشہور متداول

کتاب ہے سابق مین اس کا ترجمہ مطبع نے مولوی نور کریم صاحب مرحوم سے کرایا تھا - وہ ترجمہ کسی قدر قدامت لیے ہوا تھا فی الحال حکیم مولوی سید محمد باقر فطسی سونی پتی نے نہایت سلیس ترجمہ کرکے چار چاند لگا دیے ہین - جابجا حاشیے بھی دیے گئے ہین جن مین دوائیون کی تشریح اور خواص اور ادویہ کا حال بخوبی معلوم ہو سکتا ہے ہمارا دعوی ہے کہ اس سے بہتر ترجمہ نہین ہو سکتا جلد طلب فرمایئے ورنہ طبع ثانی کا انتظار کرنا ہوگا -

ترجمہ طب اکبر - مترجمہ حکیم محمد حسین صاحب صدیقی نانوتوی نہایت صحیح -

مجموعہ میزان الطب اردو معہ دیگر رسالجات نبض و قارورہ وغیرہ -

ترجمہ قرابادین کبیر - اصل کتاب فارسی مین ہے اس کا ترجمہ حکیم ہادی حسین مرادآبادی نے نہایت عرق ریزی سے کیا ہے جو نہایت مقبول ہے -

ترجمہ قرابادین شفائی - مترجمہ حکیم ہادی حسین صاحب مرادآبادی بے مثل ولاجواب قرابادین ہے -

قرابادین ذکائی - اصل کتاب حکیم ذکاءاللہ خان دہلوی نے فارسی مین لکھی تھی جس کا ترجمہ حکیم ہادی حسین مرادآبادی نے فرمایا ہے -

قرابادین نجم الغنی - یہ کتاب کوئی ترجمہ نہین ہے بلکہ اصل کتاب اردو مین مولوی حکیم

ترجمہ قانون شیخ الرئیس - اس کتاب کی عظمت واہمیت واضح ہے چونکہ اصل کتاب عربی میں تھی جس سے اُردو دان حضرات مستفید نہ ہو سکتے تھے اس لیے اس کا بامحاورہ ترجمہ اُردو میں منجانب مطبع نہایت آب وتاب سے طبع ہوا ہے جلد اول امور کلیہ طب -

ترجمہ قانون جلد دوم ادویہ مفردہ کا بیان

- جلد سوم امراض جزوی دو حصہ کامل
- جلد چہارم عام امراض کا بیان
- جلد پنجم معالجات ادویہ مرکبہ -

دستور النجات من مصائب الحمیات بخاروں کے اقسام اور شناخت اور مفصل بحث علاج -

ترجمہ جواہر النفیس شرح ارجوزہ شیخ الرئیس مترجمہ مولوی امیرالدین صاحب

ترجمہ کامل الصناعہ - اس کتاب کو عربی سے اُردو میں مولوی حکیم غلام حسنین کنتوری نے کیا ہے جلد اول لعیہ ترجمہ کامل الصناعہ جلد دوم -

ترجمہ نفیسی - اصل کتاب عربی میں تھی جس کا سلیس ترجمہ اُردو میں کرایا گیا ہے

ترجمہ قانونچہ - مع رسالہ قبریہ - اس کتاب کا ترجمہ بھی حکیم غلام حسنین کنتوری نے کیا ہو جو نہایت مقبول ہے -

اکسیر القلوب ترجمہ مفرح القلوب - مفرح القلوب ایک مشہور متداول کتاب ہے سابق میں اس کا ترجمہ مطبع نے مولوی نور کریم صاحب مرحوم سے کرایا تھا - وہ ترجمہ کسی قدر قدامت لیے ہوا اتفاقی الحال حکیم مولوی سید محمد باقر فلسفی سونی پتی نے نہایت سلیس ترجمہ کرکے چار چاند لگا دیے ہیں - جا بجا نقشے بھی دے گئے ہیں جن سے ہڈیوں کی تشریح اور شرائین و اوردہ کا حال بخوبی معلوم ہو سکتا ہے ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے بہتر ترجمہ نہیں ہو سکتا جلد طلب فرمایئے ورنہ طبع ثانی کا انتظار کرنا ہو گا -

ترجمہ طب اکبر - مترجمہ حکیم محمد حسین صاحب صدیقی نانوتوی نہایت صحیح -

مجموعہ میزان الطب اردو معہ دیگر رسالجات نبض و قارورہ وغیرہ -

ترجمہ قرابادین کبیر - اصل کتاب فارسی میں ہے اس کا ترجمہ حکیم ہادی حسین مرادآبادی نے نہایت عرق ریزی سے کیا ہے جو نہایت مقبول ہے -

ترجمہ قرابادین شفائی - مترجمہ حکیم ہادی حسین صاحب مرادآبادی بے مثل و لاجواب قرابادین ہے -

قرابادین ذکائی - اصل کتاب حکیم ذکاء اللہ خان دہلوی نے فارسی میں لکھی تھی جس کا ترجمہ حکیم ہادی حسین مرادآبادی نے فرمایا ہے -

قرابادین نجم الغنی - یہ کتاب کوئی ترجمہ نہیں ہے بلکہ اصل کتاب اُردو میں مولوی حکیم

بجز الغنی رامپوری نے نہایت جانفشانی سے جمع کی ہے اس کے جمع کرنے مین کمال کیا ہو اور اس مین ایسے ایسے نسخے ہین جو درحقیقت اسرار سے کچھ کم نہین ہین یہ وہ قرابادین ہے جس کا دیکھنے والا پھر کسی دوسری قرابادین کا محتاج نہین رہتا ضرور طلب فرمایئے - ۴؍

کیمیاے عناصری - ترجمہ قرابادین قادری مترجمہ مولوی نورکریم مرحوم - ۸؍

مجربات اکبری - اصل کتاب فارسی مین تصنیف حکیم محمد اکبر ارزانی کی ہو اسکا ترجمہ حکیم واحد علی لکھنوی نے نہایت بامحاورہ کیا ہے - ۶؍

علاج الغربا - اس کتاب کا ایک نسخہ ہر گھر مین رہنا ضروری ہے مصنف نے یہ کمال کیا ہے کہ ہر مرض کی وہ دوائین لکھی ہین جو ہر جگہ آسانی مل سکتی ہین - ۹؍

اکسیر الامراض - نہایت کارآمد اور لاجواب کتاب ہے ہر مرض کا کچھ تھوڑا سا حال اسکے بعد انگریزی اور یونانی دوائین - اپنے طرز مین یہ کتاب بالکل انوکھی ہے - ۹؍

ترکیب العلاج - فن طب مین ایک قابل قدر اضافہ - ۱۲؍

علاج الامراض اردو - نہایت مشہور و معروف کتاب ہے - ۸؍

طب احسانی - تمام امراض کا مختصر بیان اور مختصر مگر نہایت مجرب نسخے - ۴؍

انیس الغربا - معروف بعلاج الامراض اسلئے مصنف نے بھی علاج الغربا کے مصنف کے طریقے پر وہ دوائین لکھی ہین جو ہر جگہ مل سکین ۲؍

ترجمہ اردو کفایہ منصوری - ترجمہ نہایت بامحاورہ ہے خوبی دیکھنے پر موقوف ہے - ۸؍

رموز الحکمت - ایک چھوٹا سا رسالہ ہے مگر اس مین وہ وہ رموز اور اسرار بتلائے ہین جو بجائے خود لاجواب ہین - وہ مرض جو موت کا پیش خیمہ ہیون یا مرگ مفاجات کے احتمالات اسکے پیدا ہونے اور شناخت کے طریقے و غیرہ کے تدابیر نہایت صاف طریقے سے بتائے ہین - ۲؍

رسالہ تعریف النبض - نبض کی بحث مین نہایت مفید رسالہ - ۲؍

مفید الاجسام - فن جراحی مین نہایت مستند اور مجرب کتاب ہے سر سے پاؤن تک جسم انسانی مین جہان جہان پھوڑے پیدا ہونے کا احتمال ہو سکتا ہے اُن سب کے پیدا ہونیکی صورت پھوڑون کی ہیئت اور اُن کے علاج کا مفصل ذکر وہ نسخے بھی جو عام طور سے سینہ بسینہ کے چلے آتے ہین اس کتاب مین درج ہین - ۳؍

مرکبات احسانی - ہر مرض کے مرکب نسخے معجون جوارش - حبوب چٹنی اطریفل شربت خمیرہ اور اسکے ساتھ ہی اس کا بھی التزام کیا ہے کہ بنانے کی ترکیب بھی نہایت صحیح طریقے سے بتلائی ہے - ۲؍